UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224964

UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ نصابات علوم جامعہ عثمانیہ

مبادلات

تصنیف

جان، اے، ٹاڈ، ایم۔ اے (آکسفورڈ) بی۔ ایل (گلاسگو)

سابق پروفیسر معاشیات و تجارت یونیورسٹی کالج ناٹنگ ہیم

ترجمہ

مولوی رشید احمد صاحب صدیقی۔ اے (علیگڈھ) یف، آر، ای، ایس (لندن)

رکن دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ سرکار عالی

۱۳۵۳ھ م ۱۹۳۴ف

زیر اہتمام مجلس دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن

یہ کتاب آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کی اجازت سے
جسکو حق اشاعت حاصل ہے اُردو میں
ترجمہ کرکے طبع و شائع کیگئی ہے۔

Checked 1969

دیباچۂ مترجم



کتاب ہذا ماڈ کی کتاب میکنزم آف اکسچینج کے قدیم ایڈیشن (۱۹۲۳ء) کا ترجمہ ہے۔ گو اس کے بعد بھی جدید ایڈیشن بہ شکل اشاعت چہارم ۱۹۳۳ء میں شائع ہوا ہے لیکن اس اشاعت سے بیشتر ہی قدیم ایڈیشن کا ترجمہ طبع ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس کے پانچ سو نسخے تیار ہو جانے کے بعد جدید ایڈیشن کے شایع ہونے کی اطلاع ملی جس میں مصنف نے حسب ذیل ترمیمیں اور تبدیلیاں کی ہیں:- (۱) تین جدید بابوں کا اضافہ (۲) جگہ جگہ عبارت اور مضمون میں تغیرات۔ (۳) جملہ جدولوں کو بلحاظ سنہ جدید ترین بنا دیا گیا ہے۔ بعضوں کو حذف اور کچھ اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ غرض نئے ایڈیشن میں اتنی کافی تبدیلیاں اور ترمیمیں ہوئی ہیں کہ اگر قدیم ایڈیشن کے ۵۰۰ نسخے طبع نہ ہو گئے ہوتے تو ناظرین کے سامنے اس وقت بجائے قدیم ایڈیشن کے جدید ایڈیشن کا ترجمہ ہوتا جو طلبہ کے لئے بھی زیادہ مفید اور بہتر ہوتا۔ لیکن جدید ایڈیشن کی تبدیلیوں کو من حیث الکل مطبوعہ ترجمے میں شریک کرنا بہت دقت طلب ہے اور کتاب طبع ہو جانے کے بعد درمیان میں جا بجا اصلاح و ترمیم کس طرح ممکن ہے۔ لہٰذا طلبہ کی سہولت کے مدنظر سر دست تین جدید باب بطور ضمیمہ کتاب کے آخر میں شریک کر دئے گئے ہیں اور صرف یہی ابواب بلا دقت شامل کئے جا سکتے تھے۔

بقیہ تبدیلیوں اور ترمیموں کی تکمیل آئندہ نیا ایڈیشن شائع ہوتے وقت ممکن ہے۔

چونکہ جدولوں کا اندراج بھی ضروری اور بہ آسانی ممکن تھا لہٰذا ان کو اس طرح شریکِ ضمیمہ کیا گیا ہے کہ متبدلہ جدولوں کے صرف جدید و زائد اجزا احوالوں کے ساتھ پیش کر دئیے گئے ہیں اور جدید جدولوں اور نقشوں کو بجنسہٖ اور بلا کم و کاست درج کر دیا گیا ہے۔

اس طرح یہ کتاب قدیم ایڈیشن کے مطابق ہونے کے باوجود جدید ایڈیشن کا اہم جزو اپنے اندر رکھتی ہے۔ گویا دونوں ایک حد تک ملے ہوئے شائع ہو رہے ہیں۔

مورخہ ۴ آذر سنہ ۱۳۴۵ف
دارالترجمہ سرکار عالی

رشید احمد

دیباچۂ قدیم ایڈیشن

(از مصنف)

جنگ عظیم کے نتیجے کے طور پر معاشیات نے اپنا لوہا منوا لیا ہے۔ یوں تو جنگ سے کئی سال پیشتر ہی سے وہ بدنامی تبدریج دور ہوتی جا رہی تھی جو ایک نسل قبل تک اس علم کے حصے میں تھی جس کو گمراہ کن خیال کیا جاتا تھا اور اس کے بجائے روزمرہ کے کاروبار کے علم کی حیثیت سے اس کی قدر و وقعت روز افزوں بڑھتی جا رہی تھی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس کی عملی اہمیت عامۃ الناس اور خاص کر کاروباری طبقے میں ویسے موثر طریقے پر کبھی ذہن نشین نہیں ہوئی جیسے کہ جنگ کے بعد سے ہوئی ہے۔ اس کا سبب نہایت واضح اور سادہ ہے۔ جنگ نے ہمارے جملہ کاروبار اور مالی نظام کی بیخ کنی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ چنانچہ یہی نہیں کہ ہماری تجارت خارجہ اس کے مہلک اثرات سے برباد ہو گئی بلکہ تجارت بین الاقوام سے متعلق اور اس کے دوش بدوش جس پیچیدہ مالی نظام نے ترقی پائی تھی وہ بھی درہم برہم ہو گیا۔ یوں تو اعلان جنگ سے پیشتر ہی عارضی طور سے اس نظام کا شیرازہ تقریباً پوری طرح بکھر چکا تھا لیکن کاروباری و صنعتی اغراض پر اس کے جو تباہ کن اثرات پڑے وہ اس درجہ ہمہ گیر اور وسیع تھے کہ کوئی شخص بھی خواہ وہ بیرونی کاروبار سے الگ ہی کیوں نہ رہا ہو محفوظ نہ رہا۔ مبادلات خارجہ کی بربادی کی لپیٹ میں ہمارا اندرون ملک کا نظام زر

اور مالی معاملات بھی آ گئے حتیٰ کہ ہر شخص کی جیب متاثر ہوی اور تکلیف و مصیبت ہر ایک نے براہ راست محسوس کی۔ اس کا فطری نتیجہ یہ ہوا کہ معاشی معاملات میں نمایاں طور سے از سر نو دلچسپی لی جانے لگی اور زر، بنک کاری اور تجارت کے مسائل قدرتی طور سے جاذب توجہ بن گئے۔ اس لئے کہ اس اختلال و افراتفری نے سب سے اول انھی کو متاثر کیا۔ جلد کاروباری لوگوں نے جب دیکھا کہ معمولی مالی سہولتوں کے فقدان کی وجہ سے کاروبار مفلوج ہو گیا ہے تو ان کو اس کی وجہ دریافت کرنے کی فکر ہوی اور یہ معلوم ہوا کہ اس کا جواب معاشیین ہی دے سکتے ہیں۔

معاشیات کی اہمیت کا یہ تازہ احساس معاشیین کے لئے فطری طور سے طمانیت بخش ہے اس لئے کہ اپنے علم کی قدر و عزت ان کے دل میں ہمیشہ سے رہی ہے۔ لیکن اس کے بالمقابل ان کے سر پر اتنی ہی بڑی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے جس کی جانب بدقسمتی سے اکثر علمائے معاشیات سردست اس لئے متوجہ نہیں ہو سکتے کہ حقیقی جنگی خدمات کے سلسلے میں وہ انتہائی طور سے مصروف ہیں۔ معاشیات کی تعلیم کو نہ صرف مابعد جنگ بلکہ اب بھی زمانۂ حال سے اقرب رکھنے کی ضرورت ہے اور یہ بتانا چاہیئے کہ معاشیات کے مسلمہ اصول یا ان اصول کے اظہار کے طریقوں پر تجربۂ جنگ نے کس طرح مہر تصدیق ثبت کی یا ان میں کس طرح تبدیلی اور ترمیم کی۔ ہمارے علم کے ہر شعبے کے لئے نئی درسی کتابوں کی ضرورت ہے تاکہ یہ معلوم ہو کہ قدیم معاشی خیالات عدیم النظیر اور غیر معمولی حالات کی کسوٹی پر کس طرح کھرے ثابت ہوئے۔ یہ بخوبی استدلال کیا جا سکتا ہے کہ آفت کا دور ختم ہونے سے پیشتر ان مسائل کو سلجھانے اور حل کرنے کی کوشش لاحاصل ہے اور نتائج پر اس وقت تبصرہ کرنا مناسب ہے جب کہ حالات میں کم و بیش سکون پیدا ہو جائے۔ لیکن اس حالت میں دو اسباب اس مشورۂ کامل پر عمل کرنے سے باز رکھتے ہیں۔ اولاً یہ کہ معمولی کاروباری شخص کو زمانۂ حال کے نئے مسائل سلجھانے میں کچھ نہ کچھ مدد دینے کی ضرورت اتنی شدید ہے کہ مزید انتظار اور تاخیر نہیں کی جا سکتی۔ کاروباری شخص فی زمانا یہ معلوم کرنے کا خواہاں ہے کہ جنگ کے ابتدائی زمانے میں کون سے واقعات ظہور پذیر ہوئے تاکہ اگر ممکن ہو تو وہ اس بارے میں سرسری طور سے

کوئی رائے قائم کر سکے کہ اُن نئے حالات کے تحت کیا کرنا چاہیئے جن کے رونما ہونے کا اختتام جنگ سے پیشتر ہی امکان ہے اور جن سے وہ جنگ ختم ہوتے ہی اور ہماری کاروباری بنیادگی از سرِ نو تنظیم بزمانۂ امن شروع ہوتے ہی یقیناً دوچار ہوگا۔ دوسرے یہ کہ یہ اندازہ کرنا قطعاً غیر ممکن ہے کہ معاشی معاملات میں کم و بیش سکونی کیفیت از سرِ نو کب تک پیدا ہوگی اور کل صورت حالات کی کامل علمی و اصولی بحث کس وقت ممکن ہوگی۔ بظاہر اس کا یقین ہے کہ جنگ کے بعد کئی سال تک اس کا موقع نہ ملے گا۔

لہٰذا اس امر کا پورا اعتراف کرتے ہوئے کہ واقعات کے متعلق ہماری موجودہ معلومات نامکمل ہیں اور یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ قبل از وقت نتائج اخذ کرنے میں خطرات ہیں بظاہر یہ نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے کہ معاشیات کی موجودہ درسی کتابوں کی فوراً نظرِ ثانی شروع کر دی جائے اور اس سلسلے میں ابتدائی زمانۂ جنگ کے واقعات کے کچھ بیان کو ان میں شامل کر لیا جائے اور یہ بتایا جائے کہ جنگ کے زمانے میں واقعات نے اپنی آپ کس طرح تشکیل کر لی۔ بظاہر ممکن ہے کہ بعضوں کو اتنی ترمیم ناکافی معلوم ہو اور وہ معاشیات کی جملہ سابقہ تعلیم کو نئے سانچے میں ڈھالنا ضروری خیال کریں جس کے معنی فی الواقع یہ ہوں گے کہ ایک نیا علم تخلیق و مرتب کرنا پڑے گا۔ لیکن مصنف اپنی پوری قوت کے ساتھ اس نقطۂ خیال کا مخالف ہے۔ بعض نام نہاد مکاتب معاشیات کے اصول ترک کرنے کے بارے میں غیر ذمہ دارانہ طریق پر بہت کچھ کہا جاتا ہے لیکن جس طرح قانون جاذبیت کو ترک نہیں کیا جا سکتا اسی طرح معاشی اصول کو بھی ترک نہیں کیا جا سکتا۔ معاشی اصول معدودے چند اور سادہ ہیں اور بہ لحاظ نوعیت اس قدر بدیہی طور سے حقیقت متعارف ہیں کہ ان کی مناسب طریقے پر تفہیم ہو جانے کے بعد کوئی شخص ان کو تسلیم کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لیکن ساری وقت اس بات میں مضمر ہے کہ مختلف حالات کے تحت اُن کا اطلاق و انطباق نہیں کیا جا سکتا۔ جنگ کے بعد سے حالات میں متعدد اعتبارات سے تبدیلی واقع ہوئی ہے چنانچہ اس وقت اس بات کی ضرورت ہے کہ متبدلہ حالات کے مطابق اصول نئے طریق پر پیش کئے جائیں

مثلاً محصول کے بحث مبادلہ کے متعلق یہ توقع ہے کہ شرائط صلح کے طے پانے کے زمانے میں نہیں تو اس کے بعد اس کی تجدید ہوگی۔ لیکن اس بحث مباحثے کے بارے میں زمانۂ جدید کے عالم معاشیات کی روش میں زمانۂ قبل از جنگ کے کسی غیر متعصب و صحیح الدماغ معاشی کی روش کے مقابلے میں رتی برابر بھی تبدیلی نہ ہوگی۔ یوں تو تجارت بین الاقوام کے معاشی اصول غیر متبدلہ ہیں لیکن انگلستان اور دوسرے ملکوں کے حالات میں قابل لحاظ تغیر واقع ہوا ہے۔ ایسی صورت میں ہمیشہ کے مانند سوال یہ ہوگا کہ آیا تجارت آزاد کے غیر مشتبہ فوائد ان نئے حالات کے تحت ان مشکلات اور بے ضابطگیوں سے زائل ہو جاتے ہیں جن میں تجارت آزاد ہمیں مبتلا کر دیتی ہے یا مخالف اصول عمل کے فوائد کا پلہ بھاری رہتا ہے۔ معاشیات کی درسی کتاب کے مرتب کا کام یہ نہیں ہے کہ فوائد یا نقصانات میں سے کس کا پلہ بھاری ہے اس کے متعلق اپنی ذاتی رائے کا اظہار کرے بلکہ یہ کہ حتی الامکان غیر جانب داری کے ساتھ دونوں پہلوؤں کے دلائل پیش کرے اور اپنی معلومات کی حد تک واقعات بیان کر کے فیصلے کو ناظرین پر چھوڑ دے یا واقعات کو بطور خود دریافت کرنے کے بارے میں ناظرین کی رہبری کرے۔

کتاب ہذا کی تیاری میں مصنف نے اپنی ایک دیرینہ آرزو کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی ہے کہ معاشیات کا مطالعہ مبتدی یا اس کاروباری شخص کو کس نہج پر کرنا چاہئے جو یہ جاننا چاہتا ہو کہ معاشی مسائل اس کو کاروبار کے سلسلے میں کس طرح متاثر کرتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ معاشیات روزمرہ کے کاروبار کا علم ہے اور اس کے مطالعے میں نظریوں کو دائمی طور سے حقیقی حالات پر منطبق کرنا پڑتا ہے۔ لہٰذا معاشیات کے لئے از بس ضروری ہے کہ اس میں ایک زندہ اور واقعی علم کی شان ہو۔ تاکہ طالب علم معاشی چشمہ لگا کر اپنی روزمرہ کی زندگی کا مطالعہ کر سکے اور یہ محسوس کر سکے کہ وہ ہمہ وقت معاشی اصول پر زندگی بسر کر رہا ہے۔ ایسا کرنے کے قابل بنانے کے لئے طالب علم کو نہ صرف موضوع سے متعلق مسلمہ نظریوں کی تعلیم دینی چاہئے بلکہ یہ بھی بتانا چاہئے کہ یہ واقعات کہاں اور کس طرح مل سکتے ہیں، ان سے کس طرح کام لیا جا سکتا ہے اور ان کو کس طرح صحت کے ساتھ سمجھا جا سکتا ہے۔ اس خیال کے مدنظر

کتاب ہذا میں جن مسائل سے بحث کی گئی ہے ان کے بارے میں اعداد و شمار کی شکل میں معلومات کا ذخیرہ مندرجہ ضمیمہ جدولوں میں جمع کر دیا گیا ہے اور معلومات کے ماخذ بھی بیان کیے گئے ہیں۔ یہ اعداد و شمار بحالت موجودہ لازماً بالکل نامکمل ہیں اس لیے کہ دور حاضر میں وہ حیرت ناک سرعت کے ساتھ قصۂ ماضی بن جاتے ہیں۔ لیکن ان کو ضمیمے کی شکل میں جمع کرنے کی عملی صورت اس توقع میں اختیار کی گئی ہے کہ جوں جوں واقعات ترقی کرتے جائیں گے ان اعداد کی نظر ثانی و ترمیم میں سہولت ہو گی۔

معاشی اصول کے دقیق نکات کی مثالوں کا انتخاب کرنے میں مصنف نے انگریزی و امریکی حالات کے ساتھ مصری و ہندوستانی حالات آزادی کے ساتھ بیان کرنے میں پس و پیش نہیں کیا ہے۔ اس کی وجہ محض یہی نہیں ہے کہ مصنف کو مشرقی ممالک سے ذاتی طور پر دلچسپی ہے بلکہ اس وجہ سے بھی ایسا کیا گیا ہے کہ یہ ان لوگوں کے لیے بھی خاص طور سے کارآمد ہے جو صرف مغربی دنیا کے حالات سے واقفیت رکھتے ہیں۔ اس لیے کہ اس سے انھیں معلوم ہو گا کہ اکثر معاملات میں ان کا نقطۂ نظر ٹھیک اتنا ہی نمایاں طور سے اور بلا شرکت غیرے انھی تک محدود ہے جتنا کہ مشرقی نقطۂ نظر اہل مغرب کے نقطۂ نظر سے کلیۃً مختلف ہے۔ نہ صرف معاشیات میں بلکہ دوسرے معاملات میں بھی مناسب یہ ہے کہ ہم اپنے پر اس زاویے سے نگاہ ڈالیں جس زاویے سے دوسرے ہم کو دیکھتے ہیں بشرطیکہ ایسا کرنے سے ہمیں اپنے حالات کو اسی طرح دیکھنے میں مدد ملے جس طرح وہ فی الواقع ہیں۔

مصنف نے جس کسی کتاب سے مدد لی ہے اس کے خاص بابوں کے حوالے کتاب ہذا کے ہر باب کے آخر میں درج کر دئے گئے ہیں یا دوسری ایسی کتابوں کا بھی حوالہ دیا گیا ہے جو طالب علم کے لئے اس باب کے سلسلے میں مزید مطالعے کی غرض سے کارآمد ہو سکتی ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ طریقہ کل کتاب میں جگہ جگہ حوالے پیش کرنے کی ضرورت و زحمت سے بچا دے گا۔ اس لیے کہ جگہ جگہ حوالے دینا ناظرین کے اس طبقے کے لئے جو مصنف کے پیش نظر ہے سراسر غیر مفید و بے کار ہے فقط۔

یونیورسٹی کالج ناٹنگ ہیم
مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۱۷ء

جان اے ٹاڈ

فہرست مضامین

مبادلات

دیباچہ

پہلا باب

تمہید

از صفحہ ۱ تا صفحہ ۵

(۱) قدر مبادلہ کا مفہوم۔ (۲) زر مبادلے کا ذریعہ ہے۔ (۳) قیمت اور قدر۔ (۴) قدر پر آلۂ مبادلہ کا اثر۔

دوسرا باب

مبادلے کی سرگزشت

از صفحہ ۶ تا صفحہ ۱۴

(۱) پیدائش کے عمل میں مبادلے کا درجہ۔ (۲) مبادلہ کی ترقی۔ (۳) اس کے فوائد۔ (۴) اسکے لوازم۔ (۵) تجارتی طبقہ۔ (۶) ذرائع نقل وحمل۔ (۷) زر کی بدولت اشیا کے ادل بدل کے بجائے خرید و فروخت ہونے لگی۔

تیسرا باب

بازار

از صفحہ ۱۵ تا صفحہ ۲۸

(۱) بازار اور بازاری قیمت۔ (۲) بازار کا مفہوم۔ (۳) بازار کا قانون۔ (۴) مقامی بمقابلہ

بین الاقوامی بازار۔ (۵) عنصر تقابل۔ کبیر بازار۔ (۶) تنگ کات اور پیداوار کے حدانے۔

چوتھا باب

زر کے کام

از صفحہ ۲۹ تا صفحہ ۴۴

(۱) زر کے افعال۔ (۲) زر کا ارتقا۔ (۳) قیمتی دھاتوں کا کیونکر بطور زر انتخاب کیا گیا۔ (۴) ان کے فوائد۔ (۵) سکیک کی موجودہ شکل کی ترقی۔

پانچواں باب

نظریہ مقدار زر

از صفحہ ۴۴ تا صفحہ ۵۷

(۱) زر کی قدر اس کی قوت خرید ہے۔ (۲) نظریہ مقدار زر۔ (۳) زر کی قوت خرید یا قیمتوں کی عام سطح کے تغیرات۔ (۴) انڈکس نمبر۔ (۵) زر کا مفہوم۔ (۶) کامل قدر دھاتی کا غذی زر۔ زر علامتی زر کاغذ بنکوں کا زر۔ اور اعتباری نظام۔

چھٹا باب

عمدہ سکوں کی خوبیاں

از صفحہ ۵۸ تا صفحہ ۷۵

(۱) قدر فلزی اور قدر قانونی۔ (۲) درست بحمز و راور طاقتور زر۔ (۳) آزاد سکہ سازی اور ٹکسالی شرح۔ (۴) مفت سکیک۔ (۵) اجرت سکیک۔ (۶) قانون گریشم۔ (۷) زر وضعی یا زر علامتی۔

ساتواں باب

دو فلزی طریق

از صفحہ ۹۶ تا صفحہ ۱۰۱

(۱) اس مسئلہ کا مفہوم اور اس کی اہمیت۔ (۲) اکیلا سونا دنیا میں زری ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ناکافی ہے۔ (۳) سونے کی قدر میں عدم ثبات پذیری۔ (۴) قومی دو فلزی طریق کے مشکلات۔ (۵) لاطینی اتحاد اور اس کی تاریخ۔ (۶) ہندوستان اور امریکہ کی حیثیت۔ (۷) بین الاقوامی دو فلزی طریق کے امکانات۔

آٹھواں باب

زرکاغذی

از صفحہ ۱۰۲ تا صفحہ ۱۲۰

(۱) زرکاغذی کی مختلف قسمیں۔ (۲) فلزی زر اور کاغذی زر میں فرق۔ (۳) اجرائے زرکاغذی کے حدود۔ (۴) کاغذی زر کی افراط کی علامتیں۔ (۵) زمانۂ جنگ کا زرکاغذی۔

نواں باب

اعتباری انتظام

از صفحہ ۱۲۱ تا صفحہ ۱۴۴

(۱) اوصار تجارت۔ زر کی کفایت۔ (۲) بنک کے کام۔ (۳) حساب گھر۔ (۴) اماتی رقوم اور بٹہ۔ (۵) بنک کے نوٹ اور ان کا تقابل ہنڈیوں اور غیر بدل پذیر زرکاغذی سے۔ (۶) بنک کا اثاثہ اور رقوم واجب الادا۔ (۷) سرمایۂ محفوظ۔

دسواں باب

انگلستان کی بنکاری کا نظام

از صفحہ ۴۵ تا صفحہ ۱۷۷

(۱) بنک آف انگلینڈ۔ (۲) دیگر بنک۔ (۳) لمبارڈ اسٹریٹ۔ (۴) زر امانت اور اس کا مصرف۔ (۵) قانون منشور بنک ۱۸۴۴ء۔ (۶) بنک آف انگلینڈ کا صیغہ اجرائے نوٹ۔ (۷) دیگر ممالک میں اجرائے نوٹ کے قواعد وضوابط۔ (۸) صیغۂ بنک کاری۔ (۹) ہفتہ واری فرد حساب۔ (۱۰) سرمایۂ محفوظہ۔

گیارھواں باب

شرح مبادلہ

از صفحہ ۱۷۸ تا صفحہ ۱۹۰

(۱) بین الاقوامی تجارت قدیم مبادلۂ اشیا کے طریق کا اعادہ ہے۔ (۲) قانون توازن تجارت۔ (۳) ممالک خارجہ کی ہنڈیاں اور شرح مبادلہ۔ (۴) شرح مبادلہ کے تغیرات۔ (۵) تغیرات کے اثرات اور حدود۔ (۶) مقامات طلا۔ (۷) مطالبات خارجہ کی اصل بنیاد۔

بارھواں باب

مالی آفت

از صفحہ ۱۹۱ تا صفحہ ۲۲۳

(۱) سرمایۂ محفوظ کی حفاظت۔ (۲) شرح بنک کا اضافہ۔ (۳) اس کا اثر زر کی نکاسی پر اور ملک کے زر کے بازار پر۔ (۴) مالی آفت کی عام رفتار۔ (۵) قانون بنک کا التوا۔ (۶) ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم اور مالی مشکلات۔

تیرھواں باب

نظریۂ مقدار زر کی تنقیح

از صفحہ ۲۲۴ تا صفحہ ۲۴۱

(۱) کیا یہ نظریۂ جنگ سے قبل صحیح تھا؟ (۲) سونے کی رسد اور قیمتیں۔ (۳) قیمتوں پر رسد کا اثر۔ (۴) زر کی سب قسمیں اور اعتبار۔ (۵) سونے پر اعتبار کا دارومدار۔ (۶) جنگ کا تجربہ۔ (۷) قیمتوں کے اضافے کے اسباب۔ (۸) زر کا نمذی۔ (۹) اعتبار کا انتفاخ۔

چودھواں باب

توازن تجارت

از صفحہ ۲۴۲ تا صفحہ ۲۷۴

(۱) قانون توازن تجارت۔ (۲) درآمد و برآمد کے متعلق محکمۂ جنگی کے اعداد و شمار۔ (۳) غیر مشہود برآمد و درآمد۔ (۴) برطانیۂ عظمیٰ کی تجارت خارجہ۔ (۵) تجارت عالم پر جنگ کا اثر۔

پندرھواں باب

نظریۂ تجارت بین الاقوام

از صفحہ ۲۷۵ تا صفحہ ۲۹۸

(۱) تجارت خارجہ کے فوائد۔ (۲) نظریۂ موازنۂ مصارف۔ (۳) آزاد تجارت بمقابلۂ تجارت مامون۔ (۴) یہ عملی سوال ہے نہ کہ اصولی۔ (۵) مختلف ممالک پر اس کا اطلاق۔ (۶) تامین تجارت کے موافق دلائل اور ان پر اعتراضات۔ (۷) محصولات درآمد اور امداد۔

سولھواں باب

جنگ عظیم کے مزید اثرات و نتائج

از صفحہ ۲۵۹ تا صفحہ ۳۲۱

(۱) قیمتوں کا روز افزوں اضافہ۔ (۲) سونے کے مصارف پیدائش۔ (۳) روپیہ کا مبادلہ۔ (۴) انتفاخ۔ (۵) زر نقد اور قرضہ یا اعتبار۔ (۶) کیا معیار طلائی کی جانب عود ممکن ہے؟ (۷) مبادلات خارجہ۔ (۸) بین الاقوامی زر کا تخمینی اور تعیینی اقوام۔ (۹) نظریہ مقدار زر کا مستقبل۔

ضمیمہ

از صفحہ ۳۲۲ تا صفحہ ۳۸۱

(۱) جدول ۱۶

(۲) شکلیں ۳

اشاریہ

از صفحہ ۱ تا صفحہ ۳۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مبادلات

پہلا باب

تمہید

(۱) قدر مبادلہ کا مفہوم۔ (۲) زر مبادلے کا ذریعہ ہے۔ (۳) قیمت اور قدر۔ (۴) قدر پر مبادلے کی کل کا اثر

اس کتاب میں "مبادلات کی کل" کے ایک عام موضوع کے تحت متعدد معاشی مسائل بحث کی گئی ہے۔ معاشیات کی تعریف اگر اجمالاً کی جائے تو یہ ہو سکتی ہے کہ وہ قدر مبادلہ کا علم ہے یا چونکہ قدر مبادلہ بحوالہ زر "قیمت" کہلاتی ہے اس لئے معاشیات کی تعریف قیمتوں کا علم بھی ہو سکتی ہے۔ زر اپنے وسیع ترین معنوں میں فلزی سکہ، زر کاغذ، زر بنک اور اعتباری نظام پر مشتمل ہے اور اس لحاظ سے مبادلے کا ذریعہ ہے۔

مبادلہ کا مقصد مبادلے کی اصلی غایت مختلف اشیاء کی قدروں کو ایک دوسرے

کے حوالہ سے معین و معلوم کرنا ہے۔ چنانچہ سہولت کی خاطر اضافی قدر کو بجا اور زر قیمت کہا جاتا ہے۔ مگر اس بنا پر کہ زر بحیثیت آلۂ مبادلہ استعمال ہوتا ہے اس واقعے کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے کہ کسی شئے کی حقیقی قدر کے معنی زر کی وہ مقدار یعنی قیمت نہیں ہے جس کا اس شئے سے مبادلہ کیا جاتا ہے، بلکہ دوسرے اشیاء کی وہ مقدار ہے جو کہ اب یا بعد میں اُس زر کے مبادلے میں حاصل کی جا سکتی ہے۔ قیمت، دو اشیاء کی اضافی قدر کو ایک دوسرے کے مقابلے میں ظاہر کرنے کا محض ذریعہ یا وسیلہ ہے۔ وہ اضافی قدر کو براہ راست ایک دوسرے سے مقابلہ کر کے ظاہر نہیں کرتی بلکہ بالواسطہ ایک تیسری عام شئے یعنی زر کے ذریعہ سے مقابلہ کر کے ظاہر کرتی ہے۔ مثلاً ایک پونڈ چائے اور ایک پونڈ شکر کی اضافی قدر کو بیان کرتے وقت یہ کہنے کے بجائے کہ چائے کی قدر شکر سے پانچ گنی زیادہ ہے، یہ کہنا زیادہ موزوں ہوگا کہ ایک پونڈ چائے کی قیمت ۲ شلنگ ۶ پنس اور ایک پونڈ شکر کی قیمت ۶ پنس ہے۔ اس لحاظ سے زر، معیار قدر ہے یعنی زر کی وساطت سے مختلف اشیاء کی قدر ایک دوسرے کے مقابلے میں اس طرح ناپی جاتی ہے جس طرح کہ اشیاء کے اضافی وزن، عمر اور اُونچائی کو بجائے انھیں ایک دوسرے سے مقابلہ کر کے ظاہر کرنے کے ان میں سے ہر ایک کو کسی خاص مسلمہ معیاروں مثلاً سیروں، سالوں اور گزوں کے ذریعہ سے ناپا جاتا ہے۔

قیمت کا مفہوم

لیکن اس قسم کی پیمائش کے معیاروں کے استعمال کرنے میں ایک بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ معیار یا آلۂ پیمائش حتی الامکان غیر تبدل پذیر ہوں، اور ان میں یکسانیت رہے۔ اس سے قطعاً سروکار نہیں ہے کہ صحیح معیار یا آلۂ پیمائش کیا ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ معیار یا آلۂ پیمائش ہر جگہ اور ہمیشہ یکساں ہو چنانچہ یہ امر کہ ایک آلۂ پیمائش جس کو گز کہا جاتا ہے اس کا صحیح طول کیا ہے اور کتنے فٹوں کا ایک گز کہنا قرار پایا ہے معاملے پر قطعاً کوئی اثر نہیں ڈالتا۔ لیکن یہ قطعی طور پر ضروری ہے کہ سب گزوں اور فٹوں کے پیمانے بالکل یکساں ناپ اور طول کے رہیں اور ہمیشہ ان کی ایک ہی لمبائی قائم رہے۔ کسی پارچہ فروش کو کبھی اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنے ہمسایہ کے مقابلے میں ایک چھوٹا گز رکھے اور اس کو استعمال کرے۔ اس لئے کہ یہ تو اہل معاملہ کو

معیار کا مفہوم

ضرر گا دھوکہ دینا ہے۔ معیاری پیمانے کے متعلق سب سے بڑا اور سہل نکتہ یہ ہے کہ اس کا معروف ہونا اور غیر تبدل پذیر ہونا ضروری ہے تاکہ جب کسی معاملے میں وہ پیمانہ استعمال کیا جائے تو خریدار کو یہ معلوم ہو کہ وہ کتنی مقدار لے رہا ہے اور فروشندے کو یہ معلوم ہو کہ وہ کتنی مقدار دے رہا ہے۔

ان لوازم کا اطلاق قدر کے معیار پر یعنی پیمانۂ قدر کی حیثیت سے زر پر اس قدر بدیہی طور سے نہیں ہوتا۔ لیکن کسی دوسرے معیار کے بارے میں ان کا اطلاق جس طرح ضروری ہے اسی طرح معیار قدر کے بارے میں ضروری ہے۔ سب سے اول یہ کہ ایک ہی رقم کے سب سکوں کا مساوی القدر ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ ایسے مختلف قدر رکھنے والے ساورن رائج نہیں کئے جا سکتے جن میں ایک ساورن کی نسبت دوسرے ساورن میں سونے کی مقدار زیادہ ہو اگر سب سکے مساوی القدر نہ ہوں تو اس کا اندازہ کرنا ناممکن ہوگا کہ کس شئے کے مبادلے میں کتنی قیمت ادا کی گئی، تاوقتیکہ پہلے سے یہ نہ معلوم ہو کہ کونسی قسم اور وزن کا سکہ مبادلے میں استعمال کیا گیا۔ سب کا مساوی القدر ہونا ایک بدیہی ضرورت ہے۔ لیکن اس کے علاوہ ایک اور بہت زیادہ دقت طلب آزمائش کا اطلاق زر کی کارکردگی پر، معیار قدر کی حیثیت سے، کرنا ضروری ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ

زر کی قدر

مکمل زر کی قدر کو ہمیشہ اور ہر جگہ یکساں رہنا چاہیئے۔ مگر اس چیز کا حاصل کرنا بہت دقت طلب ہے۔ زر کی حقیقی قدر اس کی قوت خرید ہے یعنی اشیائی وہ مقدار ہے جن کے عوض زر کی مقررہ مقدار کا مبادلہ کیا جا سکتا ہے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ اس قوت خرید کو مختلف مقامات میں اور خاصکر مختلف دوروں میں مختلف مدارج کا ہونے سے روکنا تقریباً ایک ناممکن امر ہے لیکن زر کو معیار قدر کی حیثیت سے مکمل بنانے میں یہ اختلاف نہایت مضرت رساں ثابت ہوتا ہے۔ قوت خرید کا یہ اختلاف یا تغیر ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی پارچہ فروش اپنی دوکان میں ایسا گز رکھے جو ہمیشہ تغیر پذیر ہو یعنی کبھی تو سکڑ جائے اور کبھی بڑھ جائے یا فولاد کی پیمائشی زنجیر جو ایک بڑا پل تعمیر کرنے والا مہندس استعمال کرے اور جو فضا کی حرارت کے تغیرات کے ساتھ آئے دن گھٹتی اور بڑھتی رہے۔ حرارت کے تغیرات کی وجہ سے خاصکر ایسی آب و ہوا میں جہاں انتہائی سردی اور انتہائی گرمی ہوتی ہو جیسی کہ مصر اور ہند میں ہوتی ہے، دھات اور پتھر دونوں میں تغیرات واقع ہوتے ہیں، اور یہ بھی سکڑتے اور بڑھتے رہتے ہیں۔ اس لحاظ سے بڑے بڑے

کاریائے مہندسی کی تعمیر میں یہ ضروری ہے کہ پیمائش کے حسابات اور اندازے بہت باریک بینی اور احتیاط کیساتھ کئے جائیں تاکہ ان تغیرات کی بنا پر تعمیرات کی صحت میں رخنہ نہ پڑے۔

دوسرے معلومہ معیاروں کے مقابلے میں زر کے بارے میں غالباً بہت زیادہ دقت پیش آتی ہے۔ اس لئے کہ یہ اب تک بھی طرح معلوم ہوگیا ہے کہ زر کی قدر میں مختلف اوقات اور مختلف مقامات میں بہت زیادہ کمی اور زیادتی ہوتی رہتی ہے۔ اور قدر زر کے یہ اختلافات بہترین نظام زر میں بھی (جن کا قائم کرنا اب تک ممکن ہوسکا) بڑی حد تک ناگزیر ہیں۔ چنانچہ گزشتہ چالیس سال کی مدت میں ابتداءً تو زر کی قدر میں بحیثیت مجموعی اضافہ ہوا اور بعد میں پھر بہت بڑی کمی ہوگئی اور ان تغیرات سے جو نتائج رونما ہوئے وہ بعض اوقات تباہ کن اور ہمیشہ تکلیف دہ ثابت ہوئے۔ اس لئے کہ یہ تغیرات اشیاء کی اضافی قدر میں ایک دوسرے کے مقابلے میں حقیقی بدنظمی پیدا کرسکتے ہیں۔ مثلاً فرض کرو کہ ایک شخص کسی دن چند اشیاء فروخت کرکے محصلہ رقم رکھ چھوڑتا ہے۔ لیکن چند سال بعد اس زر کو فروخت کرنے یعنی اس زر سے دوسری اشیاء خریدنے کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ اس دوران میں زر کی قدر میں تخفیف ہوجاتی یا دوسرے الفاظ میں عام اشیاء کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ اس لحاظ سے وہ اب اتنے زیادہ اشیاء نہیں خرید سکتا جتنے کہ اپنے پہلے کے اشیاء کی فروخت کے فوراً ہی بعد خرید سکتا تھا نتیجہ یہ کہ اس نے جو اشیاء فروخت کیئے اور جو اشیاء خریدنا چاہتا ہے ان دونوں کی اضافی قدر میں فرق پڑگیا اس لئے کہ توقع کے خلاف وہ یہ دیکھتا ہے کہ اس کے سابقہ اشیاء کے مقابلے میں کم اشیاء حاصل ہوتے ہیں۔ اس نے جو اشیاء فروخت کیئے اور جو اشیاء وہ حاصل کرنا چاہتا ہے ان کی اضافی قدر میں تغیر کا باعث اس زر کی قوت خرید یا قدر کا تغیر ہے جو بطور ذریعۂ مبادلہ استعمال کیا گیا اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ گویا گز سکڑ کر چھوٹا ہوگیا۔

اس طرح یہ معلوم ہوجانے کے بعد کہ معیار قدر میں اس قسم کے تغیرات واقع ہوسکتے ہیں، زر کے خواص اور اس کے فعل پر نہایت احتیاط کیساتھ بحث کرنا ضروری ہے تاکہ زر کی نوعیت معلوم ہو کہ زر کس طرح کام کرتا ہے، اس کی قدر میں تغیرات کیوں واقع ہوتے ہیں اور اگر ممکن ہو تو یہ معلوم کیا جائے کہ ان تغیرات کو کس طرح روکا جاسکتا ہے یا ان کی کیونکر اصلاح کیجاسکتی ہے۔ ان تمام امور پر بحث کرنا ہی ہماری کتاب کا اصلی مقصد ہے۔ مبادلات کے نظام کے سب پہلوؤں پر روشنی ڈالنا اس وجہ سے ضروری ہے کہ غلزی سکہ کے استعمال کا سادہ طریقہ اب ارتقائی منازل طے کرکے ایک ایسے حیرت انگیز اور پیچیدہ نظام سے مبدل ہوگیا ہے جس میں مختلف اشیاء حتیٰ کہ ردی کاغذ کے پرزے بھی بطور ذریعۂ

آلۂ مبادلہ استعمال ہونے لگے ہیں، جو بعض حالات میں اب بھی احسن طریقے پر زر کا کام انجام دے رہے ہیں۔ انجام کار اعتبار اور بنک کے کاروبار کا ایک ایسا نظام وجود میں آیا اور اس نے اس درجہ ترقی کر لی ہے کہ اس کو ایک ایسا نظام کہا جا سکتا ہے جو زر کے تمام کاموں کو زر کو کسی شکل میں بھی استعمال کئے بغیر انجام دیتا ہے۔ اس پیچیدہ کل کو احتیاط کیساتھ جانچنا اور یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ وہ کس طرح چلتی ہے اور مبادلے کے اصلی مقصد پر (یعنی اشیاء کے ایک دوسرے سے اول بدل پر) اس کل کے عمل کے کیا اثرات مترتب ہوتے ہیں۔ اور کتاب کے مباحث میں ربط و تسلسل قائم کرنے والی یہی ایک کڑی ہوگی چنانچہ اس کتاب میں یہ بیان کرنے کی کوشش کیگئی ہے کہ زر یا نائبین زر کی مختلف شکلیں کس طرح وجود میں آئیں، ان کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے، اور آیا یہ شکلیں ذریعۂ مبادلہ یعنی اشیاء کی اضافی قدر کو ظاہر کرنیکا ذریعہ ہونے کی حیثیت سے (کیونکہ زر، اس مقصد کے حاصل کرنیکا ایک ذریعہ ہے) اپنے فرائض اطمینان بخش طریقے سے انجام دیتی ہیں۔ معاشیات اس معنی میں علم دولت نہیں ہے کہ وہ انسان کو دولت کا حاصل کرنا اور کسب کرنا یا خرچ کرنا سکھاتا ہے۔ وہ علم قدر ہے جس میں ان مختلف اشیاء اور خدمات کی اضافی قدروں کا مطالعہ کیا جاتا ہے جن کے پیدا کرنے، ادل بدل کرنے، حاصل کرنے اور صرف کرنے میں انسان اپنی زندگی صرف کرتا ہے معاشیات کے مطالعہ کا موضوع زر نہیں ہے بلکہ یہی قدر ہے۔ اگرچہ اس لحاظ سے معاشیات کا یہ شعبۂ مبادلہ ایک حد تک ذیلی حیثیت رکھتا ہے لیکن اس کی اہمیت اور دلچسپی بہت بڑھی ہوئی ہے۔ اس لئے کہ مبادلہ ہی معاشیات کا ایک ایسا شعبہ ہے جس میں خالص تجارتی دنیا کے مسئلوں پر براہ راست بحث کیجاتی ہے۔ چنانچہ تاجروں کو اور کاروباری طبقے کو اس شعبہ سے بہت گہرا تعلق اور دلچسپی ہے۔ مارشل نے معاشیات کی یہ تعریف کی ہے کہ وہ روزمرہ کی زندگی یا جد و جہد کا علم ہے" اور معاشیات کے اس شعبے (مبادلے) پر اس تعریف کا کامل انطباق خاص طور سے ظاہر ہے۔

دیکھو Del Mar : The Science of Money

دوسرا باب

مبادلے کی سرگزشت

(۱) پیدائش کے عمل میں مبادلے کا درجہ (۲) مبادلے کی ترقی (۳) اس کے فوائد (۴) اس کے لوازم (۵) تجارتی طبقہ (۶) ذرائع نقل وحمل (۷) زر کی بدولت اشیاء کے اول بدل کے بجائے خرید و فروخت ہونے لگی۔

6

قدیم علمائے معاشیات کا یہ دستور تھا کہ وہ معاشیات کی بحث میں مبادلے کو پیدائش سے ایک الگ اور جداگانہ شعبہ سمجھتے اور اس لحاظ سے اس پر بحث کرتے تھے۔ چنانچہ انھوں نے پوری بحث کو تین جداگانہ شعبوں میں پیدائش دولت، مبادلہ اور تقسیم دولت میں تقسیم کر دیا تھا اور بعد میں چلکر ایک الگ شعبے کی حیثیت سے صرف دولت کا بھی اضافہ کر دیا گیا۔ موضوع پر اس طریقے سے بحث کرنے میں یہ خاص فائدہ موجود تھا کہ مباحث کی ترتیب کی بناء پر موضوع کی تفہیم و توضیح میں سہولت ہوتی تھی۔ مگر اس بنا پر اس واقع کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے کہ مبادلہ درحقیقت پیدائش کے عمل کا جزو ہے۔ پیدائش کا مفہوم

پیدائش کا مفہوم

اشیاء کی پیدائش نہیں ہے بلکہ افادوں کی پیدائش ہے۔ انسان مادے کی تخلیق و تکوین نہیں کر سکتا۔ اور نہ وہ مادے یا اشیاء کو فنا یا معدوم کر سکتا ہے۔ وہ بجز

اس کے کہ ایک شئے کی صورت و شکل بدلے اور اس طرح دوسری شئے تیار کرے اور کچھ نہیں کر سکتا۔ وہ لکڑی کی آفرینش نہیں کر سکتا۔ لیکن وہ لکڑی کے ایک ٹکڑے سے میز تیار کر سکتا ہے۔ اسی بنا پر پیدائش کی تعریف یوں کیجاتی ہے کہ اس سے مراد افادوں کی تخلیق ہے۔ اشیا کی پیدائش انسان کی قدرت سے باہر ہے لیکن انسان اشیا کو کارآمد اور مفید بنا سکتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اشیا کو کارآمد بنانے کا عمل اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک کہ اس سے استفادہ کرنیوالا کوئی شخص فراہم نہ ہو۔ دوسرے الفاظ میں پیدائش کا عمل اس وقت تک تکمیل کو نہیں پہنچتا جب تک کہ اس شئے کا کوئی خریدار نہ ہو۔ چنانچہ اس کی بہت سادہ مثال گلنے سڑنے والے اور سریع الزوال اشیا جیسے میوہ جی ہے جو کسی بازار سے فاصلہ دراز پر باغوں میں پیدا ہوتے ہیں۔

پیدائش کے تین عمل

اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ پیدائش کا مکمل عمل تین حالتوں پر مشتمل ہوتا ہے (۱) اشیا کی صورت و شکل کی تبدیلی یا محدود معنوں میں پیدائش جیسے کہ کاشتکار گیہوں پیدا کرتا ہے یا نجار میز پیدا کرتا ہے (۲) مقام کی تبدیلی یا نقل و حمل جیسے کہ کان کن لوہا یا کوئلہ معدن سے کھود کر نکالتا ہے اور آہنگر کے پاس لاتا ہے یا جہاز کنیڈا کا گیہوں لیورپول لاتا ہے اور اس کا آٹا اور روٹی انگلستان میں بنائی جاتی ہے۔ اور (۳) تملیک کی تبدیلی جیسے کہ تاجر، پیدا کرنے والوں کے پیش کردہ اشیا کو ان کی ملکیت سے نکالکر خریداروں کے ہاتھوں میں پہنچاتا ہے۔ موجودہ زمانے کے حالات کے تحت پیدائش کے عمل کے ان اجزا میں سے ہر ایک جزو مساوی طور سے اہم اور لازمی ہے۔ اس لئے کہ دنیا کی سب قومیں اپنی غذا اور اپنے لباس کے لیئے ایک دوسرے کی محتاج ہیں اور اسی لحاظ سے ہر متمدن قوم میں ہر فرد تمام دوسرے بنی نوع پر نہ صرف اپنے ضروریات حیات کے لیے بلکہ آرام اور تعیش کی چیزوں کے لیئے بھی منحصر اور دست نگر ہے۔

مگر تہذیب و تمدن ابتدائی کی حالت میں جبکہ قوم کا مفہوم محض خاندان یا فرقے تک محدود تھا، اور یہ فرقے چھوٹے چھوٹے تھے، اپنی ضرورتیں آپ پوری کر لیا کرتے تھے اور زیادہ تر خانہ بدوش تھے، عملاً مبادلے کا وجود ہی نہ تھا اس لیئے کہ اسکی ضرورت ہی نہ تھی۔ ہر فرقے کا ہر فرد ایک ہی قسم کا کام اور پیشہ انجام دیتا تھا۔ اور اسی لیئے وہ وہی اشیا تیار کرتا تھا جس کو اس کے ہمسائے بھی تیار کرتے تھے۔ تقسیم عمل کا طریق ایک حد تک موجود تھا خاصکر طبقہ ذکور و اناث کے مابین۔ چنانچہ اس کی مثال ان فرقہ وار دستکاروں کی ابتدائی

شکل میں ملتی ہے جو فرقے کے تمام ارکان کے لیئے خدمت انجام دیتے تھے اور اس کے عوض ان کی تیار کردہ پیداوار کے شریک و سہیم ہوتے تھے۔ لیکن جب دو مختلف مقاموں کے دو دوست فرقوں میں اتفاقیہ طور سے میل ملاپ پیدا ہوتا تھا تو اس وقت کہیں مبادلے کے موجودہ مفہوم کے لحاظ سے اشیا کے ادل بدل کرنے کی نوبت آتی تھی۔ اس لیئے کہ نو وارد قومیں کسی دور افتادہ مقام سے آنے کی وجہ سے اپنے ساتھ اکثر ایسی چیزیں لاتی تھیں جو مقامی فرقوں کے پاس نہ ہوتی تھیں، اور ایسی چیزوں کے حاصل کرنے کی خواہشمند ہوتی تھیں جن کو مقامی فرقے کے افراد نہایت معمولی سمجھتے اور اس لیئے ان کی بہت کم قدر کرتے تھے۔ ان حالات میں مبادلے کا ہونا قدرتی امر تھا اس لیئے کہ یہ فریقین کے لیئے فائدہ مند تھا۔ اس طرح مبادلے کی نوعیت ابتداءً بین الجماعتی یا بین الاقوامی تھی نہ کہ مقامی۔ مبادلے کے طریق کے وجود میں آنے کا باعث غالباً یہ رسم تھی کہ کسی قوم کی جب ایسی قوم سے جس کی مخالفت کا امکان تھا اتفاقیہ مڈبھیڑ ہوتی تھی تو وہ امن و صلح کے خیال سے اس کو تحائف پیش کرتی تھی اور رفتہ رفتہ یہ ایک معمولی رواج پڑ گیا کہ دونوں قومیں ایک دوسرے کو لازمی طور سے تحائف پیش کیا کریں۔ اس طرح ہر قوم یہ توقع رکھتی تھی کہ وہ جو تحفہ پیش کرے اس کے مساوی القدر تحفہ اس کو دوسری قوم سے ملے۔ رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت پہنچی کہ اس قسم کی ملاقاتوں اور تحائف کے مبادلوں کے امکان پر نظر رکھتے ہوئے ارادۃً مختلف مقامات کے سفر اختیار کیئے جانے لگے۔ 8

جب خانہ بدوش قومیں خاص خاص خطوں میں سکونت پذیر ہوتی گئیں جس کے نتیجے کے طور پر زراعت کا نشو و نما ہوا اور ان کی آبادی بڑھتی گئی تو تقسیم محنت کی ضرورت روز بروز زیادہ محسوس ہونے لگی۔ اضافہ آبادی کے ساتھ ایک نئی قسم کے کام کو زیادہ انجام دینے کا کافی موقع ملا، اور مختلف پیشوں مثلاً آہنگری یا موچی کے پیشے میں اتنی وسعت پیدا ہوتی گئی کہ ہر شخص قوم کے لیئے اپنا پورا وقت اس پیشے میں صرف کرنے لگا۔ ان کے علاوہ شکاریوں اور سپاہیوں کے پیشے بھی تھے جنھیں گھر سے باہر جانا پڑتا تھا، بخلاف ان کے کاشتکاروں کو گھر ہی میں رہکر کھیتی باڑی کرنی پڑتی تھی۔ ان حالات میں مختلف پیداواروں کا ایک دوسرے سے ادل بدل کرنا لازمی تھا۔ جیسے جیسے دیہات ترقی کر کے قصبات اور شہروں کی شکل میں آتے گئے

تقسیم محنت

اور شہروں کی ترقی اور توسیع سے ملک اور قوم کی بنا قائم ہوتی گئی ویسے ویسے اشیاء کے ادل بدل اور مبادلے کا طریق روز افزوں عام اور وسیع ہوتا گیا۔ موجودہ زمانے میں مغربی ممالک کی یہ حالت ہے کہ کوئی شخص تن تنہا کوئی مکمل شئے اپنے لیئے تیار نہیں کرتا، اور پیدائش میں کلوں اور کارخانوں کا طریق رائج ہونے کے بعد سے یہ حالت ہوگئی ہے کہ کوئی ایک شخص اپنے لیئے اپنے تیار کردہ خام اشیاء اور اپنے آلات سے کوئی چیز تیار نہیں کرتا۔ جو شئے تیار کیجاتی ہے وہ مبادلے کے لیئے تیار کیجاتی ہے۔ چنانچہ مبادلے کی دقتوں اور پیچیدگیوں میں اسی سرعت کیساتھ اضافہ ہوا ہے جس سرعت کیساتھ کہ تقسیم محنت کے طریق میں اور محنت کی تخصیص طبعی میں ترقی و توسیع ہوئی ہے۔

مبادلے کے فوائد اگرچہ اس عجیب و غریب جدید نظام کے اکثر خصوصیات نقصان رساں اور قابل افسوس ہیں لیکن اس نظام کے بلاشبہ بے شمار فوائد بھی ہیں۔ اگر یہ نظام نہ ہوتا تو دولت کا وہ کل ذخیرہ، جس میں نہ صرف چند متمول افراد کا زر شامل ہے بلکہ تہذیب و تمدن کی وہ سب پیداوار بھی شامل ہے جس کو موجودہ دنیا قوم کے سب طبقوں کے لیئے فراہم کرتی ہے اور سب فائدہ اٹھاتے ہیں، معرض وجود ہی میں نہ آسکتا اس لیئے کہ مبادلے سے جو فوائد حاصل ہوتے ہیں وہ ٹھیک وہی ہیں جو تقسیم محنت سے حاصل ہوتے ہیں۔ پیدائش کی تنظیم کے جدید طریق کے لیئے جو کثیر المقدار دولت کی پیدائش کا باعث ہے مبادلے کی موجودگی ناگزیر ہے۔ لیکن اس وسیع نظام میں ایسے پیدا کرنے والے بکثرت ہیں جو بظاہر پیدائش میں کوئی حصہ لیتے نہیں معلوم ہوتے۔ یعنی یہ محض اشیاء کو ایک کے پاس سے دوسرے کے پاس منتقل کرتے ہیں چنانچہ ان کو بہ نظر حقارت درمیانی اشخاص کہا جاتا ہے اور بعض اوقات انھیں پیداوار کی سہامت کا مستحق نہیں خیال کیا جاتا۔ مگر یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ اس قسم کا فرق و امتیاز بے بنیاد ہے۔ ہر وہ شخص، جس کی مبادلے کے عمل میں واقعی ضرورت ہو بشمول اس شخص کے جو پیدا کردہ اشیاء کے لیئے صارف کی تلاش کرتا ہے، پیداوار میں حصہ پانے کا جائز طور سے مستحق ہوتا ہے۔ درمیانی شخص، جس وقت تک اس کی ضرورت ہو، ایسا ہی پیدا کرنے والا ہے جیسا کہ کاشتکار۔ مگر فالتو

درمیانی شخص درمیانی شخص بیشک کوئی افادہ نہیں پیدا کرتا۔ وہ اسی طرح غیر مفید ہے جس طرح کہ وہ کاشتکار جو بوئی ہوئی زمین پر دوبارہ ہل چلائے اور

9

کاشت کی ہوئی زمین پر دوسری فصل اُگانے کی کوشش کرے۔ ایسا درمیانی شخص جو کسی کسی طرح پیدا کرنے والے اور صرف کرنے والے کے درمیان آگئے اور ان کے مابین ربط و تعلق پیدا کرنے میں کوئی ضروری کام انجام نہ دے، قطعاً افادے کی پیدائش یا افزائش نہیں کرتا۔ اور اس میں کوئی کلام نہیں کہ بعض ملکوں اور بعض پیشوں میں ایسے اشخاص کثرت پائے جاتے ہیں۔ لیکن یہ بجائے اصول کے تحت شمار ہونے کے خلاف اس کے مستثنیات میں زیادہ تر شمار ہوتے ہیں۔ ایک درمیانی شخص جو مبادلے کرتا ہے سہولتیں پیدا کرتا ہے اسی معنی میں بلاشبہ افادہ پیدا کرتا ہے جس معنی میں مبادلہ خود افادے پیدا کرتا ہے۔ مبادلے کے ذریعہ سے ہر شخص اس قابل ہوتا ہے کہ خود اپنی زائد پیداوار کو ایسے اشیاء سے ادل بدل کرے جو دوسروں کے لیے تو ضرورت سے زائد ہیں لیکن اس کے نزدیک بیش قیمت رہیں۔ دونوں فریقوں کے لیے موضوعی افادہ کا دو طرفہ حصول مبادلے کے ہر عمل کی تہ میں مضمر ہوتا ہے، اور اس کا اطلاق ایک ملک کے افراد کے مابین مبادلے پر جس طرح ہوتا ہے ٹھیک اسی طرح قوموں اور ملکوں کے مابین مبادلے پر ہوتا ہے۔ مبادلہ ہر شخص اور ہر قوم کی پیداآوری کی صلاحیت سے پورا پورا فائدہ حاصل کرنے کا موقع بہم پہنچاتا ہے، اور اس طرح ملک اور تمام عالم کے لیے بیشتر سے مجموعی پیداوار حاصل کر لیتا ہے۔

مبادلے کے لوازم مبادلے کا نشو و نما اور جدید تجارتی نظام کی ترقی مع اپنے وسیع اور پیچیدہ مبادلے کے انتظامات کے تین اساسی لوازم پر مشتمل ہے:- (۱) تاجروں یا سوداگروں کی جماعت کی ترتیب جو پیدا کرنے والوں اور صرف کرنے والوں کے مابین وسطی کام انجام دے۔ (۲) ذرائع نقل و حمل کی ترقی و توسیع تاکہ علاقہ ہائے قریب و بعید کے لیے۔ اس میں کرۂ زمین کے ایک حصے سے دوسرے نصف حصے میں گیہوں یا روئی جیسے اشیاء کی باربرداری اور خردہ فروشی کی دوکانوں کے ذریعے سے روزمرہ درپیش گھوم کر اشیاء کی بہم رسانی کرنا دونوں شامل ہیں۔ اور (۳) زر کی ایجاد جو بطور ذریعہ یا آلۂ مبادلہ کام کر سکے۔

تاجروں کا طبقہ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، تجارت اپنی نوعیت کے لحاظ سے ابتداءً مقامی طور سے نہ ہوتی تھی بلکہ بین الجماعتی یا بین الاقوامی تھی۔ یعنی تجارت ممالک غیر کے باشندوں سے کیجاتی تھی۔ اور چونکہ اس زمانے میں ممالک غیر کے باشندے کے معنی دشمن لیے جاتے تھے اس لیے تجارت ابتداءً امن و صلح کے طریقوں سے انجام نہ پاتی تھی بلکہ اس کی خصوصیت امتیازی جنگی طریقے تھے۔ اس لحاظ سے ہر فریق دوسرے کو

لین دین میں دھوکا دینے یا قوت و تشدد کے بل پر اس کا مال چرانے کی کوشش کرتا تھا۔ قدیم زمانے کے تاجر کے جان و مال دونوں ہر وقت معرض خطر میں رہتے تھے اور وہ اپنی جان و مال کو مٹھی میں لیے پھرتے تھے۔ تجارت میں خطرات بہت زیادہ ہوتے تھے۔ اس لحاظ سے ان کے بالمقابل منافعہ بھی بہت وصول کیا جاتا تھا۔

تاجروں کا کام

تجارت کے ارتقا کی ایک اور دلچسپ خصوصیت یہ ہے کہ ابتداءً تاجر اپنے گاہک کو ڈھونڈتا پھرتا تھا مگر اب خردہ فروشی اور دکانداری کے طریق کے رائج ہونے کی بنا پر یہ لغیر ہو گیا ہے کہ گاہک تاجروں کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں۔ چنانچہ اشیاء کی نوعیت پر جو تجارت کا مقصد تھے اس کا اثر پڑا۔ قدیم زمانے میں تجارت قدرتی طور سے ایسے اشیاء کی نقل و حرکت تک محدود ہوتی تھی جن کی قیمت ان کے وزن یا جسامت کے مقابلے میں بہت زیادہ ہوتی تھی مگر جو ہلکی پھلکی اور سریع الزوال نہ ہوں۔ اس لحاظ سے وہ فاصلہ ہائے دراز پر منتقل کیے جا سکتے تھے۔ مثلاً چائے کے قرض ملک چین سے نکلکر بالائی راستے سے سائبیریا میں سے ہو کر ایران، ہندوستان اور پھر بعد میں یورپ جاتے تھے۔

زمانۂ جدید کے تاجروں کی جماعت سے جو فوائد حاصل ہوتے ہیں اس کی مثال اس امر سے ملتی ہے کہ موجودہ زمانے میں شہروں کے باشندے اپنی روزمرہ کی غذا کی رسد کے لیے تھوک اور خردہ تاجروں کے نظام کے بڑی حد تک محتاج اور دست نگر ہیں۔ دکاندار اور تھوک تاجر جو مال کے کثیر ذخیرے کا مالک ہوتا ہے، ایک ایسے سلسلے کی کڑی ہیں جس کا ایک سرا پیدا کرنے والا ہے جو کسی دور دراز مقام میں سکونت پذیر ہے اور جس کے پاس متفرق خردہ گاہکوں کو تلاش کرنے کا نہ تو وقت ہے اور نہ موقع نہ واقفیت اور دوسرا سرا صارف یا صرف کرنے والا ہے جو مختلف پیدا کرنے والوں کو جو دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ہیں تلاش نہیں کر سکتا۔ انھیں تاجروں کے ذریعے سے صارف حسب دلخواہ مال خرید سکتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ رسد کے انتظام کی غیر معمولی ترقی کی وجہ سے نئی نئی احتیاجات پیدا ہو گئی ہیں۔ کیونکہ انھیں گھر بیٹھے اپنی آنکھوں سے دیکھ دیکھکر خریدنے کی ترغیب و تحریص ہوتی ہے مثلاً کسی معمولی پنساری کی دکان کا جائزہ لیکر یہ معلوم کرنا بھی کہ اس کے پاس کے مختلف اشیاء کن کن مقاموں سے آئے ہیں، ایک اوسط درجے کے گاہک کی جغرافی معلومات کے

دائرے سے باہر ہوگا۔ پھر یہ ٹھوک تاجر کثیر مقداروں کا لین دین کرتے ہیں۔ اور اس لحاظ سے وہ معمولی خردہ گاہک کے مقابلے میں بہت ارزاں نرخ پر مال خرید سکتے ہیں کیونکہ پیدا کنندوں کے لیے بمقابلہ متفرق خردہ گاہکوں کے ایک بڑے گاہک سے معاملہ کرنے میں بہت سہولت اور کفایت ہوتی ہے۔ بعض اشیاء مثلاً ہندوستان کی چائے کی تجارت میں اسی کوشش کی گئی ہے کہ مال باغوں سے نکلکر براہ راست انفرادی گاہکوں کے گھروں میں پہنچایا جائے لیکن اس طریق سے تجارت کرنے میں مقابلۃً بہت کم اشیاء فروخت ہوئے۔ اور سب سے آخر میں یہ کہ ٹھوک تاجر اور دکاندار مختلف اشیاء کثیر مقدار میں اپنے گوداموں میں رکھتے ہیں تاکہ گاہکوں کو اپنی مرضی کے موافق مال منتخب کرنے اور جس وقت چاہیں خریدنے کا موقع ملے۔ ایک ایسے شخص کے لیے جس کے گھر کا خرچ بہت کم ہے پہلے سے اشیاء کا کثیر مقدار میں ذخیرہ رکھنے کی نوبت اور ضرورت بہت کم پیش آتی ہے۔ کیونکہ جب کبھی اس کو کسی چیز میں کمی یا اس کی ضرورت معلوم ہوتی ہے وہ فوراً پاس ہی کی دکان سے خرید سکتا ہے۔ اشیاء کا ذخیرہ رکھنا دکاندار کا کام ہے اور وہی اس کے تمام خطرات برداشت کرتا ہے۔ سریع الزوال اشیاء کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک اس کے لیے بہت خطرات ہوتے ہیں اور بعض اوقات ایسے اشیاء اس کے لیے کثیر نقصان کا باعث ہوتے ہیں۔ ذرائع نقل وحمل کی ترقی پر جن امور کا اثر پڑتا ہے وہ یہ ہیں:- (۱) فاصلہ یعنی دور دراز مقامات پر سامان کو لادکر بھیجنے میں باربرداری کے مصارف، جو بعض صورتوں میں اشیاء کی قیمت کا لحاظ کرتے ہوئے کسی طرح واجبی نہیں تصور کیے جاسکتے۔ (۲) خود اشیاء کی نوعیت۔ مثلاً نقل وحرکت میں سریع الزوال اشیاء کے خراب ہونے یا نازک اشیاء کے ٹوٹنے پھوٹنے کی وجہ سے نقصان عظیم کا امکان اور اس نقصان کی بناء پر بچے کھچے اشیاء کی قیمت میں اضافہ کرنا ضروری ہے۔ (۳) وسائل نقل وحمل کی ترقی۔ اکثر مغربی ممالک میں یہ ترقی کم وبیش ایک باقاعدہ طریق پر ہوئی ہے۔ چنانچہ پہلے بحری راستے سے یا بڑے بڑے دریاؤں کے ذریعے سے اس کے بعد سڑکوں اور نہروں کے ذریعے سے اور پھر ریلوں کے ذریعے سے۔ مگر مشرق میں سمندر کے راستے سے نقل وحمل کرنے سے بہت پیشتر صدیوں تک دور افتادہ ممالک کو سامان بھیجنے کے لیے سڑکیں استعمال کیجاتی تھیں۔ حتیٰ کہ ہندوستان اس سے مستثنیٰ نہ تھا حالانکہ اس کو ایک طویل ساحل میسر ہے۔ مصر کا دریائے نیل ایسے ملک کی سب سے زیادہ موثر مثال ہم پہنچاتا

11

نقل وحمل

ہے جہاں قدیم ترین زمانے سے اشیاء کا نقل و حمل زیادہ تر پانی کے ذریعے سے عمل میں آیا۔ چنانچہ مصر نے صدیوں تک کسی بڑے پیمانے پر بری راستے سے نقل و حمل کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اور اس سے بھی زیادہ زمانے تک بحری راستہ تلاش کرنے کی کوئی سعی نہیں کی۔

زر بمقابلہ طریق ادل بدل۔

مبادلے کے نشو و ارتقا میں سب سے آخری منزل زر کی ایجاد اور ادل بدل کے طریق کے بجائے خرید و فروخت کے طریق کا رواج ہے۔ ادل بدل کے معنی اشیاء کا براہ راست ایک دوسرے سے مبادلہ ہے۔ اور یہی اشیاء کی اضافی قدر معلوم کرنے کا سب سے سادہ اور آسان طریقہ ہے جس میں براہ راست اشیاء کا ایک دوسرے سے مقابلہ کیا جاتا ہے لیکن قدیم ترین قوموں کو بھی مبادلے کے طریق میں عملی دقتیں محسوس ہوئیں ممکن ہے کہ متبدلہ اشیاء کی اضافی قدر کو معلوم کرنا کافی آسان ہو لیکن یہ صرف آدھی دقت ہے۔ اس لیے کہ عمل مبادلہ کے واقع ہونے سے پیشتر تین شرائط کا پورا ہونا ضروری ہے۔ سب سے اول تو یہ کہ دو ایسے شخص موجود ہوں جن میں سے ہر ایک ٹھیک وہی شئے دینا چاہے جس کی دوسرے کو ضرورت ہو۔ اس قسم کا انطباق بڑی حد تک ناممکن الحصول ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ دونوں شخص جن اشیاء کو ادل بدل کرنا چاہتے ہیں وہ مساوی القدر ہوں۔ اور تیسرے یہ کہ دونوں کو ایک وقت میں اشیاء ادل بدل کرنے کی ضرورت ہو۔ ان تینوں باتوں کے ایکجا ہونے کا بندوبست کرنا تقریباً ناممکن ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان مقامات میں بھی جہاں ادل بدل کا طریق عام ہے یہ دیکھا جاتا ہے کہ مبادلے کو ممکن بنانے کے لیے دو طرفہ ادل بدل کے طریق کے بجائے سہ طرفہ ادل بدل کا طریق اختیار کرنا پڑتا ہے۔ ا اپنے اشیاء کا مبادلہ ب سے ایسے اشیاء کے عوض کرتا ہے جس کی ا کو ضرورت نہیں ہوتی بلکہ ج کو حاجت ہوتی ہے۔ اس طرح ا نے جو اشیاء ب سے حاصل کیے انھیں ج کے حوالے کر کے ج سے اپنی ضرورت کی شئے حاصل کرتا ہے۔ لیکن یہ مشکلات ایک تیسری عام شئے کے رائج کرنے سے حل ہو جاتی ہیں۔ یہ عام شئے زر ہے جو بطور آلۂ مبادلہ استعمال ہوتی ہے۔ ہر شخص بجائے اس کے کہ اپنے اشیاء کا براہ راست دوسروں کے اشیاء سے مبادلہ کرے، اپنے اشیاء زر کے عوض فروخت کرتا ہے اور اس زر سے وہ جس قسم کی شئے چاہے، جس شخص سے چاہے جس وقت

12

چاہے اور جتنی مقدار میں چاہے خرید لیتا ہے۔ اس طرح زر، اول بدل کے واحد عمل کو تحلیل کرکے مبادلے کے دو جداگانہ عملوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ ایک تو اشیاء کا زر کے عوض مبادلہ ہے جس کو فروخت کہا جاتا ہے اور دوسرا، جو وقت اور فاصلے کے لحاظ سے پہلے عمل سے الگ ہو سکتا ہے، اسی زر کا دوسرے اشیاء کے عوض مبادلہ جس کو خرید کہا جاتا ہے۔

اگرچہ اب یہ دونوں عمل الگ الگ انجام پاتے ہیں لیکن ان دونوں کا باہمی تعلق فراموش نہ کرنا چاہیئے۔ ہر خرید کا یہ مفہوم ہے کہ اس سے قبل فروخت عمل میں آچکی ہے اور ہر فروخت یہ ظاہر کرتی ہے کہ آیندہ خرید عمل میں آئیگی۔ تفہیم کا اصل نکتہ یہ ہے کہ ہر شخص اپنی پیداوار اور خدمات کا دوسروں کی پیداواروں اور خدمات سے مبادلہ کرکے زندگی بسر کرتا ہے۔ دولت کی پیدائش کا آخری مقصد فروخت نہیں ہے بلکہ پیداوار کا دوسرے اشیاء سے مبادلہ کرنا اور انجام کار ان دوسرے اشیاء کو صرف کرنا آخری مقصد ہے۔ اسی لحاظ سے گزشتہ باب میں اس نکتے پر زور دیا گیا کہ کسی شئے کی حقیقی قدر، زر کی وہ مقدار نہیں ہے جس کے عوض وہ فروخت کیجا سکتی ہے، بلکہ دوسرے اشیاء کی وہ مقدار ہے جن کے عوض زر کی وساطت سے اس کا مبادلہ کیا جا سکتا ہے۔ قیمت، محض اشیاء کی قدر مبادلہ کو ظاہر کرنیکا ایک ذریعہ ہے۔ اشیاء کی حقیقی قدر مبادلہ ان تمام دوسری عام چیزوں کی وہ مقدار ہے جن کے عوض زر کے توسط سے ان اشیاء کا مبادلہ کیا جا سکتا ہے۔

حوالہ جات

1. Gide : Political Economy, Book II, Chapters I to II, (Archibald's Translation, 1914)

2. Jevons : Money, Chapter I .

تیسرا باب

بازار

(۱) بازار اور بازاری قیمت۔ (۲) بازار کا مفہوم۔ (۳) بازار کا قانون (۴) مقامی بمقابلہ بین الاقوامی بازار (۵) صغیر بمقابلہ کبیر بازار۔ (۶) تمسکات اور پیداوار کے صرفے۔

گزشتہ بابوں میں بیان کیا جا چکا ہے کہ اس کتاب کا موضوع مبادلات کی کل ہے۔ اور مبادلات کی کل وہ وسائل ہیں جن کے ذریعے سے اشیاء کی قیمتیں ادا کی جاتی ہیں۔ اس امر کی مفصل بحث کہ یہ قیمتیں کس طرح قرار پاتی ہیں اس کتاب کی وسعت سے باہر کی چیز ہے۔ چنانچہ اس کا مطالعہ اصول معاشیات کی کسی مستند نصابی کتاب میں کرنا چاہیئے جس میں نظریۂ قدر پر بحث کیگئی ہو۔ یہاں صرف اس نظریئے کے عام نتیجہ کے بیان پر اکتفا کرنا ضروری ہے۔ اور وہ نتیجہ یہ ہے کہ کسی شئے کی قیمت، ایک ایسے بازار میں جہاں مقابلہ کم و بیش موجود ہو، رسد و طلب کی متضاد قوتوں کے باہمی عمل سے قرار پاتی ہے۔ کسی شئے کی بازاری قیمت وہ قیمت ہے جو رسد و طلب کی موجود الوقت حالت کے تحت، وقت کے وقت یا طویل مدت کے لیئے رسد و طلب کو متوازن یا مساوی کرتی ہے۔ یعنی وہ قیمت جس پر کہ

فروخت کے لیئے پیش کردہ مقدار مطلوبہ مقدار کے ٹھیک مساوی ہوتی ہے دوسرے الفاظ میں، بازاری قیمت وہ قیمت ہے جس پر خریدار ٹھیک اتنی ہی مقدار خریدنے کے لیئے آمادہ ہوگا جس کو فروشندے فروخت کرنے پر آمادہ ہوں گے۔ یہ ظاہر ہے کہ جتنی مقدار خریدار لینے پر آمادہ ہیں اور جتنی مقدار فروشندے دینے پر آمادہ ہیں ان دونوں کا انحصار اس قیمت پر ہوتا ہے جو فروشندے طلب کرتے ہیں یا خریدار پیش کرتے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ رسد و طلب کے معاشی قوانین کا یہی خلاصہ ہے، اس کو اختصار کیساتھ یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ قیمت جسقدر زیادہ ہوگی اسقدر طلب کم ہوگی اور رسد زیادہ ہوگی اور اسکے برعکس قیمت جسقدر کم ہوگی رسد بھی اسقدر کم ہوگی اور طلب اسیقدر زیادہ ہوگی ان متضاد قوتوں کے توازن سے بازاری قیمت جسطرح قرار پاتی ہے اسکی مثال ایسی ہی ہے جیسے کہ کوئی آدمی اپنے کندھے پر ایک ڈنڈے کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہو جس کے دونوں سروں پر مختلف وزن کے دو وزنی اشیاء (جو غیر مساوی اور مختلف وزن کے ہوسکتے ہیں) آویزاں ہوں ان دونوں اوزان کو متوازن کرنے کے لیئے ضروری ہے کہ وہ شخص ڈنڈے کو اپنے کندھے پر ادھر سے ادھر اس طرح حرکت دے کہ بالآخر اُسے بیرمی اصول کی بناء پر ایک ایسا مقام مل جائے جس پر ڈنڈے کو ٹکانے سے یہ اوزان متوازن ہو جائینگے۔ بازاری قیمت یا قیمت متوازنہ بازار میں عملاً خریداروں اور فروشندوں کے کم و بیش اندھا دھند باہمی مقابلے سے قرار پاتی ہے۔ اور جس نقطے پر قیمت قرار پاتی ہے اس کا مدار زیادہ تر بازار کی نوعیت اور بازار کے حالات پر ہوتا ہے۔ پس مبادلات کی کل کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ

بازار کا مفہوم لفظ "بازار" کے بنیادی تصور کی مفصل بحث کیجائے، کیونکہ "بازار" کی حیثیت ایک ایسے اکھاڑے کی سی ہے جہاں رسد و طلب کی قوتوں میں قیمتوں کے بارے میں مسلسل آویزش اور کشمکش جاری رہتی ہے چنانچہ دنیا کے بازاروں کے عمل کی تنظیم اور اس کا طریق، مبادلات کی کل کا اساسی جزو ہے۔

عام اصطلاح میں "بازار" کا مطلب ایک ایسا مقام یا عمارت ہے جہاں کسی شئے کے خریدار اور بائع کاروبار کرنے کی غرض سے جمع ہوتے ہیں لیکن کاروباری طبقے میں یہ لفظ بہت زیادہ وسیع معنی میں استعمال ہوتا ہے اور یہی اس کے اصل معاشی مفہوم سے بہت زیادہ قریب بھی ہے۔ مثلاً کاروباری لوگ جب روئی کے

بازار کا ذکر کرتے ہیں تو اس کا مفہوم ان کے ذہن میں روئی کے بازار کی کوئی عمارت نہیں ہوتا بلکہ اس لفظ سے مراد وہ کچھ اور ہی لیتے ہیں۔ معاشیات میں، بازار کے مفہوم میں، وہ پورا رقبہ داخل ہے جس میں کسی شئے کے صرف کرنے والے اور پیدا کرنے والے پھیلے ہوئے ہیں۔ بازار کی اساسی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے حدود کے اندر سامان تیار کرنے والوں اور صرف کرنے والوں کو

گفت وشنید کی آزادی

آپس میں آزادانہ طور پر گفت وشنید کرنے اور ایک دوسرے کا حال معلوم کرنے کا موقع حاصل ہو اور طلب و رسد کے مختلف حالات کے لحاظ سے اسی رقبے میں سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ بلا کسی قید اور وقت کے منتقل کیا جا سکے۔ اس طرح اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر اس رقبے کے ایک حصے میں دوسرے کے مقابلے میں اشیا زیادہ ارزاں ہوں تو خریدار اس مقام سے اشیاء خرید سکیں جہاں اشیا ارزاں ملکتی ہیں اور دوسری طرف بائع اپنا سامان اس مقام کو بھیج سکیں جہاں ان کو اچھی قیمت وصول ہونے کی توقع ہو سکتی ہے۔ گفت وشنید اور نقل و حمل کی اس آزادی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بازار میں قیمتوں کی

قیمت کی یکسانیت

عدم یکسانیت باقی نہیں رہتی چنانچہ معاشی لحاظ سے کامل اور حقیقی بازار کی تعریف دوسرے الفاظ میں یہ ہے کہ بازار کے پورے رقبے میں ایک شئے کی قیمت ہر جگہ لازمی طور سے یکساں ہو۔ مغربی ممالک میں عام مقابلے کا رنگ یہ ہے کہ فروشندے اپنے اشیاء کی قیمتوں کو مشتہر کرتے ہیں تاکہ خریداروں کو ترغیب ہو کہ دوسروں سے خریدنے کے بجائے انھیں سے مال خریدیں۔ مغربی ممالک میں نرخنامے شائع کرنے کا طریقہ مقابلے کے طریق کی اصلی جان ہے۔ اس میں فائدہ یہ ہوتا ہے کہ خریدار مختلف تاجروں کے نرخناموں کا ایک دوسرے سے موازنہ کرکے ارزاں ترین نرخ والے کے اشیاء خرید سکتے ہیں۔ اس انتظام کا فطری اور ناگزیر نتیجہ یہ ہے کہ بازار کے پورے رقبے میں قیمتوں کی یکسانیت قائم رہتی ہے۔ اگر کوئی یہ جانتا ہے کہ ایک تاجر کے پاس سے اس کو ارزاں سامان مل سکتا ہے تو وہ ہرگز اس قسم کے سامان کو گراں فروش سے نہ خریدے گا۔ اسیطرح فروشندے کو بھی اگر یہ معلوم ہو کہ پاس کا ایک تاجر اشیاء کو کم داموں فروخت کر رہا ہے تو وہ ہرگز یہ بے وقوفی نہ کریگا کہ اسی قسم کے اشیاء کو اپنے یہاں زیادہ

16

داموں پر فروخت کرے۔ اس طرح مقابلے کی بنا پر قیمتوں میں یکسانی پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ جیونس کا "قانون بازار" کہتا ہے کہ "ایک ہی بازار میں ایک شئے کی دو مختلف قیمتیں رائج نہیں ہو سکتیں"۔ لیکن یہ تعریف معاملے کی تہ تک اس قدر نہیں پہنچتی جس قدر مارشل کی تعریف پہنچتی ہے۔

جیونس کا قانون بازار

مارشل کی تعریف کے لحاظ سے بازار "ایسا رقبہ ہے جس میں خریدار اور بائع آزادانہ طور سے اس طرح گفت و شنید کریں کہ قیمتیں آسانی کے ساتھ مساوی اور متوازن ہو جائیں"۔ اصل نکتہ آزادانہ بات چیت، نرخنامے کی تشہیر، قیمتوں کا باہم مقابلہ موازنہ، اور رسد و طلب کا آزادانہ عمل ہے۔

یہاں تک بازار کے نظریئے کی تشریح ہوئی۔ اس کے بعد یہ بتانا باقی رہتا ہے کہ بازار، دو اعتبارات سے جن کو زماں و مکاں کہا جا سکتا ہے، مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔ بازار بلحاظ مکان چھوٹا یا بڑا ہو سکتا ہے اور وقت کے لحاظ سے بھی چھوٹا یا طویل ہو سکتا ہے۔ چنانچہ بازار کی قیمتوں کی نوعیت کا مدار زیادہ تر بازار کے ان ہی مختلف حالات پر ہوگا۔ اس لحاظ سے ان امور کو بیان کر دینا ضروری ہے جو زماں و مکاں کے دو اعتبارات سے بازار کی وسعت پر اثر ڈالتے ہیں۔ (۱) وسعت مکانی۔ کوئی بازار اتنا مختصر ہو سکتا ہے کہ اس میں صرف ایک چھوٹے سے گاؤں یا قصبے یا پورے ضلع کی آبادی شامل ہو۔ یا کوئی بازار اسقدر بڑا اور کشادہ ہو سکتا ہے کہ تمام عالم شامل ہو مثلاً سوئی پارچہ کا بازار جو کسی دوسرے مشہور اشیا کے بازار کے مثل تمام دنیا میں پھیلا ہوا ہے۔ بازار کی وسعت کے فرق کا مدار زیادہ تر اشیا کی نوعیت پر ہوتا ہے۔ کسی شئے کا بازار اس وقت وسیع ہوتا ہے جبکہ:—

بازار کا رقبہ اور مدت

17

(۱) اس شئے کی مانگ عام ہو۔ جیسے گیہوں اور روئی۔ اگر کسی شئے کی مانگ عام نہ ہو اور مخلوق کو بہت کم مقدار میں اس کی ضرورت ہو تو اس شئے کا بازار اس حلقے تک محدود رہے گا جس میں وہ طلب کی جا رہی ہے۔ مثلاً چھالیہ کی ڈلی کا انگلستان میں عام طور سے فروخت ہونا ایسا ہی ناممکن ہے جیسا کہ جنوبی ہند میں پشم یا پوستین کا فروخت ہونا۔

(۲) اس شئے کی شکل و حالت آسانی کے ساتھ بیان کی جاسکے، اس کے نمونے پیش کیے جاسکیں اور اُس کی مختلف قسمیں اور درجے قایم کیے جاسکیں۔ تاکہ ہونے والے خریدار کی تفہیم زبانی یا خط یا تار کے ذریعے سے اشیاء کی نوعیت و حالت کو صحت کے ساتھ بیان کرکے اس طرح سے کی جائے کہ اُس کو یہ آسانی اور یقینی طور سے معلوم ہو جائے کہ اس کی خریداری میں فروشندہ کونسا مال پیش کرنے والا ہے۔ گویا اس طریقے سے مال کے پورے ذخیرے کو حقیقت میں دیکھے بھالے بغیر خرید و فروخت ممکن ہوتی ہے۔ اور اس طرح ایسی شئے کی تجارت ڈاک یا تار کے ذریعے سے صفحۂ زمین کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے کے مابین بھی ہوسکتی ہے۔ چنانچہ گیہوں نمونوں کی بنا پر فروخت کیا جاسکتا ہے۔ علیٰ ہذا روئی چند مقررہ معیاروں کی بنیاد پر مدارج کا حال بیان کرکے مسلسل فروخت کی جاتی ہے۔ لیکن گھوڑے کی خریداری اس کو پوری طرح دیکھے بغیر محض نمونے یا بیان کی بنا پر عمل میں نہیں آسکتی۔

نقل پذیری

(۳) آسانی کے ساتھ قابل نقل و حمل ہونا ضروری ہے۔ یعنی یہ ضروری ہے کہ اس کی قدر، اس کی جسامت یا وزن کے لحاظ سے بہت خاصی زیادہ ہو تاکہ اُس کی باربرداری کے مصارف کثیر نہ ہوں۔ اس طرح مصر میں تعمیری کاموں کے لیے لکڑی بہت قیمت سے ملتی ہے۔ لیکن نیوزی لینڈ میں اس کی اتنی افراط ہے کہ جنگلوں میں درخت کاٹ کر زمین کو قابل کاشت بنانے کے لیے کثیر مصارف لاحق ہوتے ہیں، باربرداری کے مصارف اتنے کثیر ہوتے ہیں کہ لکڑی کو کرۂ زمین کے ایک حصہ سے (جہاں وہ کوڑیوں سے بھی کم داموں پر دستیاب ہوتی ہے اس لیے کہ اس کا "بازار" یا اس کی مانگ نہیں ہے) دوسرے حصے کو منتقل کرنا جہاں اس کی مانگ اور قدر زیادہ ہوسکتی ہے، قطعاً ناممکن ہوتا ہے۔

پائداری

(۴) اس کا دیرپا ہونا ضروری ہے۔ یعنی وہ شئے ایسی ہو جو نہ تو بہت نازک ہو کہ اسے کسی دور کے مقام پر منتقل کرنے میں ادھر اُدھر اٹھانے اور رکھنے کی وجہ سے ٹوٹنے پھوٹنے کا امکان ہو اور نہ سریع الزوال

ہو کہ منزل مقصود تک پہنچنے میں عرصہ لگے تو وہ راستے ہی میں گل سڑ کر خراب ہو جائے۔ اگر وہ شئے دیر پا ہو تو وہ آسانی کے ساتھ منتقل کیجا سکتی ہے۔ مثلاً انگلستان کی گوشت کی تجارت میں، جہازوں میں محفوظ برفانی کمروں کے انتظام کی وجہ سے ایک انقلاب عظیم واقع ہوا ہے۔ اس انتظام کی بدولت آسٹریلیا یا ارجنٹائن سے انگلستان تازہ گوشت کا اچھی حالت میں بھیجنا ممکن ہو گیا ہے۔ نتیجہ یہ کہ گوشت کا بازار تمام 18
روئے زمین پر پھیلا ہوا ہے، اور گوشت کی ٹھوک قیمتیں جتنی ان دور افتادہ مقامات میں رائج ہیں تقریباً اتنی ہی مصارف باربرداری کو منہا کرنے کے بعد لندن میں بھی ہیں۔

وسعت زمانی (ب) وسعت زمانی۔ کوئی بازار اس معنی میں چھوٹا ہو سکتا ہے کہ رسد و طلب جس کا لحاظ اس شئی کی قیمت کے معین کرنے میں کیا جاتا ہے لازمی طور سے ایسی ہو کہ وقت کے وقت میں اشیاء فروخت کے لیئے مہیا کیئے جا سکیں اور ایک ہی دن میں ہاتھوں ہاتھ فروخت اور صرف ہو جائیں۔ یا بازار اس معنی میں وسیع ہو سکتا ہے کہ صارف کسی شئے کو جس دن چاہیں خرید سکیں یا اس کی اتنی مقدار خرید سکیں کہ آئندہ چھے ماہ تک ان کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیئے وہ کافی ہو۔ اس لیئے کہ وہ شئی طویل مدت تک بھی اچھی حالت میں رہ سکتی ہے۔ "طویل المدت" بازار میں (مارشل کی اصطلاح کے مطابق) فروشندے فوری رسد پر انحصار نہیں کرتے اس لیئے کہ وہ یہ جانتے ہیں کہ تازہ رسد کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی طرح وہ کسی ایک ہی دن میں اپنا مال فروخت کرنے پر مجبور نہیں ہوتے کیونکہ اگر موجودہ حالت میں وہ اچھی قیمت پر نہ اٹھتی ہو تو اس کو آئندہ اچھی قیمت پر فروخت کرنے کے لیئے رکھا جا سکتا ہے۔ بازار کی مدت کے بارے میں جن امور کو بیان کیا گیا ان کا مدار خود اشیاء کی

شئے کی نوعیت نوعیت پر بھی ہوتا ہے۔ اس طرح (۱) طویل المدت بازار کا انحصار اس پر ہے کہ آیا شئے متعلقہ سریع الزوال ہے یا نہیں ہے۔ مثلاً مچھلی کی تجارت میں فروشندے کے لیئے پہلے ہی دن جو قیمت وصول ہو اس کا لے لینا ضروری ہے۔ ورنہ رکھے رکھے دوسرے روز تک وہ خراب ہو جائے گی۔ دوسری طرف کسی گھر والی کو اہل خاندان کے لیئے کسی دن جتنی مچھلی کی ضرورت ہو وہ اتنی ہی خریدے گی

اور اس سے زیادہ مقدار میں ہرگز نہ خریدے گی خواہ مچھلی کی قیمت گھٹ کر کتنی ہی کم ہو جائے اس لئے کہ زاید مچھلی دو ایک دن سے زیادہ مدت تک نہیں رکھی جا سکتی۔

طلب کی نوعیت (۲) بازار کی مدت کا مدار اس شئے کی طلب کی نوعیت اور مدت پر بھی ہوتا ہے۔ مثلاً یہ کہ آیا وہ شئے ایسی ہے جس کی طلب دائمی ہے جیسے گیہوں اور دوسرے اشیائے خورد و نوش یعنی وہ ایسی شئے ہے جس کا ہیشہ دنوں کے لیئے فیشن ہو گیا ہے۔

رسد کی نوعیت (ج) بازار کی مدت کا مدار رسد پر بھی ہوتا ہے۔ آیا رسد موجودہ ذخیرے تک موجود ہے مثل کسی نایاب شے یا دستکاری کے نمونے کے یا وہ کوئی باقاعدہ فصل کی پیداوار ہے جسکی قیمت کا تخمینہ پہلے سے لگایا جا سکتا ہے اور یہ یقین ہو سکتا ہے کہ اسکی ایک معتد بہ مقدار ہر موسم میں فراہم ہو جائیگی (گو اسکی مقدار میں ہر سال تغیر ہوتا رہے) جیسے دنیا کے گیہوں یا اُن کی پیداوار۔ یا یہ کہ وہ مصنوعات کی قسم سے کوئی اشیاء ہیں جنکی رسد میں حسب ضرورت غیر محدود طریقے سے اضافہ کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ جنگ عظیم کے زمانے میں اسلحہ اور بارودی رسد میں اضافہ کیا گیا۔

دنیا کے بازار۔ اس طرح گیہوں، روئی، اون، لوہا، فولاد اور تانبا یا ضروریات حیات کے دوسرے اشیاء کے بڑے بڑے بازار دنیا میں قائم ہونے کی بنا یہی حالات ہیں۔ چنانچہ اس قسم کے سب اشیاء کی مانگ عام اور عالمگیر ہوتی ہے اور 19
کرۂ ارض کے وسیع خطوں پر ان کی کاشت یا پیدائش کی جاتی ہے۔ اس کے بعد اُس امر پر غور کرنا ضروری ہے کہ دنیا کے بڑے بڑے بازاروں میں کس نہج پر کاروبار ہوتا ہے، اس لیئے کہ ہر قسم کے اشیاء کا کاروبار بازار میں ایک ہی نہج پر ہوتا ہے اور بازار ایک ہی نمونے کے مطابق کاروبار کرتے ہیں اور وہ نمونہ زر کا بازار ہے جو سب بازاروں سے زیادہ وسیع ہے۔

تمسکات کا صرافہ دنیا کے مشہور اجناس کی جن طریقوں پر تجارت ہوتی ہے، خواہ وہ موجودہ ضرورتوں کے لحاظ سے حقیقی خرید و فروخت ہو یا آئندہ ضرورتوں کے لحاظ سے تخمینی ہو، ان کی ترقی کی اساس تمسکات کے صرافے کے طریقوں پر قائم ہے۔ تمسکات کا صرافہ اصل کے دنیا کے بازار کا مرکز ہوتا ہے اور اس کا سب سے

اہم کام اصل کا بازار قائم کرنا، نئی تجارتی کمپنیوں کو قائم کرنے کے لیے اصل مہیا کرنا، موجودہ کمپنیوں کے حصص اور تمسکات کی خرید و فروخت کرنا اور سرکاری قرضوں اور دستاویزات کا کاروبار کرنا ہے۔

تمسکات کے صرافے کے طریق کار اور قواعد و ضوابط کے بارے میں سب سے اہم نکتہ یہ ہے کہ ان سب کا مقصد زیادہ سے زیادہ کاروبار کم سے کم مدت میں انجام دینے کو ممکن بنانا ہے۔ ہر قسم کے خاص خاص انتظامات اختراع کیے گئے ہیں یا بتدریج مکمل بنائے گئے ہیں اور ان کا اصلی مقصد یہ ہے کہ کاروبار میں سہولت پیدا کی جائے اور اس کو جلدی طے کیا جائے۔ چنانچہ عملی ضرورتوں کے لحاظ سے جو طریقے اختیار کیے گئے ہیں ان کی ترقی کے نتیجے کے طور پر قلیل مدت کے اندر جو کاروبار ہوتا ہے اس کی مقدار بلاشبہ بہت کثیر ہوتی ہے۔ کسی دن بڑے تمسک کے صرافے میں یا پیداوار کے صرافے میں جب کاروبار سرگرمی کے ساتھ ہوتا ہے تو لاکھوں اور کروڑوں پونڈ کی قیمت کے حصص یا اشیا کا بیوپار چند منٹوں میں طے پاتا ہے۔ اس لحاظ سے پورے نظام کی اساسی بنیاد کاروبار کو بسرعت انجام دینے اور اس کے ساتھ ساتھ کمال احتیاط کے ساتھ انجام دینے کی ضرورت ہے۔ یعنی یہ کہ جو کاروبار انجام دیا جائے اس میں کسی قسم کے شک و شبہ یا عدم اطمینان کی گنجائش نہ ہونی چاہیئے کیونکہ شک و شبہ کی بنا پر بالعموم فسادات اور مقدمہ بازی کی نوبت آتی ہے۔

دلالوں کی حیثیت

اس طرح اس حکمت عملی کا جزو سب سے پہلے یہ ہے کہ تمسکات کے صرافے میں کاروبار کرنے کا اجارہ ایک خاص طبقے تک محدود رکھا گیا ہے اور اس طبقے کے افراد کا انتخاب اس وجہ سے کمال احتیاط کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ وہ متدین اور قابل اعتماد لوگ خیال کیے جاتے ہیں۔ ان لوگوں سے بڑے بڑے رقوم بطور ضمانت لیے جاتے ہیں تاکہ اگر وہ اپنے دوسرے ساتھیوں کے مطالبات ادا کرنے کے ناقابل ہوں تو ان رقوم سے ان کی تلافی کی جاسکے۔ اس لیے کہ تمسک دلالوں کی حیثیت کی غایت یہ ہے کہ وہ ایک طرف تو کسی دوسرے شخص کی جانب سے مقرر کردہ نمائندہ یا گماشتہ ہوتا ہے اور اس سے محض محنتانہ پاتا ہے اور دوسری طرف وہ صرافے میں اپنے موکلوں کی جانب سے کاروبار طے کرنے میں خرید و فروخت کے معاہدات کو

پورا کرنے کے لیئے اپنے دوسرے ساتھی دلالوں کے سامنے شخصی لحاظ سے جوابدہ ہوتا ہے۔ کسی دوسرے نظام کے تحت یہ ممکن نہیں ہے کہ مبادلے کا کاروبار اس قدر تیزی کے ساتھ انجام پاسکے۔ اگر ہر فروخت کے عمل کے موقع پر فروخت کرنیوالے کو خریدار کا نام معلوم کرنے کی محتاجی رہے اور یہ غور کرنا پڑے کہ آیا مجوزہ خریدار کسی مقررہ قیمت پر مناسب ہوگا تو ضروری سرعت کیساتھ کاروبار کا طے ہونا ناممکن ہوگا۔ اسلیئے کہ فروشندے کے کسی قطعی نتیجے پر پہنچنے سے پیشتر بازار کی قیمتوں میں کئی دفعہ اُتار چڑھاؤ ہوجایگا، اور اس قسم کے تغیرات کے واقع ہونے کے بعد کاروبار کا فسخ کرنا بہت بعد از وقت ہوگا۔ اگر کاروبار چشم زدن میں محض ہاتھ کے اشارے سے اور قیمت کی ایک بولی پر طے کرنا ہو تو فروشندے کو یہ اطمینان اور یقین ہونا ضروری ہے کہ خریدار اچھا ہے۔ اور اس قسم کا اطمینان و یقین صرف خریدار دلال کے ایما و اشارے سے مل سکتا ہے۔ اسی طرح ہر دلال عملاً مختار کل کی حیثیت سے کام کرتا ہے اور اپنے اسامیوں کے سب قول و قرار اور واجبات کے لیئے پوری ذمہ داری اپنے سر پر لیتا ہے۔

21 **تصفیہ حسابات** پھر صرافے میں کثیر المقدار کاروبار کو سرعت کے ساتھ انجام دینے کی بنا پر میعادی تصفیہ حسابات کا نظام ایک حد تک ضروری ہوگیا ہے۔ حصص، قیمتوں کے تغیرات کے ساتھ ہر گھنٹے اور ہر روز مختلف ہاتھوں میں گردش کرسکتے ہیں اس لیئے یہ ضروری معلوم ہوا کہ ہر کاروبار کو علٰحدہ علٰحدہ انجام دینے، اور فرداً فرداً اسی وقت اس کا تصفیہ کرنے کے بجائے یعنی حصص کی باقاعدہ منتقلی عمل میں آنے کے بعد ہی روزمرہ قیمتیں وصول اور ادا کرنے کے بجائے ہر مہینہ کوئی ایک یا ایک سے زائد دن مقرر کیئے جائیں تاکہ مہینہ کے گزشتہ ایام کے سب حسابات کا ایک ساتھ تصفیہ کیا جاسکے۔ اور حصص پہلے فروشندے سے آخری خریدار کے پاس براہ راست منتقل کیئے جاسکیں۔ اس طرح ہر دلال کے رقوم واجب الوصول اور واجب الادا کو کتابوں میں درج کرنے اور ان کے باہمی حسابات کو ان نام نہاد میعادی تصفیہ حسابات کے موقعوں پر بے باق کرنے کا ایک نہایت ہی عمدہ نظام بنکوں کے حساب گھروں کے طریق پر معرض وجود میں آگیا ہے۔

تصفیہ حسابات کے مقررہ دن رقم کا ادا کردینا قطعی طور سے ضروری ہے۔

اگر دلال اپنے ذمہ کے رقوم کو ادا نہ کرے تو اس کو مشتہر کیا جاتا ہے کہ وہ خاطی ہے اور اس نے معاہدہ شکنی کی۔ اس لحاظ سے ان میعادی تصفیۂ حسابات میں یہ فائدہ بھی ہے کہ ہر دلال کو اس کے ساتھی دلالوں کی حیثیت کے متعلق جن سے وہ کاروبار کرتا ہے ایک حد تک واقفیت رہتی ہے۔ اگر کسی دلال کی مالی حالت میں کچھ خرابی ہو تو اس کے اپنے حسابات کو بے باق کرنے کے قابل نہ ہونے کے باعث یہ بات سب پر فوراً ظاہر ہو جائے گی۔

تمسکات کی ضمانت پر قرض لیکن دلالوں یا اُن کے موکلوں کے لیئے یہ بات ہمیشہ ممکن نہیں ہے کہ معاملات کا جس دن تصفیہ ہو اُسی دن وہ رقم ادا کر دیں اور اپنے ذمہ مطالبات باقی نہ رکھیں۔ اس لحاظ سے ایک ایسا نظام قائم کیا گیا ہے جس کے تحت جس کسی کو مطالبات کی ادائی کرنے کے لیئے رقم کی ضرورت ہو وہ فوراً قرضہ حاصل کر کے اپنے ذمہ کی رقم ادا کر سکتا ہے۔ اس طرح بنک اپنے اہل معاملہ کو خواہ وہ دلال ہوں یا خانگی اشخاص، قرضے دیتے ہیں اور ان قرضوں کی ضمانت میں حصص و تمسکات بطور امانت اپنے پاس رکھتے ہیں۔ قرض گیر کے لیئے ضروری ہے کہ حصص کی قیمت کا ایک جزو خود ادا کرے اور بنک سے ان کی قیمت کا محض ایک حصہ بطور قرض حاصل کرے۔ اس طرح جو حصص بطور ضمانت رکھوائے جاتے ہیں ان کی قیمت مطلوبہ قرضے سے زائد ہوتی ہے۔ اگر حصص کی قیمت بازار میں کم ہو جائے تو بنک قرض گیر سے مطالبہ کرے گا کہ وہ زیادہ قیمت کے حصص بنک میں داخل کرے، دوسرے الفاظ میں قرضہ کو کم کرنے کے لیئے کسی رقم کی ادائی کرے یا مزید تمسکات داخل کرے تاکہ اس طرح حصص اور قرضہ کی مقدار میں ضروری فرق قائم رہے۔ لیکن چونکہ بنک اس قسم کا کاروبار بہت محدود طریق پر کر سکتے ہیں اس لیئے دلالوں کا ایک خاص طبقہ اس کام کو انجام دینے کے لیئے رونما ہو گیا ہے۔ انھیں راہن دلال[1] کہتے ہیں اور **راہن دلال** وہ عملاً حصص و تمسکات کو رہن کرنے کا کاروبار کرتے ہیں۔ اگر تمسک دلال[2] اپنے حصص کی قیمت ادا کرنے کے قابل نہ ہو تو وہ راہن دلال سے 22

۱۔ Contango Brokers ۲۔ Stockbroker

زرِ بطور قرض حاصل کرتا ہے۔ رہن دلال ان حصص کو لے لیتا ہے یا حقیقی خریدار کے لئے دوسرے تصفیہ حسابات تک ان کو اپنے پاس رکھتا ہے۔ اس کام کے انجام دینے کے لیئے جو محنتانہ وصول کیا جاتا ہے وہ دراصل قرضے کا سود ہے لیکن اس کو شرح رہن یا شرح پیش بر دکھا جاتا ہے۔

تخمینی کاروبار حقیقی شغل اصل کے کاروبار کے لیئے جو سہولتیں بہم پہنچائی گئی تھیں ان کی بناء پر بدقسمتی سے ایک بالکل جداگانہ کاروبار کا نشوونما ہوا جو نسبتاً کم پسندیدہ ہے۔ یہ تخمین ہے۔ یعنی حصص کی خرید و فروخت اصل کو مشغول رکھنے کے ارادے سے نہیں بلکہ محض اس امید میں کہ انھیں دوبارہ منافعہ کے ساتھ فروخت کیا جائے گا کی جاتی ہے۔ رہن کے نظام نے لوگوں کو اس قسم کے کاروبار میں بڑے پیمانے پر شرکت کرنے کے قابل بنا دیا ہے۔ سبب یہ ہے کہ وہ چونکہ حصص کی قیمت کا بیشتر حصہ بطور قرض حاصل کر سکتے ہیں اس لیئے انھیں ترغیب ہوتی ہے کہ جتنے حصص خریدنے کی ان میں قابلیت ہو اس سے زیادہ وہ خرید کریں۔ اس بناء پر وہ نظام پیدا ہوا ہے جس کو تخمین بر فروق[1] کہا جاتا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ ایسے حصص خریدے جائیں جن کو کوئی رکھنا نہ چاہتا ہو اور قیمت ادا نہ کر سکتا ہو اور اس امید میں خریدے جائیں کہ ان حصص کو دوبارہ بہت جلد منافعہ کے ساتھ فروخت کر دیا جائے گا، یا یہ کہ ایسے حصص فروخت کیئے جائیں جو کسی کے پاس نہوں اور اس امید میں فروخت کیئے جائیں کہ بعد میں چلکر انھیں پھر کم قیمت پر خرید لیا جائے گا۔ اول الذکر کو (Bull transaction) تیزی کاروبار کہتے ہیں جس کا مقصد حصص کی قیمتوں کو جبراً بڑھانا ہوتا ہے۔ موخر الذکر کو (Bear transanction) خرسی کاروبار کہتے ہیں جس کا مقصد اس کا برعکس ہوتا ہے۔ اگر یہ عمل ایک معاملہ یا تصفیہ تک محدود ہوتا تو اس سے بہت زیادہ نقصان نہ پہنچتا۔ لیکن ایسی صورت میں جبکہ پیش برو نظام کے باعث دلال ماہ بہ ماہ آزادی کے ساتھ تخمینی حسابات انجام دینے کی قابلیت رکھتے ہوں، اس عمل کی بناء پر سخت نقصان پہنچتا ہے اور خودغرض مخمنوں کے کاروبار کی وجہ سے حصص کی قیمتوں میں آئے دن تغیرات واقع ہوتے رہتے ہیں۔ اکثر دلال نہ صرف خود اپنے طور پر بلکہ اپنے اسامیوں کی جانب سے بھی اس قسم کا تخمینی کاروبار انجام دیتے ہیں۔ چنانچہ اس قسم کے کاروبار میں

صرافے کے اندر نفع عظیم بھی حاصل ہوتا ہے اور اکثر نقصانات بھی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔

تخمینی کاروبار معاشی حیثیت سے

اس قسم کے تخمینی کاروبار میں قوم کے لیئے کوئی حقیقی معاشی فائدہ معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن بدقسمتی سے حقیقی شغل اصل کے کاروبار کی ضروری آزادی میں مداخلت کیئے بغیر اس کاروبار کو روکنا یا اس پر بندشیں قائم کرنا بہت دشوار ہے۔

پیداوار کا صرافہ روئی

تمسکات کے صرافے میں جن اصول پر کاروبار انجام دیا جاتا ہے تقریباً انہی اصول کے تحت کسی بہت ہی اعلیٰ درجہ کی اور ترقی یافتہ پیداوار کے صرافے میں بھی کاروبار ہوتا ہے۔ چنانچہ لیورپول کا روئی کا صرافہ مثال کے طور پر لیا جاسکتا ہے۔ 23

درجہ بندی کا طریق

کسی شئے کے بازار کو ترقی و توسیع دینے کی اولین تدبیر یہ ہے کہ درجہ بندی کا طریق رائج کیا جائے تاکہ جو اشیاء فروخت کیئے جائیں ان سب کا یا ان کے نمونوں کا معائنہ کیئے بغیر انھیں آسانی کے ساتھ بیان کیا جاسکے اور پورے یقین کے ساتھ شناخت کیا جاسکے۔ چنانچہ روئی کے مختلف اقسام و انواع کی درجہ بندی چند مشہور ناموں کے ذریعہ سے کی جاتی ہے۔ اس طرح اگر کوئی خرید و فروخت کرنا چاہے تو پیش کردہ مخصوص اشیاء کی تعریف نہایت عمدگی کے ساتھ کی جاسکتی ہے اور اسی کے مطابق قیمت بھی مقرر کیجاسکتی ہے۔ نزاع کی صورت میں مثلاً یہ کہ جو سامان فراہم کیا گیا ہو آیا وہ ویسا ہی ہے جیسا کہ اس کی تعریف کی گئی تھی یا اس سے مختلف ہے، فریقین کے درمیان بطور ثالث کام کرنے والے ماہر اشیا کو جانچتے اور اپنا آخری فیصلہ دیدیتے ہیں۔ اس طریق کی بدولت ایک دوسرے سے بہت فاصلہ پر بسنے والے فریقین کے مابین بھی حتی الامکان قلیل ترین مدت میں خط یا تار کے ذریعہ سے کاروبار انجام پاسکتا ہے۔ اور اس طرح کثیر المقدار کا کاروبار طے پا جاتا ہے اور قیمت کی یکسانی، جو بازار کی روح رواں ہے، حاصل اور قائم ہوجاتی ہے۔

حال اور مستقبل کا کاروبار

روئی کی خرید و فروخت یا تو فوری حوالگی کے لیئے

جس کو زمانۂ حال کا کاروبار کہا جاتا ہے یا کسی مستقبل تاریخ میں حوالگی کے لیئے کی جاسکتی ہے۔ موخرالذکر صورت میں پیشگی معاہدات کیئے جاتے ہیں اور مال، حوالگی سے بہت قبل فروخت کر دیا جاتا ہے۔ اس قسم کا کاروبار یا تو محض تخمین کی خاطر کیا جاتا ہے یا مستقبل کی حقیقی ضرورتوں کے پیش نظر کیا جاتا ہے۔ بہرحال حقیقی اشیاء کے متعلق اس قسم کے تخمینی کاروبار، معاشی حیثیت سے، تمسکات اور حصص کے کاروبار کے مقابلہ میں کم قابل اعتراض ہیں۔ موجودہ حالات کے تحت مستقبل کے ضروریات کا پیشگی تخمینہ کرنا ہی کاروباری اولوالعزمی کا نچوڑ ہے۔ ہر صناع کے لیئے یہ ضروری ہے کہ وہ مستقبل کی طلب پر نظر رکھکر اشیاء تیار کرے اور اس طلب کا صحیح اندازہ کرنا اس کا اصل کام ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ چونکہ صناع اپنے اشیاء کی مستقبل قیمت فروخت پر منحصر ہوتا ہے اس لیئے اس کو اپنے اشیائے خام کی ممکنہ مستقبل قیمت کا بھی لحاظ کرنا چاہیئے۔ جن امور پر روئی کے مستقبل کی قیمت کا انحصار ہوتا ہے وہ بہت پیچیدہ ہوتے ہیں۔ اس لیئے کہ وہ مستقبل کی رسد اور مستقبل کی طلب کی مقدار پر مبنی ہوتے ہیں۔ چنانچہ موجودہ زمانہ کے 24
کاروبار کے تخصیص طلب بن جانیکی وجہ سے ماہروں کی ایک ایسی جماعت وجود میں آئی ہے جس نے ان حالات کے مطالعہ کے لیئے اپنے آپ کو وقف کر رکھا ہے۔ یہ ماہر اپنے پر ذہانت پیشگی تخمینوں کے ذریعے سے ایک مفید کام انجام دیتے ہیں۔ اس لیئے کہ اپنے دیرینہ تجربہ کی بنا پر مستقبل حالات کا اندازہ قائم کرکے اور اس کی بنا پر موجودہ قیمت کو بڑھاکر یا گھٹاکر وہ بازار کے موجودہ حالات میں حقیقت میں اس طرح سے ترمیم کرسکتے ہیں کہ مستقبل میں قیمتوں کے تغیرات گھٹ جاتے ہیں۔ مثلاً روئی دلال آئندہ فصل پر روئی کی قلیل رسد کا پیشگی اندازہ کرکے روئی کی قیمت بڑھا دیتا ہے جس سے موجودہ مانگ پر ایک روک قائم ہو جاتی ہے اور اس طرح موجودہ رسد سے متوقعہ قلت کا مقابلہ بجد ممکنہ کیا جاسکتا ہے۔ اس قسم کے ماہرانہ پیشگی تخمینہ کے بغیر موجودہ طلب کم قیمت پر موجودہ رسد کو ختم کرسکتی ہے۔ اور اس کی وجہ سے بعد میں چلکر جبکہ فصل کی فعلی رسد کی کمی کی صورت میں ظاہر ہو قیمت کا بہت بڑھ جانا

ممکن ہے۔ اس طرح حالات کا پیشگی تخمینہ قیمتوں کے تغیرات پر جو تجارت کے لیئے سخت مضرت رساں ہیں ایک روک قائم کرتا ہے۔

بازار میں بیرونی اشخاص کے داخلے کی وجہ سے اس نظام کے نظری فوائد بدقسمتی سے بڑی حد تک کم ہو جاتے ہیں۔ بیرونی اشخاص حقیقی بیوپاری کی سی ماہرانہ معلومات سے بے بہرہ ہوتے ہیں اور وہ محض مستقبل کے کاروبار میں ایک طرح کی قمار بازی کرتے ہیں۔ اس لحاظ سے قیمتوں کا تعین، کم و بیش ان ہی دونوں جماعتوں کی باہمی کشمکش کا معاملہ رہ جاتا ہے، جن میں یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ، جیت عام طور سے کامل مہارت رکھنے والے ہی کے ہاتھ رہتی ہے۔

چوتھا باب

زر کے کام

(۱) زر کے افعال۔ (۲) زر کا ارتقاء (۳) قیمتی فلزات کا کیونکہ بطور زر انتخاب کیا گیا (۴) ان کے فوائد۔ (۵) تکنیک کی موجودہ شکل کی ترقی۔

یہاں تک تو زر کی بحث اس کے وسیع معنوں میں بطور ذریعۂ مبادلہ کی گئی۔ لیکن اب اس کے افعال کا احتیاط کے ساتھ اور تفصیلی طور سے تجزیہ کرنا ضروری ہے۔ یہ افعال عام طور سے تین حصوں میں تقسیم کئے جا سکتے ہیں:

(۱) آلۂ مبادلہ زر ذریعہ یا آلۂ مبادلہ ہے۔ وہ اشیا کے ادل بدل کے طریق کو توڑ کر دو حصوں میں تقسیم کر دیتا ہے یعنی خرید اور فروخت۔ چنانچہ اشیا کا براہ راست ایک دوسرے سے مبادلہ ہونے کے بجائے زر سے مبادلہ کیا جاتا ہے اور اس زر کا پھر دوسرے اشیا سے مبادلہ کیا جاتا ہے۔ اس طرح زر تیسری عام شے بن جاتا ہے جس کے عوض سب اشیا کا مبادلہ کیا جاتا ہے۔

(۲) مشترک پیمانۂ قدر | چونکہ ہر شے کا زر سے مبادلہ کیا جاتا ہے اس لئے زر قدر کا مشترک پیمانہ یا مشترک نسب نما بن جاتا ہے۔ اس طرح قدر مبادلہ قیمت ہو جاتی ہے۔ گویا قیمت محض قدر مبادلہ ہے جو بحوالۂ زر ظاہر کی جاتی ہے۔

ان دونوں افعال کو مناسب طریقہ سے انجام دینے کے لئے ضروری ہے کہ زر میں قبولِ عام کی اساسی صفت موجود ہو۔ اس لئے کہ اس کی قدر کا مدار ہی اُس کو اشیا کے عوض قبول کر لینے کی عام رضامندی پر ہوتا ہے یعنی اس پر عام اتفاق کر لیا جاتا ہے کہ اس کے مبادلے میں اشیا دی جائیں گی۔ ہر شخص اپنے اشیا کے مبادلے میں زر لینے پر اس لئے رضامند ہوتا ہے کہ وہ یہ جانتا ہے کہ دوسرے بھی اپنی باری سے اپنے اشیا کے مبادلے میں زر کو لینے کے لئے آمادہ ہوں گے۔ اس لحاظ سے واکر[1] زر کی تعریف یوں کرتا ہے:۔ "کوئی ایسی شے جو اشیا کے مبادلے میں آزادی کے ساتھ دست بدست گردش کرے، قرضداری کو پوری طرح ادا کرے، پیش کرنے والے کے کردار یا اعتبار کے لحاظ کے بغیر فوراً قبول کر لی جائے یا وصول کرنے والے کے غور و تامل کے بغیر قبول کر لی جائے جس سے یا تو وہ خود تمتع حاصل کرے یا اس کو جلدی یا دیر سے مبادلے میں ادا کر کے کسی دوسرے طریقے پر استعمال کرے"۔ 26

(۳) ذخیرۂ قدر | زر ملتوی شدہ ادائی کا معیار یا قرضوں کا رجسٹر (مرقومۂ تعین) یا یہی بھی ہے۔ ایسے سب معاہدات یا واجبات جو کسی مستقبل تاریخ میں معاملے کو پورا کرنے پر مبنی ہوں، بالعموم بحوالۂ قدر زر ظاہر کئے جاتے ہیں، گو حقیقت میں ان معاہدات کا تعلق سامان سے یا قدر رکھنے والے اشیا سے ہوتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی صناع مصنوعات تیار کرنے کی غرض سے اشیائے خام مستعار لے اور ان کی قیمت اسی وقت

---

[1] دیکھو Dictionary of Political Economy میں "زر" کا بیان

نقد ادا کرنے کے ناقابل ہو تو اس کے ذمے مدت معینہ کے ختم پر اشیا کی مساوی مقدار واجب الادا نہیں ہوتی بلکہ اس کا قرضہ زر کی اس مقررہ مقدار کے حوالے سے جو اشیا سے مذکور کی موجودہ قیمت پر مبنی ہو ظاہر کیا جاتا ہے۔

ثبات قدر

زر کو اس فعل کے پوری طرح انجام دینے کے قابل بنانے والی ایک صفت ضروری ہے اور وہ قدر کا ثبات ہے۔ اگر قرضے کی مدت کے اندر زر کی قدر میں کسی طرح تبدیلی واقع ہو تو یہ ظاہر ہے کہ لین دار یا دیندار پر اس تبدیلی کا مضر اثر پڑے گا۔

اس ارتقاء کا عمل، جس کے ذریعے سے انسانوں نے زر کے ان افعال کو پورا کرنے کے لئے بتدریج قیمتی فلزات کا انتخاب کیا، نہ صرف تاریخ تہذیب و تمدن کا جزو ہونے کی حیثیت سے انتہائی دلچسپی رکھتا ہے بلکہ اس لحاظ سے بھی کہ وہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ خود زر کے افعال اور نوعیت میں کس طرح نشو و ترقی عمل میں آئی۔ اس طرح زر کا استعمال

قدیم زمانے میں مبادلے کا ذریعہ

محض مبادلے کا ذریعہ ہونے کی حیثیت سے ایک حد تک بہت بعد کے زمانے میں چلکر شروع ہوا۔ ابتداً جو شئے مبادلے میں قبول کی جاتی تھی وہ لازمی طور سے کوئی ایسی شئے ہوتی تھی جس میں قدر ذاتی موجود ہوتی تھی، گو یہ ممکن تھا کہ وہ شئے ایسی ہو جو اس وقت اس کے وصول کرنیوالے کے لئے ذاتی طور سے کارآمد نہ ہو۔ لیکن وصول کرنے والا جانتا تھا کہ اس کو اس شئے کی ضرورت بعد میں ہوگی یا یہ کہ اس کو جب دوسری چیز درکار ہوگی تو وہ اس شئے کا مبادلہ ان چیزوں سے کرنے کے قابل ہوگا۔ اس لئے کہ یہ مخصوص شئے، جو اس کو پہلے مبادلے میں وصول ہوئی وہ ایسی ہوتی تھی جس کی دوسرے لوگ بھی عام طور سے خواہش رکھتے تھے۔ مثلاً یہ فرض کیا جا سکتا ہے کہ ایک ایسا شخص جو شراب کے استعمال سے محترز ہو اپنے اشیا کے مبادلے میں وسکی کی بوتلیں قبول کرنے کے لئے جو اس کے لئے ذاتی طور سے غیر کارآمد ہوں، آمادہ ہو جائے گا

اس لئے کہ وہ یہ جانتا ہے کہ جب آگے چلکر اس کو دوسرے اشیاء کی ضرورت ہوگی تو وہ شے اکثر لوگوں کی نظر میں قدر و وقعت سے دیکھی جاتی ہے اور وہ اپنے اشیاء کے مبادلے میں اس کو قبول کر لینے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔ لیکن اس قسم کے ذریعۂ مبادلہ کے استعمال کو کسی ایسی قوم میں تصور نہیں کیا جا سکتا جس کے سب افراد شراب کے استعمال سے محترز ہوں۔ آلۂ مبادلہ کو محض مقصد کے حصول کا ذریعہ خیال کرنے کا تصور اور اس لحاظ سے یہ سمجھنا کہ اس آلۂ مبادلہ میں قدر ذاتی کی موجودگی اس وقت تک ضروری نہیں ہے جس وقت تک کہ لوگ ہمارے رسم و رواج کے اثر سے اس بناپر اس آلے کو قبول کرنے کے لئے تیار ہوں کہ ہر شخص ایسا ہی کرنے کے لئے تیار ہے، موجودہ زمانے میں زر کے استعمال کا انتہائے کمال و ارتقا ہے، اور بے مایہ کاغذی زر اور زر کی دوسری شکلوں کی قدر کے نظرئے کی بنیاد ہے۔

انتہائے ارتقا

27

اس طرح اول اول انسان نے مبادلہ کے لئے قدرتی طور سے کسی ایسی شئے کا انتخاب کیا جو قبول عام رکھتی تھی اور عام طور سے مفید یا پسندیدہ تسلیم کی جاتی تھی۔ چنانچہ قدیم وحشی قوموں میں صدف اور خرمہرے قدرتی طور سے قدر و وقعت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے اس لئے کہ اگر انھیں ان اشیا کے مبادلے کے اغراض کے لئے فوری ضرورت نہ بھی ہوتی تب بھی وہ انھیں بطور زیورات اپنے گلوں میں پہنتے تھے اور اس طرح انھیں کسی نہ کسی طرح کارآمد بناتے تھے ہندوستان میں روپیہ کو پس انداز کرنے اور عورتوں کے لئے نقرئی کڑے اور زیورات کی خریداری میں روپیہ کو مصروف کرنے کے رواج کی تہ میں اسی قسم کا تصور مضمر ہے۔ علیٰ ہذا یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ مغرب میں الماس کی خریداریوں کی تہ میں بھی اسی قسم کا تصور مضمر ہے۔ اس اثناء میں زر ایک اچھے کام میں لگایا جاتا ہے اور

عند الضرورت اس صورت سے اشیاء کی دوسری شکلوں میں فوراً تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ اس سے بنک میں رکھوانے کی صورت میں سود ملنے کے بجائے اس کو استعمال کرنے سے خود نمائی اور خود آرائی کی خواہش پوری ہوتی ہے۔

زر کی قدیم شکلیں قدیم خانہ بدوش قوموں میں مویشی، بھیڑ اور دوسرے جانور ذریعۂ مبادلہ کی ایک قدرتی شکل تھے اس لئے کہ وہ نہ صرف قبول عام رکھتے تھے بلکہ اپنا بوجھ خود ہی کھینچتے تھے جب کوئی قبیلہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو نقل وحرکت کرتا تو یہ "جاندار زر" بھی ان ہی کے ہمراہ حرکت کرتا تھا، بلکہ ان کے اشیائے منقولہ، برتن بھانڈے اور دوسرے اسباب کی باربرداری بھی انجام دیتا تھا۔ مسلمہ ذریعۂ مبادلہ کی حیثیت سے متعدد دوسرے اشیا کا استعمال ثابت ہے۔ مثلاً ہندوستان کے بعض علاقوں میں چاول، میکسکو میں نارجیل، جزائر آیونیہ میں روغن، حبشستان میں پہاڑی نمک، نیو انگلینڈ میں شروع زمانے میں کوڑی کے منکے Wampun
28 ورجی نیا اور میری لینڈ میں تمباکو، قدیم روسی میلوں میں چائے، شمالی افریقہ کی قوموں میں کھجوریں، قطب شمالی کے علاقوں میں سنجاب اور سگ ماہی کے پوست، وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب اشیا ایسے تھے جن میں

قیمتی فلزات کا استعمال قدیم زمانے میں سب سے اول قدر ذاتی موجود تھی۔ اسی وجہ سے فلزات کا استعمال پہلے بطور ذریعۂ مبادلہ کیا گیا۔ اس لئے کہ نیم مہذب قوموں میں اولاً فلزات ہی سب سے قیمتی اشیا تھے جو دستیاب ہو سکتے تھے۔ مثلاً مصر میں بہت قدیم زمانے سے تانبے کا استعمال، جو کہا جاتا ہے کہ، مصری تہذیب وتمدن کی ترقی کی اساسی بنیاد تھا، قدرتی طور سے اس امر کا اشارہ کرتا ہے کہ تانبے کے بنے ہوئے اشیا یا ڈلے بہت سہولت کے ساتھ بطور ذریعۂ مبادلہ استعمال کئے جاتے ہوں گے اور تانبا بطور ذریعۂ مبادلہ اس وجہ سے استعمال کیا جاتا تھا کہ وہ ہمیشہ عام پسند اور کارآمد تھا۔ ان قدیم ایام سے فلزات کا بطور زر انتخاب بہت عام

ہوگیا ہے ۔ صرف اتنی تبدیلی البتہ ہوئی کہ جوں جوں نام نہاد "کم قیمت" فلزات بہت عام ہوتے گئے، انتخاب کی نظر بتدریج ان اعلیٰ قیمت دھاتوں پر پڑتی گئی جو خاص طور سے "قیمتی فلزات" کے نام سے مشہور ہیں ۔ یعنی سونا اور چاندی ۔ لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ یہ فلزات سب سے زیادہ قیمتی فلزات نہیں ہیں ۔ اس لحاظ سے اس امر پر غور کرنا ضروری ہے کہ سکہ سازی کے لئے بہترین اشیا ہونے کی حیثیت سے کیوں ان کا اس قدر عام طور سے انتخاب کیا گیا ۔

ان کی قدر

ان کا پہلا فائدہ فائقہ اس واقعے میں مضمر ہے کہ سونا اور چاندی عام طور سے مرغوب ہیں، جس کی وجہ ان کی ذاتی خوبصورتی اور بطور زیورات وغیرہ ان کے استعمال کا امکان ہے ۔ لیکن ان کی قدر و قیمت کی ایک اور وجہ ان کی اضافی قلت ہے ۔ اور اس تصور کو سمجھنے کا ایک دلچسپ طریق اس طرح خیال کرنے سے پیدا ہوتا ہے کہ سونے اور چاندی کی موجودہ اضافی قیمت سے قطع نظر، آیا سونا بہ نسبت چاندی کے فی الحقیقت کسی طرح بھی خوشنما یا زیادہ مرغوب ہے ۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ امر مشتبہ ہے کہ سونا انسان کی نظروں میں ہمیشہ چاندی کے مقابلے میں زیادہ قیمتی تھا ۔ چنانچہ یہ تصور کرنا آسان ہے کہ جنوبی ہند کی طرح کے کسی ملک میں، جہاں قدیم زمانے میں سونا نسبتاً زیادہ کثیر مقدار میں موجود تھا، کوئی مسافر وہاں چاندی فروخت کرنے کی غرض سے آپہنچتا تو وہ اپنی چاندی کے مبادلے میں سونے کی اتنی مقدار حاصل کرنے کے قابل ہوتا جو چاندی کی مساوی مقدار سے زائد ہوتی ۔ لیکن موجودہ زمانے میں سونے کی مجموعی رسد کے مقابلہ میں دنیا میں چاندی کی رسد اس قدر زیادہ ہے[1] اور چاندی کے مصارف پیدائش سونے کے مصارف کے مقابلے میں اس قدر کم ہیں کہ سونے کو بغیر کسی دشواری کے ایک اعلیٰ مرتبہ حاصل ہوگیا ہے اور آیندہ بھی یہی مرتبہ قایم رہنے کا امکان ہے ۔ لیکن مسئلے کے دوسرے رُخ پر اس واقعے سے روشنی پڑتی ہے کہ 29

[1] دیکھو جدول (۱) ضمیمہ میں ۔

دوسرے فلزات جو سونے سے زیادہ قیمتی ہیں ان کی بھی فلزی زر کی بنیاد کے طور پر آزمائش کی گئی روس میں انیسویں صدی میں پلے ٹی نم کے متعلق تجربہ کیا گیا مگر کوئی کامیابی نہ ہوئی۔ تو پھر سوال یہ ہے کہ سونے اور چاندی میں ایسے کون سے عجیب و غریب خصوصیات موجود ہیں جن کی بنا پر وہ دنیا کی زر کی اسد کے خام اشیا کی حیثیت سے اس قدر نمایاں طور سے مرغوب و مقبول ہیں۔ یہ خصوصیات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:۔

نقل و حمل کی سہولت

(۱)۔ ان کی باربرداری یا نقل و حمل کی سہولت۔ اس لئے کہ ان کے وزن اور جسامت کے مقابلے میں ان میں بہت زیادہ قدر موجود ہے۔ اور اس لحاظ سے ان کو ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل کرنے میں ان کی قدر میں اس قدر کوئی بڑا فرق واقع نہیں ہوتا کہ مصارف باربرداری نسبتاً بہت قلیل ہوتے ہیں۔ چنانچہ سونے کی قیمت تمام عالم میں تقریباً یکساں ہے۔ اس لئے کہ اگر اس کی رسد ایک ملک میں بہت زیادہ ہو اور دوسرے ملک میں کم تو وہ بہت جلد پہلے ملک سے دوسرے ملک کو منتقل ہو جائے گا۔ اس طرح لندن کے صاف اور اُجلے سونے کی قدر اور جنوبی افریقہ کی کانوں سے نکلے ہوئے خام سونے کی قدر میں بہت ہی تھوڑا سا فرق ہوتا ہے اس لئے کہ اس کو صاف کرنے اور جنوبی افریقہ سے لندن بھجوانے میں جو مصارف ہوتے ہیں وہ اس کی مجموعی قدر کے مقابلے میں جو تقریباً ہر پونڈ فی اونس ہے بہت ہی کم ہوتے ہیں۔ لیکن چاندی کی حالت اس سے مختلف ہے۔ مثلاً ریاست ہائے متحدہ کے بیشتر حصے میں چاندی کے ڈالر استعمال نہیں کئے جاتے اور روزمرہ کے کاروبار میں کاغذی ڈالر استعمال کئے جاتے ہیں گو کہ چاندی کے ڈالر ملک کا اصلی سکہ ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ چاندی کے سکوں کی شکل میں بڑے رقوم کو ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل کرنا بہت دشوار ہے۔

پائداری

(۲)۔ اس لحاظ سے سونے کی قدر میں وقت کے بدلنے سے

بہت کم تغیر ہوتا ہے۔ سونا لوہے کی طرح زنگ نہیں کھاتا اور نہ کسی غیر معین مدت تک رکھنے سے کم قیمت ہوتا ہے۔ اسی بنا پر زیورات کے طور پر استعمال کئے جانے کے لئے وہ بہت پسند کیا جاتا ہے چنانچہ قدیم مصری زیورات جن کو بن کر چھ ہزار سال کی مدت گزر چکی ہے اب تک موجود ہیں اور تقریباً اسی صحیح و سالم حالت میں ہیں جیسی کہ ان کو ابتداً پہننے کے زمانے میں رہی ہوگی۔ اسی سبب سے سونا اور چاندی خزانے کو صدیوں تک محفوظ رکھنے کی سب سے زیادہ موزوں اور مرغوب شکلیں ہیں، خاصکر سونا بہت زیادہ موزون ہے اس لئے کہ اگر اس کو مناسب طریقے سے رکھا جائے تو اس کی جلا تک خراب نہیں ہوتی۔

پائداری ایک اور سبب کی بنا پر بہت اہمیت رکھتی ہے۔ اور 30
وہ یہ ہے کہ سونا کان سے برآمد ہونے کے بعد اس طرح صرف نہیں ہوجاتا جس طرح کہ مثلاً گیہوں ہوتا ہے۔ وہ کم و بیش دائمی طور سے قایم اور موجود رہتا ہے، گو کہ زیورات اور سکوں کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک اس کے وزن کا ایک جزو گھسنے اور استعمال ہونے کی وجہ سے کم ہوجاتا ہے۔ لیکن سونا بحیثیت مجموعی کان سے برآمد ہونے کے بعد استعمال کے لئے دائمی طور سے دستیاب ہوسکتا ہے نتیجہ یہ کہ موجود الوقت ذخیرے میں نئی رسد کی وجہ سے اضافہ ہوتا ہے اور اس کی مجموعی مقدار دائمی طور سے بڑھتی رہتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ سونے کی رسد، ذخیرے کی مکمل رکھتی ہے نہ کہ فصل کی۔ اور سونے کی قدر میں تغیرات واقع ہونے کے رجحان کو روکنے میں یہ امر بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس لئے کہ اگر سونے کی رسد، سالانہ پیداوار پر موقوف ہوتی تو رسد کے تغیرات کے نتیجے کے طور پر اس کی قدر میں بھی تغیرات ہوتے۔ مثلاً اگر گیہوں بطور زر استعمال کیا جائے تو اس کی قدر میں ہر سال کی فصل کی مقدار کے مطابق

سال بہ سال عظیم تغیرات واقع ہوں گے۔ لیکن سونے کی حالت اس سے مختلف ہے۔ سالانہ پیداوار، اگرچہ اب بہت بڑھ گئی ہے، اس مجموعی ذخیرے کے مقابلے میں بہت حقیر ہوگی جو گزشتہ کئی صدیوں اور قرنوں کی کل دنیا کی پیداوار کا مجموعہ ہے۔ موجودہ زمانے میں دنیا کی تمام سونے کی کانوں سے ۲ کروڑ ۳۰ لاکھ اونس ٹرائے خالص سونا سالانہ برآمد ہوتا ہے جس کی قیمت تقریباً دس کروڑ پونڈ ہوتی ہے[1]۔ اس مقدار کا نصف یا دو ثلث جزو ہر سال سکہ سازی میں صرف ہوتا ہے[2] لیکن اس وقت تک تمام دنیا میں جتنا سونا فلز یا سکوں کی صورت میں موجود ہے اس کی قیمت کا اندازہ ۲ ارب پونڈ سے زائد کیا گیا ہے[3]۔ اس طرح موجودہ مجموعی ذخیرے میں سالانہ جو اضافہ ہوتا ہے وہ میزان کے ۵ فیصد سے بھی کم ہے۔ اگر سونے کی سالانہ پیداوار دونی ہو جائے تو اس اضافے سے دنیا کے مجموعی ذخیرے میں صرف مزید ۲½ فیصدی کا فرق واقع ہوگا۔ لیکن یہ فرق اس عظیم الشان فرق کے مقابلے میں بہت ہی حقیر ہے جو سونے کے ہر سال فصل کی طرح برآمد ہونے اور صرف اسی سال کی ضرورتوں کو پورا کرنے اور گیہوں کی طرح صرف ہو جانے کی صورت میں نمودار ہوتا۔

یکسانیت (۳) یک جنسی۔ جس طرح گیہوں، روئی یا دوسرے اشیا کی قسمیں بنائی جاتی ہیں اور خوبی کے لحاظ سے مدارج اور فرق قایم کئے جاتے ہیں سونے کی مختلف قسمیں قایم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ تمام خالص سونا یکساں اور مساوی خوبی کا ہوتا ہے۔ اور اس کی صحیح قیمت بیان کرنے کی غرض سے صرف فلز کا معیار معلوم کرنا یا خالص سونے میں آمیزش کا تناسب معلوم کرنا ضروری ہے اس لئے کہ سونا خالص حالت میں بہت شاذ استعمال کیا جاتا ہے۔ باقی مختلف ممالک سے برآمد شدہ سونے کے مختلف نمونوں کے درمیان بلحاظ خوبی کوئی فرق نہیں ہوتا۔ تمام خالص سونا یکساں خوبی رکھتا ہے۔ 31

جعلی سکے بنانے کی دشواری (۴) جعلی سکے بنانے کی دقت۔ مصنوعی سونے کو

[1] دیکھو جدول (۱)۔
[2] دیکھو جدول (۲)۔

معمولی طور سے پرکھنے سے بہت آسانی کے ساتھ اور بے کھٹکے پتہ چل جاتا ہے، اور کسوٹی پر امتحان کرکے کھرے کھوٹے کی شناخت کرنا نسبتاً بہت آسان ہے۔

میکانیکی فوائد (۵) سکہ بنانے کے کام کے لئے سونے چاندی میں خاص خاص قدرتی خوبیاں پائی جاتی ہیں۔ ان کو آسانی کے ساتھ پگھلا سکتے ہیں، ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور تار کاٹے جا سکتے ہیں اور ان سے دبیز یا مہین ورق بنائے جا سکتے ہیں۔ اصطلاحی زبان میں سونا اور چاندی اماعت تمدد اور تورق کے خواص رکھتے ہیں۔ ان میں تقریباً غیر محدود سہم پذیری بھی موجود ہے۔ سونے کے ٹکڑے کو ہتھوڑا اور تراش کر اس قدر مہین ورق بنائے جا سکتے ہیں کہ وہ ایک پھونک میں اڑ جاتے ہیں۔ اور پھر اس نازک ورق کے بھی باریک سے باریک ٹکڑے کئے جا سکتے ہیں، اور اس کے باوجود بھی ان ٹکڑوں کو دوبارہ یکجا کیا جا سکتا اور پگھلا کر پھر اصلی وزن کی اینٹ یا بڑے ٹکڑے کی شکل میں لایا جا سکتا ہے۔ مثلاً اس کا الماس سے مقابلہ کرو جس کی قیمت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دئیے جانے کے بعد بالکل غائب ہو جاتی ہے، یا پلے ٹی نم سے مقابلہ کرو جو اس قدر سخت ہوتا ہے کہ اس کو مختلف اجزا میں تقسیم کرنا دشوار ہوتا ہے۔ سکہ سازی کے اغراض کے لئے یہ اس قدر ناموزوں ثابت ہوئے کہ ان کے سکے ڈھالنے کی کوشش روس جیسے ملک کو بھی انجام کار ترک کرنی پڑی۔ حالانکہ روس کو یہ سہولت حاصل تھی کہ خود اسی کے علاقے میں پلے ٹی نم بکثرت پیدا ہوتا تھا چنانچہ اس دھات کو استعمال کرنے کی اس نے ابتدا میں بہتیری کوششیں کیں۔

ثبات قدر (۶) ثبات قدر۔ اس معاملے میں یہ معلوم ہوگا کہ قیمتی قدر ایں ذریعۂ مبادلہ ہونے کی حیثیت سے کامل طور سے ثبات قدر موجود نہیں ہے۔ پھر بھی اب تک ان کے سوا کسی دوسری ایسی شے کا انکشاف نہیں ہوا ہے جو اس بارے میں ان سے بہتر ہو۔ سونے کی بڑی مقدار دستیاب ہو جانے سے اس کی قدر و قیمت پر جو مضر اثر پڑ سکتا ہے

اس کو سونے کی اضافی قلت روکتی ہے۔ لیکن اگر سونے کی کثیر مقدار بھی دریافت ہو جائے تو بھی یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا موجودہ حالت کی نسبت اس کے مصارف پیدائش بہت کم ہو جائیں گے۔ اس میں شک نہیں کہ اگر کوئی جدید کیمیائی عمل ایسا دریافت ہو سکے جس کی بدولت کسی معمولی دھات سے مصنوعی طریقے پر کثیر مقدار میں سونا بنایا جائے تو سونے کی مقدار بڑھ جانے اور اس کی رسد میں افراط ہو جانے کی وجہ سے نئے سونے کی قیمت گھٹ کر بالکل معمولی رہ جائے گی۔ لیکن یہ ایک جاذب نظر واقعہ ہے کہ گو دنیا کی تاریخ میں کبھی کوئی کد و کاوش اس قدر وسیع پیمانے پر نہیں کی گئی جتنی کہ پارس پتھر
32 کی تلاش و جستجو میں عمل میں آئی پھر بھی ان عظیم الشان مساعی کا صلہ خفیف سی کامیابی کی صورت میں بھی نہ ملا۔ دنیا اب بھی اپنے سونے کی رسد کے لئے کان کنوں کی محنت شاقہ کی پیداوار ہی پر منحصر ہے جو دور افتادہ اور دائرۂ تہذیب و تمدن سے فاصلۂ دراز پر نہایت دشوار گزار ملکوں کے معدنیات سے نکلتی ہے، اور جس کے کانوں سے برآمد کرنے کے مصارف نہ صرف ایثار اور انسانی زندگی کی شکل میں بلکہ معمولی محنت اور آلوں اور کلوں کی شکل میں بھی بہت کثیر ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے سونے کے مصارف پیدائش ابھی ایک مدت دراز تک اعلیٰ رہنے کا امکان ہے۔ اور معاشیات کے عجیب و غریب قوانین میں سے ایک قانون کی رو سے محض سونے کی رسد کی زیادتی کا واقعہ مزید سونا پیدا کرنے کے مصارف کو ایک حد تک بڑھا دیتا ہے اور اس طرح سونے کی رسد کے اضافے کو روکتا ہے۔ اس مسئلے کو تفصیل کے ساتھ یہاں بیان کر دینا گویا آیندہ باب کی بحث کو قبل از قبل پیش کرنا ہوگا۔ اس لئے سردست اس بیان پر اکتفا کرنا چاہئے کہ سونے کی کثیر رسد کا عام نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تمام دنیا میں ہر قسم کے اشیا کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں۔ اس کا ناگزیر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کلوں کی قیمت اور مزدوروں کی اجرت اور دوسرے تمام اساسی امور جو زائد سونا پیدا کرنے کے مصارف کا

سونے کے مصارف پیدائش

جز و ہوتے ہیں، متاثر ہوتے ہیں اور اس طرح زائد سونا پیدا کرنا کم منفعت بخش ہوتا ہے[1]۔ اس طرح سونے کی زائد رسد کا میلان یہ ہے کہ وہ اپنے آپ پر ایک روک قائم کرتی ہے۔ لیکن اس اثر کو بہت زیادہ اہمیت نہ دینی چاہیئے اس لئے کہ وہ صرف سونے کی رسد پر پڑتا ہے اور وہ بھی بہت خفیف حد تک۔ سونے کی قدر و قیمت پر جو دوسرے اثرات پڑتے ہیں وہ بہ نسبت اس کے مصارف پیدائش کے بہت زیادہ وزن اور اہمیت رکھتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں زر مسکوک عام طور سے تمام دنیا میں استعمال ہوتا ہے، اس کی موجودہ شکل کی تدریجی ترقی کا زر کی ابتدا اور ترقی کے مانند سراغ لگانا بہت بڑے تاریخی اور معاشری دلچسپی کا معاملہ ہے۔ اس لئے کہ یہ بہت ہی تعجب خیز امر ہے کہ دنیا کے مختلف ملکوں میں مختلف وضع کے جو بڑے سکے استعمال کئے جاتے ہیں ان میں بہت ہی کم فرق پایا جاتا ہے۔ ان میں سے اکثر گول اور چپٹے ہوتے ہیں۔ ان پر نقش و نگار اور حروف بنے ہوئے ہوتے ہیں اور بجز کم قیمت دھات کے ذیلی سکوں کے سب سکوں کے ارد گرد کنارے کنارے باریک اور یکساں خط ابھار دئے جاتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ایک عام اور مشترک شکل کو عام طور سے استعمال کرنے کی کیا تشریح و توجیہ ہے؟

سکّے کا ارتقا

ابتداً قیمتی فلزات چھوٹی سلاخوں یا چھوٹے ٹکڑوں کی شکل میں استعمال کئے جاتے تھے۔ اور ہر خرید و فروخت کے وقت ان ٹکڑوں کو جانچ تول کر پہلے ان کی قیمت معلوم کرنی پڑتی تھی۔ اس طریقے سے کاروبار میں بہت وقت اور تاخیر واقع ہوتی تھی اس کے بعد یہ طریقہ نکالا گیا (اور یہ طریقہ غالباً ان تاجروں کے درمیان نکلا جو ملکوں ملکوں میلوں میں گھومتے پھرتے تھے) کہ ایک مقررہ معیار کے

33

[1] دیکھو باب ۱۶۔

نشان زدہ ٹکڑے سونے کے ٹکڑے تیار کئے جانے لگے جن پر مختلف خانگی علامتیں بنا دی جاتی تھیں جو لوگ تاجر کی علامت کو جانتے تھے اور اس پر اعتماد رکھتے تھے انھیں صرف ان ٹکڑوں کو تول لینے کی ضرورت پڑتی تھی، رہا اس کا معیار یا خوبی تو وہ تاجر کے بیان پر پورا اعتماد رکھتے تھے۔ یہ بیان کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ ان قدیم ترین سکوں میں سے اکثر ون پر بعض ایسے اشیا کی تصویریں اتار دی جاتی تھیں جو اس سے قبل کے زمانے میں بطور آلۂ مبادلہ استعمال ہوتے تھے۔ اس طرح ہم سونے کے سکوں پر بیلوں کی چھوٹی چھوٹی تصویروں کی علامتیں پاتے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصر میں بیل بطور آلۂ مبادلہ استعمال ہوتے تھے۔ چین میں سکے پر چاقو بنایا جاتا تھا جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہاں کسی ماقبل زمانے میں چاقو بطور آلۂ مبادلہ استعمال ہوتے تھے۔ ان ابتدائی و قدیم ترین شکلوں اور موجودہ زمانے کے مفہوم کے لحاظ سے سکوں کے مابین بالاتیاز فرق قائم کرنا اس وجہ سے ناممکن ہے کہ بعد کے عہد میں جو سکے استعمال ہونے لگے وہ کوئی نئی ایجاد اس قدر نہ تھی جس قدر کہ محض ایک ارتقائے عمل کا نتیجہ تھا۔

چھوٹے چھوٹے نوکدار دھات کے ٹکڑے جن کے پہلوؤں پر ایک یا ایک سے زائد علامتیں بنی ہوتی تھیں اور جو ولادت مسیح سے سات سو سال قبل لیڈیا کی بادشاہی میں اور غالباً اسی زمانے میں چین میں بھی استعمال ہوتے تھے، یہی حقیقت میں اصلی سکے کی ابتدا سے قبل کی آخری منزل ہیں۔ جدید مفہوم کے لحاظ سے سب سے پہلے جو سکے استعمال کئے گئے وہ غالباً ابتدائی یونانی سکے تھے جیسے کہ یونانی تاجر ساتویں صدی قبل مسیح میں نوکراٹیس (مصر) میں استعمال کرتے تھے۔ یہ گول اور چپٹے سکے تھے، اور دونوں پہلوؤں پر دیوتاؤں کی تصویریں یا علامتیں ابھاری جاتی تھیں۔ اس کے بعد مصر میں جو یونانی سکے رائج ہوئے خاصکر وہ سکے جن پر سکندر اعظم کے سر کی تصویر بنائی جاتی تھی، اگرچہ اس بادشاہ کی وفات کے بعد جاری کئے گئے، نہایت ہی خوشنما تھے۔ اور مصر کے یونانی

اور رومانی دور کے تمام سکوں سے مصر میں اُس زمانے کے مختلف یونانی اور رومانی حکمرانوں کی تاریخ کا اجمالی خاکہ ملتا ہے۔ یہ سکے رفتہ رفتہ موجودہ باقاعدہ سکوں کی شکل اختیار کرتے گئے۔

ابتدائی سکے

ان یونانی و رومانی سکوں اور موجودہ زمانے کے سکوں کے مابین بیّن فرق صرف اس قدر ہے کہ قدیم سکوں کے اردگرد کنارے باریک اور یکساں خط ابھارے نہیں جاتے تھے، جس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ بالکلیہ موجودہ زمانے کی ایجاد ہے۔ اُن سکوں کے کنارے زاویہ نما بنائے جاتے تھے۔ اور اس کا مقصد بھی وہی تھا۔ اس میں فائدہ یہ تھا کہ اگر سکے کا ذرا سا حصہ بھی کھُرچا یا تراشا جاتا یا گھس جاتا تو فوراً بہ یک نظر پتہ چل جاتا۔ اس لئے کہ موجودہ زمانے کے سکے میں بھی یہی راز مضمر ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ سکے میں سے اگر دھات کا کوئی حصہ تراش یا کھرچ لیا جائے تو وہ فوراً ظاہر ہو جائے۔ چنانچہ اسی وجہ سے سکے کی تقریباً پوری سطح پر دونوں جانب نہایت نازک اور پیچیدہ نقش و نگار ابھار دئے جاتے ہیں اور کنارے کنارے اطراف میں باریک خط بنا دئے جاتے ہیں۔ دھات کو گھس کر یا کھرچ کر نکالنے کی کوشش کی جائے تو اس سے نقش و نگار اور خط بگڑ جائیں گے اور فوراً اس کا پتہ چل جائے گا۔

۳۴

حکومت کا اجارہ

سکے کی تاریخ میں سب سے آخری منزل یہ ہے کہ حکومت نے سکہ سازی کا انتظام بالکلیہ اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ اس لئے کہ قدیم ترین زمانے سے سکہ سازی حکومت کا حق سمجھی جاتی رہی ہے۔ اس طرح حکومت نے اس کے اجارے کو اپنے لئے مخصوص کر کے سکے ڈھالنے کا کام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے، سکوں پر اپنی خاص علامتیں بنا دیتی ہے مثلاً عام طور سے بادشاہ وقت کا نام یا تصویر بنا دی جاتی ہے اور سکے میں جو دھات شریک کی جاتی ہے اس کا وزن اور اس کی عمدگی کا معیار مقرر کرتی ہے۔ نیز اسی کے ساتھ حکومت اس کے مطابق سکے کی

قدر مقرر کر دیتی ہے اور اس کو زر قانونی قرار دیتی ہے یعنی اس کا قبول کرنا ہر شخص کے لئے لازمی گردانتی ہے۔

اس لحاظ سے سکے کی تعریف جیونس کے الفاظ میں یہ ہے:۔

"دھات کا ایسا ٹکڑا جس کے مقررہ وزن اور خوبی کی ضمانت حکومت کی جانب سے کی جائے اور جن کی تصدیق اس خاص شکل اور نقش و نگار سے ہو جو اس کے ہر دو جانب ابھارے جائیں"۔ موجودہ زمانے میں سکے کا قبول عام حکومت کے حکم پر مبنی ہوتا ہے نہ کہ محض عوام کے اس کو قبول کرنے کی رضامندی پر۔ اگرچہ اس قبول عام کی بنیاد ابتداً سکے کی قدر ذاتی پر قائم تھی۔ لیکن حکومت نے محض اس رسم پر اپنی مہر لگا دی ہے جو رواج سے قایم ہو چکا ہے۔ چنانچہ اب یہ معلوم کرنا باقی رہ جاتا ہے کہ آیا حکومت کے حکم نے سکے کی سند یا حقیقی قدر میں کسی طرح تبدیلی پیدا کر دی ہے

پانچواں باب

نظریۂ مقدارِ زر

35

(۱) زر کی قدر اس کی قوت خرید ہے۔ (۲) نظریۂ مقدارِ زر۔ (۳) زر کی قوت خرید یا قیمتوں کی عام سطح کے تغیرات۔ (۴) انڈکس نمبر۔ (۵) زر کا مفہوم۔ (۶) کامل قدر ذاتی کا فلزی زر۔ زرِ علامتی۔ زرِ کاغذ، بنکوں کا زر، اور اعتباری نظام۔

فلزی سکے کی خوبیوں اور لوازم کو تفصیل کے ساتھ بیان کرنے سے قبل نیز اس پر غور کرنے سے پیشتر کہ سکہ زر کے کاموں کو کس طرح انجام دیتا ہے یعنی عام مسائل پر جو زر کی حیثیت پر بہ اعتبارِ ان مختلف کاموں کا نتیجہ ہونے کے (خصوصاً دوسرے کام یعنی قدر کے عام پیمانہ یا مشترک نسب نما کا نتیجہ ہونے کے) اثر ڈالتے ہیں بحث کر لینا ضروری ہے۔ اگر جیسا کہ پچھلے بابوں میں بیان کیا جا چکا ہے، نام نہاد "زر کے نظام" کے تحت سب اشیا کا مبادلہ براہ راست ایک دوسرے سے ہونے کے بجائے زر سے ہو تو یہ توقع قدرتی ہے کہ اشیا کی مجموعی مقدار میں جو کسی مقررہ

وقت میں زر سے مبادلے کے لئے موجود ہو اور زر کی مجموعی مقدار میں جو اُس وقت ضروری مبادلات انجام دینے کے لئے موجود ہو کچھ نہ کچھ تعلق یا نسبت قایم ہو جائے گی۔ اگر زر کے عوض فروخت کرنے کے لئے اشیا کی ایک معین مقدار موجود ہو اور ان کو خریدنے کے لئے زر کی بھی ایک معین مقدار ہو تو ظاہر ہے کہ اشیا کی قیمت یا دوسرے الفاظ میں زر کی وہ مقدار جو ہر شئے کے عوض حاصل کی جا سکتی ہے اس تعلق یا نسبت پر منحصر ہو گی جو زر کی مقدار اور اشیا کی مقدار کے مابین ہو گا۔ اگر زر کی مقدار زیادہ ہو اور اشیا زیادہ مقداروں میں نہ ہوں تو ہر شئے کا مبادلہ زر کی زیادہ مقدار سے عمل میں آئے گا۔ دوسرے الفاظ میں اشیا کی قیمت زیادہ گراں ہو گی۔ لیکن اگر زر کی مقدار کم اور اشیا کی مقدار زیادہ ہو تو اشیا کی قیمت بہت کم یا ارزاں ہو گی۔ یہ کوئی نیا

نظریۂ قدر

نظریہ نہیں ہے۔ بلکہ محض سیدھے سادھے نظریۂ قدر کا دوسرا اطلاق یا رخ ہے۔ نظریۂ قدر یہ بیان کرتا ہے کہ 36
کسی شئے کی قدر ان دوسرے اشیا پر منحصر ہوتی ہے جو ایک شخص اس کے مبادلے میں حاصل کر سکتا ہے۔ گویا ایک دوسرے سے ادل بدل ہونے والے "اشیا کی اضافی مقدار پر منحصر ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ عام اشیا کا کسی ایک شئے (جس سے ان سب کا مبادلہ کیا جاتا ہے یعنی زر) سے مبادلہ ہونے کی صورت میں بھی اس قاعدے کا اطلاق ہونا چاہیے۔ اس طرح زر کی قدر، دوسری ہر شئے کی قدر کے مثل، زر کی مقدار پر یا رسد و طلب پر منحصر و موقوف ہونی چاہیئے۔

زر کی قدر

لیکن اولاً اس کی توضیح کر دینا ضروری ہے کہ زر کی قدر کے معنی کیا ہیں۔ کسی دوسرے شئے کی قدر اس کی "قیمت" کے ذریعے سے ظاہر کی جاتی ہے جو اس کی قدر مبادلہ بحوالہ زر ہے لیکن وہ اس کی حقیقی قدر نہیں ہوتی، بلکہ محض اس کی قدر کو ایسی شکل میں پیش کرنے کا ایک طریقہ ہے جو آسانی کے ساتھ سمجھ میں آ سکے اور جس کا دوسرے اشیا کی قدر سے مقابلہ کیا جا سکے۔ لیکن ظاہر ہے کہ زر کی قدر اس طرح ظاہر نہیں کی جا سکتی۔ کسی شئے کی قدر مبادلہ کو خود اسی کے حوالے سے بیان نہیں کیا جا سکتا۔

"زر کی قیمت" یعنی زر کی قدر مبادلہ بحوالہ زر کہنا ایک لغو سی بات ہوگی، جس کا کوئی مطلب نہیں ہو سکتا۔ پس زر کی قدر معلوم کرنے کے لئے وہی طرز عمل اختیار کرنا چاہئے جو اشیا کے بارے میں اختیار کیا جاتا ہے۔ قیمت تو محض قدر کو ظاہر کرتی ہے۔ قیمت کی تہ میں جا کر اس حقیقی قدر کو لینا چاہئے جس پر یہ قیمت مبنی ہوتی ہے۔ کسی شے کی حقیقی قدر دوسرے اشیا کی وہ مقدار ہوتی ہے جن کے عوض وہ مبادلہ کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح زر کی حالت ہے۔ زر کی قدر دوسرے اشیا کی وہ مقدار ہے جن کے عوض اس کا مبادلہ کیا جا سکتا ہے۔ لیکن چونکہ دوسرے تمام اشیا کا مبادلہ زر سے کیا جا سکتا ہے اس لئے یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ زر کی قدر اس کی قوت خرید ہے۔ لیکن زر کی قوت خرید کا مدار بھی طور سے قیمتوں کی عام سطح پر ہوتا ہے۔ اگر سب اشیا کی قیمتیں گراں ہوں، تو اس کے معنی یہ ہیں کہ زر کی ایک مقررہ مقدار بازار میں اس قدر موثر نہیں ہے جس قدر کہ قیمتیں کم رہنے کی صورت میں ہوتی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ وہ کیا شے ہے جو قیمتوں کی عام سطح کو متعین کرتی ہے اور اس طرح زر کی قوت خرید کو منتظم کرتی ہے؟

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، زر کی قدر دوسرے اشیا کی قدر سے اس لحاظ سے مماثلت رکھتی ہے کہ وہ بھی رسد و طلب پر مبنی ہوتی ہے۔ زر کی رسد میں سب سے اول فلزی سکوں کی وہ مقدار شامل ہوتی ہے 37
جو بطور آلۂ مبادلہ گردش میں ہو۔ مگر قریب میں معلوم ہو جائے گا کہ یہ زر کی رسد کی کوئی مکمل تعریف نہیں ہے۔ لیکن سر دست اسی پر اکتفا کیا جا سکتا ہے۔ دوسری طرف زر کی طلب کی پیمائش صرف ان مبادلات کی تعداد اور قدر سے کی جا سکتی ہے جو اشیا کی حد تک ان کی قیمتوں کے عوض انجام دینے پڑتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس کا مدار سب سے پہلے متعلقہ اشیا کی مقدار پر ہوتا ہے۔ اور اس لحاظ سے سر دست یہ عام طور سے کہا جا سکتا ہے کہ زر کی طلب کا مدار ان تیار کردہ اشیا کی مقدار پر ہوتا ہے جنھیں زر سے مبادلے کے لئے پیش کیا جائے۔ ان دونوں بیانوں کو یکجا کرنے سے

ہم اس معین نتیجے پر پہنچتے ہیں جس کو "نظریۂ مقدار زر" سے تعبیر کیا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ "قیمتوں کی عام سطح زر کی اس مقدار پر مبنی ہوتی ہے جو گردش میں ہو۔ مروجہ زر کی مجموعی مقدار اور قابل فروخت اشیا کی مجموعی مقدار کے مابین جو تعلق یا تناسب ہوتا ہے ان کے تغیر و تبدل کے ساتھ قیمتوں کی عام سطح میں تغیر واقع ہوتا ہے"۔

نظریۂ مقدار زر

لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ قیمتوں کی عام سطح کا اعلیٰ یا ادنیٰ ہونا نظری اعتبار سے کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ زر محض ایک مقصد کا یعنی اشیا کو ایک دوسرے سے ادل بدل کرنے کا ذریعہ ہے، اور نظری اعتبار سے یہ سوال کوئی اہمیت نہیں رکھتا کہ اس دوہرے مبادلے میں زر کی کتنی مقدار استعمال کی گئی۔ جو چیز اہمیت رکھتی ہے وہ ہر تبدلہ شئے کی مقدار ہے یعنی بلالحاظ اس معیار کے جو مقابلے میں استعمال کیا جائے صرف دو اشیا کی اضافی قدر ایک دوسرے کے مقابلے میں قابل التفات ہوتی ہے۔ مثلاً اگر یہ معلوم کرنا ضروری ہو کہ دو آدمیوں میں سے کون زیادہ وزنی ہے تو ان کے فرق کو معلوم کرنے کیلئے یہ معاملہ زیادہ اہمیت نہیں رکھتا کہ انھیں سیروں کے حوالے سے تولا جائے یا کیلوگرام کے حوالے سے۔ ان دو آدمیوں کے اضافی وزن پر استعمال کردہ وزن کی اکائی کوئی اثر نہ ڈالے گی۔ اس طریقے سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ قیمتوں کی عام سطح کسی شخص کے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتی اس لئے کہ وہ اشیا کی حقیقی قدر میں کوئی فرق و اختلاف قائم نہیں کرتی۔ قیمتوں کے عام اضافے یا تخفیف سے نظری اعتبار سے کوئی فرق و تفاوت نہیں پیدا ہوتا۔

اصطلاحوں کے استعمال کو کس طرح خلط ملط کر دیا جاتا ہے اس کی ایک بہت ہی عام مثال یہاں بیان کر دینا مناسب ہوگا۔ عام طور سے یہ کہنے کا رواج پڑ گیا ہے کہ ہر شئے کی قدر بڑھ رہی ہے، چنانچہ لوگ "قدر کا عام اضافہ" کہتے ہیں۔ لیکن "ہر شئے کی قدر کے اضافہ" کی اصطلاح خود اپنی آپ تردید کرتی ہے۔ اس لئے کہ قدر محض اضافی چیز ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ ایک شئے دوسری شئے کے مقابلے میں اس قدر

قیمتیں اور قدر

کم یا زیادہ ہے۔ اگر اس طرح کسی شئے کی قدر بڑھے تو لازمی طور سے اس کے معنی یہ ہوں گے کہ اُس پہلی شئے کے مقابلے میں کسی دوسرے شئے کی قدر گھٹ گئی ہے۔ دونوں کی قدر ایک ساتھ نہیں بڑھ سکتی۔ اس طرح خلط ملط کر دینے کی بنیاد یہ واقعہ ہے کہ دو اشیا کی قیمتیں ایک ساتھ بڑھ سکتی ہیں۔ لیکن قیمتوں کے بڑھنے کی وجہ سے ایک دوسرے کی نسبت سے ان دونوں کی قدر متاثر نہیں ہوتی، بلکہ مقررہ حالت ہی میں رہتی ہے۔ اگر ایک شئے دوسری شئے کے مقابلے میں پہلے ہی سے دونی قیمت کی تھی اور اب پھر دونوں کی قیمتیں دونی ہو جائیں تو بھی اب پہلی شئے دوسری کے مقابلے میں دونی قیمت ہی کی رہے گی۔ جو لوگ قدر کا اضافہ کہنے کے خوگر ہیں ان کا مطلب محض قیمتوں کا اضافہ ہوتا ہے اور یہ دونوں چیزیں ایک ہی نہیں ہیں۔ قیمتوں کے عام اضافے کا مطلب یہ ہے کہ ہر شئے کی قدر "باستثنائے ایک کے" بڑھ گئی ہے۔ اور یہ ایک مستثنیٰ شئے سونا یا زر ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ سونے کی قدر، جو اس کی قوتِ خرید ہے، گھٹ گئی ہے، اور اس کے برخلاف تمام دوسرے اشیا کی قدر بجوالۂ طلا بڑھ گئی ہے۔ قیمتوں کے عام اضافے کے معنی یہ ہیں کہ طلا کی مقدار جس کے عوض دوسرے اشیا کا مبادلہ کیا جا سکتا ہے، بڑھ گئی ہے۔ اب ہر شخص کو پہلے کے مقابلے میں سونے کی مقررہ مقدار کے عوض کم اشیا حاصل ہوتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں سونے کی قدر گھٹ گئی ہے۔

پس نظری اعتبار سے طلا کی قدر کوئی ممتاز اور نمایاں چیز نہیں ہے اس لئے کہ دنیا کو اس سے کوئی سروکار نہیں کہ قیمتوں کی عام سطح اونچی ہے کہ نیچی۔ لیکن جو چیز اہمیت رکھتی ہے وہ قیمتوں کی عام سطح میں مدوجزر کا عمل یعنی قیمتوں کی ایک عام سطح سے دوسری عام سطح میں تبدیلی ہے۔ لیکن اگر سب قیمتیں ایک ساتھ اور متناسب طریقے سے بڑھیں یا گھٹیں تو نظری اعتبار سے اس تبدیلی کے عمل کو بھی اہمیت نہ دینی چاہئے۔ اس لئے کہ کسی شخص کا فائدہ ہوگا نہ نقصان۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ قیمتوں

ہیں اس طرح کبھی تبدیلی نہیں ہوتی ۔ متعدد اسباب کی بنا پر جنھیں مختصر اصطلاح کی شکل "معاشی مزاحمت" کہا جا سکتا ہے، تقلیبی دور میں ہمیشہ چند ایسے اشخاص ہوتے ہیں جو نقصان برداشت کرتے ہیں اس لئے کہ یہ اپنی معاشی حیثیت کی مدافعت و حفاظت کی قابلیت نہیں رکھتے ۔ حالات کے بدلنے کے لئے مدت درکار ہوتی ہے، یعنی موجودالوقت معاہدات کو ان کی میعاد کے اندر پورا کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں بھی جبکہ یہ واضح ہوتا ہے کہ دوسرے حالات بدل رہے ہوں رواجی قیمتوں اور 39
اجرت کی شرحوں میں بہت آہستگی کے ساتھ تبدیلی ہوتی ہے ۔ اور نتیجہ یہ کہ ہمیشہ بعض جماعتیں ایسی ہوتی ہیں جو قیمتوں کی عام سطح کی تبدیلی سے نفع میں رہتی ہیں یا نقصان میں ۔ مثلاً اس قسم کی تبدیلی قرض دہندے اور قرضگیر کی اضافی حیثیتوں پر اثر ڈالتی ہے اس لئے کہ اس کے معنی ایسے زمانے میں زر کی قدر میں تبدیلی ہونے کے ہیں جو قرضے کی منظوری اور اس کی واپسی ادائی کے مابین ہو ۔ اگر کوئی صناع اپنے کاروبار میں لگانے کے لئے ۱۰۰۰ پونڈ اس وعدے پر لے کہ دس سال کے بعد رقم واپس ادا کر دے گا تو اس رقم سے وہ جو کام لے سکتا ہے وہ صرف یہ ہے کہ اس سے کوئی ایسی چیز خریدے جس کی اس کے کاروبار میں ضرورت ہو مثلاً اشیائے خام اور ان سے وہ مصنوعات تیار کرتا ہے اور ان مصنوعات کو فروخت کر کے ایک مقررہ قیمت حاصل کرتا ہے ۔ دس سال کے اختتام پر سب اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے بہ شمول ان مصنوعات کے جو اس نے تیار کئے ۔ چونکہ قرضہ ادا کرنے کا وقت آ رہا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ قرضہ ادا کرنے کے لئے وہ اپنے اشیا میں سے ۱۰۰۰ پونڈ قیمت کے اشیا فروخت کر دے ۔ لیکن قیمتوں میں اضافہ ہو جانے کی وجہ سے اس وقت ۱۰۰۰ پونڈ کے لئے اس کو اتنے اشیا فروخت کرنے کی ضرورت نہ ہوگی جتنے وہ دس سال قبل اتنی ہی رقم حاصل کرنے کے لئے فروخت کرتا پس اس وقت اس کو اس زمانے کے مقابلے میں جبکہ اس نے اشیا تیار

کرنے کے لئے قرضہ حاصل کیا تھا اپنا قرضہ ادا کرنے کے لئے نسبتاً کم اشیا کو فروخت کرنے کی ضرورت ہوگی۔ قیمتوں کے اضافے سے اس کو اس لئے نفع ہوا کہ جو زر واپس ادا کیا جا رہا ہے اس کی قدر بطور قرض حاصل کردہ زر کے مقابلے میں کم ہے، گو کہ رقم کی مقدار مقررہ اور اتنی ہی ہے۔ زر کی قدر گھٹ گئی ہے۔ جب قیمتیں گھٹتی ہیں تو صورت حالات بلاشبہ ٹھیک

لینداراور دیندار

اس کے برعکس ہوتی ہے۔ اس طرح قیمتوں کا اضافہ قرضداروں یا دینداروں کے لئے نفع بخش ہوتا ہے اور قرضدہندوں یا لینداروں کے لئے مضرت رساں ہوتا ہے اور قیمتوں کی تخفیف اول الذکر کے حق میں مضر اور موخر الذکر کے لئے فائدہ بخش ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اسی طریقے سے زر کی قوت خرید میں تبدیل واقع ہونے سے ان سب اشخاص پر اثر پڑتا ہے جن کی آمدنیاں مقررہ ہوں یا جن کی شرح اجرت رواج کی بنا پر مقرر کی جائے اور اس میں آہستہ تغیر ہو۔ اس طرح مزدوروں کی اجرت اور متوسط اور پیشہ ور طبقوں کی تنخواہوں میں زر کی قدر کی تبدیلی کے زمانے میں بہت آہستہ تغیر واقع ہوتا ہے۔ چنانچہ عام قیمتوں کے گھٹنے کی وجہ سے ان جماعتوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے اور قیمتوں کے بڑھنے کی وجہ سے نقصان ہوتا ہے۔ ان کی حقیقی آمدنی، قیمتوں کے عام اضافے یا تخفیف کے تناسب سے گھٹتی یا بڑھتی ہے۔ گویا قیمتوں کے تغیرات کے تناسب سے آمدنی میں معکوس تبدیلیاں ہوتی ہیں۔ مثلاً موجودہ زمانے میں خصوصاً جنگ کی وجہ سے قیمتوں میں سریع اضافہ ہو جانے کے سبب سے اس کو سب جماعتیں بہت سختی کے ساتھ محسوس کر رہی ہیں۔

40 انگلستان میں ماہ اگست ۱۹۱۴ء میں پونڈ کے عوض صرف اتنی چیزیں خریدی جا رہی تھیں جو جنگ سے پیشتر تقریباً ۸ شلنگ ۳ پنس میں مل سکتی تھیں۔ ۴ سال کی مدت میں قیمتیں ۱۴۴ فیصد بڑھ گئی تھیں (دیکھو جدول ۶)۔

انڈکس نمبر

اس طرح جو چیز اہمیت رکھتی ہے وہ قیمتوں کی حقیقی حالت نہیں ہے بلکہ قیمتوں کی عام سطح کا مدوجزر ہے۔ اور

موجودہ زمانے میں اشیا کی قیمتوں کی عام سطح کے بدوجزر کا حساب لگانے کے طریقوں کے بارے میں بہت توجہ کی گئی ہے اس لئے کہ ایسی صورت میں جبکہ کثیر اشیا کی قیمتیں بڑھ رہی ہوں اور چند اشیا کی قیمتیں ساکن ہوں یا گھٹ رہی ہوں یہ معلوم کرنا آسان نہیں ہے کہ قیمتوں کی عام سطح میں کیا تغیرات واقع ہو رہے ہیں۔ اس وقت جو طریقہ رائج ہے وہ انڈکس نمبر کا طریق کہلاتا ہے۔ متعدد اشیا کو، جو عام استعمال میں ہوتے ہیں منتخب کر کے ہر شئے کی خاص قسم کی مقررہ مقدار کی قیمت معلوم کی جاتی ہے۔ اس کے بعد مثلاً فرض کرو ایک ماہ یا ایک سال کے وقفے کے بعد ان اشیا میں سے ہر شئے کی خاص قسم کی اسی مقررہ مقدار کی قیمت دوبارہ معلوم کی جاتی ہے۔ اور اسطرح ہر صورت میں نئے عدد کا پرانے عدد سے مقابلہ کیا جاتا ہے۔ ان دونوں کا فرق بحساب فیصد نکالا جاتا ہے اور ان فیصد عددوں کا مجموعہ قیمتوں کی عام سطح کے تغیرات کو ظاہر کرتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ انڈکس نمبر بنانے کے کئی مختلف طریقے ہیں اور فروع کے بہت پیچیدہ اور نازک معاملات پر غور کرنا پڑتا ہے (چنانچہ ان کے لئے کسی خاص نصاب کی کتاب کا مطالعہ کرنا ضروری ہے) لیکن عام طریق وہی مقررہ ہے اور نتائج ہمیشہ ایک دوسرے سے بہت مماثلت رکھتے ہیں۔ انگلستان میں عام طور سے تین طریقوں کو انڈکس نمبر نکالنے میں بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک ساربیک[1] کا طریق ہے جو رسالہ اسٹیٹسٹ میں شائع ہوتا ہے۔ دوسرا رسالہ اکنامسٹ[2] میں ماہوار شایع ہوتا ہے۔ اور تیسرا سرکاری انڈکس نمبر جو محکمہ تجارت[3] کی جانب سے تیار کیا جاتا ہے۔ ان تینوں طریقوں سے مرتب کردہ اعداد سے جو عام نتیجہ ظاہر ہوتا ہے

---

[1] Saberbecks—Statist.

[2] Economist

[3] Board of Trade

اس کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا، جیسا کہ ضمیمہ کے جدول (۵) میں پیش کیا گیا ہے۔ مثلاً ۱۸۰۳ء تا ۱۸۹۶ء کی ۹۳ سالہ مدت میں قیمتوں میں بہت سرعت کے ساتھ مگر بحیثیت مجموعی بہت استقلال کے ساتھ تخفیف ہوئی اور اس کے بعد ایسا تغیر واقع ہونا شروع ہوا جو موجودہ زمانے میں پہنچکر

قیمتوں کی تاریخ

بہت نمایاں ہوگیا ہے، اس طرح محکمہ تجارت کا انڈکس نمبر جو ۱۸۷۳ء میں ۱۵۱۹ تھا گھٹ کر ۱۸۹۶ء میں ۸۸۲ ہوگیا۔ اور اس کے بعد سے اس میں پھر اضافہ ہوا یہاں تک کہ ۱۹۱۳ء میں جو جنگ سے پیشتر امن کا آخری سال ہے، وہ بڑھ کر ۱۱۶۵ ہوگیا۔ جنگ کی وجہ سے قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہوگیا لیکن ایسے اسباب کی بنا پر ہوا جو نظریۂ مقدار زر کی وسعت کے پوری طرح اندر نہیں ہیں۔ 41

قیمتوں کی کمی بیشی

یوں تو قیمتوں کا اضافہ اور تخفیف دونوں خرابیاں ہیں لیکن قیمتوں کی تخفیف غالباً نسبتاً بڑی خرابی ہے۔ اس لئے کہ قیمتوں کی عام تخفیف عظیم تجارتی کساد بازاری پیدا کرتی ہے اور صناع کے حسابات میں عدم تیقن کا عنصر پیدا کر دیتا موجب ہوتی ہے۔ جس سے تجارت کو بہت نقصان اور صدمہ پہنچتا ہے۔ اسکے برخلاف قیمتوں میں استقلال کے ساتھ اضافہ، جہاں تاجروں کے حوصلے بڑھاتا ہے وہیں اس میں ضرورت سے زائد گرمی قیمتوں کے انتفاخ اور تخمین کی جانب رہبری کرنے کا بھی امکان ہے جس سے بالآخر پورا نظام منہدم ہو جاتا ہے اور مالی آفت رونما ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ قیمتوں میں شدید اضافے کا اثر اجرت پانے والے مزدوروں پر اور عام طور سے ان اشخاص پر جن کی معاشی حیثیت کمزور ہوتی ہے، بہت مضرت رساں صورت میں میں اس طرح پڑ سکتا ہے کہ ان کا معیار زندگی جو پہلے ہی سے ادنیٰ ہوتا ہے بہت گھٹ جاتا ہے اور ان کی حالت ایسی خستہ و خراب ہو جاتی ہے جو نہ صرف بنی نوع انسان کے لئے موجب ننگ و عار ہوتی ہے بلکہ اس لحاظ سے بھی معاشرے کے لئے قطعی طور سے خطرناک ہے کہ وہ اس میں بدکاری، جرایم اور امراض

نئی پرورش کرتی ہے۔

سب سے بہتر حالت جس کی ضرورت ہے یہ ہے کہ قیمتیں نہ تو بہت بڑھیں اور نہ بہت کم ہوں، بلکہ قیمتوں کی عام سطح ثبات پذیر رہے یعنی زر کی قدر برقرار رہے، مگر یہیں پہنچکر موجودہ زمانے کے زر کا نظام اکملیت کا درجہ حاصل کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ اور یہیں اُس سوال کا جواب ملتا ہے جو پہلے باب میں اس کتاب کا اصلی موضوع ہونے کی حیثیت سے پیش کیا گیا تھا۔ قیمتوں کے اعلیٰ سے ادنیٰ اور ادنیٰ سے اعلیٰ ہونے کے تغیری دور میں، زر کی قیمتوں کا نظام اس بنا پر قدر میں حقیقی الٹ پھیر کر دیتا ہے کہ مختلف اشیا کی قیمتوں کے تغیرات کی شرح میں عدم مساوات ہوتی ہے۔ اگر قیمتوں کی ایک قسم (اور یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ قیمتوں میں اجرت اور آمدنیاں بھی شامل ہیں) سرعت کے ساتھ بڑھ رہی ہو اور دوسری قسم کی قیمت ثبات پذیر ہو یا آہستہ آہستہ بڑھ رہی ہو تو ان اشیا یا خدمات کی اضافی قدریں، ہمارے زر کے نظام میں تبدیلیاں واقع ہونے کی وجہ سے، تغیر و تبدل ہو رہا ہے۔ پس نظریۂ مقدار زر ہی اس تمام مسئلے کی اساسی بنیاد ہے جس پر یہ کتاب مبنی اور قایم ہے اور یہ مسئلہ مبادلے کی کل اور قدر پر اس کا اثر ہے۔ اس طرح نظریہ مقدار کی مفصل طور سے تحقیق کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ اور اس مزید تحقیق کا طریق اس طرح ظاہر کیا جا سکتا ہے:۔

42 **زر کی مقدار** نظریہ کے مطابق قیمتوں کی عام سطح "زر" کی اس مقدار پر مبنی ہوتی ہے جو گردش میں ہو۔ لیکن دنیا میں کئی مختلف قسم کے زر رائج ہیں۔ اور فلزی زر خاص طلائی سکے زر کی مجموعی مقدار کا محض ایک قلیل جزو ہے۔ اس لحاظ سے یہ فرض نہ کر لینا چاہیئے کہ فلزی زر کی مقدار جو گردش میں ہو یا کسی خاص قسم کے سکۂ طلا کی مقدار قیمتوں پر کوئی براہ راست یا متناسب اثر ڈالتی ہے۔ اول تو ہمیں تحقیق طور سے اس کا علم نہیں ہے کہ دنیا میں طلائی سکوں کی کتنی مقدار موجود ہے۔ ہم صرف یہی کر سکتے ہیں کہ سونے کے

چند مشہور ذخائر کے مجموعے کا اندازہ کریں جو چند بنکوں اور حکومتوں کے خزانوں میں ہیں اور بقیہ مقدار کے متعلق محض قیاس سے کام لیں۔ اسمیں کلام نہیں کہ کل دنیا کے سونے کی سالانہ رسد کے متعلق ہمیں بہت کچھ صحیح معلومات حاصل ہیں۔ لیکن ہمیں اس امر کا کوئی صحیح علم نہیں ہے کہ اس رسد میں سے کتنا جز و سکہ سازی کے اغراض کے لئے استعمال ہوتا ہے اور کتنا جز و دوسرے کاموں مثلاً سونے کے زیورات اور گھڑیاں بنانے میں صرف ہوتا ہے۔ اس معاملے کی حد تک سونے کی طلب کا محض تخمینہ کیا جا سکتا ہے۔

لیکن دنیا میں جتنے مختلف قسم کے فلزی سکے رائج ہیں ان کی صحیح مقدار کا ہمیں علم بھی ہو جائے تب بھی ہم محض اسی کی بنیاد پر نظریۂ مقدار کا پوری صحت کے ساتھ اطلاق نہیں کر سکتے۔ اس لئے کہ اس کے علاوہ اور بھی متعدد امور ایسے ہیں جن کا لحاظ کرنا ضروری ہے۔ مثلاً فرض کرو کہ ایک مقام یا ملک میں مبادلے کی سہولتوں کی ترقی، بازاروں کی مرکزیت، مخلوق کے عادات و اطوار کی وجہ سے دوسرے ملک کی نسبت تجارتی کاروبار بہت سرعت اور گرماگرمی کے ساتھ انجام پاتا ہے اور اس طرح زر کا ایک ہی مقررہ ٹکڑا تیزی کے ساتھ دست بدست گردش کر کے ایک دن میں مبادلے کے متعدد عمل انجام دیتا ہے۔ ظاہر ہے کہ نظریۂ مقدار کے نقطۂ نظر سے اس کا اثر ٹھیک ایسا ہی ہوگا جیسا کہ زر کے متعدد ٹکڑے موجود ہونے کی صورت میں، جن میں سے ہر ایک محض ایک ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں منتقل ہوا اور دن بھر اسی دوسرے مالک کے ہاتھ میں رہے، پڑتا۔ اس طرح اس سے "گردش کی سرعت" کے مسئلے کی جانب رہبری ہوتی ہے جو زر کی موثر مقدار میں ایک بہت ہی اہم عامل ہے۔ پھر زر کی کئی مختلف قسمیں ہیں، اور زر کی مقدار پر بحث کرتے میں ان سب کا لحاظ کرنا ضروری ہے۔ سب سے پہلے تو ملک کا معیاری سکہ "یا زر مستند" ہے، جو موجودہ زمانے میں اکثر ملکوں میں بالعموم سونے کا ہوتا ہے، اور جس میں پوری قدر

43

ذاتی یا فلزی موجود ہوتی ہے۔ یعنی فلز کا ٹکڑا ہونے کی حیثیت سے زرگر کی دوکان پر اسکی جو قیمت ہوگی وہی اشیا کا آلۂ مبادلہ ہونے کی حیثیت سے کسی دوسری دوکان میں بھی ہوگی۔ لیکن اس کے علاوہ زر کی دوسری متعدد قسمیں بھی ہیں، جن کو عام طور سے "زر علامتی" کہا جاتا ہے، اور جن میں قدر ذاتی مرقومہ قیمت سے کم ہوتی ہے مثلاً چاندی اور نکل کے سکے (بجز انگلستان کے سب ملکوں میں) اور تانبے کے سکے۔ یہ جیسا کہ اکثر لوگ جانتے ہیں، فلز کی حیثیت سے اتنی حیثیت نہیں رکھتے جتنی سکوں کی حیثیت سے ان میں پوری قدر قانونی ہوتی ہے۔ پھر بھی وہ روزمرہ کے کاروبار میں پوری قیمت مرقومہ کے لحاظ سے گردش کرتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں بتدریج یہ معلوم ہوگیا ہے کہ آلۂ مبادلہ ہونے کی حیثیت سے سکے کے افادے کے لئے پوری قدر ذاتی کا ہونا لازمی نہیں ہے، بشرطیکہ چند دوسرے لوازم پورے ہو جائیں۔ اور یہ لوازم کیا ہیں اور زر علامتی یا زر وضعی اپنے سے زیادہ قدر ذاتی رکھنے والے زر یا فلزی اعتبار سے اپنے سے زیادہ قیمتی زر کی جگہ کس حد تک لے سکتا ہے، ان امور پر احتیاط کے ساتھ غور کرنا ضروری ہوگا۔ لیکن یہ حقیقت اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز ہے کہ موجودہ تہذیب یافتہ قوموں میں بعض کاغذ کے پرزے جنھیں زر کاغذ کہا جاتا ہے، بیش بہا اشیا کے مبادلے میں دست بدست گردش کرتے

زر کاغذ

ہیں، اگرچہ ان میں ذرا بھی قدر ذاتی موجود نہیں ہوتی۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ وہ زر یا ایک قسم کا کاغذی سکہ ہیں۔ یہ عجیب وغریب کام وہ کس طرح انجام دیتے ہیں اور ان کے اجزا، خاصکر ان کی مقدار کے بارے میں کیا شرائط ہیں، ان سب کا احتیاط کے ساتھ مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ اس لئے کہ یہ ظاہر ہے کہ اگر کاغذ سے غیر محدود مقدار میں زر بنایا جا سکتا ہو تو سونے کو بطور زر استعمال کرنا محض تضییع اوقات ومحنت ہوگا اور ہر سال کانوں سے جو سونا برآمد کیا جاتا ہے اس کی کوئی اہمیت نہ ہوگی۔ مزید براں ساہوکاروں اور کوٹھی والوں نے زر کی

داد و ستد کی زحمت سے بچنے کی خاطر چیک، بنک کے ڈرافٹ اور ہنڈیاں وغیرہ استعمال کر کے بتدریج زر کے کام کو انجام دینے کا ایک نیا اور عجیب و غریب طریقہ نکال لیا ہے۔ چیک، ڈرافٹ اور ہنڈیاں "ساہوکاروں کے زر" کی عام اصطلاح میں شامل کر لی گئی ہیں۔ اس طرح ہماری رہبری "اعتبار" کی چیستاں کی جانب ہوتی ہے جس کے معنی دنیا کے موجودہ مالی نظام میں ایسے نظام کے ہیں جس کے ذریعے سے باہمی حسابات زائل کئے جاتے اور ایک پیسہ لئے دئے بغیر صاف و بے باق کئے جاتے ہیں۔

44 لیکن نظریۂ مقدار زر کے نقطۂ نظر سے زر کی ان سب مختلف شکلوں یا زر کے بغیر کام انجام دینے کے عارضی طریقوں پر اس لحاظ سے غور کرنا ضروری ہے کہ وہ کسی نہ کسی قسم کا زر ہیں۔ اس طرح یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ زر کے اس کثیر المقدار مجموعے پر نظر کرتے، جو طلا کے علاوہ موجود ہے، آیا یہ امر کوئی زیادہ اہمیت رکھتا ہے کہ طلائی زر کی کتنی مقدار موجود ہے؟ "زر" کی یہ مختلف قسمیں کیا ہیں؟ ذریعہ مبادلہ کی حیثیت سے وہ زر کے لوازم کو کس طرح پوری کرتی ہیں؟ اور حقیقی زر سے ان کا کیا تعلق ہے؟ یعنی اس پوری قدر ذاتی رکھنے والے زر سے وہ کیا علاقہ رکھتی ہیں جو موجودہ زمانے میں اکثر ممالک میں صرف طلا ہے؟ اس طرح سب سے اول زر مستند یا معیاری سکے کے اساسی خواص و صفات پر غور کر لینا ضروری ہے اس لئے کہ پوری قدر ذاتی رکھنے والے زر کو ہر ملک میں اسی نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حوالہ :- (۱) ژیڈ جلد دوم باب چہارم فصل ۲ تا ۳ (۲) ارونگ فشر "روزر کی قوت خرید" (۳) لے ٹن۔ "مقدمہ مطالعہ قیمت"۔

حاشیہ۔ آیندہ صفحات میں زر کے اقسام کی حسب ذیل ترتیب استعمال کی گئی ہے۔

(۱) زر
- (ا) طلائی معیاری زر جس میں پوری قدر ذاتی موجود ہو
- (ب) زر علامتی (چاندی کل اور تانبا) جس میں قدر ذاتی جزوی حیثیت سے موجود ہو
- (ج) زر کاغذ
- (د) بنک کے نوٹ } جن میں کوئی قدر ذاتی نہ ہو۔

(۲) اعتباری کاغذات
- (۱) چک، بنک کے ڈرافٹ، اعتباری رقعے، ہنڈیاں، پرامیسری نوٹ، امانتی رسائد اور ساہوکاروں کے زر کی دوسری سب شکلیں۔

چھٹا باب

عمارہ سکون کی خوبیاں

45

(۱) قدر فلزی اور قدر قانونی (۲) درست اکمزور اور طاقتور زر (۳) آزاد سکہ سازی اور محکمانی شرح (۴) منفعت تسکیک (۵) اجرت تسکیک (۶) قانون گریشم (۷) زر وضعی یا زر علامتی۔

زر قانونی

باب چہارم میں بیان کیا جا چکا ہے کہ زر کا استعمال بطور آلۂ مبادلہ رسم و رواج کا نتیجہ ہے۔ اور قرضوں کی ادائی میں سکوں کو قبول کرنے کے لئے قبولیت عام کی تدریجی ترقی ضروری ہے۔ اس کے بعد حکومت دخل انداز ہوتی ہے، سکوں کی دھات کے وزن اور معیار کی ضامن بنتی اور عوام کو مجبور کرتی ہے کہ وہ انھیں مقررہ قیمت پر قرضوں کی ادائی میں قبول کریں۔ گویا وہ سکوں کو زر قانونی قرار دیتی ہے۔ جس سے ایک نئی دشواری پیدا ہو جاتی ہے۔ بحالت موجودہ سکوں میں دو طرح کی قدر ہوتی ہے یعنی (۱) ان کی فلزی قدر بحیثیت دھات کے ٹکڑے کے اور (۲) ان کی زر قانونی جو حکومت مقرر کرتی ہے۔

ان دونوں قدروں کا ہمیشہ یکساں ہونا ضروری ہے۔ اس لئے کہ اگر فلزی قدر

قدر قانونی سے زائد ہو یعنی اگر سکہ عمدہ اور طاقتور ہو تو لوگ اس کو پگھلائیں گے یا وزن کے حساب سے فروخت کریں گے اور یہ سکہ رواج سے غائب ہو جائیگا۔ اگر اس کے برعکس سکہ کمزور ہو یعنی اس کی قدر فلزی اس کی قدر قانونی سے کم ہو تو حکومت کا یہ فعل محکوموں کے حق میں فریب ہوگا کہ وہ ان کو سکہ اس قیمت پر قبول کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو اس کی حقیقی قدر سے زیادہ ہے۔ "طاقتور" اور "کمزور" کی اصطلاحیں سابقہ اصطلاحوں یعنی "وزنی" اور "ہلکے" کے مقابلے میں زیادہ قابل ترجیح ہیں۔ اس لئے کہ یہ ممکن ہے کہ دو سکوں میں سے جو زیادہ وزنی سکہ ہو وہ بوجہ دوسری دھاتوں کی کثیر المقدار آمیزش کے حقیقت میں کمزور ہو۔ پس حکومت کا یہ فریضہ ہونا چاہیئے کہ وہ اس کا انتظام کرے کہ سکے درست ہوں۔ یعنی یہ کہ ان کی قدر فلزی، ان کی قدر قانون کے ہمیشہ مساوی رہے نہ کم ہو نہ زیادہ۔ لیکن ایسا کرنا بہت مشکل ہے۔ اس لئے کہ سکوں کو پوری طرح درست
46 رکھنے کے خیال سے گو نئے سکوں کے وزن کا پوری احتیاط کے ساتھ لحاظ رکھنا ممکن ہے، پھر بھی ان میں جتنی دھات ہوتی ہے اس میں تبدیلی ممکن ہے اس لئے کہ دھات خود ایسی شئی ہے جس کی بازار میں قیمت اٹھتی ہے۔ اس قیمت کا مدار سکوں کی طلب کے علاوہ دوسرے امور مثلاً تجارت و صنعت میں ان کے استعمال پر بھی ہوتا ہے۔

پس حکومت کو یا تو سکوں کو از سر نو ڈھالتے رہنا ضروری ہے یا فلز کی قیمت کے تغیرات کے لحاظ سے سکوں کے وزن میں رد و بدل کرنا ضروری ہو جاتا ہے جو ناقابل عمل ہے۔ یا یہ کہ فلز کی بازاری قدر کے تغیرات کو روکنے کے لئے کچھ نہ کچھ ذرائع کا

آزاد سکہ سازی استعمال کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ یہ اس طریق سے انجام پاتا ہے جن کو آزاد سکہ سازی کہتے ہیں۔ حکومت ایک قیمت مقرر کر دیتی ہے کہ وہ سونے کے خاص معیار کے لئے یہ قیمت ادا کرنے کے لئے تیار رہے۔ یعنی عوام جتنی بھی مقدار فلز کی ٹکسال میں پیش کریں انکے سکے ڈھالنے کی ذمہ داری وہ اپنے سر لیتی ہے۔ اور کسی مقررہ وزن سے سکوں کی مقررہ تعداد

سونے کی قیمت ڈھالی جاتی ہے مثلاً انگلستان کا دار الضرب ۴۸۰ ۱۱ پنس سونے میں جس کی خوبی (۲۲) کیرٹ ہو (۱۸۶۹) سکے جن میں $\frac{1}{12}$ حصے خالص سونا ہوتا ہے ڈھالتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں انگریزی معیاری سونے کی ٹکسالی قیمت (۳) پونڈ (۱۷) شلنگ ($10\frac{1}{2}$) پنس فی اونس (۱۱۱٫۶) ہوتی ہے۔

یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ یہ خاص عہد دنیا میں سونے کی قیمت کی بنیاد کیونکر تسلیم کر لی گئی، جیسا کہ واقعہ ہے۔ اس سوال کا جواب انگلستان میں سترھویں صدی میں سکہ سازی کی جدید تاریخ کے مبادی میں ملتا ہے۔ اس زمانہ میں قیمتی فلز کے بارے میں کوئی اصول عمل اختیار کرنے کے متعلق اہل کاروبار اور تاجروں کے خیالات

سونے کی سرگزشت میں بہت جز تغیر و تبدل ہو رہا تھا کولمبس کے امریکہ کو دریافت کرنے کے زمانے سے قبل تمام یورپ میں قیمتی فلزات کی قلت روز افزوں محسوس ہو رہی تھی۔ یونان اور روما کے فتوح کے زمانے میں سونا ابتداءً مشرقی ممالک سے یورپ آتا تھا۔ اور یہ رسد فرسودہ اور ضائع ہو کر بتدریج ختم ہوتی گئی یہاں تک کہ تقریباً تیرھویں اور پندرھویں صدیوں کے مابین یورپ کا ہر ملک اس قابل رشک فلز کی کافی مقدار حاصل کرنے اور اپنے پاس جوڑنے کی کوشش میں مبتلا ہو گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہر ملک میں گوناگوں 47
آئین و قوانین وضع کر لئے گئے جن کی رو سے قیمتی فلزات کی برآمد کی سختی کے ساتھ ممانعت کی گئی اور برآمد کرنے والوں کے لئے شدید ترین سزائیں تجویز ہوئیں۔ لیکن ان قوانین کا متواتر اور جلد جلد نافذ کیا جانا خود یہ ثابت کرتا ہے کہ تجارت کو روکنے میں وہ کس قدر ناکام و قاصر رہے۔ بایں ہمہ جب نئی دنیا دریافت ہوئی اور سونا چاندی کثیر مقدار میں آنے لگے تو یہ صورت حال یکلخت تبدیل ہو گئی اور مختلف ممالک کے مابین فلزات کی منتقلی کو منضبط کرنے کے مناسب طریقے کے بارے میں بھی لوگوں کے خیالات میں بتدریج تغیر واقع ہونے لگا۔ چنانچہ جب ۳۱ دسمبر ۱۶۹۸ء کو ایسٹ انڈیا کمپنی کو مشور شاہی عطا ہوا تو قواعد میں ایک فقرہ بڑھا دیا گیا جس کی رو سے کمپنی مذکور فلزات کو برآمد کرنے کی مجاز کی گئی۔ اور یہی بعد کے مباحثات میں کمپنی پر عائد کئے ہوئے الزامات میں سے ایک الزام تھا۔

تجار عین سترھویں صدی کے ابتدائی حصے میں ان اشخاص کی ایک قوی جماعت رونما ہوئی جن کو تجار عین کہا جاتا تھا اور جو تجارت کے بارے میں ایک کلیتہً نئے خیال کے وکیل تھے۔ یعنی یہ کہ ملک کے فلزات کی رسد کو محفوظ و مامون رکھنے کا صرف ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ تجارت کی تنظیم اس طرح عمل میں لائی جائے کہ توازن تجارت ہمیشہ ملک کے موافق رہے۔ اس موافقت سے ان کی مراد برآمد کی زیادتی

تھی ۔ اس کو اس وجہ سے بہت پسندیدہ اور مناسب خیال کیا جاتا تھا کہ اس کے معنی یہ تھے کہ دوسرے ملکوں کو لازمی طور سے اس زیادتی کی ادائی بشکل سیم و طلا کرنی پڑتی ۔ اس طرح تجارتیں جن کے خیالات کا رنگ آج تک مبادلات خارجہ کے مصطلحات پر چڑھا ہوا ہے، حقیقت میں رجعت پسند نہ تھے بلکہ ترقی یافتہ مصلح تھے جن کا مقصد تجارت آزاد کے معاشی اصول کی وکالت تھا نہ کہ تاجین کی روایتی حکمت عملی کی حمایت جو کہ بعد میں، جبکہ ان کے نام سے منسوب کی جانے لگی ان کے

۱۶۶۳ء کا قانون استدلال کا نتیجہ ۱۶۶۳ء میں رونما ہوا جبکہ انگلستان میں دنیا میں سب سے پہلے ایک قانون منظور ہوا جس کی رو سے فلزات کی برآمد چند آسان شرائط اور حدود کے تحت جائز قرار دی گئی ۔ چنانچہ یہی وہ سبب تھا جس کی بنا پر ہم جیسا کہ آگے چلکر معلوم ہوگا، انگلستان کو کوٹھی کے کاروبار کی دنیا میں سب سے اول وقعت و سیادت حاصل ہوئی ۔ اس قانون کی منظوری کے فوراً بعد ہی خود انگلستان کا نظام زر جو اس وقت نہایت خراب حالت میں تھا نئے سانچے میں ڈھالا گیا ۔ اس زمانے میں یورپ کے تمام ممالک کے مثل انگلستان میں زر مستند چاندی ہی کا سکہ تھا ۔ معیاری چاندی کے ایک پونڈ ٹرائے میں (۶۲) شلنگ ڈھالے جاتے تھے اور اس میں خالص چاندی کا وزن (۱۱) اونس (۲) پنی ویٹ اور کھوٹ کا وزن

معیار نقرہ (۱۸) پنی ویٹ تھا ۔ یا دوسرے الفاظ میں انگریزی معیاری چاندی کی قیمت (۵) 48
شلنگ (۲) پنس فی اونس یا (۶۲) شلنگ فی پونڈ ٹرائے تھی جس میں صرف (۱۲) اونس ہوتے ہیں ۔ ۱۶۶۳ء کے ایک قانون کے تحت[1] طلائی سکے رائج کئے گئے جن کا سرکاری

گنی لقب یونائٹس[2] یا چوڑے سکے تھا ۔ لیکن بہت جلد عرف عام میں ان کو "گنی" کے نام سے پکارا جانے لگا ۔ اس لئے کہ وہ مغربی افریقہ کی گنی کمپنی[3] کے ماتحت علاقے کے برآمد شدہ سونے سے ڈھالے جاتے تھے ۔ ہر گنی کی قیمت (۲۰) شلنگ قرار دی گئی اور ایک

---

[1] دیکھو Dana Horton کی کتاب The silver Pound صفحہ (۲۲۹)

[2] یا Broad Pieces

[3] Guinea company

پونڈ ٹرائے یا معیاری یا کراؤن[1] کے سونے کے (۱۲) اونس سے (۴۴½) گنیاں بنائی جاتی تھیں۔ گنی میں خالص سونے اور کھوٹ کا تناسب (۲۲) کیرٹ اور (۲) کیرٹ تھا۔ گویا اس میں خالص سونا ۱۱/۱۲ حصے تھا۔ اس کے مطابق معیاری سونے کی قیمت ۴۴½ پونڈ۔ اسٹرلنگ = ۳ پونڈ ۱۴ شلنگ ۱۰½ پنس فی اونس مقرر ہوئی۔ لیکن بعد میں یہ معلوم ہوا کہ یہ مقررہ قیمت نئے سکوں کی اصلی فلزی قیمت سے بمقابلہ نقرئی سکوں کے نسبتاً بہت کم تھی۔ اور اس سے بھی بڑھ کر خرابی یہ ہوئی کہ چاندی کے سکے بہت فرسودہ ہو گئے اور گھس گھس گئے۔ چنانچہ نئے سکے بہت تیزی کے ساتھ رواج سے غائب ہونے لگے اور لوگ ان کو استعمال کرنے کی بجائے پگھلانے لگے یا برآمد کے لئے ان کی فلزی قیمت پر فروخت کرنے لگے۔ اس دشواری کا مقابلہ کرنے کی غرض سے گنی کی قیمت میں بتدریج اضافہ کیا گیا یہاں تک وہ انجام کار ۳۰ شلنگ ہو گئی۔

لاک اور نیوٹن ۱۶۹۶ء میں دو فلاسفہ جان لاک اور اسحاق نیوٹن کے مشوروں کے مطابق انگلستان میں زر کی از سر نو تسکیک کی عظیم الشان تجویز پر عملدرآمد شروع ہوا جس کی وجہ سے معاملات کچھ زمانوں کے لئے رو بہ اصلاح ہوئے اور گنی کی قیمت گھٹ کر ۲۱ شلنگ ۶ پنس ہو گئی۔ چنانچہ یہی سرکاری شرح مقرر ہوئی۔ اس طرح گویہ عمل غالباً بلا ارادہ انجام پایا، پھر بھی یہ پہلا قدم تھا جو انگلستان نے سونے اور چاندی کی قیمتوں میں باہمی تناسب مقرر کرنے کی جانب بڑھایا تھا۔ لیکن پھر بھی مقرر کردہ قیمت کچھ زیادہ ہی تھی۔ مگر ۱۷۱۷ء میں جبکہ سر اسحاق نیوٹن ناظم دارالضرب تھے گنی کی قیمت گھٹا کر اس کی مشہور سطح ۲۱ شلنگ پر لائی گئی۔ اور یہ شرح اس وقت تک قائم رہی جب تک کہ گنی انگریزی زر کا جزو رہی۔ اس کا ایک اثر بالواسطہ یہ ہوا کہ انگریزی سونے کی موجودہ قیمت معین ہو گئی۔ اس لئے کہ اگر ۱۲ اونس معیاری سونے سے اب بھی ۴۴½ سکے ڈھالے جائیں جن میں سے ہر ایک کی قیمت اب سرکاری طور سے ایک پونڈ ایک شلنگ قرار دی گئی تو ظاہر ہے کہ ایک اونس سونے کی قیمت ۴۴½ گنی گا۔ یعنی ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس ہو گی۔ یہاں سرسری طور سے یہ کہہ دینا بے جا نہ ہو گا کہ ۱۸۱۶ء سے پیشتر تک سونا زر جاری نہ ہوا اور اس کے اجرا کے بعد گنی غائب ہو گئی۔

[1] crown gold ۔

آزاد بمقابلہ مفت سکہ سازی۔

یوں تو انگلستان میں ۱۶۶۶ء سے طلائی سکوں کی حد تک آزاد سکہ سازی کا رواج ہے لیکن آزاد سکہ سازی کے معنی لازمی طور سے یہ نہیں ہیں کہ حکومت بلا اخذ اجرت تسکیک کا کام انجام دیتی ہے۔ اگر بلا اجرت سکہ سازی کی جائے تو اس کو مفت سکہ سازی کہینگے۔ اور انگلستان ہی ایک واحد ملک ہے جو اس کو انجام دیتا ہے۔

اجرت تسکیک اور سکانہ۔

اکثر دوسرے ممالک میں ٹکسال میں مصارف سکہ سازی داخل کرنے پڑتے ہیں جن کو اجرت تسکیک[1] کہا جاتا ہے۔ اور بعض اوقات مصارف تسکیک کے علاوہ حکومت کو کچھ زائد منافعہ بھی دیا جاتا ہے جس کو سکانہ[2] کہتے ہیں۔ لیکن بالعموم یہ قاعدہ ہے کہ موخر الذکر نام سے ہی مصارف تسکیک اور محکمہ زائد منافعہ دونوں وصول کئے جاتے ہیں۔

انگلستان کے مفت سکہ سازی کے طریق کا نتیجہ یہ ہے کہ ساورن ہی دنیا میں واحد سکہ ہے جو قطعاً درست اور بے نقص ہے۔ ذرا سا غور کرنے کے بعد معلوم ہو جائے گا کہ آزاد سکہ سازی کا طریق کس طرح سکے کو بے نقص رکھتا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر حکومت سونے کی کسی مقدار کو ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس فی اونس قیمت پر خریدنے آمادہ ہو تو کوئی شخص بھی اس قیمت سے کم پر سونا فروخت نہیں کریگا۔ اس کے برخلاف اگر کوئی بیرونی تاجر ٹکسالی قیمت سے زیادہ پر سونا خریدنا چاہتا ہو تو لوگ ساورن کو پگھلا پگھلا کر منافعہ کے ساتھ اس کے پاس پیش کرنے لگیں گے اور اس کی رسد اس قدر بڑھ جائیگی کہ اس کو پھر بہت جلد قیمت کم کر دینی پڑے گی۔ علاوہ بریں کوئی شخص کیوں ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس فی اونس سونے کی قیمت سے زائد ادا کرے جبکہ اس کو سونا اسی قیمت پر محض نئے ساورن کو پگھلانے سے دستیاب ہو سکتا ہو؟ اس طرح سونے کی یہی ٹکسالی قیمت معیار کے چھوٹے چھوٹے فرقوں کا لحاظ کرنے کے بعد تمام ممالک میں رائج ہے، اور اس کی بنا پر تمام دنیا میں

---

[1] Brassage

[2] Seigniorage

سونے کی قیمت عملاً مقرر ہو گئی ہے حتیٰ کہ قیمت میں کبھی تغیر نہیں ہوتا۔ اگر ہوتا ہے بھی تو بہت قلیل یعنی فی اونس ایک چھوٹی سی کسر کے حساب سے۔

یہاں ضمناً یہ بھی بیان کر دینا ضروری ہے کہ لندن کے فلزی بازار میں معیاری سونے کی اصلی قیمت حقیقت میں کم و بیش ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۹ پنس رہتی ہے نہ کہ ۴ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے۔ اس کی وجہ حسب ذیل ہے:۔ فی الواقع انگلستان میں یہ رواج نہیں ہے کہ کسی شخص کو اپنا سونا خود ٹکسال میں پیش کرنا پڑتا ہو اور اپنے طور پر سکے ڈھلوانے پڑتے ہوں۔ 50

بنک اور ٹکسال گو ہر شخص کو قانوناً ایسا کرنے کا اختیار دیا گیا ہے لیکن عملاً لوگ ایسا نہیں کرتے بلکہ اس کی بجائے اس میں زیادہ سہولت ہے کہ بنک آف انگلینڈ جو حقیقت میں سرکاری بنک کی حیثیت رکھتا ہے گو بظاہر اسکی ایسی حیثیت نہیں ہے، تکسیک کے لیئے فلز لینے میں ٹکسال کے گماشتے کی حیثیت سے کام کرے۔ پس جس کسی کے پاس سونا فروخت کرنیکی غرض سے موجود ہو وہ دارالضرب میں پیش کرنے کی بجائے تاکہ دارالضرب اپنی سہولت سے اس کے سکے ڈھالے سیدھا بنک آف انگلینڈ جاتا ہے۔ اس میں تاخیر نہیں ہوتی اور اس کو سونے کے معادل سکے فوراً یا کم از کم سونے کے تول پر کہہ لیئے جانے کے بعد مل جاتے ہیں۔ اسکی وجہ سے نہ صرف فلز کے مالکوں کو سہولت ہوتی ہے اور سکے ڈھلکر ملنے میں جو تاخیر ہوتی ہے وہ بھی نہیں ہوتی، بنے بنائے سکے مل جاتے ہیں۔ وقت کی بھی قیمت ہے اور وہ بھی زر ہے اس لیئے کہ جتنی مدت تک سونا ٹکسال میں سکہ ڈھلنے سے پیشتر تک بیکار پڑا رہتا ہے وہ گویا ایسا غیر مشغول اصل ہے جس پر کوئی سود نہیں ملتا۔ یہ بظاہر بہت ہی معمولی سی بات معلوم ہوتی ہے پھر بھی وہ ایک نہایت ہی اہم اور قابل لحاظ امر ہے، اور مالکان فلز اس کا معاوضہ ادا کرنے کے لیئے تیار ہوتے ہیں۔ پس بنک ایسا انتظام کرتا ہے کہ اس کی رو سے اسکو صرف ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۹ پنس فی اونس ادا کرنے پڑتے ہیں یا مقررہ دستوری قیمت سے ½ پنس فی اونس کم قیمت وہ ادا کرتا ہے۔ گویہی بنک کی محنت و خدمت کا صلہ ہے اور حکومت کو دارالضرب کا مالک ہونے کی حیثیت سے

اصل پر سود نہ ملنے کی وجہ سے جو نقصان ہوتا ہے اس کی بھی اس تھوڑی بہت تلافی ہو جاتی ہے۔ اس طرح واقعہ یہ ہے کہ بنک آف انگلینڈ ایک لحاظ سے ٹکسال کا گماشتہ بن گیا ہے اور غیر مسکوک فلز کی کثیر مقدار بنک کی تجوریوں میں رکھی رہتی ہے اور ضرورت کے لحاظ سے وقتاً فوقتاً ٹکسال کو سکہ سازی کے لیئے فلز دیا جاتا ہے۔

دوسرے سکے۔ یہاں تک تو انگلستان کے سونے کی سکہ سازی کا حال معلوم ہوا۔ لیکن جب یہ بات ذہن نشین رکھی جائے کہ ہر ملک کو ایک سے زیادہ قسم کے سکے جاری کرنے پڑتے ہیں تو معاملات بہت زیادہ پیچیدگی اختیار کر لیتے ہیں۔ مثلاً ہر بنک کے لیئے ضروری ہے کہ سونے کے سکوں کے ماسوا چاندی اور تانبے کے سکے بھی جاری کیئے جائیں۔ لیکن چاندی کی ٹکسالی قیمت مقرر کرنے کا عمل سونے کی ٹکسالی قیمت مقرر کرنے کے عمل سے مختلف ہے یعنی سونے کی حد تک صرف معیاری سکے کا وزن از روئے قانون مقرر ہوتا ہے یا معیاری فلز کے مقررہ وزن سے سکوں کی مقررہ تعداد ڈھالی جا سکتی ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے، سونے کی موجودہ قیمت کا تقرر محض ایک اتفاقی امر تھا۔ یا دوسرے الفاظ میں یہ محض اتفاق تھا کہ ایک پونڈ سٹرلنگ کے وزن کے سونے سے ۴۶۷٫۲۵ ساورن ڈھالے جاتے ہیں۔ اگر تسکیک از سر نو دوسرے اصول پر کرنی پڑے تو ممکن ہے کہ کوئی جفت وابستہ عدد مثلاً ۵۰ کا انتخاب کیا جائے جس کے معنی یہ ہوں گے کہ سونے کی قیمت بڑھ کر ۴ پونڈ ۳ شلنگ ۴ پنس فی اونس ہو جائے گی۔ لیکن اس سے سونے کی قدر یا اس کی قوت خرید میں کوئی قلیل سا فرق بھی پیدا نہ ہوگا۔ اسلیئے کہ اس امر کا کئی دفعہ ذکر کیا جا چکا ہے اور یہاں اس کا اعادہ کچھ ضرورت سے زیادہ ہی ہوگا کہ سونے کی ٹکسالی قیمت سونے کی اصلی قیمت نہیں ہوتی۔ بلکہ محض قدر مبادلہ یا قیمت بحوالۂ طلا ہے، جو درحقیقت قدر مبادلہ نہیں ہے)

51

سونے اور چاندی کی قدر۔ سونے کی اصلی قدر اس کی قوت خرید ہے یعنی یہ کہ دوسرے تمام اشیاء کے مبادلہ میں اس کی کیا قدر ہے اور اس قدر میں بلا لحاظ سونے کی اس قیمت کے جو بوجہ قانوناً مقرر

کیئے جانے کے معین رہتی ہے جلد جلد تغیر ہوتا رہتا ہے۔ اس کی مثال بعینہ ایسی ہی ہے جیسے کہ کسی وجہ سے یہ فیصلہ کر دیا جائے کہ آیندہ سے ایک فٹ میں بجائے ۱۲ انچ کے ۱۰ ہی انچ ہوں۔ انچ کے طول کو بڑھا کر معیار پیمائش میں تبدیلی کرنے سے کسی شئے کے طول میں رمق برابر فرق واقع نہ ہوگا بلکہ محض پیمائش کے اعداد میں فرق پیدا ہو جائے گا۔ پس سونے کی ٹکسالی قیمت محض قانونی فیصلے کا نتیجہ ہے جس کی کوئی اہمیت نہیں اور جس کا اس کی اصلی قدر پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

چاندی کی ٹکسالی قیمت اس کے برخلاف چاندی کی ٹکسالی قیمت اس کی اصلی قدر ہوتی ہے یعنی یہ سونے کے مقابلہ میں اور سونے کی وساطت سے تمام اشیاء کے مقابلے میں چاندی کی قدر مبادلہ ہے لیکن چاندی کی یہ قدر مبادلہ رسد وطلب کی قوتوں کے عمل سے بازار ہی میں معین ہو جاتی ہے۔ اس لحاظ سے از روئے قانون چاندی کی ٹکسالی قیمت مقرر کرنا ناممکن ہے۔ ٹکسالی قیمت کا اصلی بازاری قیمت کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ اس کے مطابق قیمت کا معین کرنا تو بخوبی ممکن ہے لیکن ایک مرتبہ تعین کر دینے کے بعد ٹکسالی قیمت کو بازاری قیمت کے مطابق برقرار رکھنا مشکل ہے۔ اس لئے کہ بازاری قیمت میں وقتاً فوقتاً اور بڑی حد تک تغیرات ہوتے رہتے ہیں اور قدر طلا کے تغیرات کے برعکس چاندی کی قدر کے تغیرات بہت نمایاں طور سے اس لیئے معلوم ہو جاتے ہیں کہ چاندی کی قیمت بحوالۂ طلا ظاہر کی جاتی ہے۔ چاندی کی قیمت اس کی اصلی قیمت ہوتی ہے اس لیئے کہ وہ دوسری شئے کے حوالے سے بیان کی جاتی ہے اس طرح یہ واقعہ کہ سونے کی قیمت میں تغیر نہیں ہوتا اس واقعہ کی پردہ پوشی کرتا ہے کہ اس کی قدر میں تبدیلی واقع ہوتی ہے اس لیئے کہ یہ تغیر معکوس طریقہ پر دوسری اشیا کی قیمتوں کے تغیرات کے ذریعہ سے ظاہر

چاندی کی قیمت کا تغیر کیا جاتا ہے جب چاندی کی قدر میں تغیر ہوتا ہے تو یہ تغیر براہ راست اسکی قیمت بحوالۂ طلا سے ظاہر کیا جاتا ہے یعنی سونے کی اس مقدار سے ظاہر کیا جاتا ہے جو ایک اونس چاندی کے معاوضہ میں ادا کرنا ضروری ہے مثلاً ۱۸۵۹ء میں چاندی کی قیمت ۶۲ ۱/۲ پنس فی اونس تھی جو گھٹ کر ۱۹۰۳ء میں ۲۳ ۱/۲ پنس فی اونس ہوگئی[1] اور ۱۹۱۷ء میں پھر بڑھ کر ۵۰ پنس

[1] دیکھو جدول (۴ و ۱۶)

فی اونس ہوگئی۔ چاندی کی قیمت کے یہ تغیرات سونے کی قیمت کے تغیرات سے بھی بہت زیادہ اور جلد جلد واقع ہوتے ہیں جس کی وجہ اولاً یہ ہے کہ چاندی کی رسد سونے کی رسد کے مقابلہ میں بہت کثیر اور بہت زیادہ تغیر پذیر ہے اور دوسرے یہ کہ تجارت اور صنعتی اغراض کے لیئے جتنی چاندی استعمال کی جاتی ہے اس کی مانگ سونے کے مقابلہ میں نسبتہً بہت زیادہ ہے۔ ہر سال سونے کی جتنی پیداوار نکلتی ہے اس کا بڑا حصہ یعنی بقدر نصف یا دو ثلث حکومتیں سکہ سازی کے لیئے یا اپنے ذخائر طلا کو پُر کرنے کے لیئے خرید لیتی ہیں۔ لیکن چاندی کی صورت میں یہ تناسب بہت ہی کم ہے۔ تانبے اور نکل کی صورت میں اس کے مماثل اسباب کی بنا پر ٹکسالی قیمت مقرر کرنا قطعاً ناممکن ہے ان دھاتوں کی قیمت کا تعین صنعتی اغراض کے لئے ان کی قدر کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ اور سکہ سازی کے اغراض کے لیئے ان کی جو طلب ہے وہ بالکل معمولی اور نظر انداز کرنے کے قابل ہے۔

قانون گریشم۔ لیکن اس سے ایک اور وقت پیدا ہوتی ہے۔ اگر چاندی کے سکوں کو بطور زر قانونی رائج کرنا ہو تو یہ ضروری ہے کہ سونے کے مثل چاندی کے لیئے بھی قواعد مرتب کیئے جائیں۔ اور چاندی کی قیمت میں بھی ثبات قائم رکھا جائے۔ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو ایک بہت بڑی پیچیدگی پیدا ہو جائیگی۔ یعنی اگر چاندی کی قیمت کی تخفیف کو روکا نہ گیا یا اس کو کم ہونے کا موقع دیا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سونے کے سکے رواج سے غائب ہونے لگیں گے اور اگر اس کے برعکس چاندی کی قیمت کو بہت زیادہ بڑھ جانے دیا گیا تو چاندی کے سکے رواج سے غائب ہونے لگیں گے جس کی وجہ یہ ہوگی کہ سونے کے سکے نسبتہً کم قدر ہو جائیں گے اور چاندی کے سکے مقابلتہً زیادہ قیمت کے ہو جائیں گے۔ اسی رجحان کو قانون گریشم کہتے ہیں۔ یعنی یہ کہ اگر کسی ملک میں دو سکے بطور زر قانونی آزادانہ طور سے رائج ہوں تو ان میں وہ سکہ جس کی قدر و قیمت نسبتہً کم ہو دوسرے کو ہمیشہ رواج سے ہٹا دے گا یا سیدھے طریق پر اس کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ خراب سکے عمدہ سکوں کو رواج سے ہٹا کر خود رائج ہو جاتے ہیں۔

اس کی تشریح۔ یہ بادی النظر میں ایک لایعنی قول معلوم ہوتا ہے لیکن ذرا سا

غور کرنے سے معلوم ہو جائے گا کہ وہ بالکل فطری اور صحیح ہے۔ سکوں کو استعمال کرنے کا سب سے بڑا مقصد ان سے قرضہ کی ادائی میں کام لینا ہے۔ اگر بذریعۂ قانون دونوں سکوں میں ایسی قوت دلیعت کی جائے جس کی رو سے وہ اس مقصد کو سرانجام دے سکیں یعنی دونوں زر قانونی قرار دیئے جائیں تو لوگ قدرتاً ان دونوں میں سے خراب سکے کو اس غرض کے پورا کرنے کے لیئے پسند کریں گے۔ دوسرے الفاظ میں وہ ناقص سکوں کو دوسروں کے حوالے کریں گے اور عمدہ سکے اپنے پاس رکھ چھوڑیں گے۔ قانوناً تو دونوں سکے ادائی قرض کے لیئے یکساں طور سے عمدہ ہیں مگر پہلے کے مقابلہ میں دوسرا اس لحاظ سے نسبتہً زیادہ عمدہ ہے کہ ایک اور بازار ایسا موجود ہے جس میں خوبی کے اعتبار سے دونوں مساوی نہیں ہوتے اور وہ فلز کا بازار یا زرگر یا سُنار کی دکان ہے۔ یہاں سونے کی قدر چاندی کی قدر سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ گویا اصطلاحی زبان میں سونے پر بڑھوتری ملتی ہے۔ اس طرح بظاہر یہ عملدرآمد ہونا بدیہی ہے کہ سونے کے سکوں کو بطور فلز استعمال کیا جائے اور چاندی کے سکے کو ان دوسرے اغراض کے لیئے رکھا جائے جن میں وہ سونے کے مساوی عمدہ ثابت ہو سکتا ہے۔ پس جب یہ ذہن نشین رکھا جاتا ہے کہ سونے کے رواج سے غائب ہونے کے معنی محض یہ ہیں کہ لوگ عمدہ سکے پس انداز کر رہے ہیں اور ناقص سکے اپنے پاس سے الگ کر رہے ہیں تو سکوں کے رواج سے غائب ہونے کا راز فاش ہو جاتا ہے۔ عمدہ سکوں کو پس انداز کرنا بالکل قدرتی امر ہے۔ پس ہر شخص کم قیمت یا ناقص سکوں کو ادائی قرض کے لیئے استعمال کرتا ہے اور عمدہ زر کو ان دوسرے اغراض کے لیئے رکھ چھوڑتا ہے جن میں ان کی اعلیٰ قدر منفعت بخش صورت میں وصول ہوتی ہے۔ 53

قدیم بمقابلہ جدید سکہ۔

قانون گریشم جن دوسرے حالات کے تحت عمل کرتا ہے ان کی چند مثالوں سے صورت معاملات کی مزید توضیح ہوگی۔ ایک بہت ہی عام صورت وہ ہے جس میں ایک بہت ہی پرانا اور فرسودہ سکہ رواج میں ہو اور حکومت نئے سکہ کے اجرا

کے ذریعہ سے اس کی پابجائی کرنے کا فیصلہ کرے۔ گو قوت خرید کی حد تک نئے سکے پرانے سکوں سے کسی طرح بہتر نہیں ہیں پھر بھی ہر شخص جس کو نئے سکے ملیں گے جبلی طور سے انھیں پس انداز کرنے کی کوشش کرے گا۔ مثلاً فرض کرو کہ کسی شخص کو اپنے ذمہ کا حساب بے باق کرنا ہے اور وہ مٹھی بھر سکے تھیلی سے نکالتا ہے تو وہ ناگزیر طریق پر اور یہ سمجھے اور سوچے بغیر کہ وہ کیا کر رہا ہے فرسودہ اور ناقص چن کر الگ کر لیگا اور چمکدار نئے سکے اس لیئے رکھ چھوڑیگا کہ وہ انھیں ترجیح دیتا اور پسند کرتا ہے۔ جب نئے سکوں کا اجرا عمل میں آتا ہے تو اس کا نتیجہ بادی النظر میں ایک معمہ اور چیستان معلوم ہوتا ہے۔ جونہی نئے سکے جاری ہوئے کہ وہ رواج سے غائب ہونے لگتے ہیں۔ لیکن پرانے سکے پہلے سے اب بہت زیادہ مقدار میں مشاہدے میں آنے لگتے ہیں اور تاوقتیکہ حکومت پرانے سکوں کو اسی سرعت کے ساتھ واپس نہ لیتی جائے جس سرعت کے ساتھ وہ نئے سکے جاری کر رہی ہو صرف پرانے سکے ہی زمانہ دراز تک
54 رواج میں رہیں گے۔ یہ امر اس قانون گریشم کے عملدرآمد کی ایک ضروری شرط کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ اور وہ یہ کہ ناقص سکوں کی کافی تعداد رواج میں ہونی چاہیئے تاکہ ان سے ملک کی ضرورتیں کماحقہٗ پوری ہوں ورنہ عمدہ سکے رواج سے غائب نہ ہونگے۔ بازار کے روزمرہ کے کاروبار کو سرانجام دینے کے لیئے سکوں کی ایک مقررہ مقدار

چاندی کی قیمت کی کمی۔

کی موجودگی ضروری ہے۔ اگر اس کام کو انجام دینے کے لیئے ایک قسم کے سکوں کی کافی مقدار موجود نہ ہو تو یہ کمی پوری کرنے کے لیئے دوسری قسم کے سکے سے کام لیا جائے گا۔ اس طرح عام قاعدہ یہ ہے کہ صرف اس صورت میں جبکہ ناقص اور کم قیمت سکے کے لیئے آزاد سکہ سازی عمل میں آئے قانون گریشم کا عملدرآمد پوری قوت کے ساتھ ہوگا۔ اس لیئے کہ اس صورت میں محض کم قدری کا واقعہ ناقص سکوں کی رسد کو بڑھا دیتا ہے جس وقت تک دارالضرب کھلا رہے کم قدر فلز کی تکسیک میں فائدہ ہوگا۔ یہ امر قانون گریشم کی دوسری مثال کی جانب اشارہ کرتا ہے جس میں کہ کم قدر سکہ مثلاً چاندی کا سکہ سونے کے سکے کے ساتھ ساتھ بحیثیت زر قانونی رواج میں ہو۔ اس صورت میں محض کم قدری اور آزاد سکہ سازی کا واقعہ مزید کم قدری پیدا کرنے کا

باعث ہوتا ہے اس لیئے کہ آزاد تسلیک کی موجودگی کی صورت میں ٹکسال میں چاندی پیش کر کے اس کے سکے ڈھلوانے اور ان کو بازار میں دوسرے اشیا کے مبادلے میں اور اس طرح سونے کے سکوں کے مبادلے میں استعمال کرنے میں فائدہ ہے اس لیئے کہ ان کے مبادلے میں اشیا اور پھر سونے کے سکے حاصل ہونے کے بعد ان سونے کے سکوں سے انجام کار اور زیادہ چاندی کم بازاری قیمت پر خریدی جا سکتی اور اس سے پھر زر قانونی اپنی پوری قیمت متعارفہ پر تسلیک کیا جا سکتا ہے اس طرح تخفیف قدر مزید تخفیف کا باعث بن جاتی ہے۔

مصر میں سونا قانون گریشم کے عملدرآمد کی بہت ہی عجیب مثال کا مشاہدہ مصر میں نظام زر کی تنظیم جدید کے بعد ۱۸۸۵ء میں ہوا۔ قدیم نظام کے تحت، جو خفیف سی تبدیلیوں کے ساتھ قائم رکھا گیا، متعارف معیاری سکے یعنی مصری پونڈ کے علاوہ بیرونی ممالک کے تین طلائی سکے بھی رائج تھے جو بعض مقررہ محصولی شرحوں پر زر قانونی کی حیثیت سے آزادانہ طور سے ملک میں استعمال ہوتے تھے۔ یعنی ترکی پونڈ، فرانسیسی نپولین اور انگریزی ساورن۔ لیکن جب ان سکوں پر محصول درآمد کی شرحیں محمد علی کے زمانے میں مقرر کی گئیں تو حکومت نے غالباً نظریۂ تسلیک کے بارے میں غلط فہمی کی بنا پر ان سب سکوں کی محصولی قدر بہت گھٹا کر معین کی۔ محصول کے مدارج ایسے عجیب و غریب طریقے پر معین کیئے گئے کہ ترکی پونڈ پر تینوں سکوں کے مقابلے میں کمترین محصول عائد کیا گیا، فرانسیسی نپولین پر اس سے کچھ زیادہ محصول اور انگریزی ساورن پر سب سے زیادہ محصول عائد کیا گیا۔ اس عجیب و غریب تفریق و امتیاز کا نتیجہ بھی قابل غور ہے۔ کئی سال تک تو اس کا کوئی اثر رونما نہیں ہوا۔ اس لیئے کہ ملک میں کسی قسم کے سونے کی کوئی معقول مقدار ہی موجود نہ تھی۔ اور جتنا سونا ملک میں درآمد کیا جاتا تھا اس کی مانگ بہت قوی تھی۔ لیکن ۱۸۵۵ء کے بعد گوناگوں حالات کے باعث

انگریزی ساورن سونے کی کثیر مقدار ملک میں داخل ہونے لگی اور اسکے ساتھ ہی قانون گریشم کا عملدرآمد ایک عجیب طریقے پر شروع ہو گیا۔ واقعہ یہ ہے کہ مصری پونڈ کی کسی نئی مقدار کا اجرا ہی نہیں کیا گیا اور نہ ان کی کوئی مقدار

55

اس وقت ملک میں موجود تھی۔ گویا مقابلہ دراصل تینوں بیرونی سکوں کے مابین آپڑا تھا۔ ان میں سے ہر سکہ ملک کے متعارف معیاری سکے یعنی مصری پونڈ کے مقابلے میں قوی تھا۔ لیکن انگریزی ساورن سب سے کم قوی، فرانسیسی نپولین اس سے زیادہ قوی اور ترکی پونڈ سب سے زیادہ قوی تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انگریزی سکہ فرانسیسی سکے کے مقابلے میں اور فرانسیسی سکہ ترکی سکے کے مقابلہ میں کمزور تھا۔ گویا چونکہ انگریزی ساورن بقیہ دونوں قوی سکوں کے مقابلے میں کمزور تھا اس لیئے اس نے فوراً دوسرے سکوں کو رواج سے ہٹا دیا۔ اگر فرانس کے طلائی سکوں کا کوئی پارسل ملک کے اندر آیا بھی تو وہ فوراً غائب ہو کر یا تو فرانس واپس چلا گیا یا سناروں کے بازار کی جانب رجوع ہوا جہاں معمولی خرید و فروخت میں اس کی پوری فلزی قدر یا اس کی متصل قدر کے لحاظ سے جو مرقومہ قدر یا مقررہ محصول سے قریب تر ہوتی تھی قیمت وصول ہوتی تھی۔ یہ مثال اس امر کی مزید تشریح کرتی ہے کہ قوی سکوں کی پابجائی کرنے اور اس طرح تمام کام خود ہی تنہا انجام دینے کے لیئے کمزور سکوں کی وافر مقدار جاری کرنا ضروری ہے۔

کاغذ اور سونا۔ سب سے عام مثال جس میں قانون گریشم کا عملدار سب سے قوی معلوم ہو سکتا ہے غالباً وہ ہے جس میں کم قدر زر کاغذی فلزی زر خاصکر سونے کے سکے کے ساتھ ساتھ زر قانونی کی حیثیت سے رائج ہو جیسا کہ بعد میں چلکر معلوم ہوگا، جنگ عظیم اس مسئلے کی متعدد مثالیں مہیا کرتی ہے اور یہ ایسا مسئلہ ہے جس سے کم از کم یورپ کے اکثر ممالک مدت دراز سے بالکل ناآشنا تھے۔

عمدہ زر کسطرح غائب ہوتا ہے۔ قانون گریشم کے عملدرآمد میں ایک اور سوال غور طلب رہ جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ عمدہ زر کہاں غائب ہو جاتا ہے؟ اول اول تو وہ محض اس شخص کی ملکیت میں رہتا ہے جو خوش نصیبی سے اس کا مالک ہو اور جو اس قدر مالدار ہو کہ اس کو خرچ کئے بغیر اپنے پاس رکھ سکے۔ یعنی یہ کہ اس کو پس انداز کیا جاتا یا بطور اندوختہ رکھا جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص زر کا کوئی ذخیرہ پس انداز کرنا چاہے تو وہ قدرتی طور سے حتی الوسع

56

پس اندازی۔ جدید ترین اور بہترین سکوں کو چن لیگا۔ اس عادت کی نمایاں مثال بالعموم مصر میں بکثرت ملتی تھی۔ اس لیئے کہ جب کبھی مصیبت کا زمانہ آتا اور فلاحین کو مجبوراً اپنے اندوختوں سے مدد لینے کی ضرورت پڑتی تو یہ امر مشاہدے میں آتا تھا کہ قدیم تاریخوں کے متعدد طلائی سکے رواج میں آتے تھے اور ان کی عام حالت تحفظ کی وجہ سے بہت ہی عمدہ رہتی تھی۔ لیکن ان ممالک میں جہاں لوگ اپنے زر کو دفینوں میں رکھنے کی بجائے بنکوں میں امانتاً رکھتے ہیں یہی چیز مختلف طریق پر رونما ہوتی ہے۔ سونا بنک میں چلا جاتا ہے، اور جب بنکوں کو زر بیرونی ممالک بھیجنے کی ضرورت پڑتی ہے اور انھیں اپنے گاہکوں کے ذمے کے عارضی مطالبات ادا کرنے کے لیئے جو بیرونی ممالک کے لوگوں کو واجب الادا ہیں بالعموم جلدی جلدی زر بھیجنا پڑتا ہے تو وہ قدرتی طور سے سونا بھیجتے ہیں۔ اسلیئے کہ

برآمد اگر وہ چاندی بھیجیں تو انھیں چاندی کے سکے کی قیمت محض اسکی فلزی قدر کے لحاظ سے وصول ہوگی حالانکہ اسکی مرقومہ قیمت فلزی قدر سے زیادہ ہوتی ہے۔ اسطرح چاندی ملک کے اندر استعمال کرنے کے لیئے رکھ لی جاتی ہے اور سونا بیرونی قرضوں کی ادائی کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس طریقے پر عمدہ زر بیرون ملک چلا جاتا ہے۔

چاندی کی آزاد سکہ سازی کا اثر۔ علاوہ بریں عمدہ زر کو فلز کی حیثیت سے فروخت کرنے میں فائدہ ہے۔ اور اس قسم کی فروخت کو مذکورہ بالا معاملے کے ساتھ بہت ہی جدت طرازی کے ساتھ ملایا جا سکتا ہے۔ جسوقت تک کسی ملک میں چاندی کے سکے ڈھالنے کے لیئے آزاد ٹکسال موجود ہے اسوقت تک چاندی کے سکے کی فلزی قدر اس ملک میں کسی بڑی حد تک نہیں گھٹ سکتی، اور چاندی کے فلز کی مقامی قدر مصنوعی طریقے پر برقرار رکھی جاتی ہے۔ لیکن بیرونی ممالک میں ایسی حالت نہیں پائی جاتی۔ نتیجہ یہ کہ وہاں چاندی اس ملک کے مقابلے میں جہاں اس کو آزادی کے ساتھ زر قانونی کی شکل میں ڈھالا جا سکتا ہو بہت زیادہ ارزاں ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے تاجر یہ کرتے ہیں کہ اپنے ملک کی چاندی کی زائد قیمت پر اپنی تمام چاندی کا سونے سے مبادلہ کر لیتے ہیں۔ اس سونے کو وہ بیرونی ممالک میں بھجوا کر اس کے ذریعہ سے چاندی

فلز کی صورت میں اس کی اصلی قدر پر خرید لیتے ہیں۔ اس کے بعد اس چاندی سے اپنے ملک کی ٹکسال میں معقول منافع کے ساتھ نقروی سکے ڈھلواتے اور تجارت کی غرض سے ان سکوں کا سونے سے دوبارہ مبادلہ کرتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تمام سونا بہت جلد رواج سے غائب ہو جاتا ہے اور ملک کے اندر صرف چاندی ہی چاندی رہ جاتی ہے۔

لیکن یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ یہ صورت انگلستان جیسے ملکوں میں کیوں پیدا نہیں ہوتی جہاں دوسرے زر کے ساتھ چاندی کا سکہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا بہت ہی سیدھا جواب ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ایسے ملکوں میں چاندی کی آزاد سکہ سازی کی کوئی ٹکسال نہیں ہے۔ چاندی کی تشکیک کا کام کلیتہً حکومت کے ہاتھ میں رہتا ہے۔ دوسرا کوئی شخص بھی نہ تو چاندی کا سکہ جاری کر سکتا ہے اور چاندی پیش کر کے حکومت سے سکوں کا اجرا کرا سکتا ہے۔ اس طرح چاندی کی سکہ سازی سے جو اجرت تشکیک وصول ہوتی ہے وہ حکومت کی آمدنی کا معقول ذریعہ[1] ہے۔ لیکن اس سے حکومت پر ایک شدید ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے۔ اور وہ یہ کہ حکومت کو اس کا خیال رکھنا پڑتا ہے کہ ضرورت سے زائد نقروی سکے جاری نہ ہونے پائیں ورنہ سکے کی قدر

چاندی کی تشکیک کیلئے آزاد ٹکسال کی ضرورت نہیں۔

فوراً گھٹنے لگے گی یا جیسا کہ عام طور سے کہا جاتا ہے اس میں کم قدری رونما ہوگی۔ اسطرح افراط و تفریط سے بچکر اعتدال قائم رکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس لیئے کہ افراط و تفریط دونوں تقریباً مساوی طور سے مضرت رساں اور تباہ کن ہیں۔ چاندی کے سکوں کی غیر مکتفی مقدار ہر اس شخص کے لیئے جو اپنے سکوں کا سونے سے مبادلہ کرنا چاہتا ہے باعث دقت و نقصان ثابت ہوتی ہے۔ قدرتی طور سے حکومت بالارادہ اس کی کم مقدار جاری کرنا نہ چاہیگی اس لیئے کہ ایسا کرنا محض مزید سکوں کے اجرا کی اجرت تشکیک سے ہاتھ دھو بیٹھنے کے برابر ہے۔

[1] دیکھو جدول (۴)۔


لیکن ضرورت سے زائد مقدار کے اجرا کے نتائج اس قدر مضر ہیں کہ حکومت کو ہمیشہ اس طریقے کے خلاف احتیاط برتنی پڑتی ہے۔ اور زائد اجرا کے علامات رونما ہوتے ہی زائد مقدار کو ہر وقت واپس لے لینے کے لیئے تیار رہنا پڑتا ہے۔ پھر بھی تمام ممکنہ احتیاطوں کے باوجود چاندی کی آزاد ٹکسال کی عدم موجودگی میں بھی غلطیوں کا ارتکاب ہونا اور غلط اندازوں کا قائم ہونا ناگزیر امر ہے اور آزاد ٹکسال کی موجودگی میں ضرورت سے زائد مقدار کا اجرا اتنا بڑا خطرہ ہے کہ حکومت کو اس سے بچنے کے لیئے دوسرے تدابیر اختیار کرنے پڑتے ہیں۔ بڑا خوف یہ ہے کہ اگر آزاد ٹکسال کی موجودگی میں چاندی کا سکہ زر قانونی ہو تو اس کی بازاری قدر میں کمی واقع ہوتے ہی سونا نہ صرف رواج سے بلکہ تھوڑی ہی مدت میں ملک سے غائب ہو جائیگا۔ اس سے محفوظ رہنے کا بدیہی علاج یہ ہے کہ چاندی کو زر قانونی نہ رکھا جائے، اور یہ کہ اس کی تسکیک حکومت ہی کے ہاتھ میں رہے۔ چنانچہ واقعہ یہ ہے کہ اکثر مغربی ممالک اس اصول پر عمل پیرا ہیں۔ چاندی کے سکے نام نہاد زر علامتی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ علیٰ ہذا تانبے اور نکل کے سکوں کی بھی یہی حیثیت ہے۔ چاندی کے سکے کی فلزی قدر اس کی مرقومہ قدر سے کم ہوتی ہے اور یہ سکہ بہت ہی محدود مقدار تک زر قانونی ہوتا ہے جس کے معنی معاشیات کے نقطۂ نظر سے یہ ہیں کہ وہ قطعاً زر قانونی نہیں ہے۔ مثلاً انگلستان میں چاندی کا سکہ صرف بقدر دو پونڈ زر قانونی ہے۔ اور تانبے کے سکے کی ادائی صرف ایک شلنگ کی حد تک قانوناً روا رکھی جا سکتی ہے۔ زر علامتی کی نوعیت سے پتہ چلتا ہے کہ ٹکسال چاندی کی تسکیک کے لیئے بند ہے۔

زر علامتی۔

58

مشکلات کو حل کرنے کا یہ بظاہر بہت ہی آسان طریقہ معلوم ہوتا ہے لیکن بدقسمتی سے وہ اتنا آسان نہیں ہے جتنا کہ بادی النظر میں معلوم ہوتا ہے اور واقعہ یہ ہے کہ یہی معاشیات کے ان بڑے بڑے بحث مباحثات میں سے ایک مباحثے کی بنا ہے جو دنیا میں اب تک رونما ہوئے ہیں۔ اور یہ مباحثہ فلزیت اور فلزیت کے دو متضاد نظاموں کے مابین ہے جن کی

تشریح متعاقب باب میں کی جائیگی۔



حوالہ جات:۔

ژیڈ:۔ باب سوم دفعہ ۴ و ۵۔ Gide

جیونس:۔ باب ہشتم تا یازدہم۔ Jevons, money

ساتواں باب

59

دوفلزی طریق

(۱) اس مسئلے کا مفہوم اور اس کی اہمیت۔ (۲) اکیلا سونا دنیا میں زر کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے۔ (۳) سونے کی قدر میں عدم ثبات پذیری۔ (۴) قومی دوفلزی طریق کے مشکلات۔ (۵) لاطینی اتحاد اور اس کی تاریخ۔ (۶) ہندوستان اور امریکہ کی حیثیت۔ (۷) بین الاقوامی دوفلزی طریق کے امکانات۔

موجودہ زمانے میں دوفلزی طریق پر بحث مباحثوں کا سلسلہ اس قدر کامل طور سے منقطع ہوگیا ہے کہ اس وقت اس کا احساس کرنا بھی دشوار ہے کہ تمام عالم میں معاشی بحث مباحثوں میں فلزیت کا بحث مباحثہ کبھی سب سے زیادہ اہمیت و تفوق رکھتا تھا۔ پھر بھی یہ مسئلہ نہ صرف زر کے مسائل کی جدید تاریخ کا جزو ہونے کی حیثیت سے اہمیت اور دلچسپی رکھتا ہے بلکہ اس وجہ سے بھی کہ اگر کل دنیا میں قیمتیں فلزات کی رسد کے حالات اور ان کا استعمال بحیثیت زر کم و بیش پچھلے زمانے کی سی صورت اختیار کرلے تو کسی نہ کسی دن اس مسئلے کی بحث کا از سر نو چھڑ جانا تقریباً یقینی امر ہے۔

یوں تو بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ کوئی زیادہ عملی اہمیت نہیں رکھتا۔ محض اس بظاہر غیر اہم مسئلے کی بنا پر کہ آیا تقروی سکہ زر قانونی رہنا چاہیئے یا زر علامتی آخر تمام مہذب دنیا دو بالکل مختلف و متضاد گروہوں میں کیوں تقسیم ہوگئی؟ اگرچہ بظاہر اس بحث مباحثے کا خلاصہ یہی نکلتا ہے۔ لیکن اس کے اصلی معنی اس سے کہیں زیادہ گہرے ہیں اور بہت زیادہ عملی اہمیت رکھتے ہیں۔ اس کا مدار زر کے اساسی اصول پر ہے اور وہ نظریہ مقدار زر پر اور کل دنیا کی زر کی ضرورتوں اور ان کو پورا کرنے کے طریقے کے مسئلے پر مبنی ہے۔

بحث مباحثہ

بحث مباحثے کا محور و مرکز یہ ہے کہ آیا محض سونا زر قانونی رہنا چاہیئے یا سونا اور چاندی دونوں کو قرضے کی ادائی کے لیئے مساوی طور سے غیر محدود طریقے پر کام میں لانا چاہیئے۔ اگر دہرا معیار جاری کیا جائے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ دونوں فلزات کی قدر کے مابین کوئی مقررہ نسبت قائم و برقرار رکھنی پڑے گی اور قدر کی اس نسبت کو دونوں فلزات کے معیاری سکوں کے اضافی وزن اور سونے چاندی کی بازاری قدر کے مطابق و متناسب رکھنا پڑیگا۔ کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ اگر ۲۰ شلنگ کو حقیقت میں ایک ساورن کے ہم قدر بنانا ہے تو دونوں قسم کے سکوں میں سونے اور چاندی کا وزن علی الترتیب اس طرح مقرر کرنا پڑیگا کہ ۲۰ شلنگ میں جتنی چاندی ہو وہ بازار میں ساورن کے سونے کی مقدار کے بالکل ہمقدر ہو۔ دونوں سکوں میں اس طرح پائیدار رشتہ اور صحت قائم کرنے کا صرف ایک ممکنہ طریقہ ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ دونوں سکوں کا وزن اور ان کی قدر سونے اور چاندی کی اضافی قدر کے کسی مفروضہ و مقررہ تناسب کی بنا پر متعین کرنی چاہیئے، اور دونوں فلزات کی حقیقی بازاری قدر پر اس تناسب کو مستقل طور سے منطبق و نافذ کرنے کے بارے میں موثر تدابیر اختیار کرنے چاہئیں۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے اسکی عملی صورت صرف یہ ہے کہ معیاری زر کی صورت میں مقررہ تناسب کے ساتھ دونوں فلز کے سکے ڈھالنے کیلیئے آزاد سکہ سازی کا طریقہ رائج کیا جائے۔ اس طرح مشہور قدیم تناسب ۱۵½ : ۱ اور اٹھا جس کو بالآخر فرانس نے ۱۸۰۳ء میں اختیار کیا اور لاطینی اتحاد نے ۱۸۷۳ء تک

دُہرا معیار

قائم رکھا۔ اس تناسب کا مطلب یہ تھا کہ چاندی کے ۲۰ فرنک کے سکوں میں یا چاندی کے پانچ فرنک والے چار سکوں میں جتنی خالص چاندی تھی اس کا وزن اس خالص سونے کے وزن کے مساوی تھا جو ۳۱۰ فرنک کے سونے کے سکے میں یا ۱۵½ نپولین میں (جن میں سے ہر ایک ۲۰ فرنک کا تھا) ہوتا تھا۔ اس لیئے کہ فرانس میں چاندی اور سونے کے سکوں کے لیئے ایک ہی مقررہ معیار ہے یعنی کل سکے میں خالص فلز ۹/۱۰ حصے ہوتا ہے۔ لاطینی اتحاد میں جتنے ملک شریک تھے ان سب نے ستر سال تک اپنے ہاں یہی تناسب قائم رکھا، حالانکہ اسی زمانہ میں یورپ کے دوسرے ممالک یک فلزی تھے لیکن ۱۸۷۳ء میں لاطینی اتحاد کے شرکاء انجام کار اس کشاکش سے دست بردار ہونے اور اپنے ٹکسالوں کو آزاد سکہ سازی کے لیئے مسدود کر دینے پر مجبور ہو گئے۔ اور ان کی اس مسلمہ شکست ہی نے وہ حالات پیدا کیئے جن سے بحث مباحثے پیدا ہوئے۔ دو فلزی استدلال میں سب سے وقت طلب مسئلہ چاندی کی سکہ سازی کے لیئے آزاد ٹکسال کا قیام و انسداد ہے۔

یک فلزی طریق۔ لاطینی اتحاد کے خلاف جو گروہ تھا وہ محض سونے کے سکوں کو زر قانونی بنانے، چاندی کے سکوں کو تانبے اور نکل کے سکوں کے مثل محض زر علامتی قرار دینے اور چاندی کے سکے ڈھالنے کا انتظام کلیتہً حکومت کے ہاتھ میں رکھنے پر زور دیتا تھا۔ اس کو یک فلزی طریق یا اکہرا معیار کہا جاتا ہے۔ یہ وہ نظام ہے جس کو انگلستان، جرمنی اور جاپان وغیرہ نے اختیار کیا ہے اور اس وقت فرانس، لاطینی اتحاد اور ہندوستان بھی اس پر عمل پیرا ہیں۔ اس مسئلے کی پوری اہمیت سمجھنے کے لیئے یہ ضروری ہے کہ زر کے حالات کی تاریخ پر اول ایک نظر ڈالی جائے جن کی بنا پر یہ مسئلہ رونما ہوا، اور یہ معلوم کیا جائے کہ وقتاً فوقتاً مختلف ملکوں نے ایسے مختلف نظام کیوں اختیار کیئے جن کی بنا پر یہ بحث مباحثہ رونما ہوا۔

گذشتہ باب میں یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ انگلستان دنیا میں پہلا ملک کیوں ہے جس نے ۱۶۶۳ء میں قیمتی فلز کی آزاد برآمد کو جائز قرار دیا اور گنی کی۔ مابعد تاریخ نے انگلستان کی رہبری تقریباً بلا ارادہ سونے اور چاندی کے

تاہین شرح یا تناسب قائم کرنے کی جانب کس طرح کی جس کی بنا پر ۱۷۱۷ء میں گنی کی قدر ۲۱ شلنگ مقرر کی گئی اور اسی شرح پر اس کو زر قانونی قرار دیا گیا۔ یہ شرح ۱۵½ اور (۱) کے تناسب کے تقریباً معادل تھی۔ اس شرح کو اختیار کرکے انگلستان نے چاندی کو ترک کرنے اور سونے کو اپنا خاص زر بنانے کی جانب بتدریج اور تقریباً غیر محسوس طریقے پر قدم بڑھانا شروع کیا۔ سب سے پہلا باقاعدہ قدم ۱۷۷۴ء میں اٹھایا گیا جبکہ اس زمانے میں چاندی کے سکوں کی بے انتہا خراب حالت کے باعث یہ قانون منظور و نافذ کیا گیا کہ چاندی کا سکہ حساب یا شمار سے صرف ۲۵ پونڈ کی حد تک کاروبار میں لازمی طور سے قابل قبول رہے گا۔ یہی پہلی بندش تھی جو چاندی کے سکوں کی پوری قدر قانونی پر قائم کی گئی۔ ۱۷۹۸ء میں جنگ نپولین کے زمانے میں جبکہ جنگی ضرورتوں کے لحاظ سے بنک آف انگلینڈ کے لیئے طلائی شکل میں ادائی کا روکدینا ضروری ہوگیا تھا انگلستان کے ٹکسالوں میں چاندی کی آزاد ٹسکیک موقوف کردی گئی۔ اس کا اتفاقی نتیجہ یہ ہوا کہ چاندی کے سکوں کی حالت بہت جلد خراب ہوگئی اور ان سکوں کی مقدار اسقدر گھٹ گئی کہ اس کمی کو پورا کرنے کے لیئے بنکوں کی جانب سے بلکہ خانگی اشخاص کی جانب سے بھی ہر قسم کے زر علامتی جاری کیئے گیئے اور فرانس کے چاندی کے سکے اس قلت کو رفع کرنیکے لیئے کثیر مقدار میں انگلستان لائے گیئے۔ اس طریق پر عارضی عملی ضرورت کا پورا کیا جانا نہایت حیرت انگیز واقعہ ہے خاصکر اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ اس وقت انگلستان، فرانس ہی سے برسرجنگ تھا۔ غرض چاندی کے سکوں کی ناقص حالت کے باعث اور طلائی سکوں کی کمیابی اور بیش قدری کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں یہ خیال بتدریج جاگزیں ہوتا گیا کہ سونے کا سکہ ہی زیادہ بہتر قسم کا سکہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ملک کی نوخیز صنعتوں کی ترقی کے باعث انگلستان کی دولت میں جو روز افزوں اضافہ ہو رہا تھا اس نے تجارتی کاروبار میں زر کی بہت زیادہ مقدار کے استعمال کو ضروری بنا دیا اور چاندی کے سکوں میں چونکہ قدر کم تھی اور وزن زیادہ تھا اس لیئے ان کے استعمال

62

کرنے میں روز بروز زیادہ دقتیں محسوس ہوتی جارہی تھیں۔ بہرحال واقعہ یہ ہے کہ

۱۸۱۶ء کی اصلاح

جب جنگ کے اختتام کے بعد زر کی اصلاح کا مسئلہ ۱۸۱۶ء میں رونما ہوا تو تقریباً متفقہ طور سے یہ مان لیا گیا کہ انگلستان کے لیئے آئندہ سونے کا سکہ ہی بہتر ہوگا اور اس سال جو قانون منظور ہوا اس میں اسی خیال کی اتباع کی گئی۔ اس قانون کے تحت طلائی ساورن انگلستان کے نظام زر کا معیاری سکہ قرار پایا اور چاندی کے سکے کو زر علامتی بنا کر اس کی حیثیت ہمیشہ کے لیئے ذیلی سکے کی کردی گئی، اس کی آزاد سکہ سازی کے لیئے ٹکسال پھر نہ کھولے گیئے اور اس کو صرف ۲ پونڈ کی حد تک زر قانونی قرار دیا گیا۔ انہی کے ساتھ چاندی کے سکوں کی فلزی قدر میں کچھ تخفیف کردی گئی اس لیئے کہ قانون نے یہ قرار دیا کہ آئندہ سے آدھ سیر وزن کی چاندی سے قدیم شرح ۶۲ شلنگ کے بجائے ۶۶ شلنگ مضروب ہوں گے۔ اس طرح انگلستان نے قطعی طور سے اور انجام کار یک فلزی نظام کو اختیار کر لیا۔

فرانس میں دو فلزی طریق

عام طور سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ فرانس میں ۱/۱۵ و ۱ (۱) کے تناسب کے اختیار کیئے جانے کا واقعہ ۱۸۰۳ء میں ظہور پذیر ہوا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس سال کا عملدرآمد محض سابقہ فیصلے کی توثیق کے سلسلے میں تھا جو محکمۂ مالیات کے صدر ناظم کیلون کے مشورے سے ۱۷۸۷ء میں کیا گیا تھا۔ ۱۸۰۳ء کے بعد سے فلزیت کی تاریخ کا تعلق زیادہ تر فرانس اور براعظم میں اس کے ہمسایہ بنکوں سے رہ جاتا ہے۔ انیسویں صدی کے ابتدائی حصے کے بعد سے خاصکر ۱۸۳۰ء سے طلا کی قدر زیادہ تر بڑھی رہی یعنی فرانس کے ٹکسالوں کے مقرر کردہ تناسب کے مقابلے میں سونے کی قدر دراصل زیادہ رہی۔ اس کا ناگزیر نتیجہ یہ ہوا کہ فرانس کے ٹکسالوں میں چاندی کے سکے کثیر مقدار میں ڈھالے گیئے اور کثیر المقدار سونا برآمد کیا گیا۔ لیکن اس برآمد سے سونے کی مقدار میں جو کمی واقع ہوئی وہ اس وجہ سے

---

۱ Calonne

ایک حد تک بہت کم محسوس کی گئی کہ پانچ فرانک کے چاندی کے سکوں کی کثیر مقدار تمام اغراض کو بخوبی پورا کر رہی تھی۔

سونے کی نئی رسد

۱۸۴۸ء اور ۱۸۴۹ء میں کیلی فورنیا اور آسٹریلیا میں جو طلا کثیر مقدار میں برآمد ہوا اس کی وجہ سے یہ تمام صورت حالات بدل گئی۔ دنیا کی سونے کی مجموعی پیداوار بہت بڑھ گئی[1]۔ لیکن اس اضافۂ رسد کے حقیقی معنوں اور اثر کو ماہروں نے ایک مدت دراز تک نہیں سمجھا۔ فرانس میں طلائی 63
نپولین رائج ہوئے، عوام نے اس کو نئے عہد طلا کی نمایاں علامت خیال کر کے اس کا خیر مقدم کیا، اور جب لندن کے کرسٹل پیلس میں عظیم الشان نمائش ہوئی تو اس کو تمام دنیا میں امن و امان اور خوشحالی کے دور کے طلوع کا افتتاحی جشن خیال کیا گیا۔ ہر طرف سونا ہی سونا تھا اور اس کی افراط اس قدر تھی کہ حقیقت میں تاریخ جدید میں اس سے پیشتر اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی اور ایک مدت دراز تک کسی کو یہ شبہ بھی نہ ہوا کہ سونے کی اس افراط کے کیا معنی ہیں اسکے معنی سب سے پہلے اس طرح سمجھ میں آئے کہ اہل فرانس پر رفتہ رفتہ یہ روشن ہونے لگا کہ انکے ملک سے چاندی غائب ہو رہی ہے۔ اس طرح انجام کار علمائے معاشیات اور ماہران فن مالیات حقیقی صورت حالات کے مفہوم سے واقف ہو گئے سونے کی قدر گھٹ رہی تھی اور سونا قانون گریشم کے تحت چاندی کو رواج سے ہٹا

سونے کی کم قدری

رہا تھا۔ لیکن ۱۸۶۵ء تک براعظم کے ملکوں کو اس کا پوری طرح احساس نہ ہوا کہ کیا ہو رہا ہے اور اس عدیم النظیر صورت حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے انھیں کیا کرنا چاہیے۔ اس دوران

لاطینی اتحاد

میں فرانس، بلجیم، اٹلی اور سوئٹزرلینڈ نے ملکر ایک لاطینی اتحاد قائم کیا جس کا مقصد ان ملکوں میں نظام زر کی تنظیم تھا تاکہ ان ملکوں میں زر کی بنیاد ایک ایسے معیاری سکے پر قائم کی جائے جس کی قدر ہر ملک میں مساوی ہو اور اس طرح وہ سکہ آزادی کے ساتھ مختلف ممالک

---

[1] دیکھو جدول (۱)۔

میں گردش کر سکے۔ تمام سکوں کا معیار فرانک قرار دیا گیا، گو اٹلی نے اس نئے سکے کو قدرتی طور سے قدیم نام "لیرا" ہی سے موسوم کرنا پسند کیا۔ اور ہر ملک نے اپنے اپنے سکوں پر اپنا خاص نقش و نگار اور عبارت قائم رکھی۔ اس اتحاد میں یونان بھی ۱۸۶۸ء میں شریک ہو گیا۔

لاطینی اتحاد کو جس مسئلے کا مقابلہ کرنا پڑا وہ بہت ہی وقت طلب مسئلہ تھا۔ چونکہ وہ فلزمینیت کے اصول کے کامل طور سے پابند ہو چکے تھے اس لیئے وہ زر قانونی کو ترک کرنے اور چاندی کی سکہ سازی کی آزاد ٹکسال کھولنے کے خیال کو دل میں جگہ نہیں دے سکتے تھے۔ تاہم وہ یہ بھی نہ کر سکتے تھے کہ تمام دنیا کو چاندی کو بطور فلز استعمال کرنے کا موقع بہم پہنچانے کے لیئے چاندی کے سکوں کی رسد مہیا کرتے چلے جائیں جیسا کہ مثلاً ہندوستان ان کا نقصان کر کے اسوقت چاندی استعمال کر رہا تھا۔ ان دونوں طریقوں کے بین بین عمل کرنے کے متعلق ایک ہنرمندانہ تدبیر یہ سوچی گئی کہ سب اتحادی ملک پانچ فرانک کے سکے کے سوا اپنے تمام چاندی کے سکوں کی حیثیت کو گھٹا کر زر علامتی کے مساوی مقرر کریں اور ان ادنی حیثیت کے سکوں کی تسکیک کے لیئے ٹکسال بند کر دیں۔ اس تجویز کو سب سے پہلے آزادانہ طریق پر سوئیٹزرلینڈ نے ۱۷۶۰ء میں اختیار کیا۔ غرض اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پانچ فرانک والے سکوں کی برآمد بیرونی ممالک میں جاری رہی، حتی کہ ان کی رسد اختتام کو پہونچ گئی۔ لیکن اس سے چھوٹے سکے ملک ہی کے اندر رہے اور چاندی کے سکوں کے اجرا کی ہر غرض و غایت کو بخوبی انجام دیتے رہے۔ دوسرے الفاظ میں بڑے بڑے کاروبار تو عام طور سے سونے کے ذریعے سے انجام پاتے تھے، اور خردہ کاروبار میں چاندی کے سکے استعمال کیئے جاتے تھے، جیسا کہ موجودہ زمانہ میں ان کا خاص کام ہے۔ 64

تغیر حالات

لیکن اس اصلاحی تجویز کو پوری طرح بروئے عمل لانے سے کچھ پیشتر ہی تمام معاملات کی صورت میں معکوس سمت میں پھر تبدیلی رونما ہونے لگی۔ انیسویں صدی کے چھٹے عشرے کی ابتدا میں چاندی کی کانوں کی جو دریافت امریکہ میں عمل میں آئی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ چاندی کی

پیداوار بڑھ گئی جس کے باعث اس کی اضافی قدر میں بسرعت تخفیف وقع ہوئی حتیٰ کہ وہ مقررہ تناسب سے بھی کم ہوگئی۔ لیکن چاندی کی قدر کی یہ تخفیف سونے کے مقابلے میں ہوئی تھی، چنانچہ قانون گریشم کا عمل سابق کی برعکس سمت میں ہوا یعنی سونا غائب ہونے لگا اور یورپ کے سب ممالک میں چاندی کا سیلاب امنڈ آیا۔ یہ صورت سابقہ مشکل سے زیادہ شدید اور وقت طلب تھی۔ فرانس پانچ فرانک کے سکوں کے بغیر تو کام چلا سکتا تھا، لیکن طلا کے بغیر اس کی گزر مشکل تھی۔ کیونکہ اُس زمانے میں نہ تو کاغذ زر یا بنک کے نوٹ بڑے پیمانے پر رائج ہوئے تھے اور نہ بڑے بڑے لین دین میں ان کو استعمال کیا جاتا تھا۔ اس طرح تھوڑا زمانہ گزرا ہوگا کہ جنگ فرانس و جرمنی کے بعد جرمنی کے طرز عمل نے حالت کو نازک تر بنا دیا۔ جرمنی ایک مدت دراز سے

جرمنی کا طرز عمل

انگلستان کے صنعتی تفوق اور اس کے کوٹھی کے کاروبار کے تسلط کو رشک کی نگاہ سے دیکھ رہا تھا اور صحیح یا غلط طریقے پر اس نتیجہ پر پہونچا تھا کہ اس کے تفوق کی ایک وجہ وہاں طلائی سکے کا رواج ہے۔ اور جرمنی نے بظاہر مصمم ارادہ کر لیا تھا کہ پہلے ہی موقع پر انگلستان کی مثال کی تقلید کرے۔ ۲۰ کروڑ پونڈ کا تاوان جنگ جرمنی نے فرانس سے وصول کیا، بس یہی موقع سے فائدہ اٹھانے کا بہانہ ثابت ہوا۔ جرمنی نے اس رقم کو طلا میں ادا کرنے کا مطالبہ پیش کیا اور اپنے چاندی کے سکوں یعنی تھیلر[2] کو جو بلحاظ قدر و جسامت پانچ فرانک کے سکے کے برابر تھے، کثیر مقدار میں ملک سے باہر فروخت کرنے لگا۔

اس کا جو کچھ نتیجہ ہونے والا تھا وہ پہلے ہی سے معلوم ہو جانا چاہیئے تھا یعنی پہلے ہی سے چاندی کی کافی سے زیادہ مقدار موجود تھی اس لیئے کہ امریکہ سے اس کی کثیر مقدار میں سربراہی کی وجہ سے اور جرمنی کے نقرئی

---

[1] - دیکھو جدول (۱)۔

[2] - Thalers

زر کے استعمال کو ترک کر کے چاندی کی خریداری سے دست کش ہو جانے کا باعث چاندی کا ذخیرہ بہت زیادہ بڑھ گیا تھا لیکن اس موجود الوقت کثیر المقدار ذخیرے میں اس زائد مقدار نے مزید اضافہ کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انکی قدریں غیر معمولی کمی ہوئی اور قیمتوں میں بہت ہی خطرناک طریقہ پر تخفیف شروع ہو گئی۔

ان حالات میں لاطینی اتحاد کے ارکان کو سخت مایوس ہونا پڑا۔ ایک دشواری ہی سے ان ممالک کا پیچھا بمشکل چھوٹا تھا کہ دوسری آفت سر پر نازل ہو گئی اور مجبوراً پہلے طریق کار کو ترک کر کے انھیں دوسرے نئے اور متضاد عملی تدابیر اختیار کرنے پڑے۔ اس دہرے تجربے نے انھیں یقین دلا دیا کہ ایسی متحدہ قوتوں کے

چاندی کی سکہ سازی کی موقوفی

خلاف دو فلزی طریق اور مقررہ تناسب قدر کا قائم رکھنا قطعاً ناممکن ہے۔ لیکن اس دو فلزی اصول کو ترک کیئے بغیر صورت حالات کا مقابلہ کرنے کے لیئے حل دریافت کرنا ان کے لیئے بہت مشکل کام تھا۔ اس لیئے کہ فلزیت کا اصول قومی افتخار کی بنیاد بن گیا تھا اور اس اصول کو ترک کرنے کے وہ اس وقت اس وجہ سے سخت مخالف تھے کہ ایسا کرنے کے معنی عملاً جرمنی کی مثال کی تقلید ہوتی۔ انجام کار انھوں نے جو کچھ فیصلہ کیا وہ یہ تھا کہ تیز طبعی سے کام لیکر ایک نئی عملی تدبیر نکالی۔ انھوں نے پانچ فرانک کے سکے کے استعمال کو ترک کرنے سے انکار کر دیا۔ اور یہی ایک چاندی کا سکہ تھا جو زر قانونی کی حیثیت سے باقی رہ گیا تھا مگر اسکی آزاد سکہ سازی موقوف کر دی۔ غرض اس طرح فلزیتی اصول سے وہ دراصل دست کش ہو گئے اس لیئے کہ زر قانونی کی حیثیت سے ان کے پاس صرف ایک سکہ رہ گیا اور عوام کو ٹکسال میں اس کی سکہ سازی کی ممانعت کر دی گئی۔ اس کے بعد سے لاطینی اتحاد کا نظام نہ تو پورا دو فلزی رہا اور نہ کامل یک فلزی بلکہ دونوں کے بین بین، چنانچہ اسی کی مناسبت سے اس کو معیار لنگ یا لیمپنگ[1] اسٹانڈرڈ کہنے لگے۔ فی الجملہ عملی اعتبار سے یہ نظام تاریک فلزی ہے اور نظری اعتبار سے دو فلزی کیونکہ سونے اور چاندی دونوں فلز کے سکے زر قانونی ہیں۔

65

[1] Limping -

لیکن لاطینی اتحاد کی اس پالیسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ چاندی کی قیمت بہت گھٹ گئی اور جیسا کہ جدول (۴) مندرجہ ضمیمہ سے معلوم ہوگا ۱۸۷۳ء کے بعد سے اسکی قیمت تیزی کے ساتھ کم سے کمتر ہوتی گئی۔ پھر بھی ایک مدت دراز کے بعد دنیا کو اس امر کا احساس ہوا کہ زر کا مسئلہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے جو محض چاندی کی قیمت کی تخفیف سے متاثر ہونے والوں یعنی پیدا کنندگان نقرہ کی حد تک محدود ہو بلکہ اس سے زیادہ وسیع میدان پر محیط ہے۔ چاندی کی قیمت گھٹکر بظاہر ایسی سطحوں تک آرہی تھی جن کی پہلے کوئی نظیر نہیں ملتی۔ لیکن یہی حال دوسرے تمام اشیا کی قیمتوں کا بھی تھا۔ اور ایک زمانہ کے بعد جاکر خود معاشیین کو اس امر کا احساس ہوا کہ ان دونوں کے واقعات کے مابین کوئی تعلق موجود ہے۔ نظریۂ مقدار یونانیوں کے مساوی قدیم ہے۔ لیکن عوام کے لیئے یہ ایک بالکل نئی چیز تھی اور بہت زمانے تک ہر ملک کے کاروباری طبقوں میں خاصکر انگلستان میں اس کا مضحکہ اڑایا جاتا تھا، چنانچہ لندن کے زر کے بازار کے بڑے بڑے کوٹھی والوں نے اس 66
نظریہ کو عملی معاملے کی حیثیت سے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ لیکن مرور زمانہ کے ساتھ ان طبقوں میں جو سوچ بچار کا مادہ رکھتے تھے یہ خیال بتدریج جاگزیں ہونے لگا اور تجربات روز بروز اس کی تصدیق کرنے اور اسکو صحیح ثابت کرنے لگے۔ اس وقت تمام دنیا میں ہر قسم کی دولت کی پیدائش عدیم النظیر سرعت کے ساتھ بڑھ رہی تھی اور تجارت کی روز افزوں ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیئے پہلے کی نسبت بہت زیادہ زر درکار تھا۔ مگر سونے کی رسد تقریباً اپنی اصلی حالت پر قائم تھی[1]۔ اور چاندی کا سکہ دنیا کی زر کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے بڑی حد تک دستیاب نہ ہو سکتا تھا کیونکہ تقریباً سب ممالک یورپ میں اس کا رواج موقوف ہو چکا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ زر کے مطلوبہ کام کی کثیر مقدار کو انجام دینے کے لیئے دنیا

زر کی قلت

[1] دیکھو ضمیمہ جدول (۱) نقشہ (ج)۔

میں زر کی کافی مقدار ہی موجود نہ تھی۔ اور اس کا جو کچھ اثر ہوتا تھا وہ ناگزیر تھا۔ جو کچھ زر موجود تھا اسی پر اکتفا کرنی پڑی اور کھینچ تان کر اسی سے کام لیا گیا۔ دوسرے الفاظ میں اشیا کی قیمتیں گھٹ گئیں اس لیے کہ زر کی قلت تھی اور اشیا کی خرید و فروخت میں اس کی کم مقدار دستیاب ہوتی تھی۔ اشیا کی مقدار میں زر کی مقدار کے مقابلہ میں بہت زیادہ اضافہ ہوگیا تھا اور اشیا کی مقررہ مقدار کے مبادلے میں زر کی جو مقدار حاصل ہوسکتی تھی وہ کم ہوگئی تھی۔ سونے کی قدر میں پھر اضافہ ہوگیا تھا اور قیمتوں کی عام سطح گھٹ رہی تھی۔ ضمیمہ میں (۵) کے انڈکس نمبروں سے معلوم ہوگا کہ ۱۸۷۳ء کے بعد سے قیمتیں کس قدر گھٹ گئی تھیں۔

ہندوستان کی صورت حال

لیکن اس اثنا میں معاملات خاصکر ہندوستان میں بہت زیادہ پیچیدہ صورت اختیار کر رہے تھے اور ہندوستان جیسا کہ ہر اس ملک کو جس میں بالکلیہ چاندی کا سکہ رائج ہو متاثر ہونا چاہیئے چاندی کی قدر کی تخفیف سے براہ راست متاثر ہوا۔ روپیہ کی قدر، چاندی کی ابتدائی قیمت یعنی ۶۲ پنس فی اونس کے حساب سے دو شلنگ تھی، لیکن چاندی کی دنیا کی بازاری قدر کی تخفیف کے باعث روپیہ کی قدر مبادلہ بیرونی ہندوستان مستقلاً تخفیف کی جانب مائل ہونے لگی۔ اندرون ہندوستان چاندی کی قیمت نسبتاً بیش قیمت ہی رہی جس کے اسباب یہ تھے کہ آبادی کی کثرت کے باعث ہندوستان کی عدم اثر پذیری خود چاندی کی اعلیٰ سطح کو برقرار رکھنے میں ممد تھی، اس آبادی کی زر کی ضرورت کو اور اس کے صنعتی اغراض کو پورا کرنے کے لیے چاندی کی مانگ بہت کثیر تھی اور ہندوستان میں چاندی کی تکنیک کیلئے آزاد دارالضرب موجود تھا۔ لیکن روپیہ کی بیرونی قدر کی تخفیف کا اثر ہندوستان کی تجارت خارجہ پر اور دوسرے ملکوں خاصکر انگلستان کے مقابلے میں اس کی حیثیت پر بہت مضر پڑا۔ ہندوستان میں تو سب محاصل چاندی کی شکل میں وصول ہوتے تھے لیکن جب اس کو اپنے ذمے کا

قرضہ بیرونی ممالک کو ادا کرنا پڑتا تو روپیہ کی محض بازاری قدر وصول ہوتی تھی۔ چنانچہ ۱۸۹۳ء تک گھٹکر ۱۵ پنس ہوگئی تھی، اس کے معنی یہ تھے کہ بیرونی مبادلے کے اغراض کے لیئے روپیہ کی قدر محض ۱ شلنگ ۲ پنس تھی۔ حکومت ہند کی مالی حالت پر خصوصاً جہاں تک اس کے ذمہ کے بیرونی ترسیلات کا تعلق تھا بہت ہی ناقابل برداشت اثر پڑا۔ اس لیئے کہ مبادلے کے نقصان کی کمی کا بار انجام کار ہندوستان کے محصول ادا کرنے والوں پر جو اس کی پابجائی سالانہ محصول کے ذریعے سے کرتے تھے پڑنا لابدی تھا۔ علاوہ بریں مبادلات کی صورت حال کا اثر ہندوستان کی حیثیت پر جہاں اسکا درآمد اشیا سے تعلق تھا بہت ہی برا پڑا۔ گو یہ بھی نہایت واجبیت کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے بالمقابل برآمد پر اس کا جو اثر پڑا وہ بالکلیہ ہندوستان کے موافق تھا۔ اس لیئے کہ روپیہ کی قدر کی تخفیف کے یہ معنی تھے کہ ہر درآمد کرنے والے کو اپنے اشیا کی قیمت، روپیہ کی قیمت مرقومہ سے بہت زیادہ ادا کرنی پڑتی تھی اور اس کے برخلاف ہر برآمد کرنے والے کو تجارت میں روپیہ کی قیمت مرقومہ سے زیادہ صلہ وصول ہوتا تھا۔ وجہ یہ تھی کہ وہ اپنے اشیا روپیہ دیکر ہندوستان میں تیار کرتا تھا اور ان کو لندن میں سونے کے معاوضہ میں فروخت کرتا تھا اور یہ سونا ہندوستان آیلی صورت میں اس کے مبادلے میں قیمت مرقومہ سے زیادہ مقدار روپیوں کی وصول ہوتی تھی۔ لیکن ہندوستان کی تجارت خارجہ کو سب سے زیادہ نقصان پہونچانے والی شئے یہ تھی کہ چاندی کی قدر کی تغیر پذیری شرح مبادلات کے تغیرات کا موجب ہوئی اور ان تغیرات کے باعث عدم تیقن اور نقصان کا دوامی خطرہ رونما ہوگیا۔ تجارت کے حق میں قیمتوں کی عدم ثبات پذیری سے زیادہ کوئی اور شئے مضرت رساں نہیں ہوئی۔ اسلیئے کہ تاجر اس وقت تک خطرات برداشت کرنے کے لیئے تیار نہیں ہوسکتے جب تک کہ انھیں بحیثیت مجموعی اتنا کافی معقول منافعہ وصول ہونے کا یقین نہ ہو جائے جس سے وہ اپنے نقصان کی تلافی کرنے کے علاوہ جو خطر

مبادلے کی تخفیف

برداشت کرنے کا صلہ بھی وصول کر سکیں۔ اور ان کے جو کہم برداشت کرنے کا صلہ ادا کرنے کے لئے عامۃ الناس کو انجام کار پہلے سے زیادہ قیمتیں ادا کرنی پڑتی ہیں۔

یہ صورت حال بہت تیزی کے ساتھ ناقابل برداشت بنتی جا رہی تھی۔ یہاں تک کہ انجام کار حالات کی تحقیق کرنے کی غرض سے حکومت نے ۱۸۹۲ء میں ایک کمیٹی مقرر کی۔ ۱۸۹۳ء میں کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں نہایت دلیری اور بے باکی کے ساتھ اصلاحی تجاویز پیش کیے تھے مگر اس بارے میں کثرت سے اختلاف آرا بھی پایا جاتا تھا۔ روپیہ کی قدر مبادلہ کے تغیرات کو روکنے کا صرف ایک طریقہ یہ تھا کہ مسکوک روپیہ کی رسد منظم کی جائے۔ لیکن جس وقت تک دار الضرب آزاد ٹکسال کے لیئے کھلا رہے اس وقت تک ایسی تنظیم ناممکن تھی۔ اس لیئے کہ بازار کا ہر تاجر کھلے بندوں غیر محدود مقدار میں چاندی کے سکے انکی مرقومہ قیمت پر تسکیک کرا سکتا تھا۔ پس کمیشن نے ٹکسالوں کو آزاد تسکیک کے لیئے بند کرنے کے متعلق سفارش کرنے کا فیصلہ کیا۔ گو بظاہر یہ ایک بہت ہی سادہ اور بے ضرر تدبیر تھی۔ لیکن اس کی تہ میں بہت ہی مہلک نتائج مضمر تھے۔ 68
اس لیئے کہ ہندوستان میں آزاد سکہ سازی کی موجودگی کے واقعے نے نہ صرف دنیا کی چاندی کی قیمت کو بلکہ خاصکر ہندوستان کے بازاروں میں بھی چاندی کی اصلی قیمت کو برقرار رکھنے میں ہمیشہ مدد دی تھی۔ اور ہندوستان میں زائد اصل کے شغل کا واحد ذریعہ عملاً زیورات ہی ہیں۔ لیکن ٹکسالوں کے انسداد کے معنی یہ تھے کہ چاندی کی ہندوستانی قیمت گھٹکر فوراً دنیا کی چاندی کی قیمت کے برابر آ لگے۔ اور اس کے معنی یہ تھے کہ زر اور صنعت کے اغراض کی حد تک ہندوستان کی طلب بڑی حد تک کم ہو جانے کے باعث دنیا کی چاندی کی قیمت میں پھر مزید تخفیف واقع ہو۔

ٹکسالوں کا انسداد

منفصل نتائج

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حکومت نے اپنے آپ کو دو مشکلات میں

گھرا پایا۔ اگر صورت حالات کو بدستور رہنے دیا گیا تو تمام ملک مع اس کی حکومت اور تجارتی نظام کے برباد ہو جاتا۔ اگر حکومت نے ٹکسالیں بند کر دیں تو ملک تو بچ سکتا تھا مگر چاندی کے مالکوں کا اس لیئے نقصان ہوگا کہ ان کے مشمولہ اصل کے ذخائر کی قدر کم از کم بقدر ۱/۴ گھٹ جائے گی۔ ان دو جداگانہ طریقہائے کار کے مابین حکومت کو انتخاب کرنا تھا جس کے ناگزیر معنی یہ تھے کہ کسی نہ کسی جماعت کا نقصان ہو۔ پس حکومت نے بالآخر یہ فیصلہ کیا کہ چاندی کی قیمت کی تخفیف سے جن جماعتوں کا نقصان ہونے والا ہو ان کا کم لحاظ کیا جائے کیونکہ یہ جماعتیں ان لوگوں کے مقابلے میں نقصان برداشت کرنے کی زیادہ صلاحیت رکھتی تھیں جنھیں ٹکسالوں کے انسداد سے فائدہ ہونیوالا تھا۔ اس تجویز پر نہ صرف اس وقت نہایت شدید نکتہ چینی کی گئی بلکہ اس کے کئی سال بعد تک بھی اسکا سلسلہ جاری رہا۔ لیکن بحالت موجودہ یہ مخالفت اب دب چکی ہے۔ چنانچہ ۱۹۱۳ء اور ۱۹۱۴ء میں زر کے سوال پر غور کرنے کی غرض سے جو کمیشن بیٹھا اس نے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ ۱۸۹۳ء کے شروع میں انسداد دارالضرب کے خلاف اعتراضات و احتجاج کی شدت و وسعت خواہ کتنی ہی ہو لیکن اب جبکہ سرکاری طریق عمل عمدہ نتائج کے نمودار ہونے کی بنا پر مناسب اور درست خیال کیا جا رہا ہے، کسی قسم کا اختلاف رائے نہیں پایا جاتا اور بمشکل ایک متنفس بھی ایسا ملیگا جو اب اس کی تنسیخ کا مشورہ دے۔ غرض ۱۸۹۳ء کے بعد سے ایک روپیہ کی قدر از سر نو ۱ شلنگ ۴ پنس مقرر کی گئی۔ یا پندرہ روپیہ بہ مقابلہ ایک پونڈ مبادلہ کی شرح قرار دی گئی۔ اس لحاظ سے اس کی قدر ۴۲ پنس فی اونس کے معادل ہو گئی[1]۔

امریکہ کا طرز عمل ہندوستانی ٹکسالوں کو مسدود کرنے کا نتیجہ، جیسا کہ پہلے سے معلوم تھا یہ ہوا کہ چاندی کی قیمت میں مزید تخفیف واقع ہوئی اور وہ اسقدر کم ہو گئی کہ اس سے پہلے کبھی اس کی نظیر نہیں

[1] دیکھو باب (۱۶)۔

69 ملتی[1]۔ لیکن اس نتیجے کا ایک اور سبب بھی تھا۔ امریکہ میں چاندی نہ صرف بکثرت پیدا ہوتی ہے بلکہ وہاں وہ بکثرت استعمال بھی کی جاتی ہے۔ وہاں چاندی کے مسئلے پر سرگرم بحث بھی چھڑ گئی تھی۔ ۱۸۷۳ء سے پیشتر تک جمہوریۂ امریکہ کی اکثر ریاستوں میں زر کاغذی کا استعمال اس قدر عام ہو گیا تھا کہ وہ چاندی کے سکوں کو رواج سے ہٹا کر ان کا جانشین بن گیا تھا۔ لیکن تمام دنیا میں تسکیک کے اغراض کے لیئے چاندی کی مانگ میں جو عظیم المقدار تخفیف استقلال کے ساتھ ہو رہی تھی اس نے مغرب کے چاندی کے تاجروں اور معدنیات کے مالکوں کو بڑی حد تک خوفزدہ کر دیا۔ چنانچہ انھوں نے چاندی کی مانگ کی روز افزوں کمی کے اثر کو رد کرنے کی غرض سے ایک قانون بنام "قانون بلنڈ"[2] منظور کرانے میں کامیابی حاصل کی۔ اس قانون کی رو سے جمہوریۂ امریکہ کا سرکاری خزانہ ہر مہینے دو تا چار ملین ڈالر کی قیمت کی چاندی خرید نے اور اسکے نقروی ڈالر بنانے پر مجبور کیا گیا، اور یہ ڈالر زر قانونی قرار دئے گئے۔ لیکن چونکہ روزمرہ کے رواج اور گردش میں ان کا کوئی طلبگار نہ تھا اس لیئے یہ قرار پایا کہ یہ ڈالر خزانے میں رکھے جائیں۔ نتیجہ یہ ہوا ان کی جگہ روزمرہ کے لین دین میں پروانہ ہائے نقرہ یا کاغذی ڈالروں نے لے لی۔ لیکن کسی شخص کی جانب سے سکے کا مطالبہ ہونے کی صورت میں کاغذی ڈالر کے مبادلے میں نقروی ڈالر فوراً ادا کیا جا سکتا تھا۔ بحالت موجودہ بجز جنوب و مغربی ریاستوں کے کہ وہاں تو نقروی ڈالر رواج میں دکھائی دیتے ہیں باقی کم از کم مشرقی ریاستوں میں کوئی ایک شخص بھی یہ نقروی سکہ استعمال نہیں کرتا لیکن یہ قانون قدرتی طور سے اس سیلاب کو پوری طرح روکنے سے قاصر رہا جو چاندی کی قدر کو مغلوب کر رہا تھا۔ چنانچہ ۱۸۹۰ء میں اس کی بجائی دوسرے قانون سے
۷ قانون شرمان | کی گئی جو بنام "قانون شرمان"[3] منظور کیا گیا، اس کی رو سے

---

[1] ۔ دیکھو جدول (۴)۔
[2] ۔ Bland act
[3] ۔ Sherman act

سرکاری خزانہ ہر مہینے ۴½ ملین ڈالر کی چاندی خریدنے پر مجبور کیا گیا۔ اس وقت چاندی کی قیمت تقریباً ۶۷ پنس فی اونس تھی۔ اس طرح مجوزہ خریداری کی قدر "قانون بلنڈ" کی مقرر کردہ انتہائی حد کے تقریباً مساوی ہوتی تھی۔ حالانکہ واقعاً خزانے نے کبھی اقل ترین حد سے آگے قدم نہیں بڑھایا تھا۔ لیکن پھر بھی "قانون شرمان" کا نفاذ تحصیل حاصل ثابت ہوا اور جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے چاندی کی قیمت اس قدر سرعت کے ساتھ اور اس حد تک برابر کم ہوتی جا رہی تھی کہ ۱۸۹۳ء میں یعنی اسی زمانہ میں جبکہ ہندوستان میں دارالضرب عام سکہ سازی کے لیئے بند کر دیا گیا، امریکہ کو چاندی کی قیمت کو تنہا بلا تعاون سنبھالنے اور برقرار رکھنے کی کوشش ترک کر دینی پڑی اور "قانون شرمان"

اسکی تنسیخ منسوخ کر دیا گیا۔ جیسا کہ جدول (۴) سے معلوم ہوگا ۱۸۹۳ء کے بعد چاندی کی قیمت میں مزید تخفیف واقع ہوئی حتی کہ ۱۹۰۲ء میں ۱۱/۱۶ پنس فی اونس ہو گئی۔

70 اس طرح انیسویں صدی کے اختتام تک دو فلزی طریق کی بحث بظاہر ختم ہو گئی۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ اس طریق کے وکیل اپنی حیثیت کو ان قوموں کے بھاری پلے کے مقابلہ میں متوازن و برقرار رکھنے میں قاصر رہے جنھوں نے انگلستان کی مثال کی تقلید کو اپنا مسلک قرار دے لیا تھا۔ لاطینی اتحاد،

یک فلزی طریق کیجانب میلان ہندوستان اور امریکہ کو معیار نقرئی کے برقرار رکھنے کی کوششیں مجبوراً ترک کر دینی پڑیں۔ اور ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ گویا تمام ممالک عالم یک فلزی طریق کیجانب سرعت کیساتھ بڑھ رہے ہیں۔ لیکن اس پیش آیند صورت کو سکون و طمانیت قلب کے ساتھ باور کرنے کے کئی وجوہ تھے۔ اگرچہ تجارتی طبقہ ان کو بنظر وقعت نہ دیکھتا تھا۔ لیکن ان کے منجملہ ایک بڑی وجہ نظریہ مقدار زر اور قیمتوں کی سطح کی مستقل اور بظاہر لاعلاج تخفیف تھی۔ لیکن ان کے علاوہ اور دلائل بھی تھے جو معمولی کاروباری شخص کے دل میں جگہ پاتے اور طمانیت پیدا کرتے تھے۔ اول تو یہ کہ دنیا کے تمام چاندی پیدا کرنے والے ملک

چاندی کی قیمت کی تخفیف سے بہت خائف ہوئے جیسا کہ اس تخفیف کو روکنے کے بارے میں امریکہ کی جان توڑ کوشش سے ثابت ہوا اور امریکہ ہی میں دوفلزی طریق کو قائم کرنے کے بارے میں سخت ہیجان پھیلا اور وہیں سب سے آخر تک یہ ہنگامہ برپا رہا۔ رئیس جمہوریہ کے انتخاب کے موقع پر

لاطینی اتحاد کی حالت۔

دوفلزی طریق کے مسئلے ہی پر معرکہ آرائی ہوئی اور یورپ کے غور کرنے کے لیے اس سوال کو دوبارہ اس کے روبرو پیش کرنے کی ہر ممکنہ کوشش کی گئی۔ لاطینی اتحاد والے ملک یوں تو پہلے ہی سے اس کشمکش میں مبتلا تھے۔ لیکن اب انھوں نے پوری مستعدی سے اس میں حصہ لیا۔ اس لیے کہ ان کی حیثیت و حالت اب بھی بہت سقیم تھی۔ وہ اپنی نظری فلزیت کے اصول کو ترک نہ کر سکتے تھے اسلئے کہ مثال کے طور پر فرانس کی حالت پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بنک آف فرانس میں پانچ فرانک کے سکے بہت بڑی مقدار میں بطور ذخیرہ محفوظ موجود تھے جن کی مالیت بنک کی کتابوں میں مرقومہ قیمت کے لحاظ سے درج تھی۔ اگر ان سکوں کو رواج سے خارج کر دیا جاتا تو اس میں بنک کو سراسر نقصان ہوتا کیونکہ ان کی قدر قانونی غائب ہو جاتی اور محض قدر فلزاتی باقی رہتی

چاندی استعمال کرنیوالے ملک۔

جو نسبتہً بہت کم ہوتی۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ مشرقی ممالک میں ایک ملک چین ہی ایسا تھا جہاں نقروی سکہ رائج تھا کیونکہ جاپان نے تو اس کو ترک کر کے طلائی سکہ ۱۸۹۷ء میں رائج کر لیا تھا اور جب تک مشرق میں ایسا ملک موجود ہے اس وقت تک یورپ کے ممالک میں جہاں پر طلائی سکوں کا چلن تھا اور چاندی استعمال کرنے والے ممالک میں تجارت خارجہ کا کاروبار پھر بھی قدیم نظام کے تابع رہتا۔

نتیجہ یہ ہوا کہ دوفلزی طریق کے حامیوں نے اس سوال کو پیش پیش لانے کی بڑے شد و مد کے ساتھ کوشش کی، متعدد کانفرنس منعقد ہوئیں جن میں اس سوال کو کئی دفعہ حل کرنے کی سعی کی گئی۔ لیکن انگلستان کثیر مالی ذرائع اور تفوق کی بدولت ان کی

انگلستان کا طرزِ عمل

راہ میں مسلسل مزاحم ہوا اور بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ انجام کار انیسویں صدی کے ختم تک یہ سوال عملی سیاسیات کے دائرے سے خارج ہو جائے گا۔ لیکن اس کا اصلی سبب کیا تھا کسیقدر بعد میں چلکر اس کا پتا چلا۔ اس وقت حالات میں پھر تغیر ہو رہا تھا۔ جنوبی افریقہ میں سونے کے معدنیات کی ترقی اور اس کے فوراً ہی بعد امریکہ میں ۱۸۹۶ء میں کلان ڈائک میں طلائی کانوں کے اکتشاف نے دنیا کی سونے کی رسد کے بارے میں کل حالات کو بدلنا شروع کر دیا تھا کیونکہ سونے کی مجموعی مقدار میں کثیر التعداد اضافہ روز افزوں ہو رہا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ فلزیئیت کے وکیلوں کا اساسی استدلال یک قلم مسترد ہو گیا اور اس کو عجیب و غریب معمہ کہنا چاہیئے کہ اس کے ساتھ ان کا نظریہ ہمیشہ کے لیئے بالکل صحیح بھی ثابت ہو گیا۔ تقریباً ۱۸۹۶ء سے سونے کی رسد کی زیادتی کے اثر کے تحت قیمتیں پھر بڑھنی شروع ہوئیں اور بیسویں صدی کے آغاز میں دنیا نے اس پر تعجب کرنا شروع کیا کہ گزشتہ ۲۵ سال سے قیمتوں کی تخفیف کی وجہ سے جو خرابی نمودار ہوئی تھی آیا ایسی ہی خرابی لیکن قیمتوں کے اضافے سے نمودار تو نہ ہوگی۔

اس طرح وقت کے وقت نئے حالات نے فلزیئیت کی موافقت میں جو اہم دلائل تھے ان کو سلب کر لیا اور واقعہ یہ ہے کہ اس طریق کی ناکامی کے بارے میں شکر گزاری محسوس کرنے کی معقول وجہ بھی اس لیئے جونہی طلا کی رسد بڑھی اور قیمتوں میں اضافہ ہوا عوام کے دل میں لامحالہ یہ سوال پیدا ہوا کہ اگر دنیا کے زر کی رسد کے جزو کے طور پر چاندی اپنی سابقہ حالت پر بحال کر دیجاتی تو قیمتوں میں کس حد تک اضافہ ہوتا؟ سونے اور چاندی کی مشترکہ رسد تو اور زیادہ مشکلات پیدا کر سکتی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ حالیہ زمانے میں جو دقت محسوس ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ سونے کی زائد رسد سے کس طرح نجات حاصل کیجائے اور اس کی قدر کی تخفیف کو کس طرح روکا جائے کہ قیمتوں میں کوئی شدید اضافہ نمودار نہ ہونے پائے۔

یہ خطرہ اب بڑی حد تک اس واقعہ کی بنا پر رفع ہو گیا ہے کہ دنیا کے

سونے کا انجذاب

سب بڑے بڑے ملک ایک حد تک اُس زمانے کے روایتی اصول پر عمل پیرا ہو کر جبکہ سونے کی قلت تھی سونے کے بڑے بڑے محفوظ ذخیرے قائم کرنے کے موقع سے فائدہ اُٹھانے کے لیئے دوڑ پڑے اور اس طرح زائد رسد کی کھپت بہت آسانی کے ساتھ ہو گئی۔ ہندوستان بھی بہت کثیر مقدار میں سونا جذب کرنے لگا اور اس طرح پر طلا کی افراط کا خطرہ کم از کم ایک مدت کے لیئے رفع ہو گیا۔

لیکن دو فلزی طریق کے بحث مباحثے اور ہنگامے سے جو سبق حاصل ہوا اسکو فراموش نہ کرنا چاہیئے۔ اس کشمکش کو ختم کرنیکا باعث جو واقعہ تھا اس سے نظریۂ مقدار زر کا آخری اور قطعی ثبوت بہم پہونچتا ہے اسلیئے کہ یہ استدلال کہ ۱۸۷۳ء سے ۱۸۹۶ء تک عام قیمتوں کی کمی زر کی قلت کے باعث نمودار ہوئی تھی اس واقعہ کی بنا پر صحیح ثابت ہوا کہ سونے کی مقدار میں اضافہ ہوتے ہی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو گیا۔ اس سے جو سبق حاصل ہوتا ہے وہ بدیہی ہے۔ سونے کی رسد کی کمی بیشی پر قیمتوں کی تغیر پذیری کا انحصار تجارت کے لیئے مفید نہیں ہے۔ جس طرح قیمتوں کی تخفیف مضر ہے اسیطرح قیمتوں کا اضافہ بھی مضر ہے۔ اور اگرچہ مقدار طلا کی قلت کا خطرہ سر دست ایک پرانی بات معلوم ہوتی ہے لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ آئندہ ہر وقت اس کا امکان ہے کہ حالات میں معکوس قسم کا تغیر واقع ہو اور دنیا میں پھر سونے کی قلت نئے سرے سے رونما ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ چیز اشیاء کی فطرت میں مضمر ہے کہ رقاص ایک طرف حرکت کرنے کے بعد دوسری جانب بھی ناگزیر اتنی ہی دور حرکت کرے۔ اسلیئے کہ جوں جوں سونے کی مقدار اور قیمتوں میں روز افزوں اضافہ ہوتا جائے گا، صنعت اور تمام قسم کی اشیا کی پیداوار میں بھی گوناگوں ترقی ہوتی جائیگی، جس کا نتیجہ یہ ہوگا عمل مبادلہ کو جاری رکھنے کے لئے سونے کی مزید مقدار درکار ہوگی قیمتوں کے اضافے کے معنی اشیاء کی مقدار کی زیادتی کے ہیں اور ان کو تیار کرنے کے لیئے زیادہ زر درکار ہوگا، اگر مطلوبہ زر فراہم نہ ہوا تو قیمتوں کا اضافہ رک جائیگا۔

72

ابھی کے ساتھ قیمتوں کا اضافہ سونے کے مصارف پیدائش پر بھی اثر ڈالتا ہے، وہ اس طرح کہ اجرت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور کان کنوں کی مطلوبہ مشینوں اور کلوں کی قیمتیں بھی بڑھ جاتی ہیں۔ اس طرح دنیا میں سونے کی پیدائش میں اور سونیکی عالمگیر مانگ میں مسابقت جاری ہو جاتی ہے اور ہم یہ نتیجہ نکالے بغیر نہیں رہ سکتے کہ آیندہ پھر دنیا میں طلا کی قلت رونما ہوگی اور اس کے مضر نتائج مثلاً تخفیف قیمت وغیرہ نمودار ہوں گے۔ اگر ایسا ہوا تو دو فلزی طریق کو جاری کرنے کا سوال پھر از سر نو رونما ہوگا۔ بہر صورت گزشتہ تجربے سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ ایسا نظام زر جس میں اس طرح کے تغیرات ہونے کا امکان پایا جائے مفید نہیں ہو سکتا۔ اس لحاظ سے پھر بھی دو فلزی طریق کے وکیلوں کا یہ دوسرا استدلال کہ اگر صرف ایک ہی فلز پر یہ نظام زر مبنی قرار نہ دیا جائے تو ہمارے سکوں کی رسد کی تغیر پذیری میں بڑی حد تک کمی واقع ہوگی قابل یاد داشت ہے۔ اگر سونے اور چاندی دونوں فلز کے سکے رائج ہو سکیں اور ضرورت کے وقت و مطابق فراہم ہو سکیں تو زر کی قدر میں بہت زیادہ ثبات قائم رہ سکتا ہے۔ اس لیے کہ سب سے پہلے تو زر کی مجموعی مقدار بہت زیادہ ہو جائیگی اور دوسرے اس لحاظ سے رسد میں تغیر پذیری کا بہت کم امکان باقی رہیگا کہ اگر ایک فلز کی پیدائش پر کوئی افتاد پڑے تو دوسری فلز اس کی قائم مقام بن سکتی ہے، کیونکہ دونوں فلز بیک وقت ایک ہی قسم کے حالات سے متاثر نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ جنگ بویر[1] کے زمانے میں اس کی عجیب و غریب مثال ملتی ہے، دوران جنگ میں کان کنی کا کام رکا رہا اور طلا کی رسد موقوف ہو گئی۔ اس میں تمام عالم کے لیے خطرہ تھا۔ چنانچہ قیمتوں کے اضافے میں نمایاں کمی واقع ہوئی۔ ایسے زمانے میں دو فلزی طریق رائج ہوتا تو سونیکی کمی کو چاندی کے اضافے سے پورا کر لیا جا سکتا تھا۔ طلب کے رخ سے بھی دیکھا جائے تو یہ دلیل موثر ہے۔ گو ایسے متعدد ملک ہیں جو

[1] دیکھو جدول (۵)۔

زیادہ تر سونا استعمال کرتے ہیں لیکن ایسے ملک بھی ہیں جہاں چاندی بکثرت استعمال کیجاتی ہے اور بعض مثلاً مصر اور ہندوستان ایسے ملک ہیں جو ایک حد تک چاندی اور سونا دونوں استعمال کرتے ہیں۔ ان حالات میں اگر دونوں فلز زر قانونی بنا دیئے جائیں تو دونوں کی طلب کے تغیرات ہر جگہ ایک ساتھ اور بیک وقت رونما ہونے کی بجائے ایک دوسرے کے اثر کو زائل کر دیں گے۔ مثلاً اگر انگلستان یا امریکہ میں سونے کی مانگ زائد ہو تو مصر اور ہندوستان کم سونا اور زیادہ چاندی استعمال کر سکتے ہیں۔ یا مثلاً اگر چین میں چاندی کی مانگ زیادہ ہو جائے تو یہ ممالک کم چاندی اور زیادہ سونا استعمال کر سکتے ہیں۔ وقس علیٰ ہذا۔ اس طرح پر رسد اور طلب میں ایک طرح کا توازن قائم رہے گا جس سے قدر زر کے تغیرات کو کم کرنے میں بڑی حد تک مدد ملیگی۔

یہ دلائل نظری اعتبار سے بالکل صحیح ہیں، لیکن لاطینی اتحاد کی تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ سونے اور چاندی کی اضافی قدر کے تغیرات کے خلاف کوئی ملک دو فلزی معیار کے قائم کرنے کی کوشش میں عملاً کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اور جب تک ان فلز کے لیئے بازار موجود ہے اور آزادانہ خرید و فروخت ہوتی رہے اضافی قدر کے تغیرات کا ہونا ناگزیر امر ہے۔ اگرچہ دنیا کے سب تجارتی ملکوں نے باہمی سمجھوتہ کی بنا پر سونے کی ٹکسالی قیمت مقرر کر لی ہے اور اس کی بنا پر دنیا میں ہر جگہ سونے کی قیمت مقرر ہو گئی ہے۔ لیکن جب تک سب ممالک بلا کسی استثنا کے چاندی کی ٹکسالی قیمت بھی اسی طرح مقرر نہ کر لیں اس وقت تک کسی ایک قوم یا چند قوموں کے لیئے یہ قطعی ناممکن ہے کہ وہ اپنے یہاں کسی مقررہ قیمت کو قائم رکھ سکیں کیونکہ جونہی بازاری شرح میں اور ان کی مقرر کردہ شرح میں فرق واقع ہو گا، فوراً قانون گریشم کا عمل ہو جائے گا جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ بیش قدر فلز غائب ہونے لگے گا اور ان ملکوں کے بازاروں میں چلا جائے گا جو ان کی مقرر کردہ شرح کے پابند نہیں ہیں۔ پس کسی ایک ملک کا تنہا دو فلزی طریق کو اپنے یہاں جاری کرنا ناممکن ہے، اور تنہا ایک ملک یا چند ملک ملکر دنیا کے بقیہ

74

منفرد فلزی مینیت ناممکن ہے

ملکوں کو اپنی شرح کا جبراً پابند نہیں بنا سکتے کیونکہ ایک ملک یا چند ملکوں کے لیئے یہ ناممکن ہے کہ اپنی مقرر کردہ شرح کے لحاظ سے بیرونی علاقوں میں اس فلز کو خریدیں جو وقت کے وقت عارضی طور پر دنیا کے بازار میں کم قدر ہو گیا ہو۔ بالفاظ دیگر دو فلزی طریق والے ملک کو قیمتی فلز کے بیرونی بازار سے جنگ کرنی پڑیگی۔ جب کبھی شرح میں تغیر ہوگا اس کا عمدہ زر باہر چلا جائے گا اور ملک میں آزاد دارالضرب کے ذریعہ سے خراب زر کی بھرمار شروع ہو جائے گی۔

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دو فلزی طریق کا رائج کرنا قطعاً ناممکن ہے۔ بلکہ ایک تدبیر پر عمل کرنے سے صورت حالات کی اصلاح ممکن ہے۔ فرض کرو کہ

بین الاقوامی معاہدہ

کسی طرح سے یہ ممکن ہو جائے کہ دنیا کے سب بڑے بڑے تجارتی ممالک بین الاقوامی معاہدے کی بنا پر سونے اور چاندی کے مابین ایک مقررہ تناسب تسلیم کریں اور اس تناسب کے لحاظ سے دونوں کی آزاد سکہ سازی قائم کرلیں۔ اس صورت میں پہلی دقت تو یقیناً رفع ہو جائے گی یعنی کوئی خارجی بازار ایسا باقی نہ رہے گا جہاں ان کے سب بیش قدر سکوں کی نکاسی ہو اور جہاں سے کم قدر سکے نکلکر ان ممالک میں رائج ہو جائیں۔ سونے اور چاندی کی ٹکسالی قیمت ہر جگہ ایک ہونے سے کسی فلز کے ایک ملک سے دوسرے ملک میں منتقل ہونے کا امکان معدوم ہو جائے گا۔ لیکن اس بنیاد پر قبل از قبل یہ نتیجہ نہ نکال لینا چاہیئے کہ اس طریق سے سب دقتوں کا بالکلیہ حل ہو جائے گا۔ کیونکہ اگر دنیا کے سب بڑے بڑے ملک سونے اور چاندی کی قیمتیں مقرر کرنے کا باہمی سمجھوتہ بھی کرلیں، پھر بھی ان قیمتوں کو موثر بنانے کی غرض سے انھیں قیمتی فلز کی غیر محدود مقداروں کو یا ان دونوں میں سے اس فلز کو جس کی قیمت تحت مساوات یا فوق مساوات ہو خریدنے یا فروخت کرنے کے لیئے تیار رہنا پڑیگا۔ لیکن یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ دونوں میں سے کوئی فلز تحت مساوات یا فوق مساوات کس طرح ہو سکتا ہے؟ اس کا صرف ایک طریقہ ہے۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ ان ممالک کو صرف سکہ سازی کی

حد تک موثر طریقے سے سونا چاندی درکار ہوتا ہے۔ یہ مانگ بے شک بہت بڑی مقداروں میں ہوتی ہے۔ لیکن پھر بھی محدود ہوتی ہے خصوصاً چاندی کی حد تک مانگ کی مقدار دنیا کی مجموعی پیداوار کی مقدار کے مقابلہ میں درحقیقت بہت حقیر ہے گویا ان میں قیمتی فلز کی جتنی مقدار درکار ہوتی ہے سکہ سازی کی مانگ اس کا محض ایک جزو ہے اگرچہ بہت ہی اہم جزو ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ آیا اس مانگ کی مقدار صنعتی اغراض کے لیئے دوسرے طلبوں کی مقدار کے مقابلے میں اس قدر زیادہ ہے کہ بلا شرکت غیرے محض وہی قیمت کو متاثر کرسکے۔ سونے کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک یہ کہنا بڑی حد تک صحیح ہے، لیکن چاندی کی قیمت کے بارے میں یہ کہنا صحیح نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ دنیا میں چاندی کی جتنی پیداوار سکہ سازی کے کام میں لائی گئی ہے اس کا تناسب سونے کے تناسب کے مقابلے میں بہت کم ہے[1]۔ مشکل یہ ہے کہ کسی شئی کی قیمت کو معاشی رجحانات کے خلاف بذریعۂ قانون سازی مقرر کرنا ناممکن ہے۔ لیکن اگر کسی خاص شئی کے معاملے میں رسد و طلب کو بذریعۂ وضع قانون قابو میں لانا ممکن ہوتا تو یہ قابو صرف معاشی رجحانات کو متاثر کرنے سے موثر بن سکتا تھا۔ اگر متعدد ملک ملکر بھی سونے اور چاندی کی رسد کو قابو میں لانا چاہیں تو عملاً ناممکن ہوگا۔ لیکن، جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، وہ ان کی طلب پر بہت قوی اثر ڈال سکتے ہیں اور اس طریقے پر خاصے موثر طور سے دنیا کے سونے اور چاندی کے قیمت پر قابو حاصل کرسکتے ہیں بالفاظ دیگر دونوں کی قیمتوں میں مقررہ تناسب قائم کرسکتے ہیں۔

75

اسکے حدود

اسکے امکانات۔ دو فلزی طریق کی بحث کے ہنگامے کے دوران میں فریقین میں سے اکثروں نے اس امر کو تسلیم کیا کہ لاطینی اتحاد کے وجود سے یہ فائدہ ہوا کہ کم از کم اس اتحاد کے حیات کے زمانے میں چاندی کی قدر میں بہت کم تغیرات ہوئے

[1] ۔ اگرچہ جنگ کے بعد سے یہ امر بہت کچھ مشتبہ ہو گیا ہے۔

اور اس لحاظ سے یہ بہت اغلب معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے سب بڑے بڑے ممالک کا باہمی سمجھوتہ بہت زیادہ موثر ثابت ہو۔ لیکن کیا اس قسم کا سمجھوتہ کبھی ممکن ہے؟ انیسویں صدی کے اختتام سے قبل تو یہ ناممکن ثابت ہوا، مگر اس کے بعد سے دنیا بدل گئی ہے اور ایسی ایسی چیزیں ممکن ثابت ہوئی ہیں جو ۱۹۱۴ء سے قبل ناممکن خیال کیجاتی تھیں۔ یہ ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ دنیا کو دو فلزی طریق کی خوبی کا ثبوت جس قدر اس کی ناکامی سے ملا اسیقدر اس کی جزوی کامیابی سے بھی ملا جو کہ لاطینی اتحاد کے تحت حاصل ہوئی، اور اگر حالات میں اس قسم کا تغیر واقع ہو کہ پھر قلت زر محسوس ہو تو مثل پہلے کے اس کے موافق و مخالف دلائل یا اس کی اصلاح پر نزاع یا بحث مباحثہ کی ضرورت نہ ہوگی۔ نظریۂ مقدار زر اب اچھی طرح سمجھ میں آگیا ہے اور عام طور پر تسلیم کرلیا گیا ہے۔ اس وقت صرف ضرورت اس کی ہوگی کہ نئے حالات کے لحاظ سے کس طرح بہترین طرز عمل اختیار کیا جائے۔ موجودہ زمانے میں تقریباً تمام عالم میں موجودہ نظام زر یا ذریعۂ مبادلہ کا طریق مسلمہ طور پر غیر اطمینان بخش خیال کیا جارہا ہے کیونکہ سونے کی قدر بہت زیادہ تغیر پذیر رہی ہے۔ 76

اسکے حصول کی دقتیں

اس سے بہتر طریقہ

لیکن اگر سب ممالک کافی ہوشمندی اور یک جہتی کے ساتھ اس اصلاح کا بیڑا اٹھائیں تو اغلب معلوم ہوتا ہے کہ وہ معاملہ کی تہ کو پہونچ جائیں گے اور ایک ایسا طرز عمل اختیار کریں گے جو سونے چاندی کی مانگ کو قابو میں لانے کے طرز عمل سے بدرجہا زیادہ بہتر ہوگا۔ کیونکہ بین الاقوامی فلزیئیت سے بھی زیادہ بہتر ایک اور طریقہ ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ مروجہ زر کی مجموعی مقدار کو موثر طریقے پر قابو میں رکھا جائے تاکہ تمام عالم کی تجارت کیلئے جتنا زر بطور ذریعۂ مبادلہ درکار ہو ٹھیک اسی کے تناسب سے ہمیشہ رائج کیا جائے۔ لیکن زر کے افعال اور قیمتی فلز کے خواص کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ اس میں اور ایک قدم آگے بڑھانا ممکن ہے۔ یہ تو معلوم ہوچکا ہے کہ زر کا استعمال بطور آلۂ مبادلہ اس وقت سے شروع ہوا جبکہ

یہ امر تسلیم کر لیا گیا کہ آلۂ مبادلہ کوئی ایسی شئی ہونی چاہیئے جس میں حقیقی فلزاتی قدر موجود ہو کیونکہ اگر اس کی قدر ذریعۂ مبادلہ کی حیثیت سے کم بھی ہو جائے تب بھی وہ شئی اپنی جگہ پر بیش قدر باقی رہے۔ زر کی سرگزشت سے اس امر کا بتدریج تسلیم کر لیا جانا ثابت ہوتا ہے کہ زر صرف ایک مقصد کا ایک ذریعہ ہے، جس کی قدر کا دار و مدار اولاً اس کی عام مقبولیت پر ہے، اور یہ عام مقبولیت یا تو رسم و رواج پر منحصر ہوتی ہے یا باہمی سمجھوتہ اور قرارداد پر جس میں زر کی قدر ذاتی کو کوئی دخل نہیں ہوتا۔ اس کی تصدیق اس واقعہ سے ہوتی ہے جس کی تشریح آئندہ کیجائیگی کہ زر علامتی یعنی چاندی کے ایسے سکے جن میں قدر فلزاتی، قدر قانونی یا مرقومہ قدر سے بدرجہا کم ہوتی ہے، فی الواقع اور بعض شرائط کے تحت زر کے افعال کو بہت خوبی کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔ بس اسی میں آئندہ ترقیات اور اصلاح کے امکان کا راز مضمر ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب ایک ایسے زر سے جس میں قدر فلزاتی بہت کم ہو پوری قدر فلزاتی والے سکے کے افعال و اغراض پورے ہو سکتے ہیں تو کیا یہ امر بعید از قیاس ہے کہ رفتہ رفتہ قدر ذاتی کا عنصر غائب کر دیا جائے اور زر بغیر قدر ذاتی کے حقیقی افعال زر کو انجام دے؟ جب مقبولیت عام کے لیئے سکے میں پوری قدر ذاتی کی موجودگی لازم نہیں ہے تو پھر کم اور زیادہ قدر ذاتی کا فرق رکھنا بیکار سی بات ہے۔ جب زر محض مبادلے کا ایک ذریعہ ہے یعنی ایک قسم کے وعدے کی حیثیت رکھتا ہے
جس سے ضرورت کے وقت اشیا کے مبادلے میں ادائی کیجاتی ہے 77
اور یہ وعدہ خود ایک ایسی شئی ہے جو محض وعدہ ہونیکی حیثیت سے قبول کر لیجاتی ہے نہ کہ ایسی شئی ہونے کی حیثیت سے جس میں قدر ذاتی موجود ہے تو پھر اس وعدہ کا اظہار کسی ایسی شکل میں کیوں نہ کیا جائے جس میں قدر فلزاتی یا قدر ذاتی کا سوال ہی پیدا نہ ہو سکے۔ دوسرے الفاظ میں اب ہم کو ثابت کرنا ہے کہ زر علامتی کا بتدریج رواج پانا اس عمل ارتقا میں پہلا قدم ہے جو آئندہ چلکر زر میں قدر فلزاتی کی موجودگی کو

غیر ضروری ثابت کر سکتا ہے۔ اور اس ترقی کا واحد منطقی نتیجہ زر کاغذی ہے۔

بین الاقوامی زر کاغذی۔

اس عجیب و غریب مشورے کے بارے میں اگلے باب میں تفصیلی بحث کیجائے گی۔ لیکن سر دست یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ بین الاقوامی فلزیئیت کے امکانات پر اس کا کہاں تک اثر پڑے گا۔ اگر سونے اور چاندی کی رسد کو قابو میں لانے کی کوششیں کرنے کے بجائے تمام ممالک عالم باہمی معاہدے کر کے براہ راست ایک بین الاقوامی زر کاغذی رائج کر لیں تو اس نئے زر کی مقدار کو بہت سہولت کے ساتھ خود بخود قابو میں رکھا جا سکتا ہے۔ اس میں مصارف بھی کم ہوں گے۔ یہ نظری طور سے بہترین قسم کا زر ہوگا۔ اور پورے عالم کی تجارتی ضرورتوں کے لحاظ سے اس میں باہمی معاہدوں کی رو سے مناسب رد و بدل بھی کیا جا سکتا ہے تاکہ قیمتوں میں کبھی تغیرات رونما نہوں۔ اس غرض کے لیئے ایک بین الاقوامی مجلس قائم کیجا سکتی ہے تاکہ وہ ہر ملک سے انڈکس نمبر طلب کرے اور تمام عالم میں قیمتوں کے تغیرات کو بہ نظر غور دیکھتی رہے اور جہاں کہیں زر کی قلت یا افراط محسوس ہو فوراً مناسب تدابیر اختیار کرے یعنی افراط کو روکے یا مزید بین الاقوامی زر جاری کر کے کمی کو پورا کرے یا ایسے زر کی کچھ مقدار رواج سے ہٹا لے۔ اس قسم کا زر بے شک تمام عالم کا معیاری زر ہوگا اور اگرچہ محض نظری اعتبار سے یہ معیاری زر ہوگا کیونکہ اس کا عملاً عام طور پر اختیار کر لیا جانا ابھی آئندہ کئی صدیوں تک ممکن نہیں ہے۔ لیکن نظری امکان کی حیثیت سے وہ ضرور قابل لحاظ ہے۔ پس سر دست ہمارا استدلال ایک قدم اور آگے بڑھ جاتا ہے۔ یعنی ذریعۂ مبادلے کے ارتقا میں زر علامتی کے بعد کی منزل زر کاغذی ہے۔

حوالہ جات:۔ زید باب ۵ واکر بین الاقوامی فلزیئیت ڈارون فلزیئیت، جیولس زر باب ۱۲ گفنی فلزیئیت کے مخالف استدلال۔ دنیا ہارس چاندی کا نوٹ۔

آٹھواں باب

زر کاغذی

78

(۱)۔ زر کاغذی کی مختلف قسمیں۔ (۲)۔ فلزی زر اور کاغذی زر میں فرق۔ (۳)۔ اجرائے زر کاغذی کے حدود۔ (۴)۔ کاغذی زر کی افراط کی علامتیں۔ (۵)۔ زمانۂ جنگ کا زر کاغذی۔

پانچویں باب کے آخر میں یہ بتا دیا گیا ہے کہ نظریۂ مقدار زر کا صحیح تطابق و استعمال زر کے وسیع ترین معنوں میں اس کی ان تمام مختلف قسموں کی تشریح و توضیح کا متقاضی ہے جو موجودہ حالات کے تحت مبادلے کے کام میں استعمال کیجاتی ہیں۔ پھر ساتویں باب کے آخر میں بھی یہ واضح کر دیا گیا کہ ایک قسم کے زر کی دوسری قسم کے زر کی شکل میں ترقی ایک عمل ارتقا اور منطقی نشو و نما ہے مثلاً ابتداءً زر میں پوری قدر فلزاتی کی موجودگی لازمی تھی اس کے بعد قدرے ترقی ہوئی اور قدر فلزاتی کا جزوی طور پر موجود ہونا کافی سمجھا گیا اور بالآخر یہ صورت پیدا ہوگئی کہ قدر فلزاتی کا وجود کلاً معدوم ہو گیا اور کاغذی زر کا رواج شروع ہوا۔ یہ نشو و نما اور ترقی بالکل منطقیانہ

۔بایں ہمہ جب اس خیال کو سیدھے سادھے طریق پر پیش کیا جاتا ہے کہ کاغذ کے ایک پرزے سے زر کا اسیطرح خوبی کے ساتھ کام لیا جاسکتا ہے جس طرح کہ ایک ہر دلعزیز سونے کے چمکدار ٹکڑے سے تو وہ ابتداءً عجیب وغریب معلوم ہوتا ہے لیکن اگر یہ ذہن نشین رہے کہ موجودہ زمانے میں زر کی ضرورت براہ راست آرائش وزیبائش کے لیئے یعنی گھڑی کی زنجیروں اور عورتوں کے گلے کے زیورات کے لیئے نہیں ہوتی (اگرچہ دور ماضی میں قیمتی فلزات کو زر کا بہترین مسالہ ہونے کی حیثیت سے انھی کاموں اور فوائد کے اعتبار سے منتخب کیا جاتا تھا) بلکہ محض قرضے ادا کرنے اور اشیاء کا مبادلہ کرنے کی غرض سے ہوئی ہے تو یہ معمہ حل ہوجاتا ہے۔ سکہ محض ایک حکم ہے ہر تاجر یا اشیاء تیار کرنے والے کے نام کہ وہ اس کے حامل کو اشیاء کی کچھ مقدار دیدے اور یہ حکم کاغذی تحریر کے ذریعہ سے بھی اسی خوبی کے ساتھ دیا جاسکتا ہے جس طرح کہ سکہ کے ذریعہ سے بشرطیکہ اس کا غذی تحریر پر مقبولیت عام کی مہر ثبت ہو جس کے سونے اور چاندی کے سکے بھی انجام کار ایک حد تک محتاج ہیں۔ چاندی 79
اور سونے کے سکوں کو ہر شخص مطالبات میں وصول کرنے کی اس وجہ سے خواہش کرتا ہے کہ ہر شخص سونے اور چاندی کو قبول کرنے پر راضی اور آمادہ ہے۔ اگر اسی طرح متفقہ رضامندی اور آمادگی سے کام لیا جائے تو ہر چیز میں حتیٰ کہ کاغذ میں بھی وہی قوت پیدا ہوجائیگی جو کہ سونے چاندی کے سکوں میں ہے۔ یہ مفہوم زر کاغذی کی تین قسموں کے فرق کو واضح کرنے سے صاف ہو جائے گا۔

نیابتی زر کاغذی نیابتی یا بدل پذیر زر کاغذی اس زر فلزاتی کی رسید ہوتی ہے جو کسی بنک میں یا سرکاری خزانہ میں جمع کیا جائے جیسے کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ کے نقروی پر وانہائے ڈالر۔ موجودہ آئین وقوانین کے تحت بنک کے جاری کردہ نوٹ بھی بڑی حد تک نیابتی زر کاغذی شمار کیئے جاتے ہیں کیونکہ اکثر ممالک میں

بنک قانوناً مجبور رہیں کہ کل جاری کردہ نوٹوں کے مقابلے میں زرفلزاتی کا مناسب جزو بطور نقد سرمایۂ محفوظ رکھیں تاکہ عندالطلب حامل کو نقد کی شکل میں ادائی کیجا سکے یا نوٹوں کے مبادلے میں سکے دیئے جا سکیں۔ زر کاغذی کی اس شکل کا سمجھنا بہت آسان ہے اور علیٰ ہذا القیاس ان کی کثیر مقدار استعمال کرنے کی صورت میں بھی نسبتاً زیادہ سہولت ہے، خاصکر چاندی کے سکوں کے مقابلہ میں۔ اور یہ بھی بالکل یقینی ہے کہ ان کی قیمت عندالمطالبہ ہر وقت سکوں کی شکل میں مل سکتی ہے اسلیئے کہ ان کی نقد پذیری حامل کے ارادے پر موقوف ہے۔

(۲) امانتی زر کاغذی

امانتی زر کاغذی محض زرفلزاتی کی ادائی کے تحریری وعدے ہیں۔ اس لیئے بظاہر ایسے نوٹوں کی قدر کا مدار عوام کے اس اعتماد پر ہوتا ہے جو وہ وعدہ کرنیوالے کی ادا کرنیکی صلاحیت پر رکھتے ہوں۔ اگر وہ قابل اعتماد مشہور ہو تو لوگ بلا تامل اس کے تحریری وعدے سونے یا دوسرے زر کے مثل استعمال کرنے لگیں گے۔ اگر جیسا کہ حال کی جنگ عظیم میں اس کی بکثرت مثالیں ملتی ہیں وعدہ کرنے والی جماعت حکومت ہو جس کی مالی حالت کے اطمینان بخش ہونے کا اور ایفائے وعدہ کا عوام کو پورا یقین اور بھروسہ ہو تو ایسے نوٹوں کی صحت پر کوئی حرف نہیں آسکتا۔ مثلاً جرمنی میں عوام کو حکومت پر اس قدر قوی بھروسہ ہے کہ وہاں بغیر سرمایۂ محفوظ کی موجودگی کے بہت بڑی تعداد میں نوٹ جاری کرنا ممکن ہوا۔ پھر بنک نوٹ اس حد تک جس حد تک کہ وہ نیابتی زر نہیں ہیں امانتی زر کاغذی ہیں چنانچہ بنک آف انگلینڈ کے کل جاری کردہ نوٹوں کی سرگزشت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ ان نوٹوں پر عوام کس قدر قوی اور گہرا اعتماد رکھتے ہیں۔

(۳) رسمی یا غیر بدل پذیر زر کاغذی

یہ زر کاغذی نہ تو جمع شدہ زر فلزاتی کی رسید ہوتا ہے اور نہ ادائے زرفلزاتی کا وعدہ سمجھا جاتا ہے۔ گویا اصلی معنوں میں لفظ زر کاغذی کو اسی قسم کے زر کی حد تک محدود رکھنا چاہیئے۔ اس قسم کے نوٹ

80

عموماً ایسی حکومت جاری کرتی ہے جس کی جیبیں خالی ہوتی ہیں اور قرضہ ادا کرنے یا دوسری ضرورتیں پوری کرنے کے لیئے اس کو زر کی ضرورت ہوتی ہے۔ ممکن ہے کہ وعدے کے نوٹ کی طرح اس پر بھی پانچ پونڈ یا پانچ ڈالر تحریر ہو، لیکن ہر شخص جانتا ہے کہ ان کی مندرجہ رقم کو سرکار آئندہ کسی وقت بھی

زر کاغذی کے امکانات

ادا کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی بلکہ اغلب یہ ہے کہ ان کے مبادلے میں زر ادا کرنیکے قابل ہونے کی سرکار کو کوئی متصل توقع نہیں ہوتی۔ پس زر کاغذی کی یہی ایک شکل ایسی ہے جس کا سمجھنا سب سے زیادہ مشکل ہے۔ پھر بھی گزشتہ تجربے نے جس کی تصدیق دوران جنگ کے شدید عملی ضرورت کے زر کی سرگزشت سے ہوتی ہے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ بعض حالات کے تحت اس قسم کے زر کاغذی کا رواج پانا اور فلزاتی زر کے تمام کام انجام دینا بالکل ممکن ہے۔ اگر ایسے پرزوں کو قانونی جواز اور قبولیت عام کی سند حاصل ہو جائے (اور یہ دونوں عنصر لابدی ہیں بلکہ قبولیت عام نسبتاً زیادہ ضروری) جس کی بنا پر ان سے قرضے ادا کیئے جا سکیں اور اشیاء خریدی جا سکیں تو لوگ ان کو بلا تامل چند شرائط کے تحت مثل نقرہ یا طلا کے آزادانہ طور پر استعمال کرنے لگیں گے۔ لیکن کاغذی زر اور فلزاتی زر میں چند امور کا فرق ہے جس کو بکمال احتیاط ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ اسلیئے کہ یہی فرق اجرائے زر کاغذی کے خطرات کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اسی کے ساتھ ان چند شرائط و حالات کو بھی ظاہر کرتا ہے جن کی پابندی

اسکی قدر پر خطر ہے

کاغذی زر سے فلزی زر کا پورا کام لینے کی صورتیں ضروری ہے۔ اولاً زر کاغذی کی قدر زر فلزاتی کی نسبت بہت زیادہ پرخطر ہے۔ کیونکہ زر کاغذی کی قدر حکومت کی عطا کردہ ہوتی ہے جس کو حکومت واپس بھی لے سکتی ہے اور ایسا کرنے کی صورت میں اس کی قدر معدوم ہو جائے گی۔ اسمیں شک نہیں کہ زر کاغذی کو نقد سے مبدل کرنے سے انکار کر دینا انتہا درجہ کی بد دیانتی ہوگی اور کوئی باوقار حکومت اس کی مرتکب نہ ہوگی کیونکہ

بد دیانتی کے ارتکاب کے قطع نظر اس کا نتیجہ خود اسی کے حق میں مضر ہوگا اور اس کی ساکھ پر بہت برا اثر پڑے گا۔ لیکن سابقہ تجربہ سے ثابت ہوتا ہے اور خصوصاً جنوبی امریکہ کے چھوٹے چھوٹے جمہوروں کے طرز عمل سے اس کی تصدیق ہوتی ہے کہ کسی ناگہانی مصیبت کے آجانے سے اور حالات سے مجبور ہوکر مثلاً سیاسی انقلاب و شورش وغیرہ کی صورت میں حکومت ایسا انتہائی طرز عمل اختیار کرسکتی ہے۔ منسوخ شدہ زر کاغذی کی قدر قلم کے محض ایک اشارے سے کلیتہً معدوم ہو جاتی ہے۔ اس کے برعکس اگر 81
طلائی سکے زر قانونی کے زمرے سے بھی خارج کر دیئے جائیں تب بھی ان میں فلزاتی قدر موجود رہتی ہے۔

(۴) زر کاغذی کی قدر محدود دوسرا فرق یہ ہے کہ زر کاغذی کی قدر بہت زیادہ محدود ہوتی ہے کیونکہ اسکا مدار قانون پر ہوتا ہے اور زر کاغذی صرف وہیں رائج ہوسکتا ہے جہاں پر قانون کا عمل دخل ہوتا ہے یعنی ایک حکومت کے زیر نگیں جتنا ملک ہو اسی کے حدود کے اندر یہ زر چلتا ہے۔ چنانچہ جب فرانس میں جنگ عظیم کے زمانے میں بڑے بڑے شہروں کے ایوانہائے تجارت زر کاغذی جاری کرنے کے مجاز قرار دیئے گئے تو ان کے جاری کردہ نوٹ صرف متعلقہ شہروں کے حدود کے اندر قبول کئے جاتے تھے اور ان کے باہر ان کو کوئی پوچھتا بھی نہ تھا مثلاً فرانس میں سفر کرتے وقت کسی شخص کو جو فرانک کے نوٹ لائمنس میں مبادلے میں ملتے تھے بیرس میں انھی کے مبادلے میں نقد ایک حبہ بھی نہ مل سکتا تھا۔ یہی حال تمام ممالک کے جاری کردہ نوٹوں کا ہے کہ ان کے حدود کے باہر ان کی قدر بالکل غائب ہو جاتی ہے۔ گویا یہ نوٹ اس وقت تک بے کار ہیں جبتک کہ کوئی ایسا شخص یا ایسی جماعت ان کو قبول کرنے کے لیئے تیار نہ ہو جو ان کو ان کے حدود کے اندر لیجا سکے جیسے کہ تامس کک یا کوئی دوسرا بین الاقوامی بنک۔ واقعہ یہ ہے کہ اس طریقہ پر زر کاغذی کے فوائد جنگ کے زمانے میں بہت نمایاں طور پر

ظاہر ہوئے۔ انگلستان کے خزانے کے نوٹ نہ صرف اکثر بیرونی ممالک میں رائج ہوئے بلکہ ایک زمانے میں ان پر زر فلزاتی کے مقابلے میں بڑھوتری وصول ہوتی تھی۔ مثلاً مئی ۱۹۱۶ء میں فرانس میں انگریزی سونے کی شرح مبادلہ صرف ۲۶ فرانک تھی اور اس کے برعکس خزانے کے نوٹوں کے مبادلے میں ۲۸ فرانک برضا و رغبت دیئے جاتے تھے۔ لیکن اتنا ضرور ہے کہ خاص حالات کی بنا پر ایسا ہوتا تھا۔ اس وقت چونکہ فرانس سے باہر سونا بھیجنے کی ممانعت کر دی گئی تھی انگریزی سونے کی برآمد کرنا بھی ناممکن تھا۔ اسکے برعکس خزانے کے نوٹ لفافہ میں بند کرکے ڈاک کے ذریعہ سے بسہولت روانہ کیئے جاسکتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مستثنیٰ حالات ہیں جن سے یہ عام قاعدہ نہیں بدلتا کہ کاغذی زر کی قدر ملک کے حدود کے باہر موثر نہیں ہوتی۔ لیکن طلائی سکے کی قدر کا مدار سکہ ڈھالنے والی جماعت یعنی حکومت کی خواہش اور مرضی پر نہیں ہوتا بلکہ اس کی قدر فلزاتی پر ہے جو دنیا میں ہر جگہ ایک ہوتی ہے۔ اس طرح پر زر فلزاتی اور خصوصاً سونا ایک مشترکہ اور بین الاقوامی زر ہے۔ تیسرا اور آخری فرق یہ ہے کہ

زر کاغذی کی قدر میں ثبات نہیں ہوتا

زر کاغذی کی قدر زر فلزاتی کی قدر کے مقابلے میں بہت زیادہ تغیر پذیر ہوتی ہے اس لیئے کہ زر کاغذی کی قدر کا مدار جاری کردہ نوٹوں کی مقدار پر ہوتا ہے اور اس مقدار کا انحصار کلیتہً جاری کنندہ حکومت کی خواہش اور مرضی پر ہے۔ مالی آفت کے زمانے میں زر کاغذی زیادہ 82
مقدار میں جاری کرنا بہت آسان کام ہے اور اکثر حکومتیں ایک مرتبہ غیر تغیر پذیر زر کاغذی کا اجرا شروع کرنے کے بعد اپنے کو ترغیب و تحریص سے بمشکل باز رکھ سکتی ہیں۔ لیکن جیسا کہ عنقریب معلوم ہوگا ایک مناسب مقدار سے ذرا سا بھی تجاوز کرنے کا نتیجہ لازماً زر کی کم قدری ہوتا ہے۔ مثلاً جرمنی نے اس بات کو بہت جلد محسوس کر لیا کہ باوجود اس کے کہ عوام حکومت پر کامل بھروسہ رکھتے تھے اس کے جاری کردہ

نوٹوں کی قدر ان کی افراط کے باعث بسرعت تمام گھٹ گئی۔

معیاری زر یہ بحث خالی از دلچسپی نہ ہوگی کہ زر کاغذی کے متعلق جو امور اوپر بیان کیے گئے بین الاقوامی اتحاد عمل کے ذریعے سے ان میں کس طرح اصلاح کیجا سکتی ہے۔ اگر دنیا کے سب بڑے بڑے تجارتی ملک باہم سمجھوتہ کرکے ایک قسم کا بین الاقوامی زر کاغذی رائج کریں اور اسکو زر قانونی قرار دیکر سب معاہدہ کرنے والے ملکوں میں اسکو جاری کریں تو ان کو سب سے زیادہ احتیاطی تدابیر اس بات کے لیئے اختیار کرنے پڑینگے کہ اس زر کی افراط نہ ہونے پائے گویا اسکے لیئے ایک بین الاقوامی مجلس کی شکل میں ایک محکمۂ اجرا قائم کرنا پڑیگا اور اس مجلس کو تمام شریک کار حکومتوں کے اثر سے آزاد رہنا ہوگا۔ ہر ملک کتنا زر جاری کرے اس کا تعین اسی مجلس کے ہاتھ میں ہوگا اور یہی مجلس ہر ملک کی آبادی کے لحاظ سے یا کسی دوسرے مقررہ معیار کی بنا پر ہر ملک کے حسب ضرورت زر جاری کرنے کا انتظام کریگی، اسیطرح جسطرح کہ لاطینی اتحاد نے بعض قواعد کے تحت نقروی زر علامتی جاری کیا یا اسکے لیئے اس سے بہتر طریق کار یہ ہوگا جیسا کہ گزشتہ باب میں بیان کیا گیا کہ کل جاری کردہ مقدار کو تمام عالم کے انڈکس نمبروں کے تغیرات کے لحاظ سے منظم کیا جائے۔ اگر اس قسم کے معیاری نظام کا قیام کبھی ممکن ہو تو مبادلات میں زر کاغذی کامل طور پر زر فلزاتی کا جانشین بن سکتا ہے۔ اس میں زیادہ سے زیادہ یہ ضروری ہوگا کہ زر فلزاتی کا سرمایہ ایک عرصہ دراز تک اس معیاری زر کی کمک کے لیئے قائم رکھا جائے، اگرچہ یہ بھی نظری اعتبار سے غیر ضروری معلوم ہوتا ہے۔ ایک ایسے بین الاقوامی زر کا امکان جسمیں عالم کو کسی قسم کے معارف برداشت کرنے نہ پڑیں اور جس کی رسد کا انتظام کرنے میں بھی سہولت ہو بے شک معاشیات کا نصب العین ہے۔ لیکن وہ سردست عملاً بعید از امکان ہے[1]۔

---

[1] دیکھو سولھواں باب۔

اوپر کی بحث سے واضح ہوتا ہے کہ زر کاغذی اکثر مثل زر چلتا ہے
83 اور بہت آزادی کے ساتھ دست بدست گھومتا ہے، لیکن یہ واضح نہیں ہوتا کہ کیوں ایسا ہوتا ہے۔ اجرائے زر کاغذی کے بارے میں چند شرائط کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جنکی پابندی ضروری ہے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ یہ شرائط وقیود کیا ہیں۔ ان دونوں سوالوں کے جواب ایک دوسرے سے قریبی تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ آدم اسمتھ نے سب سے پہلے اسکی طرف اشارہ کیا ہے اور اسکی ایک نہایت ہی موزون مثال پیش کی ہے۔ وہ بتاتا ہے کہ ایک لحاظ سے قیمتی فلزات کی وہ کل مقدار جو بطور سکوں کے استعمال ہوتی ہے غیر پیداآور اصل ہے، یہ اصل صرف دست بدست گھومتا ہے اور اس سے کوئی مفید کام نہیں لیا جاتا۔ اسیطرح اسکے وطن یعنی اسکاٹ لینڈ میں جہاں پر سڑکیں کثیر تعداد میں اور نہایت باقاعدہ بنی ہوئی ہیں سڑکوں کی زمین اس لحاظ سے کہ غیر مزروعہ ہے زراعتی نقطہ نظر سے محض غیر پیداآور اور غیر منفعت بخش ہے۔ اگر آمد و رفت اور نقل وحمل کے لیئے کوئی نیا طریقہ ایجاد کر لیا جائے جیسے کہ ہوائی جہازوں کے ذریعے سے پرواز وغیرہ تو سڑکوں کی سب عمدہ زمینیں کھیتی باڑی کے کام میں لائی جاسکتی ہیں اور ان پر کاشت کرکے جو پیداوار حاصل کیجائیگی وہ گویا دنیا کو خالص منافع کی شکل میں ملیگی۔ علیٰ ہذا اگر لوگ زر فلزاتی استعمال کرنیکی بجائے کوئی دوسرا ذریعہ مبادلہ ایجاد کریں مثلاً زر کاغذی کو عام رواج دیں تو قیمتی فلزات کی وہ کل مقدار جو اس وقت بے کار اور غیر پیداآور ہے کسی دوسرے مفید کام میں لگائی جاسکتی ہے یعنی زر فلزاتی کو بجائے جیبوں میں رکھنے اور تجوریوں میں بند کرنیکے لوگ اس سے گھڑی کی زنجیریں طلائی گھڑیاں اور انگوٹھیاں بنائیں گے اور جب دنیا میں زر کا کام یہ کاغذی پرزے اسی خوبی کے ساتھ انجام دینگے جس خوبی کیساتھ کہ طلائی سکے دے سکتے ہیں تو گویا اس طرح زر کے استعمال میں عظیم الشان

نظریۂ زر کاغذ۔

کفایت ہو جائیگی اور دنیا میں تمول بڑھ جائیگا۔ اس مثال سے یہ نمایاں طور پر واضح ہوتا ہے کہ زر کاغذی حقیقت میں کسطرح ملک کی دولت میں اضافہ کر سکتا ہے۔ چنانچہ جنگ عظیم کے زمانے میں اسکی مزید تصدیق ہوئی۔ اثنائے جنگ میں ایک دفعہ انگلستان کو امریکہ سے اسلحہ، گولہ بارود وغیرہ خریدنے اور ان کی قیمت ادا کرنے کی غرض سے سونے کی سخت ضرورت محسوس ہوئی۔ لیکن انگلستان اپنی قدامت پسندی کے باعث ہمیشہ زیادہ سونے کے سکے استعمال کرتا رہا ہے۔ نتیجہ یہ کہ یہ خیال کیا جاتا تھا کہ کئی ملین ساورن گردش میں ہوں گے اور یہ سب سونا غیر منفعت بخش کام میں لگا ہوا تھا۔ وزیر مالیہ نے ایک اعلان میں عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ سونے کو استعمال کرنیکی بری عادت ترک کر دیں اور سونے کے بجائے نوٹوں کا استعمال کریں۔ ملک کی محبت نے لوگوں کو اس درخواست کے قبول کرنیکی ترغیب دی اور انھوں نے اس پیام کو لبیک کہا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کم از کم عارضی طور پر سونے کا رواج تقریباً موقوف ہو گیا۔ طلائی سکے نظر سے غائب ہو گئے اور وزیر مالیہ کو اسطرح پر کئی ملین پونڈ سرکاری کام میں لانیکے واسطے بغیر کسی مصارف کے مفت ہاتھ آ گئے۔ اس میں عوام کو بھی نقصان نہوا، کیونکہ اسوقت بھی انکے پاس زر کی اتنی ہی مقدار رہی جتنی کہ پہلے تھی اور ایک مرتبہ عادی ہو جانیکے بعد انکو معلوم ہو گیا کہ کاغذی زر سے نہایت خوبی کے ساتھ بعینہ وہی کام لیئے جا سکتے ہیں جو طلائی سکوں سے گویا اس طریقے پر زر کے استعمال میں جو کفایت ہوئی وہ ملک کا خالص نفع شمار کیا جا سکتا ہے، جس سے کسی جماعت کو نقصان نہ ہوا۔ انگلستان کے خزانے کے جاری کردہ نوٹوں کے متعلق اعداد و شمار ضمیمے کی ساتویں جدول میں درج ہیں۔ 84

اجرا کے حدود

اس تشریح سے دوسرے سوال کا جواب بھی ادا ہو جاتا ہے کہ محفوظ طریقے پر زر کاغذی کا اجرا کس حد تک ہو سکتا ہے یعنی اجرا اس حد تک ہو سکتا ہے جس حد تک کہ زر کاغذی کا رواج زر فلزاتی کو ایک غیر مفید کام سے نکالکر پیدا آور کام میں

لگا دیتا ہے۔ اس سلسلے میں دو امور قابل لحاظ ہیں، ایک تو یہ کہ ملک سے سونے کو کلیتہً خارج کر دینا ناممکن ہے، گردش میں طلائی سکوں کی ایک معقول مقدار رکھنا چاہیئے تاکہ جو لوگ ملک کے باہر سیاحی کے خیال سے جائیں وہ کم از کم اپنے ساتھ قدرے سونے بھی لیجا سکیں۔ اور کچھ قدامت پسند لوگ ہمیشہ ایسے بھی ہوتے ہیں جو طلائی سکوں کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں اپنے پاس رکھنے پر مصر ہوتے ہیں۔ یہ زیادہ تر لوگوں کے عادات سے متعلق معاملہ ہے۔ لیکن کسی کو یہ پیشین گوئی کرنیکی جرأت بھی نہوتی کہ انگلستان اسقدر جلدی اور تقریباً کامل طور سے سونے کے استعمال کو ترک کر دیگا جیسا کہ اس نے ثابت کر دکھایا۔

دوسری طرف یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ ایسی تبدیلی کے زمانے میں سونے کی جو حقیقی مقدار رائج تھی وہ لازمی طور پر اس بیشترین مقدار زر کو ظاہر نہیں کرتی جو ملک میں اغراض زر کو پورا کرنے کیلئے درکار تھی۔ اگر اس وقت ملک میں زر کی قلت ہو تو واپس لیئے ہوئے زر طلا کی کمی کو پورا کرنیکی غرض سے زر کاغذی کا جاری کرنا فی الحقیقت مفید ہو سکتا ہے اور اس بارے میں انحصار بیشتر ان حالات پر ہوتا ہے جنکے تحت تبدیلی کیجاتی ہے۔ اگر مالی آفت کا زمانہ ہوا جو عام طور سے ایسی تبدیلی کا باعث ہو سکتا ہے تو ممکن ہے کہ، جیسا کہ متعاقب باب میں تشریح کیجائیگی، اسوقت معمول سے زیادہ نقد 85
سکوں کی ضرورت محسوس ہو، کیونکہ اعتبار اور قرضے کی سہولتوں کی ناکامی یا تحدید کے باعث کاروبار کو انجام دینے کیلئے زیادہ مقدار میں نقد زر درکار ہوتا ہے۔ یہ حالت انگلستان میں غالباً بڑی حد تک صادق آتی تھی خاصکر اس زمانے میں جبکہ جنگ کے آغاز کے باعث مالی معاملات میں تلاطم پیدا ہو گیا تھا۔ چنانچہ پہلے ہی ہفتے میں خزانے کے نئے نوٹ چھپکر شائع ہونے سے پیشتر زر کی ضرورت اور مانگ بہت قوی تھی۔

ممکنہ گنجایش

اسطرح جو ملک زر کا غذی رائج کرتا ہے اسکو اس قسم کے قومی یا اجتماعی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ نوٹ جاری کرنے والی حکومت کو جو فوائد حاصل ہوتے ہیں ان کا تاریک پہلو بھی قابل غور ہے۔ یعنی یہ امر غور طلب ہے کہ حکومت اپنی رعایا میں نوٹ جاری کرکے انکے نقصان سے جو فائدہ اٹھاتی ہے وہ اسکی خود غرضی پر مبنی ہے۔ یہ خود غرضانہ فوائد بہت زیادہ بدیہی ہیں۔ اسلئے کہ غیر بدل پذیر زر کا غذی کا جبری اجرا مفلس حکومت کو ایسے ذرائع مہیا کر دیتا ہے جنکی بدولت وہ فوراً اپنے ذمے کے واجب الادا قرضے خود اپنی رعایا کو کسی نقصان یا مصارف کے بغیر ادا کر سکتی ہے۔ اس سے یہ مراد ہے کہ حکومت اصل بطور قرض حاصل کرتی ہے اور نہ تو سود ادا کرتی ہے اور نہ اصل کی واپسی کا کوئی فوری ارادہ رکھتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ غیر بدل پذیر زر کا غذی کا اجرا درحقیقت حکومت کو جبری طور پر قرضہ دینا ہے، چنانچہ اسکی صداقت کا گہرا نقش جرمنی کے باشندوں پر اسوقت ہوا ہوگا جبکہ جنگ کے زمانے میں اس قسم کے نوٹ کثیر مقدار میں جاری کئے گئے اور جرمنی حکومت جنگ کے لئے جتنی اشیا کی ضرورت ہوتی تھی انکی قیمت اسی قسم کے نوٹوں کے ذریعے سے عوام کو ادا کرتی تھی۔

لیکن، جیسا کہ توقع کیجا سکتی ہے، مطالبات کو اسطریقے سے ادا کرنے میں جہاں مسرت آگین سہولتیں ہیں وہیں کئی دقتیں اور ان سہولتوں کو خطرناک طریقے پر استعمال کرنیکے امکانات بھی ہیں۔ چنانچہ تاریخ اس قسم کی عجیب و غریب مثالوں سے بھری پڑی ہے اور انھی پر نظر کرتے ہوئے موجودہ زمانے میں یہ امر تقریباً ایک کلیہ کے طور پر تسلیم کر لیا گیا تھا کہ کوئی باوقار حکومت زر کا غذی جاری کرنیکی ذلت گوارا نہیں کریگی۔ مگر جنگ کے بعد سے جسطرح دوسری باتوں میں انقلاب ہو گیا اسمیں بھی انقلاب ہوا۔ جنگ نے دول یورپ کو وہ چیز سکھائی جو کہ جنگ سے قبل باقاعدہ نظریہ کی حیثیت رکھتی تھی، یعنی یہ کہ زر کا غذی کے

نقائص کلیتہً اسکے غلط استعمال میں مضمر ہیں۔ گویا سوال صرف مقدار کا ہے۔ اگر اسکی کافی احتیاط کیجائے کہ ملک میں تجارتی ضرورتوں کے لحاظ سے جتنا زر درکار ہو اتنا ہی جاری کیا جائے تو سلامتی کے حدود سے قدم آگے بڑھنے نہ پائیگا اور کوئی خطرہ پیدا نہوگا۔ لیکن ذرا سی بے پروائی اور بے احتیاطی 86
کرنے اور سلامتی کے حدود سے قدم آگے بڑھانے کا نتیجہ خطرناک اور مضرت رساں ثابت ہوگا۔ یہ ایسا معاملہ ہے جس پر خاص طور پر زور دینا ضروری ہے کیونکہ اسی کے متعلق جنگ کے زمانے میں ہر جگہ بہت کچھ غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ

حکومت کا اعتبار

زر کاغذی کی خوبی کا سارا مدار حکومت کی عمدہ ساکھ اور اعتبار پر ہوتا ہے اور جب تک ضمانت اور ضامن اچھے ہیں اگر زیادہ مقدار بھی جاری کردی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ عوام کے اس خیال کی بڑی وجہ یہ بھی معلوم ہوتی تھی کہ اہل جرمنی بھی اسی پر بھروسہ کرکے زر کاغذی کو جو حکومت بہت بڑی تعداد میں جاری کرتی تھی استعمال کرتے رہے اور انکو یقین تھا کہ جس وقت جرمنی اپنے مغلوب دشمنوں سے تاوان وصول کریگا یہ سب رقم کسی دن ضرور واپس ملجائیگی۔ لیکن اس امر پر کہ یہ نقطۂ خیال غلط ہے جسقدر زور دیا جاے کم ہے۔ صرف ایک چیز زر کاغذی کی قدر کو متاثر کرسکتی ہے اور وہ اجرا کی مقدار ہے۔ اگر مقدار بہت زیادہ نہو تو باوجود حکومت کا اعتبار ناقص ہونیکے زر کاغذی بہت عمدگی کے ساتھ چلیگا لیکن اسکے برعکس اگر حکومت کا اعتبار نہایت اعلیٰ درجے کا ہو مگر نوٹوں کی تعداد بنک کی حقیقی ضرورتوں سے زائد ہو تو نوٹوں کی قدر گھٹ جائیگی اور اسکو روکنا محال ہوجائیگا

سائنے

انقلاب فرانس کے زمانے میں سائنے[1] کی سرگزشت سے دنیا کو بھی سبق حاصل کرنا چاہیئے تھا۔ یہ ایک ایسا زر کاغذی تھا جسکی ضمانت بھی دنیا میں

---

[1] (Assignats) انقلاب فرانس کے زمانہ میں اس نام کے کاغذی سکے جاری کیئے گئے تھے اور انکی ضمانت میں ملک کے بعض خطے وقف کردیئے گئے تھے۔

سب سے بہتر تھی، یعنی سرزمین فرانس اسکی ضمانت میں مکفول تھی۔ لیکن باوجود اسکے جب یہ غیر محدود مقدار میں جاری کیئے گیئے تو انکی قدر کی تخفیف کو دنیا کی کوئی قوت روک نہ سکی اور یہاں تک نوبت پہونچی کہ جو سائنے پہلے ۱۰۰ فرانک یا ۴ پونڈ کے معادل تھا وہ آخر میں ۳ پنس سے بھی کم ہوگیا۔

بدل پذیری پس ان حالات کے تحت کسی دوسرے زر کا غذی کا بھی یہی انجام ہوسکتا ہے۔ ضمانت کیسی ہی عمدہ ہو اور حکومت کا اعتبار کیسا ہی اچھا ہو لیکن اگر زر افراط سے جاری کیا جائے گا تو اسکی قدر کی تخفیف کو کوئی قوت نہیں روک سکتی۔ زر کاغذی کے لیئے صرف ایک چیز مستحکم ضمانت ہوسکتی ہے اور وہ بدل پذیری یا نقد پذیری ہے۔ اگر زر کاغذی بدل پذیر ہے تو اس سے زر کی افراط پر ایک روک قائم ہوجائیگی اور اس کا بدیہی نتیجہ یہ ہوگا کہ قیمت گھٹنے نہ پائینگی۔ روک یوں قائم ہوجائیگی کہ 87
قیمت میں تخفیف شروع ہونے سے قبل ہی سب بنک زائد نوٹوں کو حکومت کے حوالے کرکے سونا وصول کرلیں گے اور اس طرح بہت سے نوٹ رواج سے ہٹ جائیں گے۔ لیکن اگر لوگ عقل سلیم سے کام لیں اور زر کاغذی کو استعمال کرنے کے عادی ہوجائیں تو ایسی صورت میں ان کے لیئے طلائی سکوں کی ضرورت باقی نہ رہیگی۔ چونکہ انگلستان کے خزانے کے نوٹ بدل پذیر ہیں گو اسکے باوجود لوگ ان کو سونے سے بدل لینے کے لیئے خواہشمند نہیں معلوم ہوتے اس لیئے یہ نوٹ امن و عافیت کے ساتھ رائج ہیں۔ لیکن جرمنی میں جو زر کاغذی رائج ہے وہ غیر بدل پذیر ہے۔ اسی وجہ سے اسکی افراط جنگ ختم ہونے سے پیشتر ملک کو خسارے میں ڈالدیگی اور جنگ کے بعد تو ملک کو پورا خمیازہ بھگتنا پڑیگا۔

افراط یا انتفاخ زر کی علامتیں لیکن جو حکومتیں زر کاغذی کے اجرا کے بارے میں دیانتداری کو ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہتیں ان کے اطمینان قلب کی خاطر خوش قسمتی سے ایسی بعض علامتیں ہیں جن سے یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ اجرا کی محفوظ حد سے کب

تجاوز کیا گیا۔ اور انھی علامتوں کو اب جانچنا چاہیئے۔ انتفاخ زر کی سب سے

(۱) سونے کی بڑھوتری

پہلی علامت یہ ہے کہ طلائی زر پر بڑھوتری وصول ہونے لگے، گویا اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ لوگوں کو زر کاغذ کے مقابلے میں سکوں کی جدائی ناگوار ہے اور جن کو طلائی زر کی ضرورت ہوتی ہے وہ طلائی سکے فراہم کرنے کے لیئے بے چین ہیں، مثلاً بنک جن کو برآمد کے اغراض کے لیئے سونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ سونے کو حاصل کرنے کے لیئے بڑھوتری ادا کرتے ہیں۔ اور اس ادا شدہ بڑھوتری کو وہ دراصل اپنے ان گاہکوں سے وصول کر لیتے ہیں جو سونے کے طالب ہوں۔ جب کبھی کاغذی زر کی مقدار بہت زیادہ ہو جاتی ہے اسکی قدر فوراً گھٹنا شروع ہوتی ہے اور اسکو سب سے اول محسوس کرنیوالے وہ لوگ ہوتے ہیں جن کو رقم باہر بھجوانی ہے کیونکہ عام حالات میں بھی جبکہ ملک کے اندر نوٹ اچھی طرح چل رہے ہوں مطالبات خارجہ کی ادائی صرف سونے ہی میں ہوسکتی ہے۔ جب تک ملک کے اندر سونے اور کاغذ کی قدر مساوی ہے لوگ ادا اور وصول کرنے میں ان کا امتیاز نہیں کرتے لیکن جس وقت کاغذی زر کو قبول کرنے یا طلائی سکوں کو ادا کرنے میں ذرا بھی پس وپیش کرنے لگے یہ سمجھنا چاہیئے کہ آفت شروع ہوگئی۔ اور لوگوں کا سونے کو ترجیح دینا اس طرح سے ظاہر ہوتا ہے کہ بنک سونے کی ادائی پر بڑھوتری وصول کرتے ہیں اس لیئے کہ ان کو برآمد کی تجارت کیلیئے سونے کی ضرورت ہوتی ہے۔

لیکن سونے پر بڑھوتری کا جو اثر پڑتا ہے وہ معمولی لوگوں پر ابتداً ظاہر نہیں ہونے پاتا۔ کیونکہ ادنیٰ درجہ کے لوگوں کو سونے کی کوئی خاص ضرورت پیش نہیں آتی اور انکی ضرورتیں زر کاغذی سے کامل طور پر پوری ہو جاتی ہیں۔ لیکن بیرونی ممالک کے تاجر دوسرے طریقے سے اسکا اثر

(۲) شرح مبادلہ کا اضافہ

اپنے اوپر محسوس کرتے ہیں اور وہ شرح مبادلہ کا اضافہ ہے۔ شرح مبادلہ کے مفہوم کی تفصیلی

88 تشریح اگلے باب میں کیجائیگی۔ لیکن سردست مختصر طور پر یہ سمجھ لینا کافی ہوگا کہ

88 تاجر لوگ مطالبات خارجہ کی ادائی کی غرض سے سونا نہیں بھجواتے بلکہ اسکے بجائے جس ملک کا مطالبہ پورا کرنا ہے اسکی ہنڈیاں خرید لیتے ہیں اور ان کو ڈاک کے ذریعے سے اسی ملک میں جہاں انکا قرض خواہ ہے واپس بھیجدیتے ہیں، اب چونکہ یہ ہنڈی ایسے شہر مثلاً لندن کو روانہ کیجاتی ہے جہاں اسکے مبادلہ میں سونا ادا کیا جاتا ہے اس لیئے اس ہنڈی کا کسی کے پاس فروخت کی غرض سے رہنا ایسا ہی ہے جیسا کہ اس کے پاس سونا مبادلہ کے لیئے ہو۔ گویا کسی شئے کے مبادلے میں ہنڈی کا خریدنا اور بھجوانا اسکی قیمت کو سکے کی شکل میں ادا کرنے کے برابر ہے۔ پس اگر کسی ملک میں زر کا غذی کی قدر طلائی سکوں کی نسبت گھٹ جائے تو لندن میں ہنڈی کا مالک پہلے کی نسبت زیادہ نوٹ یعنی نوٹوں کی مندرجہ رقم سے زائد رقم وصول کرینگی تو قع اسطرح رکھیگا جسطرح کہ طلائی سکوں کی قدر میں تخفیف ہونیکی صورت میں کرتا۔ اسطرح کسی ملک میں زر کا غذی کی قدر گھٹنے سے اس ملک کے خلاف شرح مبادلہ میں اضافہ ہو جاتا ہے اسی طرح جس طرح کہ جنگ کے زمانے میں تمام غیر جانبدار ممالک میں مبادلات خارجہ کی شرحیں جرمنی کے خلاف ہوگئیں[1]۔ لیکن اس استدلال پر بہت زیادہ زور نہ دینا چاہیئے کیونکہ جو دول جنگ میں شریک تھے کلیتہً دوسرے اسباب کی بنا پر مبادلات انکے بھی خلاف رہے۔ ان اسباب پر بعد میں مفصل بحث کیجائیگی، لیکن سر دست اس امر کے متعلق کہ انگلستان کے مقابلے میں جرمنی کے مبادلات بہت زیادہ گھٹ گئے یہ توجیہ کیجاسکتی ہے کہ انگلستان کے مقابلے میں جرمنی میں زر کاغذی کی قدر بہت گھٹ گئی تھی[2]۔ اگر جرمنی کی تجارت خارجہ کے دروازے اسطرح مسدود نہ ہو جاتے اور اسطرح سے وہ چاروں طرف سے مقید

[1] دیکھو ضمیمہ۔ جدول پندرہ۔
[2] نیز دیکھو روسی مبادلات۔

ہو جاتا جسطرح کہ جنگ کے زمانے میں ہوا تھا تو اسکے کاغذی زر کی قدر کی تخفیف بہت زیادہ نمایاں طور سے ظاہر ہوتی۔ انسداد تجارت خارجہ نے تخفیف قدر کو چھپائے رکھا۔ چنانچہ اسکی پوری وسعت کا اندازہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک جرمنی میں پوری طرح امن و امان قائم ہو کر بقیہ دنیا سے اسکے از سر نو تجارتی تعلقات نہ قائم ہو جائیں۔

(۳) سونے کا غائب ہونا زر کاغذی کی قدر میں تخفیف ہونیکی تیسری علامت جو بعض اوقات پہلی دو علامتوں کے ساتھ ساتھ نمودار ہوتی ہے یہ ہے کہ سونا غائب ہونے لگتا ہے اور یہ قانون گریشم کا فطرتی نتیجہ ہے۔ لوگ سونے کو یا تو اندوختوں کی شکل میں رکھتے ہیں یا مطالبات خارجہ کی ادائی میں بیرونی ممالک میں بھجوانے لگتے ہیں اور ملک میں ہر طرف زر کاغذی کا رواج ہو جاتا ہے۔

لیکن ایک ایسے معمولی طبقے کے آدمی کے لیئے جو بیرونی ممالک سے تعلقات نہ رکھنے کی وجہ سے مبادلات خارجہ سے کوئی دلچسپی نہ رکھتا ہو اور جو زر کاغذی کو اسوقت تک وصول کرتے رہنے پر قانع رہتا ہے جب تک کہ اس سے اسکا روزمرہ کا کاروبار اچھی طرح سے چلتا رہے مذکورہ بالا علامتیں مقابلتہً کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتیں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ 89
وہ ان علامتوں سے نابلد ہوتا ہے۔ لیکن اسی طبقے کے لوگوں پر جو ملک کی آبادی کا بڑا حصہ ہیں قدر زر کی تخفیف کا اثر دوسرے طریقے سے ظاہر ہوتا ہے اور یہ قیمتوں کا اضافہ یا گرانی ہے۔ بعض لوگ ممکن ہے یہ خیال کریں کہ ابتداءً جس وقت تاجر اور دوکاندار یہ محسوس کرنا شروع کرتے ہونگے کہ زر کاغذی بہ نسبت پہلے کے کم قیمت ہو گیا ہے تو لین دین کرنے میں قیمتوں پر جھگڑا ہوتا ہوگا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ عملاً ایسا نہیں ہوتا، اس لیئے کہ جونہی تاجروں کو یہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ انکو اشیا درآمد کرنیکی صورت میں پہلے کی بہ نسبت زیادہ قیمت ادا کرنی پڑ رہی ہے کیونکہ اسکا سونے کی صورت میں ادا کرنا ضروری ہے اور سونا زر کاغذی کی

نسبت بہت بیشقدر ہے تو وہ فطرتی طور پر اپنے اس نقصان کی تلافی کرنیکی غرض سے خود جن اشیا کی تجارت کرتے ہیں انکی قیمت بڑھا دیتے ہیں، یہ مرض متعدی اور عام ہو جاتا ہے۔ نتیجہ یہ کہ قیمتیں پہلی حالت پر نہیں رہتیں، بلکہ اسکے بجائے زر کا غذی کی قدر کی تخفیف کے اثر سے بچنے کیلئے اضافہ قیمت کا زیادہ آسان مگر مساوی طور سے موثر طریقہ اختیار کیا جاتا ہے اور گرانی رونما ہوتی ہے، گویا اسی اعتبار سے زر کاغذی کی قوت خرید میں بھی کمی ہو جاتی ہے۔ ان حالات میں اگر ملک میں تھوڑا بہت سونا بھی باقی رہ گیا ہو تو عجیب و غریب صورت حالات رونما ہوتی ہے یعنی بازار


ثنویت میں ایک ہی شئے دو مختلف قیمتوں پر بیچی جاتی ہے اور ثنویت قیمت شروع ہو جاتی ہے۔ گرانی کا دور دورہ تو رہتا ہی ہے، لیکن پھر بھی سونا دینے کی صورت میں دوکاندار لوگ اپنا مال کچھ کم قیمت پر فروخت کرنے پر آمادہ نظر آتے ہیں۔ اس قسم کی صورت حال قدر زر کاغذی کی تخفیف کی آخری اور مہلک علامت سمجھی جاتی ہے۔ لیکن جنگ کے زمانے میں جو تجربہ حاصل ہوا اسکی بنا پر یہ بات جتا دینی ضروری معلوم ہوتی ہے کہ جسطرح انگلستان میں بعضوں نے فرض کر لیا ہے یہ مفروضہ قائم کرنا کہ قیمت کا اضافہ زر کاغذی کی افراط کا لازمی نتیجہ ہے صحیح نہیں ہے۔ خود انگلستان ہی کی مثال اس دلیل کا بین ثبوت ہے۔ انگلستان میں جنگ کے بعد بعض وجوہ سے جنکی تفصیل یہاں مناسب نہیں قیمتیں بہت بڑھ گئیں، لیکن وہاں سونے کے مقابلے میں زر کاغذی کی قدر میں ذرا سی بھی تخفیف نہیں ہوئی اور جب تک بنک آف انگلینڈ خزانے کے نوٹوں کو سونے میں یا اپنے جاری کردہ نوٹوں کی شکل میں بدلنے کے لئے تیار رہا ایسی تخفیف قدر ناممکن ہے۔ اسکے برعکس جرمنی میں قیمتوں میں گوناگوں اضافہ ہوا اور اسکی وجہ اگرچہ جزوی طور پر مگر یقینی طور پر، وہاں کے زر کاغذی کی قدر کی تخفیف ہے۔

نقائص کی اصلاح اب صرف زر کاغذی کی افراط سے بچنے کے تدابیر بتانا

باقی ہے۔ نقائص سے بچنے کا طریقہ تو بہت سیدھا سادھا ہے، مگر اس پر عمل کرنا 90
عام طور پر بہت دشوار بلکہ ناممکن ہے۔ حکومت کو کرنا تو یہ چاہیئے کہ زر کاغذی کا اجرا موقوف کر دے اور غیر ضروری زر فوراً واپس لے لے، یعنی واجب الوصول رقوم مثلاً محصول زر کاغذی کی شکل میں وصول کرے اور واجب الادا رقوم کو زر طلائی میں ادا کرے۔ لیکن بدقسمتی سے یہی وہ طرز عمل ہے جو حکومت ان حالات میں اختیار کرنے سے قطعی معذور و مجبور رہوتی ہے۔ اس نے زر کاغذی اسی وجہ سے جاری کیا کہ اسکی جیب طلا سے خالی تھی یا وہ کافی سونا نہیں رکھتی تھی۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اپنے سر پر قرضوں اور مطالبات کا بار رکھتے ہوئے اپنی بے بضاعتی کو دور کرنیکے واحد وسیلے یعنی زر کاغذی کو منسوخ کر دے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہی ایک واحد علاج زر کی افراط اور اسکے خطرات کو روکنے کا ہے۔ جو قومیں زمانۂ جنگ میں زر کاغذی با فراط جاری کرنیکے مرض میں مبتلا تھیں انکو اسکے دفعیے کے لیئے اسی علاج پر کسی نہ کسی دن کاربند ہونا پڑے گا اسکے لیئے آہستہ آہستہ سونے کا ذخیرہ فراہم کرنا ہوگا اور بہت عرصہ تک تیاری کرنی پڑے گی۔ اور یورپ زمانۂ جنگ کے زر کاغذی کی مسدودی کو جنگ کے بعد کئی سالوں تک نہیں دیکھے گا۔

ان سب باتوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر زر کاغذی کے اجرا میں مناسب حفاظتی تدابیر اختیار کیئے جائیں تو ملک و قوم کو خصوصاً آفتوں کے زمانے میں اس سے حقیقی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں، لیکن زر کاغذی کے استعمال اور رواج میں کئی خطرات ہیں۔ تاہم موجودہ زمانے میں ایک نیا نظام صورت پذیر ہوا ہے، گو وہ بھی نقائص سے خالی نہیں، مگر اس قسم کے اعتراضات کا مورد نہیں ہے۔ اس نظام کو اعتباری نظام یا قرضوں کے لین دین کا انتظام کہتے ہیں جس پر موجودہ زمانے کے کل ترقی یافتہ

اقوام عالم کے کوٹھی کے کاروبار کا مدار ہے[1]۔



[1] ۔ اس باب کی ترتیب میں جیونز کی کتاب باب ششم کے اور جیونس کی کتاب "زر" باب شانزدہم ہفدہم و ہیزدہم کے مطالعہ سے مدد لیگئی (مصنف)۔

نواں باب

91

اعتباری نظام

(۱) ادھار تجارت۔ زر کی کفایت۔ (۲) بنک کے کام (۳) حساب گھر (۴) امانتی رقوم اور بٹہ۔ (۵) بنک نوٹ اور ان کا تقابل ہنڈیوں اور غیر بدل پذیر زر کاغذی سے (۶) بنک کا اثاثہ اور رقوم واجب الادا۔ (۷) سرمایۂ محفوظ۔

موجودہ زمانے کے اعتباری نظام میں نہ صرف لندن کا کوٹھی کا کاروباری نظام شامل ہے بلکہ کل دنیا کا تجارتی نظام بھی اسی میں داخل ہے اور اس کی ترقی اس امر کی عجیب و غریب مثال ہے کہ ایک چھوٹی سی اصطلاح کا جو مطلب ہے یا ابتداءً اس کا جو مفہوم قرار دیا گیا تھا وہ بتدریج کس طرح زیادہ وسیع معنوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح لفظ اعتبار کا مطلب صرف اعتبار یا بھروسہ ہے اور ابتداءً اعتباری نظام کا مفہوم یہ تھا کہ سوداگر اپنا مال فروخت کر کے فوراً قیمت طلب نہیں کرتے تھے بلکہ خریدار کو ادا کرنے کی مہلت دیتے تھے۔ بالفاظ دیگر اعتباری نظام صرف ادھار تجارت کا

ایک طریقہ تھا۔ چنانچہ خردہ فروش دوکاندار بھی اس لفظ کو اب تک اسی معنی میں استعمال کرتے ہیں، لیکن ترقیات زمانہ کے ساتھ بتدریج اسکے مفہوم میں بہت کچھ توسیع ہوگئی ہے۔ اور یہ لفظ پہلے سے زیادہ وسیع معنوں میں استعمال ہونے لگا ہے۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ قرض گیرا دائی مطالبہ کا وقت آنے سے قبل اپنے اشیا قرض دہندے کے فروخت کر کے خود بھی قرض دہندہ بنجاتا تھا اور اس طرح اس کے ذمہ کی واجب الادا رقم زائل ہو جاتی تھی۔ اس سے بتدریج یہ ترقی رونما ہوئی کہ نقد زر کے ادا کرنے کی

توازن حسابات

ضرورت ہی باقی نہ رہی اور ہر قسم کے مطالبات اور واجب الادا رقوم ایک دوسرے کے مقابلے میں زائل کر کے داد و ستد یا حسابات میں توازن پیدا کرنے لگے۔ اور پھر یہ طرز عمل صرف ایک شہر کے رہنے والوں کی حد تک محدود نہیں رہا بلکہ ایک شہر اور ایک ملک کے رہنے والے دوسرے شہر یا دوسرے ملک کے رہنے والوں کے مطالبات اور ان کے ذمے کے رقوم واجب الادا اسی طرح کے حسابات کے ذریعے سے متوازن کر کر کے بے باق کرنے لگے۔ اور اسطرح سے ایک نہایت ہی پیچیدہ، عجیب و غریب اور عدیم النظیر نظام کاروبار رونما ہوگیا جس کے ذریعے سے کروڑوں کا کاروبار ایک پیسہ ادھر سے ادھر کیئے بغیر انجام پاتا ہے اور زر کو استعمال کرنے کی مطلق ضرورت نہیں پڑتی بلکہ صرف چک ہنڈی اور بنک کے حوالے ناموں یا ڈرافٹ وغیرہ سے کام لیا جاتا ہے۔ لیکن پھر بھی ہنوز کل نظام اعتباری نظام کے نام سے موسوم کئے جانے کا مستحق ہے، کیونکہ اسکی بنیاد یہ ہے کہ داد و ستد کے لیئے زر کے قائم مقاموں اور نائبوں کے استعمال کرنے میں لوگ ایک دوسرے پر اعتماد کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے تمام کوٹھی کے کاروبار کے نظام کی بنیاد اس خیال پر ہے کہ جہاں تک جلد ممکن ہو مطالبات ادا کر دیئے جائیں۔ ہر شخص دوسرے پر اس لیئے بھروسہ کرتا ہے کہ دوسرے بھی اس پر بھروسہ کرتے ہیں اور جب تک خوش اعتمادی کا یہ دور قائم رہیگا

معاملات نہایت خوبی کے ساتھ طے پائیں گے اور غیر معمولی طور سے اعلیٰ درجہ کی کارکردگی رونما ہوگی۔ اس تمام کل کا محور و مرکز باہمی اعتماد و اعتبار ہے، اس کے ذریعے سے کاروبار بیشترین عجلت اور کم ترین مصارف کے ساتھ طے ہو جاتا ہے۔ اس نظام کے متعلق یہ بیان کیا جا سکتا ہے کہ وہ عصر جدید کے بنک میں مرتکز ہے۔ چنانچہ یہ معلوم کرنا مقدم ہے کہ بنک کے کام اور فرائض کیا ہیں اور اعتبار کی کل کو چلانے میں یہ بنک کس طرح سہولتیں بہم پہونچاتے ہیں۔

اعتبار کی سب سے آسان نظری مثال یہ ہے کہ جب ایک فروشندہ کسی کے ہاتھ اپنا مال فروخت کرے تو بجائے اس کی نقد قیمت اس سے وصول کرنے کے اس کے آئندہ تاریخ پر ادا کرنیکے وعدہ کو قبول کرلے۔ یہ وعدہ پورا ہونے سے پہلے فریقین کی حیثیت بدل جاتی ہے یعنی فروشندہ خریدار بنجاتا ہے اور خریدار فروشندہ۔

اول بدل کا التوا اس طریقے پر باہمی قرضہ زائل ہو جاتا ہے۔ یہ گو یا عملاً ادھار طریق پر اشیا کو ایک دوسرے سے ادا / بدل کرنے کا طریقہ ہے۔ لیکن مبادلۂ اشیا کی صورت میں سب سے بڑی دقت جو پیش آتی ہے وہ یہ ہے کہ دو ایسے شخص ہوں جن میں ایک کو جن اشیا کی ضرورت ہو دوسرا ان کو مہیا کر دے اور اسکے اشیا مبادلے میں قبول کرلے اور دونوں میں بہ یک وقت قرضدار اور قرضدہندے کا تعلق قائم ہو سکے۔ پھر بھی اگر یہی طریقہ وسیع ہو جائے اور دو سے زیادہ اشخاص اس طرح پر عمل کریں تو اس طریقے پر نہایت کامیابی کے ساتھ عمل ہو سکتا ہے مثلاً الف ب سے کچھ مال خرید کرتا ہے اور بجائے نقد قیمت کے ایک تحریری وعدہ لکھدیتا ہے۔ ب ج سے سامان خریدتا ہے اور الف کے تحریری وعدے کو ج کے حوالے کرتا ہے۔ ج الف سے سامان خریدتا ہے اور یہ تحری وعدہ الف کو واپس کر دیتا ہے۔ اس دائرے میں دوسرے متعدد خریدار اور فروشندے بھی شریک

93 ہو سکتے ہیں یہاں تک کہ رقوم واجب الادا ایک سے دوسرے پر منتقل ہو ہو کر حسابات صاف ہو سکتے ہیں۔

بنک اور ان کا کام اسکے بعد ترقی کا نیا دور شروع ہوا اور بنکوں کا رواج نکلا یعنی بجائے اسکے کہ سب ایک دوسرے کے قرضخواہ اور قرضدار رہیں یہ طریقہ ایجاد کیا گیا کہ ایک ہی شخص مشترکہ طور پر قرضخواہ و قرضدار ہے اور وہی ہر تاجر کے مطالبات اور رقوم واجب الادا میں توازن قائم کرے اور جس سے جتنی رقم واجب الوصول ہو وہ وصول کرے اور جس کو جتنی رقم واجب الادا ہو اس کو اتنی ادا کرے۔ چنانچہ یہی بنک کے کاروبار کا خلاصہ ہے۔ الف ب سے سامان خریدا کرتا ہے مگر بجائے ب کو تحریری وعدہ لکھدینے کے بنک کے نام چک یا حکم جاری کرتا ہے کہ مندرجہ رقم ب کو دیدی جائے۔ لیکن ب کو بنک سے یہ رقم اسوقت ملسکتی ہے جبکہ الف اپنا سامان ج کو فروخت کرتا ہے اور ج کا دیا ہوا چک بنک میں جمع کرا دیتا ہے، اسکے بعد بنک ب کو ج کے حساب سے رقم ادا کر دیتا ہے یا حسب مثال سابقہ ج اپنا سامان ب کے ہاتھ فروخت کر کے چک وصول کرتا ہے اور یہ سب رقمیں بنک کے حساب کتاب میں درج ہو کر اور ایک سے دوسرے کے نام منتقل ہو کر زائل ہو جاتی ہیں۔ گویا بنک کا پہلا کام یہی ہے کہ مختلف گاہکوں کے رقوم واجب الادا اور مطالبات میں توازن قائم کرے اور اپنے حساب و کتاب میں ہر ایک کے نام سے ایک مدّ رواں کھولے اور اس مد میں اسکے جاری کردہ اور وصول شدہ چکوں کی رقموں کا حساب درج کرے۔ اس طرح سے بنک کے کھاتہ دار بننے میں تاجروں کو بھی بڑی سہولت ہوتی ہے کیونکہ ان کو ہر لین دین میں زر نقد ادا کرنیکی دقتوں سے نجات ملجاتی ہے، اگر بنک اپنا چکوں کا کاروبار ایک شہر تک محدود رکھنے کے بجائے کل ملک پر پھیلا دے تو تاجروں اور عوام کی سہولتوں میں اور بھی زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے، مثلاً اس صورت میں لندن کا ایک تاجر محض چک جاری کر کے برطانیہ کے ہر گوشے میں اپنے قرضخواہوں کے مطالبات کی ادائی کر سکتا ہے، وہ اس طرح سے کہ قرضخواہ ان چکوں کو وصول

کرکے اپنے مقامی بنکوں میں داخل کردیں گے اور وہ بالآخر کار و بار میں دست بدست منتقل ہوکر لندن میں چک لکھنے والے کے بنک میں واپس آجائیں گے جہاں پر انھی مندرجہ رقم انکے حساب سے ادا کردیجائیگی۔

حساب گھر لیکن پھر اس نظام کی مزید ترقی ممکن اور حقیقت میں ضروری ہو جاتی ہے۔ جوں جوں بنک کاری کا طریق ترقی کرتا ہے متعدد مختلف بنک مختلف شہروں میں یا ایک ہی شہر میں قائم ہو جاتے ہیں۔ سب لوگ ایک ہی بنک سے معاملہ نہیں کرتے بلکہ ان بنکوں کے مختلف گاہک ہوتے ہیں اور 94
ہر بنک کے گاہک دوسرے بنکوں کے گاہکوں سے معاملہ کرتے ہیں۔ جتنی جتنی چکوں کے ذریعے سے کاروبار طے کرنے کے طریقے میں ترقی ہوتی جاتی ہے بنکوں کو ایک ایسے شخص یا ایسی جماعت کی شدید ضرورت محسوس ہوتی ہے جو خود بنکوں کے معاملے میں اسی طرح اور اسی حیثیت سے کام کرے جس طرح ایک بنک اپنے گاہکوں کے معاملے میں انجام دیتا ہے گویا یہ جماعت بنکوں کے لین دین کا حساب کتاب رکھے اور جس بنک کے ذمے جتنی رقم واجب الادا ہو اس کو دوسروں کو ادا کرے اور اس کو جتنی رقم دوسروں سے واجب الوصول ہو وصول کرکے اسکے حوالے کردے۔ ایسی کارکن جماعت حساب گھر کہلاتی ہے۔ لندن کے کل بڑے بڑے بنک حساب گھر کے رکن ہیں اور انگلستان کے دیگر مقامات کے بنک بھی اپنے لندن کے ایجنٹوں کے ذریعے سے اس میں شریک ہیں۔ ہر صبح کو ان سب بنکوں کے گماشتے یا نمائندے لمبارڈ اسٹریٹ کے حساب گھر میں جمع ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک اپنے ساتھ ان چکوں کے پلندے بناکر لاتا ہے جو اسکے بنک کے گاہکوں کو دوسرے سب بنکوں کے گاہکوں سے وصول ہوئے۔ ہر بنک کا فرد حساب حسب ذیل طریقے پر تیار ہوتا ہے (الف) جانب راست یعنی واجب الوصول کی مد میں ان چکوں کی رقمیں درج کیجاتی ہیں جو دوسرے بنکوں کے گاہکوں نے اپنے بنکوں کے نام جاری کرکے اس بنک کے گاہکوں کے حوالے کئے اور وہ اس بنک میں

آ گئے (ب) جانب چپ یعنی مدواجب الادا میں ان چکوں کی رقمیں درج کیجاتی ہیں جو اس بنک کے گاہکوں نے اس بنک کے نام جاری کرکے دوسرے بنکوں کے گاہکوں کے حوالے کئے اور وہ دوسرے بنکوں کے پاس جمع ہوگئے۔ اسطرح مجموعی دینداری اور لینداری کا حساب کرکے اور انکا مقابلہ وموازنہ کرنے پر باسانی دریافت ہوجاتا ہے کہ کس بنک کو کسقدر دینا ہے اور کس سے کسقدر لینا اور اسی کے مطابق ہر بنک کو مختصر فرد حساب بناکر دیدیا جاتا ہے۔ اگر کسی بنک کا کسی دوسرے کیطرف کچھ نکلتا ہو تو حساب گھر زائد رقم کے چک بنک آف انگلینڈ کے نام لکھکر قرضخواہ بنک کے حوالے کرتا ہے۔ اگر اسکے برعکس کسی بنک پر دوسرے بنکوں کی کچھ رقم نکلتی ہو تو بھی حساب گھر بنک آف انگلینڈ کے نام چک لکھ کر اپنے حساب میں اس رقم کو جمع کرا دیگا۔ واضح ہو کہ بنک آف انگلینڈ ان سب بنکوں کے واسطے مرکزی بنک کی حیثیت رکھتا ہے جہاں پر ان بنکوں کے نقد فاضلات جمع رہتے ہیں اسی لئے اس کے نام یہ چک جاری کئے جاتے ہیں۔ غرض شام تک بنک آف انگلینڈ میں حساب گھر کے لین دین کا توازن بعینہ ایسا ہو جاتا ہے جیسا کہ صبح میں تھا کیونکہ بنک کو جو چک وصول ہوتے ہیں انکی رقم ٹھیک اتنی ہی ہوتی ہے جتنی کہ اس نے ادا کی۔

انگلستان میں بنک کے حساب وکتاب اور چکوں کے استعمال کے طریق نے اس درجہ ترقی کرلی ہے کہ ۱۹۱۸ء میں حساب گھر کے ایک سال کے لین دین کا تخمینہ کیا گیا[1] تو معلوم ہوا کہ کل ۱۲،۰۰۰،۵۰۷،۱۹۱ پونڈ کا حساب صاف ہوا۔ حساب گھر میں ایک دن میں ۸۰۰،۰۰۰ چکوں سے زائد چک داخل ہوئے۔ اور ایک دن میں جو بیشترین مقدار ادا کی گئی وہ ۱۳،۱۴۲،۰۰۰ پونڈ تھی۔ اور یہ سب کثیر المقدار زر کا کام ایک پونڈ نقد دئے لئے بغیر انجام پایا۔ اسطرح یہ معلوم ہوگا کہ اس نظام کے تحت جتنا کاروبار انجام دیا جاسکتا ہے وہ نہایت عظیم المقدار ہے۔ کسی دوسرے طریقے پر اتنے بڑے کاروبار کو جس میں نقد لین دین کی ضرورت ہو، سرانجام دینا قطعاً ناممکن ہے، کیونکہ ملک میں اتنی رقم ہی موجود نہیں جس کی مدد سے ایک دن میں اتنا بڑا کاروبار کیا جاسکے۔ انگلستان میں طلائی سکوں کی کل مقدار 95

حاشیہ [1]۔ دیکھو جدول (۸)۔

بقدر ۲۰۰۰۰۰۰۰ پونڈ ہے جو دو دن کے بیشتر ین لین دین کے لیے بھی بمشکل کفی ہو سکتی ہے۔ اگر اتنی کثیر رقم مہیا بھی ہو جائے اور اسکے ذریعے سے کاروبار بھی ہونے لگے تب بھی اتنی رقم کے وقت پر ادا کرنے کے لیئے کارکنوں کا ایک جم غفیر درکار ہوگا۔ اسکے برعکس لاکھوں پونڈ کا ایک چک اسی سرعت اور سہولت کے ساتھ ادھر سے ادھر منتقل کیا جا سکتا ہے جس طرح کہ پانچ پونڈ کا چک۔ اس طرح بنک کاری کے نظام نے کاروبار کو انجام دینے کا نیا طریقہ تخلیق کیا ہے اور چکوں کا نظام ہماری جدید کاروباری دنیا کی ترقی کا نہایت اہم عنصر بن گیا ہے۔

لیکن بنک اپنے گاہکوں کے مابین حسابات کا تصفیہ کرنے کے طریق کو جس حسن وخوبی کے ساتھ انجام دیتے ہیں اسیطرح دیگر کاموں کو بھی انجام دیتے ہیں۔ موجودہ زمانے کی صنعت و تجارت کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اصل مستعار کثیر مقداروں میں استعمال ہوتا ہے۔ صناع اپنا تیار کیا ہوا مال تھوک فروش تاجر کے ہاتھ فروخت کرتا ہے، یہ تھوک فروش خریدا ہوا مال خوردہ فروش دوکاندار کو فروخت کرتے ہیں اور ان سے عوام اپنی ضرورتوں کے مطابق چیزیں خریدتے ہیں مگر ان کی قیمت فوراً ادا نہیں کرتے۔ اسطرح پر اشیا کے پہلی مرتبہ فروخت ہونے اور آخری دفعہ انکی قیمت ادا ہونے میں مدت لگتی ہے۔ اس مدت میں صناع کو اپنے مصارف پورے کرنے، مزدوروں کی اجرت ادا کرنے اور اشیائے خام خریدنے کے لیئے رقم درکار ہوتی ہے، تھوک فروش تاجر سے فوراً قیمت وصول ہونے کی کوئی توقع نہیں، کیونکہ وہ ہنڈی کے ذریعے سے تین ماہ کی میعاد گزرنے کے بعد قیمت ادا کریگا۔ مگر صناع تین مہینے تک انتظار نہیں کر سکتا پس صناع کیلیئے کوئی دوسرا چارۂ کار نہیں سوائے اسکے کہ اس تحریری وعدے یا ہنڈی کو فروخت کرے اور وہ حسبہ اسکو بنک کے ہاتھ بٹہ پر فروخت کر دیتا ہے۔ گویا ہنڈی پر بٹہ کاٹ کر رقم فراہم کرنیکا طریقہ

96

بنکوں کا دوسرا کام ہے۔ اور اس طریقے پر جو قرضہ حاصل کیا جاتا ہے اس پر صنعت و تجارت کا بڑی حد تک مدار ہے، جنگ سے قبل انگلستان کے جملہ بنکوں کی مدّ امانت میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اوورنڈ سے زائد رقم تھی اسی سے اس قسم کے لین دین کی وسعت و عظمت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔[1]

یہ رقم کہاں سے آتی ہے دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بنکوں کے پاس یہ رقم کہاں سے آتی ہے۔ سب سے پہلے تو بنکوں کا ذاتی اصل ہوتا ہے، لیکن یہ بہت ہی حقیر رقم ہوتی ہے بنکوں کے سرمائے کا بیشتر حصہ مدِ رواں اور مدِ امانت کے رقوم پر مشتمل ہوتا ہے۔ مدِ رواں اور مدِ امانت میں وہ رقوم ہوتے ہیں جو بنک میں جمع کر دئے جاتے ہیں اور جن کو لوگ اپنے طور پر یا تو اسوجہ سے استعمال نہیں کر سکتے کہ ان کو کاروبار میں لگانے کی کوئی فوری ضرورت درپیش نہیں ہوتی یا اسوجہ سے کہ کاروبار میں کافی منافع مل چکا ہے اور وہ اس کو پس انداز کرنا چاہتے ہیں۔ غرض یہ رقوم کسی دوسری مناسب جگہ مشغول ہونے تک بنک ہی میں پڑے رہتے ہیں۔ یا انکے کاروبار کی نوعیت شغل اصل کا مناسب موقع نہیں پیش کرتی جیسا کہ پیشہ ور اشخاص کی صورت میں ہوتا ہے، یا بعضوں کے پاس اتنی قلیل رقم ہوتی ہے کہ اسکو جداگانہ طریقے سے مشغول کرنا تحصیل حاصل ہوتا ہے۔ یا بعض لوگ اپنی حیثیت کے اعتبار سے اسکو لگائے رکھنے کے طریقوں سے ناواقف ہوتے ہیں اور خطرات برداشت کرنے سے ڈرتے ہیں۔ ایسے سب لوگ اپنا زر عارضی طور سے بنک میں جمع کر دینے کے لئے آمادہ و تیار ہوتے ہیں۔ بشرطیکہ بنک اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے سر لے اور اس پر کچھ سود انھیں ادا کرے یا اگر سود بھی نہ ملے تو بھی وہ اپنی رقم جمع کرنے کے خواہاں ہوتے ہیں۔ جسوقت وہ چاہیں بنکوں سے اپنی امانت واپس لے سکتے ہیں۔ اس قسم کے زر پر بنک کم سود ادا

---

[1] دیکھو ضمیمہ۔ جدول نہم۔

کرتے ہیں اور یہی زر جب دوسروں کو بطور قرض دیتے ہیں تو اس پر زیادہ سود وصول کرتے ہیں، گویا وہ زر کو ارزاں نرخ پر خرید کر گراں نرخ پر فروخت کرتے ہیں۔ بنکوں سے قرض حاصل کرنے والے زیادہ تر صناع اور تاجر وغیرہ ہوتے ہیں، بنک ان سے جو بٹہ وصول کرتے ہیں اسکی شرح کنندوں کو واجب الادا شرح سود سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ بنک سب خطرات برداشت کرتے ہیں اور ان دونوں شرحوں کے فرق کو یا تو بطور منافعہ رکھ لیتے ہیں یا انجام دادہ کام و برداشت کردہ خطرات کا معاوضہ شمار کرتے ہیں[1] اسطرح یہ کام یعنی قرض کا لین دین بنک کا دوسرا کام ہے۔ ساہو اصل کو اس طرح خرید تا اور فروخت کرتا ہے جسطرح کہ دیگر تاجر دیگر اشیا کا کاروبار کرتے ہیں اور اس طریق کی نہایت اعلیٰ درجے کی ترقی کا نتیجہ یہ ہے کہ انگلستان میں زر کبھی بیکار نہیں رہنے پاتا اور دوسری جانب اولوالعزم تاجروں اور صناعوں کو کبھی قلت اصل کی شکایت نہیں ہوتی یا قلت اصل کے باعث کوئی کاروبار تباہ نہیں ہونے پاتا۔

امانت جمع کرنیکی شرطیں۔ بنک میں امانتیں مختلف طریقوں پر جمع کیجاتی ہیں۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ مقررہ میعاد کے لحاظ سے زر امانت جمع کیا جاتا ہے، اس سے پہلے اسکو واپس نہیں لے سکتے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ زر امانت واپس لینے سے کچھ مدت پہلے بنک کو اطلاع دینی پڑتی ہے۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ زر امانت جس وقت چاہیں واپس لے سکتے ہیں۔ تیسرے طریق کی امانت عملاً زر رواں ہے بجز اس صورت کے کہ کل رقم ایک وقت نکالی جاسکے یا ایک ساتھ جمع کیجا سکے۔ اسکے برخلاف زر رواں کے رقوم مختلف اوقات میں چیکوں کے ذریعے سے مختلف اقساط میں نکالی جاسکتی اور جمع کیجاسکتی ہیں۔ زر رواں سودی بھی ہوتا ہے اور بے سودی بھی، مگر

---

[1] دیکھو جدول (۱۶)۔

آجکل بالعموم اس پر سود نہیں دیا جاتا۔ اگر زر رواں کے واپس حاصل کرنے کے لیئے پہلے سے اطلاع دینا ضروری قرار دیا گیا ہو تو وہ زر امانت ہو جاتا ہے۔ زر امانت پر بنک جو سود ادا کرتے ہیں وہ یا تو مدت امانت پر موقوف ہوتا ہے یا واپسی رقم کی اطلاع کی مدت پر جسکے تعین کا بنک مجاز و مختار ہے۔

بنک کے قرضے پھر بنک مختلف شکلوں میں قرضے دیتے ہیں مثلاً (۱) اور ڈرافٹ یا بنک کی کفالت پر یا بغیر کفالت کے زائد رقم بطور قرض دینا (۲) نقد قرضے (۳) ہنڈیوں پر بٹہ کاٹنا (۴) قابل بیع و شرائی دستاویزات مثلاً قیمتی اشیا کی ہنڈیوں اور تمسکات وغیرہ کی ضمانت پر رقم دینا۔

لیکن بٹہ پر قرضہ دینے کی ضروری شرط یہ ہے کہ بنک میں پہلے سے امانتیں جمع ہوں اور امانتوں کے فراہم ہونے میں دیر لگتی ہے کیونکہ اسکے لیئے عوام میں بنک کا اعتبار قائم ہونا ضروری ہے اور اعتبار کے قائم ہونے میں مدت لگتی ہے۔ اگر بنک کسی طرح پہلے قرضہ دیسکتے اور اسکے بعد خود قرضہ لے سکتے تو ان کو اس میں بڑی سہولت ہوتی۔ اسطرح وہ اپنے کاروبار کو زیادہ وسیع پیمانے پر پھیلا سکتے، چنانچہ یہی وہ طریقہ ہے جس پر وہ اب عمل پیرا ہیں۔ انھوں نے نوٹ جاری کرنے کا طریق اختیار کیا۔ یہ بنک نوٹ پرامیسری نوٹ یا ادائی رقم کے تحریری وعدے ہیں، انکو جاری کرکے بنک گویا اپنے تحریری وعدوں کا تاجروں کے تحریری وعدوں سے مبادلہ کرتا ہے۔ لیکن بنک کے تحریری وعدے زیادہ قابل اعتبار اور زیادہ معروف ہوتے ہیں اسلیئے عوام ان کو بطیب خاطر قبول کر لیتے ہیں۔ غرض بنک کے نوٹوں کے رواج پانیکا سبب اولی یہی ہے۔

نوٹ اور ہنڈی انکے فرق اور فوائد لیکن سوال یہ ہے کہ اس سے تاجر کو کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟ بظاہر تو

اس نے صرف ایک تحریری وعدے کا دوسرے تحریری وعدہ سے مبادلہ کیا۔ مگر بنک کے نوٹ میں اور ہنڈی میں چند ایسے فرق ہیں جنکی بنا پر نوٹ تاجر کے لیئے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے کیونکہ نوٹ زر سے بہت قریبی مشابہت رکھتے ہیں۔ اول تو بنک کے نوٹوں میں سود نہیں ہوتا۔ بادی النظر میں یہ ایک کھلا ہوا نقص معلوم ہوتا ہے لیکن ایک لحاظ سے ایسا نہیں ہے۔ ہنڈی کی قدر میں اسکے ادا کرنے کی مدت کے مطابق یومًا فیومًا تغیر تبدل ہوتا رہتا ہے کیونکہ ادائی کی تاریخ سے پہلے

نوٹ پر بٹہ نہیں کٹتا 98

تک اس پر بٹہ کاٹا جاتا ہے اور جب میعاد ختم ہو جاتی ہے تو اصل رقم پر سود لیا جاتا ہے۔ اسکے برعکس بنک کے نوٹ کی قدر میں کسی قسم کے تغیرات نہیں ہوتے، اس پر جو رقم درج ہوتی ہے ہمیشہ وہی ادا کی جاتی ہے اس میں کبھی بیشی نہیں ہوتی۔ زر کے نقطۂ نظر سے یعنی اس حیثیت سے کہ وہ بہت جلد جلد دست بدست گردش کر سکتا ہے نوٹ میں بہت بڑا افادہ مضمر ہے۔ کیونکہ اسکے لینے والے کو تامل کرنے اور حساب کرنے کی ضرورت ہی نہیں کہ اسکی موجودہ قدر کیا ہے اور آئندہ کیا ہو جائے گی۔ اس لحاظ سے بنک نوٹ ہنڈی سے مشابہت رکھنے کے بجائے سکے سے زیادہ مماثلت رکھتا ہے۔

نوٹ تحریر ظہری کی قید سے آزاد ہے

اسکے ماسوا بنک کا نوٹ قابل انتقال ہے اور تحریر ظہری کے بغیر ایک حامل کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں گھومتا پھرتا ہے اور فریقین پر جن کے ہاتھوں سے وہ گزرتا ہے اسکو ادا کر دینے کے بعد کوئی ذمہ داری نہیں رہتی۔ یوں تو اس معاملے کی تفصیلی تشریح و بحث کے لیئے ایک جداگانہ کتاب درکار ہے جس میں ہنڈیوں کے قانون کی توضیح کرنی پڑیگی، لیکن یہاں پر سرِ دست اس قانون کے اساسی نکات بیان کر دینا کافی ہے۔ ہنڈی کا نظریہ یہ ہے کہ ہنڈی زر کے وصول کرنے یا اسکو پانے کا حق حاصل کرنیکی ایک

دستاویز ہے۔ حقوق کے دستاویزات کے قانونی نظام کا مقصد یہ ہے کہ اشیا یا قیمتی چیزوں کا کوئی مالک اپنا حق ملکیت دوسرے کو منتقل کرسکے خواہ بذریعہ تحریری معاہدہ یا وثیقے کے یا محض دستاویز کی منتقلی کے ذریعے سے جو اشیا کی قائم مقام ہے۔ مثلاً جیسے اسباب برآمد کی غرض سے جہاز پر لادا جاتا ہے تو جہاز کا کپتان یا اس کا نمائندہ مالک اسباب کو لدا ؤ پرچہ لکھدیتا ہے جو درحقیقت اس بات کا صداقت نامہ ہے کہ اسباب جہاز پر لد گیا اور جہاز کے منزل مقصود پر پہونچنے پر اسکے نئے مالک کو مل سکیگا۔ لیکن اس اثنا میں اگر مالک اسباب کو فروخت کرنا مناسب سمجھے یا انکی ضمانت پر قرضہ حاصل کرنا چاہے تو ہر دو صورتوں میں لدا ؤ پرچہ اسکے حق میں دستاویز کا کام دیگا یعنی وہ اسکو دوسرے کے حوالے کرکے اپنا اس اسباب کا حق ملکیت دوسرے کے حق میں منتقل کرسکتا ہے اور دوسرا شخص اس پرچہ کو پاکر قانوناً اسباب کا نیا مالک بن سکتا ہے۔ اس طریقے سے تاجروں کو بہت سہولتیں حاصل ہو جاتی ہیں اور وہ بآسانی خرید و فروخت کا عمل انجام دیسکتے ہیں درآنحالیکہ سامان ان کے قریب نہیں ہوتا بلکہ کوسوں دور بہت فاصلے پر انکی دسترس سے باہر سمندر میں ہوتا ہے، اور اس لحاظ سے مردہ اصل ہوتا ہے۔ علیٰ ہذا اس طریق کا اطلاق گوداموں اور گودیوں کے پروانوں پر بھی ہوتا ہے جو اشیا کے محفوظ رکھے رہنے کی صورت میں مالک کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ ان اشیا کو ہاتھ لگائے بغیر ان کو فروخت یا ان کا معاملہ کرسکیں یا خریدار کے ہاں انکو پہونچانے کا انتظام کریں۔ اس نظام سے متعلق قوانین کا ایک پیچیدہ مجموعہ فراہم ہوگیا ہے جس کا مقصد ایسے اشیا کے لین دین میں متعلقہ فریقین کے حقوق کی حفاظت ہے۔ اور ان تمام قوانین کا اساسی اصول حقوق سے متعلق دستاویزات کی صحت کو برقرار رکھنا ہے۔ 99

اسی طرح انھیں دستاویزات میں سے ایک دستاویز زرہنڈی ہے جو لینداد کو اس قابل بناتی ہے کہ باوجود اسکے کہ اسکو زر وصول نہیں ہوتا بلکہ قرضدار کے ہاتھ

میں رہتا ہے وہ (لینیدار) اپنی مرضی سے اس زر سے جو چاہے کام لے سکتا ہے۔
اس نظام کا طریق یہ ہے کہ ہنڈی کا قبضہ و تصرف بادی النظر میں اسکی مندرجہ
رقم پانیکے بارے میں حامل کا حق ثابت کرتا ہے۔ چنانچہ ہنڈی کی تعریف یہ
کیجاسکتی ہے کہ وہ ایک تحریری حکم ہے ایک شخص کی جانب سے جو اس کا
لکھنے والا کہلاتا ہے دوسرے شخص کے نام جو اسکا قبول کرنے والا کہلاتا
ہے جس میں موخرالذکر کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ مندرجہ رقم تیسرے شخص کو
جو اسکا وصول کنندہ کہلاتا ہے عند المطالبہ یا کسی مقررہ میعاد کے گزرنیکے
بعد ادا کر دے۔ اس لحاظ سے ہنڈی قانونی زبان میں ایک حوالہ
نامہ ہے جسکے ذریعے سے لینیدار زر قرض کی وصولیابی کو تیسرے شخص کے
سپرد کرتا ہے اور ہنڈی اسی وقت مکمل ہوتی ہے جبکہ دیندار اس کو
باضابطہ طور پر قبول کرلے یعنی اپنے دستخط اسکے نیچے یا اس پر کہیں ثبت
کر دے لیکن ہنڈی میں بجائے تیسرے شخص کو مندرجہ رقم کی وصولیابی کا
حق دینے کے آجکل بالعموم یہ ہوتا ہے کہ دیندار کو رقم مندرجہ ہنڈی
لکھنے والے یا حامل کے نام منتقل کرنے کی ہدایت کیجاتی ہے چنانچہ ہنڈی
عبارت ذیل کی شکل میں لکھی جاتی ہے :-

۱۰۰۰ پونڈ لندن یکم دسمبر ۱۹۱۶ء
موصولہ مال کے معاوضے میں مبلغ ایک ہزار پونڈ تین
ماہ کی میعاد گزرنیکے بعد مجھے یا اسکے حامل کو ادا کر دو فقط
راقم
الف، ب

بہ خدمت ج، د

اسطرح اگر لکھنے والا اس رقم کو تیسرے شخص کے حوالے کرنا چاہے مثلاً جیسے
بنک کے حوالے کرے کہ وہ اس پر بٹہ کاٹ کر رقم ادا کرے تو لکھنے والا

ہنڈی پر تحریر ظہری یعنی اسکی پشت پر اپنا نام لکھکر اسکو بنک کے حوالے کر دیتا ہے۔

قانون اس بات کا ضامن ہے، جیسا کہ بیان کیا گیا کہ تحریر ظہری قبول کرنے والا حامل ہنڈی یعنی بنک، ہنڈی کی مدت ختم ہونے کے بعد باطمینان تمام رقم مندرجہ وصول کرلے۔ چنانچہ اوپر کی مثال میں ہنڈی کی میعاد از روئے رواج ۳ مارچ کو ختم ہوگی۔ اس میں تین زائد دن بھی شامل ہیں جن کو رعایتی دن کہا جاتا ہے اور جو اس لیئے مرعی رکھے جاتے ہیں کہ ان کے ختم ہونے سے پیشتر اصل دیندار رقم ادا کر دے۔ اسکا تیقن کرنیکے لیئے یہ قرار دیا گیا ہے کہ اگر جو ختم میعاد پر عند الطلب رقم ادا نہ کرے تو حامل ہنڈی کو یعنی موجودہ مثال میں بنک کو حق رجعت حاصل ہوگا یعنی یہ کہ وہ ہنڈی لکھنے والے یا تحریری ظہری لکھنے والے شخص یا اشخاص کی طرف رجوع کرے اور اس سے یا ان سے رقم کا مطالبہ کرے۔ اگر ایسی صورت پیش آئے تو ہنڈی یا تحریر ظہری لکھنے والا ایک شخص یا اشخاص بنک کا کام خود ہی انجام دینگے اور دیندار سے رقم وصول کر کے بنک کے حوالے کر دینگے، پس یہ ذمہ داری ہر اس شخص سے وابستہ رہتی ہے

100

تحریر ظہری لکھنے والوں کی ذمہ داری

جسکے ہاتھ سے ہنڈی گزرتی ہے اور جب تک ہنڈی کی میعاد نہ گزر جائے اور مندرجہ رقم ادا نہ ہو جائے وہ تحریر ظہری لکھنے والے کی حیثیت سے رقم کی ادائی کا ذمہ دار رہتا ہے۔ اسطرح پر جو تاجر اس قسم کا کاروبار کرتے ہیں اور جنکے ہاتھوں سے ہنڈیاں دوسروں کے ہاتھوں میں روزانہ منتقل ہوتی رہتی ہیں انکے سروں پر بڑی ذمہ داری کا بوجھ ہوتا ہے۔ اور اپنی ان اہم ذمہ داریوں کو پیش نظر رکھنے کی غرض سے وہ روزنامچہ میں مختلف ہنڈیوں کی تعداد، رقم، ختم میعاد کی تاریخ اور مختلف فریقوں کے نام لکھ رکھتے ہیں۔

پس یہ ظاہر ہے کہ اس قسم کا پیچیدہ کاروبار بغیر ایک ایسے زر کی

مدد کے جو جلد جلد بغیر رکاوٹ کے دست بدست گھومتا پھرے قطعی ناممکن ہے۔ نوٹوں کے متعلق اکثر لوگوں کو ایک دقت کے متعلق شکایت رہتی ہے کہ بڑی بڑی رقوم کے لین دین میں محض احتیاط کی بنا پر کہ مبادا نوٹ ضائع یا چوری نہ ہو جائیں نوٹوں کے نمبر بطور یادداشت لکھ رکھنے پڑتے ہیں۔ لیکن نوٹوں میں تحریر ظہری یا منتقل کرنے والے کے دستخط کی مطلق ضرورت نہیں۔ پس اگر ہر شخص کو ہر وقت نوٹ پر تحریری ظہری لکھنا پڑتا اور اسکی ادائی کے کچھ مدت بعد تک اسکا ذمہ دار رہنا پڑتا تو نوٹوں کا استعمال کرنا اور رواج پانا قطعاً ناممکن ہو جاتا۔ ان حالات میں کوئی شخص بھی اسکی باحتیاط جانچ کئے بغیر کہ وہ درست اور ٹھیک حالت میں ہے نوٹ قبول کرنیکی جسارت نہ کریگا۔

نوٹ میں ختم میعاد کا سوال نہیں پیدا ہوتا جسطرح ہنڈی میں پیدا ہوتا ہے

ہنڈیوں کو اسقدر احتیاط اور چھان بین کے ساتھ استعمال کرنیکے طریق میں ایک اور نقص مضمر ہے جس سے بنک کا نوٹ معرا ہے۔ ہنڈی کو ٹھیک اسکی میعاد ختم ہونیکی تاریخ اور دن پیش کرنا ضروری ہے۔ اگر وہ اس دن اور تاریخ پیش نہیں کیگئی تو حامل کا حق اپنا زر اصلی دینداری سے یا ہنڈی لکھنے والے سے یا ہنڈی قبول کرنے والے سے وصول کرنے کا دعویٰ کرنے کے بارے میں تو سوخت نہیں ہوتا۔ لیکن اُن سب درمیانی فریقوں کے خلاف حق رجعت باطل ہو جاتا ہے جنکے ہاتھ سے ہنڈی گزری۔ اس قسم کی بندش ان فریقوں کے اغراض و مفاد کے لیئے قطعی ضروری ہے کیونکہ اسکے نہ رہنے کی صورت میں ان کو ہرگز یہ اطمینان و یقین نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی مخصوص ہنڈی کے ادائی کی ذمہ داری سے آزاد اور سبکدوش ہو چکے ہیں۔ پس یہ ذمہ داری مقررہ میعاد کے گزرنے پر ختم ہو جاتی ہے پھر بھی آخری حامل ہنڈی کو کافی مناسب مہلت دیجاتی ہے کہ اگر کسی درمیانی حامل نے ہنڈی لوٹا دی ہو اور رقم ادا نہ کی ہو اور آخری حامل ہنڈی

101

بری الذمہ ہونے کی غرض سے اسکی طرف رجوع کر کے اس سے مطالبہ کرنا چاہتا ہو تو اندرون مدت مہلت اسکی باضابطہ اطلاع دے۔ یہ حال کا ایک اہم فرض ہے جو اس پر سنگین ذمہ داری عائد کرتا ہے۔ اگر حامل یہ چاہے کہ ہنڈی پر اسکے جو حقوق ہیں انکی پوری طرح حفاظت ہو تو یہ ضروری ہے کہ وہ ہنڈی کی میعاد کے ختم ہونے کی تاریخ یاد رکھے تاکہ ٹھیک اسی تاریخ پر مطالبہ رقم کے واسطے اسکو بلا تاخیر پیش کر سکے۔ لیکن ایسی شئے کے بارے میں جسکو بطور زر چلانا مقصود ہو ایسے طریقے پر عمل کرنا قطعاً ناممکن ہوگا۔ علاوہ بریں جس شخص کے نام پہلی مرتبہ ہنڈی لکھی جاتی ہے اسکو یعنی دیندار کو اس خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیئے کہ کوئی پرانی ہنڈی میعاد کے گزرنے کے کئی سال بعد جبکہ اسکو یاد بھی نہیں رہیگا کہ اس نے اسکی رقم ادا کی یا نہ کی اسکے پاس ادائی رقم کے لیئے پیش ہو قانون نے یہ قرار دیا ہے کہ اگر ہنڈی ادائی رقم کے واسطے اصلی میعاد گزرنے کے بعد ایک خاص مدت کے اندر (مثلاً انگلستان میں چھے سال کے اندر) نہ پیش کی جائے تو ہنڈی کے بارے میں فریقین کی حیثیت بدل جائیگی یہ تو ہوگا کہ پہلی مرتبہ جس شخص کے نام ہنڈی لکھی گئی وہ یعنی دیندار ادائی کے بار سے کلیتہً سبکدوش کر دیا جائے بلکہ قرضخواہ کو یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ ہنڈی کی مطلوبہ رقم کبھی ادا ہی نہیں کی گئی اور یہ ایسی چیز ہے جسکو ثابت کر دکھانا نہایت دشوار ہے۔ اس لحاظ سے دوبارہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر زر کے لین دین میں بھی اس قسم کی پابندیاں اور قیود عائد کئے جائیں تو وہ ہرگز زر کے کام انجام نہیں دے سکتا۔ مثلاً زر کا ایک کام، جیسا کہ یاد ہوگا، یہ ہے کہ وہ بطور خزینتہ القدر یا قرضوں کے حساب کتاب کے استعمال ہوتا ہے یعنی اول تو زر کی بہت چھوٹی سی مقدار میں بہت زیادہ قدر جمع ہوتی ہے اور دوسرے یہ کہ لوگ اسکو بطور اندوختوں کے رکھ چھوڑتے ہیں۔ پس اگر نوٹ پر اس قسم کی بندشیں قائم کی جائیں تو قیاس کیا جا سکتا ہے کہ وہ زر کے کام

کیونکر انجام دے سکیگا، وہ نوٹ ہرگز زر کے طور پر استعمال نہیں ہو سکتا جسکو بنک میں پیش کرنے پر پیش کرنے والے کو یہ جواب ملے کہ "اس نوٹ کی مدت کو ختم ہوئے بہت عرصہ ہو چکا ہے ہم اسکو اسوقت تک ادا نہیں کر سکتے جبتک تم یہ نہ ثابت کرو کہ اس سے قبل اس پر کوئی رقم ادا نہیں کیگئی ہے۔" اس طرح کے نوٹوں کا استعمال کرنا ایک متوسط آمدنی والے کے لیئے قطعی طور سے ناممکن ہو جائیگا۔ چنانچہ نوٹ اس قسم کی قید و بند سے آزاد ہے۔ اسکا مالک یا حامل اسکو جسوقت چاہے ایک دو دن کے بعد یا تیس چالیس سال کے بعد پیش کر کے بھی رقم حاصل کر سکتا ہے۔

اس تمام تفصیلی تشریح کا مقصد یہ بتانا تھا کہ گو بنک کا نوٹ
102 قانوناً ہنڈی کی ایک شکل ہے کیونکہ "قانون ہنڈیات[1] میں اسکی تعریف یہ کیگئی ہے کہ بنک کا نوٹ ایسا تحریری وعدہ ہے جو بنک کے نام لکھا جائے اور عند الطلب واجب الادا ہو" اور یہ تحریری وعدہ ہنڈی سے کچھ تھوڑا سا ہی مختلف ہوتا ہے۔ لیکن پھر بھی آلۂ مبادلہ کی حیثیت سے بنک کے نوٹوں کے فوراً دست بدست گھومنے میں سہولت پیدا کرنیکی غرض سے بنک کے نوٹ کی حیثیت استحقاق زر کی دستاویز کے مشابہ رکھنے کے بجائے بتدریج خود زر کی حیثیت سے زیادہ سے زیادہ مشابہ رکھی گئی ہے۔ چنانچہ زر کے ساتھ اسکی مماثلت کو اس واقعے سے بھی تقویت ہوتی ہے کہ بنک کے نوٹوں پر ہمیشہ جفت یا بستہ رقمیں مثلاً پانچ پونڈ دس پونڈ پچاس پونڈ وغیرہ درج ہوتی ہیں اور اس کے برعکس ہنڈی یا چک پر طاق یا شکستہ رقمیں اور ان کے کسور درج ہوتے ہیں۔ مثلاً اتنے پونڈ شلنگ پنس۔ پس بنک کا نوٹ حقیقی زر کی سب سے زیادہ قریبی شکل ہے جو تصور کیجا سکتی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ وہ کاغذی زر ہے۔ بنک کے نوٹ زر کی اسقدر قریبی شکل خیال کئے جاتے ہیں کہ

بنک نوٹ زر قانونی ہے

[1] Bills of Exchange act

اکثر مقامات میں ان کو زر قانونی قرار دیدیا گیا ہے۔ مثلاً بنک آف انگلینڈ کے نوٹ ایک زمانے میں زر کی حیثیت سے انگلستان میں بہت پسند کئے جاتے تھے بلکہ بیرون انگلستان بھی چند سہولتوں کے اعتبار سے زر کی نہایت عمدہ شکل خیال کئے جاتے تھے۔ اگر نوٹ جاری کرنے والا بنک نیک نام ہو اور تمام ملک کو اس پر کامل اعتماد اور بھروسہ ہو اور بنک آف انگلینڈ کے مثل اسکی ساکھ تمام تجارتی دنیا میں قائم ہو تو ایسے بنک کے جاری کردہ نوٹ زر کی معیاری شکل کے دراصل بہت ہی قریب ہوتے ہیں۔ جنگ سے قبل یہ امر قریب قریب معاشی کلیہ کے طور پر تسلیم کر لیا گیا تھا کہ بنک کے نوٹ زر کاغذی کی حیثیت سے چند شرائط و قواعد کے تحت سرکار کے جاری کردہ نوٹوں سے بدرجہا زیادہ بہتر تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سے صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تجارتی دنیا میں بنک کے نوٹ کاغذی زر کی سب سے پسندیدہ شکل ہونے کی حیثیت سے کسقدر مقبول اور لوگ ان کو استعمال کرنے کے کسقدر عادی ہو گئے تھے۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ جدید حالات کے تحت بھی اگر بنک کے نوٹ زر قانونی بنا دئے جائیں تو وہ حکومت کے جاری کردہ جبری یا غیر بدل پذیر زر کاغذی کے مقابلے میں قابل ترجیح ہوں گے۔ اس ترجیح کے ثبوت میں جو دلائل عام طور پر پیش اور تسلیم کئے جاتے تھے ان پر اب غور کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ اس میں شک نہیں کہ ایک عجیب و غریب مثال جنگ عظیم کے زمانے میں ملتی ہے جبکہ جنگ شروع ہوتے ہی متخاصم و حریف دول نے قدیم نظریات و اصول دل سے بھلا کر یا ان پر التفات نہ کرکے زر کاغذ کثیر تعداد میں جاری کرنا شروع کر دیا۔ لیکن اس بارے میں یہ کہنا بالکل واجبی ہوگا کہ اسوقت حالات بالکل غیر معمولی تھے خصوصاً اس لحاظ سے کہ

بنک کے نوٹ غیر بدل پذیر زر کاغذی سے بہتر ہیں

103

انتخاب غیر بدل پذیر سرکاری زر کاغذی اور بدل پذیر بنک کے نوٹ میں نہیں تھا بلکہ غیر بدل پذیر سرکاری زر کاغذی اور غیر بدل پذیر بنک کے نوٹوں میں تھا۔ اس لیئے کہ انگلستان کی مثال لینے سے یہ امر بہت مشتبہ معلوم ہوتا ہے کہ آیا حکومت جنگ کے زمانے میں بنک آف انگلینڈ کے نوٹوں کی بدل پذیری کو عارضی طور سے منسوخ کرنے کی ضرورت سے بچ سکتی تھی لیکن ان دونوں علی سبیل البدل نظاموں کے مابین بدل پذیری کی آزمائش کی اعلیٰ و امتیازی قدر و وقعت کا کوئی سوال نہیں ہوسکتا۔ بحالت موجودہ انگلستان نے نئی نظیر قائم کردی ہے اس لئے کہ وہ سرکاری بدل پذیر زر کاغذی کا ایسا نظام رائج کرنے کے قابل ہوگیا جو بعض اعتبارات سے بہترین نظام ہے۔ لیکن پھر بھی معمولی حالات کے تحت غیر بدل پذیر سرکاری زر کاغذی کے سبیل البدل کے مقابلے میں بدل پذیر بنک کے نوٹ کے اجرا کے حقیقی فوائد پر زور دینا ضروری ہے۔ ان فوائد میں سے اہم ترین فوائد اس استدلال میں مضمر ہیں کہ بنک کی جانب سے اجرائے نوٹ کا طریق جاری کردہ نوٹوں کی مقدار کی تنظیم و تحدید ایک حد تک خود بخود کرتا ہے۔ اور فی نفسہٖ یہ خود زائد اجرا کے دائمی خطرے کے خلاف ایک تحفظ ہے۔ نظری اعتبار سے بنک اپنے نوٹ معمولی کاروبار کے لیئے صرف اپنے گاہکوں کی حد تک جاری کرتے ہیں یعنی اپنے گاہکوں کے لیئے صرف اس صورت میں استعمال کرنے کے لیئے جاری کرتے ہیں جب کہ یہ گاہک اپنی مدروں کی اور امانتی رقمیں بنک سے حاصل کریں یا ان قرض گیروں کے لیئے جاری کرتے ہیں جو اپنی ہنڈیوں پر بٹہ کٹوا کر یا ایسی ضمانتیں پیش کر کے قرضے لیتے ہیں جو حقیقی کاروباری لین دین پر یا حقیقی اثاثے پر مبنی ہوں۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ یہ طریق عمل، بنک کے نوٹوں کے اجرا کی تحدید اس حد تک خود بخود کر دیتا ہے جو حقیقی کاروبار میں زر کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیئے مکتفی ہو۔ اسکے برعکس سرکاری نوٹوں کی مقدار محض سرکار کی ضرورتوں اور اغراض کے لحاظ سے جاری کیئے جانے کے اعتبار سے منظم ہوتی ہے۔ لیکن پھر بھی ان دونوں دلائل میں

جدید حالات کے ارتقا اور صورت پذیر ہونے کے باعث اب کسی قدر تغیر و تبدل ہوگیا ہے۔ ایک طرف تو بنک کے فن اور کاروبار نے معقول ترقی کر لی ہے اور اس کی وجہ سے تجارتی معاملات کے طے کرنے میں گوناگوں سہولتیں پیدا ہوگئی ہیں اور دوسری طرف کاروبار کے پرانے طریقوں کے علاوہ نئے نئے طریقے بھی ایجاد کر لیئے گئے ہیں مثلاً (Accommodation Bill) اور کوٹھی کی ہنڈی وغیرہ۔ ان حالات نے پہلے استدلال کی قوت کو بڑی حد تک زائل کر دیا ہے۔ انگلستان میں بنک کے نوٹوں کے طریق پر بہت کچھ بحث مباحثہ ہوا ہے اور اس استدلال کی نہ صرف مخالفت کیگئی ہے بلکہ اس سے معکوس اصول کے ذریعے سے جو اصول زر کے معروف نام سے مشہور ہے اس استدلال کو مسترد بھی کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ ان سب معاملات کی سرگزشت پر بحث کرتے وقت ہم موجودہ مسئلے پر کر غور کریں گے۔ 104

حکومت کیجانب سے زائد اجرا پھر دوسرا استدلال بھی جو حکومت کے زائد مقدار میں زر جاری کرنے کے خطرے سے متعلق ہے بڑی حد تک بدل گیا ہے۔ اس لیئے کہ جنگ کے زمانے میں زر کاغذ کے اجرا میں متخاصم ممالک کی حکومتوں نے یا ان میں سے چند نے نہایت اعلیٰ درجے کی دیانت داری اور محکم مالیہ کا ثبوت دیا اور قومی وقار کا نہایت اعلیٰ معیار پیش کیا۔ اور اگر بعض دیگر ملکوں نے محفوظ اجرا کے حدود سے تجاوز بھی کیا تو بھی غیر معمولی حالات کے دباؤ کے تحت ایسا کیا گیا۔ پس اس سے یہ ثابت ہوسکتا ہے کہ اجرائے زر کاغذی کے بارے میں سب سے نامور اور نامی حکومتوں کا طرز عمل بدلنا شروع ہوگیا ہے۔ بایں ہمہ اگر حکومتوں پر یہ اعتماد کیا جاسکے کہ وہ عقل سلیم کو اپنا رہنما قرار دیکر فی الواقع دیانتداری کے ساتھ اس کام کو انجام دے سکتی ہیں تو اجرائے نوٹ کے کام کے لیئے اور اسکے محافظ کی حیثیت سے وہ بھی ایسی ہی موزوں ہیں جیسا کہ ایک اعلیٰ درجے کا منتظم

بنک موزوں ہے۔ تاہم یہ واقعہ کہ بنک کے نوٹ کا اجرا خانگی ادارے کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور اس ادارے کا انتظام اسکے حصہ داروں کے شخصی منافعہ کو پیش نظر رکھکر کیا جاتا ہے ایک لحاظ سے زائد اجرا کے خطرات کے خلاف حقیقت میں ایک حد تک ضمانت و تحفظ تھا۔ یہ امر ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ اس قسم کے بنک محض تجارتی اصول پر کاروبار کرتے ہیں اور جدید کاروبار کا بہترین اصول راست بازی اور دیانت داری ہے۔ چنانچہ اہل کاروبار پورا یقین رکھتے ہیں کہ انجام کار صرف دیانتداری ہی منفعت بخش ثابت ہوتی ہے۔ مثلاً اگر کسی بنک کو زیادہ منافع حاصل کرنے کی ترغیب و تحریص ہو اور وہ کثیر مقدار میں نوٹ جاری کر دے تو بنک کے ذمہ دار عہدہ دار اسکو بخوبی جانتے ہیں کہ وہ بہت بڑے خطرے کو مدعو کر رہے ہیں، یعنی وہ اس امر سے اچھی طرح آگاہ ہوتے ہیں کہ ان کو اسطرح پر جو نفع یکبارگی صرف وہ عوام کے نوٹوں کی بہتات کو محسوس کر کے بنک سے نقد زر کے مبادلہ کا مطالبہ شروع کرتے ہی سب کا سب زائل ہو جائیگا بلکہ جب بنک کی ناد ہندگی کا گمان کر کے ہر طرف سے نقد کے مطالبے کے لیئے عام یورش ہوگی تو اسکے نتیجے کے طور پر بنک ناگزیر اپنا سب کچھ کھو بیٹھے گا۔ اسطرح اگر بنک بافراط نوٹ جاری کرے تو اس کا نتیجہ اولاً بنک ہی کے حق میں تباہ کن ثابت ہوگا، گو ثانیاً ممکن ہے کہ عوام بھی نقصان اٹھائیں۔ بنک کے منتظم اس کو جانتے ہیں اور 105
یہ ممکن نہیں کہ وہ اتنا بڑا خطرہ اپنے سر پر لیں، اگر قانون بھی ان کو اجازت دیدے تب بھی وہ ایک غیر یقینی منافع کی امید پر اس پر خطر راستے پر چلنے کے لیئے تیار نہوں گے۔ اسکے برعکس ایک حاجت مند اور غیر محتاط حکومت کے حق میں افراط کے نتائج اسقدر فوری طور پر مہلک ثابت نہیں ہوتے یا یہ کہ ممکن ہے کہ افراط کے علامات کو حکومت اسقدر جلد نہ پہچان سکے کیونکہ نوٹ غیر بدل پذیر ہونے کے باعث حکومت اس امر کو دریافت ہی نہیں کر سکتی کہ نوٹوں کو طلا سے بدلنے کے لیئے مانگ کا

دباؤ کسقدر ہے۔ بہرحال جو کچھ بھی سبب ہو یہ واقعہ بجائے خود قائم رہتا ہے کہ جنگ سے قبل عوام بنک کے نوٹوں کو زیادہ بھروسے کے قابل سمجھتے تھے اور سرکار کے جاری کردہ کاغذ پر اعتماد کم تھا۔ چنانچہ نتیجہ یہ ہوا کہ اکثر حکومتوں نے زر کاغذی جاری کرنا قطعی طور پر ترک کر دیا تھا اور یہ کام بالکل خاص بنکوں کے ہاتھ میں دیدیا گیا تھا، سرکار کا تعلق صرف اس حد تک تھا کہ وہ اس بارے میں قواعد وضوابط وضع کرتی تھی۔ لیکن جنگ نے اس میں بھی تبدیلی پیدا کر دی ہے اور اب ہر ملک حکومت کے جاری کردہ نوٹ استعمال کرتا ہے۔ ممکن ہے کہ اس تجربے سے مسئلے پر آئندہ نئے نئے خیالات رونما ہوں۔

بنک کا اثاثہ اور رقوم واجب الادا

بنک کے تین کام بیان کئے جا چکے کہ وہ اہل معاملہ کا حساب کتاب رکھتا ہے، اصل کی تجارت کرتا ہے اور نوٹ جاری کرتا ہے۔ اسکے بعد نہ صرف یہ بتانا ضروری ہے کہ بنک کی حیثیت اسکے مختلف گاہکوں یعنی لینداروں اور دینداروں کی حد تک کیا ہے۔ بلکہ حسب ذیل طریقے پر اسکے رقوم واجب الادا اور واجب الوصول کا چٹھا مرتب کرنا بھی ضروری ہے۔ رقوم واجب الوصول اور اثاثہ میں بنک کا اصل، بٹہ کاٹ کر اور دیگر ضمانتوں پر دیا ہوا قرضہ، اسکے نقد فاضلات یا اسکا سرمایہ محفوظ شامل ہے۔ اسکے برخلاف رقوم واجب الادا میں زر امانت، بدرواں کے رقوم اور جاری کردہ نوٹ ہوتے ہیں۔ اس چٹھے کی دونوں مدوں کا مقابلہ کرتے وقت ایک نکتہ خاص طور پر سمجھنے کے قابل یہ ہے کہ گو ممکن ہے کہ اثاثہ، رقوم واجب الادا کی بہ نسبت بہت زیادہ ہو، لیکن رقوم واجب الادا فوراً یا اطلاع قریب پر ادا کرنے پڑتے ہیں اور اسکے برعکس اکثر رقوم واجب الوصول کم و بیش تاخیر سے وصول ہوتے ہیں۔ مثلاً بنک ہنڈیوں پر بٹہ کاٹتا ہے لیکن فوراً ہی انکی رقم مندرجہ وصول نہیں کر سکتا۔ اگرچہ کچھ نہ کچھ ہنڈیوں کی میعاد روزانہ ختم ہوتی رہتی ہے اور انکی رقمیں روزمرہ ادا کیجاتی ہیں لیکن بنک کے لیے

یہ غیر ممکن ہے کہ وہ میعاد ختم ہونے سے پیشتر مندرجہ رقم پیشگی وصول کرلے تاوقتیکہ کوئی دوسرا بنک مکرر بٹہ کاٹ کر اس ہنڈی کی رقم ادا نکر دے۔ چنانچہ جب بنک پر مطالبہ کرنے والوں کی یورش ہوتی ہے تو اسکے لیئے صرف ایک چارۂ کار رہ جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ 106
وہ اپنے اثاثہ کی ایک مد سے اس مطالبے کو پورا کرے، اثاثہ کی یہی ایک مد ایسی ہوتی ہے جس سے بوقت شدید ضرورت غیر معمولی مانگ پوری کرنے کے لیئے بنک کام لے سکتا ہے۔ کیونکہ یہ امر صاف طور سے ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ بنک کے کل کاروبار کی بنیاد اس مفروضے پر قائم ہوتی ہے کہ بنک کے گاہکوں میں سے صرف چند افراد بیک وقت زر کی واپسی کا مطالبہ کریں گے۔ اگر بنک سب جمع کنندوں کی کل رقم کو بیکار رکھیں محض اس خیال کی بنا پر کہ وہ طلب کیجائیگی تو کاروبار منافع کے ساتھ کرنا ناممکن ہو جائیگا اور جمع کنندوں کو زر امانت پر بنکوں سے سود ملنے کے بجائے جمع کنندوں کو بہت زیادہ سود بنکوں کو محض اس خیال سے ادا کرنا پڑیگا کہ انکی رقم بنک بحفاظت جمع رکھیں۔ بنکوں نے تجربے سے معلوم کر لیا ہے کہ معمولی حالات میں وہ کل زر امانت میں سے کچھ حصہ بغیر کسی خدشے کے اپنے طور پر دوسروں کو قرض دیسکتے ہیں، لیکن اس زر امانت کے ایک جزو کو نقد بدست کی صورت میں ہمیشہ نزدیک رکھنا ضروری ہے تاکہ اس سے نہ صرف روزمرہ کے معمولی مطالبوں کی ادائی میں کام لے سکیں بلکہ غیر معمولی مطالبوں کی صورت میں بھی بروقت امداد لے سکیں۔

سرمایۂ محفوظ

بالفاظ دیگر بنکوں کو گلہ کے علاوہ جو روزمرہ کام آتا ہے آڑے وقت کے لیئے ایک معقول رقم بطور سرمایۂ محفوظ بھی رکھنی پڑتی ہے اور اس کا رکھنا ضروری ہے۔ گویا یہی سرمایۂ محفوظ بنک کے کل کاروبار کا مرکز و محور ہوتا ہے اور یہ نہایت ہی مشکل سوال ہے کہ سرمایۂ محفوظ میں ٹھیک کسقدر مقدار بنک کو رکھنی چاہیئے اور کسطرح رکھنی چاہیئے تاکہ وہ نہ

اتنی زیادہ ہو کہ بیکار پڑی رہے اور نہ اتنی کم ہو کہ ضرورت کے وقت تنگی محسوس ہو۔ بنک کے حصہ داروں کی فطرتی طور سے یہ خواہش ہوتی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سرمایۂ محفوظ میں کم رقم رہے کیونکہ یہ غیر مصروف رقم غیر پیداآور اصل ہوتی ہے۔ اسکے برعکس سرمایۂ محفوظ ہی اس بات کی واحد ضمانت ہوتی ہے کہ بنک پر اچانک جو ممکنہ مطالبات ہوں ان کو ادا کرنے کی وہ صلاحیت رکھتا ہے۔ اور یہی ایک چیز بنک کے لیئے ناگزیر اور لازمی بھی ہے کیونکہ مطالبے کے پورا کرنے میں ذراسی بھی تاخیر واقع ہو تو اس سے سب جمع کنندوں میں ایک قسم کا خوف و ہراس پیدا ہو جائیگا اور وہ اپنی اپنی رقم کو غیر محفوظ پاکر بنک پر یکبارگی دوڑ پڑینگے، اور اگر یہ تاخیر نہو تو جمع کنندوں کو اطمینان رہتا ہے کہ انکی رقم محفوظ ہے۔ اسطرح پر ایک طرف تو اپنے آپ کو محفوظ و قائم رکھنے کیلیئے معقول مقدار میں سرمایۂ محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ اور دوسری طرف زیادہ منافع حاصل کرنیکی خواہش، اس سرمائے میں کم از کم مقدار جو تحفظ کے لیئے ناگزیر ہو رکھنے کی ترغیب دیتی ہے۔ ایسی صورت میں ان متضاد اغراض میں کس طرح توازن قائم رکھا جائے؟

---

(1) Gide: Book II, Chap. Articles 11—4)

(2) Withers: The meaning of money, Chap. 1 to IV.

(3) Easton: Money, Exchange and Banking Chap. VIII to X.

دسواں باب

انگلستان کے بنکوں کا کاروباری نظام

(۱) بنک آف انگلینڈ۔ (۲) دیگر بنک۔ (۳) لمبارڈ اسٹریٹ۔ (۴) زر امانت اور اس کا مصرف۔ (۵) قانون منشور بنک ۱۸۴۴ء۔ (۶) بنک آف انگلینڈ کا صیغہ اجرائے نوٹ۔ (۷) دیگر ممالک میں اجرائے نوٹ کے قواعد وضوابط۔ (۸) صیغہ بنک کاری (۹) ہفتہ واری فرد حساب۔ (۱۰) سرمایۂ محفوظ۔ 108

لندن کے بنک کاری کے نظام پر، جس کا مرکز ومحور خود بنک آف انگلینڈ ہے، موجودہ تجارتی دنیا کا تمام بنک کاری کا نظام اسقدر بڑی حد تک حصر رکھتا ہے کہ کسی ملک کے بنک کاری کے نظام کو سمجھنے کے لیئے انگریزی نظام کو سمجھ لینا مقدم اور ضروری ہو جاتا ہے۔ جنگ عظیم نے مالیہ کی بین الاقوامی نوعیت کو نہایت قطعیت کے ساتھ ثابت کر دیا ہے اور یہ بھی اسی طرح واضح کر دیا ہے کہ اگر کسی ملک میں کوئی خلل یا فساد رونما ہو تو اس سے تمام دنیا کے مالیہ پر بھی ہر جگہ اثر پڑتا ہے۔ دنیا کا جدید نظام مالیہ سب سے زیادہ

پیچیدہ اور مختلف پہلو رکھنے والا نظام ہے جس سے دنیا کو اس سے قبل کبھی سابقہ نہوا۔ اور وہ اسی وقت سمجھ میں آسکتا ہے جبکہ اسکی تہ میں جاکر

دنیا کا محور

اسکے مرکز کا حال دریافت کیا جائے اور اسکے بعد بیرونی ممالک کے نظاموں کے عمل پر غور کیا جاسکتا ہے۔ یہ کہنا خلاف واقعہ نہوگا کہ یہ مرکز شہر لندن کے ایک گوشے میں ایک مربع میل کے رقبے میں واقع ہے یہی لندن کے زر کے بازار کا محل وقوع ہے اور بنک آف انگلینڈ کی عمارت کو، جسے "تھرڈ نیڈل اسٹریٹ کی بڑی بی" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے اور جو اس رقبے کا مرکز ہے، تمام عالم کا مرکز و محور کہنا مبالغہ نہوگا۔ کیونکہ جیسا کہ جنگ نے ثابت کر دیا ہے ہر شئے پر مالیہ کی حکمرانی ہے۔ لندن کا مالیاتی نظام تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، سب سے اول تو خود بنک آف انگلینڈ ہے جو اس پورے نظام کا شمس ہے، دوسرے اسکے بعد کے دائرے میں انگلستان کے نام نہاد "دیگر بنک" ہیں جن میں تمام سرمایہ مشترک والے اور چند منفرد بنک شامل ہیں، یہاں یہ نکتہ سمجھنا ضروری ہے کہ اکثر دوسرے ممالک سے بڑھ کر اور چند ممالک کے برعکس انگلستان کا مالیاتی نظام دو تخصیص طلب کاموں میں تقسیم ہے یعنی تجارت خارجہ و تجارت داخلہ اگرچہ یہ تفریق روز بروز مٹتی جارہی ہے[1] لیکن انگریزی بنک عام طور سے تجارت خارجہ کو ہاتھ نہیں لگاتے۔ تیسرے دائرے میں مختلف قسم کے بنک اور کاروباری کوٹھیاں ہیں

تین قسمیں

لمبارڈ اسٹریٹ

جو بحیثیت مجموعی لمبارڈ اسٹریٹ یا بیرونی زر کے بازار کے نام سے موسوم ہیں۔ لمبارڈ اسٹریٹ میں اور دیگر بنکوں میں فرق یہ ہے کہ اول الذکر گو تجارت داخلہ میں بھی ایک حد تک ہاتھ بٹاتی ہے مگر وہ لندن کے بیرونی زر کے کاروبار کا بیشتر حصہ انجام دیتی ہے گویا دونوں قسم کے کاروبار یہاں انجام دئے جاتے ہیں اور اس

109

[1] یہ حالت خاصکر جنگ کے زمانے میں صادق آتی تھی۔ دیکھو باب ۱۶۔

لحاظ سے لمبارڈ اسٹریٹ ایک اعتبار سے نظام کے دونوں اجزا کو ملانے والی کڑی کا کام دیتی ہے۔ لمبارڈ اسٹریٹ کے نام سے اسکی تاریخی سرگزشت کا پتہ چلتا ہے۔ تیرھویں صدی عیسوی میں پاپائے اعظم کی جانب سے انکے چند نمائندے یعنی لمبارڈ، جو انگلستان میں اول اول محاصل وصول کرنے آیا کرتے تھے، بعد میں اس محلے میں سکونت پذیر ہو گئے اور اپنا زر مستعار دینے کا روایتی کاروبار اور مبادلات خارجہ اور بحری بیمہ کا کاروبار انجام دینے لگے۔ اس طرح اس محلے کو، جو بعد میں انگلستان کے اولین ساہوؤں یعنی سناروں اور زرگروں کا مرکز بن گیا، کوچۂ لمبارڈ کے نام سے موسوم کیا جانے لگا اور جب کبھی اسکو استعمال کیا جائے اسکو زر کے مرادف سمجھا جاتا ہے۔ خود لمبارڈ اسٹریٹ ایک کوچہ ہے جو لندن کے کاروباری حلقے کے مشہور مرکز یعنی بنک کارنر سے جو غالباً دنیا کا سب سے زیادہ مصروف کوچوں کا موڑ ہے سات دیگر کوچوں کے ساتھ نکلتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کوچے میں بنک آف انگلینڈ کی عمارت سے لیکر تقریباً نصف میل کے فاصلے تک دنیا کے ہر ملک کے بنکوں کی شاخوں اور کاروباری کوٹھیوں کی عمارتیں اور دفاتر واقع ہیں۔ چنانچہ اس تمام رقبے کو مجموعی حیثیت سے لمبارڈ اسٹریٹ کہتے ہیں۔

اس عظیم الشان اور پیچیدہ نظام کی تحقیق کا طریق اس طرز خیال سے ظاہر ہوتا ہے جس کی جانب گزشتہ باب کے اختتام پر اشارہ کیا جا چکا ہے۔ واضح ہو کہ بنک کے کاروبار کا خلاصہ زر کا لین دین یا قرضوں کی 110
داد و ستد ہے۔ اب اسکا مفصل حال دو سوالوں کی روشنی میں معلوم کیا جا سکتا ہے، ایک سوال تو یہ ہے کہ "ان بنکوں کو زر کہاں سے ملتا ہے یا ان کی آمدنی کا منبع کیا ہے؟" اور دوسرا یہ کہ "اس زر کا مصرف کیا ہے یا وہ اس سے کیا کیا کام لیتے ہیں؟" اسی کے ساتھ یہ بھی ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ

تجارت داخلہ و خارجہ لندن کے کاروباری نظام کی عمودی تقسیم دو حصوں یعنی تجارت داخلہ اور تجارت خارجہ میں

ہوسکتی ہے، چنانچہ ذیل میں نظام کی تقسیم کے اس دوسرے طریق کو استعمال کرنیکی کوشش کی گئی ہے۔

۱۔ بنکوں کو زر کہاں سے ملتا ہے

(الف) بنک آف انگلینڈ۔ داخلی ذرائع:۔ بنک آف انگلینڈ بجز ایک نام کے ہر اعتبار سے قومی یا سرکاری بنک اور حکومت کا ساہوکار ہے جو مختلف سرکاری محکموں کے حساب کتاب رکھتا اور سرکاری قرضوں کا انتظام کرتا ہے۔ وہ سرکاری دار الضرب کا گماشتہ ہے اور عام طور پر ایسے سب کام انجام دیتا ہے جو ایک سرکار کے قائم کردہ بنک کو انجام دینے چاہئیں۔ لیکن یہ انگریزی نظام کے معموں میں سے ایک معما ہے کہ بنک آف انگلینڈ، جہاں تک اسکے دستور اور نگرانی کا تعلق ہے وہاں تک، کلیتہً خانگی ادارہ ہے۔ کم از کم نظری حیثیت سے تو ایسا ہی ہے۔ سرکاری حیثیت سے بنک پر حکومت کی کسی قسم کی نگرانی نہیں ہے حتیٰ کہ اسکی مجلس نظما میں ایک سرکاری نمائندہ بھی نہیں ہے پھر بھی واقعہ یہ ہے کہ اسکے سب معاملات کا آخری تصفیہ اور منظوری حکومت ہی کے ہاتھ میں ہے۔ اسکے برخلاف بنک کے اصول عمل صرف ڈائرکٹروں کی نیابت کے ذریعے سے عوام کے اغراض کے لحاظ سے قرار پاتے ہیں۔ گو بنک کی حیثیت خانگی کمپنی کی سی ہے جس کے مالک معمولی حصہ دار ہیں، لیکن ایک مدت دراز سے اسکی حیثیت انگلستان میں بنک کا کاروبار کرنے والے طبقے کے صدر کی سی رہی ہے، چنانچہ بنک نہ صرف اسکو محسوس کرتا رہتا ہے بلکہ اس حیثیت کو برقرار رکھنے کے لئے عمل بھی کرتا رہا ہے۔ اور اسکے حصہ داروں کے اغراض کا لحاظ عوام کے اغراض سے دوسرے درجے پر کیا جاتا ہے موجودہ نقطۂ نظر سے بنک کی اس خاص اور ممتاز حیثیت کی اہمیت یہ ہے کہ حکومت کے

سرکاری امانتیں۔ کثیر المقدار رقوم اور ان کا حساب کتاب اسی کے پاس رہتا ہے۔ مثلاً ان نام نہاد سرکاری امانتوں کی مقدار جنگ کے زمانے میں بعض اوقات ۱۵۰٫۰۰۰٫۰۰۰ پونڈ تک پہونچ گئی تھی۔

بنک آف انگلینڈ سے متعدد بڑی بڑی تجارتی کوٹھیاں، ہر قسم کے سرمایۂ مشترک کی کمپنیاں بلکہ عوام بھی خانگی طور سے حساب وکتاب رکھتے ہیں 111
اور ان کے جمع کردہ رقوم کو بنک اپنے ہفتہ واری فرد حساب میں خانگی امانتوں کے نام سے موسوم کرتا ہے۔ لیکن بنک آف انگلینڈ میں اور دیگر بنکوں میں ایک اساسی فرق یہ ہے کہ "دیگر بنکوں" کے برعکس وہ خانگی امانتوں پر کوئی سود ادا نہیں کرتا۔ اس لیئے اسکی مجموعی امانتوں کی مقدار اتنی زیادہ نہیں ہے جیسی کہ بظاہر اسکی حیثیت کے نظر کرتے ہونی چاہیئے تھی۔ عوام کی امانتوں کا بڑا حصہ انگلستان کے "دیگر بنکوں" میں رہتا ہے۔

بنک آف انگلینڈ کی امانتوں میں سب سے زیادہ اہم اور بیشتر حصہ "دیگر بنکوں" کے رقوم پر مشتمل ہوتا ہے جو عادتاً اپنے نقد فاضلات بنک میں اپنے اپنے نام سے بطور سرمایۂ محفوظ جمع رکھتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ یہی انگریزی نظام کی خصوصیت متمائز ہے، چنانچہ اسکو "منفرد سرمایۂ محفوظ" کا نظام کہا جاتا ہے۔ بجائے اسکے کہ ہر بنک اپنا اپنا سرمایۂ محفوظ علٰحدہ رکھے سب ملکر اپنے اپنے سرمایوں کو ایک جگہ یعنی بنک آف انگلینڈ میں رکھتے ہیں اور اس طرح ایک عجیب وغریب طریقے سے بنک آف انگلینڈ بنکوں کا بنک یا ساہوکار بن گیا ہے۔ یہ واقعہ انگریزی نظام کی مرکزیت اور ثبات پذیری کی دوسری مثال ہے۔ انگلستان کے سب بنک معمولی اوقات میں سود وصول کیئے بغیر بنک آف انگلینڈ میں اپنی امانتیں جمع کرتے اور اسطرح اسکی مدد کرتے ہیں۔ اسطرح یہ سب بنک، بنک آف انگلینڈ پر اپنا یہ حق قائم کر دیتے ہیں کہ اگر ان میں کسی کو عارضی مصیبت میں پھنس جانیکی وجہ سے

لہ 'One-reserve' system

خاص امداد کی ضرورت ہو تو بنک اسکی مدد کرے۔ اور اس حق کو نہ صرف بنک آف انگلینڈ پوری طرح تسلیم کرتا ہے بلکہ "دیگر سب بنک" بھی تسلیم کرتے ہیں، اس لیئے کہ "سب ملکر مقابلہ کریں یا سب ملکر ہلاک ہو جائیں" کے مقولے کو وہ آجکل اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ اگر کسی ایک بنک پر شدید یورش ہو اور اسکو اپنا کاروبار بند کرنے پر مجبور ہونا پڑے تو مالی اضطراب کے زمانے میں اسکا اثر دوسرے بنکوں پر بھی پڑیگا اور ان پر بھی یورش ہوگی اور اس خوف وہراس کے اثرات دور دور پھیلتے جائیں گے۔ اگر ایک بنک دیوالیہ ہو جائے تو دوسروں کا خاتمہ بھی تقریباً یقینی امر ہے۔

سب سے آخر میں لمبارڈ اسٹریٹ اور بنک آف انگلینڈ کے مابین خاصکر مالی دباؤ کے زمانے میں اسقدر قریبی تعلقات ہوتے ہیں کہ ممالک خارجہ کے اکثر بنک ہنڈی دلال اور خارجی زر کے بازار کی دوسری کاروباری جماعتیں اپنے نقد فاضلات کے کچھ حصے کو عادتاً بنک آف انگلینڈ میں رکھتی ہیں۔

خارجی ذرایع بحیثیت مجموعی خارجی ذرایع بہ لحاظ نوعیت داخلی ذرایع سے مماثلت رکھتے ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ داخلی ذرایع میں ملک کے افراد رقم جمع کرتے ہیں اور خارجی ذرایع میں بیرونی ممالک کے افراد رقم جمع کرتے ہیں۔ چنانچہ ممالک غیر کی اکثر حکومتیں محض اس بنا پر اپنی بیش قرار رقمیں بنک آف انگلینڈ میں بطور امانت رکھتی ہیں کہ لندن بہت اہم مرکز ہے بلکہ بعض اعتبارات سے حال حال تک تنہا وہی ایک مرکز تھا جہاں حکومتوں کو قرضہ کثیر مقدار میں ملسکتا تھا مثلاً فرض کرو کہ

ممالک غیر کا قرضہ ترکی حکومت اپنے جہازی بیڑے میں اضافہ کرنیکا تہیہ کرتی ہے۔ فرانس انگلستان کے کسی کارخانۂ جہاز سازی میں آتی ہے اور ایک مدت کے بعد جہاز بنکر تیار ہو جاتے ہیں اور انکی قیمت واجب الادا ہوتی ہے۔ لیکن ترکی حکومت کے لیئے اس مطالبے کے ادا کرنے کا ذریعہ صرف یہی ہے کہ وہ قرضہ حاصل کرے جو

اسکو سہولت کے ساتھ انگریزی بازار میں ملسکتا ہے گو ممکن ہے کہ اسکے لیئے فرانسیسی کوٹھی والوں کا توسط اختیار کرنا پڑے۔ اسطرح انگلستان میں جو رقم مستعار حاصل کی جائے گی وہ بنک آف انگلینڈ میں حکومت ترکی کے حساب میں جمع ہو جائیگی۔ اور یہاں اسوقت تک رکھی رہیگی جب تک کہ جہاز سازی کے کارخانے والوں کو وہ چکوں کے ذریعہ سے وصول ہو جائے

ممالک خارجہ کے باشندوں کی امانتیں

ممالک خارجہ کے اکثر باشندے بھی بادشاہوں اور امیروں سے لیکر نیچے کے طبقوں تک بنک آف انگلینڈ کے کھاتے دار بنتے ہیں، اسلیئے کہ ان کی نظر میں یہ بنک دنیا میں محفوظ ترین مقام ہے جہاں وہ اپنے اندوختوں کو جمع کر سکتے ہیں۔ ہر شخص کو اسکا اطمینان ہوتا ہے کہ جس صورت میں اور جسوقت لندن میں اسکو زر کی ضرورت ہو، اگر وہ بنک آف انگلینڈ کا کھاتہ دار ہے نقد طلا بآسانی ملسکتا ہے، لیکن خاصکر ایسے زمانے میں جبکہ ہر جگہ زر کی قلت ہو دیگر ممالک میں نقد طلا نہیں ملسکتا۔ بنک آف انگلینڈ کی تاریخ میں سوائے دو موقعوں کے کبھی ایسا اتفاق نہیں ہوا کہ اس نے سونا بہم پہونچانے میں کوتاہی یا پس وپیش کیا ہو۔ ایک دفعہ تو جنگ نپولین کے زمانے میں جبکہ نقد طلا کی ادائی روک دی گئی تھی ایسا ہوا اور دوسری دفعہ موجودہ زمانے کی جنگ عظیم میں ہوا۔

ممالک خارجہ کی اکثر خانگی تجارتی کمپنیاں اور خاصکر بیرونی بنک اور تاجر بنک آف انگلینڈ میں رقوم جمع رکھتے اور اس سے لین دین کرتے ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ انکے کثیر المقدار کوٹھی کے کاروبار کا بڑا حصہ لندن میں اور لندن کی وساطت سے طے پاتا ہے اور ان کو اس مرکزی مقام میں اپنی رقمیں جمع رکھنے میں بڑی سہولت یہ ہوتی ہے کہ بروقت مطالبات ادا کئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً اگر آسٹریا کا ایک باشندہ ویانا سے بیوناس آئرس میں آرجن ٹائین کے ایک ہسپانوی کے نام رقم بھیجنا چاہے تو اسکا بہترین اور سہل ترین طریقہ لیندار کے نقطۂ نظر سے

لندن کے نام کا چک ہوگا۔ لندن کے نام کا چک ہر جگہ فوراً قبول کر لیا جاتا ہے کیونکہ معمولی حالات میں ہمیشہ ایسے کثیر التعداد اشخاص ہوتے ہیں جو لندن رقم بھیجنا چاہتے ہوں اور اس قسم کے چک کو بخوبی قبول کر لیتے ہوں۔

113 مگر اس قسم کی خانگی امانتوں میں جو ممالک خارجہ کے باشندے بنک آف انگلینڈ میں جمع کرتے ہیں اور اندرونی ملک کی لمبارڈ اسٹریٹ سے حاصل کی ہوئی امانتوں میں جنکا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے امتیاز کرنا مشکل ہے۔ کیونکہ ان امانتوں میں سے اکثر رقمیں اگرچہ اصل میں ممالک خارجہ کے باشندوں کی ہوتی ہیں، لیکن عموماً اصل مالکوں کی جانب سے قدرتی طور سے انکے نمایندے لندن میں ادا کرتے ہیں۔

(ب) دیگر بنک جیساکہ بیان کیا جا چکا ہے برطانوی بنک بالعموم داخلی تجارت کی حد تک کاروبار کرتے ہیں اور انکی امانتوں کا بڑا حصہ عوام کی خانگی رقموں اور اندوختوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ لیکن چند سالوں سے لندن کے بعض بڑے بڑے سرمایۂ مشترک والے بنک تجارت خارجہ کے اس حصے میں بھی جسکا لندن سے تعلق ہے بڑی حد تک شرکت کرنے لگے ہیں اور اسطرح خارجی ذرائع سے جن کا ذکر بنک آف انگلینڈ کی مثال میں اوپر آ چکا ہے کثیر المقدار امانتیں وصول کرتے ہیں مگر اس سے انکے اس بیان کی عام صداقت پر کوئی اثر نہیں پڑتا کہ انکی امانتوں کا بیشتر حصہ انگلستان کے باشندوں کی رقموں پر مشتمل ہوتا ہے، چنانچہ ان امانتوں کی مقدار جنگ سے پہلے جیساکہ بیان کیا جا چکا ہے ۔۔۔۔۔۔ اور ۱۹۱۸ء سے زائد ہوگئی تھی اور ۱۹۱۸ء میں انکی مقدار اسکی دوچند ہوگئی تھی۔

(ج) لمبارڈ اسٹریٹ۔ بنک آف انگلینڈ کے مثل لمبارڈ اسٹریٹ میں بھی امانتیں خارجی اور داخلی دونوں ذرائع سے

لہ۔ دیکھو ضمیمہ۔ جدول (۹) الف۔

جمع ہوتی ہیں۔ خارجی زر کے بازار میں صرف غیر ممالک کے بنک اور دوسرے کوٹھی کا کاروبار کرنے والے ادارے ہی شامل نہیں ہیں بلکہ وہ سب بنک اور تجارتی کوٹھیاں وغیرہ بھی شامل ہیں جو خالص انگریزی ہیں، ان انگریزی بنکوں میں سے بعض زیادہ تر تجارت خارجہ کا کاروبار کرتے ہیں لیکن اکثر دوسرے بنک اسی طریقے سے تجارت داخلہ کی حد تک کثیر المقدار کاروبار سرانجام دیتے ہیں۔ بٹہ گھر جن میں خارجی اور داخلی دونوں شریک ہیں، حساب گھر، جو زیادہ تر خارجی ہیں، اور ہمہ قسم کی دیگر کمپنیاں، ان سب کے نمایندے اور گماشتے لندن میں موجود رہتے ہیں، کیونکہ لمبارڈ اسٹریٹ ہی دنیا میں ایک ایسا مقام ہے جہاں سب سے زیادہ سہولت وسرعت اور سب سے زیادہ نفع کے ساتھ زر کا کاروبار ہوتا ہے۔ جیسی اور جتنی ضرورت ہو اس کے لحاظ سے وہاں زر کا لین دین حسب حیثیت بڑی سے بڑی مقدار میں اور کم سے کم مدت میں ہوتا ہے۔ لمبارڈ اسٹریٹ کی حیثیت دنیا میں اصل وقرضے کی رسد و طلب کے مرکزی بازار کی سی ہے۔ ہر وہ شخص جو کچھ رقم پس انداز کر سکتا ہو نہایت قلیل سی مدت کے لیئے بھی اپنا زر "عند الطلب زر" کے طور پر لمبارڈ اسٹریٹ میں بھیج سکتا ہے اور اگر چند دن یا چند ہفتوں تک بھی وہ اپنے زر کو بازار میں رکھ سکے تو اس پر بھی اسکو قلیل شرح سے 114
سود وصول ہوگا۔ اس قسم کا جو زر ہر قسم کا کوٹھی کا کاروبار کرنے والے بڑے اداروں سے، بیمہ اور شغل اصل سے تجارتی وصنعتی کمپنیوں اور خالص بنکوں سے وصول ہوتا ہے وہی لمبارڈ اسٹریٹ کے سرمائے اور ذخائر زر کا اصلی منبع ومرچشمہ ہے۔ لیکن چونکہ ان میں سے اکثر کمپنیاں اور بنک ممالک خارجہ کے بنکوں اور تاجروں کے نمایندے ہیں اس لیئے موخر الذکر جماعتوں کے کثیر المقدار رقوم بھی وقتاً فوقتاً انہی کی تحویل ونگرانی میں رہتے ہیں۔ اسطرح دنیائے مالیات اور تجارت میں لمبارڈ اسٹریٹ مجمع البحار کی حیثیت رکھتی ہے۔

۲- اس زر کا مصرف کیا ہے؟

(الف) بنک آف انگلینڈ

سرکاری قرضے

بنک آف انگلینڈ کے رقوم کا مصرف زیادہ تر ملک کے اغراض اور ضرورتوں پر مبنی ہوتا ہے اگرچہ ان میں سے اکثر اغراض دراصل ممالک خارجہ کی ضرورتوں کا نتیجہ ہیں۔ اولاً ملک کی حقیقی ضرورتوں کو لیجئے۔ حکومت کو محاصل وصول ہونے سے قبل اپنے مصارف پورے کرنے کے واسطے زر کی ضرورت ہوتی ہے، یا کسی سرکاری محکمے کے اخراجات اسکی آمدنی سے زائد ہو جاتے ہیں اور دوسرے محکمے کے موازنے میں فاضل رقم بچ رہتی ہے، ان صورتوں میں بنک کو حکومت کو عارضی مدت کے لیئے اکثر قرضہ دینا پڑتا ہے۔ جنگ سے قبل حکومت بالعموم بنک سے قرضہ نہیں لیا کرتی تھی۔

چونکہ بنک آف انگلینڈ ایک معمولی خانگی کاروباری جماعت ہے لہذا اس کو اپنے فاضل رقوم کا معتد بہ حصہ معمولی ساہوکاروں اور بنکوں کی طرح قرضہ دینے کے کاروبار میں یعنی ہنڈیوں پر بٹہ کاٹنے، صرافے کے تمسکات کی ضمانت پر قرضے دینے اور اسی قسم کے بنک کے دوسرے کاروبار انجام دینے میں لگائے رکھنا پڑتا ہے۔ لیکن چونکہ بنک کو ایک خاص اور ممتاز حیثیت حاصل ہے اسلیئے وہ معمولی حالات میں اس قسم کا کاروبار کم کرتا ہے، چنانچہ لندن کے اسی طرح کے روزمرہ کے کاروبار کی مجموعی مقدار کے مقابلے میں اسکے کاروبار کی تعداد نسبتاً بہت کم ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ بنک کل انگریزی نظام زر میں

سرمایۂ محفوظ۔

سرمایۂ محفوظ کے مرکزی بنک کی جو حیثیت رکھتا ہے اسکے لحاظ سے اسکے لیئے ضروری ہے کہ وہ دیگر بنکوں کے

مقابلے میں اپنی مجموعی امانتوں کا بدرجہا زیادہ بڑا اتنا سب حصہ بطور سرمایۂ محفوظ ہر وقت مہیا رکھے، کیونکہ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے "دیگر سب بنک" بنک آف انگلینڈ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ کل نظام زر کی جانب سے اس کام کو سرانجام دیگا۔ جنگ سے قبل معمولی حالات میں سرمایۂ محفوظ میں جتنی رقم تھی
115 وہ مقدار میں بنک کی کل رقوم واجب الادا (یعنی سرکاری اور خانگی امانتوں) کے پچاس فیصد سے زائد تھی اور سرمایۂ محفوظ میں اتنی بڑی رقم ہر وقت مہیا رکھنے کی ضرورت ہی کی بنا پر بنک کو مجبوراً اپنا معمولی زر کے لین دین کا کاروبار محدود رکھنا پڑتا تھا۔

بٹہ۔ لیکن بنک کی حیثیت کی خصوصیت یہ ہے کہ گو معمولی اوقات میں وہ بٹے کے کاروبار کا نسبتاً بہت ہی قلیل جزو انجام دیتا ہے پھر بھی مشکل کے زمانے میں زر کے بازار کے ضروریات کا کل بار اس پر پڑ جاتا ہے۔ اس قسم کی مالی آفتوں کے اوقات کے قطع نظر بنک کبھی کبھی لمبارڈ اسٹریٹ کی کوٹھیوں سے کثیر المقدار کاروبار کرتا ہے، خاصکر جبکہ ان کے زر کی رسد ان کے لئے وقت کے وقت غیر مکتفی ہوتی ہے اور وہ بنک کی طرف دست احتیاج دراز کرتے ہیں۔ اسطرح بنک، جیسا کہ بعد میں چلکر معلوم ہوگا، زر کے بازار پر بحیثیت مجموعی بہت قوی اثر ڈالتا ہے اور اس کا نگراں بننے کے قابل ہوتا ہے۔

(ب) "دیگر بنک"

انگلستان کے دیگر سب بنکوں کے رقوم تقریباً کلیتہً صرف داخلی کاروبار کی حد تک صرف ہوتے ہیں اگرچہ انکے اس مخصوص طرز عمل میں مرور زمانہ کے ساتھ نمایاں تغیر ہوتا جارہا ہے۔

گھر کی ہنڈیوں کا بٹہ۔ یہ بنک اپنے اہل معاملہ کی امانتوں کے مقابلے میں اپنی ذمہ داریوں کی نوعیت کو پیش نظر رکھکر ممکنہ محفوظ

حد تک تاجروں، صناعوں، تمسک دلالوں وغیرہ کو ہنڈی کے بٹے کے ذریعے سے، اور ڈرافٹ[1] (زرِ مسدد رقعے) پر بصورت نقد اور ہر قسم کی قیمتی اور جلد فروخت ہونے والی جائداد اور صرافے کے تمسکات وغیرہ پر قرضے دیتے ہیں[2]۔ مگر زمین یا جائداد غیر منقولہ میں زر کو مشغول رکھنا وہ اپنے لیئے غیر محفوظ خیال کرتے ہیں کیونکہ مشکلات کے زمانے میں جیسے کہ مالی آفت میں یا اس زمانے میں جبکہ بنک پر یورش ہو اس قسم کی ضمانتوں کو جلد فروخت کر کے رقم حاصل کرنا ناممکن ہوتا ہے۔ اسکے بعد جو رقم باقی رہ جاتی ہے اس کا مقابلتہً ایک قلیل جزو وہ بنک آف انگلینڈ میں بطور سرمایۂ محفوظ جمع کر دیتے ہیں۔ اور مابقی رقم یا اس کا بیشتر حصہ لمبارڈ اسٹریٹ میں قلیل المدت قرضوں کے طور پر مشغول رکھا جاتا ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ لیکن کچھ عرصے سے

قرضہ اطلاع قریب

بعض دیگر بنکوں میں یہ مستقل رجحان دیکھا جا رہا ہے کہ وہ سرمایۂ محفوظ کے طور پر نقد اور سونے کی نسبتاً زیادہ مقدار اپنے پاس ہی رکھتے ہیں۔ لیکن چونکہ ان کی طرف سے اس اندوختے کے متعلق کوئی باقاعدہ اطلاع یا کیفیت شایع نہیں کیجاتی اسلیئے اسکی حقیقی مقدار کا اندازہ زیادہ تر قیاسی چیز ہے۔

ج لمبارڈ اسٹریٹ

زر کا خارجی بازار ہر اس شخص کو جو عمدہ ضمانت پیش کر سکے قرضہ دیدیتا ہے، خواہ ضمانت کسی 116
قسم کی ہو۔ اس کا کاروبار زیادہ تر اندرون و بیرون ملک کی ہنڈیوں پر بٹہ کاٹنا ہے مگر وہ ہر قسم کے اغراض کے لیئے اور ہر مدت کے لیئے یعنی قلیل ترین زمانے مثلاً ایک دو دن یا نصف ہفتے سے لیکر بڑی سے بڑی مدت کے لیئے بھی قرضے دیتے ہیں۔ اس قسم کے قلیل المدت قرضوں پر ان کو جو سود ملتا ہے وہ بالعموم نسبتاً بہت کم ہوتا ہے

---

[1] Overdraft

[2] دیکھو ضمیمہ جدول (۹) د۔

ہے۔ مگر اطلاع قریب پر وہ خود جو قرضہ حاصل کرتے ہیں اس کا سود اس سے بھی کم ہوتا ہے۔ وہ نہایت قلیل شرح منافعہ پر کاروبار کرتے ہیں اور اپنے زر کو دائمی طور سے مشغول رکھنا ہی ان کے کاروبار کی اساسی بنیاد ہے۔ اس قسم کا کاروبار بلحاظ نوعیت و تقسیم عالمگیر حیثیت رکھتا ہے۔ ممالک خارجہ کی ہنڈیوں پر بٹہ کاٹنے کا کاروبار اسوقت بھی زیادہ تر انھی کے ہاتھ میں ہے اور پہلے کلیتہً انھی کے ہاتھ میں تھا۔ لیکن چونکہ بعض معاملات کا جن پر ہم آیندہ بحث کرینگے، اس کاروبار سے بہت قریبی تعلق ہے اسلیئے اسکی مزید تشریح یہاں ضروری ہے۔ فرض کرو کہ بیونس آئرس کا ایک تاجر مانچسٹر کے ایک کارخانے سے گوٹہ کناری کا سامان خریدنا چاہتا ہے۔ اب اس خرید و فروخت کے لیئے وصول و ادائے رقم کا کچھ انتظام ہونا ضروری ہے اسلیئے کہ کارخانے دار اجنبی تاجر سے بالکل نابلد ہے اور اس سے یہ توقع نہیں کیجاسکتی کہ وہ نرے اجنبی شخص کے ہاتھ اپنا مال ادھار فروخت کریگا۔ ایسی صورت مین سیدھا سادھا طریقہ یہ ہے کہ ارجن ٹائن کا تاجر فرمایش کے ساتھ رقم بھی روانہ کرے لیکن یہ ممکن ہے کہ وہ پیشگی ادائی کرنے کے قابل نہ ہو۔ علاوہ بریں یہ بھی ممکن ہے کہ وہ کارخانے دار پر اتنا بھروسہ کرنے کا خیال دل میں نہ لائے پس وہ دوسرا طریقہ اختیار کرتا ہے اور ایک تحریری وعدہ اشیا کی ترسیل کا لداؤ پرچہ وصول ہونے پر لکھدیتا ہے کہ تین ماہ کے گزرنے کے بعد مطلوبہ رقم ادا کردی جائیگی۔ مگر اس سے بھی کارخانے دار کا کامل اطمینان نہیں ہوتا اسکو کچھ ایسی ضمانت کی ضرورت ہے جس سے یہ یقین ہو جائے کہ خریدار نادہند نہیں ہے ختم میعاد ہنڈی پر فوراً رقم ادا کردیگا۔ اسطرح

سکھار گھر لندن میں یہ رواج پڑ گیا کہ چند بڑی بڑی کمپنیاں جو بیرونی ممالک سے تعلقات رکھتی ہوں اس قسم کی ہنڈیوں پر

لہ۔ دیکھو جدول (۱۶) الف۔

اپنا نام بطور ضمانت تحریر کر دیتی ہیں اور بیرونی خریدار کی جانب سے
منڈی سکھارتی ہیں۔ اس خدمت کے معاوضے میں ان کو ہنڈی لکھنے
والوں کی طرف سے کمیشن ملتا ہے اور وہ بخوشی اس کام کو انجام دیتی ہیں
کیونکہ بیوناس آئرس میں انکی جو شاخیں ہیں وہ اس امر کا اطمینان کر لیتی
ہیں کہ تاجر کی ساکھ اچھی ہے۔ اس طرح ان نام نہاد سکھار گھروں نے
غیر ممالک کے تاجر اور کارخانے دار کے مابین ایک طرح کے بچولیوں یا
درمیانی اشخاص کی حیثیت اختیار کر لی ہے جو وقت مال جہاز پر لدنے کیلئے
تیار ہو جاتا ہے کارخانے دار لدادُو پر چہ قیمت وصول کرنے کی ہنڈی کیساتھ
لندن کی پیش کنندہ کوٹھی کے ہاں روانہ کر دیتا ہے، ہنڈی سکھار گھر میں
دستخط کے لیئے پیش کر دیجاتی ہے اور اسکے ساتھ ہی اشیا کا لدادُو پرچہ بھی
حوالے کر دیا جاتا ہے۔ اس عمل کے پورا ہو جانیکے بعد ہنڈی پر بٹہ کٹ 117
سکتا ہے۔ لمبارڈ اسٹریٹ کا کوئی بھی معمولی بنک یا بڑا بٹہ گھر جسکا لمبارڈ اسٹریٹ
میں اسکو موسوم کیا جاتا ہے، اس پر بخوشی بٹہ کاٹکر قرضہ دیدیگا کیونکہ ہنڈی پر
نہ صرف سکھار گھر کی بلکہ کارخانے دار کی بھی ضمانت ہوتی ہے، گو کارخانے دار
ہنڈی لکھنے والے کی حیثیت سے انجام کار رقم مندرجہ ہنڈی کی ادائی کا
یقیناً ذمہ دار رہتا ہے۔ اسطرح لندن میں بیرونی ممالک کی منڈیوں پر
بٹہ کاٹنے کا کاروبار تخصیص طلب فن بنگیا ہے اور اس لحاظ سے سکھار گھروں
اور بٹہ گھروں کی ان دو جماعتوں میں منقسم ہے۔ چنانچہ لمبارڈ اسٹریٹ میں
جو کاروبار طے پاتے ہیں انکے اکثر و بیشتر اور بہت اہم حصے کی نمایندگی
یہی دو جماعتیں کرتی ہیں۔

صفحہ ۱۱۹ (متن انگریزی) پر جو شکل کھینچی گئی ہے وہ پھیلے اور اس کی
آڑوں کی شکل سے کچھ مشابہت رکھتی ہے۔ اسکے ذریعے سے یہ سمجھانیکی
کوشش کی گئی ہے کہ انگلستان کا نظام زر کسقدر پیچیدہ ہے اور اسکے
اعضا ایک دوسرے سے کسقدر قریبی تعلق رکھتے ہیں، اس نظام کے
بیان میں یہ امر قابل لحاظ ہے کہ کل نظام، بنک آف انگلینڈ میں کسطرح

مرکز ہے۔ بنک اپنے معمولی رواں اور امانتی حسابات کے علاوہ تمام "دیگر بنکوں" کا سرمایۂ محفوظ بھی رکھتا ہے۔ اس میں حکومت کے فاضلات اور بالعموم خارجی بنکوں اور خارجی حکومتوں کی رقمیں بھی رہتی ہیں۔ پس یہ کہنا مبالغہ نہیں ہے کہ بنک آف انگلینڈ کی نادہندگی کا اثر صرف یہی نہو گا کہ ہر شخص حکومت سے لیکر نیچے تک دیوالیہ ہو جائیگا، بلکہ بہت اغلب ہے کہ سرکاری بنک اور دنیا کی تقریباً ہر حکومت دیوالیہ ہو جائے۔ اسکے جو مضر اثرات دنیا میں پھیلینگے ان کا اندازہ کرنا وہم وخیال سے باہر ہے۔ اس طرح بنک کی ذمہ داری صرف انگلستان کی حد تک ہی نہیں بلکہ کل مالیاتی دنیا کی حد تک بہت بھاری اور بڑی ہے۔ اور یہ امر اور بھی زیادہ معما معلوم ہوتا ہے کہ اس سب کے باوجود، جیسا کہ بیان ہو چکا ہے، بنک پر سرکاری نگرانی قائم کرنا ضروری محسوس نہیں کیا گیا۔ گو یہ صحیح ہے لیکن پھر بھی یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ فی الحقیقت بنک کے معاملات پر عملاً جو نگرانی قائم ہے وہ ممکنہ طور سے شدید ترین قسم کی ہے کیونکہ زر کے کل بازار کی رائے عامہ اسکو انجام دیتی ہے اور عند الضرورت حکومت بھی یقیناً اس کا نفاذ
118 کر سکتی ہے۔ لیکن حکومت نے بنک کے معاملات میں مداخلت کرنا یا اسکے ڈائرکٹروں کی رائے کو مسترد کرنا آج تک ضروری نہیں خیال کیا۔ بلکہ اسکے برعکس بنک کے ڈائرکٹر آفتوں کے زمانے میں ہمیشہ خود حکومت ہی کے مشیر بنے رہے ہیں۔ چنانچہ جنگ عظیم کے زمانے میں اگست ۱۹۱۴ء میں جو آفت آئی اس میں بنک کے ڈائرکٹروں کا طرز عمل تمام دنیائے بنک کاری کے لیئے ایک مثال تھا۔ بنک کی موجودہ حیثیت اور ذمہ داریوں کے تصور کا باعث سب سے

بیجہٹ کی تصنیف۔

زیادہ ایک شخص والٹر بیجہٹ (۱۸۲۶ء تا ۱۸۷۷ء) کی تصنیف تھی، اس نے اپنی کتاب موسوم بہ "لمبارڈ اسٹریٹ" اول بار ۱۸۷۳ء میں شائع کر کے اور اس میں لندن کے زر کے بازار کے حقیقی دستور اور اس دستور میں بنک آف انگلینڈ کا اصلی رتبہ پہلی مرتبہ بیان کر کے بڑی خدمت انجام دی

جسوقت کتاب پہلی دفعہ شائع ہوئی تو بیجہٹ محض ایک معیاری تصور کو بیان کر رہا تھا، مگر یہ تصور سال بہ سال بتدریج حقیقت سے مبدل ہوتا گیا اور اب کسی ملک میں کوئی کوٹھی کا کاروبار کرنے والا ادارہ ایسا نہیں ہے جو دنیائے کاروبار اور عوام کے اعتماد کا اسقدر مستحق ہو جسقدر بنک آف انگلینڈ مستحق ہے یا جس کی ساکھ اسقدر عمدہ ہو جیسی کہ بنک کی ہے۔ اور یہ قطعی طور سے اقل ترین سرکاری نگرانی کے تحت حاصل ہوئی ہے۔ حکومت نے اس بنک سے متعلق اگر کچھ آئین و قوانین وضع کئے تو وہ صرف ۱۸۴۴ء کے قانون منشور بنک[1] کی صورت میں تھے جسکو عام طور سے قانون پیل بھی کہتے ہیں اور اس میں بھی صرف اجرائے زر کاغذی کے ایک مسئلے سے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ اب یہ قانون کیونکر نافذ ہوا اسکی تشریح کے لیئے بنک کی ابتدا سے لیکر اب تک کی مختصر تاریخ پر نظر ڈالنا ضروری ہے۔

بنکوں کی ابتدائی سرگزشت بنک آف انگلینڈ ۱۶۹۴ء میں قائم ہوا لیکن یوروپ میں فن بنک کاری کے ارتقا کا عمل، جو اس بنک کی تاسیس کا انجام کار رہبر ہوا۔ اس تاریخ سے صدیوں پیشتر سے جاری تھا۔ یوروپ کے اولین بنک وہ تھے جو اطالوی جمہوروں میں بقول راوی بارھویں صدی میں قائم کیے گئے۔ اگرچہ جینوا کا مشہور بنک بنک آف سنٹ جارج معین شکل میں صرف ۱۴۰۷ء میں قائم ہوا اور وینس کا بنکو ڈی ریالٹو[2] ۱۵۸۷ء میں قائم ہوا۔ مغربی یوروپ میں پہلا بنک آمسٹرڈم بنک تھا جو ۱۶۰۹ء میں قائم ہوا اسکے بعد ۱۶۱۹ء میں "بنک آف ہمبرگ" اور ۱۶۲۳ء میں "بنک آف روٹرڈم" صورت پذیر ہوئے۔ اور بنک آف سویڈن نے اپنی تاسیس کے دو سال بعد ۱۶۶۱ء میں پہلا بنک کا نوٹ جاری کیا۔ انگلستان میں بنک کاری کے نظام کی


---

[1] Bank Charter Act۔

[2] Banco de Rialto۔ بنکو ڈی ریالٹو۔

ترقی صرف سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں جاکر شروع ہوئی۔

119



زرگر

120 ۱۶۴۰ء تک تاجران لندن کا یہ دستور رہا کہ وہ اپنے غیر مشغول اصل کو حکومت کی امانت و حفاظت میں بمقام ٹاور آف لندن جمع کرتے تھے لیکن چارلس اول نے اس سال ۱۳۰۰۰۰ پونڈ کی رقم جو ٹاور آف لندن میں رکھی ہوئی تھی، ضبط

کرلی تو اسکے بعد سے حکومت پر تاجروں کا اعتماد باقی نہیں رہا اور وہ رفتہ رفتہ اپنے فاضلات زرگروں اور سناروں کے پاس رکھنے لگے جنھوں نے اپنی ابتدائی نقرہ وطلا کے سامان کی تجارت کو توسیع دیکر صرافوں کا کاروبار اور زر کا لین دین بھی شروع کردیا تھا۔ یہ لوگ اپنے پاس جو زر بطور امانت رکھتے تھے اسکے ایک حصے کو قرض یا سود کے لین دین میں مشغول رکھنے لگے زر امانت پر جمع کرنے والوں کو بھی سود ادا کرتے تھے اور زر امانت کی وصولیابی پر تحریری رسیدیں جاری کرتے تھے۔ اگرچہ اس زمانے میں قوانین ربا در بوئی آمانہ تھے، لیکن انھوں نے اسکی پروانہ کی اور قرضخواہوں سے بشرح اعلیٰ سود وصول کیا کرتے تھے اسکے علاوہ زر کے مبادلوں میں بھی انھیں خاصا منافع حاصل ہوتا تھا۔ اس زمانے میں تسکیک کی ناقص حالت نے فن بنک کاری کو اعلیٰ درجے کا مہارت طلب اور منفعت بخش پیشہ بنا دیا تھا۔ اولین دین میں سکوں کے وزن معیار انکی قدر اور عام حالت کا بہت احتیاط کیساتھ لحاظ کیا جاتا تھا۔ مثلاً کہا جاتا ہے کہ زرگر مطالبات کی ادائی میں ہمیشہ فرسودہ اور ناقص سکے دیا کرتے اور اچھے سکوں کو اپنے پاس رکھ لیا کرتے اور انکی تجارت کرتے تھے۔

۱۶۴۰ء کے بعد سے حکومت زرگروں سے جو اسکے ساہوکار بنے ہوئے تھے وقتاً فوقتاً قرضے حاصل کرتی رہی لیکن ۱۶۷۲ء میں خزانے نے قرضے کی رقم کا ادا کرنا موقوف کردیا، اسوقت حکومت زرگروں کی ۱۳۰۰۰۰ پونڈ کی قرضدار تھی اور اسطرح اسکی ادائی کو روک کر حکومت کے عہدہ داران مالیہ کے اعتماد اور ساکھ کو دوبارہ تباہ کردیا۔ زرگروں کا اور زرگروں سے ترقی کرکے خانگی بنکوں میں مبدل ہونے والی جماعتوں کا جن میں سے چند موجودہ زمانے میں اپنے اغاز و ابتدا کا سلسلہ ان ہی زرگروں سے ملاتی ہیں جلد جلد دیوالہ نکل جانے سے انکے بارے میں عوام کا اعتماد متزلزل ہوگیا تھا چنانچہ تقریباً ۱۶۷۵ء سے انگلستان میں ایسے رسائل شائع ہونے لگے جن میں یوروپ کے دیگر ممالک کے بعض بنکوں کے نمونے پر سرکار کے منشور یافتہ بنک کے قیام و ترتیب پر زور دیا جاتا تھا۔

بنک کی تاسیس ۱۶۹۴ء میں ولیم ثالث کی حکومت کو زر کی شدید ضرورت لاحق ہوئی، لیکن لندن کے تاجروں کو سابقہ بادشاہوں سے تلخ تجربہ حاصل ہوچکا تھا اسلیئے انمیں سے کوئی بھی حکومت پر اعتماد کرنے اور اسکو قرضہ دینے پر آمادہ نہوا۔ ایسے وقت میں اسکاٹ لینڈ کا ایک باشندہ 121
ولیم پیٹرسن منظر عام پر آیا اور اس نے وہ تجویز حکومت کے سامنے پیش کی جسکی بنا پر بنک آف انگلینڈ

ترتیب عمل میں آئی پیٹرسن نے اس شرط پر کہ حکومت اسکو ایک منشور خسروی عطا کرے جسمیں اسکو ایک بنک قائم کرنیکی اجازت دیجائے اور بنک کا کاروبار کرنے یعنی امانت جمع کرنے ہنڈیوں پر بٹہ کاٹنے اور اس رقم کی حد تک نوٹ جاری کرنے کا حق دیا جائے جو حکومت بنک سے بطور قرض لے حکومت کو ۲۰۰۰۰۰ پونڈ اپنے طور پر بطور قرض دینے کیلئے آمادگی ظاہر کی۔ اسطرح انگلستان کے "جدید قومی قرضے" کا آغاز ہوا۔

اسکا اجارہ

۱۶۹۷ء میں ایک نیا منشور صادر ہوا جسکی رو سے بنک کو انگلستان میں سرمایۂ مشترک کے اصول پر کاروبار کرنے کا حق اور اجارہ حاصل ہو گیا۔ اسکے بعد ۱۷۰۸ء کے قانون سے بنک کو مزید تقویت حاصل ہوئی۔ اس قانون نے بنک آف انگلینڈ کی بقا تک ان بنکوں کے شرکا کی تعداد کو جو نوٹ جاری کرتے تھے چھ اشخاص تک محدود کر دیا۔ ۱۷۵۱ء میں "قومی قرضے" کا انتظام بنک کے سپرد ہوا۔ بنک کو اس طرح جو اجارہ عطا کیا گیا وہ انگلستان کی فن بنک کاری کی متعاقب ترقی کی سرگزشت کا سب سے اہم اور نمایاں اساسی واقعہ ہے۔ چنانچہ اسکے بعد سے انگریزی نظام کی ترقی کو انگلستان کے متصل ہمسایہ اسکاٹلینڈ کے کلیتہً مختلف نظام کے مقابلے میں اس بات کی تمثیل کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے کہ اس قسم کی جماعت کے دو متضاد تصورات کیا ہو سکتے ہیں جسکے تفویض ساہوکے فرائض ہونے چاہئیں۔ انگلستان میں باستثنائے بنک آف انگلینڈ بنک کا کاروبار کلیتہً خانگی بنک کرتے تھے۔ یہ بنک ایک طرح کی

خانگی بنک

خانگی کمپنیاں تھیں جو انفرادی شرکا کی بڑی تعداد پر مشتمل ہوتی تھیں اور انھیں شرکا میں سے بعضوں یا کسی ایک کے نام پر کمپنی نامزد کی جاتی تھی اور نام عام طور سے "اینڈ کمپنی" پر ختم ہوتا تھا۔ چنانچہ اب تک چکوں پر آڑے ترچھے دستخط کرنے میں اسی رسم کی پابندی کیجاتی ہے مثلاً لکھا جاتا ہے۔ اس قسم کے بنکوں کی ساکھ کا مدار عوام کی نظر میں بیشتر کمپنی کے انفرادی شرکا کی

نیک نامی اور دیانتداری پر تھا اور اسکی وجہ سے بنک کا عمل فطرتاً اس شہر یا ضلع کی حد تک محدود رہا کرتا تھا جہاں یہ شرکا معروف ہوتے تھے۔ چونکہ بنک آف انگلینڈ نے اپنا کاروبار صرف شہر لندن تک محدود رکھا تھا اور اسکی شاخیں تمام ملک میں پھیلی ہوئی نہ تھیں اسلیئے اسکے معنی عملاً یہ تھے کہ ملک میں بنک کا کل کاروبار مقامی حیثیت رکھتا تھا یعنی ہر ضلع یا شہر میں خود وہیں کے مقامی ساہوکار موجود ہوتے تھے۔ لیکن

122

اسکاٹ لینڈ کا نظام

اسکاٹ لینڈ میں بنکوں کے کاروبار کی ترقی انگلستان سے بہت زمانہ پیشتر جداگانہ طریق پر شروع ہوئی۔ سرمایۂ مشترک کے اصول پر متعدد بڑے بڑے بنک قائم ہوئے جو دراصل حصہ داروں کی کمپنیاں تھیں جو منشور شاہی کی بنا پر معرض وجود میں آئیں۔ مثلاً ۱۶۹۵ء میں بنک آف اسکاٹ لینڈ اور ۱۷۲۷ء میں رائل بنک قائم ہوا اور ۱۷۴۶ء میں برٹش لنن کمپنی[1] صورت پذیر ہوئی۔ ان بڑی کمپنیوں نے اسکاٹ لینڈ کے اکثر بڑے بڑے شہروں اور قصبوں میں اپنی شاخیں قائم کیں اور ان کی ساہ ملک میں ہر طرف مضبوطی کے ساتھ قائم ہوگئی۔ اسطرح ان دو نظاموں کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ انگلستان میں ہر جگہ چھوٹے چھوٹے مقامی خانگی بنک کثیر تعداد میں قائم تھے اور اسکے برعکس اسکاٹ لینڈ میں سرمایۂ مشترک والے بڑے بڑے بنک قلیل تعداد میں تھے اور انکی شاخیں ملک کے ہر گوشے میں پھیلی ہوئی تھیں۔

ادائی طلا کا التوا ۱۷۹۷ء تا ۱۸۲۳ء

۱۸۴۴ء کے قانون سے پہلے بنک آف انگلینڈ کی تاریخ میں سب سے اہم واقعہ یہ تھا کہ جنگ نپولین کے دوران میں بنک نے سونے کی صورت میں رقم کی ادائی محدود کردی یا روک دی۔ چونکہ اسوقت تک انگلستان میں بڑی بڑی رقموں کے نوٹ جاری کئے جاتے تھے اسلیئے بنک نوٹ کا استعمال معمولی زر کی حیثیت سے بڑی حد تک محدود ہوگیا تھا۔ ابتداً کمترین رقم کے نوٹ بیس پونڈ کے نوٹ

---

[1] Britirh Linen comnaney. Bullion committee

تھے۔ ۱۷۵۹ء میں ۵ پونڈ اور ۱۰ پونڈ کے نوٹوں کے اجرا کی اجازت ملی۔ اور ۱۷۹۳ء میں ۵ پونڈ کے نوٹ جاری کرنیکی اجازت دی گئی۔ مگر ۱۷۹۷ء میں جب نقد سونے کی ادائی موقوف کی گئی تو اس سے بھی کم مقدار کے نوٹ جاری کرنے کی فوری ضرورت محسوس ہوئی اور ایک پونڈ کے نوٹ فوراً وافر تعداد میں جاری کئے گئے۔ نقد سونے کو روکنے کی ضرورت جس مشکل اور آفت کے رونما ہونیکے باعث محسوس ہوئی تھی وہ بہت جلد رفع ہوگئی اور بنک بخوشی تیار ہو جاتا کہ نقد طلا کی شکل میں مطالبات حسب سابق ادا کرے لیکن نوٹوں کے رواج پر کسی نے نہ تو اختلاف یا اعتراض کیا اور نہ ان کا استعمال ہی ترک کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ادائے نقد طلائی کا طریق بدستور موقوف رہا۔ پہلے پہل جاری کردہ نوٹوں کی مقدار نسبتاً بہت کم رہی یعنی ۱۷۹۷ء میں ۱۰۰۰۰۰ پونڈ تھی اور ۱۸۰۹ء تک اجرائے نوٹ کے مشکلات کے بارے میں کسی کو بدگمانی نہوئی۔ لیکن اسکے بعد یہ دیکھا جانے لگا کہ سونے پر بٹہ موتری وصول ہونے لگی یعنی سونے کی سرکاری قیمت جو پہلے ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس فی اونس تھی، ۱۸۱۰ء میں بڑھکر تقریباً ۴ پونڈ ۱۲ شلنگ ہوگئی۔ کوٹھی کا کاروبار 123
کرنے والوں میں قیمتوں کے اضافے کے متعلق چہ میگوئیاں شروع ہوگئیں کیونکہ بازار میں اشیا کی قیمتیں اسوقت بڑھ گئی تھیں[1] جسکے باعث انتفاخ زر تھا جو تمام ملک میں زر کاغذی کثیر مقدار میں جاری ہو جانیکی وجہ سے پیدا ہوگیا تھا، اسلیئے کہ گو بنک آف انگلینڈ کے نوٹ صرف تقریباً بقدر ۱۹۰۰۰۰۰ پونڈ رائج تھے لیکن کل انگلستان اور آئرلینڈ کے خانگی بنکوں نے بہت کثیر مقدار میں نوٹ جاری کر دیئے تھے ۱۸۱۰ء میں سونے اور زر کے مسائل پر غور کرنیکے لیئے ایک کمیٹی مقرر ہوئی اور اسکے ساتھ ہی بنک میں موجود الوقت مسائل پر بحث مباحثوں کا ایک طوفان عظیم رونما

[1] دیکھو جدول (۵)۔

[2] Britirh Linen companey. Bullion committec ۔

ہوگیا جسکے صحیح مفہوم کو بحالت موجودہ سمجھنا خود ایک مشکل کام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس زمانے کی کوٹھی کا کاروبار کرنیوالی دنیا کو زر کے اصول اور مفہوم سمجھنے کا موقع تجربات کے ذریعے سے بظاہر بتدریج حاصل ہو رہا تھا۔ چنانچہ یہ زیادہ تر انھی بحث مباحثوں کا نتیجہ ہے کہ موجودہ زمانے میں زر کے افعال اور اصول کی نسبت بہت زیادہ سلجھے ہوئے خیالات و تصورات موجود ہیں۔ لیکن ہمارے موجودہ نقطۂ نظر سے اس بحث مباحثے کی سب سے بڑی اہمیت یہ تھی کہ اس سے عملی سبیل البدل وہ اصول رونما ہوئے جو بنک آف انگلینڈ کے اجرائے نوٹ کی تنظیم کے بہترین طریق کے مسئلے کے بارے میں مابعد بحث مباحثے کی بنیاد ثابت ہوئے۔ مطالبات کو نقد کی شکل میں ادا کرنیکی بندش خود انجام کار ۱۸۱۹ء تا ۱۸۲۳ء میں ہٹالی گئی۔ اور اسوقت تک ۱۸۱۶ء کے نئے زر کا رواج پوری طرح ہوگیا تھا۔ لیکن بحث مباحثوں سے جو سبق حاصل ہوا تھا اسکو فن بنک کے سوالات پر منطبق کرنا ہنوز باقی ہی تھا۔ ۱۷۹۷ء سے ۱۸۲۰ء تک انگریزی نظام کے بارے میں عام بے اطمینانی پھیلی رہی جسکی وجہ یہ تھی کہ انفرادی سرمائے کے بنکوں کو متواتر ناکامیوں کا منھ دیکھنا پڑا۔ محض ۱۷۹۷ء اور ۱۸۱۷ء کے مابین ۱۵۷ بنک دیوالیہ ہو گئے اور اسکاٹ لینڈ کے سرمایہ مشترک والے بنکوں کے اصول کی ایک حد تک تقلید کرنیکی تائید میں سخت ہیجان پیدا ہو رہا تھا۔ ۱۸۲۳ء میں ایک شخص تامس جامین نے ایک رسالہ شائع کیا اور اسمیں ایک ایسے واقعے کی جانب اشارہ کیا گیا جسکو اس وقت تک بظاہر پوری طرح سمجھا ہی نہیں گیا تھا یعنی یہ کہ بنک آف انگلینڈ کو سرمایہ مشترک کے اصول پر کاروبار کرنے کا جو اجارہ دیا گیا تھا وہ صرف دوسرے اسی قسم کے سرمایہ مشترک بنکوں کے اجرائے زر کا غذ کے حق کیساتھ قائم کرنے میں مزاحم تھا۔ اور یہ کہ اگر کوئی سرمایہ مشترک کی کمپنی اس خیال سے قائم کرنیکی جانب متوجہ ہو کہ وہ بنک کے کاروبار کے دوسرے اجزا کو انجام دیگا تو

اسکو ایسا کرنے سے باز رکھنے والی کوئی چیز نہ تھی۔ لیکن موجودالوقت حالات کے لحاظ سے اجرائے نوٹ کا حق حاصل ہونے کا عدم امکان
124 کسی دوسرے سرمایۂ مشترک کے بنکوں کو قائم ہونے سے روکنے کے لیئے بالکل کافی تھا۔ اسلیئے کہ اُس زمانے میں اجرائے نوٹ کے کام کو بنک کے کاروبار کا اہم ترین اور یقیناً بہت ہی منفعت بخش جزو خیال کیا جاتا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ آجکل جسطرح کے بنک ہیں اور وہ جس طریقے پر کاروبار کرتے ہیں اس زمانہ میں نہ ایسے بنک تھے اور نہ اسطرح پر کاروبار کیا جاتا تھا۔ زر رواں کا نظام اور چکوں کے استعمال کا طریق بالکل غیر ترقی یافتہ اور ابتدائی حالت میں تھا اور اسوقت کسی کو یہ وہم و گمان بھی نہ تھا کہ بنک کے کاروبار کی ترقی آگے چلکر موجودہ صورت اختیار کریگی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ یہ ترقی بیشتر ٹھیک اسی سرگزشت کا نتیجہ ہے جو اسوقت بیان کیجارہی ہے۔ لیکن کسی نے جاپٹن کی کتاب پر اسوقت زیادہ توجہ نہ کی۔ لیکن ۱۸۲۴ء سے ۱۸۲۵ء کے مابین پھر متعدد بنکوں پر تباہی آئی، اور ۷۶ بنک دیوالیہ ہو گئے۔ ۱۸۲۶ء میں ایک نیا قانون منظور ہوا جسکی رو سے

شہر اور اسکے نواح کا رقبہ

سرمایۂ مشترک کے اصول پر بنک قائم کرنے اور نوٹ جاری کرنیکی اجازت اس شرط پر دی گئی کہ اس قسم کے بنک لندن کے اردگرد ۶۵ میل کے رقبے کے اندر نہ تو کوئی دفتر کھولیں اور نہ کوئی شاخ قائم کریں۔ گویا اسطرح پر سرکاری طور سے لندن کے نواح کا ایک رقبہ پہلی دفعہ مختص کر دیا گیا اور اسی کے اندر بعد میں چلکر بنک آف انگلینڈ کی اجرائے نوٹ کی مخصوص عملداری محدود رہی۔ اسی قانون نے بنک کے نوٹوں کی اقل ترین قدر دوبارہ بڑھاکر ۵ پونڈ مقرر کی اور اسکاٹ لینڈ میں بھی یہی قاعدہ جاری کرنیکی کوشش کی گئی، مگر یہ اسکاٹ لینڈ کی خوش قسمتی تھی کہ یہاں اس تحریک کی کامیابی کے ساتھ مخالفت کی گئی جس میں زیادہ تر ہمسایہ اسکاٹ لینڈ نے حصہ لیا۔ ۱۸۳۳ء میں جب بنک آف انگلینڈ کا منشور[1] تجدید کے لیئے

[1] Bank of England Charter.

دوبارہ پیش ہوا تو جانسن کے پیش کردہ خیال کو نئے منشور میں لفظ بہ لفظ اختیار کیا گیا۔ اور اسی کے ساتھ ہی لندن کے بڑے سرمایۂ مشترک کے بنکوں کی نشو و ترقی فوراً شروع ہوگئی لیکن دیہات کے سرمایۂ مشترک والے بنکوں کی غیر ثبات پذیر نوعیت، جن کو نوٹ جاری کرنیکا حق حاصل تھا اب بھی اجرائے نوٹ کی تنظیم کے مسئلے پر عوام کی توجہ وقتاً فوقتاً مبذول

زر کاغذی کی تنظیم

کراتی رہی اور بالآخر معاملات نے اس عظیم الشان بحث مباحثے میں نازک صورت اختیار کرلی جو ۱۸۴۴ء کے قانون منشور بنک (پیش کردہ سر رابرٹ پیل[1] کی منظوری سے قبل ہوتے رہے۔ فریقین کے استدلال کی تہ میں جو اصول مضمر تھے وہ علی الترتیب اصول زر و اصول بنک کاری کے نام[2] سے مشہور ہوئے۔ پہلے اصول میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ بنک کے نوٹ کے اجرا کے لیے کوئی ضمانت اطمینان بخش نہیں ہوسکتی جب تک جاری کردہ نوٹوں کی رقم کے ہمقدر نقد سکے سرمایۂ محفوظ میں نہ رکھے جائیں تاکہ عند الطلب نوٹوں کو نقد میں بدل دینے میں سہولت ہو۔ مگر بنک کاری کے اصول کے وکیل یہ کہتے تھے کہ نوٹوں کی تعداد کی حد بندی منتظمین بنک کے صوابدید پر چھوڑ دی جاسکتی ہے اور ان پر اعتماد کیا جاسکتا ہے کہ وہ مناسب و محفوظ حد تک نوٹ جاری کرینگے، کیونکہ بنک کے کاروبار کی نوعیت ہی ایسی ہے کہ اس سے اجرائے نوٹ پر فطری طور پر بندش قائم ہوتی ہے بلحاظ اسکے کہ نوٹ اسی حد تک جاری کیے جاتے ہیں جس حد تک کہ حقیقی کاروبار کو انجام دینے میں انکی ضرورت ظاہر ہو۔ اسکے جواب میں یہ استدلال کیا گیا کہ گزشتہ تجربے نے جنگ نپولین کے زمانے میں

125

[1] Sir Robert Peel's Bank Charter Act of 1844.

[2] Currency and the Banking Principles.

جب مطالبات کے نقد ادا کرنیکی رسم موقوف ہوئی یہ ثابت کردیا تھا کہ کثیر مقدار میں نوٹ جاری کرنے پر اس طرح روک قائم نہیں کی گئی مثلاً ۱۸۰۹ء میں جنوبی امریکہ میں گرمائگرمی کے دور میں بنکوں کے ہنڈی پر بٹہ کاٹکر کثیر مقدار میں قرضے دیدینے کی وجہ سے جاری کردہ نوٹوں کی مقدار بہت ہی خطرناک حد تک بڑھ گئی تھی۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اس اس زمانے میں بنک آف انگلینڈ کے ہاتھ میں ایک بہت ہی قوی اور کارگر ہتھیار نہ تھا جسکو وہ اب ضرورت کے وقت کامیابی کیساتھ استعمال کرتا ہے۔ یہ کارگر ہتھیار کیا ہے اسکی تشریح آئندہ باب میں کیجائیگی، سردست یہ سمجھ لینا کافی ہے کہ وہ شرح بٹہ میں اضافہ کرنیکا یا بالفاظ دیگر نقد کی کثیر مانگ کو روکنے کیلئے اپنے قرضوں پر زیادہ شرح سود وصول کرنے کا حق ہے۔ اُس زمانے میں قوانین ربا بدستور موجود تھے اور بیشترین شرح سود جو وصول کیجاسکتی تھی پانچ فیصدی تھی مگر یہ ایک ایسے زمانے میں جبکہ تجارتی کاروبار زوروں پر ہو کثیر المقدار قرضوں کی مانگ کو روکنے کے لئے پوری طرح کفایت نہ تھی۔ لیکن اب یہ بحث کرنا کہ آیا اس ذاتی تحفظ کے ذریعے کو وسیع حد تک استعمال کرکے اسکے تحت بنک آف انگلینڈ نسبتاً زیادہ بہتر طریق پر ترقی کرسکتا تھا یا نہیں محض بے سود ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اصول زر کی وکالت کرنیوالی جماعت کو فتح نصیب ہوئی اور ۱۸۴۴ء کے قانون نے انگلستان کے بنک کے نوٹوں کے طریقے پر ایسی قوی بندش قائم کردی کہ اس سے اس طریقے کی مزید ترقی مکمل طور سے رک گئی اور اسطرح نتیجہ یہ ہوا کہ انگلستان کے بنکوں کا نظام اس راستے سے ہٹکر جس پر وہ دوسری صورت میں چل سکتا تھا بالکل مختلف سمت میں ترقی کے مراحل طے کرنے لگا۔

قانون ۱۸۴۴ء ۱۸۴۴ء کے قانون کے اساسی اصول بظاہر یہ معلوم ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ نوٹوں کے اجرا کا اجارہ بتدریج کلیتہً بنک آف انگلینڈ کے ہاتھ میں آجائے۔ دوسرا یہ کہ یہ نوٹ ایک معین مقدار کی حد تک تمسکات کی بنیاد پر جاری کئے جائیں اور اس حد سے

اوپر باقی جتنی رقم کے نوٹ جاری کئے جائیں انکے ہمقدر نقد طلائی سکے سرمایۂ محفوظ میں رکھے جائیں۔ پہلے اصول کو موثر بنانے کی غرض سے قانون نے یہ قرار دیا کہ بنک آف انگلینڈ کے سوا کوئی دوسرا بنک جسکا دفتر لندن کے اردگرد ۶۵ میل کے رقبے کے اندر واقع ہو نوٹ جاری کرنیکا مجاز نہ رہیگا۔ اور یہ کہ انگلستان کے اضلاع میں سرمایۂ مشترک کا کوئی نیا بنک قائم ہو تو وہ بھی نوٹ جاری کرنیکا مجاز نہوگا، آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے ساتھ خاص سلوک ملحوظ رکھا گیا۔ ماسوائے ازیں انگلستان میں نوٹ جاری کرنیوالے جتنے بنک پہلے سے موجود تھے ان پر بھی یہ بندش عائد کیگئی کہ نفاذ قانون کے وقت انکے جاری کردہ نوٹوں کی جتنی مقدار تھی اس سے کسی حال میں وہ تجاوز نکریں۔ بنک آف انگلینڈ کے بارے میں یہ طے ہوا کہ اسکا کل کاروبار دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے اور ان دونوں کے نام صیغۂ اجرائے نوٹ اور صیغۂ بنک کاری قرار دیئے گئے۔ صیغۂ اجرائے نوٹ میں محض نوٹ جاری کرنیکا کام اور صیغۂ بنک کاری میں بنک کا کل کاروبار انجام دیا جانا طے پایا۔ بنک کے نوٹوں کے اجرا کی تنظیم حسب ذیل طریقے پر کی گئی :- نفاذ قانون کے وقت بنک کے جاری کردہ نوٹوں کی حقیقی مقدار ... ۱۴ پونڈ فرض کی گئی اور بنک کو اجازت دی گئی کہ اس مقدار کی حد تک نوٹ جاری کرنیکی صورت میں اسکے مقابلے میں تمسکات رکھے جائیں۔ ان تمسکات میں وہ رقم بھی شامل تھی جو حکومت کے ذمے بطور قرض واجب الادا تھی یعنی ... ۱۱ پونڈ۔ گویا نوٹوں کا منظورہ اجرا ... ۱۴ پونڈ قرار دیا گیا۔ اس حد سے اوپر بنک جتنے چاہے نوٹ جاری کر سکتا تھا مگر بایں شرط کہ ان زائد نوٹوں کے ہمقدر نقد فلز سب کا سب صیغۂ اجرا میں رکھا جائے۔ ابتدائی قانون کی رو سے سونے کی مقدار کی ایک چوتھائی چاندی بھی

126

صیغۂ اجرا

منظورہ اجرا

بنک کو اپنے پاس رکھنے کی اجازت تھی لیکن بنک نے ایک عرصے تک چاندی رکھنے کے اختیار سے کام نہ لیا۔ بنک آف انگلینڈ کے جاری کردہ نوٹ اسکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ میں تو نہیں بلکہ صرف انگلستان میں سوائے خود بنک کے ہر جگہ زر قانونی ہیں۔

اضلاع کے مشترک سرمایہ والے اور انفرادی دونوں قسم کے بنکوں کے موجودالوقت اجرائے نوٹ کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک یہ بھی قرار دیا گیا کہ اگر آئندہ کوئی بنک دیوالیہ ہو جائے یا کاروبار موقوف کر دے یا دوسرے بنک میں شامل ہو جائے تو معاً اسکے نوٹ جاری کرنیکی اجازت منسوخ ہو جائیگی اور بذریعہ حکم بہ اجلاس کونسل بنک آف انگلینڈ کو یہ حق حاصل رہیگا کہ اس قسم کے بنک یا بنکوں کو جتنے نوٹ جاری کرنیکا حق پہلے حاصل تھا اور اب چھن گیا اسکے دو ثلث کی مقدار کی حد تک اپنے معمولی نوٹوں کی مقدار میں اضافہ کرلے۔ اس سلسلہ میں کہ یہ طرز عمل انگلستان میں اجرائے نوٹ کے طریق کو بنک آف انگلینڈ میں مرکز کرنے میں کس حد تک موثر ثابت ہوا یہ کہنا نامناسب نہوگا کہ ۱۸۴۴ء میں کل نوٹ

اضلاع کے بنکوں کا اجرائے نوٹ

اضلاع انگلستان میں بقدر ۶۴۲ و ۶۲۳ و ۸ پونڈ جاری ہوئے اور انکو جاری کرنیوالے ۷۰ انفرادی بنک اور ۷۲ سرمایۂ مشترک والے بنک تھے[1] اسکے برعکس ۱۹۱۷ء میں یہ مقدار گھٹکر ۸۷۰ و ۲۵۸ پونڈ رہ گئی اور اسکو صرف ایک انفرادی بنک اور آٹھ مشترک سرمایہ والے بنکوں نے جاری کیا۔ گویا جتنے بنک دیوالیہ ہوئے یا جتنوں نے کاروبار ترک کر دیا ان کا حق اجرا 127
بنک آف انگلینڈ کو منتقل ہو گیا اور اسطرح بنک کے جاری کردہ نوٹوں کی تعداد بڑھ کر بقدر ۰۰۰ و ۰۵۴ و ۱۸ پونڈ ہوگئی۔ حساب کرکے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ یہ مقدار دیوالیہ بنکوں کے منتقلہ حق اجرا کی مقدار کے پورے

[1] دیکھو رسالۂ اکنامسٹ کا بنک کاری نمبر ۱۸ مئی ۱۹۱۸ء۔

پورے دو ثلث سے بہت کم ہے بعض اوقات یہ خیال کیا گیا تھا کہ بنک کے ارباب حل وعقد نے دس لاکھ پونڈ کے ہمقدر نوٹوں کے جاری کرنیکی گنجائش آڑے وقت کے لئے بطور سرمایہ محفوظ رکھ چھوڑی ہوگی لیکن ۱۹۱۴ء کی جنگ کی آفت کے زمانے میں اس سے اس طرح پر کام نہیں لیا گیا۔

غیر تغیر پذیر نظام بنک پر نوٹ جاری کرنیکے بارے میں جو سخت قیود عائد کئے گئے تھے ان پر کئی سال تک اعتراضات ہوتے رہے اور کوئی شک نہیں کہ زیادہ تر یہی وجہ تھی کہ انگلستان میں بنک کا کاروباری نظام اس شاہراہ ترقی پر آیا جسکو اس نے پسند کیا۔ اگر اس نظام میں کچھ نقص تھا تو یہ کہ آفتوں کے زمانے میں جبکہ نقد طلا زیادہ مقدار میں طلب کیا جاتا ہے نظام غیر تغیر پذیر حالت میں رہتا ہے۔ نوٹوں سے کام چل سکتا ہے لیکن بنک ایک نوٹ بھی سونے کو اسکی بنیاد بنائے بغیر جاری نہیں کرسکتا اور سونے کی مساوی مقدار سرمایہ میں بالمقابل رکھکر نوٹ جاری کرنا بالکل بیکار ہے پس نوٹوں کی مقدار میں حسب ضرورت اضافہ کرنیکے بارے میں جو تدبیریں قائم کیگئی ہیں ان سے مجبور ہوکر ایک بالکلیہ دوسرا ہی طریقہ کار اختیار کرلیا گیا ہے یعنی نوٹوں کے بجائے چک استعمال کئے جاتے ہیں اور اس استدلال کی کہ یہ نیا طریقہ پہلے طریق کی نسبت انجام کار بہت زیادہ بہتر ثابت ہوا ہے بہت کچھ تائید کیجا سکتی ہے۔

دیگر نظام بحث کے اس جزو کو ختم کرنے سے پہلے مختلف ممالک میں جو مختلف طریقے نوٹ کے اجرا کی تنظیم کے بارے میں بطور بدل رائج ہیں ان کا ذکر کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ چنانچہ عام طور سے اس کے تین طریقے ہیں:-

(۱) معین تناسب کا اصول۔ یعنی یہ کہ جاری کردہ نوٹوں کے مقابلے میں سونا اور تمسکات مقررہ نسبت سے رکھنے چاہئیں۔ یہ طریقہ زیادہ تر جرمنی میں رائج ہے وہاں جتنے نوٹ جاری کئے جاتے ہیں انکی پوری قدر کے مساوی ایک ایسا سرمایہ قائم کرنا ضروری ہے جس میں ایک ثلث سونا اور

دو ثلث تمسکات ہوں۔ لیکن یہاں اس امر کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے کہ اگر بنک چاہے تو منظورہ اور معین مقدار سے زائد نوٹ بدیں شرط جاری کر سکتا ہے کہ حکومت کو فاضل نوٹوں پر بشرح پانچ فیصد محصول ادا کرے۔ یہ گراں بار محصول زائد اجرا کے خطرے کو روکنے کے لیئے کافی خیال کیا جاتا تھا۔

(۲) بیشترین اجرا کا اصول۔ یہ فرانس کا نظام ہے۔ یہاں جنگ سے قبل کل نوٹوں کی مقدار بقدر ۶۰۰ ملین فرانک مقرر کی گئی تھی اور اسکے مقابلے میں طلا کی کتنی مقدار رکھنی چاہیئے اسبارے میں کوئی قید عائد نہیں کیگئی ہے۔ اسکو بنک کی دور اندیشی اور صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ لیکن بنک آف فرانس پر جو ان نوٹوں کو جاری کرتا ہے اسکے معمولی کاروبار کی حد تک شدید آئینی بندشیں قائم ہیں۔ 128

(۳)۔ تیسرا اصول یہ ہے کہ جتنے نوٹ جاری کیئے جائیں ان کی کل مقدار کے مقابلے میں تمسکات بطور امانت رکھ دیئے جاتے ہیں، چنانچہ یہ طریقہ امریکہ میں ۱۹۱۴ء تک جاری رہا۔

ہفتہ وار کیفیت بنک آف انگلینڈ کے صیغۂ بنک کاری کے بارے میں ۱۸۴۴ء کے قانون نے جو بندش قائم کی ہے وہ صرف یہ ہے کہ بنک مجمل فرد حساب ہر جمعرات کو بہ شکل ہفتہ وار کیفیت لازماً شائع کرے اور اس میں صیغۂ اجرا اور صیغۂ بنک کاری کی ایک دن قبل تک کی کیفیت پیش کرے۔ چنانچہ ہفتہ وار فرد حساب کا ایک نمونہ ضمیمے میں جدول دس میں ملیگا۔

سرمایۂ محفوظ یہ امر نہایت اہم ہے کہ اس فرد حساب کو پوری طرح سمجھ لیا جائے۔ اسلیئے کہ کاروباری لوگ ہر جمعرات کو اسکی اشاعت کا بڑی بے چینی سے انتظار کرتے ہیں، شرح بنک کا بھی اسی دن اعلان کیا جاتا ہے اور اس شرح کا مدار حساب و کتاب کے اعداد پر ہوتا ہے اور اس طرح زر کی قدر اور تمام عالم کے قرضوں کے

لین دین پر اس شرح کا اثر پڑتا ہے۔ تمام معاملے کا محور سرمایۂ محفوظ کی طاقت اور مجموعی عند الطلب رقوم واجب الادا کے مقابلے میں اس سرمایہ کا تناسب ہے۔ سب سے اول یہ امر پوری طرح سمجھ لینا نہایت ضروری ہے کہ سرمایۂ محفوظ کی حقیقت کیا ہے، اسلیئے کہ سرمایۂ محفوظ کس چیز پر مشتمل ہوتا ہے اور وہ کہاں رکھا جاتا ہے اسکے بارے میں نابلد عوام ہمیشہ غلط فہمی میں مبتلا رہتے ہیں۔ خاصکر اس سرمایۂ محفوظ کے بارے میں جو صیغۂ بنک کاری کے اثاثہ کے طور پر رکھا جاتا ہے اور سونے کے اس ذخیرے کے بارے میں جو صیغۂ اجرا میں جاری کردہ نوٹوں کے مقابلے میں رکھا جاتا ہے پراگندگی اور غلط فہمی کا ہونا بہت عام ہے۔ یہ دونوں ذخیرے ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں اور ان کو کسی حال ایک دوسرے سے غلط ملط نہ کرنا چاہیئے۔ چنانچہ ہفتہ وار کیفیت میں ان کا اندراج الگ الگ کیا جاتا ہے۔ بنک کے صیغۂ بنک کاری کی فرد حساب کی واجب الوصول رقم کی ذیل میں جو آخری دو مدیں "نوٹ" اور "ٹکسالی و نقروی سکہ" کی ہیں وہی سرمایۂ محفوظ ہیں۔ لیکن یہ بتا دینے کے بعد کہ اگرچہ حقیقت میں سرمایۂ محفوظ زیادہ تر نوٹوں پر مشتمل ہوتا ہے، تاہم جب کبھی اس میں سے رقم نکالنے کی ضرورت پڑتی ہے تو مطالبہ عموماً سونے کا کیا جاتا ہے تو عوام کی پراگندگی اور غلط فہمی قابل معافی ہو جاتی ہے۔ لیکن صیغۂ بنک کاری اپنی سہولت کے لیئے اور لاکھوں کی رقم دو جداگانہ تجوریوں میں رکھنے کی زحمت سے بچنے کے لیئے اپنے سونے کو صیغۂ اجرا میں پڑے رہنے دینا اور اس سونے کے بجائے اسکے ہمقدر نوٹ صیغۂ اجرا سے لے لینا زیادہ مناسب خیال کرتا ہے۔ اگر سونے کا مطالبہ کیا جائے تو صرف یہ کرنا پڑتا ہے کہ صیغۂ اجرا میں نوٹوں کا ایک بلندہ بھیجدیا اور فوراً ہمقدر سونا وصول کر لیا۔ چنانچہ اصل جاری شدہ نوٹوں اور دست گرداں نوٹوں کے مابین جو فرق ہے اسکی یہی تشریح ہے۔ موخر الذکر سے نوٹوں کی وہ مجموعی

129

گردش

مقدار مراد ہے جو صیغۂ اجرا کے جاری کردہ نوٹوں کی مقدار میں سے صیغۂ بنک کاری کے سرمایۂ محفوظ کے نوٹوں کی مقدار کو منہا کرنے کے بعد باقی رہتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں اس سے مراد نوٹوں کی وہ مجموعی مقدار ہے جو بنک کی ضرورت کے نوٹوں کو الگ کر کے، عوام میں روزمرہ کاروبار میں دست بدست گردش کرتی ہے۔

بازار میں بنک کے حسابات کی اہم مدوں کی جس طرح تشریح کیجاتی ہے اسکا ایک خاکہ ضمیمے کی گیارھویں جدول میں دیا گیا ہے جسکے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ جنگ عظیم کے بعد سے اعداد میں کسقدر غیر معمولی تغیر ہوگیا ہے۔ جنگ سے قبل کے چند مہینوں تک سرمایۂ محفوظ کا رقوم واجب الادا سے جو اوسط تناسب تھا وہ کل امانتوں کے پچاس فیصد سے کچھ ہی زیادہ تھا۔ دوسرا یہ سوال

تناسب

پیدا ہوتا ہے کہ بنک نے ثابت قدمی کے ساتھ سرمایۂ محفوظ میں اتنی رقم کو کس طرح قائم رکھا؟ دوسرے الفاظ میں بنک آف انگلینڈ اپنے سرمایۂ محفوظ کا، جس پر اسکے پورے کاروبار کا بڑی حد تک مدار ہے، کس طرح انتظام کرتا ہے؟

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے سرمایۂ محفوظ پر جو مطالبات ہوں ان کو ادا کرنے کے لئے بنک کو ہمیشہ تیار رہنا پڑتا ہے، یہ مطالبات دو حصوں میں تقسیم کیئے جا سکتے ہیں۔ خارجی مطالبات اور داخلی مطالبات۔

داخلی مطالبات

نام نہاد داخلی مطالبات زیادہ تر ملک کی روزمرہ کی زر کی ضرورت پر مبنی ہوتے ہیں اور اس لحاظ سے انکی مقدار میں وقتاً فوقتاً تغیر ہوتا رہتا ہے جیسے کہ مثلاً سہ ماہیوں کے اختتامی ایام میں جبکہ کثیر المقدار رقمیں محصولات کی شکل میں واجب الادا ہوتی ہیں یا ششماہی کے ختم کے دنوں میں جبکہ اکثر تجارتی کمپنیاں اپنے حصہ داروں کو منقسم ویتی ہیں۔ پھر اگر ایسا زمانہ ہو جیسا کہ ماہ اگسٹ کے بنک کے تعطیلات جبکہ اکثر لوگ چھٹیاں منانے کی غرض سے باہر

جاتے ہیں تو اخراجات سیر و سیاحت کی غرض سے بنکوں سے بہت بڑی مقدار میں نقد زر کا مطالبہ ہوتا ہے اور اس طرح لندن سے نقد طلایت بڑی مقدار میں کلکر اضلاع میں چلا جاتا ہے۔ لیکن داخلی مطالبات کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ مقرر یا میعادی ہوتے ہیں یعنی ان رقموں کی معمولی مقدار اور ان کے نکالنے کا وقت تجربے سے بخوبی معلوم ہو جاتا ہے، اور انکے متعلق بہت صحیح اندازہ قائم کیا جا سکتا ہے چنانچہ انکا پہلے ہی سے باسانی انتظام کر لیا جاتا ہے اور وقت پر کوئی دقت یا تکلیف نہیں ہونے پاتی اسلیئے کہ یہ امر ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ بنک آف انگلینڈ کے سرمایۂ محفوظہ سے خواہ کتنی ہی بڑی رقم باہر نکالی جائے زر کے بازار کو اُسوقت تک ذرہ برابر تشویش نہیں ہوتی جب تک یہ بات اسکے علم میں رہے کہ زر کہاں جاتا ہے اور کس کام میں صرف ہوتا ہے تاکہ وہ اس رقم کی بازگشت کے وقت کے متعلق بہ سہولت صحیح اندازہ قائم کر سکے۔ 130

لیکن خارجی مطالبات کی حالت بالعموم بالکل مختلف ہوتی ہے۔ بعض مطالبات موسم خزاں میں فصل کی نکاسی کے لیئے، ہندوستان اور مصر کو سونے کی منتقلی کے مثل، عام طور سے مقررہ سالانہ واقعات کی حیثیت اختیار کرتے جا رہے ہیں جن کا پہلے سے انتظار کیا جاتا ہے اور جن کو معمولات میں شمار کیا جاتا ہے لیکن بنک سے

بیرونی مطالبات بیرونی مطالبہ کی بنا پر سونے کے خارج ہونے کا ایک اور ذریعہ بھی ہے اور لندن کے زر کے بازار کو اس کے لیئے ہمیشہ نگراں رہنا پڑتا ہے۔ اسلیئے کہ اسکا پہلے سے صحیح علم ہونا بہت زیادہ دشوار ہے کہ یہ مطالبہ کس وقت ہوگا یا یہ معلوم کرنا بہت مشکل ہوتا ہے کہ اس مطالبے کی مدت کب تک قائم رہیگی یا اسکی انتہائی مقدار کہاں تک پہونچیگی خاصکر ایسی حالت میں جبکہ زر کے واپس آ جانیکا امکان ہو خواہ وہ کتنا ہی کم کیوں نہو۔ پس ان بیرونی مطالبات کی ادائی کا پہلے سے انتظام کرنا بہت مشکل ہوتا ہے اور اسکے باعث زر کے بازار کے سکوں میں بالعموم خلل واقع ہوتا رہتا ہے، خاصکر اگر اس قسم کا کوئی غیر متوقعہ مطالبہ دیگر

اغراض کے سلسلے کے کسی بڑے مطالبے سے متصادم ہو جائے جیسا کہ جنگ کا نازک زمانہ ۱۹۱۴ء کی تعطیل بنک سے متصادم ہو گیا تھا پس اس امر پر مزید غور کرنے سے پیشتر کہ یہ مطالبات سرمایۂ محفوظ کو کس طرح متاثر کرتے ہیں یا ان کی ادائی کس طرح کرنی چاہیئے ان خارجی مطالبات کے سبب یا بنیاد کو معلوم کرنا ضروری ہے۔ اور اس سبب یا اصل کو دریافت کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ موضوع کے ایک بالکل جداگانہ شعبے کی جانب یعنی تجارت خارجہ اور مبادلات خارجہ کی طرف تحقیق کی باگ پھیر لیجائے۔

حوالہ جات

1. Gide, Book II. Chapter X. Art. 6-8
2. Bagehot, Lombard Street.
3. Gilbart, Banking.
4. Clare, Money Market Primer.
5. Withers, The Meaning of Money.
6. Easton, Chapter VI & VII
7. Bisschop, Rise of the London Money Market.
8. Powell, Evolution of the Money Market.
9. Andreades History of the Bank of England.

ریاستہائے متحدہ امریکہ کے جدید وفاقی سرمایۂ محفوظ کے بنک کاری کے نظام"
U. S. Federal Reserve Banking system
نیز جرمنی کے ماقبل جنگ اور دوران جنگ کے نظام کے لیے دیکھو۔
" State Credit & Banking during the War and after."
by Robert Benson.

گیارھواں باب

131

شرح مبادلہ

(۱) بین الاقوامی تجارت قدیمی مبادلۂ اشیا کے طریق کا اعادہ ہے۔ (۲) قانون توازن تجارت۔ (۳) ممالک خارجہ کی ہنڈیاں اور شرح مبادلہ۔ (۴) شرح مبادلات کے تغیرات۔ (۵) تغیرات کے اثرات اور حدود۔ (۶) مقامات طلا۔ (۷) مطالبات خارجہ کی اصل بنیاد۔

مبادلۂ اشیا کا بین الاقوامی طریق

عصر جدید کے تجارتی ممالک کی داخلی تجارت کی حد تک روزمرہ کے کاروبار میں فلزی سکوں کا استعمال، جیسا کہ بیان ہو چکا ہے، اقل ترین پیمانے پر ہونے لگا ہے۔ تجارت خارجہ میں یہ رجحان بدرجہا زیادہ ترقی پر ہے۔ بین الاقوامی تجارت میں تقریباً کل کاروبار زر لئے دئے بغیر طے پاتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ طریقہ قدیم مبادلۂ اشیا کے طریق کا اعادہ اور اسکی رجعی شکل ہے۔ ہر ملک ٹھیک اسی قدر اشیا برآمد کرتا ہے جو اسکے

اشیائے درآمد کی قیمت کو ادا کرنے کے لیے درکار ہوں اور ٹھیک اسیقدر اشیا درآمد کرتا ہے جن کو وہ اپنے اشیائے برآمد سے خرید سکے۔

ظاہر ہے کہ ایسا ہونا ضروری ہے، کیونکہ اگر کسی ملک کی درآمد تولہ کے ساتھ برآمد کی نسبت زیادہ رہے اور اسکو ہر سال ان قیمتوں کا فرق سونے کی شکل میں ادا کرنا پڑے تو اس ملک کے سونے کے ذخیرے کی بڑی مقدار بہت جلد کم ہو جائیگی اور اس کا نتیجہ نظریۂ مقدار زر کے مطابق یہ ہوگا کہ اس ملک میں عام طور پر اشیا کی قیمتیں گھٹ جائیں گی۔ اسکے معنی کیا ہونگے؟ سب سے پہلے تو قیمتوں کی تخفیف اور تجارت کی سرد بازاری کی وجہ سے ہر شخص زر کی قلت محسوس کریگا اور مجبوراً اپنی خریداریوں کو اور خصوصاً بیرونی سامان تعیش کی خریداری کم کر دے گا۔ چونکہ اس ملک میں سب اشیا ارزاں ہو جائیں گے اور بیرونی ممالک کے اشیا کی نسبت انکی قیمتیں بہت کم ہونگی اس لیے ایسی چیزوں کے باہر سے منگانے میں نفع نہوگا جو خود ملک میں ارزاں ملسکتی ہیں۔ اس طرح ایک طرف تو اشیا کو درآمد کرنے میں رکاوٹ پیدا ہو جائیگی اور دوسری طرف ملکی اشیا کی ارزانی غیر ممالک کے باشندوں کو ترغیب دیگی کہ وہ یہاں کا سامان خرید لیجائیں اور اس طرح اشیا کی برآمد کو فروغ ہوگا۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ درآمد کی کمی اور برآمد کے اضافے سے تجارت میں توازن قائم ہو جائیگا 132
یہاں تک کہ درآمد کی زیادتی جس سے خرابی کا آغاز ہوا تھا، بالکل رفع ہو جائیگی۔ پس یہ ناممکن ہے کہ کوئی ملک اشیائے برآمد کے مقابلے میں ہمیشہ زیادہ اشیا درآمد کرتا رہے اور ان دونوں کے فرق زائد کی قیمت کو سونے کی شکل میں ادا کئے جائے۔

نقد تادیہ ناممکن ہے

البتہ ایسا ملک جیسے کہ افریقہ ہے مستثنیات میں شمار ہوگا کیونکہ وہاں سونے کی کانیں موجود ہیں۔ اور اشیائے برآمد کی مستقل زیادتی کی صورت میں بھی اس کے معکوس عمل کا اطلاق ہوگا۔ گویا رجحان یہ ہے کہ زیادتی خواہ وہ برآمد کی درآمد پر ہو یا درآمد کی برآمد پر بتدریج خود بخود

رک جائیگی۔ اس کی حالت رقاص کی جنبش کی سی ہے۔ کیونکہ جب رقاص جھول کر ایک طرف اپنی انتہائی حد کو پہونچ جاتا ہے تو اس میں خود بخود ایسی قوتیں پیدا ہو جاتی ہیں جو اسکو توازن کے مقام پر واپس لیجانے کا میلان رکھتی ہیں۔ یہ نتیجہ

توازن تجارت

اس چیز میں بھی مضمر ہے جس کو قانون توازن تجارت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ہر درآمد جب وہ باقاعدہ رو کی شکل اختیار کر لیتی ہے تو اپنے بالمقابل لازماً برآمد کو وجود میں لاتی اور اسکو متعین کرتی ہے۔ علیٰ ہذا ہر برآمد جب وہ باقاعدہ طور سے قائم ہو جاتی ہے تو اپنے بالمقابل لازماً درآمد کو قائم و متعین کرتی ہے۔

مگر یہ واضح ہو گا کہ متذکرۂ بالا نظریئے کا عمل بہت دھیما اور پیچیدہ ہوتا ہے۔ مقدار زر کی قلت کا جو اثر اشیا کی قیمتوں پر پڑتا ہے اور اسکے نتیجے کے طور پر جو ردعمل رونما ہوتا ہے وہ بہت دیر میں ظاہر ہوتا ہے۔ پھر عام قیمتوں کی سطح کے سریع تغیرات تجارت کیلیے سخت مضرت رساں ہو سکتے ہیں۔ پھر بھی عملاً یہی نتیجہ ایسے تدریجی عمل سے حاصل ہوتا ہے جو بہت زیادہ نازک اور اسی کے ساتھ بہت زیادہ سریع ہے اور جس کو شرح مبادلہ کے تغیر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ عمل خود بخود واقع ہوتا ہے اور پوشیدہ رہتا ہے لیکن معمولی حالات کے تحت وہ مساوی طور سے یقینی ہوتا ہے۔

بیرونی تاجر وں کے مابین ہنڈی کے ذریعے سے حسابات کا تصفیہ کرنیکا طریق بظاہر بنکوں کے اعتباری نظام کی ترقی کا نتیجہ ہے جسطرح داخلی تجارت میں سب تاجر اپنے حسابات کا تصفیہ آپس میں براہ راست کرنیکے بجائے بنک کے ذریعے کرتے ہیں اسیطرح تجارت خارجہ میں بھی ہر تاجر بجائے اس کے کہ متعدد ممالک خارجہ میں اپنے لینداروں سے براہ راست معاملہ طے کرے خود اپنے ہی وطن میں اپنے لینداروں کے لینداروں سے تصفیہ کرتا ہے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زر کو ادھر سے اُدھر منتقل کرنے کی زحمت بچ جاتی ہے، اور اسکے ساتھ اس منتقلی کے تمام لازمی خطرات و

مصارف بھی برداشت کرنے نہیں پڑتے۔

خارجی ہنڈیاں اس طرح فرض کرو کہ لندن کا ایک شخص الف بمبئی کے ایک تاجر سے روئی خریدتا ہے جسکی قیمت ۱۰۰ پونڈ ہے، لیکن الف، ب کو نقد قیمت ادا کرنیکے بجائے ہنڈی لکھدیتا ہے اور دوسری طرف بمبئی کا ایک تاجر ج لندن کے ایک تاجر د سے ۱۰۰ پونڈ کا کچھ سامان خریدتا ہے اور اسکو ہنڈی لکھدیتا ہے۔ فرض کرو کہ
133 ان دونوں ہنڈیوں کی میعاد ایک ہی مقررہ دن مثلاً ۳۱ جنوری کو ختم ہوتی ہے۔ اس تاریخ سے پیشتر ضروری ہے کہ الف لندن سے بمبئی کو ب کے نام ۱۰۰ پونڈ روانہ کرے اور ج بمبئی سے لندن کو د کے نام ۱۰۰ پونڈ ارسال کرے۔ لیکن الف، د سے مکر یہ کہتا ہے کہ میں بجائے ۱۰۰ پونڈ بمبئی کو ب کے نام بھیجنے کے تمہیں یہ رقم اس ہنڈی کے مبادلے میں ادا کر دیتا ہوں جو تمہارے قبضے میں ہے اور ج کے ذمے واجب الادا ہے۔ اسکے بعد میں اس ہنڈی کو اپنے لیندار ب کے ہاں بھیجدونگا جو مندرجہ رقم تمہارے دیندار ج سے وصول کر لیگا"۔ اس طرح انگلستان سے ہندوستان اور ہندوستان سے انگلستان کو ایک پیسہ یا ایک پنس منتقل کئے بغیر سب فریقوں کے حسابات صاف ہو جاتے ہیں۔

اس قسم کے کاروبار میں عملاً ایک درمیانی شخص یا بچولیا بھی کام کرتا ہے جسکو ہنڈی دلال کہتے ہیں۔ جو تاجر اشیا برآمد کرتے ہیں اور اپنی ہنڈیاں فروخت کرنا چاہتے ہیں دلال ان ہنڈیوں کو خرید لیتا ہے اور ان اشخاص کے ہاتھ فروخت کرتا ہے جو اشیا درآمد کرتے ہیں اور ان اشیا کی قیمت ادا کرنیکی غرض سے ہنڈیوں کے طالب ہوتے ہیں۔ سوائے انگلستان کے سب ملکوں میں اس قسم کے کاروبار کا بیشتر حصہ بنک انجام دیتے ہیں ہنڈی دلال کی قیمت ہی شرح مبادلہ ہوتی ہے جو محض بیرونی ہنڈیوں کی قیمت ہوتی ہے۔ دلال کی قیمتوں کی فہرست کو مبادلہ کا نرخنامہ کہتے ہیں[1]۔ مثلاً لندن اور پیرس کے

[1] دیکھو جدول (۱۲)۔

مابین مبادلہ ہو تو پیرس کی شرح مبادلہ سے وہ قیمت مراد ہے جسکا ادا کرنا لندن کے تاجر پر ایسی ہنڈی کے لیے جو پیرس میں واجب الادا ہو لازمی ہوگا یا لندن کی شرح مبادلہ سے مراد وہ قیمت ہے جسکی ادائی کسی ایسی ہنڈی کے لیئے جو لندن میں واجب الادا ہو پیرس کے تاجر پر واجبی ہوگی ۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ قیمت کس طرح معین ہوتی ہے ؟

سب سے پہلے یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ دو ملکوں کے مابین بیرونی ہنڈیوں کی نام نہاد معمولی قیمت یا قیمت متواز نہ کیونکر قرار پاتی ہے ۔ اسکے بعد ان قیمتوں کے تغیرات یا اضافے اور تخفیف کے اسباب کی نسبت غور کرنا پڑیگا ۔

(۱) جب ایسے ممالک کے درمیان تجارت ہو جن کے سکے یکساں و مقررہ اکائی پر قایم ہوں تو عمل مبادلہ نہایت سہل اور سیدھے سادھے طریق سے انجام پا سکتا ہے ۔ مثلاً انگلستان اور اسکے نوآبادیات میں جہاں ساورن معیاری سکہ ہے کوئی مساوات مبادلہ اس لفظ کے معمولی مفہوم کے لحاظ سے حقیقت میں موجود ہی نہیں ہے ۔ اسلیے کہ انگریزی ساورن اور آسٹریلیا کے ساورن میں کوئی فرق نہیں ہے دونوں ایک ہی چیز ہیں ۔

مبادلے کی ٹکسالی مساوات (۲) جب دو ملکوں میں مختلف معیاری سکے رائج ہوتے ہیں تو مبادلے کی شرح ان دونوں ملکوں کے سکوں کی اضافی طلائی قدر پر منحصر ہوتی ہے ۔ مثلاً لندن اور پیرس کے مابین شرح مبادلہ یعنی ساورن اور فرانک کی شرح مبادلہ یوں نکالی جاتی ہے :- 134

ایک انگریزی ساورن = ۹۸۰۵ ۷ گرام سونا جس میں خالص سونا $\frac{11}{12}$ حصہ ہوتا ہے ۔ پس " " " = ۳۲۲۳۸ ۷ گرام خالص سونا ۔

ایک نپولین (۲۰ فرانک) = ۱۶۱۲۹ ۴ گرام سونا جس میں $\frac{9}{10}$ خالص سونا ہوتا ہے ۔

پس ایک نپولین (۲۰ فرانک) = ۵ ۸۰۶۴۵ گرام خالص سونا۔
پس ایک انگریزی ساورن = $\frac{۲۰ \times ۳۲۲۳۸}{۸۰۶۴۵}$ فرانک = ۲۵٫۲۲۱ فرانک

اس شرح مبادلہ کو لندن اور پیرس کے مابین ٹکسالی مساوات مبادلہ کہا جاتا ہے۔ ایک انگریزی ساورن ۲۵٫۲۲ فرانک کے مساوی ہوتا ہے۔

کاغذی مبادلات (۳) جب کسی ملک کا سکہ اصل میں زر کاغذی پر مشتمل ہو تو اول زر کی متعارف طلائی اکائی کی ٹکسالی مساوات مبادلہ نکالنی ہوگی اور پھر یہ دریافت کر کے کہ زر کاغذ کی کتنی اکائیاں سونے کی ایک اکائی کے مساوی ہوتی ہیں اس ٹکسالی مساوات کو زر کاغذی پر محمول کرنا پڑیگا۔ مثلاً

ایک انگریزی ساورن = ۵ طلائی ڈالر (کولمبیا)۔
ایک طلائی ڈالر (کولمبیا) = ۱۰۰ کاغذی ڈالر (کولمبیا)۔
پس ایک انگریزی ساورن = ۵۰۰ کاغذی ڈالر (کولمبیا)۔

مبادلات بہ شکل نقرہ (۴) پھر ایک ایسے ملک میں جہاں چاندی کا سکہ رائج ہو اور طلائی اکائی برائے نام ہو اسی کے مماثل طریقہ اختیار کرنا ہوگا۔ مگر جب ایسے دو ملک ہوں جنمیں سے ایک میں طلائی معیار ہو اور دوسرا صرف چاندی استعمال کرتا ہو تو ان دونوں کے درمیان شرح مبادلہ قائم نہیں کیجا سکتی۔ ایسی صورت میں شرح مبادلہ کا مدار زیادہ تر ان تغیرات پر ہوتا ہے جو چاندی کی بازاری قدر میں بحوالہ طلا ہوتے ہیں۔

قلیل المدت اور طویل المدت شرحیں (۵) سب سے آخر میں یہ کہ جب ہنڈی فوراً واجب الادا نہو بلکہ ایک مدت کے بعد مثلاً تین ماہ بعد تحریر واجب الادا ہو تو اس مخصوص ہنڈی کی مندرجہ رقم کیساتھ اس سود کو بھی محسوب کرنا پڑیگا جو اس

لہ دیکھو ہانگ کانگ اور ول پرائز و کے مبادلات جدول (۱۳) میں۔

تین ماہ کی مدت میں اس رقم پر لگے گا۔ اسکو طویل المدت شرح مبادلہ کہتے ہیں اور یہ عام طور سے صرف تین ماہ کی ہنڈیوں کے لیے پیش کیجاتی ہے[1]۔ اسکے مقابلے میں قلیل المدت شرح یا شرح چک ہوتی ہے اور یہ اسوقت کہتے ہیں جبکہ ہنڈی فوراً واجب الادا ہو۔ ان دونوں کا فرق بدیہی طور سے اس شرح سود پر منحصر ہوتا ہے جو اس ملک میں جہاں ہنڈی واجب الادا ہو وقت کے وقت رائج ہو۔

(۶) یوں تو عملاً یہ بھی ضروری ہے کہ ہنڈی کے وقت پر ادا کیے جانے کے امکان کو یا دوسرے الفاظ میں ہنڈی سکھارنے والے کی ساکھ اور دینداری کی قابلیت کو بھی محسوب و ملحوظ رکھا جائے، لیکن چونکہ شرح مبادلہ صرف عمدہ قسم کی ہنڈیوں ہی سے متعلق ہوتی ہے اسلیے اس پر اس امر ملحوظ کا اثر نہیں پڑتا[2]۔ 135

لیکن ان سب ملحوظات سے قطع نظر شرح مبادلہ کے تغیر کے اصلی سبب کی تشریح باقی رہ جاتی ہے۔ شرح مبادلہ کے معنی خارجی ہنڈیوں کی قیمت ہے اور دیگر اشیا کی قیمتوں کے مثل اس قیمت کا مدار بھی طلب و رسد پر ہوتا ہے۔ ہنڈیوں کی رسد کا انحصار ان تاجروں کی تعداد پر ہوگا جنھوں نے ملک سے اشیا برآمد کئے ہوں اور جن کو مبادلے میں ہنڈیاں وصول ہوئی ہوں۔ ہنڈیوں کی طلب کا مدار ان تاجروں کی تعداد پر ہوتا ہے جنھوں نے ملک میں اشیا کی درآمد کی ہو اور جنھیں ان اشیا کی قیمت ادا کرنے کی غرض سے ہنڈیاں خرید نا ضروری ہو۔ دوسرے الفاظ میں ہنڈیوں کی طلب و رسد کا

---

[1] دیکھو جدول (۱۲) اور (۱۳)۔

[2] لیکن جدول بارہ میں طویل المدت شرح کے لیے جو دو نرخنامے دئے گئے ہیں وہ دو مختلف قسم کی ہنڈیوں یعنی ساہوکاروں کی ہنڈی اور تجارتی ہنڈی کے لیے ہیں۔

مدار ہر ملک کی درآمد کے توازن پر ہوتا ہے۔ اگر کوئی ملک برآمد کی نسبت زیادہ اشیا درآمد کرے تو شرح مبادلہ بڑھ کر اس ملک کے خلاف ہو جائیگی۔ اگر کسی ملک کی برآمد درآمد سے زیادہ ہو تو شرح مبادلہ گھٹ جائیگی۔ اور اس ملک کے موافق ہوگی۔

رسد و طلب اس طرح اگر فرانس انگلستان سے بہت زیادہ اشیا درآمد کر رہا ہو تو فرانس کے تاجر کو ۱۰۰ پونڈ کی ایک ہنڈی کے لئے جو لندن میں قابل ادائی ہوگی ۲۵۲۲ فرانک سے زیادہ رقم ادا کرنی پڑیگی اور اگر اسکے برعکس فرانس لندن کو نسبتاً بہت زیادہ اشیا برآمد کر رہا ہو تو ۱۰۰ پونڈ کی ہنڈی کو جو لندن کے نام لکھی جائے پیرس میں فروخت کرنیکی صورت میں ۲۵۲۲ فرانک سے کچھ کم رقم ہی وصول ہوگی۔

شرح مبادلے کے تغیرات کے اثرات پر بحث کرنے سے پیشتر یہ ضروری ہے کہ ان کاروباری طریقوں میں سے بعض کی زیادہ مکمل تشریح کر لیجائے جو ناواقف عوام کی فہم سے بالاتر ہیں اور ان کو پیچیدہ معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً ہم اصطلاح میں مبادلہ کی شرح کا اضافہ یا تخفیف یا شرحوں کا فوق یا تحت مساوات ہونا کہتے ہیں۔ لیکن مبادلے کے

نرخنامہ مرتب کرنیکا طریق۔ نرخنامہ یا شرح مبادلہ کی فہرست پر جس کا ایک خاکہ بارھویں اور تیرھویں جدول میں دیا گیا ہے، نظر ڈال کر بادی النظر میں ٹھیک طور سے یہ نہیں معلوم کر سکتے کہ کوئی مخصوص شرح فوق مساوات ہے یا تحت مساوات یا بڑھ رہی ہے یا گھٹ رہی ہے۔ اس کی وجہ محض یہ ہے کہ مبادلہ کی شرحوں کا نرخنامہ مرتب کرنیکا طریقہ ہی مخصوص ہے۔ مبادلہ کی ہر ایسی شرح کو
38 دو مختلف طریقوں سے بیان کیا جا سکتا ہے یعنی یا تو اسکو ملکی زر کی اس مقدار سے ظاہر کیا جا سکتا ہے جس کا دوسرے ملک کی معیاری اکائی کے مبادلے میں ادا کرنا ضروری ہے یا بیرونی زر کی اس مقدار کی شکل میں بیان کیا جا سکتا ہے جو پہلے ملک کی معیاری اکائی کے مبادلے میں وصول کیجائیگی۔ چنانچہ لندن اور پیرس کے مابین جو شرح مبادلہ ہوتی ہے وہ لندن اور پیرس دونوں مقامات میں

ہمیشہ ایک پونڈ اسٹرلنگ کے حوالے سے بیان کیجاتی ہے کہ ایک پونڈ کے مبادلے میں اتنے فرانک دیے یا لیے جاسکتے ہیں۔ لیکن اسکو اسی طرح خوبی کے ساتھ یوں بھی بیان کیا جاسکتا ہے کہ ایک فرانک کے مبادلے میں کتنے پنس دیے لیے جائیں۔ مثلاً ۹٫۹ پنس فی فرانک۔ لیکن اس حقیقی عدد کے تغیر کا انحصار جس کو شرح مبادلہ کہا جاتا ہے اس امر پر ہے کہ ان دونوں طریقوں میں سے کونسا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ اگر شرح بیرونی زر کے حوالے سے بیان کیجائے تو ایسی شرح سے مراد اس زر کی وہ مقدار ہے جو ملکی زر کی مقررہ مقدار کے مبادلے میں وصول ہو اور اس صورت میں فرخ کا اضافہ اس امر کی تعبیر کریگا کہ ملکی زر کی ایک معینہ مقدار کے مبادلے میں غیر ملکی زر کی زیادہ مقدار وصول ہو رہی ہے، دوسرے الفاظ میں شرح مبادلہ ہمارے ملک کے موافق ہے۔ لیکن

بیرونی یا ملکی زر

اس کو حقیقت میں اصطلاحاً گرتا ہوا مبادلہ کہتے ہیں کیونکہ اسکا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ملک کو (وطن کو) غیر ملک کے زر کی زیادہ مقدار کے مقابلے میں اپنے زر کی کم مقدار دینی پڑتی ہے۔ بڑھتی ہوئی شرح مبادلہ کا مطلب جبکہ فرخ بیرونی ملک کے زر کے حوالے سے بیان کیا جائے یہ ہے کہ فرخ کی عدد گھٹ رہی ہے کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملک کے ادا کردہ ہر سکے کے مبادلے میں ہم کو بیرونی زر کی کم مقدار وصول ہو رہی ہے۔ چنانچہ جب لندن اور پیرس کی شرح ۲۵٫۱۵ ہو تو اس کا یہ مطلب ہے کہ ایک انگریز کو جو پیرس رقم بھیجنا چاہے ۱۰۰ پونڈ کے مبادلے میں صرف ۲۵۱۵ فرانک ملینگے اسطرح اگر وہ ۱۰۰ پونڈ کی پوری ہمقدار اور مساوی رقم یعنی ۲۵۲۵ فرانک پیرس روانہ کرنا چاہے تو اس کو اس قیمت کی ہنڈی یا رقعہ خریدنے کے لیے ۱۰۰ پونڈ سے زائد رقم ادا کرنی پڑیگی۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ شرح انگریز تاجر کے حق میں ایسے قرضدار یا دیندار کی حیثیت سے جو ترسیل زر کرنا چاہتا ہو ناموافق ہے۔

اگر یہ ہمیشہ ذہن نشین رکھا جائے کہ جو شرح پیش کیجا رہی ہے وہ ملکی سکے کے حوالے سے پیش کیجا رہی ہے یا غیر ملکی سکے کے حوالے سے تو مبادلہ کی شرحوں کو ظاہر کرنے کا جو پیچیدہ طریقہ ہے اس کو آسانی کے ساتھ سمجھ سکتے ہیں۔ سہولت کی خاطر اس کو حسب ذیل طریقے پر پیش کیا جا سکتا ہے:۔

	جہاں سکہ ہے	اور نرخ ہے	تو شرح مبادلہ درحقیقت
(۱)	غیر ملکی	گرتا ہوا	بڑھتی ہوئی یا ناموافق ہوگی
(۲)	غیر ملکی	بڑھتا ہوا	گرتی ہوئی یا موافق ہوگی
(۳)	ملکی	گرتا ہوا	گرتی ہوئی یا موافق ہوگی
(۴)	ملکی	بڑھتا ہوا	بڑھتی ہوئی یا ناموافق ہوگی

اس سے معلوم ہوگا کہ اگر شرح ملکی سکہ کے حوالے سے پیش کیجا رہی ہے تو 187
مبادلے کا تغیر راست ہوتا ہے یعنی بڑھتی ہوئی عدد شرح کے اضافے کو ظاہر کریگی، لیکن اگر شرح غیر ملکی سکے کے حوالے سے بیان کیجائے تو مبادلے کی شرح کا تغیر معکوس ہوتا ہے یعنی عدد کی کمی شرح کے اضافہ کو ظاہر کریگی اور عدد کی بیشی شرح کی تخفیف کو ظاہر کریگی۔

اضافۂ شرح کا نتیجہ جب شرح مبادلہ میں کسی ملک کے خلاف اسطرح اضافہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ درآمد کرنے والوں کو ہنڈیاں خریدنے کے لیے پہلے کی نسبت اب کچھ زیادہ رقم ادا کرنی پڑیگی، اس کے یہی معنی ہیں کہ جو زیادہ درآمد کردہ اشیا کی قیمت پہلے سے زیادہ ادا کر رہے ہیں۔ دوسری طرف اسکا یہ مطلب ہے کہ اشیا کے برآمد کرنے والوں کو پہلے کی نسبت اب ہنڈیوں سے کچھ زیادہ رقم وصول ہوگی جسکے یہ

معنی ہوتے ہیں کہ گویا برآمد کرنے والوں کو اپنے اشیا کے مبادلے میں پہلے کی نسبت زیادہ قیمت وصول ہو رہی ہے۔ بالفاظ دیگر شرح مبادلہ کا اضافہ درآمد کے حق میں محصول یا جرمانے کا حکم رکھتا ہے اور برآمد کے حق میں منافع یا بڑھوتری کا۔ پس اضافۂ شرح کا میلان یہ ہے کہ درآمد کی کثرت کو روکے اور برآمد میں اضافہ کرے۔ وہ توازن تجارت کو ازسرنو قائم کرنے کی جانب خود بخود مائل ہوتا ہے۔ اور یہی وہ توازن تجارت ہے جس میں خلل واقع ہونے سے شرح مبادلہ میں ابتداً اضافہ رونما ہوا تھا۔ اس طرح شرح مبادلہ کے تغیرات کا میلان تجارت کے توازن کو قائم و برقرار رکھنے کی جانب ہوتا ہے۔

مقامات طلا لیکن شرح مبادلہ کے اضافے یا تخفیف کے حدود مقرر ہیں۔ ہنڈیوں کی خرید و فروخت کا اصلی مقصد سونے کو ادھر سے ادھر منتقل کرنے کے اخراجات و خطرات سے بچنا تھا، پھر بھی اگر شرح مبادلہ کے اضافے کی وجہ سے بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑے تو ہنڈیوں کے خریدنے میں کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا، بجائے ہنڈی خریدنے کے سونا بھیجنے میں زیادہ فائدہ ہوگا۔ پس شرح مبادلہ کے اضافے اور تخفیف پر سونے کو ایک ملک سے دوسرے ملک میں بھیجنے کے مصارف کی تحدید قائم ہے۔ اسطرح جو حدود قائم ہوتے ہیں ان کو مقامات طلا کہتے ہیں۔ چنانچہ لندن اور پیرس کے مابین شرح مبادلہ عام حالات میں نہ ہو تو ۲۵٫۱۲ سے کم ہو سکتی ہے اور نہ ۲۵٫۳۲ سے بڑھ سکتی ہے، کیونکہ لندن سے پیرس اور پیرس سے لندن نقد زر روانہ کرنے کے اخراجات تقریباً ۱۰ فی ہزار فی پونڈ ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے لندن اور پیرس کے درمیان مبادلے کے یہی مقامات طلا ہیں۔

شرح مبادلہ کے بڑھ کر مقامات طلا تک پہونچ جانے کا

نتیجہ یہ ہوگا کہ تاجر یا ان کی جانب سے بنک، ہنڈیاں خریدنے کے بجائے نقد سونا بھیجنے لگیں گے۔ چنانچہ شرح مبادلہ کا کسی ملک کے خلاف بڑھ کر اس ملک کے مخالف یا ناموافق ہونا اسی چیز کو تعبیر کرتا ہے۔ اگر یہ ناموافق حالت جاری یا قائم ہو جائے تو ملک کا سونا باہر چلا جائیگا۔[1] لیکن یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ کسی ملک کے حق میں شرح مبادلہ کا ناموافق ہونا اس ملک کے لیے لازماً مضر ہوگا، یہ فقرہ تجارتیین کے خیالات کی یاد تازہ کرتا ہے۔

سونے کا اخراج

138

اب ہم اس نتیجے کو اس سوال پر منطبق کرنے کی جانب رجوع کرتے ہیں جس پر ہم بحث کیجا رہی تھی یعنی بنک آف انگلینڈ کے سرمایۂ محفوظ کا قیام۔ جب شرح مبادلہ لندن کے خلاف اضافہ ہو تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ انگریز تاجر اشیا درآمد کر رہے ہیں اور ان کو سونا باہر بھیجنے کی بہت جلد ضرورت ہوگی۔ لیکن انگلستان میں سونے کا صرف ایک ہی ذخیرہ ہے اور وہ بنک آف انگلینڈ کا سرمایۂ محفوظ ہے۔ چنانچہ بنک کے سرمایۂ محفوظ سے بیرون ملک سونا جانے کی یہی وجہ ہے۔ گویا محض اس بنا پر کہ اشیائے درآمد کی قیمت اشیائے برآمد کی قیمت سے زائد ہے اور اس فرق زائد کو ادا کرنے کے واسطے ملک سے باہر سونا بھیجنا ضروری ہے۔ بیرونی مطالبات کی ادائی کا بار اس سرمائے پر پڑتا ہے۔ مختصر یہ کہ سونے کی برآمد کا باعث درآمد کی زیادتی ہے۔

سرمایۂ محفوظ پر اثر

---

[1] ۔ تاوقتیکہ قرضداری کی عارضی زیادتی کو دوسرے طریقوں سے متوازن نہ کیا جائے۔ دیکھو باب (۱۶)۔

پس بنک سونے کی اس کھاسی کا کیونکر مقابلہ کرے؟

حوالہ جات

(1) Gide, Book II, Chapter X, Article (9)

2. Clare, Money Market Primer and A.B.C. of the Foreign Exchanges.

(3) Goschen : Foreign Exchanges.

(4) Easton : Chapter IV & V

(5) Spalding : Foreign Exchanges & Foreign Bills Chapter V-VII

189

بارھواں باب

مالی آفت

(۱) سرمایۂ محفوظ کی حفاظت۔ (۲) شرح بنک کا اضافہ۔
(۳) اس کا اثر زر کی نکاسی پر اور ملک کے زر کے بازار پر۔
(۴) مالی آفت کی عام رفتار۔ (۵) قانون بنک کا التوا۔
(۶) ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم اور مالی مشکلات۔

شرح مبادلہ کا مقام طلا کی طرف بڑھنا بنک آف انگلینڈ کے لیے اس امر کا انتباہ ہوتا ہے کہ مطالبات خارجہ کے سلسلے میں سونے کی برآمد شروع ہوگئی۔ ان مطالبات کو پورا کرنے کے لیے بنک کو کیا تدابیر اختیار کرنے چاہئیں؟ بنک کے لیے اس سوال کو حل کرنے کے دو طریقے ہوسکتے ہیں۔ یا تو یہ کہ کوئی ایسی تدبیر عمل میں لائے جس سے مطالباتِ ملک یا خارجہ کے ادا کرنے میں سرمایۂ محفوظ کا سونا صرف نہ ہونے پائے یا کوئی ایسی ترکیب

کرے کہ سونا بیرونی ممالک سے ملک کے اندر آنے لگے۔

ملکی ہنڈیوں کا بٹہ

بظاہر پہلا طریقہ زیادہ سادہ معلوم ہوتا ہے۔ بنک ہنڈی پر بٹہ کاٹنا موقوف کر سکتا ہے اور جو لوگ اس غرض سے اس کے پاس ہنڈی پیش کریں ان سے صاف انکار کر سکتا ہے کہ جب تک مطالبات خارجہ کے سلسلہ میں سرمایۂ محفوظ سے سونے کا اخراج نہ رک جائے وہ بٹہ کاٹ کر ہنڈیوں پر قرضہ نہیں دے سکتا۔ لیکن یہ ناممکن ہے، کیونکہ اگر بنک اپنی معمولی قسم کی ضمانتوں پر قرضہ دینا موقوف کر دے تو بازار میں اس کو بلا تامل اس بات کا ثبوت خیال کیا جائے گا کہ بنک میں کچھ خرابی رونما ہوئی ہے اور بالآخر وہی چیز وقوع پذیر ہو جائیگی جس سے بنک اپنے آپ کو بچانا چاہتا ہے یعنی مالی معاملات نازک صورت اختیار کر لیں گے۔

سونے کی آمد

عملی بندوبست آمد کے لیے سونا دینے سے انکار کرنا بھی مساوی طور سے ناممکن ہے، کیونکہ لندن ہمیشہ سے تمام عالم کے سونے کا آزاد بازار رہا ہے۔ اور اسی سبب سے اس کو تمام عالم کے زر کے بازاروں میں سب سے زیادہ ممتاز اور برتر رتبہ حاصل ہے۔

شرح بنک کا اضافہ

لیکن جہاں بنک قرضہ دینے سے انکار نہیں کر سکتا، وہاں ایسے تدابیر اختیار کر سکتا ہے جن سے قرضے کی مانگ میں، خواہ وہ ملک کی ہنڈیوں پر بٹہ کاٹنے کے لیے ہو یا سونے کی برآمد کرنے کے لیے کمی ہو جائے۔ اور وہ اس طرح کہ جو رقمیں بطور قرض دی جائیں ان پر بشرح اعلیٰ سود وصول کرے، چنانچہ اسی کو شرح بنک کا اضافہ کہتے ہیں۔ شرح بنک، بنک کی مقرر کردہ اقل ترین شرح بٹہ ہوتی ہے اور یہی کم سے کم شرح ہوتی ہے جس پر وہ کسی ضمانت و کفالت پر قرضہ دے سکتا ہے۔ لیکن حال میں چند سالوں سے بنک اس پر آمادہ ہو گیا ہے کہ اپنے مستقل گاہکوں کو بازاری شرح پر جو عام طور پر شرح بنک سے کسی قدر کم ہوتی ہے، قرضہ دے۔ اور اپنے گاہکوں کو کھو بیٹھنے کے نقصان سے بچنے کے لیے اس کو ایسا کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ 140

امانتوں کی شرح سود

اسی کے ساتھ شرح بنک کے اضافے سے دوسرا مقصد بھی حاصل ہوتا ہے۔ "دیگر بنک" امانتوں پر جو سود ادا کرتے ہیں اس کی شرح عام رواج کے مطابق شرح بنک کے کم و بیش قریب قریب مقرر کرتے ہیں[1] جب شرح بنک میں اضافہ ہوتا ہے تو امانتوں کے سود کی شرح بھی بڑھا دی جاتی ہے اور یہ اضافہ ملک کے زائد زر کو بنکوں میں جمع کرو انے کی ترغیب دیتا ہے۔ چنانچہ یہ زر لندن پہنچتا ہے اور اس سے زر کے بازار کی حالت کی بہت کچھ اصلاح ہو جاتی ہے۔ "دیگر بنک" بنک آف انگلینڈ میں اپنی امانتوں کی مقدار بڑھا سکتے ہیں یا بطور خود لمبارڈ اسٹریٹ میں زر کی زیادہ مقدار عند الطلب پیش کرنے کے قابل ہو جائیں گے جس کے یہ معنی ہوں گے کہ لمبارڈ اسٹریٹ کو بنک آف انگلینڈ کے سامنے اپنے ہاتھ پھیلانے کی ضرورت نہ ہوگی۔ علاوہ ازیں اضافۂ شرح کا نتیجہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بیرونی ممالک سے طلا کھنچ کر آتا ہے، کیونکہ زر کا میلان ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اس جگہ منتقل ہو جاتا ہے جہاں اس کو بہترین صلہ یا معاوضہ ملتا ہے چنانچہ اگر لندن میں شرح سود زیادہ ہو اور پیرس اور برلن میں نسبتہً کم ہو تو زر پیرس اور برلن سے لندن منتقل ہوگا۔ اس سے سونے کی برآمد رک جائیگی بلکہ ممکن ہے کہ اسکے بالمقابل بیرونی ممالک سے انگلستان میں سونا درآمد ہونے لگے۔ اس طرح یہ یک کرشمہ دو کار کے مضمون کے مطابق شرح بنک کے اضافہ سے بنک اپنے دونوں مقصد حاصل کر لیتا ہے یعنی ایک طرف تو قرضوں کی مانگ میں کمی کر دیتا ہے اور دوسری طرف یہ ترغیب و تحریص دلاتا ہے کہ بیرونی ممالک اپنا زر انگلستان روانہ کریں اور اگر اس تدبیر کو اپنا عمل کرنے کے واسطے تھوڑا سا وقت ملجائے تو خوف ہے اس کی

زر کی نقل پذیری۔

[1] دیکھو جدول (۱۶) الف۔

نوبت ہی نہ آئیگی اور مالی معاملات نازک صورت اختیار کر لینے سے یقیناً بچے رہیں گے۔ لیکن بدقسمتی سے اتنے وقت کا ہمیشہ ملنا بھی ممکن نہیں، کیونکہ شرح بنک کے اضافے سے ملک میں سب قسم کے افراد کو

اندرونی مشکلات دقتیں محسوس ہوتی ہیں۔ یعنی ہر اُس شخص کو جو قرضہ 141
لینا چاہتا ہو نہ صرف زیادہ شرح سود ادا کرنی پڑتی ہے بلکہ زر حاصل کرنے میں بھی زیادہ دقتیں محسوس ہوتی ہیں، کیونکہ انگلستان کے تمام "دیگر بنک" آنے والے خطرے کے خیال سے اپنی حالت کو مستحکم کرنے کی طرف مائل ہوتے ہیں اور اس طرح نہ صرف ہنڈی پر بٹہ کاٹ کر قرضہ دینے میں حتی الامکان بخالت کرتے اور اس مد کی رقم میں کمی کرتے ہیں بلکہ دوسری طرف رقوم امانت پر بشرح اعلیٰ سود ادا کرتے ہیں تاکہ امانتوں میں اضافہ ہو۔ جو لوگ مصائب کا شکار خیال کئے جاتے ہیں وہی سب سے پہلے زر سے محروم ہو جاتے ہیں یعنی ان سے یا تو قرضوں کی واپسی کا مطالبہ کیا جاتا ہے یا مزید قرضوں کے دینے سے انکار کر دیا جاتا ہے اور یہ چیز ان کا دیوالہ نکالنے کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ اگر یہ دیوالیہ ہو گئے تو دوسرے بھی متاثر ہوتے ہیں اور ہر ناکامی متعدی بنکر صورت معاملات کو نازک سے نازک تر بنا دیتی ہے۔ کاروباری لوگوں میں اضطراب پیدا ہونے لگتا ہے، اور ہر شخص اپنے ساتھیوں کو بدگمانی کی نظر سے دیکھنا شروع کرتا ہے، اور اس طرح اعتبار جس پر پورے مالی اور تجارتی نظام کا

اعتبار کا فقدان مدار ہے، عنقا ہو جاتا ہے۔ تاجر بجائے ادھار سودا فروخت کرنے کے نقد قیمت طلب کرنے لگتے ہیں، کچھ تو اس وجہ سے کہ خود ان ہی کو زر کی ضرورت ہے اور کچھ اس وجہ سے کہ ان کو اپنے گاہکوں کی مالی حالت پر اعتبار اور اطمینان نہیں ہوتا۔ اس طرح مشکلات مضاعف ہوتی چلی جاتی ہیں حتیٰ کہ کوئی نہ کوئی بڑی تجارتی کوٹھی یا بنک دیوالیہ ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی بے اعتمادی اور بے اطمینانی ترقی کر کے ہر اس و اضطراب کی صورت

اختیار کرلیتی ہے اور ہر طرف آفت کا دور دورہ ہو جاتا ہے۔ ایک بنک کا جہاں دیوالہ نکلا کہ عوام دوسرے بنکوں کو بھی بدگمانی کی نظر سے دیکھنے لگتے ہیں، ذرا سی افواہ عوام کے کسی بنک پر دوڑ پڑنے کا کافی موجب بن سکتی ہے اور اس طرح بنک ٹوٹ سکتا ہے۔ غرض عوام کا اعتماد بالکل درہم برہم ہو جاتا ہے، اعتبار باقی نہیں رہتا اور اب ہر شخص زر کا طلبگار بن جاتا ہے

بنک پر دباؤ

اس کا بنک آف انگلینڈ پر کیا اثر پڑتا ہے؟ بیرونی زر کا بازار جس پر عام قرض گیروں کا انحصار ہوتا ہے، دسترس پذیر نہیں رہتا۔ دیگر بنک اپنا سب زر لمبارڈ اسٹریٹ سے واپس طلب کر چکے ہیں، اب لمبارڈ اسٹریٹ سوائے اس کے کہ بنک آف انگلینڈ سے رقم حاصل کرے اور قرضے دے اور کچھ نہیں کر سکتی۔ اسی کے ساتھ "دیگر بنکوں" نے اپنے قرضہ دینے کے کاروبار کو اقل ترین ممکنہ نقطے تک کم کر دیا ہے اس لیے ہر شخص بنک آف انگلینڈ کی جانب رجوع ہوتا ہے۔ اب قرضوں کے لین دین کا سارا بار اسی ایک بنک پر پڑ جاتا ہے کیونکہ یہی ایک مقام ہے جہاں کچھ نہ کچھ زر دستیاب ہو سکتا ہے۔ بنک پر اس کا شدید دباؤ پڑتا ہے اگرچہ بنک سابق میں بہت ہی کم حصہ اس میں لیتا تھا مگر اس وقت پورے زر کے بازار کا کام اس کو

دیگر بنکوں کی حیثیت

تنہا انجام دینا پڑتا ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ جو لوگ پہلے بنک میں رقوم جمع کرتے تھے وہ اپنا اپنا زر واپس لینا شروع کرتے ہیں۔ مثلاً "دیگر بنک" اپنی امانتوں کو جو بنک میں ان کے ناموں سے جمع رہتی ہیں اپنے ذمے کے مطالبات ادا کرنے میں صرف کرتے ہیں بلکہ یہ امانتیں کافی نہ ہونے کی صورت میں بنک سے فاضل قرضے بھی انھیں حاصل کرنے پڑتے ہیں۔ اس طرح بنک پر دُہرا بار پڑتا ہے یعنی اس کی رسد عملاً منقطع ہو جاتی ہے اور اسکے کاروبار کی مقدار کئی گنا زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

بنک کا اصول عمل

لیکن باوجود اس کے بنک قرضہ دینے سے انکار نہیں 142

کر سکتا، اگر وہ ایسا کرے تو کل کی آفت آج ہی نازل ہو جائے۔ بنک یہ تو کر سکتا ہے کہ شرح بنک میں جتنا چاہے اضافہ کر لے، لیکن اس کے لیے لابدی ہے کہ وہ قرضہ دیتا رہے اور ان لوگوں کو بھی دے جنھوں نے اس سے پیشتر کبھی اس سے معاملہ نہیں کیا تھا اور ایسی ضمانتوں پر دے جن کو وہ پہلے کبھی ہاتھ بھی نہ لگاتا تھا۔ اس کے لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ پہلے سے زیادہ ہاتھ کھول کر آزادانہ طور سے قرضے دے، اس کو اپنے معمولی کاروبار کے ساتھ ساتھ "دیگر بنکوں" اور بیرونی بازار کے کام بھی انجام دینے پڑتے ہیں اور وہ بھی ایسے زمانے میں جبکہ اس کے پاس پہلے کی نسبت رقوم کا ذخیرہ بہت کم ہوتا ہے۔

نازک صورت واقعہ یہ ہے کہ سرمایۂ محفوظ میں بسرعت کمی ہو جاتی ہے اور اگر حالات بہت زیادہ تیزی کے ساتھ نازک صورت اختیار کر لیں یعنی قبل اس کے کہ شرح بنک کے اضافے کا اسطرح پر اثر پڑنے کا وقت ملے کہ مطالبات خارجہ رک جائیں اور باہر سے سونے کی درآمد شروع ہو جائے تو اس ذخیرے کا بالکل ختم ہو جانا ممکن ہے۔ اس کے وقوع پذیر ہونے یا نہ ہونے کا مدار زیادہ تر ملک کی اس وقت کی حالت پر ہوتا ہے۔ اگر تجارت اچھی ہو اور اعتبار کے ذریعے سے تخمینی کاروبار حد سے زیادہ نہیں بڑھا ہے اور انتفاخ زر رونما نہیں ہوا ہے تو طوفان سے بہ آسانی بچ نکلنا بہت ممکن ہے۔ لیکن اگر ملک کی مالی حالت سقیم ہے اگر تخمینی کاروبار کثیر مقدار میں طے پا رہا ہے اگر اعتبار میں ناواجب انتفاخ ہوا ہے اور اگر بہت سے بنک اور تجارتی کمپنیاں مشکلات میں مبتلا ہو چکی ہیں تو زر کے بازار میں زر کی قلت کا فوری نتیجہ یہ ہوگا کہ اس قسم کی کمپنیاں اور بنک تباہ ہو جائیں گے۔ ان حالات میں بدنظمی اور بے چینی بہت جلد پھیل جاتی ہے اور فوراً ہراس و اضطراب کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ یہ سب وقت کا معاملہ ہے۔ اگر واقعات بتدریج نمودار ہوں تو بنک مشکلات کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ لیکن اگر کافی

مہلت دستیاب نہ ہو تو سرمایۂ محفوظ بہت جلد ختم ہو جائے گا اور ظاہر ہے کہ اسکے کیا نتائج ظہور پذیر ہونگے؟ سرمایہ محفوظ جسقدر گھٹتا جائے گا عوام میں اسیقدر زیادہ ہیجان و اضطراب پیدا ہو گا کیونکہ عوام کے نزدیک سرمایۂ محفوظ مالی استحکام کے بارپیما کی حیثیت رکھتا ہے۔ پس بنک کو بلطائف الحیل وقت گزارنا پڑتا ہے۔ لیکن اکثر موقعوں پر اسکی یہ تدبیر کارگر ثابت نہ ہوئی اور سرمایۂ محفوظ کی رقم کم ہوتے ہوتے بالآخر ختم ہو کر رہ گئی۔ ایسی صورت میں کیا چارہ کار رہ جاتا ہے؟ ان مالی آفات میں عجیب و غریب بات

نوٹوں کی ساکھ یہ دیکھی جاتی ہے کہ اگر حالت نازک ترین بھی ہو تب بھی عوام بنک آف انگلینڈ کے نوٹوں کو بے اعتباری کی نظر سے نہیں دیکھتے، بلکہ اس زمانے میں نوٹوں کا رواج اور بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔ ہر شخص زر طلب کرتا ہے اور نوٹ سونے کے مساوی اچھے خیال کئے جاتے ہیں۔ لیکن جب سرمایۂ محفوظ میں سونا اور نوٹ خرچ ہو جاتے ہیں تو بنک کے پاس کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی کہ مطالبات زر نقد کی شکل میں ادا کرے۔ وہ حد مقررہ سے زیادہ نوٹ بھی جاری نہیں کر سکتا کیونکہ بنک کے صیغۂ اجرا سے اس کو اس وقت تک زائد نوٹ نہیں مل سکتے جب تک وہ ان کے مبادلے میں سونا فراہم نہ کر دے اور مبادلے میں دینے کے لیے اس کے پاس سونا ہی نہیں ہے۔ پس صرف ایک چارۂ کار یہ رہ جاتا ہے کہ

تدارک بنک ایسی صورت میں ادائی موقوف کر دے، لیکن یہ ناممکن ہے۔ ملک کے کل مالی نظام کا مرکز بنک آف انگلینڈ ہے اور بنک کے ادائی موقوف کر دینے کے یہی معنی ہوں گے، جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، کہ نہ صرف انگلستان کی حکومت اور ملک کی ہر کاروباری جماعت بلکہ تمام عالم کی نصف کے قریب حکومتیں دیوالیہ ہو جائیں گی۔ پس بنک مطالبات کی ادائی موقوف ہی نہیں کر سکتا۔

عارضی التوائے قانون۔ پھر آخر وہ کونسا طریق کار اختیار کر سکتا ہے؟ اصل مشکل یہ ہے کہ عوام کو زر درکار ہوتا ہے اور سونا

148

نہ مل سکنے کی صورت میں وہ نوٹ قبول کرنے کے لیے بالکل تیار ہوتے ہیں۔ لیکن قانون بنک مقررہ حد سے زیادہ نوٹ جاری کرنے میں مانع ہے۔ پس بنک کے ڈائرکٹر حکومت کے سامنے حاضر ہو کر صورت حالات کی تفہیم کرتے ہیں اور حکومت انھیں عملاً اس کی اجازت دے دیتی ہے کہ وہ وقت کے وقت قانون بنک کے شرائط کو نظر انداز کر دیں، سونے کے بجائے تمسکات کی بنیاد پر زائد نوٹ جاری کریں اور یہ وعدہ کر لیتی ہے کہ بعجلت ممکنہ مسودۂ تلافی یا حفاظت نقصان کا مسودہ پارلیمنٹ میں پیش کر دے گی تاکہ بنک مضر نتائج سے بچا رہے۔ اسی کو قانون بنک کا عارضی التوا کہتے ہیں اور اس کا اثر عجیب و غریب ہوتا ہے۔ جیسے ہی یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ قانون عارضی طور پر ملتوی کر دیا گیا۔ نازک صورت کافور ہو جاتی ہے اور اس قدر جلد کہ اس کے بعد سے اب تک صرف ایک دفعہ یعنی ۱۸۵۷ء میں فاضل نوٹ جاری کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ محض یہ اطلاع کہ قانون بنک ملتوی کر دیا گیا ہے عوام کے اضطراب و ہراس کو دور کرنے اور آفت کو دفع کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے۔

نظام نفسیاتی ہے

خلاصہ یہ کہ لندن کے زر کے بازار کی حالت بہت ہی عجیب و غریب ہے۔ بازار کا مدار کلیتہً اعتبار پر ہے اور فلزی سکے کی مقدار جس سے وہ کاروبار کرتا ہے بہت ہی کم ہوتی ہے۔ جب تک اعتبار کی حالت اچھی ہے نظام بخوبی عمل کرتا ہے۔ لیکن اگر کوئی ایسی چیز واقع ہو جو اعتبار کو خراب کر دے تو پورا نظام خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ صحیح یا غلط طریقے پر بہر حال عوام اس خیال کے خوگر ہو گئے ہیں کہ بنک کا سرمایۂ محفوظ اعتبار کے بارپیما کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب سونے کی بیرونی مانگ کے باعث سرمایۂ محفوظ میں خفیف سی کمی واقع ہوتی ہے تو کسی قسم کا خوف کھانے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ شرح بنک میں اضافہ کر دینے سے 144

بہت جلد اس صورت حالات کی از سر نو اصلاح ہو جائے گی لیکن اگر بازار اور ملکی صنعت کی حالت عام طور پر خراب ہو تو بازار شرح بنک کی زیادتی کی تاب نہیں لا سکتا اور بعض لوگ مشکلات میں گھر جاتے ہیں۔ ایک مرتبہ جہاں یہ چیز رونما ہوئی کہ اس کا لامتناہی سلسلہ قائم ہو جاتا ہے، ایک تباہی دوسری تباہی کا راستہ کھولتی ہے، بدگمانی عام ہو جاتی ہے اور اس طرح خاصہ نقصان پہونچ جاتا ہے۔ اعتبار باقی نہیں رہتا اور وہی لوگ نوٹ اور سونے کی شکل میں زر طلب کرنا شروع کرتے ہیں جو پہلے چکوں اور ہنڈیوں کو باطمینان تمام استعمال کرتے تھے یا اپنے زر کو کسی بنک یا کاروبار میں مشغول رکھنا پسند کرتے تھے یہی مشکلات بنکی اصلی جڑ ہے۔ ورنہ اصلی صورت حال یہ نہیں کہ ملک میں جتنا زر پہلے موجود تھا اس میں کوئی معتد بہ کمی واقع ہوئی ہو۔ اس میں کمی واقع نہیں ہوتی اور نہ مطالبات خارجہ کی وجہ سے کسی کثیر مقدار میں سونا باہر جاتا ہے۔

خوف و ہراس اصلی وجہ خرابی کی یہ ہے کہ اضطراب کے باعث ملک کے ایسے افراد زر طلب کرنا شروع کر دیتے ہیں جن کو پہلے کبھی اس کا خیال بھی نہ ہوا تھا۔ گویا مشکلات اس وجہ سے رونما ہوتے ہیں کہ نقد کا مطالبہ بڑھ کر عام ہو گیا ہے نہ کہ اس وجہ سے کہ زر کی مجموعی مقدار میں قلت ہو گئی ہے۔

اگر عوام سکون و اطمینان سے کام لیں، ٹھنڈے دل سے مشکلات کا سامنا کریں تو ذرا سی دقت بھی پیش نہ آئے اور اگر ایسی نازک صورت گرما گرمی کے زمانے میں رونما ہو تو عوام بالعموم اس کا نہایت عمدگی سے مقابلہ کرتے ہیں۔ لیکن اگر سرد بازاری کے عروج کے زمانے میں آفت آئے، خصوصاً ایسے زمانے میں جبکہ گرم بازاری و گرانی یا انتفاخ زر کے دور کے بعد ردعمل ہو رہا ہو، تجارت سرد ہو اور ہر شخص اپنے ساتھی کی ساکھ پر بدگمانی کی نظریں ڈال رہا ہو، تو اس آفت کا رکنا یا روکنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ کمزور جماعتیں فوراً اس کا

شکار ہو جاتی ہیں اور ممکن ہے کہ یہ مہلک اثر متعدی ہو جائے۔ اس طرح خرابیاں بڑھتی اور پھیلتی چلی جاتی ہیں یہاں تک کہ پورا ملک بھنور میں گھر جاتا ہے۔

اس کا واحد علاج

اس خطرناک حالت کا دراصل کوئی علاج ہی نہیں ہے۔ سرمایۂ محفوظ کی باقاعدہ تنظیم سے اور اس کی مقدار کو حتی الامکان زیادہ رکھنے سے نظام کی ثبات پذیری کی اصلاح ہوتی ہے۔ لیکن صرف ایک چیز ایسی ہے جو اس صورت حال کی مستقل و کامل اصلاح کر سکتی ہے اور وہ یہ ہے کہ معاملات کے متعلق ان تمام افراد کی تفہیم بہتر طریقے پر کی جائے جو اس نظام سے سروکار رکھتے ہیں۔ چنانچہ بیجہٹ کے زمانے سے بنک کے ڈائرکٹروں نے جو زیادہ عاقلانہ اور ہوشمندانہ اصول عمل اختیار کر رکھا ہے اس سے بین فرق نمودار ہو گیا ہے اور عوام کو ہر سال بہتر طریقے پر معلومات حاصل ہو رہی ہیں اور ان کے احمقانہ خوف و ہراس سے مشکلات پیدا ہونے کا قرینہ کم ہو گیا ہے۔ مگر اسی کے ساتھ میعادی آفتوں سے درحقیقت ایک مفید مقصد بھی حاصل ہوتا ہے۔ یہ آفتیں ملک کی تجارت کے کھرے پن کو پرکھتی ہیں، تخمینی کاروبار کی بے اعتدالی کو روکتی ہیں، اعتبار کے ناواجب انتفاخ کی تحدید کرتی ہیں اور کمزور اور مریض کاروباری جماعتوں کا استیصال کر دیتی ہیں اور مختصر یہ کہ اپنا دورہ ختم کرنے کے بعد ملک کو زیادہ تندرست اور صحت و رحالت میں چھوڑ جاتی ہیں۔ 145

۱۹۱۴ء کی آفت

یوں تو لندن کے زر کے بازار میں چھوٹی موٹی آفتیں اکثر آیا کرتی ہیں جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، لیکن جولائی ۱۹۱۴ء کے یادگار آخری ہفتے میں جنگ شروع ہوتے ہی جو آفت لندن کے اور تمام عالم کے زر کے بازاروں پر نازل ہوئی وہ ایک غیر معمولی اور عدیم النظیر آفت تھی، چنانچہ ان دونوں

آفتوں کا مقابلہ و موازنہ کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ ۱۹۱۴ء کی آفت نہ صرف اپنی وسعت و شدت کے لحاظ سے غیر معمولی تھی بلکہ اپنے اسباب کے اعتبار سے نیز ان تدابیر کے لحاظ سے بھی جو اس کا مقابلہ کرنے کی غرض سے اختیار کیے گئے تھے غیر معمولی حیثیت رکھتی تھی۔

برّ اعظم میں ہل چل

بتاریخ ۲۸ جولائی ۱۹۱۴ء سہ شنبہ کے دن آسٹریا نے سربیا کے خلاف اعلان جنگ کر دیا اور اس اعلان کے فوراً ہی بعد برّ اعظم کی سب مہاجنی کوٹھیوں میں اضطراب و ہراس پھیل گیا۔ مگر انگلستان میں پہلے پہل باستثنائے چند تجارتی حلقوں کے اس کی جانب کچھ زیادہ توجہ نہیں کی گئی۔ کیونکہ اس سے قبل ۱۹۱۲ء اور ۱۹۱۳ء میں جنگ بلقان کے چھڑنے پر بھی اسی قسم کے خوف و ہراس کا مظاہرہ ہوا تھا اور اس کی وجہ سے برّ اعظم کے باہر کی دنیا کے بازاروں میں کوئی زیادہ خلل واقع نہیں ہوا۔ عامۃ الناس کو ابھی تک اس خطرے کا احساس نہ ہوا تھا کہ انگلستان بھی جنگ میں مجبوراً شریک ہونے والا ہے، اور ان کی سمجھ میں یہ بات ہی نہ آتی تھی کہ انگلستان کا کاروبار اس چیز کی بنا پر کیوں زیادہ متاثر ہو جس کو وہ خالصتاً برّ اعظم کی حد تک محدود خیال کرتے تھے۔

لیکن صورت حالات بہت سرعت کے ساتھ ترقی پذیر رہی اور ۳۰ جولائی ۱۹۱۴ء روز پنجشنبہ کو برّ اعظم کے سب تمسکات کے صرافے باستثنائے پارکے[1] جو پیرس کا سرکاری بازار ہے بند ہو گئے۔ اب یہ دن حسن اتفاق سے لندن کے تمسکات کے صرافے میں میعادی تصفیہ کی ادائی کا بھی دن تھا۔ اس دن لندن کے تمسک دلالوں کی سات کمپنیاں اور گلاسگو کی دو کمپنیاں مطالبات کی ادائی سے مجبوراً قاصر ہو گئیں اور باقی دار قرار دی گئیں۔ یہ واقعہ کہ لندن کی باقی دار کمپنیوں میں سے ایک

---

[1] پارکے Parquet

کمپنی ایسی تھی جس کے تعلقات جرمنی اور براعظم سے نہایت گہرے اور وسیع تھے اس امر کی پہلی علامت تھا کہ انگلستان میں کس سمت سے آفت نازل ہو رہی ہے۔ یہ بات معلوم ہو گئی کہ اس تصفیے کے دوران میں جرمنی اور براعظم کے دوسرے ممالک بہت بڑی مقدار میں لندن کے تمسکات کے صرافے میں خریداری کر رہے تھے۔ اور اب جبکہ معاملات کا تصفیہ ضروری تھا ان تمسکات کی قیمت ادا کرنے کے واسطے ضروری رقم لندن 146

لندن پر اثر

روانہ کرنے میں دقت محسوس ہو رہی تھی۔ یہ دقت عام ہوتی گئی۔ لمبارڈ اسٹریٹ کے سکہار گھروں کو ان کے بیرونی دینداروں سے اور خاصکر براعظم سے ایسی ہنڈیوں کا مطالبہ ادا کرنے کے لیے معمولی رقمیں وصول نہیں ہو رہی تھیں جو روزمرہ کثیر المقداریں واجب الادا ہوتی جا رہی تھیں اور اس طرح ان سکہار گھروں کو خود اپنے ذمے کے مطالبات لندن میں ادا کرنے میں سخت دقتیں محسوس ہونے لگیں۔ اسی کے ساتھ لندن کے صرافے میں سخت بدنظمی اور مصیبت نمودار ہوئی۔ لندن اور نیویارک کے صرافوں میں براعظم سے کثیر مقدار میں تمسکات فروخت ہونے کے لیے آنے لگے اور اس وقت دنیا میں یہی دو صرافے کھلے ہوئے تھے جہاں تمسکات کی خرید و فروخت جاری تھی، اس کثرت کا اثر یہ ہوا کہ قیمتوں میں بے حد تخفیف ہو گئی۔ چونکہ بالعموم اس قسم کا کاروبار کثیر مقدار میں انجام دیا کرتے ہیں وہ خوف زدہ ہو گئے اور انھوں نے نہ صرف صرافے کے تمسکات کی بنیا دپر قرضہ دینا ترک کر دیا بلکہ دیے ہوئے قرضوں کو واپس طلب کرنا اور موجودالوقت قرضوں میں تخفیف کرنا شروع کر دیا۔ اور یہ طرز عمل ان کو قیمتوں کی تخفیف کے باعث بہرحال اختیار ہی کرنا پڑتا۔ تمسکات کی مروجہ قیمت پر بڑھوتری وصول کر کے

تمسکات کا صرافہ

قرضہ دینے کے نظام کے اسقام میں سے ایک سقم، جیسا کہ ہم صرافے کے بیان میں ذکر کر چکے ہیں، یہ ہے کہ

جب بازار میں قیمتوں کے گرنے کے زمانے میں تمسکات جبری طور سے فروخت کئے جاتے ہیں تو ایسی فروخت کا اثر متعدی و دوررس ہوتا ہے۔ قیمتوں میں جتنی زیادہ تخفیف ہوتی جاتی ہے اتنی ہی زیادہ تعداد میں تمسکات بازار میں پیش کئے جاتے ہیں۔ اس جبری فروخت کے باعث قیمتوں میں مزید تخفیف ہو جاتی ہے اور یہ سلسلہ قائم رہتا ہے۔ چنانچہ بحالت موجودہ بعینہٖ یہی ہوا۔ لندن کے تمسک کے صرافے کی حالت ناگفتہ بہ ہوگئی، قیمتوں کی تخفیف کی کوئی انتہا نہیں رہی تھی اور کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے۔ لندن کے زر کے بازار پر بحیثیت مجموعی بہت جلد اس کا ناگزیر اثر پڑا۔ ہر شخص کو روزمرہ کے لین دین میں زر کی قلت محسوس ہونے لگی اور جب کوئی بنکوں سے قرضے حاصل کرنے جاتا تو معلوم ہوتا کہ بجائے گوناگوں سہولتیں بہم پہونچانے کے بنک ہاتھ روک روک کر قرضے دے رہے ہیں۔ اس وقت تک انٹہ کا بازار بھی تقریباً سونا پڑ گیا۔

شرح بنک

ایسی قلت کے زمانے میں اگر کہیں سے قرضہ یا زر مل سکتا تھا تو وہ بنک آف انگلینڈ تھا۔ جب جمعرات کو حسب معمول ڈائرکٹروں کی کمیٹی منعقد ہوئی تو صورت حالات بہت ہی سقیم اور نازک تھی، لیکن وہ بظاہر جلد بازی کرکے اور شدید کاروائی کرکے معاملات کو بگاڑنا نہیں چاہتے تھے اس لیے انھوں نے صرف شرح بنک بڑھا کر تین سے چار فیصدی کرنے پر اکتفا کیا۔ یہ واقعہ بظاہر لندن سے باہر اکثر لوگوں کو حقیقی صورت حال کے متعلق از سر نو اطمینان دلانے کا باعث بنا اگرچہ وہ جلد پر فریب ثابت ہوگیا۔ تاہم جمعرات کا دن ختم نہوا تھا کہ لندن کی اصلی صورت حال کا راز طشت از بام ہوگیا اور تاڑنے والوں کو معلوم ہوگیا کہ چار فیصدی شرح سے جو حالت ظاہر کی جارہی تھی اصلی حالت اس سے حقیقتاً بہت خراب تھی۔ جمعہ کی صبح کو طوفان پھٹ پڑا۔ پیرس کے صرافے میں تصفیے کو ملتوی کر دیا گیا، جو عملاً بورس (Bourse) کو بند کر دینے کے مترادف تھا۔ اور صرف

لندن کا صرافہ صبح میں کھلا، لیکن وہ عجلت کے ساتھ پھر بند ہو گیا اور ایسا واقعہ لندن کے صرافے کی تاریخ میں اس سے پیشتر کبھی وقوع پذیر نہ ہوا تھا۔ نیویارک کے صرافے نے بھی پانچ گھنٹے کی تفریقی مدت گزرنے کے بعد یہی کیا۔ اس طرح اب طوفان پورے زور و شور کے ساتھ ہر طرف چھا گیا۔ دنیا کے پیداوار کے اکثر بڑے بڑے صرافے خصوصاً نیو آرلینس، نیویارک، لیورپول، مغاورے، برمین، سکندریہ اور بمبئی کے روئی کے صرافے کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو گئے اور صرف گیہوں کے صرافے البتہ برائے نام کھلے رہے اور وہ بھی محض اس وجہ سے کہ گیہوں کی رسد رسانی اشد ضروری تھی اور ان کو بند نہیں کیا جا سکتا تھا۔ مگر ان میں بھی مالی نظام کی شکست کی وجہ سے بدنظمی پیدا ہو گئی تھی۔ بنک آف انگلینڈ کے ڈائرکٹروں کا جلسہ جمعہ کے دن پھر منعقد ہوا اور یہ نہایت ہی غیر معمولی کارروائی تھی جو اس سے پیشتر صرف ایک دفعہ اختیار کی گئی تھی۔ اور ایک ہی جست میں شرح بنک ۴ فیصدی سے ۸ فیصدی کر دی گئی۔ اس وقت تک بٹہ کے بازار کا وجود تقریباً معدوم سا ہو گیا تھا، مگر بنک آف انگلینڈ اپنے روایتی اصول پر عامل رہا اور اب بھی آزادی کے ساتھ قرضے دے رہا تھا۔ اگرچہ دراصل اس کی شرح سود بہت اعلیٰ تھی۔ مبادلات خارجہ جن سے تمام مصیبتوں کا آغاز ہوا تھا، اب ان کی حالت انتہا سے زیادہ درہم برہم تھی۔ اس پر طرہ یہ کہ سال کے ایسے حصے میں مشکلات رونما ہوئے تھے جبکہ تقریباً ساری دنیا لندن کی کثیر المقدار رقوم کی دیندار ہوتی ہے۔ مثلاً امریکہ میں یہ گیہوں اور روئی کی برآمد کے آغاز کا زمانہ تھا اور اسی قسم کی پیداوار کو فروخت کر کے امریکہ جیسے زرعی ملک لندن کے مطالبات اور قرضوں کو ادا کرتے ہیں۔ اس خاص زمانے میں اتفاق 148
سے امریکہ لندن کا ایک خاص حیثیت سے مقروض تھا، اس لیے کہ برِاعظم کے مثل وہ بھی لندن میں بے شمار تمسکات خرید رہا تھا اور اسوقت ان کی قیمت ادا کرنی تھی۔ آخری تنکے کے سہارے کے طور پر یہ صورت

پیش آئی کہ بعض نیم سرکاری جماعتوں نے جو کثیر المقدار تمسکات خریدے تھے ان کی میعاد قریب الختم تھی، خاصکر اجرائے تمسکات کی ادائی کے سلسلے میں شہر نیویارک کے ذمے کثیر رقم واجب الادا تھی۔ اس طرح براعظم کے مثل امریکہ کو بھی غیر معمولی طور سے بیش قرار رقوم لندن روانہ کرنے تھے لیے درکار تھے اور لندن کے نام ترسیل زر کے وسائل پر دسترس حاصل کرنے میں جو سرگرمی دکھائی گئی وہ عدیم النظیر تھی جمعرات تک مبادلات خارجہ کی شرحوں میں

مبادلات خارجہ

عدیم المثال اضافے ہوتے رہے۔ اس کے بعد شرحیں بالکل نمائشی اور اور تسطحی ہوگئیں[1]۔ مبادلہ عملاً ناممکن الحصول ہوگیا۔ انتہائی طور سے غیر معمولی شرحیں مثلاً معمولی شرح ۸۶ر۴ ڈالر فی پونڈ کے بجائے ۶ ڈالر فی پونڈ پیش کرنے کی صورت میں بھی معاملہ بننے نہ پاتا تھا۔ سونے سے لدا ہوا ایک جہاز لندن روانہ کیا گیا لیکن چونکہ وہ جرمنی کا جہاز تھا اسلیے اس کو نصف راستہ طے ہونے سے پیشتر ہی غیر جانب دار بندرگاہ کا رخ کرنا پڑا۔

شرح بنک کا اچانک اضافہ عوام کے واسطے اس امر کی پہلی علامت و اطلاع تھی کہ مالی معاملات نے بہت ہی نازک صورت اختیار کرلی ہے، لیکن اس کا علم عام طور سے ہونے سے پیشتر عوام کو ایک مختلف اور عجیب طریقے سے دقت محسوس ہونے لگی۔ بنک کی ماہ اگست کی تعطیل قریب آرہی تھی یعنی دوشنبہ ۳ر اگست کو یہ واقع ہوئی تھی اور حسب دستور سابق لندن کے اکثر باشندے اس تاریخ سے قبل کے پنجشنبہ یا جمعہ کو تعطیل منانے کے لیے باہر جانے لگے۔ اپنے مصارف کو پورا کرنے کی غرض سے جب وہ بنک سے زر حاصل کرنے کے لیے بنک میں گئے تو انھیں یہ معلوم کر کے حیرت ہوئی کہ بنک صرف بنک آف انگلینڈ کے

[1] دیکھو جدول ۱۴ اور ۱۵۔

نوٹ ادا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جو انگلستان کی حد تک بے شک زرِ قانونی ہیں۔ یہ یاد ہوگا کہ پانچ پونڈ کا نوٹ ہی واحد کم ترین رقم کا بنک کا نوٹ تھا جو ۱۸۲۶ء کے بعد سے انگلستان میں دستیاب ہو سکتا تھا۔

خوردہ کی قلت

لیکن یہ نوٹ معمولی بنک کی تعطیل کے مصارف کو پورا کرنے کے لیے ضرورت سے بہت زیادہ بڑا تھا اور تعطیل منانے والوں کو خوردہ یعنی سونے کے سکے مطلوب تھے۔ لیکن بعض سرمایہ مشترک کے بنکوں نے، جو اپنے نقد فاضلات کی بہت سختی کے ساتھ حفاظت کر رہے تھے، سونے کی ادائی سے واقعاً انکار کر دیا اور مطالبہ کرنے والوں کو نوٹ خوردہ کرانے کے لیے بنک آف انگلینڈ کی طرف بھیج دیا۔ چنانچہ جمعہ کے دن یہ عدیم المثال منظر دیکھا گیا کہ نوٹوں کو پیش کر کے سونا وصول کرنے کی خاطر ہزاروں آدمی لانبی لانبی قطاروں میں بنک کی عمارت کے سامنے جمع تھے۔ صورت حال کی انتہائی نزاکت کے متعلق عوام کے خیال کو اس سے زیادہ متاثر کرنے والی چیز اور کیا ہو سکتی تھی۔ یہ گمان کیا جانے لگا کہ تاریخ میں پہلی دفعہ بنک کے نوٹوں کے بارے میں عوام بے اطمینانی محسوس کر رہے تھے۔ اگر اس بدگمانی کی بنیاد معقول ہوتی تو ایسی بدگمانی تمام معاملات کا خاتمہ کر دیتی لیکن خوش قسمتی سے ایسا نہ تھا جس چیز کی طلب و خواہش تھی وہ خوردہ تھا۔ بنک کی تعطیل کے موسم میں سونے کی رسد کی اچانک تجدید نے اس سوال کو نمایاں طور سے پیش کر دیا جس کے لیے اسکاٹ لینڈ والے موعظت و تلقین کر رہے تھے کہ اسکاٹ لینڈ کی طرح انگلستان میں بھی ایک پونڈ کے نوٹ جب تک جاری نہ کئے جائیں گے دقتیں محسوس ہوں گی۔ اگرچہ یہ مشکل اتنی سنگین نہیں تھی جتنی کہ بادی النظر میں معلوم ہو رہی تھی تاہم وہ اہم ضرور تھی۔ جمعے تک پانچ پونڈ کے نوٹ کا چلرد دستیاب ہونا ہر جگہ موقوف ہو گیا۔ اور یہ کہا

مطالبہ کرنے والوں کی لانبی قطاریں 149

جاتا تھا کہ لندن کے ہوٹلوں اور چائے خانوں میں لوگ کھانے پینے کی چیزیں محض اس وجہ سے حاصل نہ کر سکتے تھے کہ ان کے پاس دام ادا کرنے کے لیے پانچ پونڈ کے نوٹوں سے کم کوئی رقم نہیں تھی۔

تعطیل بنک لیکن اگر تعطیل بنک نے ایک طرف مشکلات میں اضافہ کیا تو دوسری طرف وہ مفید بھی ثابت ہوئی۔ شنبے کی صبح کو پورے شہر لندن پر نزع کا عالم طاری تھا۔ شرح بنک بڑھا کر ۱۰ فیصدی کر دی گئی اور یہ اس خیال سے نہیں کیا گیا کہ ایسا کرنے سے کسی کو فائدہ پہونچے گا بلکہ محض قدیم روایات پر نظر کرتے ہوئے کہ ہمیشہ سے یہ دستور چلا آتا ہے کہ سخت مصیبت کے زمانے میں اور خصوصاً التوائے قانون بنک سے قبل شرح بنک ۱۰ فیصدی تک بڑھا دی جاتی ہے یہ طرز عمل اختیار کیا گیا اور اس حد تک یہی وہ طریق کار تھا جس کو کوئی شخص بھی مشکلات سے نجات حاصل کرنے کا واحد طریقہ تصور کر سکتا تھا۔ بٹے کا بازار بالکل سرد تھا، جس کا باعث کم از کم ایک حد تک یہ تھا کہ "دیگر بنکوں" نے قرضہ دینا موقوف کر دیا تھا اور جو زر بطور قرض دیا گیا تھا اس کو واپس طلب کر رہے تھے، اگرچہ جیسا کہ عنقریب معلوم ہوگا اس سے زیادہ گہرے اسباب بھی تھے جو عمل کر رہے تھے۔ لیکن پھر بھی بنک آف انگلینڈ آزادی کے ساتھ برابر قرضے دیئے جا رہا تھا، اگرچہ شرح بٹہ بہت اعلیٰ ہوتی تھی۔ سرمایۂ محفوظ کی رقم میں تخفیف ہوتی جا رہی تھی اور اگر حالات کی یہی رفتار قائم رہ جائے تو اسکے پوری طرح ختم ہو جانے میں صرف مدت کا سوال باقی رہ گیا تھا۔ بہر حال شنبہ کو چونکہ صرف نصف یوم کاروبار ہوا، یکشنبہ عام تعطیل کا دن تھا اور دوشنبہ کو بنک کی تعطیل آگئی تھی، اس لیے مالی دنیا کو اور خود حکومت کو کروٹ بدلنے، صورت حالات کا اندازہ کرنے اور اس کا مقابلہ کرنے کے لیے قطعی فیصلے پر پہونچنے کا موقع ہاتھ آگیا۔

150

آفت کا متصل سبب

سب سے پہلا کام اس مصیبت کی وجہ دریافت کرنا تھا جس کے دریافت کرنے میں خوش قسمتی سے کوئی زیادہ وقت پیش نہ آئی اور متصل سبب فوراً دریافت کر لیا گیا۔ اس سے قبل جو آفتیں نمودار ہوئی تھیں ان سے یہ آفت ایک لحاظ سے مشابہ تھی۔ اس کی وجہ دنیا کے اعتباری نظام کی کامل شکست تھی اور حقیقت یہ ہے کہ آفت کے معنی بھی ٹھیک یہی ہیں کہ ایسی ہی کسی شکل میں وہ بہر صورت رونما ہو۔ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اعتباری نظام عصبی نظام کے بہت زیادہ مشابہ ہے اس کے عمل کی کامیابی اور ناکامیوں کا مدار زیادہ تر نفسیاتی اسباب پر ہوتا ہے اور کسی آفت کا متصل سبب خواہ کچھ ہی ہو نتائج عام طور پر اسی مقررہ طریقے پر نمودار ہوتے ہیں۔ اعتباری نظام کی ناکامی بھی اسی قسم کے نتائج پیدا کرتی ہے خواہ اس کی شکست کے اسباب کچھ ہی کیوں نہ ہوں۔ لیکن اس صورت میں دلچسپ بات پہلی شکست کا سبب تھی۔ اور اس لحاظ سے ۱۹۱۴ء کی آفت بہت نمایاں طور پر غیر معمولی اور حقیقتاً عدیم النظیر تھی۔ عام طور پر جب آفت آتی ہے تو یہ ہوتا ہے کہ بیرونی مطالبات کی وجہ سے لندن میں مالی مشکلات

برا عظم کے بنکوں کا عمل

محسوس ہوتے ہیں، لیکن موجودہ حالت میں صورت اس کے برعکس تھی، یعنی برا عظم کے بنکوں نے زر لندن بھجوانے کے لیے سونا دینے سے انکار کر دیا جس کی وجہ سے مبادلات خارجہ کے انتظامات درہم برہم ہو گئے اور برا عظم کے لین داروں کے لیے رقم لندن بھجوانا ناممکن ہو گیا۔ جونہی برا عظم سے رقموں کا آنا بند ہوا اس کے ناگزیر عواقب ظاہر ہونے لگے۔ دنیا کے زر کے بازار کے نظام کے بارے میں مذکورۂ بالا بیان کا مقصد اس کی غیر معمولی طور سے پیچیدہ نوعیت کو واضح کرنا اور یہ ظاہر کرنا ہے کہ ان کے اعضا ایک

دوسرے سے کس قدر قریبی تعلق رکھتے ہیں اور رواں ذمہ داریوں کو واجبی طور سے پورا کرنے میں ایک عضو دوسرے عضو پر کس حد تک منحصر ہے۔ ظاہر ہے کہ الف ب کے مطالبات اسی وقت ادا کر سکتا ہے جبکہ ج الف کے مطالبات پابندی کے ساتھ ادا کرے ورنہ علیٰ ہذا۔ لیکن برا عظم کے

لمبارڈ اسٹریٹ پر اثر

دینداروں کی اپنی ہنڈیوں کو لندن میں ادا کرنے کی ناقابلیت کا پہلا اثر یہ ہوا کہ سکھار گھروں کی حالت سقیم ہو گئی اور وہ چونکہ برا عظم کے دینداروں اور لندن کے بٹہ گھروں کے درمیان ضامنوں کی حیثیت سے کارپرداز تھے اور ہنڈیاں سکھار نے پر ان کو رقمیں وصول نہیں ہو رہی تھیں اس لیے وہ اپنے لینداروں یعنی بٹہ گھروں کے مطالبات ادا نہ

صرافوں پر اثر

کر سکتے تھے اسی کے ساتھ لندن کے صرافے کے ارکان کے پاس بھی برا عظم سے ترسیل رقوم کا سلسلہ موقوف ہو گیا تھا جس کی وجہ سے دلال اپنے دوسرے ساتھیوں سے تمسکات کی
151 خریداری کے سلسلے میں اپنے ذمے کے مطالبات ادا کرنے سے قاصر تھے اور انھوں نے یہ تمسکات بنکوں اور بڑے بڑے بٹہ گھروں کے ہاں بھیجد ئے کہ اگر وہ ان تمسکات کو فروخت نہ کر سکیں تو ان کی ضمانت پر قرضے حاصل کریں۔ علاوہ ازیں برا عظم کے دینداروں نے لندن میں اپنے قرضے ادا کرنے کی مخلصانہ خواہش کی بنا پر یہ واحد چارۂ کار اختیار کیا کہ انھوں نے لندن میں تمسکات فروخت کرنے کی کوشش کی۔ لیکن لندن کے صرافے میں ان حصص کی بھرمار ہو جانے سے ان کی قیمتوں میں بہت تخفیف ہو گئی جس سے مزید مشکلات رونما ہو گئے۔ جونہی قیمتوں میں گوناگوں تخفیف ہونے لگی "دیگر" بنک اپنے دئے ہوئے قرضے واپس طلب کرنے اور ضمانتی تمسکات کو فروخت کرنے لگے۔ اسی کے ساتھ انھوں نے یہ بھی ضروری خیال کیا کہ تمسکات کی بنا پر جو قرضے دئے گئے تھے ان میں کمی کر دیں۔ اور

یہ بھی معلوم ہوا کہ اکثر بنکوں نے تصفیۂ حسابات کے سلسلے میں جن قرضوں کے دینے کا انتظام کیا تھا ان کے دینے سے وہ دست کش ہو گئے۔ اس لیے کہ ان بنکوں پر دوسری جانب سے سخت دباؤ پڑ رہا تھا۔ انھوں نے جن ہنڈیوں پر بٹہ کاٹا تھا ان کی رقم ختم مدت پر ادا نہیں ہو رہی تھی اور اس کا سبب یہ تھا کہ بیکار گھر ان ہنڈیوں کی رقمیں ادا کرنے سے قاصر تھے اور بیکار گھروں کی نا دہندگی کی بنا یہ تھی کہ ممالک خارجہ کے دیندار اپنے ذمے کی واجب الادا رقوم ان کو نہیں بھیج رہے تھے۔ اسطرح بنکوں کو ہنڈیوں کی ضمانت پر قرضے دینے سے محض اس لیے ہاتھ روکنا پڑا کہ ان کو حسب معمول روزمرہ کی زر کی رسد نہیں مل رہی تھی۔ لیکن بنکوں کے حق میں سب سے زیادہ مضرت رساں واقعہ یہ ثابت ہوا کہ بٹہ کے بازار کی بدنظمی کے باعث وہ لمبارڈ اسٹریٹ سے چھوٹی چھوٹی رقمیں جو بطور قرض دی گئی تھیں، واپس نہیں لے سکتے تھے اور اس طرح ان کا سب سے زیادہ سیال اصل دفعتاً منجمد ہو گیا اور ان کو دستیاب نہ ہو سکتا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ نہایت سقیم و نازک حالت تھی جس میں بنکوں نے اپنے آپ کو پایا۔ آفت کے زمانے میں انھوں نے جو طرز عمل اختیار کیا تھا اس پر اعتراض کی گنجائش موجود ہے لیکن اس اعتراض میں اس واقعہ کو واجبیت کے ساتھ تسلیم کر کے اعتدال پیدا کیا جا سکتا ہے کہ انھوں نے جو کچھ کیا وہ دراصل تقریباً انتہائی یاس و ناامیدی کی حالت میں کیا۔ اس لیے کہ انھیں جمع کنندوں کی مجتمعہ یورش کے خطرے کا مقابلہ کرنا تھا جو ایک حد تک یقینی امر تھا اور جس کا وقوع پذیر ہونا ہفتے کے آغاز تک ناگزیر تھا اور ناگزیری کا باعث یہ امر نہ تھا کہ بنکوں کے اہل معاملہ کی نظروں میں بنکوں کی ساکھ گر گئی تھی اور اعتبار کم ہو گیا تھا بلکہ محض یہ کہ زر نقد کے مروجہ مطالبات جن میں اعتبار کی اچانک شکست نے مزید اضافہ کر دیا تھا، بنکوں کے ممکنہ ذرائع کا جو پہلے ہی سے بہت قلیل المقدار تھے، بہت جلد خاتمہ

بنکوں پر اثر

کر دیتے۔

تعطیل بنک کی توسیع

اس لحاظ سے یہ نہایت دقت طلب صورت حال تھی جس کا ہر طرف مقابلہ کرنا پڑا اور حکومت کو تعطیل بنک کی مہیا کردہ مدت میں بھی ان مشکلات کو رفع کرنے کے بارے میں تدابیر پر غور کرنا اور ان کو عملی صورت دینا ناممکن معلوم ہوا۔ چنانچہ انھوں نے پہلا قدم اس طرح اٹھایا کہ مزید تین دن کے لیے تعطیل کی توسیع کا اعلان کر دیا جو عملاً اس زمانے میں کامل مہلت عطا کرنے کے مساوی تھا اس لیے کہ تعطیلات بنک کے زمانے میں کوئی ہنڈی ادائی رقم کے لیے نہیں پیش کی جا سکتی اور نہ کسی قسم کے مطالبے کی جبری ادائی کرانے کے بارے میں عملاً کوئی تدابیر اختیار کیے جا سکتے ہیں۔

سکھار گھرونکی امداد

سب سے پہلا کام جو حکومت اور اس کے مشیروں کو انجام دینا تھا وہ یہ تھا کہ سکھار گھروں کو جن کا دیوالہ نکل جانے کا امکان بہت قوی تھا، اس قریب الوقوع مصیبت سے بچا لیا جائے چنانچہ ۱۲ اگست یوم یکشنبہ کو جزوی مہلت کا اعلان کر کے ان کی دستگیری کی گئی۔ لیکن اس کے معنی محض یہ تھے کہ بازار کے ایک عضو سے بوجھ کو ہٹا کر دوسرے عضو پر رکھ دیا جائے، یعنی بٹہ گھروں کو زیر بار کیا جائے اور بٹہ گھروں کے بار کو ہلکا کرنے کی تدابیر محض یہ ہو سکتی تھیں کہ عام طور سے بازار پر اور خاص طور سے بنکوں پر بوجھ ڈالا جائے۔ اور بنکوں کی حالت اس قدر سقیم اور خطرناک تھی کہ اس وقت سوائے واجب الادا رقوم کی ادائی سے انکار کرنے کے حق کے کوئی اور چیز مشکل کو حل ہی نہیں کر سکتی تھی۔

عام مہلت

لیکن اس کے معنی یقیناً یہ تھے کہ بنکوں کے کندھوں سے بوجھ ہٹکر عوام کے سر پہ جا گرے۔ اس طرح اب حکومت کے لیے سوائے اس کے کوئی چارۂ کار نہیں تھا کہ عام مہلت کا اعلان کر دے۔ چنانچہ ۱۳ اگست یوم دوشنبہ کو ایک

عام اعلان شائع کر دیا گیا۔

اب دوسرا کام روزمرہ کے کاروبار میں زر اور خاصکر چھوٹی قسموں اور ریزگاری کی فوری ضرورت کو پورا کرنا تھا۔ اس کا بہترین طریقہ کیا ہونا چاہیے اس پر غور کرنے کا وقت اور موقع نہ تھا بلکہ سوال محض یہ تھا کہ ایسا کوئی طریق اختیار کر لیا جائے جو شدید وقتی ضرورت کو جلدی پورا کر سکے۔ مناسب قسم کے کاغذ کے ضروری ذخیرے کا مہیا کرنا بھی مشکل تھا، چنانچہ آخر میں بنک آف انگلینڈ کے نوٹ چھاپنے کی مشینوں سے ڈاکخانہ کے ٹکٹوں کے کاغذ پر نوٹ چھاپنے کا کام لیا گیا اور طویل تعطیلات بنک کے بعد جب جمعہ کو کاروبار از سر نو شروع ہوا تو ایک پونڈ اور دس شلنگ کے نوٹوں کا ذخیرہ جو زر قانونی قرار دئے گئے تھے اجرا کے لئے تیار تھا۔ زر کے اس نئے ذخیرہ کی مدد سے حکومت بہ یک وقت دو مشکلات سے عہدہ برآ ہونے کے قابل بن گئی۔ ایک مشکل اس طرح حل ہوئی کہ عوام کو ریزگاری اور خوردہ کی ضرورت تھی، وہ ان نوٹوں کے جاری ہو جانے سے پوری ہو گئی، دوسرے یہ کہ تعطیلات کے بعد بنک کھلے تو ان پر شدید مطالبات ہونے کا خطرہ تھا، حکومت ان نوٹوں کی مدد سے آڑے وقت میں ان کی دستگیری کرنے کے قابل ہو گئی، ان کو بڑی مقداروں میں قرضے دے سکتی تھی۔ لیکن بنکوں پر اس قسم کی کوئی یورش نہ ہوئی۔ معاملات بالکل خاموشی کے ساتھ انجام پاتے رہے اور آفت کا پہلا دور ختم ہو گیا۔ قانون بنک 153
سرکاری طور پر لفظ کے اصلی معنوں میں ملتوی نہیں کیا گیا تھا بلکہ زر اور بنک کے نوٹوں کے قانون میں ایک دفعہ بڑھا دی گئی تھی جس کی رو سے خزانۂ شاہی کو یہ اختیار حاصل ہو گیا کہ وہ آئندہ جس وقت مناسب سمجھے حسب ضرورت قانون کو ملتوی کر دے اور اس طرح حفاظت و

زر کاغذ

لہ۔ (Currency and Bank Notes Act.)

تلافی نقصان کے قانون کے ہر موقع پر منظور کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہی۔
لیکن یہ سب تدابیر مصیبت کے صرف ایک مرحلے کا مقابلہ کرنیکی غرض سے اختیار کئے گئے تھے۔ گویا وہ محض خوف و ہراس کو رفع کرنے کے عارضی عملی تدابیر تھے۔ ان سے آفت و مصیبت کے اصلی اسباب کا استیصال نہو سکا، اگرچہ یہ آفت ابھی تک پوری طرح ظاہر نہیں ہوئی تھی کیونکہ ایک بات جس پر یہاں زور دینا ضروری ہے نمایاں طور پر نظر آرہی تھی اور وہ یہ تھی کہ پہلی اگست یوم شنبہ تک، جبکہ ابتدائی آفت عروج پر تھی، جنگ اصلی معنوں میں شروع ہی نہوئی تھی۔ یوروپ کے دول عظمیٰ میں سے کسی دو نے بھی اصل میں ایک دوسرے کے خلاف اعلان جنگ نہیں کیا تھا حتیٰ کہ جرمنی اور روس نے یکم اگست شنبہ کے دن اس بارے میں پیشقدمی کی۔ اور اس وقت بھی اس امر کا یقین نہ تھا کہ انگلستان جنگ میں شریک ہوگا۔ بلکہ اس کے برعکس انگلستان میں ایک ایسی طاقت ور جماعت موجود تھی جو جنگ میں انگلستان کی شرکت کی مقاومت اپنی انتہائی کوشش کے ساتھ کرتی بشرطیکہ جرمنی کا بلجیم پر حملہ نہوا ہوتا اور اس حملے کا علم و یقین دوشنبہ تک عام طور سے نہوا۔ اس طرح آفت اس حد تک لازمی طور سے ماقبل جنگ زمانے کی آفت تھی۔ اور قابل ذکر نکتہ یہ ہے کہ اگر جنگ میں انگلستان شریک نہ بھی ہوا ہوتا تو بھی یہ آفت ناگزیر وقوع پذیر ہوتی۔ انگلستان پر یہ مالی آفت اس وجہ سے نہیں نازل ہوئی کہ وہ جنگ عظیم میں حریف کے طور پر حصہ لینے والا تھا بلکہ اس وجہ سے کہ لندن تمام دنیا کے مالیاتی نظام کا مرکز ہے۔
گران ابتدائی تدابیر کا پوری طرح نفاذ بھی نہونے پایا تھا کہ انگلستان کو جنگ میں ناگزیر شریک ہونا پڑا اور اس وقت آفت کی دوسری منزل نمودار ہو چکی تھی۔ اعلان جنگ سے انگلستان کی صنعت و حرفت کا متاثر ہونا لازمی امر تھا، حکومت نے

سب سے پہلے فوجوں کی نقل و حرکت کے اغراض کے لیے ملک کی سب ریلوں کو اپنے قبضے و تصرف میں لے لیا اور چند دنوں تک اسباب کا ملک کے ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونا اور مال گاڑیوں کی آمد و رفت بجز فوجی اغراض کے بالکل ناممکن ہوگئی 154
تھی۔ اس کے ساتھ تجارتی جہاز اور باربرداری کے جہاز، جن پر انگلستان کی صنعت و حرفت کا دارومدار بہت بڑی حد تک ہے، چلنا موقوف ہوگئے۔ یہ بھی ایک حد تک مالیاتی اسباب کی بنا پر ہوا۔ مالکان جہاز اور تاجروں نے جہاز رانی کے بیمہ کی پالیسی صرف سمندر میں اپنے جہازوں اور سامان کے خطرے کے خلاف کرائی تھی۔ خطرات جنگ اس پالیسی میں شامل نہیں تھے

بحری بیمہ

بلکہ پالیسی کے قواعد کی رو سے خطرات جنگ عام خطرات سے مستثنیٰ تھے۔ جب جنگ کی افواہ گرم ہونے لگی اور مالکان جہاز اور تجار سمندر میں اپنے اپنے مال کو اس آنے والے خطرے سے محفوظ کرانے کے لیے بے قراری کے ساتھ کوشش کرنے لگے تو لندن جیسے شہر میں بھی جو بحری بیمہ کے کاروبار کا مرکز ہے بیمہ کا موقع نہ مل سکا اور انگلستان کے اعلان جنگ سے قبل ہی بحری بیمہ کی سہولتوں اور امکانات کا خاتمہ ہوگیا تھا۔ جب جنگ حقیقت میں شروع ہوگئی تو جہاز رانی کا سلسلہ ایک دم موقوف ہوگیا، اس وقت کوئی نہ جانتا تھا کہ اونٹ کس کل بیٹھے گا اور جرمنی کی بحری قوت جنگی جہازوں اور مسلح تجارتی جہازوں میں کتنی ہوگی یا انگلستان کا بیڑہ ان کے مقابلے میں یا ان کی ناکہ بندی کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوگا۔ ایسے پرآشوب زمانے میں مالکان جہاز کا اپنے قیمتی جہازوں اور مال کو خطرات جنگ کے خلاف بیمہ کرائے بغیر سمندر پار بھیجنا مصیبت و تباہی کو دعوت دینا تھا۔ چنانچہ اکثر جہازی کمپنیوں نے باستثنائے چند

جہاز رانی پر اثر

بڑی کمپنیوں کے واقعات کے پوری طرح ظاہر

ہونے تک جہازوں کی آمد و رفت روک دی۔ جو جہاز سمندر میں تھے انھوں نے قریب ترین بندرگاہ کا رخ کیا اور جو بندرگاہوں سے نہیں چلے تھے واقعات کے رونما ہونے کے انتظار میں وہیں لنگر انداز رہے۔ اس طرح اگر صناعوں اور تاجروں کے لیے اپنے مال کو جہاز پر لدنے کے لیے بندرگاہوں تک بھجوانا ممکن بھی ہوتا تو سامان کو جہاز پر لاد کر باہر بھیجنا قطعی ناممکن ہوگیا اور صرف یہی ایک ایسا سنگ راہ تھا جو تجارت میں روڑہ اٹکانے اور اس کو بالکل روک دینے کے واسطے کافی تھا۔

جنگ کے ابتدائی زمانے کی غالباً سب سے زیادہ قابل افسوس خصوصیت غذا کی قلت کا خوف و ہراس تھا اس لیے کہ اس کو اس سے زیادہ معتدل و نرم الفاظ میں بیان کرنا ناممکن ہے۔ یہ انگلستان میں ہر طرف محسوس ہو رہا تھا اور اگرچہ یہ زیادہ بڑھنے اور پھیلنے نہ پایا اور روک دیا گیا، مگر اس سے ایک نہایت ہی دلچسپ نتیجہ پیدا ہوا۔ تیسرے باب میں بتایا جا چکا ہے کہ موجودہ زمانے کے اعلیٰ درجے کے ترقی یافتہ بازاروں کے وجود میں آنے کا نتیجہ یہ ہے کہ بازار کے کل رقبے میں ہر جگہ حیرت ناک طریقے سے قیمتوں میں یکسانی قائم رہتی ہے لیکن جنگ کے حالات کے دباؤ کے تحت اس انتظام میں خرابیاں پیدا ہوگئیں اور جہاں تک خوردہ فروشی کی قیمتوں کا تعلق ہے اس نظام کا شیرازہ 155
ایک مدت کے لیے بالکل بکھر گیا۔ قیمتوں میں اختلاف و انتشار رونما ہوا۔ دوکاندار یہ نہیں جانتے تھے کہ ایک شئی کے کتنے دام وصول کرنے چاہئیں کیونکہ ان کو یہ معلوم ہی نہیں ہو سکتا تھا کہ ان اشیا کی رسد ختم ہو جانے کے بعد ان کو دوبارہ مہیا کرنے میں کتنے مصارف عائد ہونگے اور اکثر حالتوں میں ان کے لیے اشیا کی بجائی کرنا وقت کے وقت ناممکن ہوگیا تھا۔ خریدار دوکانداروں کے رحم و کرم کے امیدوار بن گئے۔ بعض اوقات دوکاندار کسی چیز کے جتنے دام وصول کر سکتے تھے

وصول کر لیا کرتے تھے۔ معمولی حالات میں انگلستان میں عام طور پر یہ ہوتا تھا کہ اشیا کی قیمت بیشتر مصارف پیدائش کی بنا پر مقرر ہوتی تھی لیکن اب حالات اس کے بالکل برعکس ہو گئے۔ معمولی حالات کے تحت خریداروں اور فروشندوں کے باہمی مقابلے اور کشمکش سے قیمتوں کا تصفیہ ہوتا تھا اور ہر فریق دوسرے کے مطالبے کو جانتا تھا۔ مگر جنگ کے شروع ہو چکنے کے بعد سے حالات میں ہر روز بلکہ ہر گھنٹے اس قدر جلد جلد تغیرات واقع ہو رہے تھے کہ دوکانداروں کو یہ معلوم کرنے کا موقع بھی حاصل نہ ہو سکتا تھا کہ پاس کا دوکاندار کس شئی کو کس قیمت پر فروخت کر رہا ہے۔ ہر دوکاندار اپنی مرضی کے مطابق جو دام مناسب خیال کرتا تھا وصول کرتا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ قیمتوں کی یکسانی جو مغربی ممالک کے اسلوب تجارت کا طغرائے امتیاز تھی تقریباً مفقود ہو گئی۔ قیمتیں رسد کے مقابلے میں طلب کے اثر سے زیادہ تر قرار پاتی تھیں اور دوکاندار کسی شئی کے دام وصول کرنے میں یہ نہیں خیال کرتے تھے کہ یہ شئی ان کو کتنی قیمت میں پڑی بلکہ خریداروں کی خواہش اور مانگ کو دیکھکر دام لگاتے تھے۔ یہ حالت اس امر کا عجیب طریقے سے ثبوت دیتی تھی کہ معمولی حالات میں قیمتوں کا تعین کس حد تک محض رسم و رواج کے تابع ہو گیا تھا۔

انگلستان کے بڑے بڑے مصنوعات کے کارخانوں پر اس سے بدرجہا زیادہ مضر اثر پڑا۔ پہلے پہل تو ہر شخص تشویش و پنج میں رہا کہ کیا کرنا چاہیئے اور اکثر لوگوں نے بتقاضائے احتیاط جہاں تک ممکن ہو سکا سامان کی فرمائشیں منسوخ کر کے اور جدید فرمائشوں سے ہاتھ روک کر اپنے ڈیرے کے مطالبات کو محدود کر دیا۔ صناعوں نے اکثر صورتوں میں اس تنسیخ سے معارضہ نہیں کیا اس لیے کہ اشیائے خام سے کام لینے کی کوئی سبیل ان کو نظر نہ آتی تھی۔ اگر اشیائے خام کا خریدنا ممکن بھی ہوا تو ان کا منزل مقصود تک پہونچنا محال تھا۔ مثلاً اکثر پارچہ بافی کے کارخانہ دار خام روئی بندرگاہ کی گودیوں اور بڑے بڑے گوداموں سے 156

صرف موٹر یا گن بھیجکر منگا سکتے تھے اور اکثر صورتوں میں طویل مسافت طے کرنی پڑتی تھی۔ لیکن اصل دقت یہ نہ تھی کہ ان اشیا کا ملنا ناممکن تھا بلکہ دقت یہ معلوم کرنے کی تھی کہ روئی کے لیے کتنی قیمت ادا کرنا محفوظ و مناسب ہوگا سوائے ان اشیا کے جو براہ راست اغراض جنگ کے لیے درکار تھیں جیسے اونی اشیا چرم وغیرہ، پہلے پہل سب اشیا کی قیمتوں میں بسرعت تخفیف ہوئی مثلاً سوت اور روئی کی تجارت میں حالت بہت ہی نازک ہوگئی سب کا یہی خیال تھا کہ اس کی تجارت بہت خراب ہو جائیگی اول اول بہت زور و شور کے ساتھ بے روزگاری کا دورہ رہا اور روئی کی قیمت اسقدر خطرناک حد تک گر گئی کہ کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ وہ کہاں پر جاکر رکیگی۔

کوٹھی کے کاروبار کی تحدید

ان سب دقتوں پر طرہ یہ کہ معمولی کوٹھی کے کاروبار کی سہولتوں کے باقی نہ رہنے سے صناعوں نے کاروبار کو تقریباً مفلوج پایا۔ بنک اس وقت تک سخت مشکلات میں پھنسے ہوئے تھے اس لیے کہ گو مہلت نے خوف و ہراس کو دور کر دیا تھا مہلت کا اثر دور رس ثابت نہیں ہوا اور وہ یوں کہ کثیر المقدار زر جو ملک کے تجارتی کاروبار کے انجام دینے میں عام طور سے دستیاب ہوسکتا تھا بیرونی ہنڈیوں کی عدم ادائی کی وجہ سے جن کو فروخت کرکے رقم وصول کرنا مشکل تھا بٹہ گھروں میں بند پڑا تھا یہی سبب تجارت خارجہ پر ایک اور طریقے سے بھی اثر انداز ہوا، اور وہ اس طرح کہ سکھار گھروں کے نظام کی شکست کے باعث نئی خارجی ہنڈیوں کی خرید و فروخت ناممکن ہوگئی تھی اور اس طرح ایک مدت تک تجارت خارجہ تقریباً ناممکن ہوگئی۔ ان مخالف حالات کا نتیجہ تجارت سے متعلق شائع کردہ اعداد و شمار سے بہت جلد ظاہر ہوگیا چنانچہ بے روزگاری کے اعداد و شمار نے یہ واضح کر دیا کہ بجز ان پیشوں کے جو جنگی سامان مہیا کرتے تھے عملاً سب پیشوں میں بے روزگاری تیزی کے ساتھ بڑھ گئی اور محکمہ تجارت کے اعداد و شمار سے

بے روزگاری اور تجارت

یہ معلوم ہوا کہ برآمد و درآمد میں نامبارک طریقے سے تخفیف شروع ہو گئی[1]۔

ان مشکلات کا مقابلہ کرنے کی غرض سے حکومت نے بسرعت تمام متعدد فوری تدابیر اختیار کیے۔ ان تدابیر کی نظری صحت اور اچھائی کے متعلق تاریخ کا آخری فیصلہ خواہ کچھ بھی ہو کم از کم ان کے پیش کرنے والے اپنی مستعدی اور جرات کے لیے مستوجب تحسین و ستایش ہیں۔ ان سب کی اساس سرکاری مداخلت تھی۔ چنانچہ ہر معاملے میں یکے بعد دیگرے حکومت نے ایسی ذمہ داریوں کو جن کا بار افراد خانگی طور سے نہیں اٹھا سکتے تھے اپنے دوش پر لے لیا۔ حکومت کی پہلی مداخلت جس کا اعلان کیا گیا یہ تھی کہ حکومت نے جنگی خطرات کے خلاف بحری بیمہ کا کام اپنے ذمے کر لیا۔ چنانچہ حکومت ہر جہاز کی روانگی پر اس کے مال کی قیمت کے ۸۰ فیصد کی ضامن بنی اور ایسی شرحوں پر جو گو کافی زیادہ تھیں تاہم مالکان جہاز کی جانب سے فوراً قبول کر لی گئیں۔ یہ شرحیں جو ابتداً پانچ گنی فیصد رکھی گئی تھیں حکومت کے لیے بھی یقیناً منفعت بخش ثابت ہوئی ہوں گی، کیونکہ نقصانات ابتداً بہت ہی کم ہوئے اور حکومت ان میں بتدریج کمی کرنے کے قابل ہو گئی یہاں تک کہ ۳۱ر دسمبر ۱۹۱۴ء کو وہ گھٹ کر ایک گنی فیصد رہ گئیں[2]۔ 157

حکومت کے پیش نظر دوسرا اصل طلب سوال یہ تھا کہ ہنڈیوں کے لین دین کے رک جانے سے زر کے بازار پر اور ملک کے بنک کاری کے نظام پر جو بار پڑ رہا تھا اس کو کس طرح ہلکا کیا جائے۔ اس وقت بھی پھر حکومت نے اس دلیرانہ تجویز کے ساتھ دستگیری کو بڑھی کہ وہ بنک آف انگلینڈ کی وساطت سے ان تمام سکہاری ہوئی ہنڈیوں کو بٹہ گھروں سے لے لیگی اور ہنڈیوں کی رقم کی ادائی سے ان کو بری الذمہ

[1] دیکھو جدول (۲۰)۔

[2] فروری ۱۹۱۷ء کے بعد ان میں پھر اضافہ کر دیا گیا۔

کر دیگی ۔ دوسرے الفاظ میں وہ ان ہنڈیوں کی رقم بڑے بڑے بیداروں سے جو اکثر صورتوں میں سکھار گھر تھے وصول کرنے کا خطرہ اپنے سر لیگی چنانچہ حکومت نے ایسا ہی کیا اور بنک آف انگلینڈ مجاز کیا گیا کہ وہ شرح بنک سے دو فیصدی زائد شرح پر ان ہنڈیوں پر دوبارہ بٹہ کاٹے۔ شرح بنک آفت کی ابتدائی حالت گزر جانے کے بعد سے اسوقت تک ۵ فیصدی تھی ۔ اس طرح ۲ فیصد شرح بٹہ میں سے ۲½ فیصدی خطرات برداشت کرنے کی بنا پر بیمہ کی بڑھوتری کے طور پر سرکار کو ملتا تھا اور بقیہ ۲½ فیصد سود بنک کا حق تھا جو اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ حکومت نے ان کے نقصان کی تلافی کر دی تھی بالکل کافی تھا۔ اسوقت حکومت اپنے سر پر جو ذمہ داری لے رہی تھی اس کا اندازہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ اس کی مقدار ۳۵۰٫۰۰۰٫۰۰۰ پونڈ تک ہو سکتی تھی ۔ اور فی الواقع یہ بات اب معلوم ہوئی ہے کہ اس رقم کے ایک ثلث سے زائد رقم کی ہنڈیاں حقیقت میں بنک میں پیش ہوئیں لیکن اس کاروبار کا جو آخری نتیجہ نکلا اس سے حکومت کا طرز عمل بالکل بجا اور درست ثابت ہوا، کیونکہ جیسا کہ اندازہ سے حساب لگایا گیا، کل ہنڈیاں نہیں تو بیشتر ہنڈیاں ختم میعاد پر ادا کر دی گئیں ۔ اس میں حکومت نے ان سکھار گھروں کو قرضہ دیکر، جو حریف ملکوں کے مقیم دینداروں سے جنگ کے باعث رقوم وصول نہ کر سکتے تھے، کچھ مزید امداد کی۔

ان تدابیر پر عمل کر کے حکومت نے اصل کے ایک بہت بڑے 158
ذخیرے کو جو بالکل بند پڑا ہوا تھا باہر نکالا جس سے بنکوں اور بٹہ گھروں میں نئی جان پڑنے اور کاروبار کے از سر نو جاری ہونے کی توقع تھی۔ لیکن کاروباری دنیا کے مالی نظام کو درست کر کے اس کو اسکی اصلی اور سابقہ حالت پر لانے کے بارے میں حکومت کی جو خواہش تھی اسکو پورا کرنے میں تمام ملک کے بنکوں کا متعاقب عمل کس حد تک موثر رہا یہ امر مشتبہ ہے ۔ بہرکیف اتنا ضرور ہوا کہ بدترین مشکلات رفع

ہوگئیں اور کچھ حد تک پھر کاروبار کرنا ممکن ہوگیا اگرچہ وہ اپنی معمولی اور سابقہ حالت پر نہیں آیا۔ مہلت کا سلسلہ برائے نام سہ راکتوبر تک قائم رہا مگر اس سے پورا فائدہ بہت کم بنکوں اور چند ہی کاروباری لوگوں نے اٹھایا۔

صرافے از سر نو کھولے گئے

کاروباری دنیا کے دوسرے طبقوں کو مشکلات سے بچانے کے لیے بھی بہت جلد دوسرے تدابیر اختیار کیے گئے۔ اس طرح انجام کار تمسکات کے صرافے از سر نو کھول دیے گئے۔ لیکن ابتداً ان پر سرکار نے براہ راست اپنی نگرانی یوں قائم کی کہ قیمتوں کی اقل ترین شرح مقرر کی گئی اور دلالوں کی مدد کی گئی جن کی حالت بوجہ اس کے کہ براعظم کے اکثر دیندار وں کے ذمے ان کی کثیر رقمیں واجب الادا رہ گئی تھیں نہایت سقیم تھی۔ اسی کے ساتھ خزانۂ شاہی کی اجازت اور منظوری کے بغیر کوئی نئی کمپنی قائم کرنے یا جدید قرضہ حاصل کرنے کی قطعی ممانعت کر کے زمانۂ جنگ میں ملک کے مادی ذرائع کے استحصال پر حکومت نے جدید نگرانی قائم کی۔ دوسرے اشیا کے بازاروں مثلاً جیسے لیورپول کے پنبہ کے صرافے کے بارے میں بھی بتدریج اسی طرح کے تدابیر اختیار کیے گئے جیسے کہ تمسک کے صرافوں میں ضروری تھے۔ مثلاً حکومت کی جانب سے دلالوں کو اپنے ذمے کے مطالبات ادا کرنے کے لیے مالی امداد دی گئی۔ لیکن متعدد متعلقہ طبقوں نے جس حد تک ان سہولتوں سے استفادہ کیا اسکی وسعت حیرت انگیز طریقے پر کم ہے۔

بیرونی طلا کے سرمائے

ابتدائی زمانے میں ایک اور مشکل جس کا مقابلہ کرنا پڑا یہ تھی کہ امریکہ کے صرافے جو انگلستان کی روئی اور گیہوں کی صنعتوں سے بہت ہی قریبی تعلق رکھتے ہیں بند ہو گئے۔ امریکہ سے لندن میں سونا حاصل کرنے کی مشکل کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک نہایت عمدہ عملی تدبیر اختیار

کیگئی۔ اور وہ یہ کہ امریکہ سے اوٹاوا (کینیڈا) کو سونا منتقل کیا گیا اور کینیڈا چونکہ انگریزوں کے قبضے میں ہے اس لیے جائز طور سے یہ مان لیا گیا کہ یہ سونا بنک آف انگلینڈ میں جمع ہے۔ اس طرح امریکہ میں اس رقم کے اصلی مالکوں کو موقع ملا کہ وہ اس بنیاد پر لندن کے نام 159
ہنڈیاں جاری کریں۔ اسی قسم کا انتظام جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے لیے بھی متعاقب عمل میں لایا گیا۔

اس آفت عظیم کے حالات کی تاریخ یہاں تک بیان کرنے کے بعد اس کو چھوڑ کر ایک اور بحث کی طرف توجہ کرنا ضروری ہے جس پر غور کرنے سے ہم کو جنگ عظیم کے مزید اثرات کا حال معلوم ہوگا۔ آفت کی ابتدا مبادلات خارجہ کے نظام کی شکست سے ہوئی۔ اس شکست و انہدام کا باعث یہ تھا کہ براعظم کے بنکوں نے طلا کی صورت میں ادائی کرنے سے انکار کر دیا اور یہ بھی ایسے وقت میں جبکہ براعظم دنیا کے دوسرے حصوں کے مثل لندن کا خاص طور سے بہت بڑی حد تک مقروض تھا۔ چنانچہ اس انکار سے سخت مضر نتائج رونما ہوئے۔ مبادلات خارجہ کے بیان میں بتا دیا گیا ہے کہ جب قرضداری کی عارضی زیادتی کی بنا پر مبادلات کسی دیندار ملک کے خلاف ہو جائیں تو دیندار ملک کے واسطے آخری چارۂ کار یہ ہے کہ وہ سونے کی برآمد کر کے توازن ٹھیک کر لے۔ موجودہ حالت میں قرضے کی مقدار اس قدر زیادہ تھی کہ یہ امر مشتبہ سا تھا کہ آیا اس طریقے پر اس کو صاف کیا جا سکتا تھا۔ لیکن بہرحال براعظم کے بنکوں کا یہ عزم مصمم کہ وہ سونے کو ہرگز اپنے پاس سے جدا نہ کریں گے حالات کو فوراً نازک بنا دینے کا باعث ہوا۔ ان بنکوں کا طرز عمل ان کے اس اصول کے بالکل متہنوا اور عین مطابق تھا کہ جنگ کی ان ہی شدید عملی ضرورتوں کے پیش نظر سرمائے جوڑے جائیں، چنانچہ تمام مالی و تجارتی دنیا کو اس کا بخوبی علم تھا۔ مثلاً جرمنی کے متعلق یہ مشہور تھا کہ

اس نے جنگ کے سلسلے میں استعمال کرنے کے لیے اسپانڈو کے قلعے میں سونے کا بڑا بھاری ذخیرہ جمع کر رکھا ہے اس لحاظ سے یہ امر تعجب خیز نہ تھا کہ جب حقیقت میں جنگ شروع ہو گئی تو ریش بنک[1] نے پہلا کام یہ کیا کہ اپنے سونے کے خزانوں کو مقفل کر کے مطالبات کو سونے میں ادا کرنا یک لخت موقوف کر دیا۔ لیکن ریش بنک کا یہ طرز عمل مستحسن تھا یا مذموم اس کو انگلستان کے باشندے بھی بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ اس سے یقیناً وہی نتیجہ برآمد ہوا جس کو روکنے کی ہر بنک یا ہر حکومت کوشش کرتی ہے یعنی صورت حالات نازک ہو گئی اور ناگزیر آفت نمودار ہوئی۔ اگر اس وقت دوسری سب قومیں انگلستان کی روایتی حکمت عملی کی تقلید کرتیں اور اگرچہ بشرح اعلیٰ سود وصول کرتیں مگر آفت کے ابتدائی زمانے میں آزادی کے ساتھ سونے کا لین دین جاری رکھتیں تو طوفان تو نہ تھمتا مگر اس کا مضر اثر ضرور زائل ہو جاتا۔ یہ خیال کرنا ممکن ہے کہ جرمنی نے جو طریقہ اختیار کیا وہ پہلے سے سوچے ہوئے بغض و عناد کی بنا پر کیا۔ وہ یہ سمجھتا تھا کہ آفت کے آنے سے اس کی نسبت برطانیہ کو زیادہ نقصان پہونچیگا، کیونکہ اس کے پاس تو اسکو روکنے کے واسطے کافی بڑا ذخیرہ سونے کا موجود تھا۔ مگر اس واقعہ کی اصلیت کبھی کسی کو معلوم ہی نہیں ہو سکتی کہ کیا تھی اور کیا نہ تھی۔ اور یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا اس قسم کی تجدیدی اور خیالی بحث سے کہ واقعات کیا تھے اور حالات جداگانہ ہوتے تو کیا ہوتا اور کیا کیا جا سکتا تھا کوئی قابل قدر نتیجہ حاصل ہوگا۔ اس وقت اکثر واقعات کا بخوبی علم ہو گیا ہے جن پر جنگ ختم ہونے کے بعد بہ احتیاط غور و خوض کرنا پڑے گا تب کہیں آیندہ کے مالی نظام کی رہبری کے لیے ان سے عملی سبق حاصل ہوگا۔ سر دست تو 160

---

[1] (Reichs bank) جرمنی کا سرکاری مرکزی بنک۔

توازن تجارت

دیکھنا ہے کہ اس مالی نظام پر دوران جنگ کے مزید اثرات کہاں تک پڑے۔ اور اس موضوع پر بحث کرنے سے قبل ایک اور مسئلہ یعنی توازن تجارت پر غور کرنا ضروری ہے جو، جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں، مبادلات خارجہ کی کل بحث کی اساسی بنیاد ہے۔ کیونکہ جب بین الاقوامی تجارت میں کسی ملک کی درآمد و برآمد میں ذرا سا بھی فرق واقع ہوتا ہے تو اس فرق کو رفع کرنے کا یا دوسرے الفاظ میں ہر ملک کی تجارت میں معمولی توازن قائم کرنے کا ذریعہ مبادلات خارجہ ہے۔ لیکن جنگ نے نہ صرف حریف قوموں کی تجارت کے توازن کو بلکہ دنیا کے سب غیر جانبدار ملکوں کی تجارت کے توازن کو تہ و بالا کر ڈالا، اثنائے جنگ کے سب مالی سوالات توازن تجارت کے اس ایک سوال سے وابستہ ہیں۔ پس جنگ کے ان دوسرے اثرات پر پوری طرح غور کرنے سے قبل نظریۂ توازن تجارت کی تفصیلی جانچ کرنا ضروری ہے۔

حوالہ جات

Bagehot; Lombard Street

Wi hers: The War and the Lombard Street

Withers: International Finance

Official Volumes; Emergency Legislation

تیرھواں باب

161

نظریۂ مقدارِ زر کی تنقیح

(۱)۔ کیا یہ نظریہ جنگ سے قبل صحیح تھا؟ (۲) پیونے کی رسد اور قیمتیں (۳)۔ قیمتوں پر رسد کا اثر۔ (۴)۔ زر کی سب قسمیں اور اعتبار۔ (۵) پیونے پر اعتبار کا دار و مدار۔ (۶) جنگ کا تجربہ۔ (۷) قیمتوں کے اضافے کے اسباب۔ (۸)۔ زر کا غذی۔ (۹)۔ اعتبار کا انتفاخ۔

ہم نے جس سوال سے ابتدا کی تھی اور جس سوال کو پچھلی بحثوں کے دوران میں حل کرنے کی کوشش کی تھی اب وقت آگیا ہے کہ اس کی طرف یہاں دوبارہ متوجہ ہوں۔ سوال یہ ہے کہ کیا نظریۂ مقدارِ زر صحیح ہے؟ کیا قیمتوں کی عام سطح کا تعین زر کی اس مقدار کی بنا پر ہوتا ہے جو ملک میں رائج ہوتی ہے؟ کیا قیمتوں کا اضافہ یا ان کی تخفیف سونے کی مجموعی مقدار پر یا صرف اس مقدار پر موقوف ہے جو بطور زر استعمال ہوتا ہے؟ اس کو حل کرنیکے واسطے ظاہری حالات و واقعات کا پہلے تبصرہ کرنا اور یہ دیکھنا کہ ان واقعات سے نظریئے کی صداقت کا کافی ثبوت ملتا ہے یا نہیں، مفید و موزون طریقہ ہوگا۔ ضمیمہ کی پہلی، اور پانچویں جدول میں اسکے متعلق ضروری

مواد موجود ہے۔ پہلی جدول سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۴۹۳ء کے بعد سے ہر سال دنیا کی کانوں سے کسقدر سونا برآمد ہوا اور اس کی مجموعی مقدار وقتاً فوقتاً کیا رہی اور پانچویں جدول سے ۱۷۹۲ء سے اب تک کے انڈکس نمبر معلوم ہوتے ہیں۔ ان دونوں جدولوں کے اعداد و شمار کو ایک ساتھ ملا کر دیکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ایک مرسوم پر ان شکلوں کی دو قطاریں پہلو بہ پہلو بنائی جائیں[1] اور واقعات کو اس شکل میں مرتب کر کے دیکھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ موجودہ زمانے میں دونوں کے درمیان باہمی تناسب اور اتصال سبھی بڑی حد تک موجود ہے۔ چنانچہ انیسویں صدی کے پانچویں عشرے کے ابتدائی حصے میں جب کیلی فورنیا اور آسٹریلیا کے کانوں سے کثیر مقدار میں سونا برآمد ہوا تو دنیا میں ہر جگہ قیمتیں اتنی سطح سے نمایاں طور پر بڑھ گئیں۔ ۱۸۷۳ء کے بعد سے قیمتوں میں جو عظیم الشان تخفیف ہوئی اسکی تشریح پہلے کی جا چکی ہے کہ اسکا باعث یہ واقعہ تھا کہ اس تاریخ سے بیشتر تک تمام دنیا میں سونے اور چاندی کے زر کی مشترکہ رسد بطور زر قانونی دستیاب ہو سکتی تھی لیکن اب اسی رسد میں چاندی کا سکہ ہر جگہ رواج سے خارج ہو جانیکی وجہ سے دفعتہً قلت نمودار ہوئی۔ معیاری سکے کی عالمگیر طلب کا بار اسطرح محض سونے پر پڑ گیا۔ اور چونکہ سونے کی رسد زر کی کل طلب کو پورا کرنیکے لئے ناکافی تھی اور خاصکر چونکہ تمام اقطاع عالم میں ہر قسم کی تجارت و صنعت کی توسیع و ترقی کی وجہ سے زر کی اس طلب میں مزید اضافہ ہو گیا تھا، لہذا زر کے اس کام کو انجام دینے کے لیے زر کی رسد بالکل ناکافی ثابت ہوئی۔ چنانچہ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۸۷۳ء تا ۱۸۹۶ء میں قیمتوں کی تخفیف رونما ہوئی۔

۱۸۹۶ء سے

۱۸۹۶ء میں جو کایا پلٹی اور قیمتوں میں جو نمایاں اضافہ ہوا جس کا سلسلہ تقریباً بلا رکاوٹ اب تک قائم ہے،

[1] دیکھو نقشہ (۳)۔

وہ جنوبی افریقہ اور کلانڈائک وغیرہ سے برآمد شدہ سونے کی تازہ رسد کے اضافہ سے تطابق رکھتا ہے۔ پھر ۱۹۰۱ء سے ۱۹۱۳ء کی قلیل مدت میں قیمتوں کی سطح کے گھٹ جانے کا سبب یہ تھا کہ جنگ بوئر کے زمانے میں جنوبی افریقہ کی کانوں سے سونے کی برآمد عارضی طور سے موقوف ہوگئی تھی۔

اس طرح یہ واقعات کم از کم دنیا کے سونے کی مجموعی رسد اور قیمتوں کی عام سطح کے نمایاں تطابق اور باہمی تعلق کو واضح کرنے کے لیے کافی ہیں، اور ان کو غالباً بالکل اطمینان بخش اور قطعی تصور کر لیا جاتا بشرطیکہ اس واقعے پر نظر کرتے ہوئے جسے گزشتہ بابوں میں بیان کیا جا چکا ہے کہ نہ صرف فی نفسہ سونا بلکہ حقیقتاً ہر قسم کا زر بھی دنیا کے عظیم المقدار مالی معاملات کو انجام دینے کے لیے بہت ہی قلیل المقدار حصہ لیتا ہے، سونے کے مفروضہ تفوق کو تسلیم کرنے کی دقت نہ ہوتی۔ یہ یقین کرنا مشکل ہے کہ سونے کی سونے کے بغیر کاروبار انتہائی قلیل مقدار اس قدر قوی اثر رکھ سکتی ہے جس کا بظاہر نظریہ مقتضی معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً برطانیہ عظمیٰ کے تمام زر کے کاروبار کے منجملہ جتنا عظیم المقدار حصہ سونے کے استعمال کے بغیر یعنی زر کا ایک حبہ لئے دیے بغیر اور محض چیکوں وغیرہ کے استعمال کے ذریعے سے انجام پاتا ہے اس کے اعداد حساب گھر کی سالانہ فرد حساب میں ظاہر کئے جا چکے ہیں یعنی اکیس ارب پونڈ کی مالیت زر کا کاروبار کوئی ساورن لیے دیے بغیر ہر سال انجام پاتا ہے، اور ملک کے سونے کے سکوں کی کل رسد غالباً اس مجموعے کے $\frac{1}{100}$ حصے سے بمشکل زائد ہے۔ اگر ان سب طلائی سکوں میں ملک کے کل زر علامتی اور نوٹوں کی مقدار بھی شریک کر لی جائے تو بھی ان سب کی مجموعی مقدار دوسری قسم کے اس زر کی مقدار کے مقابلے میں بہت ہی کم 163
ہوگی جس کی نمائندگی ملک کے بنکوں میں جمع شدہ امانتوں سے ہوتی ہے اور جس کی مقدار اب دو ارب پونڈ سے زائد ہے

پھر بھی اس استدلال کا جواب پچھلے متصل بابوں میں موجود ہے

جن میں زر کے بازار اور مالی آفت کی نوعیت پر بحث کی گئی ہے۔ ان بابوں کے استدلال کا رجحان تمام و کمال دنیا کے زر کے بازار کی نمایاں طور سے مرکزی نوعیت و خصوصیت کو واضح کرنے کی جانب ہے کہ کس طرح لندن کا زر کا بازار حقیقی مفہوم کے لحاظ سے دنیا کے مالی نظام کا مرکز ہے، لندن کے زر کے بازار کا مرکز و محور بنک آف انگلینڈ ہے اور بنک آف انگلینڈ کا کل نظام بنک کے سرمایۂ محفوظ کی نگرانی اور انتظام میں مرتکز ہوتا ہے۔ سرمایۂ محفوظ، جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے، لندن کے زر کے بازار کا مالی بار پیما ہے، اور شرح بنک کی کمی بیشی کے ذریعے سے سرمائے میں اضافہ اور تخفیف کر کے بہت خاصی حد تک زر کی قدر نہ صرف لندن میں بلکہ دنیا کے دوسرے زر کے بازاروں میں بھی متعین کی جاتی ہے اور اس طرح وہ تمام دنیا میں سونے کی نقل پذیری کو متعین کرتا ہے۔ اس لحاظ سے بنک آف انگلینڈ کا سرمایۂ محفوظ تمام مالی دنیا کا ہمیشہ مطمح نظر بنا رہتا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہ سرمایہ کس چیز پر مشتمل ہے؟ اس میں سونا ہے اور اگرچہ اس کی کل مقدار بہت ہی کم ہے تاہم اس کی اہمیت سونے کے تناسب سے کہیں زیادہ بڑھی ہوئی ہے کیونکہ یہی دنیا کے سونے کی سب سے زیادہ آزاد رسد ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے مجموعی سونے کی رسد کا بڑا حصہ اسی سرمایۂ محفوظ سے ہو کر گزرتا ہے۔

اس بنا پر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ سونے کا یہ چھوٹا سا مرکزی خزانہ حقیقت میں عجیب و غریب طریقہ پر تمام عالم کے سونے کی مجموعی رسد کا انتظام کرنے والا عامل بنا ہوا ہے اور اس طرح بالواسطہ تمام عالم کے اعتبار کی کل مقدار کو بھی متعین کرتا ہے جو ہر ملک میں کم و بیش براہ راست طلا کے سرمایۂ محفوظ

پر کسی نہ کسی شکل میں مبنی ہوتا ہے۔ یہ امر بظاہر ناقابل یقین معلوم ہوتا ہے کہ اس زر کی اتنقدر قلیل مقدار کا پورے اعتباری نظام پر اسقدر قوی اثر پڑتا ہوگا لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ قلیل مقدار اپنے تناسب سے بہت زیادہ قوی اثر ڈالتی ہے اور اس کی وجہ یہی ہے کہ خاصکر لندن کے اور عام طور پر ساری دنیا کے اعتباری نظام کا مرکز محفوظ سرمایۂ طلا ہے۔ یہ محفوظ سرمایۂ طلا اعتباری نظام کے مقابلے میں گویا بوتل کی تنگ گردن کے مثل ہے جس میں سے ہوکر گزرنا اعتبار کیلئے ناگزیر ہے۔ ایک ایسے بالکلیہ مختلف نظام کا تصور آسانی کے ساتھ کیا جاسکتا ہے جس میں اعتبار کی توسیع و تخفیف بالکل جداگانہ طریق انتظام کے تابع ہو۔ چنانچہ اثنائے جنگ میں اس قسم کے نظام کا تجربہ ہوا، لیکن سردست یہ واقعہ بدستور قائم رہتا ہے کہ جنگ سے پیشتر ہمارے اعتباری نظام کا انتظام اسی طریق پر کیا جاتا تھا اور یہ امر خود اس بات کی توجیہ کرنے کے لیے کافی ہے کہ کل اعتباری نظام پر اور اس طرح قیمتوں کی عام سطح پر سونے کی رسد کا اثر بالواسطہ کیا پڑتا ہے۔ پس ہم بلا تامل کہہ سکتے ہیں کہ جہاں تک جنگ سے قبل کی مالی دنیا کے معمولی حالات کا تعلق تھا وہاں تک نظریۂ مقدار زر کی صداقت پورے طور سے ثابت ہوگئی۔

گو اب نظریئے کی اساسی حقیقت کو ایک امر مسلمہ تصور کیا جاسکتا ہے، لیکن یہ خیال کرنا بہت بڑی غلطی ہوگی کہ کسی قسم کے حالات پر بھی اس نظریئے کو کسی معین یا صحیح طریقے پر اس طرح منطبق کیا جاسکتا ہے کہ اس کی بنا پر ہم اس قابل ہوسکیں کہ سونے کی رسد کی کسی خاص تبدیلی کے متوقعہ نتائج کے بارے میں مقداری حیثیت سے اصول مرتب کریں۔

مقداری اطلاق ناممکن ہے

اس نظام کی کل بحث کا میلان یہ ثابت کرنے کی جانب رہا ہے کہ قیمتوں کی عام سطح پر سونے کی رسد کی کسی مقررہ تبدیلی کا جو اثر پڑتا ہے اس میں ترمیم کرنے والے اثرات اس قدر غیر معمولی طور سے پیچیدہ ہیں کہ نظریئے کو عام طور سے

سب حالات پر منطبق کرنے کی کوششیں تقریباً لازمی طور سے تحصیل حاصل کا مصداق رہینگی۔ مسئلے میں ایسے عاملین اور اسباب بکثرت ہیں جو نظریئے کے مقررہ نتیجے میں خلل انداز ہو سکتے اور اپنے نتائج کے اعتبار سے اس کو دور پھینک سکتے ہیں حتیٰ کہ مثلاً یہ پیشین گوئی کرنے کی کوشش کہ قیمتوں پر سونے کی رسد کے اضافے کی کسی خاص شرح کا کیا اثر ہوگا تقریباً یقینی طور سے ناکام ثابت ہوگی۔ اگر اتفاق سے نشانہ صحیح بھی لگا تو بھی خوش قسمتی سے اٹکل یا اندازہ صحیح ثابت ہو جانے کے سوائے کسی اور دعوے کا حق نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کہ اول تو اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ سونے کی سالانہ پیداوار کے مہیا کردہ اعداد و شمار بالکل صحیح ہیں، دنیا کے سونے کی مجموعی رسد کا ٹھیک ٹھیک اندازہ قائم کرنا تقریباً ناممکن ہے، اس لیے کہ پہلا سوال یہ ہے کہ کل پیدا کردہ سونے یا مسکوک سونے کی مقدار پر نظریئے کے عمل کا کس حد تک انحصار و مدار ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ سرمایۂ محفوظ میں نہ صرف غیر مسکوک سونا ہے بلکہ ہر قسم کا مسکوک سونا بھی شامل ہے، چنانچہ نہ تو اس کو کسی طرح امر مسلمہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ صرف دنیا کے سونے کی سالانہ پیداوار کی وہ مقدار نفس معاملہ پر اثر انداز ہوتی ہے جس کے سکے ڈھالے جاتے ہیں، اور نہ اس کے برخلاف اسکو صحیح مانا جا سکتا ہے کہ سونے کی تمام رسد کا نفس معاملہ سے تعلق ہے بلا لحاظ اس امر کے کہ تکنیک کے اغراض کے علاوہ دوسرے اغراض کیلئے اس رسد کا کتنا جزو استعمال کیا جاتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ 165
چونکہ کل دنیا کے طلا کی رسد معمولی پیداوار کی فصل کے مانند نہیں ہے

پیمائش کی مشکلات

بلکہ ایک ذخیرہ ہے اس لیے طلا کی سالانہ برآمد میں تبدیلی ہونے سے دنیا کے طلائی سکوں کی مجموعی مروجہ مقدار پر جو اثر پڑے گا اس کے بارے میں کوئی اصول قائم کرنا ناممکن ہے۔

زر علامتی

پھر یہ معلوم کرنا مشکل ہے کہ کسی ملک کے سونے کی کل مقدار پر

مروجہ زر علامتی کی کل مقدار کا کس حد تک اثر پڑ سکتا ہے۔ مثلاً اگر ملک کے باشندوں پر کچھ مدت کے لئے پہلے کی نسبت واجب الادا رقوم کے ادا کرنے میں زیادہ چاندی استعمال کرنے کی دھن سوار ہو تو اس سے سونے کی بہت بڑی مقدار دوسرے اغراض کے لیے بچ رہیگی۔ اسی طرح نوٹوں کے استعمال کا نتیجہ ہوگا۔ بجائے سونے کو استعمال کرنے کے چھوٹی چھوٹی رقموں کے نوٹ بکثرت استعمال میں آنے لگیں تو اس کا ایسا ہی اثر ہوگا جیسا کہ سونے کی مقدار میں اضافہ ہونے سے ہوتا ہے۔ چنانچہ جنگ سے قبل اسکاٹ لینڈ میں بڑے بڑے کارخانوں میں مزدوروں کی اجرت ادا کرنے کا جو طریقہ تھا اس میں بتدریج عجیب و غریب طریقے سے تبدیلی ہوتی جا رہی تھی۔ قدیم زمانے میں یہ دستور تھا کہ ہر مزدور کی اجرت یا تنخواہ ایک لفافے میں بند کر کے دیجاتی تھی لفافے میں ایک پونڈ کا نوٹ رکھ دیا جاتا تھا اور بقیہ کسور شلنگ اور تانبے کے سکوں میں دیے جاتے تھے۔ لیکن

نوٹ حال حال میں ٹین کے چھوٹے ڈبوں میں جو قالب میں نصب کیے جاتے تھے، تنخواہ رکھنے کا طریقہ مروج ہو گیا اور اس میں بجائے ایک پونڈ کے نوٹ کے ایک طلائی ساورن رکھنے میں سہولت ہو گئی۔ ایسی جماعت کے عادات کے بارے میں جو ہر ہفتے کثیر المقدار زر استعمال کرتی ہے یہ بے شک ایک معمولی سے تبدیلی ہے مگر اس کے معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ معمولی زر کے اغراض کے لیے سونے کی طلب میں موثر طریقے سے تبدیلی ہو جائے۔

اعتبار علاوہ ازیں کسی خاص وقت سونے کی بنیاد پر اعتبار کی جو عمارت قایم ہو اس کی وسعت کا صحت کے ساتھ اندازہ کرنا ناممکن ہے۔ جو کچھ اعداد مل سکتے ہیں وہ صرف بنک کی امانتوں اور حساب گھر کے کاروبار کی مقدار سے دستیاب ہوتے ہیں لیکن یہ جیسا کہ عنقریب بیان ہوگا کسی حال اعتبار کی حالت

کا صحیح مقداری اشاریہ نہیں ہے۔

زر کا کام

آخر میں کسی خاص وقت ملک میں زر کی طلب یا ضرورت کی وسعت کا قرین صحت اندازہ قائم کرنا ناممکن ہے۔ اس کا انحصار نہ صرف ہر قسم کے ان اشیا پر ہے جو ملک میں تیار کئے جاتے ہیں بلکہ ان مبادلات 165
کی تعداد پر بھی ہے۔ جو ان اشیا کو تیار کرنے والوں کے پاس سے آخری صرف کرنے والوں کے پاس پہونچانے میں لازمی طور سے انجام دیئے جاتے ہیں۔ اور ان دونوں کی پیمائش تقریباً ناممکن ہے۔

پس جیسا کہ بعض مصنفین نے کیا ہے، نظریۂ مقدار زر کو ایک معینہ مساوات کی صورت میں بیان کرنے اور پھر حقیقی عددی پیمائشوں سے اس مساوات کے مختلف عاملین یا اجزائے ضربی کی خانہ پری کرنے کی کوشش کرنا بظاہر نظریۂ مقدار زر پر اس کے عملی اطلاق کی استعداد سے زیادہ بار ڈالنا ہے۔ یہ کوشش اس کے سوا کہ قیمتوں پر سونے کی رسد کے کسی مقررہ اضافے کا جو اثر پڑتا ہے اس کو مظنون اور مبہم طریقے پر ظاہر کرے اور کچھ نہیں کر سکتی۔ یہ نظریہ، دیگر معاشی قوانین کے مثل محض ایک رجحان کو بیان کرتا ہے اور اس کی مقداری پیمائش تقریباً ناممکن ہے۔

زمانۂ جنگ کی قیمتیں

اس کے بعد یہ سوال پیدا ہونا ضروری ہے کہ آیا نظریۂ زر جنگ کے زمانے کے تجربے کا اثر اس کی تصدیق کی صورت میں ہوا یا تکذیب کی صورت میں؟ اس میں شک نہیں کہ جنگ کے زمانے کے واقعات کافی طور سے نمایاں خصوصیات رکھتے ہیں اور بادی النظر میں وہ کسی ایسی توجیہ و تاویل کی بالکل قابلیت نہیں رکھتے جو نظریئے سے کم از کم ہم آہنگی یا تطابق رکھتی ہو۔ کیونکہ واقعات، جیسا کہ ضمیمے کے جدول (۶) سے معلوم ہوگا، یہ ہیں کہ جنگ کے بعد سے قیمتوں کی عام سطح بحالت موجودہ عدیم النظیر طریقے پر بڑھ گئی ہے، اور اس کے برخلاف سونے کی

پیداوار کی مقدار جتنی جنگ سے پیشتر تھی اتنی ہی اب ہے، زمانۂ جنگ میں قیمتوں میں اسقدر غیر معمولی اضافہ ہوا کہ ۱۹۱۸ء کا انڈکس نمبر ان تمام انڈکس نمبروں سے بڑا تھا جو اس سے پیشتر کے زمانے میں ۱۷۸۲ء کے بعد سے مرتب کئے گئے تھے۔ حتیٰ کہ جنگ نپولین میں بھی انڈکس نمبر اسقدر اوپر نہیں گیا تھا۔[1]

بدیہی اسباب یہ بالکل بدیہی ہے کہ اس اضافے کے بڑے جزو کی توجیہ و تشریح کے لیے رسد زر کے کسی نظریئے کی جانب رُخ کرنے کی ضرورت نہیں۔ راست اسباب بالکل صاف طور سے نظر آتے ہیں، مثلاً اشیائے خام کے مصارف روز بڑھ رہے ہیں، جن کا باعث ایک حد تک مصارف نقل و حمل کی اعلیٰ شرحیں ہیں جو مال کے کم مقدار میں ڈھونے جانے کی وجہ سے عام ہوگئی ہیں۔ اور یہ چیز نہ صرف بحری نقل و حمل کے لیے صادق آتی ہے بلکہ بری نقل و حمل کی حد تک بھی پائی جاتی ہے۔ پھر تحت البحر کشتیوں کے خطرے باعث بحری بیمہ کے مصارف میں خاصا اضافہ ہو گیا ہے اور دوسری طرف بعض علاقوں میں ہوائی حملوں کے خطرے نے بھی زمین پر آتشزدگی کے بیمہ کے مصارف بھی اسی طرح لازمی طور سے کسی حد تک بڑھا دئیے ہوں گے۔ لیکن اکثر صورتوں میں مصارف کی 167
زیادتی کا سب سے بڑا عنصر مصارف محنت رہا ہے، ہر قسم کی اُجرتوں میں نمایاں طور سے اضافہ ہوگیا ہے۔ اور اس اضافۂ قیمت کا اثر ان اشیا کی قیمت پر پڑنا لازمی ہے جن کے مصارف پیدائش میں مزدوروں کی محنت کا بڑا تناسب شامل ہوتا ہے۔ پھر شرح سود میں بھی باغراض قرضۂ جنگ اصل کی طلب بہت بڑھ جانے کے باعث اضافہ ہو رہا ہے۔ چنانچہ اس کا اثر اس اعلیٰ شرح سود میں بھی ظاہر ہو رہا ہے جو صنعتی جماعتوں کو کوئی نیا

---

[1] دیکھو ضمیمۂ جدول (۵)

اصل مستعار حاصل کرنیکی صورت میں ادا کرنی پڑی۔ اس کے برعکس کوٹھی کے کاروبار کی سہولتیں جیسی کہ معمولی زمانے میں بنک مہیا کرتے تھے ان کے مصارف بھی اس طریقے سے بڑھ گئے ہیں۔ اصل کے مصارف کے اس اضافے کا اثر تمام مشینوں اور کلوں کے مصارف پر بھی پڑا اس لیے کہ ان کی تیاری کے لیے بھی پہلے کے مقابلے میں بہت اعلیٰ شرح سود ادا کرنی پڑی۔ مزید برآں اس میں بہت کم شبہ کی گنجائش ہے کہ اکثر صورتوں میں خاص خاص اشیا کی قیمتوں میں محض اس وجہ سے غیر معمولی طور سے اضافہ ہو گیا کہ ان کی رسد قلیل المقدار تھی۔ ممکن ہے کہ بحیثیت مجموعی اشیا کی اصلی قلت اضافۂ قیمت کی ذمہ دار نہ رہی ہو۔ لیکن موجودہ جنگ عظیم کے مثل وسیع اور عالمگیر جنگ کے حالات کے تحت ایسی مثالیں ملنا بعید از امکان بھی نہیں ہے کیونکہ ان حالات میں کم از کم قلیل مدت کے لیے کسی خاص شئی کی رسد ناگزیر ختم ہو جاتی ہے اور جس پیدا کنندہ یا تاجر کے پاس حسن اتفاق اور خوش قسمتی سے اس کا اچھا خاصا ذخیرہ موجود ہو اس کی قیمت اپنے حسب دلخواہ وصول کر سکتا ہے، یا کم از کم وہ اعلیٰ ترین قیمت وصول کر سکتا ہے جس کی ادا کرنے کی صلاحیت اس کی دانست میں اسکے گاہکوں میں موجود ہو۔ اور اگرچہ ایسی مثالیں جتنی زیادہ عام طور سے خیال کی جاتی ہیں غالباً اس سے بہت کم ہیں، پھر بھی یہ یقین ہے کہ قیمتوں کی عام سطح کو بڑھانے میں ان کا کوئی حقیر حصہ نہیں رہا ہے۔

اضافۂ قیمت کے ان مقابلتہً بدیہی اسباب کے قطع نظر دوسرے اسباب کے بارے میں متعدد نظریئے مروج ہیں اور ان سب کو نظریۂ مقدار زر محیط ہے۔ مثلاً عام طور سے یہ بیان کیا جاتا ہے کہ قیمتوں کے اضافے کا باعث اصل میں زر کاغذ کا زائد اجرا اور اعتبار کا حد سے زیادہ انتفاخ ہے جو قرضہ جات جنگ اور ہنڈیات خزانہ وغیرہ کے اجرا کی شکل میں حکومت کے اپنے جنگی ضرورتوں کے پورا

کرنے کے سلسلے میں رونما ہوا تھا۔

ان میں سے پہلے نظریئے کو مقابلتہً بہت آسانی کے ساتھ مسترد کیا جاسکتا ہے۔ اول تو واقعات سے جو ضمیمے کے جدول (۷) میں بیان کیے گئے ہیں یہ ثابت ہوتا ہے کہ کاغذی زر کے جاری کرنے سے زر کی مقداریں جو مجموعی اضافہ ہوا وہ ۱۹۱۸ء کے ختم تک بہ مشکل ۳۰ کروڑ پونڈ تھا۔ یہ بھی یاد رکھنا ضروری ہے کہ خزانے کے نوٹ بہت بڑی تعداد میں باہر چلے گئے ہیں۔ جبل الطارق[1] سے مشرق کی جانب ہر بندرگاہ میں اور غالباً ہر اس مقام پر جہاں ساورن استعمال ہوا کرتا تھا ان نوٹوں کا رواج عام طور سے پایا جاتا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ایک مدت تک مصر میں نوٹوں کی بھرمار تھی، اور بجائے مقامی سکے کے جو کمیاب تھے یہی نوٹ رائج تھے۔ لیکن ان سب نوٹوں کی رقموں کو یکجا کرکے دیکھنے پر بھی نوٹوں کی اتنی کافی کثرت ظاہر نہیں ہوتی کہ موجودہ حالت میں زر کی زیادتی مان لی جاسکے۔ اس کے دو سبب تھے۔ ایک تو یہ کہ جنگ کے حالات ہر لحاظ سے عجیب وغریب ونادرالوجود ہوتے ہیں، چنانچہ یہ ممکن ہے کہ تغیرات کا ایک اثر یہ ہوا ہو کہ سابق کے مقابلے میں لوگوں نے زر کا استعمال کسی نہ کسی شکل میں زیادہ کثیر مقداروں میں کیا ہو۔ مثلاً فوجی ضرورتوں کی بنا پر ملک میں حقیقی زر کی بہت کثیر مقدار کا گردش کرنا ضروری تھا۔ پھر اجرتیں بڑھ گئی ہیں، اور کہا جاتا ہے کہ بری وبحری سپاہیوں کے اعزہ اور لاحقین کو بقدر ۸ کروڑ پونڈ سالانہ جدائی کا الاؤنس دیا جاتا ہے مزدور پیشہ طبقے مقابلتہً بہت زیادہ آمدنی کما اور خرچ کر رہے ہیں، اور وہ اپنے ہاتھوں میں عدیم النظیر طریقے پر پہلے کے مقابلے میں بہت زیادہ زر پا رہے ہیں۔ لیکن یہ

زائد زر کی ضرورتیں

168

---

[1] (Gibralter)

طبقے بنکوں میں حساب کتاب نہیں رکھتے۔ زر کی شکل میں ان کے جتنے معاملات ہوتے ہیں وہ بصورت نقد زر طے پاتے ہیں۔ اس طرح پہلے کے مقابلے میں اب ملک میں زر کی بہت ہی کثیر مقدار مطلوب ہے۔ آخر میں یہ یقین کرنا مشکل معلوم ہوتا ہے کہ زر کاغذ کے زائد اجرا کے باعث (جس کے معنی زر کاغذ کی قدر کی کمی کے ہیں) قیمتوں میں کوئی نمایاں اضافہ عوام کے زر کاغذ پر طلا کو ترجیح دینے کے میلان کے بغیر ہو سکتا ہے اور اس قسم کے میلان کی علامتیں اندرون و بیرون ملک بالکل مفقود ہیں زر کاغذ قطعی طور سے ثابت القدر رہا ہے اور یہ امر اس اساسی واقعے پر نظر کرتے ہوئے کہ خزانے کے نوٹ آخری چارہ کار کے طور پر بنک آف انگلینڈ میں بصورت طلا نقد پذیر ہیں قابل تعجب نہیں اگرچہ معقول اور محب وطن اشخاص نے ان نوٹوں کو نقد سے مبدل کرنے کی بہت کم خواہش ظاہر کی بلکہ کم از کم اثنائے جنگ میں سونا استعمال کرنے کی عادت کو بالکلیہ ترک کر دیا ہے۔

پس یہ خیال کہ قیمتوں کے اضافے کا باعث براہ راست زر کاغذ 169
کا حد سے زیادہ اجرا ہے غیر مسلم الثبوت تصور کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس دوسرے نظریئے کا رد کرنا اس قدر آسان نہیں ہے کہ اضافۂ قیمت کا باعث بڑی حد تک ان طریقوں سے اعتبار کا انتفاخ ہے جو کسی نہ کسی صورت سے سرکاری مالیات سے وابستہ ہیں، اگرچہ ایسی صورتیں بہت واضح طور سے بیان نہیں کی جاتیں۔ یہاں بھی واقعات میں استدلال کی تائید کا میلان پایا جاتا ہے اس لئے کہ جیسا کہ ضمیمہ کے جدول (۹) الف سے ظاہر ہوگا آغاز جنگ کے بعد سے برطانوی بنکوں میں امانتی رقوم کی مقداریں اضافہ ہو گیا ہے چنانچہ ۱۹۱۳ء میں یہ مقدار ایک ارب دس کروڑ چالیس لاکھ پونڈ تھی اور ۱۹۱۸ء میں وہ بڑھ کر دو ارب سولہ کروڑ دس لاکھ پونڈ ہو گئی۔ فی نفسہٖ یہی واقعہ لازمی طور سے اعتباری ہولتوں کی ایسی زیادتی

اعتبار کا انتفاخ

سے تعلق نہیں رکھتا جس کو انتفاخ سے تعبیر کیا جاسکے۔ لیکن کہا یہ جاتا ہے کہ ممکن ہے کہ دو صورتوں سے یہ انتفاخ رونما ہوا ہو۔ اول تو یہ کہ جب حکومت نے بازار سے ان تمام سکہار ہی ہوئی ہنڈیوں کو نکالکر جو جنگ کے باعث ادا نہیں کیگئی تھیں اور اس کے بعد ہی ذمہ دار فریقوں کو اس قابل بناکر کہ وہ اپنے ذمہ کے واجب الادا رقوم ادا کرنے کے لیے زر حاصل کرسکیں، مالی معاملات میں مداخلت کی اور مالی نظام کی کل کے چلنے میں جو مزاحمتیں پیدا ہوگئی تھیں انھیں ہٹانے کی کوشش کی تو وہ یقیناً یہ امتیاز و تفریق نکرسکی کہ ایسی کتنی ہنڈیاں تھیں جنھیں دیندار مدت معینہ کے ختم پر پوری طرح ادا کردیتے اور ایسی ہنڈیاں کتنی تھیں جو معمولی مدت کے گزرنے پر ادا نہ کی جاتیں۔ اس لیے کہ ان ہنڈیوں کی نوعیت ہی ایسی ہے جیسی کہ کوٹھی کی ہنڈیوں کی۔ یعنی مدت معینہ کے ختم ہونے پر بھی ان کی وقتاً فوقتاً تجدید ہوتی رہتی ہے، گویا وہ ہنڈی کے قابض یا حامل کی جانب سے دوسرے فریق یا فریقوں کو دئیے ہوئے قرضے کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس طرح اس میں کوئی شبہ نہیں کہ بیرونی بنکوں کے کاروبار کا بیشتر حصہ (مثلاً مصر میں) ایسی ہی ہنڈیوں کے ذریعے سے کم و بیش مستقل طور سے انجام پاتا رہا اور ۱۹۱۱ء میں بنک آف ایجپٹ[1] کے دیوالیہ ہوجانیکا باعث ہی یہ تھا کہ یہ بنک ان ہنڈیوں کی تجدید سے قاصر رہے۔ لیکن جب یہ ہنڈیاں سرکاری اعانت سے ۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۵ء میں ادا کردی گئیں تو اس سے یہ فائدہ ہوا کہ زر کے بازار کو کاروبار کرنے کے لیے سابق کے مقابلے میں زیادہ زر ہاتھ آگیا۔ اس بارے میں کم از کم نظری

بٹہ کا بازار

[1] Bank of Egypt

توجیہ تو یہی ہے۔

پھر حکومت کی مالی اعانت نے زائد اعتبار کی بافراط تخلیق میں جو ممکنہ حصہ لیا اس کی دوسری صورت بھی ہے۔ چوکثیر المقدار جنگی قرضے لیے جا چکے ہیں اور جتنے ہنڈیات خزانہ اور خزانے کے تمسک جاری کئے
170 گئے ہیں ان سے یقیناً یہ مطلب لیا جا سکتا ہے کہ اعلیٰ درجے کے ایسے تمسکات کثیر مقدار میں جاری کئے **جنگی تمسکات** گئے جن کی بنیاد پر بہت سہولت کے ساتھ زر بطور قرض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ جب کسی شخص نے ایسے تمسکات لے لئے یعنی حکومت کو روپیہ قرض دیا جسے حکومت نے بلا شبہ جنگی اغراض کے لیے خرچ کر دیا تو بعد میں چلکر خود اس شخص کو اپنے ذاتی کاروباری اغراض کے لیے روپیہ حاصل کرنیکی ضرورت غالباً عارضی طور سے پیش آتی ہے اور ایسی صورت میں وہ اسکے سوا اور کچھ نہیں کر سکتا کہ اپنی تجوری یا صندوقچے سے جنگی قرضے کے صداقت نامے باہر نکالے اور انھیں اپنے ساہوکار کے پاس رہن یا مکفول کرائے تاکہ اس کو انکی پوری رقم یا ان کا بیشتر حصہ ملسکے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ اس طرح ان تمسکات کی تخلیق نے ملک کے قابل دادوستد اعتبار کی مقدار میں اضافہ کر دیا ہے کم از کم اس حد تک جس حد تک ان سے کام لینے کے ایسے طریقے کو اختیار کیا گیا ہو۔ لیکن اس مقدار کی پیمائش ناممکن ہے۔ برطانیہ میں غالباً اسکی مقدار مقابلۃً قلیل ہے، اگرچہ جرمنی میں جنگی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے خود وہاں کی حکومت نے ایسے عملی اور فوری مالی تدابیر بہت بڑی حد تک اختیار کئے[1]

[1] ۔ انتفاخ کے بارے میں ایک اور استدلال یہ ہے کہ خود بنکوں نے جنگی قرضوں کے تمسکات میں اپنا کثیر المقدار اصل مصروف کیا، چنانچہ اسکی تفصیل رسالہ اکنامسٹ کے بنکنگ نمبر مورخہ ۲۱ اکتوبر ۱۹۱۶ء میں ملیگی، (دیکھو باب ۱۶)۔

مالی اعانت کی ضرورت

لیکن اس کا اندازہ ٹھیک طور سے کرنا کہ بنکوں کی امانتوں کا حقیقی اضافہ ملک میں اعتباری لین دین کی سہولتوں کی اصلی زیادتی کی کس حد تک نمایندگی کرتا ہے اور یہ اضافہ ملک کی ضرورتوں سے کس حد تک زائد ہے، ناممکن ہے کیونکہ یہاں پھر یہ امر ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ اس معاملے کے دوسرے رخ کا اعداد و شمار سے ٹھیک ٹھیک حساب معلوم نہیں کیا جا سکتا۔ اب مثلاً اس اثنا میں یہ کون بتا سکتا ہے کہ دوران جنگ میں انگلستان کی پیداوار اور مصنوعات کی مجموعی مقدار کتنی رہی ہے؟ یہ امر کہ اس کی مقدار بہت کثیر تھی اس کو ہر شخص تسلیم کریگا۔ جنگ سے قبل یہ تخمینہ کیا جاتا تھا کہ انگلستان کی قومی آمدنی دو ارب ۲۵ کروڑ پونڈ سالانہ سے کم نہ تھی۔ جنگ کے باعث اکثر صنعتوں کی پیداوار میں معتدبہ کمی ہو گئی ہے لیکن اس کمی کے مقابلے میں زمانۂ جنگ کی سب سے بڑی صنعت یعنی اسلحہ سازی کی پیداوار کو رکھنا چاہیے۔ لیکن اس صنعت کی پیداوار کس قدر تھی اس وقت تک اس کا حال معلوم نہ ہو سکا۔ اس کی اطلاع قدرتی طور سے عام نہیں کی جاتی لیکن یہ بالکل یقینی امر ہے کہ وہ کثیر المقدار تھی، اور بہت ممکن ہے کہ اس کی مجموعی مقدار کو انگلستان کی دوسری تمام صنعتوں کی پیداوار کی مقدار میں جوڑنے سے ہم انگلستان کی مجموعی قومی آمدنی میں جنگ کے زمانے میں بہت خاصا اضافہ پائیں۔ اگر زمانہ ماقبل جنگ کی قیمتوں کے لحاظ سے بھی دیکھا جائے تو یہ اضافہ غالباً بقدر تین ارب پونڈ ہوا۔ اگر قیمتوں کے اضافے کے لحاظ سے شمار کیا جائے تو مجموعی قومی آمدنی کا اضافہ غالباً پانچ ارب پونڈ سے بھی زائد ہوگا۔ زر کے ذریعے سے انجام پانے والے کام کے ایسے ممکنہ اضافے پر نظر کرتے ہوئے ہر قسم کی مالی سہولتوں اور اعتبار کی بدرجہا زیادہ ضرورت ہونی چاہیے۔ اور یہ کسی طرح یقین نہیں کہ امانتوں کا اضافہ اس چیز سے زیادہ

171

کسی چیز کی نمایندگی کرتا ہے جس کی اس غرض کے لیے ضرورت ہوگی۔

یہ بیشک بدیہی ہے کہ اس قسم کی بحث کرنا ایک حد تک ایک ہی دائرے کے اندر استدلال کرنا ہے۔ لیکن بایں ہمہ یہ استدلال صحیح ہوسکتا ہے۔ اضافۂ قیمت کے آغاز کا موجب خواہ کچھ ہی ہو، اس کا ایک ناگزیر نتیجہ یہ ہوگا کہ اشیاء کو تیار کرنے کے لیے اعتبار اور اعلیٰ قیمتوں کو ادا کرنے کے لئے زر کثیر مقدار میں درکار ہو۔ بحالت موجودہ یہ کہنا ناممکن ہے کہ جنگ کے زمانے میں قیمتوں کے کثیر اضافے کا باعث کس حد تک قدرتی اسباب رہے ہیں اور کس حد تک انتفاخ یا مالی اسباب اس کا موجب ہیں۔ بظاہر اس میں کوئی شبہ نہیں معلوم ہوتا کہ اس کا باعث ایک حد تک موخرالذکر اسباب ہی ہیں، لیکن یہ کہنا کہ یہ اسباب کس حد تک باعث ہیں اس وقت تک ممکن نہ ہوگا جب تک جنگ کے ختم ہو جانے کے کافی مدت کے بعد یہ اسباب یعنی ہر قسم کی قلت اور مصارف پیدائش کی زیادتی رفع نہ ہو جائے۔

لیکن سردست سوال یہ ہے کہ آیا جنگ کے زمانے کے تجربے نے نظریہ مقدار زر کے بارے میں ہمارے خیالات میں کوئی تغیر پیدا کیا یا نہیں۔ اور اس سوال کا جواب بظاہر صاف معلوم ہوتا ہے۔ اگر "زر" وسیع ترین معنی میں استعمال کیا جائے جیسا کہ استعمال کرنا ضروری ہے، جس میں اعتبار بھی شامل ہو تو جنگ نے نظریئے کو پوری طرح صحیح ثابت کر دکھایا ہے۔ یہ بالکل بدیہی ہے کہ جنگ کے زمانے میں "زر" کی مقدار میں جو اضافہ ہوا وہ سونے کی شکل میں نہ تھا، اور یہ امر شبہ سے کہ آیا کاغذی زر کی مقابلۃً کثیر مقدار جو جاری کی گئی تھی وہی قیمتوں کے اضافے کا سبب تھی، یہ دوسرا امر ہے کہ اس کا بالواسطہ اثر پڑا ہو۔ اور یہ بھی اسی طرح ممکن ہے

ہے کہ اس سبب کا یہی نتیجہ رہا ہو۔ اصل ملزم اعتباری نظام ہے، اور یہ نتیجہ نکالنا کہ اعتبار کا انتفاخ قیمتوں کے کتنے اضافے کا باعث تھا صرف اس وقت ممکن ہے جبکہ زمانۂ جنگ کی بنک کاری کے ان اعداد و شمار کا بہ احتیاط تجزیہ کیا جائے جن سے بنک کاری کے حسابات میں متعدد مدوں کی ترقی ظاہر ہوتی ہے[1]۔

پس نظریۂ مقدار زر نہ صرف جنگ کا اثر پڑنے کے باوجود غیر متزلزل رہا بلکہ پہلے سے بہت زیادہ محکم طریقے پر قائم و ثابت ہو گیا ہے۔ فرق صرف اسقدر ہوا ہے کہ "زر" کے معنی ہر قسم کے زر کے ہو گئے ہیں جس میں صرف سونا ہی نہیں بلکہ اعتبار بھی شامل ہے۔ جنگ کے زمانے میں سونے اور اعتبار کی مجموعی مقدار کا درمیانی رشتہ بہت بری طرح منقطع ہو گیا اور اعتبار کی بوتل کی طلائی گردن ٹوٹ گئی ہے۔ اب اسکا اثر زمانۂ مستقبل میں نظریئے کے عملی افادے پر کس حد تک پڑیگا یہ ایک دوسرا ہی سوال ہے[2]۔

ایک اور سوال یہ باقی رہ جاتا ہے کہ جنگ کے بعد کیا کرنا چاہیئے؟ کیا انگلستان یا تمام عالم دوبارہ طلائی زر کیجانب رجوع کریگا اور اسطرح اعتبار کی توسیع پر سونے کو جو تحدیدی اقتدار رہا ہے وہ سونے کو بحال کر دیگا؟ کیا لندن پھر دنیا کا آزاد سونے کا بازار بن سکتا ہے؟ ان سوالات کو اسوقت تک ملتوی کر دینا چاہیئے جب تک نظریۂ توازن تجارت اور اس کے بارے میں جنگ کی سرگزشت پر پورا غور و خوض نہ کر لیا جائے۔

---

[1] دیکھو جدول (۹) اور باب (۱۶)۔

[2] دیکھو باب (۱۶)۔

حوالہ جات

(۱) وتھرس:۔ The War and Lomba d Street

(۲) ہرسٹ:۔ The Political Economy of War

چودھواں باب

توازن تجارت

(۱) قانون توازن تجارت۔ (۲) درآمد و برآمد کے متعلق محکمۂ چنگی کے اعداد و شمار۔ (۳) غیر مشہود برآمد و درآمد۔ (۴) برطانیہ عظمیٰ کی تجارت خارجہ۔ (۵) تجارت عالم پر جنگ کا اثر۔ 178

جیسا کہ باب گیارہ میں جس میں شرح مبادلہ پر بحث ہوئی، بیان کیا گیا، توازن تجارت کے قانون کے مطابق ہر ملک کی درآمد و برآمد کا ایک دوسرے کو متوازن کرنا ضروری ہے۔ ہر ملک ٹھیک اسی قدر اور اسی حد تک اشیا برآمد کرتا ہے جتنے اس کو اپنے اشیاے درآمد کی قیمت ادا کرنے کے لیے مطلوب ہوں، اور ٹھیک اتنے ہی اشیا درآمد کرتا ہے جن کو وہ اپنے اشیاے برآمد سے خرید کر سکتا ہے۔

ظاہری تناقض لیکن کسی ملک کی درآمد و برآمد سے متعلق وہاں کے محکمۂ چنگی میں جو اعداد و شمار مرتب کیے جاتے ہیں ان کو جانچنے سے بظاہر اس قانون کی صداقت کا ثبوت نہیں ملتا۔ بلکہ

اس کے برخلاف، مثلاً انگلستان کے محکمۂ جنگی کے اعداد و شمار[1] مندرجہ ضمیمہ جدول (۱۷) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ جنگ سے قبل کے زمانہ میں اپنی برآمد کے مقابلے میں سالانہ بقدر ۵ کروڑ پونڈ زائد قیمت کے اشیا درآمد کرتا تھا، اور اس کے برعکس ریاستہائے متحدہ امریکہ کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ وہاں اشیائے درآمد کی بہ نسبت بقدر دس کروڑ پونڈ زائد قیمت کے اشیا برآمد کئے گئے۔ اس ظاہری تناقض کا کیا سبب ہے؟ یہ بالکل ظاہر ہے کہ اس قدر زائد فرق کو سونے کی صورت میں ادا کرنا ناممکن تھا، اس لیے کہ اول تو تمام سلطنت متحدہ میں سونے کی جتنی رسد ہے وہ کسی واحد سال کی درآمد کی زیادتی کی قیمت ادا کرنے کے لیے کافی سے بہت زیادہ نہیں ہے۔ اور اس کے برعکس اگر امریکہ کو ہر سال اتنی بیش قرار رقم وصول ہوتی رہے، تو دنیا میں جتنا سونا ہے اسکا نصف حصہ چند ہی سالوں میں امریکہ منتقل ہو جائیگا۔ اس میں شک نہیں کہ بعض ایسے ممالک بھی ہیں جیسے کہ جنوبی افریقہ جو اپنے دوسرے اشیائے برآمد کی طرح سونا پیدا کرتے ہیں، اور ایسی صورت میں ہم دیکھتے ہیں کہ سونے کی مسلسل برآمد ہوتی رہتی ہے اور ان کے لیے درآمد کردہ اشیا کی قیمت ادا کرنے کا یہی ذریعہ ہوتا ہے۔ پھر یہ صحیح ہے کہ ہر ملک میں دوسرے اشیا کی درآمد یا برآمد کے عارضی زائد فرق کو زائل کرنے کی غرض سے وقتاً فوقتاً سونے کی برآمد و درآمد ہوتی رہتی ہے۔ مثلاً مصر میں جنگ سے پیشتر موسم خزاں میں سونے کی درآمد ہوا کرتی تھی اور موسم بہار میں برآمد۔ اور یہ صورت اس ملک کی تجارت کے موسمی تغیرات کے بالمقابل پائی جاتی تھی یعنی موسم خزاں میں اشیائے برآمد خاصکر روئی کی کثیر المقدار

سونا پیدا کرنیوالے ملک

موسمی تغیرات

74

[1] دیکھو ضمیمہ جدول (۱۷)۔

زیادتی رہتی تھی اور اس کے برعکس موسم بہار میں مصنوعات کی درآمد کی کثیر المقدار زیادتی ہوئی تھی۔ اس کے برخلاف انگلستان میں فلز کی درآمد و برآمد کی مسلسل مگر تغیر پذیر منتقلی ہوا کرتی تھی، اس لیے کہ انگلستان دنیا کا آزاد سونے کا بازار ہے۔ دنیا کی کانوں سے نکلی ہوئے سونے کی سالانہ پیداوار کا بڑا حصہ انگلستان میں آکر فروخت ہوتا ہے اور یہاں سے دوسرے تجارتی و مالیاتی مرکزوں میں جو اس کے طالب ہوتے ہیں یا اس کے خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں تقسیم ہوتا ہے۔

پھر بھی یہ حالات اس واقعے کو متغیر نہیں کرتے کہ قوموں کے مابین جو تجارت ہوتی ہے اس کا بیشتر حصہ مبادلۂ اشیا ہوتا ہے اور زر نقد کے ذریعے سے خرید و فروخت نہیں ہوتی نیز یہ کہ بعض صورتوں میں درآمد کی ظاہری معمولی زیادتی اور بعض صورتوں میں برآمد کی ظاہری معمولی زیادتی بین الاقوامی قرضداری کے اُن بعض مدوں سے زائل ہو جاتی ہے، جو اگرچہ محکمہ چنگی کے مرتب کردہ اعداد و شمار میں اشیا کی ذیل میں ظاہر نہیں کیجاتیں لیکن پھر بھی اشیا کی قیمتوں کو ادا کرنیکا موثر ذریعہ ہیں اور اسی لیے ظاہری زیادتی کی ادائی بہ شکل طلا کو عملاً غیر ضروری ثابت کرتی ہیں۔ پس اس کے بعد بقول سر رابرٹ گفن یہ غور کرنا باقی ہے کہ اس غیر مشہود برآمد و درآمد کی کیا نوعیت ہے، وہ کس چیز پر مبنی ہیں، ان کی اغلب مقدار کتنی ہے اور انھیں محکمۂ چنگی کے اعداد و شمار میں کیوں ظاہر نہیں کیا جاتا۔ لیکن یہ غور کرنے سے پیشتر سر دست ان کی حسب ذیل تعریف کر دینا ضروری ہے:۔ غیر مشہود برآمد سے کوئی ایسی شئی مراد ہے جو کسی ملک کو دوسرے اشیا کی راست برآمد کے ذریعے سے درآمد کی قیمت ادا کئے بغیر اشیا درآمد کرنے کے قابل بنا دے اور اس کے برعکس غیر مشہود درآمد سے مطلب کوئی ایسی شئی جو کسی ملک کے لیے یہ ضروری قرار دیتی ہے کہ وہ دوسرے اشیا کی درآمد کی شکل میں اپنے برآمد شدہ اشیا کی قیمت وصول کئے بغیر

صحیح توازن

اشیا برآمد کرے۔

چنگی کے اعداد و شمار

اس طرح پہلے یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ محکمۂ چنگی میں عام اشیائے درآمد و برآمد کے اعداد و شمار اس طرح مرتب کیے جاتے ہیں۔ کوئی جہاز نہ تو برطانوی چنگی کے بندرگاہ کے علاوہ کسی دوسرے بندرگاہ میں داخل ہو سکتا ہے اور نہ کسی دوسرے بندرگاہ سے روانہ ہو سکتا ہے، اس لئے ہر اس جہاز کے لیے جو برطانوی چنگی کے بندرگاہ میں داخل ہو یا وہاں سے باہر جائے یہ ضروری ہوتا ہے کہ اس میں جتنا مال لدا ہوا ہو اسکی نوعیت، مقدار اور قیمت کے متعلق اطلاع دے اور یہ بتائے کہ آیا اس پر محصول واجب الادا ہے یا نہیں۔ چونکہ جنگ سے پیشتر انگلستان کے محصولات درآمد مقابلۃً قلیل التعداد اشیا پر عائد کئے جاتے تھے، اس لیے اس قسم کے اظہارات میں بالعموم کسی قسم کی ادائی کا بار برداشت نہیں کرنا پڑتا تھا، لیکن جو 175
اعداد مرتب کئے جاتے تھے انھی پر انگلستان کی تمام تجارت خارجہ کے اعداد و شمار کا مدار ہوتا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ تجارت خارجہ کی نقل و حرکت پر بندش قائم کرنے کا یہی ایک ممکنہ طریقہ ہے، لیکن وہ بعض قسم کے اشیا کی آمد و رفت کی گرفت کرنے اور ضبط تحریر میں لانے سے بدیہی طور سے ناکام رہتا ہے جو لازمی طور سے بین الاقوامی قرضداری کے توازن کو متاثر کرتے ہیں۔ مثلاً اس سے نہ تو معمولی مسافر کا اسباب گرفت میں آتا ہے اور نہ اسکی جیبوں میں رکھا ہوا زر۔ اور اسکی جیب میں جو اعتباری رقعہ پڑا ہوا ہے جسکو بھنا کر وہ اپنے اس ملک کے قیام کے مصارف پورے کرتا ہے اسکی چھان بین اس سے بھی کم کیجاتی ہے۔ پھر ڈاکخانہ کے ذریعے سے جو معمولی قیمت کی چیزیں خطوط میں بھیجی جاتی ہیں بشرطیکہ کوئی انھیں ڈاک کے ذریعے سے قواعد و ضوابط کے خلاف بھیجنے کا خطرہ برداشت کرنیکا خیال کرے، وہ چنگی کے جال سے بچ نکلتی ہیں۔ لیکن ڈاک کے ذریعے سے جو پارسل

بھیجے جاتے ہیں وہ البتہ چنگی گھر سے ہو کر گزرتے ہیں اور وہاں ان پر محصول وصول کیا جاتا ہے۔

بین الاقوامی خدمات

لیکن اس طرح جو چیزیں بچکر نکل جاتی ہیں وہ بعض دوسرے مدات کے مقابلے میں بچ رہتی ہیں جن کا نو دان کی نوعیت کے اعتبار سے چنگی کے نظام سے بچ نکلنا لازمی ہے اس لیے کہ یہ نظام کسی مقررہ مقام سے مادّی قسم کے اشیا کے گزرنے پر مبنی ہے۔ یہ مدات ان خدمات پر مشتمل ہیں جو ایک قوم کے افراد دوسری قوم کے افراد کے لیے انجام دیتے ہیں، اور جو کوئی مادّی یا جسمانی شکل نہیں رکھتے یا جو کسی ملک کی چنگی کی عملداری سے کلیتہً باہر یعنی سمندروں میں انجام دئے جا سکتے ہیں۔ ان میں سے سب سے بدیہی اور بڑی خدمت باربرداری یا نقل وحمل ہے۔ اشیا کی منتقلی ایک ایسے ملک سے جہاں وہ اس قدر افراط کے ساتھ تیار کئے جاتے ہوں کہ سب کے سب صرف میں نہیں آسکتے دوسرے ایسے ملک کو جہاں وہ تیار نہیں کئے جا سکتے لیکن بہت مستعدی کے ساتھ صرف کئے جا سکتے ہیں، قابل قدر شئی کی پیدائش تدریجی عمل کا اساسی جزو ہے، اور اس لحاظ سے اس منتقلی یا نقل وحمل کے مصارف بھی ادا کرنا ضروری ہے۔ چنانچہ کسی شئے کی ابتدا جو قیمت ہوتی ہے وہ سفر طے کرنے کے بعد منزل مقصود پر پہونچکر بڑھ جاتی ہے۔ اسطرح

نقل وحمل بذریعۂ جہاز

ان خدمات کا معاوضہ، جو اضافہ قیمت کا باعث ہوتے ہیں، قیمت کی زیادتی سے ہی ادا کرنا ضروری ہے، اور اس قسم کے خدمات انجام دینے والے جہاز کے مالک کو وہ قابل ادا ہوتا ہے خواہ کسی ملک میں اس نے اپنا مستقر یا صدر دفتر قائم کر لیا ہو۔

اس طرح جنگ سے پیشتر دنیا میں جتنے تجارتی جہاز موجود تھے ان کی ایک ثلث تعداد کا مالک انگلستان تھا۔ اور دنیا کی جہاز رانی کی تجارت میں اس کا جو حصہ ہے وہ اس تناسب سے بھی زیادہ ہے جو خود انگلستان کے 178

بندرگاہوں میں داخل ہونے والے انگریزی اور بیرونی جہازوں کی تعداد کے مابین ظاہر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اکثر انگریزی جہاز نہ صرف برطانوی بندرگاہوں سے بیرون ممالک کے بندرگاہوں تک بلکہ دوسرے دور دراز ممالک کے مابین بھی دنیا کے نقل وحمل کا کاروبار انجام دیتے ہیں۔ مثلاً جب کسی برطانوی بندرگاہ سے کوئی باربرداری کا دخانی جہاز بیرونی ملکوں کو پہونچانے کا سامان لیکر روانہ ہوتا ہے تو اس سے پیشتر کہ وہ انجام کار ایسا سامان لادے جسے لیکر وہ اپنے وطن کسی برطانوی بندرگاہ میں لوٹے ممکن ہے کہ اسکو بیرونی ملکوں کا ملکی سامان کئی دفعہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو پہونچانا پڑے یا وطن کیجانب مراجعت کرتے وقت بھی ممکن ہے کہ بیرونی بندرگاہوں مثلاً انٹورپ یا ہمبرگ پہونچانیکا سامان اس پر لدا ہوا ہو اور اس بندرگاہ سے وہ اپنے وطن کے بندرگاہ کو خالی روانہ ہوگا تاکہ وہاں سے پھر سامان لادکر باہر لیجائے۔ یا اپنا بیرونی ممالک پہونچانے کا سامان نیویارک یا بالٹی مور پہونچا دینے کے بعد ممکن ہے کہ اسے امریکہ کے تاجروں سے مثلاً نیویارک اور جزائر غرب الہند کے مابین سامان کی نقل وحمل کرنیکا ٹھیکہ ملجائے اور اس نقل وحمل کے چکر کاٹنے میں وہیں کئی سال لگجائیں یہاں تک کہ وہ وقت آجائے جبکہ اسے جانب وطن جانے کے لیے پھر کوئی سامان تلاش کرنا پڑے تاکہ وہ اپنا معائنہ یا میعادی مرمت و درستی کراسکے۔ انگلستان کی اکثر جہازرانی کی کمپنیاں، جیسے کہ برٹش انڈیا اسٹیم نیوی گیشن کمپنی، ایسے ساحلی تجارتی جہازوں کے پورے بیڑے کی مالک ہیں جنکی آمدورفت بیرونی بندرگاہوں کے مابین قائم ہے، اور ان دخانی جہازوں میں سے بعض ایسے بھی ہیں جنھوں نے اپنے بننے اور ابتدائی سفر کے لیے پہلی مرتبہ برطانوی بندرگاہ چھوڑنے کے بعد سے ابتک پھر برطانوی بندرگاہ کی صورت ہی نہیں دیکھی ہے۔

انگلستان کا حصہ

اس تمام باربرداری کے خدمات کے معنی یہ ہیں کہ کرایے کی صورت میں انگلستان کو رقم واجب الوصول

ہے۔ اور ادا ہونے کے بعد اس رقم کا کسی نہ کسی شکل میں لندن یا لیورپول کو
جہاں مالک جہاز کا دفتر ہے پہونچنا ضروری ہے۔ قدیم زمانے میں مالکان
جہاز کو باربرداری کا کرایہ بالعموم بارکردہ سامان کے ایک جزو کی شکل میں
ادا کیا جاتا تھا اور سامان کی معاودت یا اس کے روکنے کا قانونی حق،
جس سے مالک اب بھی اپنے کرائے یا باربرداری کے لیے متمتع ہوتے ہیں،
اس واقعے پر مبنی ہے کہ مالک اپنے حصے کے طور پر اشیا کی اس قیمت سے
کرایہ پانے کے حقدار یا مستحق ہیں جو انکے خدمات کی بنا پر پیدا ہوئی ہے۔
واقعہ یہ ہے کہ سامان کی فروخت سے جو قیمت وصول ہوتی ہے اس سے
کرایۂ جہاز انجام کار ادا کیا جاتا ہے۔ اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ درآمد کے
متعلق ہمارے چنگی کے محکمے سے جن اشیا کے اعداد و شمار ظاہر کئے جاتے
ہیں ان کی پوری قیمت ان اشیا کی قیمت برآمد سے صرف جزوی طور سے
ادا ہو سکتی ہے جو معاوضے میں باہر بھیجے جاتے ہیں۔ مثلاً ایک فرضی
معاملے کو لو۔ جب مانچسٹر اور سکندریہ کے مابین دہرا سفر کرنے والے
جہاز پر ایکہزار پونڈ قیمت کا سامان مانچسٹر سے روانہ کیا جاتا ہے تو
مصر کے محکمۂ چنگی کے اعداد و شمار میں ان کی قیمت ایکہزار ایک سو 177
پونڈ درج کیجائیگی۔ اور یہ سو زائد پونڈ کرایۂ نقل و حمل وغیرہ کی
بابت ہوں گے۔ ان اشیا کی قیمت کی ادائی کے لیے سکندریہ کا
تاجر اتنی وزن کی روئی جہاز پر لدوائیگا جسکی قیمت سکندریہ میں ایک ہزار ایک
سو پونڈ ہوگی اور وہ اس سے بخوبی واقف ہوگا کہ اس روئی کے لیورپول
پہونچکر فروخت ہونے پر ایک ہزار دو سو پونڈ وصول ہوں گے، اور
اسطرح یہ روئی نہ صرف مانچسٹر کے تاجر مصنوعات کی ہنڈی کی مندرجہ
رقم کی ادائیگی کی سبیل نکالدیگی جو اسکو اولاً سامان بھجوانے کے سلسلے میں
واجب الوصول ہے بلکہ لیورپول کے مالک جہاز کو دہرا سفر طے کرنے کے کرایہ کی
بابت جو دو سو پونڈ واجب الادا ہیں وہ بھی اس سے ادا ہو جائیں گے۔
اسطرح انگلستان نے ایک ہزار پونڈ قیمت کے اشیا برآمد کئے

اور مبادلے میں اسکو ایک ہزار دو سو پونڈ قیمت کے اشیا وصول ہوئے اور اسطرح اسکی درآمد کی ظاہری زیادتی بقدر دو سو پونڈ رہی۔

دنیا کا توازن تجارت

اشیائے برآمد و درآمد کی قیمتوں کا یہ فرق اس پیچیدہ واقعے کی تشریح و توجیہ ہے کہ دنیا کے برآمد شدہ اشیا کے مجموعی اعداد دنیا کے درآمد شدہ اشیا کے مجموعی اعداد سے بظاہر نسبتاً گھٹے ہوئے ہیں۔ یہ امر بلا شبہ بدیہی طور سے ناممکن ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اکثر قسم کا سامان بندرگاہ چھوڑنے کے بعد اپنے منزل مقصود کو کبھی نہیں پہونچتا، اور سمندر جو خراج وصول کرتا ہے وہ نہ صرف سونے اور اشیا کی شکل میں بلکہ انسانی حیات کی شکل میں بھی ادا کرنا ہوتا ہے۔ اس بدیہی راز کی تاویل اس وقت بلا شبہ بہت آسان ہو جاتی ہے جبکہ نقل و حمل کی خدمت کے باعث اشیا کی قیمت میں اضافہ رونما ہونیکے واقعے کا لحاظ کیا جاتا ہے۔ اول تو محکمۂ چنگی کے عہدہ داروں کو غیر صحیح اعداد بتائے جانیکا امکان ہوتا ہے، جنکا رجحان قدرتی طور سے درآمد کردہ اشیا کی قیمت کم دکھانیکی جانب ہوتا ہے، اس لیے کہ محصول برآمد کے مقابلے میں درآمد پر بالعموم زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن اسکے قطع نظر تناقض کا باعث وہ فرق ہے جو سامان کے جہاز تک لانیکی قیمتوں اور جہاز سے اتارنیکے بعد کی قیمتوں یعنی بلا مصارف باربرداری جہاز قیمتوں اور مصارف باربرداری بہ جہاز و بندرگاہ جہاز اور بیمہ شامل کی ہوئی قیمتوں کے مابین ہوتا ہے۔ سامان برآمد کرنیوالا سامان جہاز پر لاد کر جس قیمت کا اعلان کرتا ہے وہ قدرتی طور سے ان اشیا کی مقامی قیمت پر مبنی ہوتی ہے، یعنی اس میں صرف اشیا کی اصلی قیمت اور جہاز تک سامان پہونچانے اور لادنیکے مصارف شامل ہوتے ہیں اسکو فری آن بورڈ[1] یعنی قیمت بلا شمول کرایہ جہاز وغیرہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ لیکن ان اشیا کے اپنے منزل مقصود تک پہونچنے کے بعد درآمد کرنیوالے جس قیمت کا اعلان کرتے ہیں، وہ یہاں کی قیمت ہوتی ہے۔ یعنی اس میں سامان کو جہاز پر

قیمت بشمول محصول

[1] (Free on Boord) F.O.B.

لاد نے تک کے مصارف، کرایہ باربرداری، بیمہ کے اخراجات اور راستے کے دوسرے مصارف شامل ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان کو سی، آئی، ایف یعنی کاسٹ، انشورنش اینڈ فریٹ[1] کہا جاتا ہے یعنی مصارف، بیمہ، اور کرایہ باربرداری۔

دنیائی تجارت کی نقل وحمل کے ان خدمات کی مقدار ہر سال بہت کثیر ہوتی ہے۔ اور برطانیہ عظمیٰ کا اس میں جو حصہ ہے اسکے متعلق متعدد حسابات پیش کئے گئے ہیں۔ سر روبرٹ گفن نے ۱۸۸۲ء میں اسکے متعلق کم از کم ۲ کروڑ پونڈ کا اور ۱۸۹۸ء میں ۹ کروڑ پونڈ کا اندازہ قائم کیا۔ 178

اس کے برخلاف ایک اور اندازے میں جو ۱۹۰۳ء میں بالکلیہ مختلف طریقے پر محکمۂ تجارت کی جانب سے قائم کیا گیا تھا اسکو ۸ کروڑ ۹۵ لاکھ پونڈ بتایا گیا ہے۔ لیکن بحالت موجودہ وہ غالباً دس کروڑ پونڈ سے یقیناً زائد ہے۔

اشیا کے بحری بیمہ کے مصارف کی جانب اس سے قبل اشارہ کیا جا چکا ہے۔ تجارت خارجہ کے سلسلے میں جو خدمات انجام دئے جاتے ہیں ان کے معاوضے کی ادائی کے مماثل ایک دوسری قسم کی ادائی کی یاد اس سے تازہ ہوتی ہے۔ کرایہ باربرداری اور بیمہ کے علاوہ اشیا کی تیاری کے لیے زرفراہم کرنا پڑتا، ان کو فروخت کرنا پڑتا ہے اور قیمت وصول کرنی پڑتی ہے۔ اور موجودہ زمانے میں اس کام کو انجام دینے کی پیچیدگی تاجروں یا مختلف قسم کے ایجنٹوں کو وجود میں لانے کا باعث ہوئی ہے جو اشیا کے بیرونی مالک کی جانب سے کام کے ان اجزا کی نگرانی کرتے ہیں اور محنتانے کی مختلف شکلوں میں صلہ پاتے ہیں۔ چنانچہ نام نہاد کمیشن ایجنٹوں کے علاوہ جو اشیا کی خرید و فروخت کمیشن پر انجام دیتے ہیں خاص کر لندن میں ایسے کوٹھی والے اور کاروباری اشخاص کثیر التعداد ہیں جنکا سارا کام تجارت خارجہ کو کسی نہ کسی طریقے سے انجام دینا ہے۔ مثلاً درآمد کردہ و برآمد کردہ اشیا کی قیمتوں کی ادائی بالعموم خارجی ہنڈی کے ذریعے سے کی جاتی ہے۔ اور وہ سکھارنے،

محنتانے

[1] (Cost, Insurance & Freight).C.I.F.

بٹہ کاٹنے اور رقم منتقل کرنے کے سلسلے میں متعدد بنک کار، دلال یا ہنڈی دلالوں کے ہاتھوں میں گشت کرتی ہے۔ اور یہ سب مختلف قسم کی ایجنسیاں جو اپنے وجود کے لیے ہمارے مہتم بالشان اور نازک مالی نظام کی رہین منت ہیں، معاملے طے کرنے پر قلیل جزوی معاوضے یا منافعے کی شکل میں صلہ پاتی ہیں۔ پھر لندن مسک کے صرافے کا کاروبار خاص کر صرف ان بین الاقوامی تمسکات کے بارے میں جو فی نفسہٖ وجود بین الاقوامی قرضداری کے توازن میں بعض اوقات بہت اہم عامل ہیں، بلکہ بیرونی ممالک اور برطانوی نوآبادیات کے لیے سرکاری اور خانگی قرضوں کے اجرا کے بارے میں بھی بہت کثیر مقدار میں انجام دیتا ہے اور ان تمام معاملات میں لندن کے تمسک دلالوں اور کوٹھی والوں کو ہفتہ یا کمیشن ادا کیا جاتا ہے جو ایک سال کے دوران میں مجموعی حیثیت سے بہت بڑی رقم ہو جاتی ہے۔

بحری بیمہ۔ بحری بیمہ کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک کل دنیا کے کاروبار کا بہت بڑا حصہ، جس میں خود جہازوں اور اس پر لدے ہوئے سامان کا بیمہ شامل ہوتا ہے، لندن میں، یا لندن کی وساطت سے طے پاتا ہے۔ اس لیے کہ گو ممکن ہے کہ کسی جہاز کا بیمہ ہم ہوگ، پاٹرلیسٹ یا نیویارک میں کرایا جائے، لیکن اکثر صورتوں میں جو کہیں کم از کم جزوی طور سے لندن کی بیمہ کمپنی کے نام طرز بیمہ کے ذریعے سے منتقل کر دیا جاتا ہے، اور اس کے معنی یہ ہیں کہ جرمنی، اسپین، امریکہ کے ذمے لندن کو بیمہ کے اقساط واجب الادا ہوتے ہیں۔ 179

ناری بیمہ۔ پھر تمام دنیا کے آگ کے بیمہ کے کاروبار کا میلان لندن میں مرتکز ہونے کی جانب ہے، جہاں اکثر بڑی بڑی کمپنیوں کے صدر دفتر قائم ہیں۔ اسکا نتیجہ یہ ہے کہ لندن کو کسی بحری یا ناری نقصان کی صورت میں خواہ وہ دنیا کے کسی حصے اور گوشے میں واقع ہو بہت بڑی دلچسپی حاصل ہے۔

یہ سب مدین فی نفسہ مقابلتہً بہت ہی قلیل المقدار ہوتی ہیں، لیکن لندن جسکو دنیا کا حساب گھر کہا جاتا ہے اس کے مالی اغراض اس قدر کثیر المقدار اور وسیع ہیں کہ ہر سال اسکو جو رقم واجب الوصول ہوتی ہے وہ حقیقت میں بہت ہی عظیم المقدار ہوتی ہے، اور اس عنوان کے تحت یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ لندن غالباً کم از کم دو کروڑ پونڈ سالانہ کماتا ہے۔

جہازوں کی فروخت صنعت جہاز سازی کے سلسلے میں ایک اور مد ہے جو اگرچہ مقابلتہً کم اہم ہے پھر بھی بعض اوقات اس سے انگلستان کو بیرونی ملکوں سے کثیر المقدار رقمیں وصول کرنیکا حق پیدا ہوتا ہے، اور وہ بیرونی ممالک کے خریداروں کے ہاتھ برطانوی بحری جہازوں کی فروخت ہے۔ برطانیہ عظمیٰ تمام دنیا کے لیے صرف نئے جہاز ہی تعمیر نہیں کرتا بلکہ برطانوی جہاز سازی کے کارخانوں کے مالک اپنے پرانے جہاز بھی بالعموم بیرونی ملکوں کے ہاتھ فروخت کرتے ہیں اور ان کی بجائے نئے جہاز تعمیر کرکے لی جاتی ہے۔ دنیا کے ہر بندرگاہ میں ایسے جہاز دیکھے جاسکتے ہیں جن پر دول خارجہ کا پھریرا اڑ رہا ہو اور جو اپنی ساخت کے اعتبار سے بدیہی طور سے کسی زمانے میں برطانوی جہاز تھے۔ پرانے جہاز جو عام مسافروں کے ذوق اور ضرورتوں کے لحاظ سے جدید ترین ساز و سامان اور لوازم سے آراستہ نہیں ہوتے بیرونی ملکوں کے خریداروں کے ہاتھ فروخت کردیے جاتے ہیں جو ان سے معمولی سامان کی نقل و حمل کا کام لیتے ہیں ایسے جہاز اس حیثیت میں بھی بہت زمانے تک کارآمد رہتے ہیں۔ اگر ایسی فروخت اس وقت عمل میں آئے جبکہ جہاز برطانوی بندرگاہ میں ہو تو اس منتقلی کا اندراج باقاعدہ طور سے برطانوی جہاز رانی کے رجسٹروں میں ہوجاتا ہے۔ اور جب جہاز برطانوی ساحل چھوڑ کر نئی خدمت انجام دینے کے لیے چلا جاتا ہے تو یہ مدجبتگی کے اعداد و شمار میں درج کرلیجاتی ہے۔ لیکن

اگر جہاز برطانوی جھنڈا اڑاتا ہوا برطانوی بندرگاہ سے چلا جائے اور اسکی فروخت اسوقت عمل میں آئے جبکہ وہ بیچ سمندر میں یا کسی بیرونی ملک کے بندرگاہ میں ہو تو اس فروخت کا اس قسم کا اندراج نہیں ہونے پاتا۔ اور اس قسم کے انتقالات بعض اوقات بہت عظیم المقدار ہوتے ہیں۔ اور ان کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بیرونی ملکوں سے برطانیہ عظمیٰ کو کثیر المقدار رقمیں وصول کرنیکا حق پیدا ہوجاتا ہے۔ لیکن اس حق یا 180
مطالبے کی مقدار کا صحیح و معتبر اندازہ قائم کرنا ممکن ہے۔ کیونکہ اس میں وقتاً فوقتاً تغیرات ہوتے رہتے ہیں۔

مصارف قیام و طعام

پھر ایک اور مد جو بظاہر حقیر معلوم ہوسکتی ہے لیکن پھر بھی بعض ملکوں کے حق میں عظیم اہمیت رکھتی ہے وہ رقم ہے جو سیاح خواہ کسی ملک میں دوسرے ملکوں کے سیاح آکر یا اس ملک کے سیاح دوسرے ممالک میں جاکر خرچ کرتے ہیں چنانچہ اس عنوان کے تحت مصر، اٹلی اور سوئٹزرلینڈ جیسے ممالک، دنیا کے بہت بڑی حد تک لینداری ہیں۔ اس کے برخلاف ریاستہائے متحدہ دوسرے مدبر بہت بڑی حد تک دیندار ہیں۔ خود انگلستان کا جہاں تک تعلق ہے اس قسم کے مطالبات غالباً متوازن ہوجاتے ہیں اس لیے کہ انگلستان کے ذمے اپنے مسافروں کی تواضع کے سلسلے میں دوسرے ممالک کو جو رقم واجب الادا ہوتی ہے وہ انگلستان میں بیرونی ممالک کے سیاحوں کے بالعموم کافی تعداد میں آتے رہنے کی وجہ سے زائل ہوجاتی ہے۔

قرضداری کی ادائی

جس طریقے سے یہ قرضداری پیدا ہوتی اور زائل کیجاتی ہے اس کا بیان دلچسپی سے خالی نہیں۔ معمولی سیاح کے بٹوے میں سونا اتنی کافی مقدار میں موجود نہیں رہتا کہ اس سے وہ اپنے مصارف سفر ادا کرسکے۔ وہ راستے کے اخراجات پورے کرنے کے لیے زر نقد کی صرف قلیل مقدار جیب میں ڈالکر گھر سے روانہ ہوتا ہے، اور اپنے مصارف سفر کی رقم کا بڑا حصہ بہ شمول ہوٹل کے

پروانوں کے وطن ہی میں تامس کک، یا جہاز ران کمپنی، یا بیرونی ریلوے ایجنسی کے پاس جمع کرا دیتا ہے اور باہر اپنے ذاتی مصارف پورے کرنے کے لیے اپنے ساتھ گشتی یا اعتباری رقعے یا بنک کے ڈرافٹ رکھ لیتا ہے جو اسکی منزل مقصود کے موقعہ کسی بنک کے نام تحریر ہوتے ہیں۔ ان ریلوں یا دخانی جہازوں کے ٹکٹوں اور ہوٹل کے پروانوں (کوپنوں) کے مبادلے میں وہ قیام و طعام اور نقل و حمل سے استفادہ کر سکتا ہے اور دوسری جانب اسکے پاس کے اعتباری رقعے اسکو زر نقد مہیا کر دیتے ہیں جس سے وہ ان مختلف قسم کے خدمات کا معاوضہ ادا کرتا ہے جو اثنائے سفر میں اسکے لیے انجام دیے جاتے ہیں۔ اور اسی نقد سے وہ ان تاروں اور چھوٹی چھوٹی آرایشی اشیا کی قیمت بھی ادا کرتا ہے جنھیں خرید کر وہ گھر لاتا ہے لیکن جو ضمنی طور سے، چھوٹی جسامت کی وجہ سے اسکے ذاتی سامان و اسباب میں شمار کر لی جاتی ہیں اور چنگی سے بچ جاتی ہیں۔ اور محکمہ چنگی کے حکام بہ استثنائے ریاستہائے متحدہ امریکہ ان کو اندراج کے قابل نہیں سمجھتے۔ لیکن ان تمام خدمات کے معاوضہ کے طور پر جو مصر کے حدود کے اندر اجنبیوں کے لیے انجام دیے جاتے ہیں مصر کو کچھ رقم ادا کرنا ضروری ہے۔ چنانچہ اعتباری رقعے جنھیں سیاح نے قاہرہ میں نقد کرایا لندن واپس کر دیئے جاتے ہیں جہاں وہ مثلاً نیشنل بنک آف ایجپٹ کے لندنی دفتر میں جمع کرا دیے جاتے ہیں اور مصر جن انگریزی مصنوعات کی درآمد کرتا ہے انکی واجب الادا قیمت کی ہنڈیوں کی رقم وصول کرنیکے کام میں وہ لائے جا سکتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ریاستہائے متحدہ کے باشندوں کی بیرونی ملکوں میں جو خاطر تواضع کیجاتی ہے اسکے سلسلے میں ان کے مطالبات کو ادا کرنے کے لیے ریاستہائے امریکہ کے ذمے اشیا کی برآمد واجب ہو جاتی ہے۔ مصر میں یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ اس مد کی رقم کم از کم سالانہ دس لاکھ پونڈ ہوتی ہے۔ اور ایسے ملک کے حق میں جسکی اشیا کی درآمد اوسطاً بقدر ۳ کروڑ پونڈ سالانہ ہو یہ مد بہت خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اٹلی اور سوئٹزرلینڈ میں اسی مد کا

151

اندازہ علی الترتیب اکروڑ ۴۰ لاکھ پونڈ اور ۵۰ لاکھ پونڈ کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس ریاستہائے متحدہ امریکہ کے متعلق یہ اندازہ کیا گیا کہ اس عنوان کے تحت اسکے ذمے کم از کم ۲ کروڑ پونڈ واجب الادا تھے۔

بین الاقوامی قرضے

لیکن غیر مشہود قرضداری کی سب سے بڑی واحد مد کا باعث قرضہ جات خارجہ کا اجرا اور نہ صرف اصل کی صورت میں بلکہ سود کی شکل میں ان کی واپسی ادائی ہے۔ اس معاملے کی حد تک دنیا کو عام طور سے دو بڑی جماعتوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، ایک تو دیندار ملک دوسرے لینداد ملک یعنی ایک تو وہ ملک جو صنعتی ترقی کے نقطۂ نظر سے نوخیز ہیں اور اپنی ترقی کے لئے اصل کے محتاج ہیں اور دوسرے قدیم العصر صنعتی ملک جیسے کہ انگلستان جو ایسی ترقی کے ذرایع اور مطلوبہ اصل کے وسائل مہیا کرتے ہیں۔ چنانچہ مثلاً مصر، جو اس نقطۂ نظر سے سب سے نوخیز ملک ہے ہندوستان، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، ریاستہائے متحدہ امریکہ اور جمہوریہ ارجنٹائن نے مختلف اوقات میں مثلاً انیسویں صدی کے وسط سے انگلستان سے کثیر المقدار اصل نہ صرف ریلوں کی توسیع و ترقی گودیوں کی تعمیر کارہائے آبپاشی اور ہمہ قسم کے پیداآور مصارف کے لیے بلکہ اس سے کم درجے کے پیداآور تعمیرات اور کارہائے عامہ مثلاً سرکاری عمارتوں اور اسلحہ کے لیے وصول کیا، اور ان قرضوں کی نمایندگی اب ہمہ قسم کے سرکاری اور غیر سرکاری قرضوں مثلاً سرکاری اسٹاک اور بونڈ (تمسکات) ریلوں اور اراضی کی کمپنیوں کے حصص اور قومی و نجائی قرضوں کی تمام دوسری شکلوں سے ہوتی ہے۔ قوموں کے چٹھے یا فرد حساب میں ان عظیم المقدار مدوں کی تخلیق کا طریقہ اور نتیجہ دُہری نوعیت رکھتا ہے۔ جس وقت پہلے پہل

نیا قرضہ

لندن میں قرضہ حاصل کیا جاتا ہے، مثلاً ارجنٹائن میں ریل کی تعمیر کی غرض سے تو قرضے کی رقم صندوقوں میں 182
سونا بھر کر قرض گیر ملک کو روانہ نہیں کی جاتی۔ واقعہ یہ ہے کہ مستعار زر کا بڑا حصہ انگلستان سے باہر ہی نہیں جانے پاتا، بلکہ بنک آف انگلینڈ کی

بیانوں میں بیرونی حکومت یا کمپنی کے حساب میں جمع کرا دیا جاتا ہے اور یہاں سے وہ پھر حکموں کی شکل میں ان مہندسوں یا پل تعمیر کرنے والوں کو ادا کر دیا جاتا ہے جو سامان اور مسالہ فراہم کر چکے ہیں گویا اس سامان کی قیمت ادا کرنے کے لیے قرضہ لیا جاتا ہے۔ اسطرح قرضہ اشیا کی شکل میں دیا جاتا ہے جو لیندار ملک کے اشیائے برآمد کے فردحساب میں ظاہر ہوتے ہیں اور اس زائد برآمد کی قیمت کے بالمقابل کسی درآمد کے اندراج کے بغیر اس سال کی برآمد کے اعداد و شمار میں اضافہ کرنیکا باعث ہوتے ہیں۔ پس لیندار ملک کی جانب سے وقت کے وقت برآمد کی ظاہری زیادتی ہو جاتی ہے، اور اسکے بالمقابل قرض گیر ملک کیجانب سے درآمد کی زیادتی ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن متعاقب سالوں میں قرضے کی رقم پر سود ادا کرنا ہوگا اور کسی مستقبل تاریخ میں اسکا یا تو یکمشت یا چند سالوں تک اقساط میں ادا کرنا ضروری ہوگا؛ اور یہ واپس ادائی، خواہ وہ سود کی ہو یا اصل کی صرف اشیا کی شکل میں کیجا سکتی ہے۔ پیدا آور مصارف کی صورت میں مثلاً جیسے مصر کے بند اسوان[1] کی تعمیر کی صورت میں قرضے کی ادائی کا ذریعہ بدیہی طور سے آبرسانی کی توسیع کے باعث روئی کی زائد کاشت ہے۔ چنانچہ روئی کی برآمد کے ذریعے سے قرضہ کی ادائی کی سبیل کیجاتی ہے۔ اسطرح قرض گیر ملک کے توازن تجارت پر یہ اثر پڑتا ہے کہ اس سال جس سال قرضہ لیا گیا ہو درآمد میں زیادتی ظاہر ہوتی ہے اور یہ قرضے کے صداقت نامہ کی شکل میں قرضے کی غیر مشہود برآمد کے ذریعے سے متوازن ہو جاتی ہے۔ لیکن متعاقب سالوں میں قرض گیر ملک کی برآمد کا اسکی درآمد سے اس مقدار کی حد تک زائد ہونا ضروری ہے جو قرضے کے مطالبات سود کی ادائی کرنے کے لیے کافی ہو اور اسطرح یہ مقدار

مطالبات قرضہ

[1] Assuan Dam

(سنوڈی پرچوں کی) غیر مشہود درآمد ہو جاتی ہے۔ پھر جب قرضہ قابل ادائی ہو جاتا ہے تو اس سے بھی دیندار ملک کی برآمد میں اس سال اضافہ ہو جاتا ہے۔

ادائی قرضہ۔

توازن تجارت پر اثر

عام نتیجہ یہ ہے کہ اگر کسی ملک کی جنگی کے اعداد و شمار سے برآمد کی زیادتی ظاہر ہو تو ہم یہ خیال قائم کرنے میں خاص حد تک حق بجانب ہوں گے کہ ایسا ملک دیندار ملک ہے۔ اور اگر، جیسا کہ بالعموم ہوتا ہے، ہم یہ دیکھیں کہ کوئی ملک، جسکے متعلق ہم یہ جانتے ہوں کہ وہ بہت بڑی حد تک قرضدار ہے، اپنی برآمد کی معمولی زیادتی کو کم کر رہا ہے بلکہ کچھ مدت کے لیے اسکی درآمد میں زیادتی ظاہر ہوئی ہے تو اسکے معنی محض یہ ہیں کہ وہ ملک بجائے اپنی آمدنی کے اندر گزارہ کرنے کے اور باقاعدہ طور سے اپنے ذمے کے مطالبات قرضہ ادا کرنیکے، درحقیقت مزید قرضہ اپنے اوپر ہر سال عائد کر رہا ہے۔ چنانچہ مثلاً مصر میں جنگی کے مرتب کردہ معمولی اعداد سے کم از کم بقدر ۵۰ لاکھ پونڈ سالانہ برآمد کی زیادتی ظاہر ہونی چاہیئے اور ایسی زیادتی کا سلسلہ حقیقتاً انیسویں صدی کے آٹھویں عشرے کے اوائل سے تقریباً ۱۹۰۰ء تک قائم رہا۔ اسکے بعد سے برآمد کی معمولی زیادتی سرعت کے ساتھ گھٹنے لگی حتیٰ کہ ۱۹۰۴ء اور ۱۹۰۶ء میں بجائے برآمد کے فی الواقع درآمد کی زیادتی رونما ہوئی۔ ۱۹۰۰ء تا ۱۹۰۶ء میں اشیا کی درآمد ایک کروڑ ۴۰ لاکھ پونڈ سے بڑھکر بقدر دو کروڑ ۴۰ لاکھ پونڈ سالانہ ہو گئی، اسکے برخلاف اس زمانے میں سونے کی خالص درآمد ۱۵ لاکھ پونڈ سالانہ سے بڑھکر ستر لاکھ پونڈ تک پہونچگئی۔ اسکے معنی یہ تھے کہ ملک کی عظیم الشان خوشحالی کے باعث جو خود اضافۂ قیمت اور روئی کی فصلوں کی زیادتی کا نتیجہ تھی، مصر کے باشندوں نے اپنے آپ کو آزادی کے ساتھ قرضے لینے کے قابل پایا، اور انگلستان، فرانس، بلجیم، اور جرمنی ان کو قرضے دینے کا خاص امتیاز د

مصر کی مثال

183

اعزاز حاصل کرنے میں ایک دوسرے سے شد و مد کے ساتھ مسابقت کرنے لگے۔ اولاً اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ملک کی عظیم الشان زرعی ترقی کی رفتار تیز ہوگئی اور اس حد تک یقیناً ملک کو فائدہ ہوا، لیکن بدقسمتی سے اس ترقی نے ہر قسم کے اشیا اور خاص کر زمین کی قدر و قیمت کے انتفاخ کا میلان پیدا کیا اور خیالی خوشحالی کے رجحان کی رہبری کی۔ چنانچہ اس رجحان نے اپنے آپ کو ہر قسم کے یورپی تعیشات مثلاً موٹر کاروں اور شاہین پر بے دریغ روپیہ صرف کرنے اور اسراف کرنے کی صورت میں رونما کیا۔ نتیجہ ۱۹۰۷ء کی مالی آفت اور نازک صورت حالات تھی۔ جس کا باعث نہ صرف اس زائد قرضے کی اچانک بازگشت تھی بلکہ آفت کے دوران میں معمولی صورت حالات پر عود کر آنے کی فوری اور تکلیف دہ سعی بھی تھی۔ لیکن مصر نے اس سطحی اور مبالغہ آمیز خوشحالی کے زمانے میں اپنے کندھوں پر اس زائد قرضے کا جو مزید بار غیر ضروری طور سے لے لیا اس سے سبکدوش ہونے کے لیے اسکو ابھی ایک مدت دراز درکار ہے۔

بین الاقوامی قرضداری کے اس معاملے میں انگلستان کو جنگ سے پیشتر عدیم المثال حیثیت حاصل رہی۔ اپنی صنعتی ترقی کے اعتبار سے وہ تمام دنیا سے نصف صدی سے بھی زیادہ آگے تھا۔ اس لیے وہ دنیا کا لینڈار بننے کے قابل ہوگیا، اور اسی کے ساتھ دوسری جانب اس نے ہر ملک کو اسی کے پاس سے قرضہ حاصل کرنیکی ترغیب بہم پہونچائی۔ 184

انگلستان کا شغل اصل

اسکے مصنوعات کو بہت جلد کرۂ ارض کے تمام گوشوں میں جانیکا موقع ملگیا، اور اسکے نوآبادیات قائم کرنیکے جبلی جذبات نے اسکو بہت جلد ان نئے ملکوں کی ترقی کے امکانات کا احساس کرا دیا، جو وسائل نقل و حمل و آمد و رفت و رسل و رسائل میں اسکے نئے ایجادات کے بدولت قدیم دنیا کی دسترس اور رسائی کے اندر آرہے تھے۔ کرۂ ارض کے ہر لائق رہائش

حصے کو برطانوی مہاجرین نے آباد کرنا اور بسانا شروع کردیا، اور جہاں جہاں وہ گئے انھیں ترقیوں کے مواقع نظر آئے جنھیں مبدل بہ دولت کرنیکے لیے صرف اصل کی ضرورت تھی اور یہ اصل انگلستان نے مہیا کیا اسطرح کینیڈا سے لیکر ارجن ٹائن تک مشرق، مغرب اور جنوب میں نئی دنیا کے ہر گوشے، تمام افریقہ، ہندوستان، آسٹریلیشیا، چین اور جاپان کے مادی ذرایع کو ترقی دینے کی جانب برطانوی اصل ہی رہبر بنا، نتیجہ یہ کہ بحالت موجودہ دنیا میں کوئی ایسا ملک نہیں ہے جس سے برطانوی اغراض وابستہ نہوں۔ انیسویں صدی کے آخری نصف حصے میں دوسرے یوروپین ملکوں نے انگلستان کی تقلید شروع کی، اور نوآبادیات قائم کرنیکی تگ ودو اور کشمکش، ان کی اس خواہش کے ظاہری نتیجے کے سوا اور کچھ نہ تھی کہ وہ دنیا کے غیر مستصلہ ذرایع کی ترقی میں حصہ لینا چاہتے تھے۔

انگلستان کا مقسوم نتیجہ یہ ہوا کہ انگلستان ہزاروں ملین پونڈ کی حد تک تمام دنیا کا لینداربنگیا۔ قدیم قرضوں کے تحت اسکو سود اور اصل کی رقم مسلسل وصول ہو رہی ہے اور وہ اب بھی نئے قرضے برابر دئے جارہا ہے۔ ۱۸۹۸ء میں گفن نے یہ اندازہ قائم کیا کہ اس عنوان کے تحت انگلستان کو اسوقت تقریباً ۹ کروڑ پونڈ سالانہ وصول ہو رہے تھے اور جنگ سے پیشتر مجموعی مقدار غالباً ۱۲ کروڑ پونڈ سے بھی زائد تھی۔

اب ان مختلف عناصر کے نتیجے کا خلاصہ پیش کرنا باقی رہ جاتا ہے جن پر برطانیہ عظمیٰ کے مختلف حسابات کے چٹھے کی ترتیب کی اساس قائم ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ چٹھا مرتب کرنیکا خیال ہی پوری

لہ سر جارج پیش نے ۱۹۱۰ء میں رائیل اسٹاٹسٹی سوسائٹی کے اجلاس میں جو مضمون پڑھا تھا اس میں اس کا اندازہ ۳ ارب ۸ کروڑ پونڈ پیش کیا۔

صورت حالات کو واضح کر نیکا غالباً بہترین طریقہ ہے، اس لیے کہ مشہود اور غیر مشہود درآمد یا برآمد کے مابین ظاہرا امتیاز کرنے کے باعث دل میں جو پراگندگی اور پریشانی پیدا ہوتی ہے وہ اس سے فوراً رفع ہو جائے گی۔ مشہود اور غیر مشہود درآمد رقوم واجب الادا کی ذیل میں شمار کیجاتی ہے اور برآمد خواہ وہ مشہود ہو یا غیر مشہود رقوم واجب الوصول کے تحت آتی ہے۔ 185
چنانچہ نتیجہ، جو ۱۹۱۲ء تا ۱۹۱۳ء کے اعداد پر مبنی ہے، کچھ مندرجۂ ذیل اعداد سے ملتا جلتا ہے:۔

لینداری	ملین پونڈ	دینداری	ملین پونڈ
ملکی پیداوار کی برآمد تقریباً۔	۵۰۰	مجموعی اشیائے درآمد کردہ تقریباً	۷۵۰
ممالک خارجہ اور نوآبادیات کی		باہر جاکر سیاحت کرنیوالے۔	۱۰
کمر برآمد۔	۱۱۰	باہر دئیے ہوئے نئے قرضے۔	۲۰۰
کرایۂ باربرداری۔	۱۰۰		
باہر دئے ہوئے قرضوں کا سود۔	۱۲۰		
قرضوں کی واپسی	۱۰۰		
کمیشن	۲۰		
سیاح	۱۰		
میزان	۹۶۰	میزان۔	۹۶۰

انگلستان اپنے اصل پر گزارہ نہیں کرتا

یہ معلوم ہوگا کہ انگلستان کی تجارت خارجہ کے ان سب مدات کے آخری نتیجے سے یہ امر پایۂ ثبوت کو پہونچتا ہے کہ بجائے اسکے کہ انگلستان برآمد سے زیادہ درآمد کرتا ہو، جیسا کہ اکثروں نے غلط بیانی سے کام لیکر بتایا ہے کہ وہ

اپنے اصل پر گزارہ کر رہا ہے، انگلستان درحقیقت اب تک برابر اپنی آمدنی کے اسقدر اندر اپنے مصارف کو رکھتا آیا ہے کہ ہر سال مستقل بچت رہتی ہے، چنانچہ وہ اس سالانہ زاید بچت سے نئے قرضے دینے کے سلسلے کو قائم رکھنے کے قابل ہوتا ہے۔

اس موضوع کو چھوڑنے سے قبل ایک اور امر تشریح طلب باقی رہ جاتا ہے۔ گو یہ ضروری ہے کہ ہر ملک کی مجموعی درآمد و مجموعی برآمد من حیث المجموع ہر سال ایک دوسرے کو زائل و متوازن کرتی رہے۔ لیکن اس سے کسی حال یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ کسی دو خاص ملکوں کے مابین جو تجارت ہو اس میں باوجود غیر مشہود برآمد و درآمد کو محسوب کرنے کے برآمد و درآمد ایک دوسرے کو متوازن و زائل کر دیگی۔ چنانچہ انگلستان اور مصر کی تجارت پر مکرر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مصر سے انگلستان اس کی روئی کی پیداوار کی شکل میں جتنی زائد درآمد حاصل کرتا ہے اس مقدار سے بدرجہا زیادہ ہوتی ہے جو انگلستان کے مطالبات قرضہ کو خواہ وہ خانگی ہوں یا سرکاری ادا کرنے کے لیے مصر کے ذمے ہر سال واجب الادا ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تجارت بین الاقوامی دو دو ملکوں کے مابین طے نہیں پاتی بلکہ مبادلے کا دائرہ تمام دنیا کو محیط ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ انگلستان اپنے مصنوعات ایسے ملک کو برآمد کرے جس سے خود مقابلتہً بہت کم اشیا درآمد کرتا ہے، لیکن اس زیادتی کی قیمت کسی دوسرے ایسے ملک سے وصول کرے جسکے ذمے انگلستان کا کوئی مطالبہ واجب الادا نہیں ہے، لیکن جو انگلستان کے دیندار کا دیندار رہے۔

تکونی یا سہ گوشیہ تجارت

یہ معاملہ ہنڈی کی نظری شکل سے مشابہت رکھتا ہے۔ چونکہ الف، ب کا لیندار ہے، اس لیے ب کو ہدایت کرتا ہے کہ وہ مطلوبہ زر رج کو ادا کردے جو الف کا لیندار ہے۔ اس میں کسی دیندار نے خود اپنے لیندار کو رقم ادا نہیں کی، لیکن پھر بھی سب لیندار و دیندے

مطالبات ادا ہوگئے، اور جیسا کہ پچھلے بابوں میں بیان ہوچکا ہے، ہنڈی کی تمثیل محض استعارہ یا تشبیہ ہی نہیں ہے بلکہ وہی حقیقی شکل ہے جسکے ذریعہ سے معاملات انجام پاتے ہیں۔

بیلنس یا فاضلات

ممکن ہے کہ یہ امر بظاہر کسیقدر تعجب انگیز معلوم ہو کہ گزشتہ چند سالوں میں توازن تجارت کے اس قانون کی صداقت و حقیقت کو بعض لوگوں کے ذہن نشین کرنے میں بہت کچھ استدلال کرنا پڑا۔ لیکن اس دشواری کی توجیہ و توضیح غالباً اس واقعے میں مضمر ہے کہ خود لفظ توازن یا "بیلنس" میں دو ہر امفہوم موجود ہے جو انتہائی پیچیدگی پیدا کرتا ہے۔ عرفی اصطلاح میں اس لفظ کے دو معنی ہیں جو ایک دوسرے کی قطعی ضد ہیں، "حسابات متوازن ہیں" کے معنی یہ ہیں کہ دونوں مدیں مقدار میں مساوی ہیں۔ لیکن اگر ایک مد دوسرے سے بڑی ہو تو بھی اسی بیلنس کے لفظ کو استعمال کیا جاتا ہے، جسکا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ وہ مد زیادہ ہے یا اس کی فاضلات ہے۔ چنانچہ جب ہم درآمد کا بیلنس کہتے ہیں تو ہمارا مطلب تجارت کے بیلنس (توازن) سے ہی حد تک کلیتہً مختلف ہوتا ہے۔ تجارت کے بیلنس یا توازن کا مفہوم یہ ہے کہ برآمد یا درآمد کی فاضلات نہیں ہے کیونکہ یہ دونوں ایک دوسرے کو متوازن یا زائل کر دیتی ہیں۔ اس لفظی ابہام سے بچنے کے لیے بہتر یہ ہوگا کہ "درآمد یا برآمد کے بیلنس" کی اصطلاح ہی کو استعمال نہ کیا جائے بلکہ اسکو محض برآمد یا درآمد کی زیادتی کہا جائے اور لفظ بیلنس کو برآمد اور درآمد کے توازن یا تسویہ کے حقیقی مفہوم کو ادا کرنے کے لیے محفوظ رکھا جائے۔ ان اصطلاحوں کے استعمال کا یہ فرق و امتیاز صرف ادبی و علمی تنقید ہی کا معاملہ نہیں ہے بلکہ اس سے نظریۂ تجارت بین الاقوام کی تاریخی نشو و ترقی بھی تجارئین کے زمانے سے ظاہر ہوتی ہے جبکہ اس فرقے نے پہلی مرتبہ تجارت کے موافق "بیلنس" کی اصطلاح استعمال کی تھی جس سے اسکا مطلب برآمد کی زیادتی تھا۔ تجارئین کا نظریہ تو متروک ہوگیا ہے لیکن اگر ان کی استعمال کردہ اصطلاحیں بھی کلیتہً ترک کیجاسکیں اور محض

تجارت خارجہ کے ایکولی بریم[1] (یعنی توازن یا تسویۂ تجارت خارجہ) اور برآمد و درآمد کی زیادتی کی اصطلاحیں استعمال کیجائیں تو اس سے خیالات کی پراگندگی بہت بڑی حد تک رفع ہو جائیگی۔

جنگ اور توازن تجارت

اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ انگلستان کے توازن تجارت پر جنگ عظیم کا کیا اثر پڑا۔ یہ تو بیان کیا جا چکا ہے کہ اسکا پہلا نتیجہ یہ ہوا کہ وقت کے وقت تجارت خارجہ میں بہت سخت بدنظمی پیدا ہو گئی۔ لیکن رفتہ رفتہ فوری عملی تدابیر 187
کے نفاذ کے ساتھ ساتھ حالات خود بخود از سر نو منظم ہونے لگے اور مشکلات کے تحت کاروبار از سر نو جاری ہو گیا۔ جب یہ معلوم ہوا کہ گرفتاری کا خطرہ ایک حد تک گھٹتا جا رہا ہے تو پھر جہازوں کی آمد و رفت خاصی آزادی کے ساتھ ہونے لگی، اور تجارت کی تجدید یا احیاء ثانی کی پہلی علامت یہ تھی کہ اشیائے خام مثلاً گیہوں اور روئی کثیر مقدار میں امریکہ سے انگلستان آزادی سے آنے لگے۔ اسکا فوری نتیجہ ضمنی طور سے یہ ہوا کہ اس بدنظمی اور پیچیدگی کی اصلاح ہو گئی جس میں امریکہ کے مبادلات ابتداً مبتلا تھے اور امریکہ اس قابل ہو گیا کہ اپنے ذمے کا قرضہ انگلستان کو ادا کر دے۔ بتدریج حالات میں پھر سکون پیدا ہوا اور انگلستان کی صنعتوں نے نئے سر سے کم و بیش اپنے سابقہ معمولی نہج پر کاروبار شروع کر دیا۔ بعضوں نے دوسروں کے مقابلے میں اسلیے زیادہ سرعت کے ساتھ کاروبار از سر نو شروع کیا کہ انکی پیداواروں کی معمولی طلب کی قلت کی کافی سے زیادہ تکمیل ہمہ قسم کے جنگی سامان کی طلب کے روز افزوں زیادتی سے ہو گئی۔ چنانچہ ابتدا ہی سے ادنی صنعت میں ہر قسم کی فوجی وردیاں بکثرت تیار کئے جانیکی وجہ سے کاروبار کی گرما گرمی رہی۔ کفش سازی اور چمڑے کی دوسری تجارت کی بھی یہی حالت رہی، اور بہت جلد ایک

[1] Equilebrei of Foveign Tnad ۔

دوسری بہت بڑی نئی صنعت بھی یوں ترقی کرنے لگی کہ مہندسی کے تمام اقسام کے کارخانوں سے فقید النظیر مقداروں میں اسلحہ تیار کئے جانے لگے جو اس جنگ کے خصوصیات متمائز تھے۔ ان سب رجحانات کا جو نتیجہ ہوا

ابتدائی اثرات و نتائج

اسکا حال درآمد و برآمد کی ماہانہ کیفیتوں سے معلوم ہو سکتا ہے جو ضمیمہ کی جدول نمبر (۲۰) میں مندرج ہیں۔ ان سب کے عام نتیجے کو اجمالی طور سے یہاں حسب ذیل بیان کیا جا سکتا ہے:۔ ابتداً تجارت کے سب شعبوں میں یعنی نہ صرف درآمد و برآمد میں بلکہ ہر قسم کے اشیا میں بہت خاصی کمی ظاہر ہوئی۔ لیکن چند ہی مہینوں کے اندر نیا میلان اپنے آپ کو رونما کرنے لگا۔ انگلستان کی درآمد میں خاصکر اشیائے خورد و نوش اور بعض قسم کے اشیائے خام کی درآمد میں کمی موقوف ہو گئی اور زمانۂ ماقبل جنگ کے مقابلے میں اشیائے درآمد کے اعداد میں اضافہ ظاہر ہونے لگا۔ برآمد کے اضافے کی رفتار بہت دھیمی رہی لیکن مرور زمانہ کے

تجارت کے اعداد

ساتھ اسمیں بھی زیادتی ظاہر ہونی شروع ہوئی، اور آخر الامر مئی ۱۹۱۶ء تک مجموعی برآمد کی مقدار زمانۂ ماقبل جنگ کے مقابلے میں بہت بڑھ گئی۔[1] برطانوی تجارت کی ترقی کی عام رفتار کسی شکل کے ذریعہ سے بہترین طریقے پر ظاہر کیجا سکتی ہے، چنانچہ وہ ضمیمہ میں موجود ہے۔ شکل (ب) سے ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۹ء کی درآمد و برآمد کی اصلی ماہوار کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ 188

قیمتوں کے اعداد

لیکن ان اعداد کا مطالعہ کرتے وقت متعدد نقاط پیش نظر رکھنے چاہئیں اس لیے کہ سب سے زیادہ دھوکہ دینے والے نتائج سے بچنے کے لیے اعداد کو بہت احتیاط کے ساتھ برتنے کی ضرورت ہے۔ سب سے اول یہ ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ ملک کی تجارت کے جو اعداد من حیث المجموع دستیاب ہو سکتے ہیں وہ محض اسکی قیمتوں کے اعداد و شمار ہیں اس لیے کہ ایسے اعداد و شمار

[1] ۔ لیکن یہ حالت زیادہ دیرپا نہ تھی ۔ دیکھو جدول (۲۰)

پیش کرنا ناممکن ہے جن سے تجارت کی مجموعی مقدار و ضخامت ظاہر ہو سکے۔ البتہ صحت کے ساتھ ایسا کرنا صرف انفرادی اشیا کی حد تک ممکن ہے۔ پھر بھی اسکے نتیجے اور اثر کو ظاہر کیا جا سکتا ہے گو صحت کے ساتھ اسکا اندازہ قائم کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ روزمرہ کے صرف میں آنے والے اشیا میں جو عظیم المقدار اضافہ ہوا ہے اسکا لحاظ ضروری ہے، اور اسکے نتیجے کا بھی حتی الامکان تخمینہ کرنا لابد ہے۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ درآمد کے اعداد و شمار میں جنگ کے بعد جو عظیم الشان اضافہ ہوا اسکو زمانۂ ماقبل جنگ کی قیمتوں کے معیار سے جانچنا چاہئے تو اس سے یہ معلوم ہوگا کہ گوزمانۂ قبل جنگ کے مقابلے میں ۱۹۱۸ء میں قیمتوں کی مقدار تو بہت زیادہ تھی لیکن تجارت درآمد کی مقدار حقیقتاً بہت گھٹ گئی تھی[1]۔ دوسری جانب برطانیہ کی برآمد صرف چند مہینوں تک زمانۂ ماقبل جنگ کے معیاروں کے برابر رہی، جنگ سے قبل کی بالمقابل مقداروں سے لازمی طور سے بہت زیادہ گھٹ گئی[2]۔

جنگی سامان

لیکن اس سے بھی حقیقت حال پوری طرح منکشف نہیں ہوتی۔ درآمد و برآمد کے اعداد ان سب اشیا کی مقداروں کی تمام و کمال نمایندگی نہیں کرتے جو ملک کے اندر آتے اور ملک سے باہر جاتے ہیں، اس لیے کہ ان میں وہ تمام برآمد و درآمد شامل نہیں ہے جو حکومت کی ملک ہیں، اور جو اب برطانوی تجارت خارجہ کا اسقدر بڑا حصہ ہیں۔

ان کو شمار سے خارج کر دینے کا جو اضافی اثر برطانیہ کی درآمد و برآمد پر پڑتا ہے اسکا اندازہ کرنا اس وجہ سے اور بھی زیادہ مشکل ہے کہ ہم صحت کے ساتھ یہ بھی نہیں جانتے کہ شائع شدہ اعداد میں کون سے اشیا شامل کئے گئے ہیں اور کون سے شامل نہیں کئے گئے ہیں[3]۔ چنانچہ

---

[1] ۔ دیکھو جدول (۲۱)۔

[2] ۔ اعداد شائع کرنیکے بارے میں اب تک جو دستور تھا وہ جولائی ۱۹۱۶ء میں تبدیل کر دیا گیا۔

سرکاری ذخائر یعنی ہر قسم کا جنگی سامان جو انگلستان سے انگریزی فوجوں کے
لیے محاذ جنگ پر جاتا ہے یقیناً شامل نہیں کیا گیا ہے، اور اغلب یہ ہے کہ 169
مختلف قسم کے اسلحہ جو باہر سے اس ملک میں لائے گئے وہ بھی ان میں
ظاہر نہیں کئے گئے۔ لیکن ایسے اشیائے خام ضرور محسوب ہوئے جو
اس ملک میں جنگی سامان تیار کرنیکے واسطے لائے گئے تھے۔ دوسری
جانب یہ معلوم کرنا آسان نہیں ہے کہ برطانیہ نے اپنے حلیفوں کے یہاں
مختلف مقامات پر جو عظیم المقدار جنگی سامان روانہ کیا اسکا کس
حد تک اعلان کیا گیا، اسطرح یہ معلوم کرنا ناممکن ہے کہ شائع کردہ اعداد و
شمار سے برآمد و درآمد کا جو تناسب ظاہر ہوتا ہے اس سے برطانیہ کی
مجموعی برآمد و درآمد کا حقیقی توازن کس قدر دور ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ امر
تقریباً یقینی ہے کہ درآمد کے اعداد کے مقابلے میں برآمد کے اعداد
اس سبب سے نسبتاً بہت زیادہ متاثر ہوئے، اسطرح بحیثیت مجموعی
یہ عامل غالباً بہت بڑی حد تک درآمد کی روز افزوں زیادتی کو جو
بحالت موجودہ یہاں کے تجارتی اعداد و شمار سے ظاہر ہوتی ہے،
زائل کر دیگا۔[1]

اس نئی قسم کی غیر مشہود درآمد و برآمد کے نتیجے کا اندازہ کرنے کا
واحد ممکنہ طریقہ یہ ہے کہ مجموعی جنگی مصارف کا تخمینہ کیا جائے۔ لیکن
ایسا کرتے وقت یہ ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ برطانیہ کی فوجوں کے لیے
باہر جو جنگی سامان روانہ کیا گیا اسکی قیمت اس لحاظ سے برآمد میں شامل
نہیں کیجا سکتی کہ انھیں تو ازن تجارت میں برطانیہ کی لینداری کی فہرست
میں نہیں شمار کیا جا سکتا اس لیے کہ دراصل اسکی قیمت خود برطانیہ ہی کے
ذمے واجب الادا ہے، اور اسکی بنیاد پر کسی بیرونی ملک سے قیمت
متعاقب وصول کرنیکا حق برطانیہ کو نہیں پیدا ہوتا۔ لیکن پھر بھی برطانیہ

[1] دیکھو جدول (۴۰) اور شکل (ب)۔

اپنے نوآبادیات اور حلیفوں کے مقابلے میں جس حد تک اپنے مجموعی مطالبات اور حقوق قائم کر رہا ہے جنگی بنا پر مستقبل میں اسکو لینداری کا حق پیدا ہو گا اسکا اندازہ ایک طریقے سے ممکن ہے۔ ۱۹۱۶ء اور ۱۹۱۷ء میں برطانیہ نے اپنے نوآبادیات اور حلیفوں کو ۵۰ کروڑ پونڈ سالانہ کی شرح پر قرضہ دیا، اور یہ اغلب ہے کہ اس قرضے کا بہت بڑا حصہ جنگی سامان جیسے کہ وردیوں، جوتوں، مہندسی کے سامان اور ہمہ قسم کے جنگی اسلحہ کی شکل میں ملک سے باہر گیا ہو۔ اسمیں کلام نہیں کہ برطانیہ کو غیر جانبدار ملکوں خاصکر امریکہ سے ہمہ اقسام کے جنگی اسلحہ اور اشیائے خام کثیر مقدار میں وصول ہو رہی تھے، لیکن اغلب یہ ہے کہ انہیں سے اکثر چیزیں شائع کردہ اعداد میں شامل کر لی گئی ہوں اور چند خارج کر دیگئی ہوں۔

فلزات کی منتقلی 190

پھر اعداد کو حتی الامکان مکمل بنانے کے لیے ایک اور مد کو بھی محسوب کرنا ضروری ہے، اور وہ فلزات کی منتقلی ہے۔ اس موقع پر یہ یاد دلانا ضروری ہے کہ جنگ کے بعد بہت سا سونا جو حقیقت میں انگلستان کی ملک ہے فی الحقیقت اب تک ملک کے اندر نہیں لایا گیا ہے، بلکہ بنک آف انگلینڈ کی مدد واجب الوصول میں درج ہے کہ اوٹاوا، کیپ ٹاؤن اور سڈنی میں پڑا ہوا ہے یا تھا۔ اعداد پر اسکا جو ممکنہ اثر پڑ سکتا ہے اسکا حال محض ایک واقعے سے معلوم ہو سکتا ہے، یعنی یہ کہ ۱۹۱۷ء میں برطانیہ نے ٹرانسوال سے سونا تقریباً بالکل درآمد نہیں کیا، حالانکہ ٹرانسوال میں سونے کی پیداوار تقریباً حسب سابق نکلی اور وہاں سے یقیناً کسی دوسرے مقام کو روانہ ہی نہیں کی گئی[1]

نئی سمت میں تبدیلی

ان سب احتیاطوں اور تحفظات کو محسوب کر لینے بعد جنگ کے بعد سے برطانیہ کے توازن تجارت کے

[1] ۱۹۱۶ء سے سونے کی منتقلی کے اعداد شائع نہیں کئے جا رہے ہیں۔

متعلق اعداد سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟ محض یہی کہ برطانیہ کی تجارت خارجہ میں اسی طرح سے بالکلیہ نئی سمت میں تغیر واقع ہوا ہے جسطرح اسکی صنعتوں کی نوعیت و غایت میں کامل تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ یہ یقینی ہے کہ برطانیہ میں دولت کی پیدائش بشمول ہمہ قسم کے اسلحہ کے جنگ کے بعد سے بہت خاصی بڑی حد تک بڑھ گئی ہے۔ یہ بات اس واقعے سے ظاہر ہے کہ بحالت موجودہ ملک میں کوئی مرد، عورت یا کل بے کار نہیں ہے، بے روزگاری، لفظ کے قدیم مفہوم کے لحاظ سے مفقود ہے، اکثر ایسے اشخاص خاص کر عورتیں کام کر رہی ہیں جنھوں نے پہلے کبھی کام کو ہاتھ نہ لگایا تھا، اور اکثر لوگ مقررہ اوقات سے زیادہ بالکل عدیم النظیر طریقے پر کام انجام دیر ہے ہیں۔ علیٰ ہذا غالباً ملک کی تجارت خارجہ میں بھی، بشرطیکہ صحیح اعداد معلوم ہو جائیں، جنگی سامان کو شامل کر لینے کے بعد بہت خاصہ اضافہ ہو گیا ہے۔ لیکن اسکی سمت بدل گئی ہے جسطرح ملک کی تجارت داخلہ میں ملک کی پیداآور صلاحیت و قوت کا بیشتر حصہ جنگی سامان کی غیر پیداآور اور غیر مفید پیدائش میں مصروف و منہمک ہے اسی طرح تجارت خارجہ کا رُخ بھی کاملاً نئی سمتوں کی جانب پھیر دیا گیا ہے۔ ملک اسوقت زیادہ تر ان ممالک سے اشیا درآمد کر رہا ہے جنھیں وہ خود اپنے اشیا بھیجا کرتا تھا اور ان ممالک کو اپنے اشیا برآمد کر رہا ہے جن سے وہ اشیا درآمد کیا کرتا تھا۔ تمثیلاً ایک مثال لیجائے تو معلوم ہوگا کہ برطانیہ اور امریکہ کے جو باہمی تعلقات تھے انمیں کامل تغیر رونما ہو گیا ہے۔ اسلحہ اور اشیائے خام کی جو کثیر مقدار برطانیہ، امریکہ سے درآمد کر رہا ہے اسکو زائل و متوازن کرنے کے لیے انگریزی مصنوعات جیساکہ پہلے روانہ کئے جاتے تھے اب نہیں بھیجے جا رہے ہیں۔ برطانیہ 191

امریکہ بحیثیت لیندار

امریکہ کے مقابلے میں اپنی دینداری بری طرح بڑھا رہا ہے یا یوں کہنا چاہیئے کہ امریکہ اپنے ذمے کے پرانے قرضے جو برطانیہ کو کئی سالوں سے واجب الوصول

تھے بہت سرعت کے ساتھ زر اور اشیا کی شکل میں جو ملک کی ترقی کے لیے مستعار دیے گئے تھے ادا کر رہا ہے۔ سردست جیسے جیسے برطانیہ پر قرضہ عائد ہوتا جا رہا ہے ویسے ویسے وہ اشیا کی شکل میں امریکہ کو ادائی نہیں کر سکتا، اور جنگ کے معمّوں میں سے ایک معمّے کے مطابق وہ اس زیادتی کا معاوضہ سونے میں بھی ادا نہیں کر سکتا نہ صرف اس وجہ سے کہ اس کے پاس کافی مقدار میں سونا موجود نہیں ہے بلکہ اس وجہ سے بھی کہ امریکہ کو اسقدر سونا مطلوب نہیں ہے۔ برطانیہ امریکہ کے ہاتھ ان تمام قسموں کے تمسکات کو دوبارہ فروخت کر کے جو امریکن کمپنیوں سے متعلق جاری کئے گئے تھے اور انگریزوں کے ہاں تھے، اپنے ذمے کے واجب الادا رقوم ادا کر رہا ہے۔ اس وجہ سے برطانوی خزانے کی وہ تجویز رد نما ہوئی جسکی بنا پر انگلستان میں جتنے امریکن تمسکات ہیں وہ سب اس خیال سے یکجا کئے جا رہے ہیں کہ انھیں یا تو امریکہ کے ہاتھ فروخت کیا جائے یا امریکہ میں برطانیہ کے لیے خرید کئے ہوئے سامان کی قیمت ادا کرنیکی غرض سے وہیں قرضہ حاصل کرنیکی ضمانت و کفالت کے طور پر پیش کیا جا سکے۔ یہی اصول دوسرے ملکوں کے بارے میں بھی برتا جا رہا ہے اور اس قسم کی دینداری کی مجموعی مقدار ایک ارب پونڈ سے کم نہیں ہے۔ اس میں اُس قرضے کا برطانوی حصہ بھی اضافہ کرنا باقی ہے جو امریکہ نے دول متحدہ کو اپنے جنگ میں شریک ہونیکے بعد سے دیا تھا۔

جنگ کے بعد برطانیہ کی حالت

لیکن جہاں انگلستان ان ملکوں سے اپنے تعلقات کی حد تک اسطرح اپنے ذمے کا قرضہ بڑھا رہا ہے یا کم از کم اپنے اصل پر گزارہ کر رہا ہے وہیں وہ دوسری جانب اپنے دول متحدہ و حلیف اور نوآبادیات کے مقابلے میں اپنے مطالبات قائم و پیش کر رہا ہے جنکی مجموعی مقدار ۲۶ اپریل ۱۹۱۹ء تک ایک ارب ۳۷ کروڑ ۹۰ لاکھ پونڈ تھی جنگ کے

ختم ہونے پر اغلب یہ ہے کہ برطانیہ کا توازن تجارت، ان قرضوں کو محسوب کرنے کے بعد بھی جنکے وصول ہونیکی توقع نہیں ہے، ویسا نا موافق نہ رہے جیساکہ پہلے تھا۔ لیکن اسکے دیندار بدل جائینگے یا دیندار وہ نہیں ہونگے جو پہلے تھے۔

جنگ کا اثر امریکہ کے مستقبل پر

ضمنی طور سے یہ تخمینہ قائم کرنا خالی از دلچسپی نہو گا کہ جنگ کے نتیجے کے طور پر حالات میں جو تبدیلی ہوگی انکا امکانی اثر امریکہ کے توازن تجارت پر کیا پڑیگا۔ جسوقت سے امریکہ نے آزاد قوم کی حیثیت حاصل کی ہے اُس وقت سے اب تک وہ دیندار ملک رہا ہے اور انگلستان سے اور عام طور سے یوروپ سے اس نے گذشتہ زمانے میں جو قرضے حاصل کئے تھے انکے سود کو ادا کرنے کے لیے ہر سال اپنی درآمد سے زیادہ مقدار میں اشیا برآمد کرتا آیا ہے۔ لیکن بحالت موجودہ امریکہ نے تقریباً ۵ کروڑ پونڈ ادا کر دئے ہیں اور برطانیہ اور دول متحدہ کو کم از کم ایک ارب ۵۰ کروڑ پونڈ زائد بطور قرض دئے ہیں۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ امریکہ کے ذمے قدیم ملکوں کی جو رقمیں واجب الادا تھیں وہ کامل طور سے بے باق ہوگئیں اور اسکو غالباً فاضل لینداری کا مستقل حق حاصل و قائم ہوگیا۔ ان نئے حالات کے تحت امریکہ اپنی برآمد سے کیا کام لیگا؟ کیا وہ یوروپ سے اتنی ہی زیادہ مقدار میں اشیا کی درآمد کریگا اور حسب سابق برآمد کی مقررہ مقدار روانہ کرنیکا سلسلہ جاری رکھیگا یا وہ اپنی برآمد میں تخفیف کر دیگا اور اپنی پیداوار کا بیشتر حصہ اپنے ذاتی صرف کے لیے ملک ہی میں رکھ لیا کریگا؟ اثنائے جنگ میں مثلاً اس نے سابق کے مقابلے میں اپنی روئی کی پیداوار کا نسبتاً بہت بڑا حصہ اپنے ہی لیے رکھ چھوڑا تھا۔ اگر جنگ کے بعد بھی وہ ایسا ہی کرتا رہے تو لنکاشائر کی سوتی صنعت کے حق میں معاملات دگرگوں ثابت ہونگے۔

192

دوسرے غیر جنبہ دار ملک

جنگ کے نتیجے کے طور پر دوسرے غیر جنبہ دار ملکوں کی حیثیت میں بھی امریکہ کے مماثل تغیر رونما ہونے کا امکان ہے۔ ایسے سب ملک حریف و متخاصم ملکوں کو سامان مہیا کر رہے ہیں اور اسکی قیمتوں کی حد تک انکے مقابلے میں لیندار کا حق قائم کر رہے ہیں، جسکے نتیجے کے طور پر جنگ کے بعد ان کی اضافی تجارتی حیثیتوں میں بین اور نمایاں فرق رونما ہوگا۔

برطانیہ کے حلیف

برطانیہ کے حلیفوں پر جنگ کے اثر کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک اس منتقلی کا نتیجہ یقیناً یہ ہوگا کہ وہ بڑی حد تک نہ صرف برطانیہ کے قرضدار رہیں گے بلکہ جنگی سامان کی خریداری کے سلسلے میں دوسرے غیر جانبدار ملکوں کے بھی دیندار رہیں گے۔ ان میں سے اکثر رفتہ رفتہ واجب الادا رقمیں بے باق کرنیکے قابل ہو جائیں گے اور سرِدست سود ادا کرتے رہیں گے، بعضوں سے یہ توقع ہی نہیں کیجا سکتی کہ وہ برطانیہ کا مطالبہ ادا کر سکیں گے، جیسے سربیا اور رومانیا، اور چند ملکوں خاصکر بلجیم سے رقوم کی وصولیابی کی توقع جرمن سے تاوان جنگ وصول ہونیکے امکان کے ساتھ وابستہ ہے۔ رہا روس، جو برطانیہ کے سب دینداروں میں بڑا دیندار ہے، تو اسکے متعلق یہ قرینہ نہیں ہے کہ وہ کئی سالوں تک سود کی رقم بھی ادا کرنیکے قابل ہو گا[1]

مشہود برآمد پر اثر

پھر غیر مشہود برآمد و درآمد پر جنگ کا جو امکانی اثر پڑیگا اسکا بیان بھی دلچسپی سے معرا نہیں ہے۔ یوں تو ایسی درآمد و برآمد کی مقدار دریافت کرنا ہمیشہ

---

[1] ۲۶ راپریل ۱۹۱۹ء تک قرضوں کے اعداد حسب ذیل تھے، روس ۵۶۸ ملین پونڈ، فرانس ۴۳۴ ملین پونڈ، اٹلی ۱۳۴ ملین پونڈ، بلجیم ۸۷ ملین پونڈ دیگر دول متحدہ ۴۸ ملین پونڈ، مستعمرات و نوآبادیات ۱۷ ملین پونڈ۔

ہی سے بہت بڑی حد تک قیاس آرائی ہے اور خاص کر بحالت موجودہ تو اور بھی زیادہ، لیکن متعدد امور سے کچھ اشارات حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ سب سے اول باربرداری کے کرائے کو لو۔ برطانیہ کے تجارتی جہازوں کے بیڑے پر حکومت نے باغراض نقل و حمل قبضہ جما رکھا ہے، اور اس لحاظ سے اس بیڑے کے خدمات غیر مشہود برآمد میں شمار نہیں ہو سکتے، بجز اس صورت کے جس میں بعض جہازوں نے ہمارے حلیفوں کے پاس جنگی سامان پہونچانے کے لیے باربرداری کی ہو۔ لیکن بقیہ جہازوں کا جہاں تک تعلق ہے وہاں تک انھوں نے کم و بیش اپنا معمولی کام انجام دیا، اگرچہ جہازوں کا وزن تحت البحر کشتیوں کے عائد کردہ نقصان کی وجہ سے بہت گھٹ گیا ہے، پھر بھی جو کچھ جہاز باقی ہیں، ان کی آمدنیاں، اگر ہم ان کا اندازہ مقسوم کی ان مقداروں سے کریں جو ہمہ قسم کی جہازراں کمپنیوں نے اپنے حصہ داروں کو ادا کیں، زمانۂ ماقبل جنگ کے معیار کے مقابلے میں بہت اعلیٰ رہیں۔ جہاں تک دوسری معمولی مدوں کا تعلق ہے وہاں تک سیاحوں کے مصارف کی بابت یہ کہا جا سکتا ہے کہ جنگ کے بعد سے ان سے کوئی آمدنی ہی نہیں ہوئی۔ لیکن جنگ کے ختم ہوتے ہی جب یورپ کے میدان کارزار امریکن سیاح کا مسرت بخش جولانگاہ بن جائیں گے تو یہ آمدنی پھر کثیر مقدار میں وصول ہونے لگے گی۔

جہازرانی

193

کمیشن

ہمہ قسم کے بیمہ کے زائد مصارف کی جانب اشارہ کیا جا چکا ہے، خاص کر بحری و بری جنگی خطرات کی جانب، اور اس کاروبار کا بہت بڑا حصہ مثل سابق لندن ہی میں انجام دیا گیا۔ برطانیہ کے بنک کاری کے متعلق اور دوسرے کمیشن میں بھی بحیثیت مجموعی غالباً کسی بڑی حد تک کمی نہیں ہوئی ہے، اگرچہ یہ ضروری ہے کہ کاروبار کا بیشتر جز و امریکہ کے حصے میں آیا ہو۔ لیکن برطانیہ کو اس صورت میں جو نقصان ہوا اس کی تلافی غالباً دوسرے طریقے پر اس کاروبار کے

ایک جزو کے مل جانے سے ہوگئی جو سابق میں جرمنی اور آسٹریا کا حصہ تھی۔ ان ملکوں کی تجارت کا بیشتر حصہ برطانیہ کے ہاتھ میں آیا۔ اور تجارت کے ساتھ ساتھ منافعہ کا ملنا بھی ناگزیر تھا۔

اصل صرف ایک مد، جس پر بہت شدید اثر پڑا، جیساکہ پہلے بیان ہو چکا ہے، غالباً دنیا کو نیا اصل بطور قرض دینے سے متعلق ہے۔ اس میں شک نہیں کہ برطانیہ نے بیرونی ملکوں کو نئے قرضے ہاتھ روک روک کر دئے بلکہ بالکل روک دیا، اور اس کا اثر صرف جنگ کے زمانے میں برطانیہ کے توازن تجارت پر ہی نہیں پڑا بلکہ آیندہ کے لیے بھی اس ملک کے توازن پر بہت دیرپا اور دوامی اثر پڑیگا، لیکن یہ ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ یہ دونوں اثرات ایک دوسرے کو زائل کر دیتے ہیں۔ اگر برطانیہ اتنے نئے قرضے سردست نہیں دے رہا ہے تو اسکے معنی یہ ہیں کہ ان نئے قرضوں کے مقابلے میں اس کو اتنی پیداوار برآمد کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے اسطرح محض یہی عمل برطانیہ کی برآمد کی معمولی مقدار کی کچھ تخفیف کو زائل کر دیتا ہے۔

مبادلات خارجہ آخر میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ برطانیہ کی تجارت کی جنگ سے قبل کی معمولی رفتار میں جو بدنظمی اور پراگندگی پیدا ہوئی اور اسکی تجارت نے نئی سمتوں کیجانب جو رُخ کیا ہے (اگرچہ ان میں خود معمولی حالت رونما ہوتی جارہی ہے) اس کا اثر مبادلات خارجہ پر بہت خاص طریقہ سے پڑا۔ امریکہ کے مبادلات زمانۂ ماقبل جنگ میں جس مالی مصیبت و آفت سے گزر رہے تھے اس سے انھیں بہت جلد نجات مل گئی اور برآمد کی رو جاری ہو جانے سے برطانیہ کے
194 مقابلے میں امریکہ کا پلہ بہت جلد بھاری ہو گیا۔ چنانچہ جنگ کے بعد سے تمام ملکوں کے مبادلات کی یہی کیفیت عام طور سے ہوگئی ہے برطانیہ کے مبادلات غیر جانبدار ملکوں کے مقابلے میں اسکے مخالف ہو گئے ہیں اسلیے کہ ان کو برطانیہ جتنی برآمد سردست کر سکتا ہے اس سے

زیادہ اشیا وہ ان سے درآمد کر رہا ہے۔ اسکے برخلاف دول متحدہ اور برطانیہ کے باہمی مبادلات سب کے سب بہت بڑی حد تک برطانیہ کے موافق ہیں، اس لئے کہ وہ جتنی اشیا برطانیہ کو بھیج سکتے ہیں اس سے زیادہ مقدار میں وہ برطانیہ سے وصول کر رہے ہیں۔

مبادلات کی حد تک دوسرے متخاصم ملکوں کی حیثیت بھی عملاً ایسی ہی ہے۔ سب ملکوں کے مبادلات جرمنی کے مخالف ہیں بلکہ انگلستان سے بدرجہا زیادہ مخالف ہیں۔ لیکن اسکے اسباب میں سے ایک سبب وہ ہے جسکو ہمیں بدقسمتی سے شمار کرنیکی ضرورت نہیں، یعنی جرمنی کے زر کاغذی کی قیمت کی تخفیف۔ مبادلات خارجہ کے ان تغیرات کی نوعیت ووسعت کا کچھ اندازہ ان اعداد سے ہوگا جو ضمیمہ کی جدول (۱۲) تا جدول (۱۵) میں مندرج ہیں۔

حوالہ جات

1. Gide :—Chapter VII, Article 1 and 2
2. Giffen :—Economic Enquiries and Studies
3. Smart :—The return to Protection Chapter III & IV
4. Bowley :—The effect of the War on the external Trade of the United Kingdom.

پندرھواں باب

نظریۂ تجارت بین الاقوام

195 (۱) تجارت خارجہ کے فوائد۔ (۲) نظریۂ موازنۂ مصارف۔ (۳) آزاد تجارت بہ مقابلہ تجارت مامون۔ (۴) یہ عملی سوال ہے نہ کہ اصولی۔ (۵) مختلف ممالک پر اس کا اطلاق۔ (۶) تامین تجارت کے موافق دلائل اور ان پر اعتراضات۔ (۷) محصولات درآمد اور امداد۔

تجارت بین الاقوام کا مقصد

یہ بتایا جا چکا ہے کہ تاوقتیکہ کوئی ملک خواہ سابقہ قرضے کے سبب سے یا سالانہ خدمات کی وجہ سے دوسرے ملکوں کا دیندار یا لیندار نہ ہو ہر ملک کی درآمد و برآمد کی قیمت کا بحیثیت مجموعی ایک دوسرے کو متوازن کرنا ضروری ہے۔ اس صورت میں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ جب فریقین مساوی قیمت وصول اور ادا کریں تو پھر تجارت خارجہ سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے اور دونوں فریق اس سے کس طرح منفعت حاصل کرتے ہیں؟

اس لحاظ سے تجارت خارجہ کی حیثیت ایسی ہی ہے جیسے کہ افراد کے درمیان تجارت کی۔ یہاں بھی یہی سوال کیا جا سکتا ہے کہ

اس میں کونسا فائدہ ہے کہ مبادلے میں ہر شخص کو اُسی قیمت کی شئے وصول ہوتی ہے جتنی قیمت کی شئے وہ مبادلے میں دیتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ گو مبادلے کی قدر یا قیمت دونوں کے لیے ایک ہوتی ہے اشیائے متبدلہ کی ذہنی قدر دونوں فریقوں کے لیے جداگانہ ہوتی ہے۔ بس بعینہٖ یہی حال تجارت خارجہ کا ہے۔ گو ہر ملک کے لیے برآمد و درآمد کی قدر بہ حساب زر ایک سی یا مقررہ ہوتی ہے لیکن اس مبادلے کے تمام فوائد کی محض یہی نمایندگی نہیں کرتی۔ تجارت خارجہ کا نظریہ تقسیم عمل کے نظریئے کے بہت کچھ مشابہ ہے۔ جس طرح افراد میں عمل کی تقسیم کرنے کی صورت میں یہ امر ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ ہر شخص سے وہی کام کرانا چاہیئے جسکو وہ بہترین طریقے پر انجام دے سکتا ہو اسی طرح ہر ملک کو وہی اشیا تیار کرنے چاہئیں جو وہ سب سے زیادہ فائدے کے ساتھ تیار کر سکتا ہو۔ قوموں کو جو تفریقی فوائد حاصل ہوتے ہیں ان کے اسباب بھی ایک دوسرے سے بہت مختلف ہوتے ہیں۔ لیکن اکثر حالتوں میں ان کو مصارف پیدائش کے تصور کی کسی شکل میں ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ آب وہوا، زمین کی ساخت یا سابقہ صنعتی حالات کے باعث 196
ایک ملک دوسرے ملک کی نسبت بہت زیادہ ارزاں تیار کر سکتا ہے، یا ایسے اشیا تیار کر سکتا ہے جو دوسرا ملک تیار ہی نہیں کر سکتا۔

تفریقی مصارف پیدائش۔ مثلاً جس ملک کی زمین اور آب وہوا روئی کی کاشت کے لیے موزوں ہوں اس کو ہمارے نظریئے کے تحت کلیتہً روئی ہی کی کاشت کرنی چاہیئے تاکہ وہ اپنی پیداوار کا مبادلہ دوسرے ملک کے دوسرے خاص اشیا سے کر سکے مثلاً کسی ایسے ملک سے جسکو کوئلے اور لوہے کی کانوں کی بدولت مصنوعات تیار کرنے میں خاص سہولت حاصل ہو۔ اس طریقے پر ہر ملک دوسرے ملکوں کی خاص خاص پیداوار یا پیدائش کی سہولتوں سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور بحیثیت مجموعی دنیا کی کل پیدائش بیشترین ممکنہ

مقداریں ہوتی ہے۔ مثلاً اس میں تمام دنیا کا فائدہ ہے کہ مصر عمدہ روئی کی کاشت کرے اور لنکا شائر جسکی آب وہوا مرطوب ہے پارچہ بافی کے عمدہ کام میں کلیتہً مصروف رہے۔ اس سے نہ صرف تمام دنیا کو بیشترین فائدہ حاصل ہوگا بلکہ متعلقہ ملکوں میں سے ہر ایک کے لیے یہی ایک بہترین منفعت حاصل کرنیکی صورت ہوگی۔ اور اگر تجارت بین الاقوام مصنوعی بندشوں اور قانونی قیود سے آزاد کردی جائے تو مقابلے کا اثر و نتیجہ یہ ہوگا کہ پیداآور قوت کی معیاری تقسیم عمل میں آسکتی ہے۔

ایک بے ضابطگی

اس نظر سے بعض اوقات ایک پیچیدہ بے ضابطگی یہ پیدا ہوتی ہے کہ کوئی ملک جو کسی شئے کو خود نسبتاً ارزاں طریق پر تیار کرسکتا ہو اگر اسی شئے کو باہر سے طلب کرے تو اسکو درحقیقت نفع ہوگا۔ مثلاً انگلستان دنیا کے ان بہترین خطوں میں سے ہے جہاں بہترین قسم کے مویشی موجود ہیں اور ان سے بہترین قسم کا دودھ، دہی، مکھن اور گھی مل سکتا ہے۔ لیکن انگلستان کا اس میں زیادہ فائدہ ہے کہ وہ ان چیزوں کو ڈنمارک سے طلب کرے اور ان کے مبادلے میں اپنے یہاں سے کوئلہ اور مصنوعات روانہ کرے۔ اسکی توجیہ و تشریح یوں کیجاتی ہے کہ اس درآمد کی قیمت کسی اور قسم کے اشیا سے ادا کیجاتی ہے جنکی تیاری میں پہلے ملک کو نسبتاً بہت زیادہ منافع ملتا ہے مثلاً اوپر کی مثال میں ڈنمارک میں مکھن وغیرہ تقریباً ویسا ہی عمدہ تیار کیا جاتا ہے جیسا کہ انگلستان میں مگر ڈنمارک میں کوئلہ بالکل نہیں ہوتا۔ مکھن وغیرہ کی تیاری کی بہ نسبت کوئلے کی پیدایش میں انگلستان کا زیادہ فائدہ ہے۔ اس لیے اگر انگلستان اپنے آپ کو اسی شعبے کے لیے وقف کردے جس میں اس کو سب سے زیادہ فوائد حاصل ہوتے ہیں تو اسی میں اسکو نفع ہوگا۔ اسی طرح افراد کا حال ہے۔ اگر ایک شخص دوسروں سے ایسے اشیا خریدے جنکو وہ خود زیادہ بہتر اور ارزاں طریقے پر تیار کرسکتا ہے تو

اس میں اسکو فائدہ ہو سکتا ہے بشرطیکہ وہ پیدائش کے کسی دوسرے شعبے میں اپنی محنت کو وقف کر دے جس میں اسکو نسبتاً زیادہ یا خاص فوائد حاصل ہوں۔

نظریۂ موازنہ پیدائش

پس تجارت بین الاقوام کا نظریہ یہ ہے کہ ہر ملک کو نہ صرف ایسے اشیا تیار کرنے چاہئیں جن کی تیاری کے مصارف بیرونی ممالک سے انکو منگوانے کے مصارف سے نسبتاً کم ہوں بلکہ وہ اشیا تیار کرنے چاہئیں جن کی تیاری کے لئے اس کو بیشترین سہولتیں یا جن سے اس کو بیشترین فوائد حاصل ہوں۔ اسی کو نظریۂ موازنہ مصارف کہتے ہیں۔ ہر صورت میں جس چیز کا لحاظ کرنا ضروری ہے وہ یہ نہیں ہے کہ ایک ملک میں شئے کو تیار کرنے کے مصارف اسکو باہر سے درآمد کرنے کے مصارف کے مقابلے میں کتنے ہوتے ہیں بلکہ غالباً یہ کہ دونوں ملکوں میں ہر شئے کو تیار کرنے کے اضافی مصارف کیا ہوتے ہیں۔ مثلاً اگر ایک ملک لا میں ایک شئے الف کی تیاری میں محنت و اصل کے (۵) جزعے صرف ہوں اور دوسری شئے ب کی تیاری میں اسیطرح اصل و محنت کے (۱۰) جزعے اور اس کے برعکس دوسرے ملک (ما) میں الف کی تیاری میں (۳) جزعے اور ب کی تیاری میں (۹) جزعے صرف ہوں تو اگرچہ ما لا کی نسبت ب کو زیادہ ارزاں طریق پر تیار کر سکتا ہے لیکن ما کو چاہئے کہ خود الف کی تیاری میں ہمہ تن مصروف ہو جائے اور ب کی تیاری کا پرچھوڑ دے کیونکہ الف اور ب کی تیاری کے اضافی مصارف کا تناسب لا کے (۱ : ۲) کے مقابلے میں ما میں (۱ : ۳) ہے۔ چنانچہ ما میں الف کی (۱۰۰) اکائیاں تیار ہوں اور لا میں ب کی (۱۰۰) اکائیاں تیار ہوں تو اپنے مجموعی مصارف (۳ × ۱۰۰) اور (۱۰ × ۱۰۰) ۱۳۰۰ ہونگے۔ لیکن کسی اور طریق پر تقسیم عمل میں آنے سے مصارف بڑھ جائیں گے۔ اس سے یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ تجارت خارجہ کے فوائد کے متعلق عام طور پر جو خیالات رائج اور مسلم ہیں ان میں نظر ثانی کرنیکی ضرورت ہے۔ اگر کسی معمولی آدمی سے پوچھا جائے کہ انگلستان کی تجارت خارجہ کے فوائد کا

عام خیالات

197

انحصار آیا درآمد پر ہے یا برآمد پر تو وہ غالباً موخرالذکر کیجانب اشارہ کریگا۔ اس نقطۂ نظر سے انگلستان کی درآمد اشیا، بجز اشیائے خام کے جو انگریزی مصنوعات کی تیاری میں کھپتے ہیں، زیادہ سے زیادہ ایک لابدی خرابی خیال کی جاتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ چند بیرونی اشیا کی درآمد جو آب و ہوا اور دوسرے حالات کے باعث اس ملک میں تیار نہیں ہو سکتے ضروری ہے، جیسے کہ روئی یا چائے، اور اس سوال سے اس کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے کہ آیا یہ چیزیں انگریزی مصنوعات میں کام آنے والے اشیائے خام ہیں یا اس ملک کی غذا کی رسد کے لیے رسمی ضروریات میں شامل ہیں۔ لیکن جہاں تک بیرونی اشیائے تعیش کا تعلق ہے جیسے شامپین وغیرہ تو فائدے کو مشتبہ خیال کیا جاتا ہے اور جب ہم باہر کے گیہوں کی آخری مثال پر پہونچتے ہیں جو بدیہی طور سے خود انگلستان میں پیدا کیا جا سکتا ہے تو ایسی شئی کی درآمد کو قطعی خرابی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس طرح اس نقطۂ نظر سے انگلستان کی تجارت خارجہ کا زیادہ پسندیدہ پہلو انگریزی اشیا کی برآمد ہے۔ انگریزوں کی زندگی کا بڑا اور اصلی مقصد اور انگریزی صنعتوں کے فروغ و ترقی کا بہترین 198
ثبوت اور معیار بہ ظاہر اس امر کو خیال کیا جاتا ہے کہ انگلستان اپنی صنعتوں کی پیداوار یعنی مصنوعات تمام دنیا کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے مہیا کرے۔

برآمد بہ مقابلہ درآمد

پھر یہ امر کہ انگلستان کی سب برآمد مساوی طور سے پسندیدہ اور اچھی نہیں خیال کی جاتی اس وقت مترشح ہوتا ہے جب ہم اشیائے خام مثلاً کوئلے کی برآمد کی بحث پر پہونچتے ہیں۔ اس رجحان اور طرز عمل کی تہ میں کون سا خیال مضمر ہے؟ بہ ظاہر یہی کہ برآمد کو فروغ دینا چاہیئے اس لیے کہ وہ انگلستان کی ملکی صنعتوں کی پیداوار کی نکاسی کا وسیلہ ہے۔ لیکن یہ کہ کوئی ایسی شئے برآمد نہ کرنی چاہیئے جو ملک کی ان صنعتوں میں استعمال

ہوسکتی ہے۔ اس کے برعکس درآمد صرف اسی صورت میں بے ضرر ہے جبکہ اشیائے طلب کردہ ملکی صنعتوں میں لگائے جائیں اور اس صورت میں سب سے زیادہ قابل گرفت ہے جبکہ اس میں گیہوں جیسے اشیا شامل ہوں جو ملک میں پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ جب درآمد میں مصنوعات شامل ہوتے ہیں جن کے مقابلے سے براہ راست ملکی مصنوعات پر زد پڑتی ہے تو ایسی درآمد کو بہ ظاہر سخت قابل لعنت و ملامت خیال کیا جاتا ہے۔

ان خیالات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ملکی صنعتوں کا جو مقصد ہے وہ غلط سمجھا گیا ہے۔ یعنی یہ سمجھا جاتا ہے کہ ان صنعتوں کا وجود برآمد کے لیے اشیا تیار کرنے کی واحد غرض کے واسطے ہے۔ انگلستان کا وجود دنیا میں اس لیے ہے کہ وہ بقیہ دنیا کے لیے مصنوعات تیار کرے۔ اگر کوئی دوسرا ملک اسی خیال کو پیش نظر رکھ کر انگلستان کو اس کے بیرونی مقبوضہ بازاروں سے ہٹانے کی کوشش کرے تو وہ گویا انگلستان کے پیدائشی حق کو غصب کر رہا ہے اور اگر کوئی ملک خود انگلستان میں اپنے تیار کردہ مصنوعات بھجوانے کی کوشش کرے تو گویا اس سے نہ صرف نیوکیسل یعنی معدن زغال کو کوئلہ روانہ کرنے کی غلطی سرزد ہو رہی ہے بلکہ وہ مداخلت بیجا کے جرم کا بھی مرتکب ہو رہا ہے۔

داخلی و خارجی تجارت

اس مغالطے کی اصل بنیاد یہ خیال ہے کہ انگلستان کی ملکی صنعتوں کا اصلی مقصد برآمد کے لیے اشیا تیار کرنا ہے، یہ کہ انگلستان کا سارا گزارہ تجارت خارجہ پر ہے اور یہ کہ انگلستان کی تجارت خارجہ اس پیدائش کے مقابلے میں زیادہ اہمیت رکھتی ہے جو ملکی ضرورتوں کو پورا کرنے کے واسطے انجام دیجائے۔ گویا صناع کا جو نقطۂ خیال ہے اس کو قومی حکمت عملی میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ صناع کا ذریعہ معاش اس کے تیار کردہ مصنوعات ہیں جن کو وہ خود غالباً کبھی استعمال نہیں کرتا بلکہ دوسروں کے ہاتھ فروخت

199 کرتا ہے۔ لیکن کسی قوم کی حکمت عملی کا حقیقی معیار یہ نہ ہونا چاہئے۔ قوم کوئی کارخانہ نہیں ہے جو مصنوعات تیار کر کے دوسری قوموں کے ہاتھ فروخت کرے اور اور نہ تاجر یا دوکاندار ہے جو دوسری قوموں کے مال کو خریدو فروخت کر کے منافع حاصل کرے۔ قوم کی حیثیت اُس قدیم کاشتکار و فلاح کی سی ہونی چاہئے جو اپنے اہل و عیال اور دیگر متعلقین کی غذا اور لباس کی ضرورتوں کو پورا کرنے کی غرض واحد سے کھیتی باڑی کرتا تھا ان ضرورتوں کے پورا ہونیکے بعد جو کچھ بچ رہتا تھا اس سے وہ ایسے اشیا یا سامان تعیش خرید کرتا تھا جن کو تیار کرنے سے وہ خود قاصر ہوا کرتا تھا۔

قوم کی حیثیت اس طرح قوم کی صنعتوں کا مقصد واحد پورے ملک کی آبادی کی غذا لباس اور مکان کی ضرورتوں کو پورا کرنا ہے، ملک کی یہی آبادی زیادہ تر مصنوعات تیار کرتی ہے اور وہی ان کا بیشتر حصہ صرف کرنے کا استحقاق رکھتی ہے۔ لیکن چونکہ مصنوعات کا مدار ایک حد تک ممالک خارجہ کے اشیائے خام کے استعمال پر ہوتا ہے اس لیے ان اشیا کے مبادلے میں بھی مکمل مصنوعات کا کچھ حصہ ادا کرنا ضروری ہے اور اگر جیسا کہ موجودہ حالت ہے کہ ہم اپنے آپ کو اپنے اعلیٰ اور پیچیدہ معیار زندگی کے باعث تمام دنیا کا زیر بار منت بنا رہے ہیں اور ہمارے مزدوروں کو بیرونی ممالک سے چائے۔ قہوہ۔ تمباکو۔ مسالوں اور ہزاروں دوسرے اشیا کی ضرورت پڑتی ہے تو بیرونی ممالک کے ان اشیا کے تیار کرنے والوں کو ہمارے ملکی مصنوعات میں سے کچھ حصہ بطور معاوضہ دینا بالکل واجبی ہے۔

اس لحاظ سے قوم کی برآمد دراصل ملک کے زوائد کو تعبیر کرتی ہے۔ کہ ایک قوم ان زوائد کو دوسری قوموں کے حوالے کر کے ان کے مبادلے میں ایسی پیداوار یا اشیا حاصل کرتی ہے جن کو وہ خود اپنے یہاں تیار نہیں کر سکتی۔ اس طرح اس مبادلے میں

اصلی فائدہ کس طرح حاصل ہوتا ہے؟ ظاہر ہے کہ اگر انتخاب برآمد و درآمد کے مابین ٹھیرا تو فائدہ درآمد ہی میں مضمر ہے۔ ہم اپنے ان زائد مصنوعات کو دوسروں کے حوالے کر دیتے ہیں جو ہم بآسانی اور ارزاں طریقے پر تیار کر لیتے ہیں۔ اور ان کے مبادلے میں ایسے اشیا حاصل کرتے ہیں جن کو یا تو ہم تیار ہی نہیں کر سکتے یا اتنی سہولت کے ساتھ نہیں کر سکتے جتنی سہولت کے ساتھ بیرونی ممالک تیار کر لیتے ہیں اور اسی سبب سے ہماری نظروں میں ان بیرونی اشیا کی قدر و قیمت ہماری اشیا کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ ہمارا فائدہ یہی ہے کہ ہم کو ہماری چیزوں سے زیادہ قیمتی اور بیش قدر اشیا میسر آ جاتی ہیں۔ بالفاظ دیگر ملک کو اصلی فائدہ درآمد سے حاصل ہوتا ہے نہ کہ برآمد سے۔

درآمد کا فعل۔

لیکن اس کا مطلب یہ نہ لینا چاہیئے کہ انگلستان کی تجارت برآمد کے حقیقی فائدے اور قدر و قیمت سے انحراف یا انکار کیا جا رہا ہے۔ مثلاً اگر سوت کی تجارت میں انگریزی سوتی اشیا کی برآمد کی وجہ سے کثیر اضافہ ہو جائے تو اس کا نتیجہ پیدائش پیمانہ کبیر کے مشہور کفایات کی بنا پر یہ ہوگا کہ ملک میں فی پونڈ سوت یا فی گز کپڑا تیار کرنے کے مصارف کا اوسط بہت کم ہو جائیگا اور مصارف کی اس تخفیف سے ملک کے صارفوں کو بھی فائدہ اٹھانیکا موقع ملیگا۔ اس صورت میں بھی گیہوں وغیرہ کی درآمد کے جو نقصانات بتائے جاتے ہیں، کیونکہ یہ چیزیں ملک میں پیدا کیجا سکتی ہیں، ان کی ایک حد تک تلافی ہو جاتی ہے۔ ان اشیائے درآمد کی قیمت مصنوعات کی شکل میں ادا کرنی ضروری ہے۔ اور اس کا نتیجہ صرف یہی نہیں ہے کہ پارچہ باف مزدوروں کو خاصی اجرت اخراجات کے لیے مل جائیگی جس سے وہ اپنے لیے اور اہل و عیال کے لیے ارزاں نرخ پر روٹی خریدیں گے۔ بلکہ اس میں ملکی کاشتکار کو بھی جو اپنے پیدا کردہ گیہوں کی قیمت کی کمی کے باعث مصیبت میں ہے یہ سہولت میسر آئے گی کہ

200

وہ اپنی ضرورت کی تمام چیزوں کو کم و بیش تخفیف شدہ قیمت پر خرید سکے گا۔

تجارت خارجہ کی اضافی اہمیت

غالباً یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ جن لوگوں کا کاروبار تجارت خارجہ کے کسی شعبہ سے متعلق ہو انہیں تجارت خارجہ کی اہمیت کو مبالغہ کے ساتھ بیان کرنیکا میلان پایا جائے۔ اور اس رجحان میں اس واقعے کی بنا پر ترقی ہوئی کہ چند سال قبل تک ملک کی مجموعی پیدائش کی وسعت و مقدار کے متعلق کسی کو اعداد و شمار ہی دستیاب نہ ہو سکتے تھے، جس سے حقیقی ملکی صرف اور تجارت خارجہ کی اضافی اہمیت کے متعلق صحیح اندازہ قائم کرنیکا موقع ملتا۔

۱۸۷۷ء کے ابتدائی زمانے میں سر رابرٹ گفن نے آمدنی یا منافع کی بابتہ جو انگریزی تجارت خارجہ سے حاصل ہوا تھا یہ اندازہ قائم کیا کہ وہ مجموعی آمدنی کے $\frac{1}{8}$ سے زائد نہ تھا۔ لیکن ۱۹۰۷ء کی پیدائش شماری تک یہ ممکن نہ ہوا کہ اس مسئلے کے بارے میں مہم ترین عددی تصورات نہ پیش کئے جاتے اور کوئی صحیح تخمینہ قائم کیا جاتا۔ لیکن بحالت موجودہ یہ معلوم ہے کہ انگلستان کی تمام صنعتوں کی (بہ شمول زراعت و ماہی گیری) خالص مجموعی پیداوار اس سال ۴۵۶،۰۰۰،۰۰۰ پونڈ سے کم نہ تھی اور اس کے برعکس مصنوعات ملکی کی برآمد کی مجموعی قیمت اسی سال صرف ۴۲۶،۰۰۰،۰۰۰ پونڈ۔ اور خالص درآمد کی مجموعی قیمت ۵۵۴،۰۰۰،۰۰۰ پونڈ تھی

قومی تجارت کے اصول

گو موازنۂ مصارف کا یہ نظریہ، تجارت بین الاقوام کے معاشی نظریئے کی بنیاد ہے لیکن بدقسمتی سے یہ قوموں کی تجارتی حکمت عملی کو منظم کرنے والا اصول نہیں ہے اور اس کی وجہ ظاہر ہے۔ تجارت بین الاقوام کا نظریہ محض ایک معیاری نظریہ ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر دنیا ایک بے لوث

اور بے لاگ دانشمند جماعت کے زیر نگیں ہو جس کے پیش نظر بحیثیت مجموعی تمام دنیا کے اغراض ہوں نہ کہ ذاتی اغراض تو کیا صورت حالات ہوگی۔ لیکن دنیا اس طریقے پر تو نہیں چل رہی ہے اور خود موجودہ زمانے سے 201
زیادہ کبھی اس کو محسوس کرنے کا کوئی سبب نہیں ملتا۔ مختلف جغرافی تاریخی اور نسلی و طبعی اسباب کی بنا پر دنیا متعدد قوموں میں منقسم ہے، جن کی تجارتی حکمت عملی تمام عالم کے مفاد و اغراض کے کسی اصول کے تحت نہیں ہے بلکہ خالصاً خود غرضانہ قومی مقاصد کے تابع ہے۔ زبان، نسل، آب و ہوا اور طبعی حالات کے اختلافات اور تاریخی خصومت و عداوت کی بنا پر قومی و نسلی تفریقات اس توقع کے لیے کوئی گنجایش باقی نہیں رکھتے کہ تجارت بین الاقوام کے کسی اعلیٰ درجے کے اور معیاری اصول کے لگ بھگ کوئی اصول اختیار کیا جائے۔

۱۸۴۶ء میں انگلستان میں آزاد تجارت کے وکیلوں نے یہ پیشین گوئی کی تھی کہ قانون غلہ کی تنسیخ کے ہیجان کے کامران ہونے کے بعد ہی پانچ سال کے اندر اندر دنیا کا ہر تہذیب یافتہ ملک انگلستان کی تقلید کرے گا اور آزاد تجارت کے اصول پر عمل پیرا ہو جائے گا لیکن غالباً دنیا کی کوئی اور پیشین گوئی اس قدر جلد اور مکمل طور سے غلط اور جھوٹ ثابت نہ ہوئی جتنا کہ یہ پیشین گوئی۔ لیکن یہاں یہ خیال قائم کرنے کے خلاف متنبہ کر دینا مناسب ہوگا کہ اوس وقت انگلستان نے آزاد تجارت کے اصول کو محض اس وجہ سے اختیار کیا تھا کہ وہ بین الاقوامی تجارت کا صحیح معیاری اصول تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ انگلستان اس حکمت عملی پر محض اس بنا پر کاربند ہوا کہ وہ اس وقت کے خاص حالات کے اعتبار سے انگلستان کے قومی اغراض کے لیے بہت موافق و موزوں تھی اور انگلستان کی راست بازی کی شہرت براعظم کے ہمسایوں کی نظروں میں محض اس وجہ سے خاک میں ملگئی کہ انگلستان کے اکثر و بیشتر باشندے اس حقیقت سے بہ ظاہر آگاہ نہ تھے اور اس کو

تسلیم نہ کرتے تھے۔ انگریز نہ صرف اُس وقت بلکہ بڑی حد تک اس کے بعد بھی یہ تسلیم کرنے سے قاصر رہے کہ اس حکمت عملی کا، جو انگلستان کے حالات کے لیے موزوں تھی، لازمی طور پر دوسرے ممالک کے لیے موزوں ہونا ضروری نہ تھا یا اگر حالات بدل جائیں تو درحقیقت خود انگلستان کے لئے اس کا بغایت مناسب و موزوں ہونا ضروری نہیں ہے۔ لیکن جیسے ہی جرمنی میں قومی معاشیئین کا دبستان رونما ہوا جرمنی اور انگلستان کی حکمت عملی کا فرق نمایاں اور واضح ہوگیا جو حقیقت میں انگلستان اور دنیا کے اکثر دوسرے ممالک کی حکمت عملی کا فرق تھا۔ لیکن اب یہ امر ہم پر بخوبی روشن ہوگیا ہے کہ مالی و تجارتی حکمت عملی کو بین الاقوامی نظریے یا عام اصول کے تابع نہیں کیا جا سکتا بلکہ وہ ایک قومی معاملہ ہوتی ہے یا قوم کی عملی ضرورت کے لحاظ سے اختیار کیجاتی ہے۔ پس آزادی تجارت یا تامین تجارت کا مسئلہ دراصل اصولی مسئلہ نہیں ہے بلکہ عملی ضرورت کا معاملہ ہے۔ اصول کا دراصل کوئی سوال ہی نہیں ہوسکتا۔ اگر تمام روئے زمین پر آزاد تجارت کا دور دورہ ہو جائے اور مقابلے کے دباؤ کے تحت ہر قوم اس بات پر مجبور ہو کہ اپنے کو وہی اشیا تیار کرنے کے لیے 202
وقف کر دے جن میں اس کا بیشترین فائدہ ہو تو ایسی تجارت یقیناً دنیا کا بہترین نصب العین ہوگا۔ لیکن ہر قوم کو جس چیز پر غور کرنا چاہیئے وہ یہ نہیں ہے کہ ایک معیاری دنیا کے لیے کون کون اصول سب سے زیادہ موزوں ہوں گے بلکہ یہ کہ وہ موثر و حقیقی تدابیر کیا ہیں جن کے اختیار کرنے سے خود اس قوم کے مخصوص ذاتی اغراض کے لیے بیشترین فوائد حاصل ہوسکتے ہیں۔ اسی لیے انگلستان کے سوا ہر ملک نے ایک حد تک تجارت مامون کو اختیار کر لینا اپنے لیے موزوں خیال کیا یعنی انھوں نے صنعت کی قدرتی رفتار میں کم و بیش مداخلت کرنا پسندیدہ و مناسب تصور کیا

عملی معاملہ ہے نہ کہ اصولی

نصب العین

اور سب سے زیادہ موزوں سمتوں کی جانب اس کا رُخ پھیر دینے یا اس کے لیے کشش پیدا کرنے کی کوشش کی۔ مگر یہ خیال کرنا کہ تجارت بین الاقوام کا نظریہ قطعی طور پر نظر انداز کر دیا گیا ہے یا دنیا کی پیدا آور قوت کی تقسیم اس نظریئے کے علی الرغم عمل میں لائی گئی ہے حد اعتدال سے تجاوز کرنا یا دوسری انتہا پر جانا ہے اس کے برخلاف واقعہ یہ ہے کہ دنیا کی صنعتوں میں سے اکثر و بیشتر صنعتیں ان ہی ممالک میں جاری ہیں جو ان کے لیے سب سے زیادہ موزونیت رکھتے ہیں مثلاً لنکا شائر میں روئی کی کاشت نہیں ہوتی اور نہ مصر اپنی روئی کی کاشت سے پارچہ بافی کا کوئی بڑا کاروبار کرتا ہے۔ اب تک جو کچھ ہوا وہ غالباً یہ ہے کہ اکثر قوموں نے اپنے اپنے ملک کے حالات میں اس کی ترقی کے خاص خاص مدارج کے مقتضا کے لحاظ سے تغیر و تبدل کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ بعض صنعتوں کی ترقی کی راہ سے ان عارضی موانعات اور مزاحمتوں کو ہٹایا جاسکے جن کا ہٹانا وہ اپنی دانست میں اپنے ملکوں کی سہولتوں کی کامل نشوونما و ترقی کے لیے ضروری یا مناسب خیال کرتے تھے۔ یہ سچ ہے کہ اس طرح عارضی تدابیر کے طور پر جو بندشیں قائم کی گئیں ان کو ہٹانا عام طور سے بہت مشکل اور اکثر صورتوں میں ناممکن تھا۔ لیکن اس سے اس واقعے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی کہ بحیثیت مجموعی دنیا کی تجارت ایسے راستے پر چل رہی ہے جس میں کمترین مقاومت ہے۔ یعنی بین الاقوامی نظریۂ مصارف کے اصول پر چل رہی ہے۔ اور یہ کہ ایسی مثالیں نسبتاً بہت کم ہیں جس میں کوئی ملک کسی صنعت کو بالاستقلال نقصان برداشت کرکے انجام دے رہا ہو۔

واقعی صورت حال

یہاں بین الاقوامی تجارتی تعلقات کے بارے میں ایک اور عام غلط فہمی کے خلاف متنبہ کر دینا فائدے سے خالی نہ ہوگا بعض اوقات لوگ اس طرح گفتگو کرتے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ گویا تجارت بین الاقوام کا مطلب تجارت مابین اقوام ہے اور خاص کر تجارتی و مالی سوالات کی

بحث میں خاص ملکوں کی تجارتی پالیسی کے بارے میں ایسے فقرے استعمال
203 کئے جاتے ہیں مثلاً جرمنی نے اپنی تجارت خارجہ کے لیے جو طرز عمل اختیار
کیا" وغیرہ کہ گویا تجارت مابین الاقوام زیادہ تر حکومتوں کے اختیار و انتظام کا
معاملہ ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ بالکل غلط بات ہے۔ بین الاقوامی تجارت کا

دنیا کے تجار

کاروبار اور انتظام کلیتہً مختلف قوموں کے منفرد
تاجروں کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور اس کاروبار سے
ان افراد کا مقصد بلکہ غالباً واحد مقصد محض روپیہ کمانا ہوتا ہے۔ یہ ممکن
ہے کہ حکومت ان پر چند قواعد و پابندیاں عائد کرے اور بعض
اشیا کی درآمد و برآمد پر محصول لگائے یا ان کو مالی امداد مقرر کرے
یا بعض اشیا کی تجارت میں سہولتیں پیدا کرے۔ رکاوٹیں قائم کرے لیکن خود براہ راست
ان اشیا کی تجارت میں حقیقت میں بہت کم صورتوں میں حصہ لیتی ہے۔ دنیا کی تجارت
خانگی اشخاص، کمپنیوں اور انجمنوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے اور یہ سب
اپنی ذاتی منفعت کے لیے کاروبار کرتے ہیں۔

فرانس میں تامین

مختلف ملکوں نے اپنے یہاں کی خاص خاص صنعتوں کی
حفاظت کی غرض سے تامینی محصول کا طریق جاری
کیا ہے۔ اور جن جن اسباب کی بنا پر یہ طریق جاری
کیا ہے انکی تشریح و توضیح چند مثالوں کے ذریعے سے کیجا سکتی ہے مثلاً
فرانس میں ملکی کاشتکاروں کا طریقہ قائم رکھنے کی طرف بہت زیادہ
اہمیت منسوب کیجاتی ہے۔ وہاں ایک خاندان کے افراد میں زمین کو
مساوی حیثیت سے تقسیم کرنے کا جو طریقہ رائج رہا اس کا بالآخر یہ
انجام ہوا کہ زمین لاکھوں چھوٹے چھوٹے خطوں میں منقسم ہوگئی۔ اس کا
لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ ان خطوں پر کاشت انتہائی طور سے عمیق ہونے لگی۔
لیکن جب "نئی دنیا" کے دریافت ہو جانے کے بعد دنیا کی زرعی
زمینوں میں اضافہ ہوگیا اور یہ نئی زمینیں بہ لحاظ کثرت زرخیزی اور
کمی مصارف و محنت اعلیٰ درجے کی زمینیں ثابت ہوئیں تو فرانس کی

زراعت کے لیے ایسے مقابلے کی شکل میں بہت بڑا خطرہ پیدا ہوا جو ان چھوٹے چھوٹے خود کاشت زمینداروں کے حق میں سخت مضرت رساں و مہلک ثابت ہونے والا تھا۔ پس یہ ضروری خیال کیا گیا کہ انھی پیداوار کے گرد تامینی محصول کی فصیل قائم کر کے ان کا تحفظ کیا جائے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایسے کاشتکاروں کا وجود مسلسل اب تک قائم ہے اور فرانس اپنی اس کثیر التعداد آبادی کو کسی اور کام میں لگانے اور اس کے لیے کوئی اور پیشہ تلاش کرنے کی زحمت سے بچ گیا جو زراعت کی تباہی کے باعث بے کار اور بے روزگار ہو جاتی۔ اس لیے کہ انگلستان کے برعکس فرانس میں کوئی بڑی صنعتیں ہی نہ تھیں جن میں یہ بے روزگار آبادی بآسانی کھپا دیجاتی۔

جرمنی میں جرمنی میں بھی اسی اصول کی ایک جداگانہ مثال ملتی ہے۔ جب جرمنی میں کیمیائی عمل سے رنگ بنانے کا نیا طریقہ دریافت ہوا تو مجیٹھ کی قدیم صنعت جو وسیع رقبوں پر پھیلی ہوئی تھی تباہ ہو گئی۔ مگر چونکہ یہ خطے اس قدیم صنعت کے سوا کسی اور فصل کے اگانے کے کام میں نہیں لائے جا سکتے تھے اس لیے اس پیچیدہ صورت حال کا مقابلہ کرنیکی غرض سے حکومت ان افتادہ زمینوں کو کسی اور فصل کے لیے بہ کار آمد بنانے کا طریقہ دریافت کرنے کی جانب مائل ہوئی۔ انجام کار اس کو چقندر کی کاشت کا مشورہ دیا گیا کیونکہ چقندر سے شکر بنائی جا سکتی تھی۔ مگر اس نئی صنعت میں اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی قوت پیدا کرنے اور اس کو جزائر غرب الہند کی نے شکر کی قدیم صنعت کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے اس کی کچھ امداد اور دستگیری ضروری تھی۔ چقندر کی کاشت کو ترقی دینے کے لیے مالی امداد دینے کا جو طریقہ حقیقت میں رونما ہوا وہ ایک حد تک اتفاقی امر تھا۔ مگر نتیجہ یہ ہوا کہ جرمنی میں چقندر کی کاشت کی عظیم الشان صنعت ترقی پا گئی اور ملک بہت ہی شدید مصیبت سے محفوظ ہو گیا۔ 204

امریکہ امریکہ میں بھی اصول تامین کے استدلال کی تائید میں ایک مثال ملتی ہے۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی معاشی حالت وحیثیت عجیب و غریب بلکہ عدیم النظیر ہے۔ ملک کا رقبہ اسقدر وسیع ہے کہ اس میں ہر قسم کی پیداوار اور اشیائے خام وغیرہ حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ اس لحاظ سے امریکہ میں ہر حیثیت سے ایک ایسا ملک بننے کی صلاحیت موجود ہے جو تجارت خارجہ کی احتیاج سے مستغنی ہو اور اپنے تمام ضروریات خود ہی پورے کر سکتا ہو۔ لیکن باایں ہمہ ابتداً ملکی صنعتوں کو امداد اور دستگیری کی احتیاج تھی تاکہ ان میں انگلستان کی قدیم صنعتوں کا مقابلہ کرنے کی قوت وقابلیت پیدا ہو۔ اس لحاظ سے یہ استدلال کیا گیا کہ امریکہ کو چاہیئے کہ ان قدیم رقیب صنعتوں کے مقابلے میں اپنی نام نہاد نوخیز صنعتوں کی حفاظت کرے۔ چنانچہ تامینی محصول کا طریق اختیار کر لیا گیا جس نے اس کے بعد سے بڑھتے بڑھتے اب بہت ترقی یافتہ شکل اختیار کر لی ہے۔

برطانیہ عظمیٰ اس کے برخلاف برطانیہ عظمیٰ کی مثال اس سے برعکس صورت کی مثال کے طور پر لیجا سکتی ہے جس میں ملک کے طبعی حالات آزاد تجارت کے فوائد کیجانب واضح طور سے اشارہ کرتے ہیں۔ ایک طرف تو روز افزوں ترقی کرنے والی صنعتوں اور کثیر صنعت پیشہ آبادی کو سب سے پہلے ارزاں اشیائے خام اور ارزاں اشیائے خورد ونوش کی ضرورت تھی اور دوسری طرف اس کے زائد مصنوعات کے لیے کھلا ہوا اور بے روک ٹوک بازار درکار تھا۔ ان حالات میں تامین کو رواج دینا خلاف عقل ہوتا۔ آزاد تجارت ہی برطانیہ عظمیٰ کے صنعتی تسلط وتفوق کو قائم کرنے کا ذریعہ تھا۔

محصول کروڑگیری و محصول برائے آمدنی اس کے بعد یہ امر قابل ذکر ہے کہ محض محصول درآمد کی موجودگی کا واقعہ لازمی طور پر تامین کو تعبیر نہیں کرتا۔ اس لیے کہ ممکن ہے کہ ایسے محصول عائد کرنے کا مقصد

205 تامین نہ ہو بلکہ محض سرکاری آمدنی کی توفیر ہو۔ اس کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے تامینی محصول اور محصول برائے آمدنی کا فرق ذہن نشین کر لینا ضروری ہے۔ اشیا پر دو طرح کے محصول عائد کئے جا سکتے ہیں۔ (۱) محصول کروڑ گیری جو ملک میں درآمد کردہ اشیا پر عائد کیا جاتا ہے۔ اور (۲) محصول چنگی جو ملکی مصنوعات یا ملک کے تیار کردہ اشیا پر عائد کئے جاتے ہیں۔ جب اشیائے درآمد شدہ پر اور اسی قسم کے ملکی اشیا پر ایک ہی شرح سے محصول عائد کیا جاتا ہے تو وہ محض محصول برائے آمدنی ہے لیکن اگر اشیائے درآمد پر محصول لگایا جائے اور اسی قسم کے اشیا پر جو ملک میں تیار ہوتے ہیں کوئی محصول نہ لگایا جائے تو اس کا مقصد نمایاں طور سے محض ملکی صنعت کو مامون کرنا ہے۔ اس طرح تامینی محصول کی تعریف یہ کیجا سکتی ہے "ایک ایسا محصول جو درآمد شدہ اشیا پر لگایا جائے مگر اس کے بالمقابل اسی قسم کی ملکی اشیا کے لیے معاف ہو"۔ اس لحاظ سے انگلستان میں جنگ سے پیشتر محصول درآمد تامینی محصول نہ تھا کیونکہ جن درآمد شدہ اشیا پر کروڑ گیری وصول کیجاتی تھی اس قسم کے اشیا ملک میں تیار ہی نہیں کئے جاتے تھے۔ محصول درآمد صرف ان ہی اشیائے تعیش پر لگایا جاتا تھا جو ملک میں پیدا نہیں کئے جا سکتے تھے جیسے چائے، تمباکو وغیرہ۔ ان کے علاوہ جو گراں بار محصول درآمد تھا وہ شراب اور دیگر منشیات پر تھا مگر یہ بھی اس طرح متوازن ہو جاتا تھا کہ ملک کی بنی ہوئی تمام شرابوں اور اشیائے منشی پر محصول چنگی وصول کیا جاتا تھا۔ گویا اس محصول کا اثر بھی تامینی نہ تھا۔

تامین کے موافق و مخالف استدلال تجارت مامون کی تائید میں جو دلائل اور بعض اعتراضات پیش کئے جاتے ہیں ان کو یہاں مختصراً بیان کیا جا سکتا ہے۔

نوخیز صنعتیں۔ (۱) یہ استدلال کیا جاتا ہے، جیسا کہ امریکہ کی مثال میں پہلے بیان کیا جا چکا ہے، کہ جب کوئی نیا ملک اپنی

صنعتوں کو فروغ دینے کی کوشش کر رہا ہو جس کے لیے اس کو اشیائے خام وغیرہ کی قدرتی سہولتیں حاصل ہیں تو ایسی صنعتوں کو بیرونی مقابلے سے محفوظ کرنے کے لیے تامین کی ضرورت ہے۔ تاکہ اس کی مدد سے وہ اس قابل ہوں کہ ابتدائی مشکلات کو جو نئے ملک میں عموماً پیش آتی ہیں جیسے اصل کی کال، زیادہ اجرت، قدیم ملکوں کی اچھی طرح جمی ہوئی اور پختہ تجربہ کے تمام فوائد رکھنے والی صنعتوں کے مقابلے میں پیدائش کی کارکردگی کی عام خامی وخرابی وغیرہ ان کا مقابلہ کرکے زندہ رہ سکیں۔ یہ استدلال ایک حدتک معقول اور قوی ہے مگر اس قسم کی پالیسی اختیار کرنے کے بارے میں یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ ان صنعتوں کی طفولیت اور دستگیری کا
206 زمانہ بہ ظاہر کبھی ختم نہیں ہونے پاتا۔ جوں جوں تامین کے مصنوعی مہیج کی بدولت ان میں قوت پیدا ہوتی جاتی ہے اور وہ ترقی کرتی جاتی ہیں وہ امداد اور دستگیری کی خوگر اور عادی بنجاتی ہیں، حتیٰ کہ ہمیشہ ناگزیر طریقہ پر اس کی محتاج بنی رہتی ہیں۔ تامین کی حدتک یہ امر عام طور سے نہایت افسوسناک ہے کہ وہ بہ ظاہر ہمیشہ مستقل حقوق کی بالیدگی کی جانب رہبری کرتی ہے۔ اور یہ حقوق اس قدر قوی طور سے جاگزیں ہو جاتے ہیں کہ وہ اپنی مدافعت ان لوگوں کے حملے کے مقابلے میں کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں جو یہ خیال کرتے ہیں کہ تامین کو منسوخ کرنے کا وقت آگیا ہے۔ چنانچہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا یہی تجربہ ہے۔ یہاں مامون صنعتوں نے اس قدر قوت حاصل کرلی ہے کہ وہ وضع آئین و قوانین کی مجلس پر حاوی ہیں اور بجائے اس کے کہ تامین اٹھالیں وہ تامینی محصول برابر بڑھاتے جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ کہ اشیا کے صرف کرنے والوں کو اکثر اشیا کے لیے زیادہ قیمت ادا کرنا ناگزیر ہوگیا ہے اور ان کے اس نقصان سے سامان تیار کرنے والے کثیر المقدار منافعہ سے اپنی جیبیں بھر رہے ہیں۔

ضروری صنعتیں (۲) اکثر یہ بھی استدلال کیا جاتا ہے کہ ملک کو چاہئے کہ اپنی بعض ایسی صنعتوں کی تامین کرے جن پر ملک کی

دائمی خوشحالی منحصر ہو اور جن کے بیرونی مسابقت کی زد سے متاثر ہونیکا امکان ہو جیسے کہ فرانس کی زرعی صنعت جس پر فرانس کے خود کاشت زمینداروں کا مدار ہے۔ لیکن اس کا نتیجہ صارفوں کے حق میں مضر اور بیش خرچ ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ انھیں ملکی پیداوار خریدنے میں زیادہ قیمت ادا کرنی پڑتی ہے اور وہ باہر سے اسی پیداوار کو زیادہ ارزاں خرید سکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ ملکی پیداوار اس قیمت کے لائق ہو لیکن اس حقیقت پر پردہ نہیں ڈالا جا سکتا کہ خام صارفوں کو محض پیدا کرنے والوں یا صناعوں کی ایک چھوٹی سی جماعت کے نفع کی خاطر ایثار اور نقصان عظیم برداشت کرنا پڑتا ہے اور ہر صورت میں اس کا حق بجانب ہونا عامۃ الناس یعنی صارفوں کے مقابلے میں صناعوں کی مخصوص جماعت کی اضافی اہمیت پر منحصر ہے۔

لسٹ کا استدلال (۳) اسی کے مماثل وہ استدلال ہے جس کو لسٹ کا استدلال کہا جاتا ہے یعنی یہ کہ کسی ملک کی دولت کی پیمائش نہ صرف اس ملک کی پیدائش اور تجارت کی قدر بہ شکل زر سے کرنی چاہیئے بلکہ ان مختلف النوع اشیا کی قدر بہ شکل زر کے ذریعے سے کرنی چاہیئے جو اس ملک میں تیار ہوتے ہیں۔ یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ جب کوئی ملک اپنی تمام قوت کسی ایک یا دو صنعتوں کی ترقی میں صرف کرتا ہے مثلاً جیسے اشیائے خام کی برآمد تو اس کی صنعتیں بیرون مسابقت کی زد سے متاثر ہونے کی صورت میں یا اشیائے خام کی رسد کے رک جانے کے باعث جن پر برآمد کا مدار ہے وہ سخت معرض خطر میں رہتا ہے۔ لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اگر کسی ملک کی آبادی کا بڑا حصہ کسی ایک خاص 207
پیشے یا تجارت کی طرف مائل ہے تو ایسا صرف اس وجہ سے ہو سکتا ہے کہ اس پیشے یا تجارت میں بہ نسبت دوسرے پیشوں یا تجارت کے زیادہ نفع ملتا ہے اور اگر کوئی حکومت لوگوں کو کسی نفع بخش تجارت مثلاً مصر میں روئی کی کاشت سے باز رکھنے کی کوشش کرے تو اس کے اس فعل کو

حق بجانب ثابت کرنے کے لیے خاص حالات و واقعات کی ضرورت ہے۔ لیکن حکومت جو کچھ کر سکتی ہے وہ یہ ہے کہ جس وقت کسی عام اور بڑی تجارت میں تنزل کے آثار نمودار ہوں تو دوسری تجارتوں کی ترقی اور ان میں اصل و محنت کو منتقل کرنے میں ہاتھ بٹائے۔

زمانۂ جنگ کی ضروریات

(۴) پھر یہ استدلال بھی کیا جا سکتا ہے کہ بعض صنعتیں زمانۂ جنگ میں ملک کے لیے اس قدر ناگزیر ہیں کہ زمانۂ امن میں ان کی تامین ضروری ہے۔ مثلاً انگلستان کی زراعت پر بیرونی مقابلے کا اس قدر زیادہ مضر اثر پڑا کہ اس وقت ملک کی آبادی کے لیے کلیتہً اپنے پیدا کردہ اشیائے خورونوش پر گزر بسر کرنا عملاً ناممکن ہوگا۔ چنانچہ انگلستان اپنی غذا کی ضرورتوں مثلاً گیہوں وغیرہ کو باہر سے منگا کر پورا کرتا ہے۔ اور اگر جنگ کے زمانے میں غنیم ان اجناس کی رسد رسانی میں مزاحمت پیدا کرے تو ملک کو فاقہ کرا کے زیر کر لیا جا سکتا ہے۔ لیکن سب سے زیادہ ارزاں اور انجام کار واحد موثر علاج یہ ہے کہ ایک طاقتور بحری بیڑہ قائم کیا جائے تاکہ وہ تجارتی جہازوں کی اور اس طرح بیرونی ممالک سے اجناس کی رسد رسانی کی پوری طرح حفاظت کر سکے۔ انگلستان باہر سے جو چیزیں طلب کرتا ہے ان میں صرف اشیائے خورونوش ہی نہیں ہیں بلکہ اشیائے خام بھی ہیں جن پر ملک کی اکثر صنعتوں کا مدار ہے۔

آلات حرب

(۵) اسی کے مماثل استدلال کا اطلاق ان صنعتوں کے بارے میں بھی کیا جاتا ہے جو براہ راست سامان جنگ تیار کرتی ہیں۔ جیسے کہ جہاز سازی اور اسلحہ سازی کے کارخانے وغیرہ۔

مفلسی مزدور

(۶) "مفلسی مزدور" کا استدلال یہ ہے کہ بہ نسبت غیر مامون ممالک کے تامین کے تحت اجرتیں عام طور سے زیادہ ہوتی ہیں۔ اور یہ کہ اشیا کی ایسے ممالک سے بلا محصول درآمد کرنا

جہاں پر اشیا نسبتاً کم اجرت پانے والے مزدوروں کے ذریعے سے تیار ہوتے ہیں یہ معنی رکھتا ہے کہ مامون ملک کے مزدوروں کو جو اُجرت ادا کیجاتی ہے اس میں تخفیف ہو جائے گی اور اس کے نتیجے کے طور پر مزدوروں کی زندگی اور کارگزاری کا معیار گھٹ جائے گا۔ لیکن اس استدلال کا ازالہ ایک حد تک اس واقعے سے ہو جاتا ہے کہ مامون ممالک میں مزدوروں کی ضرورتوں کے اشیا کی قیمتیں بھی زیادہ اُجرت کے تناسب کے لحاظ سے تقریباً اسی قدر زائد ہوتی ہیں۔ اس طرح مزدور کی اُجرت کی اصلی قوت خرید نسبتاً بہت زیادہ نہیں ہوتی۔

بیرونی ملکوں میں ارزاں فروشی (۷) بیرونی ممالک میں ارزاں فروشی کے خلاف جو انتقامی کاروائی کیجاتی ہے اس کی تائید میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے۔ سچ پوچھو تو ڈمپنگ کے معنی یہ ہیں کہ ایک ملک جو اپنی صنعتوں کو بڑے پیمانے پر ترقی دینا چاہتا ہو پیداوش پر پیمانۂ کبیر کے کفایات حاصل کرنے کی غرض سے مگر اس کے رقبے کے اندر پیداوار کی فروخت کے لیے وسیع بازار موجود نہ ہونے کے باعث مجبوراً بیرونی ممالک میں سستے داموں اپنا مال فروخت کرنا ضروری خیال کرے تاکہ زائد پیداوار نکل جائے۔ اگر صنعت ملک میں مامون ہو تو یہاں وہ اپنے مصنوعات کی قیمتیں بہ شرح اعلیٰ وصول کر سکتی ہے جس سے کل پیداوار پر کافی منافع مل سکتا ہے۔ اور اس طرح صنعت اس قابل ہو سکتی ہے کہ بقیہ مال کو بیرونی ممالک میں ارزاں نرخ پر یا اعلیٰ لاگت سے کم قیمت پر فروخت کرے۔ اس قسم کا مقابلہ ان ممالک کی صنعتوں کے لیے قدرتی طور سے بہت دشوار ہوتا ہے جہاں پیداوار اس طرح ارزاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن یہ ماننا پڑے گا کہ صرف کرنے والے بحیثیت مجموعی ارزاں قیمت سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور اسی کے ساتھ بعض دوسری صنعتوں میں بھی ان ارزاں اشیا کو خرید کر اور ان کو

208

بطور اشیائے خام استعمال کرکے بہت خاصا منافع حاصل کیا جاسکتا ہے۔ پھر یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ جن ممالک میں ارزاں اشیا اس طرح پر داخل ہوتے ہیں ان کی روک تھام کے لیے محصول لگانے میں عملاً بہت دقتیں ہیں جو اس وجہ سے اور بھی بڑھ جاتی ہیں کہ ارزاں اشیا ملک میں مسلسل داخل نہیں ہوتے بلکہ وقفہ کے ساتھ گاہے ماہے داخل ہوتے ہیں۔

ملکی صنعتوں کی تائید

(۸) یہ عام استدلال کہ ملکی صناع بیرونی صناع پر ایک لحاظ سے قابل ترجیح ہے معاشی نقطۂ نظر سے بالکل غلط ہے۔ اگر ایک صنعت اس قدر کمزور ہو کہ دوسروں کا نقصان کرکے (مثلاً صرف کرنے والوں کو زیادہ قیمت دینی پڑے) اس کو دائمی طور پر سہارا دینے کی ضرورت ہو تو ایسی صنعت کو قائم رکھنا معاشی حیثیت سے بہت بڑی غلطی ہے۔ اگر وہ صنعت سرکاری امداد اور قانونی تامین کے بغیر اپنے پیروں پر آپ کھڑی نہیں ہوسکتی تو بہتر یہ ہے کہ اس کو فنا ہونے دیا جائے، اس قسم کی امداد جو دراصل خیرات کے برابر ہے اس صورت میں حق بجانب ہوسکتی ہے جبکہ بہت ہی خاص حالات اس کے مقتضی ہوں۔

توازن تجارت

تجارت کی تامین پر سب سے بڑا اعتراض قانون توازن تجارت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی ملک اشیا کی درآمد سے ہاتھ روک لے تو اس کے لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اسی کے ساتھ بعض اُن اشیا کی برآمد بھی موقوف کردے جو وہ ادلے درآمد کے معاوضے میں باہر بھیجے جا رہا تھا۔ فرض کرو کہ بعض ایسے اشیا کا داخلہ ملک میں بند کرنے کی غرض سے جو بعض ملکی اشیا کے ساتھ ناگوار طریقے پر مسابقت کر رہے ہوں تجارت کی تامین کیجائے تو اس کا پہلا نتیجہ، اگر تامین موثر ثابت ہوئی، یہ ہوگا کہ اس شئی کی درآمد میں تخفیف ہو جائے گی۔ لیکن اس کا ناگزیر نتیجہ یہ ہوگا کہ کسی دوسری صنعت میں بعض قسم کے اشیا کی برآمد میں بھی تخفیف ہوگی۔ دوسرے

الفاظ میں اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ایک صنعت کے فائدے سے دوسری صنعت کا نقصان ہوگا اور کوئی پیشین گوئی نہیں کر سکتا کہ یہ نتیجہ اپنے آپ کو کہاں ظاہر کرے گا۔ بہت ممکن ہے کہ یہ کسی بہت ہی غیر متوقعہ سمت میں رونما ہو۔ نتیجہ یہ کہ جب کوئی ملک ایک دفعہ تجارت کی تامین کا اصول اختیار کرتا ہے تو بعد میں چل کر عام طور سے وہ اس کو ضروری خیال کرتا ہے کہ وہ اس پر اپنے سابقہ ارادے سے بہت زیادہ دور تک عمل کرے۔ ایک صنعت کی تامین سے دوسری صنعت کو یقیناً نقصان پہونچتا ہے اور اس لحاظ سے یہ دوسری صنعت بھی تامین کی طالب ہوتی ہے، اس طرح یہ سلسلہ بہ ظاہر لامتناہی ہو جاتا ہے۔

محصول کون ادا کرتا ہے۔

لیکن تامین تجارت پر سب سے بڑا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ اس کے نتائج پُر فریب ہوتے ہیں۔ یہ استدلال عام طور سے کیا جاتا ہے کہ تامین سے مامون ملک کو کوئی نقصان نہیں اُٹھانا پڑتا کیونکہ بیرونی مال پر جو محصول اس ملک میں وصول کیا جاتا ہے اس کے ادا کرنے والے دراصل بیرونی ممالک کے لوگ ہوتے ہیں جو مال بھیجتے ہیں نہ کہ ملک والے۔ عملی حیثیت سے یہ ایک نہایت ہی دقت طلب سوال ہے اور دراصل محصول کا بار کس پر پڑتا ہے اس کو تجربے سے قطعی طور پر ثابت کرنا ناممکن ہے۔ لیکن بہر صورت تامین کے وکیلوں کو دقت محسوس ہوتی ہے کیونکہ ان کا مقصد اولین ملکی صناع کی حفاظت کرنا ہوتا ہے اور حفاظت اسی وقت پوری طرح ہو سکتی ہے جبکہ تامین کا نتیجہ بیرونی اشیا کا داخلہ ملک میں بند کرنے کی شکل میں ظاہر ہو اور ملکی صناع کو قیمتوں میں اضافہ کرنے کا موقع ہاتھ آئے۔ لیکن اگر بیرونی صناع کا داخلہ اس طرح بند کر دیا جائے تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ محصول کے ادا کرنے سے انکار کر رہا ہے۔ اس کے برعکس اگر وہ محصول کے موجود ہونے کے باوجود اپنے اشیا کا بھجوانا جاری رکھے تو اس کے یہ معنی ہیں کہ (۱) یا تو بیرونی صناع نے محصول

اپنی جیب سے ادا کر دیا اور اس صورت میں رقبہ مامون میں اس کے اشیا کی قیمت وہی رہے گی جو پہلے تھی اور ملکی صنعت کو تامین سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا۔ یا (۲) بیرونی صناع محصول ادا کرنے سے انکار کر رہا ہے، لیکن اس نے محصول کو جز و مصارف شمار کر کے قیمت میں شامل کر دیا ہے جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ صارف محصول ادا کر رہے ہیں۔ اس طرح تامین کے وکیل اپنے کو دو فریقوں کے درمیان (متحمل ضدین میں) گھرا ہوا پاتے ہیں یعنی اگر ملکی صناع کو فائدہ پہونچانا ہو تو وہ صرف اس طرح ہو سکتا ہے کہ صارف زیادہ قیمت ادا کریں جس میں محصول شامل ہوگا، دوسرے الفاظ میں صارفوں کو محصول ادا کرنا ہوگا۔ اگر بیرونی صناع پر محصول کا بار ڈالنا ہو تو ملکی صناع کو تامین سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ دوسرے الفاظ میں ملکی صناع کو صرف اس صورت میں فائدہ حاصل ہو سکتا ہے جبکہ ملک کے صارف نقصان
210 برداشت کریں۔ اس استدلال کا معقول جواب یوں دیا جا سکتا ہے کہ گو جہاں بیرونی صناع محصول ادا کرتا ہے وہاں ملکی صناع کو براہ راست کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا لیکن ملک کو محصلہ آمدنی کے ذریعہ سے فائدہ پہونچتا ہے۔ لیکن اس جواب سے تامینی محصول اور عام آمدنی کے محصول کا باہمی فرق اور واضح ہوتا ہے۔ یہ بظاہر ممکن نہیں معلوم ہوتا کہ ایک محصول کے ذریعے سے دو مقصد حاصل کئے جائیں۔

اس بحث کے خلاصے میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ اگر کسی صنعت کیلیے تامین در اصل ضروری خیال کی جاتی ہے تو اکثر صورتوں میں اس کی بہتر شکل مالی امداد کا طریقہ ہے یعنی یہ کہ حکومت کسی صناع کو

مالی امداد

اس کی تجارت کے قائم یا مستحکم کرنے میں امداد کرے یا مالی مدد دے۔ اس قسم کی امداد بہ اعتبار اپنے نتائج کے بہت زیادہ موثر اور یقینی ہوتی ہے اور متعلقہ تجارت کی ضرورتوں کو پورا کرنیکے لیے اس کو صحت کے ساتھ منظم کیا جا سکتا ہے۔ اور پھر امداد بجائے اسکے کہ درآمد کے لیے اور انجام کار برآمد کے لیے مضر ثابت ہو دونوں کے لیے فائدہ بخش ہوگی، برآمد کی حوصلہ افزائی لامحالہ درآمد کو بھی فروغ دیگی۔

سب سے آخر میں یہ کہ امداد بالکل ظاہر اور کھلی ہوئی چیز ہے اس کی حقیقی نوعیت خود اسی کے نام سے ہویدا ہے۔ یعنی خاص مقصد کے پیش نظر ارادۃً ایثار کیا جاتا ہے۔ لیکن یہی وہ سبب ہے جس کی بنا پر یہ طرز عمل عام رواج نہیں پا سکتا۔ کیونکہ جب صرف کرنے والے دیکھتے ہیں کہ کسی دوسرے طبقے کے مفاد کی غرض سے ان سے ایثار کی درخواست کیجا رہی ہے تو وہ ایثار کرنے سے انکار کر دیتے ہیں۔ عام طور پر خیال یہ ہوتا ہے کہ تا ہنی محصول کسی نہ کسی طرح بیرونی صناع کی جیب سے وصول کئے جا سکتے ہیں اور اسی خیال کی بنا پر اس پالیسی کو اختیار کرنے کے لیے اکثر لوگ بے چین ہوتے ہیں۔ جب عوام محسوس کرتے ہیں جیسا کہ امداد کی صورت میں وہ بآسانی محسوس کرتے ہیں کہ دوسروں کو جو فائدہ پہونچے گا وہ ان کو اپنی جیب سے دینا پڑے گا تو وہ امداد کی تحریک نامنظور و مسترد کر دیتے ہیں۔

سولھواں باب

جنگ عظیم کے مزید اثرات و نتائج

(۱) قیمتوں کا روز افزوں اضافہ (۲) سونے کے مصارف پیدائش۔ 211
(۳) روپیہ کا مبادلہ (۴) انتفاخ (۵) زر نقد اور قرضہ یا اعتبار۔
(۶) کیا معیار طلائی کی جانب عود ممکن ہے؟ (۷) مبادلات خارجہ۔
(۸) بین الاقوامی زر کا غذی اور جمعیتہ اقوام (۹) نظریہ مقدار زر کا مستقبل۔

یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ تقریباً سب اہم سوالات جو زمانۂ جنگ میں رونما ہوئے اور جن کا اب حل کرنا تعمیر نو کے لیے ضروری ہے ان کا مرکز ایک سوال یعنی قیمتوں کا اضافہ ہے۔ اس اضافے کے واقعات کافی طور سے وحشت اثر ہیں۔ محکمۂ تجارت سے ۱۹۱۴ء کے نصف اول حصے کی تھوک فروشی کی قیمتوں کے جو انڈکس نمبر شایع ہوئے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسط ۱۱۳/۶ تھا اور اس کے مقابلے میں ۱۹۱۸ء میں قیمتوں کا انڈکس نمبر بڑھ کر ۲۶۹/۹

ہوگیا اس سے قبل صرف ۱۸۰۹ء میں قیمتیں سب سے زیادہ بڑھ گئی تھیں۔ یعنی انڈکس نمبر ۲۶۲ تھا اور اس وقت یہ خیال کیا جاتا تھا کہ آئندہ کبھی اس سے زیادہ اضافہ نہ ہوگا۔ یہ زمانہ جنگ نپولین کا بدترین دور تھا۔ اسوقت نہ صرف فصلیں ماری گئی تھیں بلکہ زر کی مقدار بھی اعتدال سے بہت زیادہ بڑھ گئی تھی۔ شکل (الف) سے جنگ کے زمانے کی قیمتوں کے اضافے کی ترسیمی تشریح ہوتی ہے۔ اس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ جولائی ۱۹۱۴ء کے مقابلے میں تھوک قیمتوں کی عام سطح ماہ بہ ماہ کیا رہی اور اسی کے ساتھ خاص خاص قسم کے اشیا کی قیمتوں کے تغیرات کا کیا رنگ ڈھنگ رہا اور پھر ان سب کی باہمی نسبت عام سطح سے اور باہمد گر بھی معلوم ہوتی ہے[1]۔ یہ عجیب بات ہے کہ اگست ۱۹۱۸ء میں قیمتیں سب سے زیادہ اونچے لفظے پر پہونچ گئی تھیں۔ لیکن یہ بہت اغلب ہے کہ اگر جنگ کا التوا نہ ہو جاتا تو آنے والے سرما میں قیمتیں اور بھی زیادہ بڑھ جاتیں۔ نومبر سے قیمتوں میں نمایاں طور پر مگر بتدریج تخفیف شروع ہوئی اگرچہ اس میں ایک دلچسپ امر قابل ذکر یہ ہے کہ بعض اشیا کی قیمتوں میں بہت زیادہ تخفیف ہوئی اور بعض میں بہت کم لیکن اپریل ۱۹۱۹ء میں اضافے کے آثار ظاہر ہوئے اور مئی کے مہینے میں یہ اضافہ اس سے بھی زیادہ نمایاں تھا۔

معاشری نتائج کے قطع نظر اضافۂ قیمت کے غالباً سب سے زیادہ دلچسپ اثرات قیمتی فلزات پر پڑے۔ جنگ عظیم تاریخ میں اس کی سب سے روشن مثال پیش کرتی ہے کہ قیمتوں کے اضافے کا اثر 212

[1] دیکھو جدول (۵) اور شکل (ج)۔

[2] یہ رسالۂ اکانومسٹ کے انڈکس نمبروں پر مبنی ہے۔ دیکھو جدول (۶) جس میں بورڈ آف ٹریڈ کے خوردہ فروشی کے انڈکس نمبر بھی درج ہیں۔

[3] نیز دیکھو Report of the Committee on the cost of living of the working classes, 1918 (Cd, 8980)

سونے کے مصارف پیدایش اور اس طرح سونے کی رسد پر پڑا۔ زمانۂ قبل از جنگ کے نظر ثانی شدہ اعداد و شمار کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ سے قبل بھی سونے کی پیدایش میں رکاوٹیں پیدا ہوتی رہیں۔ لیکن جتنا جتنا جنگ کا سلسلہ بڑھتا چلا گیا اور قیمتوں میں اور بھی اضافہ ہوتا گیا سونے کی پیدایش پر مضر اثر پڑنے لگا۔ رسالۂ اکانومسٹ" میں جو اعداد و شمار شائع ہوئے ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۹۱۰ء تا ۱۹۱۴ء میں سونے کی پیداوار اوسطاً ۹۰۰ء۶ ملین پونڈ تھی لیکن ۱۹۱۷ء میں یہ اوسط گھٹ کر ۸۴۳ء۷ ملین پونڈ رہ گیا اور ۱۹۱۸ء کی پیداوار کا تخمینہ صرف بقدر ۷۲ء۲ ملین پونڈ کیا گیا ہے[1]۔

کہا جاتا ہے کہ اس تخفیف کا باعث زیادہ تر یہ تھا کہ جنگ کے باعث مصارف پیدایش یعنی مزدوروں کی اجرت اور ہر قسم کے اشیائے خام کی قیمتوں میں زیادتی ہو گئی تھی اور جنگ کے نتیجے کے طور پر مزدوروں اور آلات آتشگیر کی قلت محسوس ہو رہی تھی۔ جولائی ۱۹۱۸ء میں یہ کہا گیا تھا کہ بعض کانوں کا کام بند ہو چکا تھا، اکثر معدنوں کی پیداوار میں کمی ہو گئی تھی اور یہ بیان کیا گیا تھا کہ اگر حالات کی اصلاح نہ ہوئی تو دوسرے کانوں کو بھی بند کر دینا پڑے گا اور اس طرح ردی قسم کے کچھ دھاتوں سے جو پیداوار ہو گئی اس میں اور بھی زیادہ تخفیف ہو جائے گی۔

اس پیچیدہ سوال پر قدرتی طور سے بہت کچھ بحث مباحثہ ہوا اور ستمبر ۱۹۱۸ء میں حالات پر غور کرنے کے لیے ایک کمیشن مقرر ہوا جس نے قطعی طور پر اس مشورے کو مسترد کر دیا کہ سونا نکالنے والوں کی ایسے آڑے وقت میں سرکاری طور پر امداد کرنی چاہیئے تاکہ وہ پیدایش کا سلسلہ قائم رکھ سکیں۔ اب یہ امید کیجاتی ہے کہ اختتام جنگ پر تحمی پیداوار کے بڑے

---

[1] دوسرے اعداد کے لیے دیکھو Report of the Gold Production Comitte Table, A

اسباب دور ہو جائینگے۔ لیکن اگر جنگ کے فوراً بعد ہی طلائی سکوں کے رواج کی طرف از سر نو رجوع کرنے کا خیال پیدا ہوا تو سونے کی رسد میں اضافہ کرنے کا سوال بہت اہمیت حاصل کر لے گا۔

جنگ سے متصل پیشتر کے زمانے میں قیمتوں کی تاریخ پر نظر ڈالنے سے یہ دلچسپ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا قیمتوں کی نمایاں تخفیف کا رجحان جو اٹڈکس نمبروں سے اوائل جنوری ۱۹۱۳ء سے اب تک 213
ظاہر ہوتا ہے اس رو کا ناگزیر نتیجہ نہیں تھا جو سونے کی زائد پیداوار پر جس میں اب مستقل کمی ہو گئی ہے قائم کی گئی تھی؟ کیا قیمتوں میں مزید تخفیف کا یہ آغاز اس لیے ہوا کہ دوبارہ یہ ثابت ہو جائے کہ نظریۂ مقدار زر صداقت پر مبنی ہے جیسا کہ جنگ سے پہلے صحیح تھا؟

سونے کی مقدار میں کمی ہو جانے کا جو اثر ظاہر ہوا اس سے کہیں زیادہ مایوس کن اثر چاندی کی قیمت کے اضافے سے روپیہ کے مبادلے میں رونما ہوا۔ جب ۱۸۹۳ء میں ہندوستان کے دار الضرب بند کر دیے گئے تو (۱) شلنگ (۴) پنس یا تقریباً (۴۲) پنس فی اونس کی شرح جو باقاعدہ و منظم مبادلات کے نصب العین کے طور پر مقرر کی گئی تھی بازاری قدر سے بہت خاص زیادہ تھی لیکن فوراً ہی بعد میں بازاری قدر بہت زیادہ گھٹ گئی۔ اس زمانے میں کسی ایسے شخص کا دریافت کرنا بہت مشکل ہوتا جو یہ پیشین گوئی کرنے کی کافی صلاحیت رکھتا کہ آیندہ چل کر چاندی کی قیمت کبھی اس عدد سے اوپر بڑھ جائے گی۔ اور واقعہ یہ ہے کہ ۱۸۹۴ء سے ۱۹۱۳ء تک چاندی کی قیمت اوسطاً ۲۷½ پنس رہی۔ لیکن ستمبر ۱۹۱۷ء میں قیمت ۵۵ پنس ہو گئی اور اگرچہ یہ قیمت قائم نہیں رہی مگر پھر بھی اتنی زیادہ تھی کہ تمام دنیا کے چاندی کے سکوں کے حالات میں خاص بدنظمی پیدا کرنے کے لیے کافی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ جنگ کے زمانے میں چاندی کی مانگ کثیر تھی اور رسد کی قلت تھی اور زیادہ تر اسی سبب سے اسکی قیمت میں

اضافہ ہوگیا تھا لیکن بحالت موجودہ یہ معلوم کرنا بہت قبل از وقت ہوگا کہ چاندی کے اُن کثیر المقدار محفوظ ذخیروں کی حد تک کیا اثرات رونما ہوئے جیسے کہ امریکہ میں چاندی کے ڈالروں کی صداقت نامونکے مقابلے میں قائم کئے گئے تھے علیٰ ہذا القیاس فرانس کے پانچ فرانک کے سکوں کے ذخائر پر کیا اثرات مترتب ہوئے۔ موقع سے فائدہ اٹھاکر بادل ناخواستہ ان کثیر المقدار ذخیروں کو خالی کیا گیا اور اس سے حالات کی سنبھال میں بڑی حد تک مدد ملی ۱۹۱۸ء میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کی حکومت اپنے ڈالروں کو ایک اونس فی ڈالر کی قیمت کے حساب سے فروخت کرنے کی مجاز کی گئی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک مدت تک چاندی کی قیمت کم و بیش اسی کے قریب قریب ثبات پذیر رہی۔ لیکن مئی ۱۹۱۹ء میں جیسے ہی کہ حکومت کی یہ نگرانی اٹھالی گئی چاندی کی قیمت فوراً بڑھ کر (۵۸) پنس فی اونس ہوگئی۔

روپیہ کے مبادلے پر اس کا یقیناً بہت برا اثر پڑا اور حکومت ہند متبدلہ حالات محسوس کرنے پر مجبور ہوگئی۔ چنانچہ اس نے روپیہ کی شرح کونسل ڈرافٹ کے لیے پہلے (۱) شلنگ (۶) پنس اور بعد میں (۱) شلنگ (۸) پنس مقرر کی۔ لیکن یہ پیشین گوئی کرنا کہ اس کا ہندوستان کے مبادلات پر اور روپیہ کی قدر و قیمت پر مستقل اثر کیا پڑے گا بہت قبل از وقت ہوگا۔

قیمتوں کے اضافے کے مضر نتائج کو دیکھتے ہوئے اس کے اسباب کے متعلق بحث مباحثہ ہونا ایک قدرتی امر تھا کیونکہ قیمتوں میں روز افزوں اضافہ ہو رہا تھا۔ انتفاخ کے دبستان کا انتہائی خیال یہ
214 تھا کہ اضافۂ قیمت کا باعث کلیتہً نہ سہی مگر زیادہ تر مالی اسباب تھے اور بعضوں نے بڑھکر یہاں تک رائے زنی کی کہ اس سب خرابی کی اصلی اور متصل وجہ کاغذی زر کا زائد اجرا تھی۔ مگر زیادہ عام خیال یہ تھا کہ انتفاخ کسی نامعلوم یا خفی طریقے پر حکومت کے مالی طرز عمل کا نتیجہ تھا۔ چونکہ یہ خیال عام طور پر مسلم ہے اس لیے اس کی واجبی اہمیت

سمجھنے کے لیے اس کی تفصیلی تشریح مناسب ہوگی۔

یہاں اعتبار کے انتفاخ کے معنی یہ ہیں کہ جنگی ضرورتوں کو پورا کرنیکی غرض سے حکومت کے بہت زیادہ مقدار میں مصنوعی طریقے پر قوت خرید مہیا کر لینے کے باعث اشیا کی موثر طلب میں ناواجب اضافہ ہوگیا ہے اور اس طرح اشیا کی قیمتیں غیر ضروری طور سے اوپر چڑھ گئی ہیں۔ معاملے کی اصل اس واقع میں مضمر ہے کہ جنگ حکومت کے لیے ہر قسم کے اشیا اور خدمات کی کثیر طلب پیدا کرتی ہے اور ان اشیا اور خدمات پر کسی طرح دسترس حاصل کرنا اس کے لیے ضروری ہے۔ امن کے زمانے میں حکومت جو خدمات انجام دیتی ہے ان کا معاوضہ وہ افراد کی آمدنی کے ایک حصے سے وصول کرتی ہے اور یہ حصہ زیادہ تر محصول کی شکل میں لیا جاتا ہے۔ گویا وہ افراد کی قوت خرید کا ایک حصہ اپنے اغراض و مقاصد کے کام میں لاتی ہے۔ لیکن اس سے بحیثیت مجموعی قوت خرید میں اضافہ نہیں ہوتا کیونکہ حکومت کو جو کچھ ملتا ہے وہ افراد کی جیبوں سے ملتا ہے۔ لیکن غیر معمولی اور کثیر اخراجات جنگ کی وجہ سے حکومت کو زمانۂ جنگ میں محض محصول سے مصارف پورے کرنے میں ہمیشہ دقت ہوتی ہے۔ مصارف کا بوجھ اس قدر زیادہ ہوتا ہے کہ فوری محصول عائد کرکے ان سب کو پورا کرنا ممکن نہیں ہوتا خواہ محصول کا بار ایک نسل پر بھی ڈالنا مناسب و منصفانہ کیوں نہ ہو۔ اور یہ بات ہمیشہ تسلیم کی گئی ہے کہ مصارف جنگ کے بڑے حصے کو محصول کے بجائے قرضہ حاصل کرکے پورا کرنا ناگزیر ہے۔ مگر اس کے بعد بھی یہ انتظام ممکن ہوسکتا ہے کہ قرضہ اسطرح حاصل کیا جائے کہ قوت خرید جو قرضے کے ذریعہ سے عوام سے منتقل ہو کر حکومت کے ہاتھ میں آجاتی ہے قرضہ دہندوں کی جیبوں سے وصول کیجائے۔ اس طرح اس کے بالمقابل عوام کی ذاتی قوت خرید میں کمی ہو جائیگی۔ اگر ایسا ممکن ہوا تو پھر انتفاخ کے رونما ہونے کی کوئی وجہ باقی نہ رہے گی۔

لیکن موجودہ جنگ کے عدیم المثال پیمانے اور پھیلاؤ کے باعث شروع ہی سے یہ امر بدیہی معلوم ہوتا تھا کہ اس میں محصول اور قرضوں کا باہمی تناسب بہ نسبت سابقہ صورتوں کے لازمی طور سے بہت مختلف 215
رہے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ اخراجات کا پیمانہ بھی اس قدر عظیم الشان تھا کہ ابتداً اتنی کثیر رقوم کا معمولی قرضوں کے ذریعہ سے حاصل کرنا تقریباً ناممکن معلوم ہوتا تھا۔ اور اسی کے ساتھ جنگ کے ابتدائی مہینوں میں بنک کاری کی دنیا کی صورت حالات نے دوسرے تدابیر اختیار کرنے کا موقع بہم پہونچایا۔ جب مالی آفت کا پہلا دباؤ کم ہوا تو یہ بات ظاہر ہوئی کہ ملک کے روزمرہ کے معمولی سیول کاروبار میں بری طرح رکاوٹ پیدا ہوگئی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عوام کی امانت کی رقمیں جن کو بنک اپنے معمولی بٹہ وغیرہ کے کاروبار میں لگا سکتے تھے معمولی تناسب سے کم ہوگئیں۔ پس جب ۱۹۱۵ء کے آغاز میں حکومت نے (۳۵۰،۰۰۰،۰۰۰) پونڈ کا پہلا بڑا قرضہ حاصل کیا تو یہ امر بہ ظاہر قدرتی اور بالکل ناقابل تنقید معلوم ہوا کہ بنک اپنے زائد اثاثے کے ایک جزو کو بطور خود قرضے کے تمسکات کثیر مقدار میں خریدنے کے کام میں لائیں۔ کہا جاتا ہے کہ بنکوں کو ایسا طرز عمل اختیار کرنے کی سرکاری طور سے فہمائش کی گئی تھی۔ لیکن اس طریقے سے اخراجات جنگ کا انتظام کرنے کے جو نتائج رونما ہوے ان کو اس وقت محسوس یا تسلیم نہیں کیا گیا۔

جب حکومت کسی فرد سے محصول یا قرضے کی صورت میں زر وصول کرتی ہے تو یہ رقم اس کی بنک میں جمع کردہ امانت سے منتقل ہوکر حکومت کے حساب میں جمع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد حکومت چکوں کے ذریعے بنکوں سے رقوم حاصل کرتی ہے اور اپنے لین داروں اور تاجروں کے مطالبات چکاتی ہے اور لین داران چکوں کو مناسب موقع سے اپنے بنکوں میں بسہولت مندرجہ رقمیں اپنے حساب میں جمع کرا لیتے ہیں۔ اسطرح

دائرہ مکمل ہو جاتا ہے اور بنک کی امانتوں کی مجموعی مقدار میں اضافہ نہیں ہونے پاتا لیکن اگر حکومت براہ راست بنکوں سے اس طرح قرضہ حاصل کرکے اپنے حساب میں اتنی رقم جمع کرائے کہ کسی دوسرے شخص کی امانتوں سے اس رقم کے منہا ہونے کی نوبت نہ آئے اور اس کے بعد اس قرضہ سے لین داروں کے مطالبات حسب سابق پورا کرنا شروع کردے تو یہ رقم بنکوں میں واپس ہوگا اور انکی امانتوں میں اضافہ کر دیگا۔ اور جتنی طویل مدت تک یہ عمل جاری رہیگا اتنی ہی ان مجموعی امانتوں کی مقدار زیادہ ہوتی جائیگی چنانچہ جنگ کے زمانے میں حقیقتاً یہی ہوا اور جدول (۹) میں بنک کاری کے جو اعداد و شمار درج ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ کے زمانے میں امانتوں کی مجموعی مقدار غیر معمولی طور سے بہت بڑھ گئی تھی[1]۔ لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اگر جنگ نہ ہوتی تو امانتوں میں اسی طرح اضافہ ہوتا رہتا جس طرح ہمیشہ ہوتا رہا ہے۔ لیکن جنگ کے زمانے میں جو اضافہ ہوا وہ بہت زیادہ سریع تھا پھر بھی یہ فرض کرنا بہت خطرناک ہوگا کہ اعتبار کا یہ غیر معمولی اضافہ لازمی طور سے سب کا سب انتفاخ تھا۔ اس واقعے کو ہمیشہ پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ جنگ کے زمانے میں اشیا بشمول جنگی سامان زیادہ مقدار میں تیار ہوئے اور یہ کہ زائد اشیا کی تیاری کے مصارف کو زائد زر کی فراہمی مستلزم ہے چنانچہ زمانۂ جنگ کی زر کی ضرورتوں کے سلسلے میں اس کا ذکر کیا جا چکا ہے اور اس کا اطلاق اعتباری سہولتوں پر بھی اسی طریقے سے ہوتا ہے۔ لیکن اس کا کافی لحاظ کرنے کے بعد بھی یہ حقیقت کہ امانتوں میں اضافہ ہوا اور اس کا باعث انتفاخ کے سوا کچھ نہ تھا واضح طور سے قائم رہتی ہے۔ یہ معلوم کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ بنکوں کے حسابات کی متعدد مدوں میں

916

[1] دیکھو روبرٹ بن سن کی کتاب جس میں اعداد و شمار بہ حساب فی صد اور شکلیں درج و منسلک ہیں۔

State Credit and Banking during the war and after.

جدول (۹) ضمیمہ میں درج ہیں، یہ اضافہ کس طرح رونما ہوتا ہے۔ اس حالت کا خلاصہ حسب ذیل پیش کیا جا سکتا ہے:۔

بنک کے کاروبار کے اعداد و شمار

۱۹۰۸ء ۔ ۱۹۱۳ء ۔ ۱۹۱۸ء ۔

(بحساب ملین پونڈ)

	۱۹۰۸ء	۱۹۱۳ء	۱۹۰۸ء کے مقابلے میں فیصد	۱۹۱۸ء			
				تخمینی میزان [1]	حقیقی میزان	۱۹۱۳ء کے مقابلے میں حقیقی اضافہ	تخمینی غیر معمولی اضافہ
اصل اور سرمایۂ محفوظ	۱۳۱	۱۳۲	—	۱۳۳	۱۴۳	۱۱	۱۰
امانت	۹۲۶	۱۱۰۴	۱۲۰	۱۳۲۵	۲۱۶۱	۱۰۵۷	۸۳۶
اصل کا فیصد	۷۱۰	۸۷۰	—	۱۰۰۰	۱۵۲۰	—	—
نقد اور عند الطلب قرضے	۲۶۹	۳۲۸	۱۲۲	۴۰۰	۶۹۱	۳۶۳	۲۹۱
امانت کا فیصد	۲۸۶۰	۲۹۶۷	—	۳۰۶۰	۴۲۶۱	۳۴۶۴	۳۴۶۱
مشاغل اصل	۲۳۱	۲۲۳	—	۲۴۲	۶۰۹	۳۸۶	۳۶۷
امانت کا فیصد	۲۵۶۰	۲۰۶۲	—	۱۸۶۳	۴۸۶۱	۳۶۶۵	۴۳۶۹
بٹہ	۵۹۹	۷۳۶	۱۲۳	۹۰۵	۱۱۱۷	۳۸۱	۲۱۲
امانت کا فیصد	۶۶۶۵	۶۶۶۵	—	۶۸۶۲	۵۱۶۶	۳۶۶۲	۲۵۶۳
میزان	۱۰۹۹	۱۲۸۷	—	۱۵۴۷	۲۴۱۷	۱۱۳۰	۸۷۰
امانت کا فیصد	۱۱۸۶۸	۱۱۶۶۴	—	۱۱۶۶۵	۱۱۱۶۸	۱۰۷۶۱	۱۰۳۶۹
اصل کی زیادتی امانتوں پر	۱۷۳	۱۸۳	—	۲۲۲	۲۵۶	۷۳	۳۴
سکھا رگھر کا لین دین	۱۲۱۲۰	۱۶۴۳۶	۱۳۶	۲۲۳۵۳	۲۱۱۹۷	۴۷۶۱	۱۱۰۶
اجرائے بنک نوٹ	۴۴	۴۷	۱۰۷	۵۰	۱۲۶	۷۹	۷۶

[1] تخمینی میزان یہ فرض کر کے نکالی گئی کہ اضافے کی شرح ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۸ء میں وہی ہوگی جو ۱۹۰۸ء تا ۱۹۱۳ء میں تھی۔ مشاغل کی صورت میں اس کا اطلاق نہیں کیا جا سکتا اور جو عدد لیا گیا ہے وہ اس مفروضے پر مبنی ہے کہ امانتوں کے مقابلے میں مشاغل اصل کا فیصد اسی شرح سے گھٹتا جاتا جس شرح سے وہ ۱۸۹۵ء کے بعد سے گھٹتا رہا ہے۔ ۱۹۰۸ء تا ۱۹۱۳ء میں جو تخفیف ہوئی وہ خاص طور سے سریع تھی۔

217 پس ان اعداد و شمار سے بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ اعتبار کا کسی حد تک انتفاخ ہوا مگر وہ اس قدر زیادہ نہیں ہوا جس قدر کہ اکثر اشخاص کا خیال تھا اور وہ یقیناً اضافۂ قیمت کی واحد اور اصلی وجہ نہ تھا۔ یہ سوال اپنے فروع اور شاخوں کے لحاظ سے اس قدر وسیع اور عمیق ہے کہ اس کی تفصیلی بحث یہاں ممکن نہیں۔ لیکن یہ ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ حکومت نے اخراجات جنگ کی تکمیل کا جو متذکرۂ بالا طریقہ اختیار کیا تھا وہ جنگ کے بالکل ابتدائی زمانے ہی میں ترک کر دیا اور ۱۹۱۷ء کے بعد سے عوام سے معمولی طریق پر جنگی تمسکات وغیرہ[1] کی شکل میں قرضہ حاصل کرنے لگی۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ۱۹۱۷ء کے موسم خزاں میں مسلح موٹروں (Tanks) کے حملوں میں متحدین کو جو کامیابی حاصل ہوئی بس یہیں سے حکومت کے جنگی مصارف کو پورا کرنے کے طریقوں میں تبدیلی شروع ہو گئی۔[2] پھر بھی اعتبار کے انتفاخ کا سلسلہ کم از کم اگست ۱۹۱۸ء تک جاری رہا اور غالباً اختتام جنگ تک بڑھتا رہتا اگر ۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء کے سرمائک جنگ قائم رہتی۔ مگر پھر بھی اضافہ قیمت کے سبب کے بارے میں جو بحث درپیش ہے اس کی اہمیت کی ساری بنیاد اس اثر میں مضمر ہے جو یہ بحث مستقبل پر ڈالے گی۔ رفع انتفاخ یا اعدام انتفاخ کی صورت میں کیا ہوگا؟ اب تک قیمتوں کے اضافے سے سابقہ رہا اور ہم ایک حد تک اس کے عادی و خوگر ہو گئے ہیں۔ بہ حالت موجودہ اگر قیمتیں یکایک کم ہو کر زمانۂ قبل از جنگ کی سطح کے قریب قریب آ جائیں تو یہ تخفیف ویسی ہی نقصان رساں ہوگی جیسے کہ

---

[1] War Bonds and War savings certificates

[2] لیکن ہنڈیات خزانہ کے ذریعہ سے عام بنکوں سے اور معمولی ویزا نڈمینس اڈوانسز کے طور پر بنک آف انگلینڈ سے حکومت پورے جنگ کے زمانے میں قرضے حاصل کرتی رہی اور اب بھی بہت بڑی مقدار اسی طریقے پر لے رہی ہے۔

اضافہ تھا کیونکہ اس سے اعتبار اور اعتماد کو بہت سخت صدمہ پہونچے گا۔ اور التوائے جنگ کے بعد انگریزی صنعتوں پر حالت جمود کا جو غیر معمولی دورہ پڑا اس میں ہمیں اسکے خطرے کا کافی ثبوت بہم پہونچ چکا ہے۔ اس وقت ہر شخص کو یہ خطرہ دامنگیر تھا یا یہ توقع تھی کہ قیمتیں گھٹ جائیں گی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ مال کی فرمایشیں بہت کم بھیجی گئیں اور اسی کے باعث تجارت کا بازار جو سرد ہوا وہی بدترین چیز تھی جو رونما ہو سکتی تھی۔ اسکے عواقب و نتائج اکثر 218
صورتوں میں اب بھی سخت نقصان رساں ثابت ہو سکتے ہیں۔

مستقبل قریب کے لئے عملی سوال یہ ہے کہ طلائی سکوں اور زر کاغذی کے بارے میں کونسا طرز عمل اختیار کیا جائیگا؟ انگلستان میں اس وقت بھی ایسے بہت سے لوگ موجود ہیں جو پانچ سال کے تجربے کے بعد بھی زر کاغذی کو استعمال کرنے کے خوگر نہیں ہوئے ہیں اور اکثر انگریز اس امر کا اعتراف کرنے والے ملینگے جو سونے کے سکوں کی رجعت دیکھنے کے خواہاں ہونگے۔ علاوہ بریں انتفاخ زر کے انتہائی مخالفین بھی ہیں جو اضافہ قیمت کا اصلی باعث زر کاغذی کو قرار دیتے ہیں اور اس پر تلے بیٹھے ہیں کہ جس دن صلحنامہ پر دستخط ہوں اسی دن کاغذی زر کو بہ یک قلم کالعدم کر دیں۔ لیکن مالی معاملات میں اس طرح عجلت سے کام نہیں لیا جا سکتا۔ جب جنگ نپولین ختم ہوئی تو عدم ادائے طلا کے طریقے کو روکنے میں سات سال لگے اور اگر نوٹوں کو رواج سے خارج کرنیکی کوشش کی گئی تو غالباً اب کم از کم اتنا ہی عرصہ درکار ہوگا۔

سب سے پہلی مشکل یہ ہے کہ جتنے نوٹ انگلستان میں رائج ہیں انکی بجائی کرنیکے واسطے سونے کی کافی مقدار ہی موجود نہیں ہے اور اس سے پیشتر کہ ان کے بجائے کوئی اور سکہ جاری کیا جائے یا ہم کم مقدار میں زر استعمال کرنے کے قابل ہوں زر کاغذی کو رواج سے ہٹانا مجنونانہ حرکت ہوگی۔ آیندہ ایک یا دو سال میں سب سے پہلے یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ کسی طرح سب اشیا کی قلت رفع ہو جائے کیونکہ یہی قلت

ساری خرابی کی جڑ تھی۔ اور اسکے بعد ایک طرف تو یہ انتظام کرنا چاہیئے کہ کوئی ایسی بات نہ ہونے پائے جسکا نتیجہ فریدِ انتفاخ کی شکل میں ظاہر ہو اور دوسری طرف جلد بازی سے کام لیکر کسی ایسے طریقے پر کاربند نہ ہونا چاہیئے جس سے رفع یا اعدام انتفاخ رونما ہو۔ اس میں شک نہیں کہ قیمتوں میں کمی ہونا ضروری ہے اور جتنا جلد ایسا ہو اتنا ہی اچھا ہوگا اور یہ کمی یقیناً اسی وقت ہوگی جبکہ معمولی روزمرہ کے کام میں آنیوالے اشیا کی رسد میں دوبارہ اضافہ ہو جائیگا۔ لیکن موجودہ حالت میں سب سے پہلے جو کام کرنا ہے وہ یہ ہے کہ پیدائش اشیا کو فروغ دیا جائے جہاں تک ممکن ہو زیادہ اشیا تیار کرنے کی کوشش کیجائے اور اگر اس کے لئے کچھ اور مزید عرصے تک گرانی کو برداشت کرنا پڑے تو یہ صورت یقیناً اس حالت سے بدرجہا زیادہ بہتر ہوگی جس میں صناع سریع ارزانی کے خوف سے تخفیف پیدائش کے خطرات مول لیں۔

طلائی سکوں پر عود کر آنے کے سوال سے ایک دوسرا دقت طلب سوال پیدا ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ کیا انگلستان کو تجارت خارجہ کے تعلقات کی حد تک سونے کے استعمال پر عود کرنا پڑے گا؟ کیا انگلستان کو اپنی قدیم قابل رشک حیثیت دوبارہ اختیار کرکے دنیا کا واحد آزاد طلا کا بازار بننا ہوگا اور اس طرح اپنے محفوظ سرمایۂ طلا کو تمام دنیا کے لئے عام طور پر کھلا رکھنا ہوگا؟ ایسا کرنے میں جو دقت ہے اس کا باعث یہ ہے کہ بین الاقوامی قرضداری کی حد تک انگلستان کی حیثیت بدل گئی ہے۔ 219
اس بارے میں بہت کچھ مبالغہ کیا جاتا ہے اور بعضوں کا خیال ہے کہ اس وقت بجائے لین دار ملک ہونے کے انگلستان دیندار اور مقروض ملک ہوگیا ہے۔ مگر یہ سراسر غلط اور مہمل ہے۔ انگلستان کے جو مطالبات جنگ سے قبل بیرونی ممالک کو (۳۰۰۰) ملین پونڈ سے زائد قرضہ دینے کے سلسلے میں قائم تھے ان میں غالباً (۱۰۰۰) ملین پونڈ سے زائد کمی نہیں ہوئی ہے۔ لیکن بات اصل میں یہ ہے کہ اس کے دیندار بدل گئے ہیں اور اب ایسے ممالک اس کے لین دار بن گئے ہیں جو پہلے اس کے دیندار تھے۔ مزید برآں انگلستان کے

اکثر دیندار وں کی مالی حیثیت بحالت موجودہ ایسی ہے کہ ان سے قرضے کی واپسی کی توقع مشتبہ ہے۔ اس طرح ابھی کم از کم ایک عرصے تک انگلستان کا تو ازن تجارت جہاں تک اس غیر مشہود برآمد کا تعلق ہے اس قدر موافق نہیں ہو سکتا جس قدر وہ جنگ سے قبل تھا۔ اس لحاظ سے اگر کوئی لین دار اپنے قرضے کی واپسی کا مطالبہ کر بیٹھے اور ادائے طلبا بلا اصرار کرے تو لندن کے زر کے بازار کے لئے بڑی دشواری پیش آسکتی ہے۔ لیکن جنگ نے اس بارے میں کچھ سبق سکھا دیا ہے۔ سب سے پہلے تو ہم کو یہ معلوم ہوا کہ کبھی سونے کی حیثیت بین الاقوامی قرضداری کی قلیل سی عارضی زیادتی کو ادا کر دینے کے ذریعے کے سوا کچھ تھی ہی نہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ جس وقت ہم نے یہ کہا تھا کہ سونا تجارت خارجہ کا غیر مشہود منتظم ہے تو ہمیں یہ خیال کرنے کی ترغیب ہوتی ہے کہ ہم نے سونے کی اہمیت کے بارے میں مبالغہ کیا تھا۔ کیا دراصل اس کی حقیقت اس بار پیما سے زیادہ تھی جو محض تجارت کے رُخ یا سمت کو بتلاتا تھا اور اس طرح ہمیں متنبہ کرتا تھا کہ مبدل لہ حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری تدابیر اختیار کریں؟ کیونکہ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ قانون توازن تجارت یہی تھا کہ درآمد برآمد کی قیمت ادا کرے اور برآمد درآمد کی قیمت ادا کرے۔ قوموں کے مابین اشیا اور خدمات کی تجارت ہوتی ہے۔ اگر کسی ملک کو یہ معلوم ہو کہ توازن عارضی طور پر اس کے مخالف ہے تو اس کا ازالہ کرنے کے متعدد طریقے ہو سکتے ہیں۔ وہ زیادہ اشیا برآمد کر سکتا ہے لیکن یہ طول عمل ہے۔ وہ تمسکات فروخت کر سکتا ہے یعنی وہ ان دستاویزات کو جو زر کی نمایندگی کرتے ہیں اور جو اس نے قرضہ گیر ملکوں سے حاصل کئے تھے ان ملکوں کو واپس کر سکتا ہے جو اب اس کے لین دار بن رہے ہیں۔ یا سیدھا سادھا طریقہ یہ ہے کہ وہ ان لین داروں سے (یا کسی اور سے) قرضہ طلب کرے اور اس سے اپنی نئی قرضداری 220

صاف کر دے۔ لیکن وہ صرف ایک چیز نہیں کر سکتا اور وہ یہ کہ وہ اپنے قرضوں کو طلا کی صورت میں ادا نہیں کر سکتا کیونکہ اولاً تو کسی ملک کے پاس طلا اتنی کافی مقدار میں نہیں ہوتا کہ وہ اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے بعد بقیہ کو دوسروں کے حوالے کر سکے۔ وہ صرف گاہے ماہے اور قلیل مقدار کی حد تک البتہ ایسا کر سکتا ہے۔ دوسرے یہ کہ کوئی ملک یہ نہیں چاہتا کہ اس کے مطالبات طلا کی صورت میں ادا کئے جائیں، چنانچہ جنگ کے تجربے کے بعد ہمیں یہ تسلیم کرنے کا موقع ملا۔ اکثر غیر جانبدار ممالک نے اور جنگ میں شریک ہونے سے قبل امریکہ نے بھی زمانۂ جنگ میں یہ محسوس کیا کہ طلا کا بڑی مقدار میں درآمد کرنا کسقدر تکلیف دہ اور وقت طلب ہو سکتا ہے اور ملک کی حقیقی ضرورتوں یعنی آلۂ مبادلہ اور سرمایۂ محفوظ کے کاموں کو پورا کرنے کے بعد سونے کا کثیر المقدار ذخیرہ پڑا رہے تو وہ کس قدر بے کار اور غیر منفعت بخش ہے۔ اس کا قرینہ نہیں معلوم ہوتا کہ جنگ کے بعد امریکہ کی ریاستیں بے کار "دولت" کے ان بیش خرچ ذخائر میں مزید اضافہ کرنے کے لیے فکر مند ہونگی۔

جنگ کے بعد کے زر اور مبادلات خارجہ کے سوالات پر غور کرنے کے لیے جو کمیٹی[1] مقرر ہوئی اس نے اپنے اجلاس کے دوران میں پہلی رپورٹ میں معیار طلا پر بہ عجلت ممکنہ عود کر آنے کی ضرورت پر زور دیا مگر اپریل ۱۹۱۹ء میں دور اندیشی کی بنا پر انگلستان سے طلا کی برآمد ممنوع قرار دی گئی۔ اس لحاظ سے وقت کے وقت اس واقعے کی بنا پر انگلستان کے سر سے بلا ٹل گئی کہ نہ صرف انگلستان بلکہ کوئی اور ملک بھی اگر طلا کی جانب فوراً عود کرنا چاہے تو

---

[1] Committee on currency and foreign exchanges after the war (CD 9182)

نہیں کرسکتا تھا۔ جب انگلستان کی صنعتیں پھر اپنے پیروں پر بخوبی کھڑے ہونیکے قابل بن جائیں گی اس وقت ہم کو یہ جانچنے کا زیادہ بہتر موقع مل سکیگا کہ آیا سونے کے کھلے بازار کا خطرہ سر پر لیا جاسکتا ہے یا نہیں۔ لیکن اساسی واقعہ جو یاد رکھنے کے قابل ہے یہ ہے کہ دنیا انگلستان سے سونے کی طالب نہیں ہے بلکہ اشیا کی طالب ہے۔ اگر انگلستان کے مصنوعات کی مقدار دوبارہ زمانہ قبل از جنگ کی سطح پر آجائے یا اس میں اضافہ ہوسکے تو اس وقت انگلستان اس قابل ہوگا کہ اپنے اعتباری نظام کے ذریعے سے سب اشیائے درآمد کی قیمت جس کو وہ وہ فوراً ادا نہیں کرسکتا ادا کرسکے۔ امریکہ اور یورپ کے صرافوں میں اپریل ۱۹۱۹ء میں تمسکات کی قیمت کو گرنے یا بڑھنے سے روکنے کیلیے مقررہ قیمت پر آزادانہ خرید و فروخت کرنے کے طریقے کو جو موقوف کیا گیا وہ ایک نہایت تردد پیدا کرنیوالا عمل تھا۔ مگر یہ دشواری وقت خاموشی کے ساتھ رفع ہوگئی۔ اور یہ امید کیجاسکتی ہے کہ جب طلا کی برآمد کی ممانعت ہٹا لینے کا وقت آئیگا تو یہ ثابت ہوجائیگا کہ ان مشکلات کو کس قدر مبالغے کیساتھ بیان کیا گیا تھا۔

221 لیکن جہاں متذکرۂ بالا استدلال سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ خزانے کے نوٹوں کو رواج سے ہٹانے کے بارے میں کوئی فوری یا شدید کاروائی کرنا سردست ضروری یا ممکن نہیں ہے وہیں اس امر کا اطمینان کرلینے کے بارے میں بھی احتیاط برتنی ضروری ہے کہ انتفاخ کی عادت ہم پر مسلط نہ ہوجائے۔ یہ امر کسی قدر انتشار دلے چینی پیدا کرنیوالا ہے کہ کرسمس ۱۹۱۸ء کے بعد سے ایک مدت تک نیھر زر کاغذی کی مقدار میں بتدریج اضافہ ہونے لگا۔[1] ایسی حالت میں جبکہ جنگ ملتوی ہوگئی تھی،

[1] دیکھو جدول (۷)۔ ضمیمہ۔

فوجوں کا بڑا حصہ برخاست کر دیا گیا تھا، اسلحہ سازی کے کارخانوں میں کام کم ہو گیا تھا اور اسی کے ساتھ ساتھ قیمتوں میں بھی تخفیف شروع ہو گئی ہے زر کاغذی زائد مقدار کے جاری و برقرار رکھنے کی توجیہ و تاویل بظاہر مشکل معلوم ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ بنکوں پر آزادانہ طور سے نوٹ جاری کرنے کے بارے میں کچھ بندش عائد کرنا ضروری ہو اور یہ جبری تخفیف کے خیال سے نہیں بلکہ زیادہ تر اس امر کی یاد دھانی کے طور پر کہ خود زر کاغذی نفسہ پسندیدہ شئے نہیں ہے اور اس کو ضرورت کے حدود کے اندر قطعی طور سے رکھنا ضروری ہے۔ نوٹوں کے اجرا کا کام اب تک زیادہ تر بنکوں کے ہاتھ میں رہا جو اپنی ضرورتوں کے لحاظ سے نوٹ جاری کرتے رہے لیکن ممکن ہے کہ ان نوٹوں کے اجرا پر کچھ بندشیں قائم کر کے مثلاً جتنے نوٹ جاری کئے جائیں ان کا (۱۰۰) فی صد طلائی صورت میں رکھنے کی شرط قائم کر کے حقیقی ضرورتوں کو جانچنا ضروری ہو۔ اگر اس طریقے سے عمدہ نتائج پیدا ہوئے تو اس تناسب میں رفتہ رفتہ اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

مبادلات خارجہ مبادلات خارجہ کے سوال کے متعلق دو اور نکات کا بیان کرنا یہاں مناسب ہے۔ پہلی بات یہ کہ اثنائے جنگ میں انگلستان کے بڑے بڑے سرمایہ مشترک والے بنکوں نے کاروبار میں بہت بڑا نمایاں حصہ لیا، ان میں سے اکثر بنکوں نے اب بیرونی ممالک میں قطعی طور سے اپنی شاخیں کھول دی ہیں ان اغراض کے لیے جن کی وہ دوسروں کے ساتھ ملکر نگرانی کرنا چاہتے یا نئے ادارے قائم کر لیے ہیں۔ اس بارے میں کہ آیا اس قسم کی تحریک مناسب ہے یا نہیں مختلف خیال قائم کئے جا سکتے ہیں، لیکن اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ زمانۂ مستقبل میں بنکوں کے بین الاقوامی کاروبار کی ترقی میں یہ تحریک بہت نمایاں حصہ لیگی۔

دوسرے یہ کہ ۱۹۱۸ء میں ایک بالکل نیا اصول یہ قائم کیا گیا کہ لندن کے بنکوں میں انگلستان اور بیرونی ممالک کے باشندوں کو زر امانت پر دو مختلف شرحوں سے سود ادا کیا جاتا تھا۔ اس اصول کا مقصد یہ تھا کہ انگلستان کے زر کے بازار پر یہ تعزیری پابندی عائد کئے بغیر کہ وہ بھی جبراً اعلیٰ شرح عام طور سے رائج کرے بیرونی جمع کرنے والوں کو 222
اعلیٰ شرح دیکر ترغیب دیجائے کہ وہ اپنا زر لندن میں جمع کریں اور یہ اصول بہ ظاہر "ارزاں زر" کی پالیسی کے سلسلے میں اختیار کیا گیا تھا جو ۱۹۱۷ء میں چلکر مقبول ہوئی اور جو "گراں زر" کے اس نظریئے کے ردعمل کے طور پر بصورت پذیر ہوئی تھی جو ۱۹۱۵ء سے میدان پر چھایا ہوا تھا۔ بہرحال وہ ایک نہایت ہی دلچسپ تجربہ تھا مگر اس میں ہمیشہ شبہ رہا کہ آیا اس کو امن کے زمانے قائم رکھا جاسکتا تھا چنانچہ شرح میں اب بہت کمی ہوگئی ہے۔ طلا کی برآمد کی ممانعت اور یہ امر کہ خزانۂ شاہی نے ایک طرف تو ملکی اصل کے معاملات کی نگرانی ترک کردی اور دوسری طرف خارجی اصل کے معاملات میں اس سے مشورہ کرنا ضروری قرار دیا گیا ممکن ہے کہ کچھ اسی قسم کا اثر پیدا کرے۔

بین الاقوامی زر کاغذ اور جمعیتہ اقوام

پھر بھی بین الاقوامی مالی تعلقات کی ایک اور امکانی ترقی کو جو جنگ سے پیشتر ناقابل تحصیل تصور کیجاتی تھی جنگ نے بالآخر عملی سیاسیات کے سوال کے بہت کچھ مشابہ بنا دیا ہے اور یہ بین الاقوامی زر کاغذ کا خیال ہے۔ دو امور اس ممکنہ تبدیلی کا باعث معلوم ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ جنگ نے اکثر ملکوں کو زر کاغذی رائج کرنے پر مجبور کردیا جسکو ابھی ایک خاص مدت تک جاری رکھنا پڑے گا۔ دوسرے یہ کہ بین الاقوامی اتحاد اور سمجھوتے کے امکانات میں جنگ سے پہلے کے انتہائی توقعات سے بھی بڑھ کر وسعت پیدا ہوگئی ہے، اگر ایک جمعیتہ اقوام کا وجود ممکن ہے تو کیا کسی معاملے پر قوموں کے درمیان باہمی سمجھوتے کا

ہونا ناممکنات سے ہے؟ کیوں نہ جمعیتہ اقوام بین الاقوامی زر کاغذی کا اجرا اور نگرانی اپنے ہاتھ میں لے؟ بہت ممکن ہے کہ اس قسم کی کوئی پالیسی اس پر جبراً عائد کیجائے۔ کیونکہ بحالت موجودہ اکثر حریف و متخاصم ملکوں نے بے شمار نوٹ جاری کر دئے ہیں اور انکی ادائی کا بار عظیم اپنے سروں پر رکھتے ہوئے یہ مشکل معلوم ہوتا ہے کہ وہ تجارت خارجہ کو از سر نو شروع کر سکینگے۔ ان کے تجارت خارجہ شروع کر دینے کے بعد ہی فوراً یہ بات پوری طرح منکشف ہو جائیگی کہ کس حد تک ان کے زر کی قدر گھٹ گئی ہے۔ بلکہ خود جرمنی کو بھی جب تک بین الاقوامی امداد نہ ملے اس میں شبہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے پاس موجودہ نوٹوں کی کثیر مقدار رکھتے ہوئے مشکلات سے عہدہ برآ ہو سکے گا۔ رہے روس اور آسٹریا تو ان کے متعلق قطعی کوئی شبہ باقی نہیں رہتا۔ ان شکست خوردہ اور ٹوٹی ہوئی سلطنتوں کے غیر منظم زر کاغذی کی اصلاح کا کام تنہا ان ہی پر نہیں چھوڑا جا سکتا، اسلیئے کہ ان کا نقصان صرف اس زر کے مالوں اور قابضوں تک ہی محدود نہ رہے گا۔ قدیم ملکوں کے کھنڈروں سے جو نئے ملک رونما ہو رہے ہیں ان کے اعتبار کی حد تک جو ردعمل اور انقلاب عظیم رونما ہوگا وہ نہ صرف ان ہی ملکوں کی معاشی صحت پذیری و حیات تازہ کیلیے مہلک و مضرت رساں ہوگا بلکہ ہر اس ملک کی تجارت خارجہ میں بھی بدنظمی پیدا کر دے گا جو ان سے جنگ سے قبل تجارتی راہ و رسم رکھتے تھے یا اب پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ انگلستان نے شمالی روس کے مقبوضہ علاقوں میں ایک نئے قسم کا زر رائج کر کے اور اس پر اپنی نگرانی قائم کر کے ان تمام دقتوں کے احساس کا عملی ثبوت بہم پہونچا دیا ہے۔ مگر یہ کام کسی ایک ملک کے بس کا نہیں ہے کہ وہ ان تمام ملکوں کی اس طرح دستگیری کرے جو اپنے کثیر المقدار نوٹوں کے ادا کرنے سے قاصر رہنے کی وجہ سے اپنے آپ کو عملاً دیوالیہ پائیں گے۔ 223

ایسی حالت میں ان خاطیوں کی اصلاح نگرانی وامداد کا کام جو بین الاقوامی ہونا چاہئے جمعیتہ اقوام کے سوا کون انجام دے سکتا ہے؟ اور اگر جمعیتہ اقوام نصف حصہ یوروپ کے مالیات کا انتظام نصف صدی تک بھی اپنے ہاتھ میں رکھے تو کیا جمعیتہ کو اس قدر کافی تجربہ حاصل نہیں ہوسکتا کہ وہ اس کام کو مستقلاً انجام دینے کے قابل ہوجائے؟ واقعہ یہ ہے کہ اس سے پہلے بھی اسی قسم کی ایک نظیر ملتی ہے کہ لاطینی اتحاد نے یوروپ کے بیشتر حصے کے سکوں کی نگرانی کا کام ستر (۷۰) سال تک بحسن وخوبی انجام دیا۔

اس تجویز کے امکانات بہت روشن اور امید افزا معلوم ہوتے ہیں۔ وہ زائد مطالبات کا حساب چکانے کے لیے طلا کو ایک ملک سے دوسرے ملک میں روانہ کرنے کی ضرورت ہی باقی نہ رکھے گی۔ جس طرح ہندوستان کا محفوظ ذخیرۂ معیار طلا کا نظام ہے کہ لندن اور ہندوستان دو مرکزوں میں طلا کے ذخیرے رکھے گئے ہیں اور کونسل ڈرافٹ کے خرید وفروخت کے ذریعے سے طلا کی ملکیت ادھر سے اُدھر ایک مرکز سے دوسرے مرکز کو منتقل ہوتی رہتی ہے جمعیتہ اقوام بھی اسی طرح کا نظام قائم کرسکتی ہے اور دنیا کے طلا کے ذخیروں کو جہاں کہیں مناسب سمجھے رکھ سکتی ہے یا سہولت کے لحاظ سے صرف ان ہی ممالک میں رکھ سکتی ہے جہاں سونے کی کانیں موجود ہوں اور پھر حسب ضرورت ان کی ملکیت کے وثائق محض ایک ملک سے دوسرے ملک کو منتقل کردینا کافی ہوگا۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس قسم کا نظام قائم کرنے کے بعد سونے ہی کی کونسی ضرورت باقی رہ جائیگی؟ اس میں شک نہیں کہ بحالت موجودہ سونے کو بطور زر استعمال کرنے کے متعلق یہ تسلیم کرلیا گیا ہے کہ وہ ایک ایسی شئی ہے کام لینے اور اسکو ضائع کرنے کی متحمل ہے جس میں قدر ذاتی موجود ہے۔ لیکن تاوقتیکہ تمام دنیا کے باشندے اس اصول کو پوری طرح

ذہن نشین نہ کرلیں اور کسی ایسی شئی کو جس میں قدر ذاتی موجود نہ ہو بطور آلۂ مبادلہ استعمال کرنے پر آمادہ اور متفق نہ ہو جائیں کاغذی زر پر عوام کا اعتبار اور اعتماد قائم کرنے کے لیے غالباً طلا کے ذخیروں کو قائم رکھنا ناگزیر ہوگا۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس قسم کے ذخیرے سونے کی بڑی مقداروں پر مشتمل ہوں کیونکہ یہ جاننا ضروری ہے کہ کاغذی زر کی بنیاد کے طور پر ذخیرۂ طلا کا اصلی کام نوٹوں کے زائد اجرا کے مقابلے میں قطعی ضمانت بہم پہونچانا ہے۔ اگر ایسا کاغذی زر موجود ہو جو طلا سے نقد پہنچتا ہو تو پھر مقدار کی کثرت کا امکان باقی نہ رہے گا کیونکہ جب نوٹوں کی قدر و قیمت میں تخفیف رونما ہو گئی تو زائد مقدار طلا کے مبادلے سے خود بخود زائل ہو جائیگی۔ 224

مبادلات خارجہ پر ایسے جدید نظام کا جو اثر پڑے گا ظاہر ہے۔ وہ ان کو عملاً کالعدم کر دے گا۔ بین الاقوامی مبادلات کی ادائی سرکاری رقعوں (ڈرافٹ) کے ذریعے سے ہوگی یعنی بیرونی پوسٹل آرڈر کا نظام وسیع پیمانے پر قائم ہو جائے گا۔[1] ایسے نظام کے فوائد جس میں مبادلے کی معین و مقررہ شرحیں ہوں اور اس کے نتیجے کے طور پر تجارت خارجہ سہولت اور ارزانی کے ساتھ انجام پائے اس قدر کثیر ہیں کہ اس خاکے پر عملی تجویز کے طور پر نہ کہ محض خواب و خیال کے طور پر غور کرنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اگر دنیا کی بڑی انگلو سیکسن قومیں یعنی سلطنت برطانیہ اور امریکہ ہی اپنے وسیع مقبوضات میں اس نظام کو رائج کرلیں تو بصورت کامیابی دوسری سب قومیں بھی ان کی تقلید پر تقریباً مجبور ہو جائینگی۔

[1] دیکھو شنی ڈب کی کتاب "How to Pay for the war"
اس سوال کا جواب کہ ایسے نظام کے تحت صنائف توازن تجارت کا تصفیہ کس طرح ہو سکتا ہے سر جارج پیش کی "بین الاقوامی دستاویزات و تمسکات کی تجویز" سے دیا جا سکتا ہے۔

نظریۂ مقدارِ زر اس بحث کی تہ میں زر کے اجرا کی تحدید کا ایک اساسی سوال مضمر ہے۔ سابقہ زمانے میں دنیا کے زر کے اجرا پر اس واقعے کی بنا پر خود بخود بندش قائم رہی کہ زر کا فلزات سے کچھ نہ کچھ تعلق قائم تھا اور اس لحاظ سے زر کی مقدار دنیا کے موجود الوقت فلزات کی مقدار پر موقوف و منحصر رہا کرتی تھی رہے فلزات تو ان کی تحدید معدنیات سے ان کو حاصل کرنے کی طبعی دقت اور اعلیٰ مصارف پیدائش کی بنا پر ہوتی تھی۔ اسطرح دنیا میں دو ہزار (۲۰۰۰) سال سے زائد عرصے سے زر کے نظاموں کی بنیاد کے طور پر فلزات سے بحیثیت مجموعی بخوبی کام لیا جا رہا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس کی کونسی ضرورت ہے کہ ہمارے سکے قدر ذاتی کے تابع اور محتاج رہیں؟ ہم کیوں ایسی قیمتی شے کی پیدائش میں وقت اور محنت ضائع کریں جس سے دنیا میں کوئی مفید کام نہیں لیا جا سکتا اور جو صرف بطور آلۂ و ذریعۂ مبادلہ تمیسری شئی کی حیثیت سے دست بدست گھومتی پھرے اور بذات خود مقصد نہ ہو۔ اس کا صرف ایک جواب ہے۔ یعنی یہ کہ تا وقتیکہ دنیا کے زر کا حاصل کرنا دقت طلب نہ ہو اس کی مقدار حد سے زیادہ اور وافر ہی رہے گی۔ اگر پارس پتھر دریافت ہو جائے تو سونے سے
225 آلۂ مبادلہ کا کام لینا موقوف ہو جائے گا۔ لیکن اس سے پھر پہلا سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا بین الاقوامی نگرانی و انتظام کی صورت میں زائد اجرا کی روک تھام کی کافی و معقول ضمانت ممکن نہیں ہو؟ کیا تمام ممالک یوروپ کو جنگ نے یہ سبق نہیں سکھایا کہ زر کاغذ کا رواج اطمینان بخش ہو سکتا ہے بشرطیکہ اس کو مناسب حدود کے اندر یعنی ملک کی حقیقی ضرورتوں کو پورا کرنے کی حد تک رکھا جائے؟ کیا ہم یہ مان لیں کہ جمعیتہ اقوام کے قائم ہونے کے پیش نظر بھی دنیا کی متحدہ حکومتوں میں اتنی کافی صلاحیت اور دیانتداری نہیں ہے کہ وہ نظام زر دیانتداری

اور راست بازی کے ساتھ چلا سکیں؟ یا ہم یہ باور کرلیں کہ یہ حکومتیں اتنی بھی سمجھ بوجھ نہیں رکھتیں کہ زر رائج کس وقت حد سے تجاوز کر رہا ہے اس کا اندازہ کر سکیں۔ خاصکر اگر ایسے زر کا اجرا فلزات کے ذخیرے پر اس طریقے سے مبنی ہو کہ وہ عند الطلب سونے یا چاندی میں کسی بھی نقد پذیر ہو سکتا ہو؟

اس سے انجام کار ہم پھر اسی سوال پر پہونچتے ہیں جو صفحہ (۲۷۱ انگریزی) پر پیش کیا گیا تھا۔ اور یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اسی سوال کا اطلاق موجودہ نظام کے بارے میں بھی اس وقت تک جبکہ وقت تک ہم سونے کی آزاد برآمد کو روا نہ رکھیں کیا جا سکتا ہے۔ ایسے نظام کے تحت نظریۂ مقدار زر کی کیا حیثیت ہوگی؟ کیا اس میں کوئی عملی افادہ باقی رہے گا؟ اس لیے کہ یہ تسلیم کرنا چاہیئے کہ زمانۂ ماسبق میں اس نظریے کے استعمال سے سب سے بڑا فائدہ یہ رہا کہ اس کی مدد سے حالات مستقبل کا پتہ چل سکتا تھا کہ آیندہ کسی قسم کے حالات ظہور پذیر ہونیوالے ہیں۔ مقداری اطلاق کے مشکلات کا کافی لحاظ کرنے کے باوجود یہ امر پھر بھی صحیح تھا کہ ایک شخص دنیا کی سونے کی رسد کی عام نقل و حرکت معلوم کر کے اس سے قیمتوں کے رجحان کا صحیح پیشگی تخمینہ قائم کر سکتا تھا اگرچہ یہ محض "رجحان" تھا مگر وہ بھی خاصی بڑی اہمیت رکھتا تھا۔ لیکن نئے نظام کے تحت یہ سب جھگڑے باقی نہ رہنے پائینگے۔ سونے کو معدنیات سے کھود کر محض صنعتی اغراض اور ضرورتوں کو پورا کرنیکے لیے ذخیرہ ہائے طلا کو برقرار رکھنے کی غرض سے نکالا جائیگا۔ قیمتوں کی عام سطح ایک غیر متغیر حالت پر رکھی جائیگی۔ انڈکس نمبر صرف قیمتوں کے اتار چڑھاؤ کا حال معلوم کرنے کا آلہ رہینگے اور جس طرح بارپیما کے ذریعے موسمی حالات اور طوفان کا حال معلوم کیا جا سکتا اور پیش بندی کی جا سکتی ہے اسی طرح زر کا انتظام کرنیوالی بین الاقوامی جمعیتہ انڈکس نمبر کے ذریعے سے قیمتوں کی عام سطح کے عظیم تغیرات کو

پیش از پیش روک سکیگی اور قیمتوں کو ایک سطح سے آگے بڑھنے نہ دیگی۔ فی الحقیقت ایسا ہی زر اعلیٰ درجے کا اور معیاری زر ہوگا اور موجودہ زمانے میں کسی خیال کو محض اس بنا پر کہ وہ تصوریت پر مبنی ہے مسترد کر دینا حق بجانب نہیں ہو سکتا۔

228

ضمیمہ

(۳۲۲ - ۳۷۵)

جدول (۱)

امریکہ کی دریافت کے بعد سے دنیا کی سونے اور چاندی کی پیداوار اور مقدار کی کیفیت۔

ملین پونڈ میں

سالوں کا اوسط	طلا		نقرہ		سونے اور چاندی کی کل مقدار	سونے کی کل مقدار کا فیصد
	سالانہ	کل مقدار	سالانہ	کل مقدار		
۱۴۹۳-۱۵۲۰	۰٫۸	۲۲٫۷	۰٫۶	۱۷٫۱	۳۹٫۸	۵۷
انتفاخ کے اسباب اُن اسباب سے کلیتہً مختلف تھے جو جنگ کے زمانے میں اضافۂ قیمت کا باعث بنے تھے۔ مختصراً وہ یہ تھے کہ جس وقت اشیاء کی طلب کے انبار در انبار بقایا کا بے پناہ سیلاب اُمنڈا تو دنیا کو اتنی مہلت نہ مل سکی کہ جنگ سے پیشتر معمولی اشیاء کی جتنی پیدائش ہوتی تھی اس کے قریب قریب تیار کرتی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ فی الحقیقت قحط کی سی قلت کا دور نما ہوا جو صرف اضافۂ قیمت کی جانب رہبری کر سکتا تھا۔ ان حالات میں قرضے کی سہولتوں میں اضافہ کرنا تقریباً ناگزیر تھا۔ بنکوں سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ اتنی مافوق الانسان دانشمندی اور جرأت دکھائیں گے کہ ان گاہکوں کو قرضہ دینے سے انکار کر دیں جو دونوں ہاتھوں سے زر کما رہے تھے۔ لیکن یہ بیان کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ جون اور دسمبر کے ختم پر شمشماہی چٹھوں میں حساب گھروں کا نقد کافی مدت تناسب اس اعلیٰ سطح سے بہت گر گیا تھا جو جنگ کے کل زمانے میں تھی اور ماقبل جنگ معمولی اعداد کے لگ بھگ ہو گیا لیکن اس سے کبھی کم نہ ہوا۔ اس لحاظ سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انتفاخ کا باعث زائد اعتباری سہولتیں تھیں جو بنکوں نے عطا کی تھیں۔

تنظیم و تعمیر نو

جنگ کے بعد کی جدید مالی تنظیم کی سرگزشت کا اعادہ کرتے ہوئے یہ کہنا نامناسب نہ ہوگا کہ کن لف کمیٹی کی پہلی رپورٹ پیش کردہ اگست ۱۹۱۹ء[1] کی جانب اشارہ کیا جا چکا ہے جس میں ارکان نے زر کاغذ کے اجرا کے مستقبل سے بحث کی ہے اور یہ سفارش کی ہے کہ تنظیم جدید کے زمانے میں اس اجرا میں تدریجی طور سے تخفیف کرنے کے خیال سے کسی سال کے اماننی نوٹوں کی گردش کی حقیقی بیش ترین مقدار ہی اس کے بعد کے سال میں قانوناً بیش ترین مقدار قرار دی جائے۔ اپنی آخری رپورٹ میں جو دسمبر ۱۹۱۹ء میں شائع ہوئی انھوں نے

225

[1] First Interim Report of the Committee on Currency and Foreign Ex- changes after the War, 1918.

اس تجویز پر کرر زور دیا اور حکومت نے اس کو اختیار کرنے کے متعلق اپنے ارادے کا فوراً اعلان کر دیا۔ ۱۹۲۰ء میں مشکلات کے ایک یا دو دور آئے جن میں سے ایک میں حکومت نے یہ کسی قدر مشتبہ عملی تدبیر اختیار کی کہ مجموعی مقداریں سے ابتداءً جاری کردہ تقریباً سات ملین نوٹ منہا کر لیے جو رواج سے واپس طلب کر لیے گئے تھے لیکن ابھی تک زائل نہیں کیے گئے تھے۔ اس کا بدیہی سبب یہ تھا کہ وہ اب تک عوام کے ہاتھ میں تھے لیکن اس کے قطع نظر اعتباری اجرا یعنی نوٹوں کی وہ مقدار جو سونے پر یا بنک کے نوٹوں پر مبنی نہ تھی، بیشتر مین مقدار سے اس طرح کم رکھا گیا کہ محفوظ ذخیرۂ زر کاغذی میں مزید بنک کے نوٹوں کا اضافہ کر دیا گیا۔

کاغذی زر

اپریل ۱۹۲۱ء میں محفوظ ذخیرۂ زر کاغذی میں تین ملین پاؤنڈ کی رقم بہ شکل نقرہ بڑھا دی گئی۔ اور یہ مقدار سات ملین پاؤنڈ تک پہنچنے تک تدریجی اضافہ کیا جاتا رہا۔ ۱۹۲۱ء اور ۱۹۲۲ء میں اجرا میں معقول کمی کر دی گئی اور ۱۹۲۳ء کے بعد اس کی مقدار تقریباً انتیس کروڑ پاؤنڈ پر یکسانی کے ساتھ برقرار رکھی گئی۔ ایک سے زاید دفعہ یہ توقعات برآمد ہوئے کہ حکومت کاغذی زر کے اجرا کے کل مسئلے پر غور کرے گی اور اس کو غالباً بنک آف انگلینڈ کے موجود الوقت اجرائے زر کاغذ میں کسی نہ کسی طرح ضم کر دے گی۔ لیکن ۱۹۲۸ء تک اس سمت میں کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا جس کی وجہ غالباً یہ تھی کہ ایسا کوئی قدم اٹھانے سے بیشتر معیار طلا پر عود کر آنے کے مسئلے کے بارے میں کسی فیصلے پر پہنچنا ضروری تھا۔[1]

کاغذی زر کا مجموعی اجرا۔

بنک آف انگلینڈ کے زر کاغذ کے اجرا کی سرگزشت کے متعلق خاصکر جنگ کے بعد کے زمانے میں کچھ کہنا ضروری ہے۔ جدول (۱۱) سے یہ معلوم ہوگا کہ جنگ کے ابتدائی سالوں میں اجرا میں بہت دھیما اضافہ ہوا۔ لیکن ۱۹۱۷ء سے گردش میں بہت سرعت کے ساتھ اضافہ ہوا یہانتک کہ ۱۹۱۸ء کے ختم تک جنگ سے بیشتر کے اعداد کے مقابلے میں اس کی تعداد دگنی ہوگئی۔ جنگ کے بعد اضافہ اور بھی زیادہ نمایاں ہوگیا، خاصکر ۱۹۲۰ء میں جبکہ

226

[1] دیکھو "زر اور بنک آف انگلینڈ کے زر کاغذی کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ" ۵ر فروری ۱۹۲۶ء۔

حکومت نے دوسرے بنکوں کو اس بات پر مجبور کر دیا کہ ان کے پاس جنگ سے پیشتر اور جنگ کے دوران میں جتنا سونا تھا (جس کی مقدار کا اندازہ چالیس ملین پونڈ کیا جاتا تھا) اس کا بیشتر حصہ بنک آف انگلینڈ کے حوالے کریں۔ اگست ۱۹۱۹ء سے حکومت نے یہ کیا کہ کاغذی زر کے اجرا کے مقابلے میں جتنا سکہ اور فلز رکھا جاتا تھا اُس میں بنک آف انگلینڈ کے نوٹ بھی شامل کرنے شروع کیے۔ اس طرح ملک کے مجموعی زر کاغذ کا حساب کرتے وقت اس مقدار کو منہا کر دینا ضروری ہے تاکہ دو مرتبہ وہ محسوب نہ ہوں۔ ۱۹۲۵ء میں اس مقدار میں اس طرح اضافہ ہو گیا کہ بنک آف انگلینڈ کو وہ کل سونا واپس کر دیا گیا جو محفوظ ذخیرۂ زر کاغذیں رکھا ہوا تھا لیکن چاندی نہیں دی گئی اور اس کمی کو کلیتہً نوٹوں سے پورا کیا گیا۔ چنانچہ یہاں اس اثر کو ظاہر کر دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا جو بنک آف انگلینڈ کے نوٹوں کے مجموعی اجرا اور زر کاغذی پر سونے اور چاندی کی اُس حقیقی مقدار کا پڑا جو اس کل زر کاغذی کی بنیاد کے طور پر موجود تھی

بنک آف انگلینڈ کے نوٹوں اور زر کاغذی کے اجرا کی مجموعی مقدار

۵/ اگست ۱۹۲۵ء تک

بنک آف انگلینڈ کے نوٹ

	پاؤنڈ
مجموعی اجرا	۱۸۲/۴۰۴/۸۷۵
منہائی اُس مقدار کی جو مینیجر بنک کاری میں تھی۔	۳۶/۰۸۵/۲۵۰

گردش ۱۴۶/۳۱۹/۶۲۵ پاؤنڈ

مجموعی اجرا کی مقدار کے مقابلے میں سونا	۰۶۲/۶۵۴/۸۷۵
نوٹوں کی منہائی جو صینۂ بنک کاری میں تھے	۳۶/۰۸۵/۲۵۰
سونے کی خالص مقدار جو نوٹوں کے مقابلے میں تھی	۱۲۶/۵۶۹/۶۲۵

کرنسی نوٹ (زرکاغذی)

مجموعی اجرا ——— ۳۰۵/۴۸۴/۰۰۰

بنک کے نوٹوں کی مہانی ۔ ۵۶/۲۵۰/۰۰۰

۲۴۹/۲۳۴/۰۰۰

چاندی جو کرنسی نوٹوں کے مقابلے میں تھی ۷/۰۰۰/۰۰۰

نوٹوں اور ان کے مقابلے کے سونے اور چاندی کی مقدار ۱۳۳/۵۶۹/۶۲۵ ۳۹۵،۵۵۳،۶۲۵

اس لحاظ سے ان مجموعی نوٹوں کے مقابلے میں جو گردش میں تھے سونے اور چاندی کی مقدار ۳۳٫۸ فی صد ہے۔

227 بنک آف انگلینڈ کے نوٹوں کے زائد اجرا کا سب سے بڑا نتیجہ یہ تھا کہ نوٹوں کے مقابلے میں جتنا سونا رکھا گیا تھا اس کا فی صد بڑھ گیا۔ چونکہ تسکات کے مقابلے میں نوٹوں کے اجرائے مجاز کی مقدار ۱۸۴۴ء کے قانون کے تحت اب تک معین تھی (اگرچہ جیسا کہ باب میں بیان کیا جا چکا ہے وہ بڑھا کر ۱۹ ملین پونڈ کر دی گئی تھی) اس لیے ہر زائد نوٹ جاری کرنے کے معنی یہ تھے کہ سونے کی مقدار میں بھی اتنا ہی اضافہ کیا جائے۔ اس طرح ۵ اگست ۱۹۲۵ء کو جاری شدہ نوٹوں کی مجموعی مقدار جہاں ۱۸۲/۴۰۴/۸۷۵ پونڈ تھی وہاں ان کی بنیاد کے طور پر ذخیرے میں سونے کی مقدار ۸۹ فی صد سے کم نہ تھی۔ یہ اصول غیر دانشمندانہ ہوتا اگر دوسری جانب کرنسی نوٹوں کا متوازی اجرا عمل میں نہ آتا جس کی بنیاد محض بنک کے نوٹ اور قلیل سی چاندی تھی۔ اس لحاظ سے دونوں زروں کے اجرا کو ملا دینا چاہیئے جیسا کہ مذکورۂ بالا جدول میں بتایا گیا ہے۔

اس جدول سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زرکاغذی کے مجموعی خالص اجرا کے مقابلے میں

فلز کا جو فی صد تھا وہ تقریباً ٹھیک اتنا ہی تھا جتنا کہ جنگ سے پیشتر کے زمانے میں تھا، جبکہ گردش بقدر ۴۰ ملین پونڈ تھی اور اس کی بنیاد کے طور پر سونے کی مقدار اُن نوٹوں کے بنیادی سونے کو مہنا کر کے جو صیغۂ بنک کاری میں تھے تقریباً دس ملین پونڈ تھی یا حقیقی گردش کے مقابلے میں سونے کی خالص مقدار ۲۵ فی صد تھی۔

معیار طلا۔ کن لف کمیٹی سے لے کر نیچے تک ہر شخص کو اس بات پر اتفاق تھا کہ جنگ کے بعد سب سے پہلی چیز جو بعجلت ممکنہ انجام دینے کے قابل تھی وہ یہ تھی کہ ایک موثر معیار طلا کو از سرِ نو جاری کیا جائے۔ لیکن ان تدابیر پر بحث کرنے سے پیشتر جو اس مقصد کو پیش نظر رکھ کر اختیار کیے گئے تھے اولاً اس چیز کو بالکل واضح کر دینا چاہیئے کہ جنگ کے زمانے میں معیار طلا پر کیا گزری۔ واقعہ یہ ہے کہ کل جنگ کے زمانے میں سونے کی ادائی کو کبھی روکا ہی نہیں گیا۔ بنک آف انگلینڈ کے نوٹ پیشتر کے مثل قابل مبادلہ رہے اور کرنسی نوٹ بھی اپنی موجودگی کے کل زمانے میں سونے سے خاص طور سے قابل مبادلہ رہے۔ چونکہ کسی کو اس واقعے کا علم نہ تھا اور اکثر لوگ اس کو تسلیم کرنے سے منکر تھے، لہٰذا یہاں کرنسی اینڈ بنک نوٹس ایکٹ منظورۂ ۶ اگست ۱۹۱۴ء کے دفعہ (۱) فقرہ (۳) کے الفاظ کو نقل کر دینا مناسب ہوگا:۔ "کرنسی نوٹ کے قابض کو یہ حق حاصل رہیگا کہ عند المطالبہ بنک آف انگلینڈ کے دفتر کے اوقات میں اس نوٹ کی رقم اس کی مندرجہ قیمت کے کاغذ سے سونے کے سکّے کی شکل میں جو فی الوقت سلطنت متحدہ میں زر قانونی ہے حاصل کرے۔"

سونے کی برآمد سونے کے استعمال پر کامل بندش قائم کرنے میں حکومت جس طریقے سے کامیاب رہی وہ نہایت ہنرمندانہ تھا۔ سونے کا واحد حقیقی استعمال یہ ہے کہ اس کو برآمد کیا جائے، اور جو کچھ حکومت نے کیا وہ صرف یہ تھا کہ سونے کی ترسیل بذریعۂ جہاز کو مالِ تجارت کے جنگی بیمہ کی اُس سرکاری تجویز کے تحت شامل کرنے سے انکار کر دیا جو شدید علی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے اختیار کی گئی اس لحاظ سے نقصان کا خطرہ چونکہ زیادہ تھا لہٰذا اس کا عملاً یہ نتیجہ نکلا کہ سونے کی برآمد ممنوع اور پورے موثر طریقے پر رُکی رہی۔ رہا بقیہ حصہ تو سونے کے سکوں کو پگھلانے کی ممانعت، ساوَرن کی زائد فلزی قیمت حاصل کرنے کی ہر کوشش میں مزاحمت پیدا کرنے کے لیے کافی تھی اور سونا فی الواقع رواج سے غائب ہو گیا۔

228

دنیا کے سونے کی رسد

اس اثنا میں جنگ کے زمانے میں دنیا کے سونے کی رسد کی صورت حال نے تاریخ میں اس بات کی نہایت واضح مثال پیش کی تھی کہ سونے کے مصارف پیدائش پر اور اس طرح اس کی پیداوار پر اضافۂ قیمت کا کیا اثر پڑتا ہے۔ یوں تو جیسا کہ جدول (۱) کے ضمیمہ اعداد سے معلوم ہوگا جنگ سے پیشتر بھی دنیا کے سونے کی رسد میں نمایاں رکاوٹ پیدا ہوئی تھی لیکن جوں جوں جنگ نے طول کھینچا اور قیمتیں بڑھتی گئیں سونے کی پیداوار پر اس کا اثر بہت قوی پڑنے لگا۔ رسد کی اس تخفیف کا باعث محنت اور ہمہ قسم کے اشیائے خام کی گرانی کی شکل میں مصارف پیدائش کی زیادتی اور جنگ کے نتیجے کے طور پر محنت اور دھماکو آلات و اشیاء کی قلت تھی۔ ۱۹۱۸ء میں بعض کانوں کی کھدائی موقوف رہی، تقریباً تمام صورتوں میں پیداوار میں تخفیف ہو گئی تھی اور یہ بیان کیا جاتا تھا کہ اگر حالات رو بہ اصلاح نہ ہوئے تو دوسری کانوں کو بھی بند کرنا پڑے گا اور اس کے برخلاف معمولی درجے کی کچھ دھاتوں کی پیداوار میں اور بھی زیادہ تخفیف ہو جائے گی۔ ۱۹۱۸ء میں یہ مسئلہ ایک خاص کمیٹی کے تفویض کیا گیا جس کی رپورٹ[1] نے اس مشورے کو قطعی طور سے رد کر دیا کہ کان کنوں کو اپنی پیداوار برقرار رکھنے کے لیے مالی امداد دی جائے۔

امریکن مبادلات

مہلت جنگ کے رونما ہوتے ہی یہ مسئلہ بلاشبہ نظر انداز ہو گیا لیکن ۱۹۱۹ء کے اوائل میں ایک کلیتہً نئی صورت حال رونما ہوئی۔ دنیا کی تجارت کے از سر نو جاری ہونے کے نتیجے کے طور پر مبادلات خارجہ میں اشیا کی عظیم المقدار طلب کا اثر خاصکر ان ملکوں میں ظاہر ہونا شروع ہو گیا جن کی جنگ کے زمانے میں
229 ناکہ بندی کی گئی تھی۔ خود ہمارے مبادلے کی شرحوں کی تامین اس نام نہاد نظام کے ذریعے سے ہوئی تھی جس کے تحت امریکن ڈالر سیکورٹیز کمیٹی[2] ان تمسکات کو بیرونی ممالک میں ایک معین قیمت پر ہنڈی خریدنے کے لیے استعمال کرتی تھی۔

۱۔ Report of the Committee on the gold Production of the British Empire, November, 29, 1918

۲۔ Americean Dollar Securities Committee

یہ جنگی تدبیر کی حیثیت سے ضروری تھا، اس لیے کہ خود حکومت بیرونی ممالک سے بڑی خریداریاں کرتی تھی اور شرح مبادلہ کے اضافے سے سب سے زیادہ وہی متاثر ہو سکتی تھی۔ لیکن جب جنگ ختم ہو گئی تو حکومت سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ خانگی تاجروں کے فائدے کے لیے اس نظام کو برقرار رکھے گی، چنانچہ مارچ ۱۹۱۹ء میں مبادلات غیر مامون رہے۔ لیکن اس کا فوری نتیجہ سونے کی برآمد ہوتا، اس لیے اس کو روکنے کے لیے سونے کی برآمد کو قابو میں لانا ضروری ہو گیا چنانچہ اپریل ۱۹۱۹ء میں حکم بہ اجلاس کونسل کے ذریعے سے تحدیدی کارروائی کی گئی اور بخزانۂ شاہی کے اجازت نامے کے تحت کسی اور صورت سے سونا برآمد کرنے کی ممانعت کر دی گئی۔ اس طرح فی الواقع جنگ کے ختم ہو جانے کے بعد تک معیار طلا کو اصولاً ترک نہیں کیا گیا۔

سونے کی برآمد کے اجازت نامے

برآمد کے اجازت ناموں کے طریقے نے محض خزانۂ شاہی اور بنک آف انگلینڈ کو سونے کی نقل پر اختیار دیا جو کسی صورت میں بھی ناگزیر ہوتی۔ سونا پیدا کرنے والے ملکوں کی فطری خواہش یہ تھی کہ سونا وہیں بھیجیں جہاں اس کی بہترین قیمت وصول ہو۔ اگر وہ انگلستان بھیجتے تو اس کی قیمت صرف ۳ پاؤنڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس وصول ہوتی۔ اگر وہ نیویارک روانہ کرتے تو اس کی قیمت ہی حقیقی شرح مبادلہ تھی اور چونکہ نیویارک کی شرح مساوات سے اوپر تیزی سے جانی شروع ہوئی (حقیقی محولہ شرح ڈالر میں ہونے کی وجہ سے بلاشبہ کم ہو رہی تھی) اس لیے جنوبی افریقہ کے کان کنوں کو سونا محض براہ راست نیویارک روانہ کرنے کے لیے مجبور ہونا پڑتا۔ اس لحاظ سے ناگزیر شئے کے سامنے سر تسلیم خم کر کے خزانۂ شاہی نے فی الواقع انگلستان سے سونا مکرر برآمد کرنے کے اجازت نامے عطا کئے، چنانچہ سونے نے بھی معمولی تجارتی راہ اختیار کی اور محض لندن سے ہو کر گزرتا تھا۔ نتیجہ بلاشبہ یہ ہوا کہ سونا آزادی کے ساتھ ریاستہائے متحدہ میں جانے لگا اور اتنی کثیر مقداریں گیا کہ اس کی وجہ سے وہاں کے حکام میں بڑا اضطراب پیدا ہو گیا۔ اپریل ۱۹۲۲ء میں یہ اندازہ کیا گیا کہ[1] ریاستہائے متحدہ کے مرکزی بنکوں میں جتنا سونا تھا اس کی مقدار 230

[1] دیکھو رسالۂ کامرس اینڈ فینانس نیویارک مورخہ ۲۶ اپریل ۱۹۲۲ء۔

تین ہزار چھ سو ستاون ملین ڈالر یا دنیا کے مشہور بنکوں کے مجموعی ذخائر طلا کے تقریباً بقدر ۴۵ فی صد تھی۔

چاندی

۱۹۱۹ء کے موسم گرما سے مبادلات خارجہ کی حالت مالی حلقوں میں اساسی مسئلہ بنگئی، لیکن اس پر بحث کرنے سے پیشتر چاندی کی قیمت کی سرگزشت پر غور کرنا ضروری ہے۔ جنگ کے زمانے میں چاندی کی قیمتوں میں جو تغیرات ہوئے ان کے بارے میں سابقہ بابوں میں کوئی بحث اس لیے نہیں کی گئی کہ اگرچہ یہ تغیرات نمایاں تھے لیکن جنگ کے بعد جو کچھ واقعات رونما ہوئے ان کے سامنے یہ بالکل ماند پڑ گئے۔ اس لحاظ سے اس کل مسئلے پر یہاں بحث کرنا زیادہ مناسب ہوگا۔

جنگ کے آغاز ہی سے سونا رواج سے غائب ہونے لگا جس کی وجہ سے چاندی کے سکوں کی طلب فطرتاً بڑھ گئی اور اس کا پورا کرنا بالکل غیر ممکن تھا، چنانچہ ایک زمانے تک پوسٹل آرڈر استعمال کرنے پڑے۔ کرنسی نوٹوں کے اجرا سے یہ دقت جلد رفع ہوگئی، لیکن جنگ کے ابتدائی سالوں میں تقریباً ہر ملک کثیر مقدار میں چاندی کے سکے جاری کرنے لگا، جس کی وجہ ایک حد تک یہ تھی کہ حقیقی زر کی ضرورتیں بڑھ گئی تھیں، لیکن بعض ملکوں میں بلاشبہ ایک حد تک اس وجہ سے بھی چاندی کی تشکیک عمل میں آرہی تھی کہ چاندی کا اندوختہ کیا جارہا تھا، اور اس غرض کے لیے سونا دستیاب نہ ہوسکتا تھا لیکن قیمتوں کے اضافے کے طور پر مصارف پیدائش کی زیادتی نے دنیا کی چاندی کی رسد کو دنیا کے سونے کی رسد کے مقابلے میں بہت زیادہ سرعت کے ساتھ متاثر کیا، چنانچہ میکسیکو میں ملک کی سیاسی بدنظمی کی وجہ سے چاندی کی سب سے زیادہ قلت رہی۔ غرض ۱۹۱۵ء کے ختم سے چاندی کی قیمت میں

جنگ کے زمانے میں حالت۔

سرعت کے ساتھ اضافہ ہوگیا۔ ستمبر ۱۹۱۷ء تک وہ بڑھ کر ۵۵ پنس ہوگئی تھی، اور ۶۲ پنس کی معیاری قیمت سے اتنی کافی قریب تھی کہ اس کی بنا پر خاص طور سے متعلقہ حکومتوں کے لیے اس بارے میں کارروائی کرنا ضروری ہوگیا۔ چونکہ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں چاندی سب سے زیادہ مقدار میں پیدا ہوتی تھی اس لیے انھوں نے سب سے پہلے کارروائی کی، اور ستمبر ۱۹۱۷ء میں بجز اجازت نامے کے تحت چاندی کی برآمد کی ممانعت کردی گئی۔

امریکہ میں کثیر المقدار چاندی کے ڈالروں کا ذخیرہ تھا جو ۱۸۹۳ء سے پیشتر بلینڈ ایکٹ اور شرمان ایکٹ کے تحت مسکوک ہوا تھا چنانچہ پیٹ ین ایکٹ منظورہ ۲۳ اپریل ۱۹۱۸ء کے تحت امریکہ حکومتہائے متحدین کو ان ڈالروں میں سے ۳۵۰ ملین ڈالر تک ۱۰۱ ½ سنٹ فی اونس خالص چاندی کے حساب سے فروخت کرنے پر راضی ہو گیا! اس سے 231
پورا فائدہ اُٹھایا گیا اور چاندی کا اکثر حصہ ہندوستان گیا اور اس طریقے سے چاندی کی قیمت پورے جنگ کے زمانے میں تقریباً ایک ڈالر فی اونس کے حساب سے موثر طریقے سے نگرانی میں رکھی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ فرانس اپنے پنج فرانکی سکوں کے ذخیرے سے کام لینے کے قابل ہو گیا جو ۱۸۷۳ء سے بیشتر ڈھالے گئے تھے، اور اس طریقے سے جنگ کے زمانے میں صورت حالات تباہی سے بچ گئی۔

جنگ کے بعد اور اپریل ۱۹۱۹ء میں امریکن مبادلات کے غیر منتظم ہو جانے کے بعد چاندی کی قیمت پر جو نگرانی قائم تھی وہ بھی بعد کے مہینے میں اُٹھ گئی، اور چونکہ چاندی زیادہ تر امریکہ سے آتی ہے اس کی قیمت امریکن مبادلے کے ساتھ بڑھنی شروع ہو گئی یہاں تک کہ فروری ۱۹۲۰ء میں وہ عدیم النظیر طریقے پر بڑھ کر ۸۹ ½ پنس فی اونس ہو گئی۔ اس کی وجہ سے ان مشکلات نے انتہائی صورت اختیار کر لی جو ہندوستان میں وہاں کے زر اور مبادلے کے نظام کے بارے میں پورے جنگ کے زمانے میں موجود تھے۔ ہندوستانی زر اور مبادلے کا نظام روپیہ کی قیمت بحساب تقریباً ۴۳ پنس فی اونس پر مبنی تھا۔ اگست ۱۹۱۷ء سے شرح مبادلہ بتدریج بڑھا کر ۲ شلنگ ۴ پنس کر دی گئی تھی، اور یہ شرح مئی ۱۹۱۹ء تک برقرار رہی، لیکن اس تاریخ کے بعد سے نگرانی کے ہٹ جانے اور چاندی کی قیمت کے بڑھ جانے کی وجہ سے اس میں پھر اضافہ شروع ہوا۔ اس مہینے میں حکومت ہند نے ایک اور کمیٹی کا تقرر کیا جس کی رپورٹ مورخہ ۲۲ ڈسمبر ۱۹۱۹ء چاندی کی صورت حال کے بارے میں معلومات کا ایک بیش بہا ذخیرہ ہے۔ کمیٹی مذکور نے یہ علاج تجویز کیا کہ روپیہ کی قیمت بڑھا کر قدیم شرح کے مساوی یعنی ۲ شلنگ کر دی جائے۔ لیکن اس کو رُوبہ عمل لانے سے پیشتر بازاری قیمت اس عدد سے اوپر جا چکی تھی اور فروری ۱۹۲۰ء میں وہ فی الحقیقت ۲ شلنگ ۹ ½ پنس تک پہنچ گئی۔

اسی کے ساتھ چاندی کے سکوں کے بارے میں خود ہمارے حالات پر چاندی کی قیمت کے اضافے کا برا اثر پڑ رہا تھا، اور چاندی کے سکے کو برقرار رکھنے کے معیار سے ہر اسال ہو کر جو اپنے ماقبل جنگ معیار یعنی ۳۷/۴۰ خالص چاندی کے لحاظ سے بھی اس وقت اپنی مرقومہ قیمت سے بدرجہا زیادہ قیمتی تھا، حکومت نے اس معیار میں ۵۰ فی صد کمی کرنے کی انتہائی تدبیر اختیار کی۔ لیکن اس قانون کے منظور ہونے تک یعنی ۳۱ مارچ ۱۹۲۰ء تک خطرہ باقی نہ رہا تھا۔ چاندی کی غیر معمولی طور سے زیادہ قیمت فطری طور سے اپنی آپ معالج بن گئی۔ برِاعظم کے ملکوں نے اپنے چاندی کے سکے اور ظروف فلزی قیمت پر فروخت
232 کرنے شروع کر دیئے۔ اس کا نتیجہ بلاشبہ یہ ہوا کہ ان کے چاندی کے سکے رواج سے غائب ہو گئے۔ لیکن ان کی بجائی آسانی کے ساتھ کاغذی زر سے کر دی گئی جو مطابع سے کثیر مقدار میں چھپ کر نکلنے شروع ہو چکے تھے۔ اسی کے ساتھ کل دنیا اور خاصکر میکسیکو کی چاندی کی پیداوار قیمت کی زیادتی کے باعث اپنی اصلی حالت پر آنی شروع ہوئی، اور دوسری طرف چاندی استعمال کرنے والے ملکوں مثلاً چین نے اپنا صرف کم کر دیا، نتیجہ یہ ہوا کہ جون ۱۹۲۰ء تک قیمت گھٹ کر ۴۴ پنس پر آ گئی، اور امریکہ میں قانون پٹ من کا از سر نو خریداری کرنے کا فقرہ نافذ ہوا۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس

ہندوستان پر اثر

فقرے کا تعلق صرف "گھریلو" چاندی سے تھا۔ اس طرح ایک زمانے تک ریاستہائے متحدہ میں چاندی کی دو قیمتوں کا عجیب و غریب واقعہ رونما رہا۔ ۱۹۲۰ء کے ختم تک یورپ کے رفع انتفاخ کی پیدا کردہ سرد بازاری کا اثر ہندوستان کی تجارتی صورت حالات پر پڑنے لگا۔ ہندوستان کی خاص برآمد مثلاً روئی، سن، چائے وغیرہ کی اعلیٰ قیمتوں کے باعث توازن تجارت، جو پہلے اس ملک کے موافق تھا، سُرعت کے ساتھ غائب ہو رہا تھا جس کا ناگزیر اثر ہندوستان کی چاندی کی طلب پر پڑا اور روپیہ کے مبادلے کی شرح پھر گھٹ کر ۲ شلنگ پر آ گئی۔ اس مقام پر حکومت بہت خوشی سے روپیہ کی نئی قیمت ۲ شلنگ نافذ کرنے کے لیے تیار ہو جاتی، لیکن معاشی حالات مکرر اس کے بس سے باہر ثابت ہوئے، اور چاندی کی بازاری قیمت جو ۱۹۲۱ء کے اوائل میں گھٹ کر ۲۱ پنس ہو گئی تھی، اس نے ناگزیر طریقے پر روپیہ کی قیمت کو بھی اپنے ساتھ گرا دیا حتیٰ کہ وہ قدیم شرح یعنی ۱ شلنگ

۴ پنس سے بھی کم ہوگئی۔ اس کی وجہ سے ہندوستانی تجارت خارجہ میں مزید مشکلات اور پیچیدگیاں رونما ہوگئیں۔ اس لیے کہ اب ہندوستان کے اکثر درآمد کرنے والے حکومت کی اس تجویز پر غور کر آئے کہ روپیہ کی قیمت ۲ شلنگ مقرر کرنی چاہیئے اور انھوں نے یہ مطالبہ کیا کہ اس شرح کو ان کے خارجی قرضوں کی ادائی کی حد تک موثر بنانا چاہیئے۔ ۱۹۲۱ء سے چاندی کی قیمت میں تقریباً ۳۰ پنس سے ۳۶ پنس تک تغیر واقع ہوا اور اس کے ساتھ روپیہ کی قیمت میں بھی اتار چڑھاؤ ہوتا رہا۔ بعد میں چل کر ایک اور سرکاری کمیٹی مقرر ہوئی جس نے اگست ۱۹۲۶ء میں ۱ شلنگ ۶ پنس کی نئی شرح مقرر کرنے کے موافق رپورٹ پیش کی اور ہندوستانی زر اور بنک کاری کے نظام میں بعض دوسرے اہم تغیرات کرنے کے بارے میں سفارش کی۔[1]

۱۹۱۹ء کے موسم خزاں تک مبادلات خارجہ کی حد تک صورت حال اسقدر خراب ہو رہی تھی کہ ہر دو سرا مسئلہ اس کے سامنے ماند پڑ رہا تھا۔ نیویارک میں اسٹرلنگ کا مبادلہ تقریباً استقلال کے ساتھ گھٹتا گیا حتیٰ کہ فروری ۱۹۲۰ء میں وہ ۳/۱۸ ڈالر تک پہنچ گیا۔ اس مہینے میں جمعیتہ اقوام کی مجلس نے اپنے لندن کے اجلاس میں مالی معاملات کی نزاکت پر بحث کرنے کی غرض سے ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ اس کے علاج کے ذرائع تلاش کیے جائیں اور اس سے پیدا ہونے والے خطرناک نتائج کو رفع کیا جائے، چنانچہ کانفرنس ۲۴ ستمبر ۱۹۲۰ء کو انجام کار برسلس میں منعقد ہوئی۔ اس اثناء میں ڈالر کا مبادلہ موسم گرما میں کسی حد تک اپنی اصلی حالت پر آجانے کے بعد موسم خزاں میں پھر گر گیا، اگرچہ اتنا کم نہیں ہوا جتنا کہ فروری کا کمترین نقطہ تھا۔

برسلس کی کانفرنس میں مبادلات خارجہ کے ایک مفروضہ جدید نظریئے پر جو پروفیسر گستاو کیسل کے نام سے منسوب کیا جاتا تھا اور جو بعد میں چل کر "نظریہ مساوات قوت خرید" کے مقبول عام نام سے موسوم ہوا، بہت کچھ بحث مباحثہ ہوا، اگرچہ عام اشخاص کے لیے وہ نیا تھا، تاہم کسی اعتبار سے وہ جدید نظریہ نہ تھا لیکن وہ اسقدر

233

[1] Report of Royal commission on Indian Currency and Finance

جاذبِ توجہ اور کچھ زمانے بعد متعدد کوٹھی کا کاروبار کرنے والے ذمہ دار اشخاص کی نظر میں اسقدر اہم عامل بن گیا کہ اس پر کسی قدر تفصیلی طور سے نظر ڈالنا ضروری ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ وہ اصطلاح کے معمولی مفہوم میں مبادلات خارجہ کا نظریہ نہ تھا۔ ماقبل جنگ زمانے میں شرح مبادلہ کے معنی کسی دو ملکوں کے معیاری طلائی سکوں کی اضافی قدر کے تھے، اور وہ دونوں سکوں کے خالص سونے کے اضافی وزن پر مبنی تھی۔ یہی مبادلے کی ٹکسالی مساوات تھی اور اس نقطے کے گرد مبادلے کی اصلی شرح، مقاماتِ طلا کے اُن حدود کے اندر گھومتی رہتی تھی جو سونے کو ایک ملک سے دوسرے ملک میں بھیجنے کے مصارف کی بنا پر متعین ہوتے تھے۔ لیکن جنگ کے زمانے میں اور اس کے بعد اکثر ملکوں کا حقیقی زر سونے سے بالکل منقطع ہو گیا تھا اور "مساواتِ قوتِ خرید" کے نظریئے کا خلاصہ محض یہ تھا کہ جس وقت اس مفہوم میں اس لیے کوئی شرح مبادلہ نہ ہو کہ کسی زر میں کوئی ذاتی قدر نہیں ہے تو شرح مبادلہ کا واحد ممکنہ بدل یہ ہو گا کہ دونوں زروں کی قوتِ خرید کا ہر ملک میں ایک دوسرے سے مقابلہ کیا جائے، چنانچہ حقیقی شرح مبادلہ کا قوتِ خرید کی اس "مساوات" سے نظری طور سے قریب ہونا ضروری ہے۔ یا دوسرے طریقے سے
234 اس کو یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ دو کاغذی زروں کی اضافی قدر کا اندازہ جن میں سے کسی میں بھی کوئی ذاتی قدر نہیں ہے صرف اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ اضافی قوتِ خرید کا انڈکس نمبروں کے کسی طریقے کے ذریعے سے مقابلہ کیا جائے۔

مساواتِ قوتِ خرید اسقدر سادہ شکل میں تحلیل ہو جانے کے بعد نظریہ بلاشبہ حقیقت متعارف ہے اور اس کے فی الحقیقت کچھ معنی نہ تھے۔ لیکن اس نے قبولِ عام میں بہت کچھ غلط فہمی پیدا ہونے کا موقع بہم پہنچایا جس کا باعث مصنف کے خیال میں زیادہ تر لفظ "مساوات" کا غلط استعمال تھا۔ معمولی شخص کو فطرتاً یہ خیال پیدا ہوا کہ قوتِ خرید کی مساوات کے معنی تقریباً کوئی ایسی ہی شئے تھے جیسے کہ مبادلے کی ٹکسالی مساوات کے تصور کے ہیں۔ یعنی کوئی بنیادی مقام یا نقطہ جو کسی ایسے معین واقعے کے مطابق متعین ہو جس کے گرد حقیقی شرح مبادلہ گھومتی رہے۔ لیکن مساواتِ قوتِ خرید

اس معنی میں ہرگز مساوات نہ تھی۔ وہ محض دو تغیر پذیر واقعات کے درمیان ایک نسبت یا تعلق تھا جن کی نمایندگی ہر ملک کے انڈکس نمبروں سے ہوتی تھی اور جن میں سے ہر دو دائماً متغیر تھے اور دونوں کے درمیان کوئی بنیادی فقط یا ضروری تعلق نہ تھا۔ اس نظریئے کے متعلق عوام کی غلط فہمی کی مثال کے طور پر غالباً اس خیال کو پیش کیا جا سکتا ہے جو عام طور سے پھیلا ہوا تھا کہ اسٹرلنگ کے مبادلے کو مساوات پر یعنی ۸۶ء۴ ڈالر پر لانے کے لیے جس چیز کی ضرورت تھی وہ یہ تھی کہ اس ملک کی قیمتوں کی عام سطح کو اُسی سطح پر لایا جائے جو امریکہ میں تھی۔" لیکن یہ خیال قطعاً غلط تھا۔ اس لیے کہ اس وقت انگلستان کے ایک سادرن اور نیویارک کے ۸۶ء۴ ڈالروں کی اضافی قوتِ خرید کبھی جنگ سے پیشتر کی شرح کے مثل نہ تھی جبکہ مبادلہ مساوات پر ہوتا تھا۔ اس نظریئے کا صحیح اطلاق یہ ہونا چاہیئے تھا کہ اگر لندن کی قیمتیں "۱۹۱۴ء کی قیمتوں" سے اوپر ٹھیک اُسی فی صد پر عود کر جاتیں جیسا کہ نیویارک کے اسی کے بالمقابل انڈکس نمبروں کے فی صد سے ظاہر ہو رہا تھا تو ماقبل جنگ مساوات یعنی ۸۶ء۴ ڈالر کی شرح پر عود کر آنے کے لیے حالات بالکل موافق ہوتے۔

لیکن یہ بدیہی تھا کہ اگر دونوں ملکوں میں سے کسی ملک کے مقامی حالات، مالی معاملات کے قطع نظر، اشیاء کی اتنی کافی تعداد کی قیمت میں تغیرات پیدا کریں جس سے عام انڈکس نمبر متاثر ہو تو اس مرحلہ شکل میں بھی نظریہ صادق نہ آ سکتا تھا۔ مثلاً امریکہ میں جنگ سے پیشتر کے انگلستان کے مقابلے میں قیمتوں کی اعلیٰ سطح کا باعث بڑی حد تک تامینی محصول کے اصول کو عام طور سے خیال کیا جاتا تھا اور ۱۹۲۲ء میں جدید فورڈنی تامینی محصول کے جاری ہونے کا اثر بھی غالباً یہی ہو سکتا تھا کہ قیمتیں پھر بڑھ جاتیں۔ علاوہ ازیں ہر ملک میں قیمتوں کے تغیرات پر غور کرنے کے لیے یہ ضروری تھا کہ دو قسم کے اشیاء کے مابین تفریق کی جائے یعنی ایک تو وہ اشیاء جو زیادہ تر ملک میں تیار اور صرف ہوتے تھے اور دوسرے وہ جو درآمد یا برآمد ہوتے تھے، اور اس لحاظ سے جن کے دنیا کے حالات سے متاثر ہونے کا زیادہ قرینہ تھا۔ اس کے علاوہ یہ سوال تھا کہ قیمتوں کی عام سطح کو صحت و صداقت کے ساتھ ظاہر کرنے کی حد تک انڈکس نمبروں پر کس حد تک اعتماد کیا جا سکتا ہے۔

235

چنانچہ جوپر وفیسر کیسل نے بتایا کہ اگر ایک خاص انڈکس نمبر امریکہ کی قیمتوں کے بارے میں لیا جائے تو مبادلے کا واقعی تغیر نظریئے کے بالکل مطابق بیٹھتا تھا۔ لیکن یہ کہ اگر انڈکس نمبروں کا دوسرا سلسلہ لیا جائے تو تطابق بدرجہا کم بدیہی ہوتا تھا۔ آخر میں یہ کہ یہ نظریہ مختلف ممالک کے مابین قرضداری کے توازن کے ایک بہت ہی اہم عنصر کا کوئی لحاظ نہیں کرتا جس کا شرح مبادلہ پر بہت قوی اثر پڑتا ہے اور یہ عنصر دو ملکوں کے مابین قرضوں کی نقل اور ایک دوسرے کو قرضہ دینے کی آمادگی ہے۔ جنگ کے بعد کے کل زمانے میں اسٹرلنگ کے مبادلے میں یہ نہایت ہی اہم عنصر رہا۔ اس لیے کہ ریاستہائے متحدہ، یورپ کے اکثر ملکوں کو کثیر المقدار رقوم بطور قرض دے رہے تھے۔ نہ صرف کم و بیش مستقل قرضوں کی شکل میں بلکہ زر کے بازار کے مفہوم میں زر کی زیادہ سیال شکل میں بھی جو شغل کے لیے لندن بھیجا جا رہا تھا۔

واقعات

ان سب خلل انداز ہونے والے حالات پر نظر کرتے ہوئے یہ امر تعجب خیز نہیں کہ قیمتوں اور مبادلات کی رفتار کا حساب مثلاً لندن اور نیویارک کے مابین لگا کر نظریہ مساوات قوت خرید کی صداقت کو ثابت کرنے کی کوشش نے مبادلات کی حقیقی اور نظری شرحوں کے مابین کوئی بہت ہی قریبی تعلق پیدا نہیں کیا۔ مثلاً مارچ ۱۹۱۹ء سے ہمارے معیار طلا پر عود کر آنے کے زمانے یعنی ۱۹۲۵ء تک ایسے بڑے بڑے دور آئے جن میں مبادلہ کی نظری اور حقیقی شرحیں کم و بیش ایک ہی سمت میں نقل پذیر رہیں لیکن اکثر صورتوں میں ان دونوں کے درمیان وسیع فرق موجود تھا۔

توازنِ تجارت

۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۱ء کی کاپلٹ کے دور میں ہمارے توازنِ تجارت کے تغیرات اس زمانے کے غیر معمولی حالات کا آئینہ تھے۔ برآمد سب سے اول اپنی اصلی حالت پر عود کر آئی، اور جنوری ۱۹۱۹ء سے اضافہ بہت سریع رہا۔ تاہم اس کے بعد درآمد میں فوراً اضافہ ہوا، لیکن درآمد کی ظاہری زیادتی بہت کم ہو گئی تھی خاصکر رفع انتفاخ کے ابتدائی مہینوں میں اسلیے کہ جنوری ۱۹۲۰ء میں درآمد پر سب سے اول ضرب پڑی، اس کے برعکس برآمد کی

236

زیادتی جولائی تک رونما نہیں ہوئی۔ رفع انتفاخ کے زمانے میں دونوں کی تخفیف تباہ کن تھی لیکن یہ حالت خاصکر برآمد کے بارے میں صادق آتی تھی۔ جون ۱۹۲۱ء میں گھٹ کر تقریباً ۱۹۱۸ء کے اوسط تک آلگی تھی۔ لیکن یہ ادنیٰ ترین سطح تھی اور ۱۹۲۱ء کے موسم خزاں سے برآمد بتدریج قابل لحاظ ترقی کر کے ایسی سطح پر آگئی جو ماقبل جنگ اعداد سے اچھی خاصی اونچی تھی۔ جوں جوں درآمد میں زیادہ نمایاں بحالی ظاہر ہوتی گئی درآمد کی ظاہری زیادتی میں ۱۹۲۴ء اور ۱۹۲۵ء میں پھر اضافہ شروع ہوا، (دیکھو جدول ۱۷)۔

یہ سب بلاشبہ قیمت کے اعداد ہیں اور ان کا مقابلہ برآمد و درآمد کی مقدار کے ان اندازوں سے کرنا بہت دلچسپ ہوگا جو جدول (۱۸) میں دیئے گئے ہیں۔ اگر قیمت کے اعداد مقدار کے اعداد کے مقابلے میں درج کیے جائیں تو یہ معلوم ہوگا کہ درآمد کی مقدار جنگ کے زمانے میں اچھی خاصی رہی، لیکن جنگ کے بعد کی گرما گرمی کے زمانے میں زمانۂ قبل از جنگ کے اعداد کے مقابلے میں بڑی حد تک کم ہوگئی تھی۔ پھر بھی رفع انتفاخ کے دور میں وہ کبھی اسقدر کم نہیں ہوئی جتنی کہ جنگ کے زمانے میں کم ہوگئی تھی، اور ۱۹۲۴ء تک اس میں زمانۂ بعد از جنگ کے اعداد کے مقابلے میں کچھ زیادتی ہوگئی تھی۔ برآمد کی مقدار میں زیادہ تغیرات ظاہر ہوئے چنانچہ جنگ کے زمانے میں جو تخفیف ہوئی وہ درآمد کی تخفیف کے مقابلے میں کچھ زیادہ نمایاں رہی، اور یہ بات کسی قدر عجیب ہے کہ بحالی ۱۹۲۰ء میں ہونے کے بجائے ۱۹۱۹ء میں ہوئی۔ ۱۹۲۱ء کے بعد برآمد کی مقدار، درآمد کی بہ نسبت یا برآمد کی قیمتوں کے مقابلے میں بدرجہا زیادہ سرعت کے ساتھ بحال ہوئی اور ۱۹۲۱ء میں زمانۂ قبل از جنگ کے اعداد سے بہت زیادہ بڑھ گئی، لیکن دو متعاقب سالوں میں معتد بہ کمی رونما ہوئی۔

غیر ظاہر درآمد و برآمد

جنگ کے بعد کے حالات کا جو اثر ہماری ظاہر درآمد و برآمد پر پڑا اس کا اندازہ کرنا بہت دشوار ہے۔ لیکن جنگ کے بعد سے محکمۂ تجارت نے ہماری قرضداری کے توازن کا وقتاً فوقتاً اندازہ لگایا ہے، چنانچہ ان کے نتائج مندرجۂ ذیل جدول میں حتی الامکان شامل ہیں جس کو نظرِ ثانی کے بعد سلسلے کے ساتھ ضمیمہ کے جدول (۱۹) میں پیش کیا گیا ہے۔

237

توازنِ تجارت۔ ظاہر اور غیر ظاہر

اجو محکمۂ تجارت کے رسالہ مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۲۷ء سے ماخوذ ہیں۔
ملین پاؤنڈ

	۱۹۰۷ء	۱۹۱۰ء	۱۹۱۵ء	۱۹۲۰ء	۱۹۲۱ء	۱۹۲۳ء	۱۹۲۴ء	۱۹۲۵ء	۱۹۲۶ء
ظاہر درآمد کی زیادتی۔	۱۴۲	۱۵۹	۱۵۸	۳۴۳	۱۷۱	۱۹۵	۳۲۴	۳۸۴	۴۷۷
قومی جہاز رانی کی حقیقی آمدنی[1]	۸۵	۹۰	۹۴	۳۴۰	۱۱۰	۱۳۴	۱۴۰	۱۲۴	۱۲۰
بیرونی ممالک میں مشاغل اصل سے خالص آمدنی[2]	۱۶۰	۱۸۷	۲۱۰	۲۰۰	۱۷۵	۱۷۵	۱۹۳	۲۳۹	۲۷۰
کمیشن۔	۲۵	۲۵	۲۵	۴۰	۳۰	۳۰	۶۰	۶۰	۶۰
دوسرے خدمات	۱۰	۱۰	۱۰	۱۵	۱۰	۱۰	۱۵	۱۵	۱۵
مجموعی غیر ظاہر برآمد	۲۸۰	۳۱۲	۳۳۹	۵۹۵	۳۲۵	۳۴۸	۴۱۰	۴۳۸	۴۶۵
خالص فاضلات جو سلانت تی دہ کو واجب الوصول تھے	۱۳۸	۱۵۳	۱۸۱	۲۵۲	۱۵۴	۱۵۳	۸۶	۵۴	۱۲
جدید ماورا بحر قرضے۔	۹۱	۲۰۷	۱۹۸	۶۰	۱۳۵	۱۳۶	۱۳۴	۸۸	۱۱۲

[1] بشمول اس آمدنی کے جو برطانوی بندرگاہوں میں بیرونی جہازوں کے مصارف کی بنا پر وصول ہوئی۔

[2] یہ اعداد بیرونی ممالک میں حکومت کی ادائیوں کی زیادتی کو مہنا کرنے کے بعد ملتے ہیں۔

محکمۂ تجارت نے جنگ کے زمانے کو شریک کرنے کی کوشش نہیں کی لیکن زمانۂ قبل از جنگ اور زمانۂ بعد از جنگ کا موازنہ و مقابلہ بہت دلچسپ ہے۔ ۱۹۲۰ء میں اکثر اعتباروں سے بیشترین امداد ظاہر ہوئے لیکن متعاقب سالوں میں سلطنت متحدہ کے ذمے کی قرضداری کی خالص زیادتی میں کمی ظاہر ہوئی جو ۱۹۲۶ء میں کمترین نقطے پر پہنچ گئی۔ بایں ہمہ بیرونی ممالک میں ہم نے جو نئے قرضے دیئے تھے اُن کی مقدار رفع انتفاع کے کل زمانے میں اچھی خاصی رہی۔

تاوانات۔ مبادلات کا مسئلہ کافی وقت طلب ہوتا اگر اس کا انحصار محض مختلف ممالک کے مابین حقیقی خدمات و اشیا کی حد تک توازنِ تجارت پر ہوتا۔ لیکن اس میں بہت جلد دو زائد عنصروں کا اضافہ ہو گیا جو ایک دوسرے سے گہرا تعلق رکھتے تھے۔ یعنی ایک جانب تاوانات اور بین الحلفاء قرضے اور دوسری جانب اکثر متخاصم دول کی جنگ کے بعد کے ابتدائی سالوں میں اپنے مالیوں کو متوازن کرنے کی عدم قابلیت جس کے نتیجے کے طور پر مزید زر کاغذی جاری کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ نصابی کتاب کے حدود کے اندر ان طویل مراسلات اور گفت و شنید کا علامہ بھی بیان کرنا غیر ممکن ہے جو قرضے کے تصفیے کا آغاز کرنے سے پیشتر ضروری ثابت ہوئے۔ لیکن تاوانات ادا کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش کے کچھ اثرات ظاہر کرنے کے لئے جرمنی کی مثال پیش کی جا سکتی ہے ہر ملک میں عام چیخ پکار یہی تھی کہ "جرمنی کو تاوان لازماً ادا کرنا چاہیئے" اور اس کی مقاومت تقریباً ناممکن تھی۔ لیکن یہ بات بھی مساوی طور سے بدیہی تھی کہ جنگ کے بعد کے حالات کے تحت جنگ ختم ہونے کے بعد کچھ زمانے تک جرمنی نہ صرف تاوان کی ادائی کا آغاز ہی نہیں کر سکتا تھا بلکہ خود اپنے ہی مصارف کو تنظیم جدید کے زمانے میں اپنے سابقہ دشمنوں سے مالی امداد لیے بغیر پورا نہیں کر سکتا تھا لیکن علمائے معاشیات کے لیے فطرت انسانی حد سے زیادہ قوی تھی، چنانچہ معاہدۂ صلح کے تحت یہ قرار پایا کہ جرمنی تاوان کی ادائی فوراً شروع کر دے، دوسری جانب یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ اس موقع پر امریکہ یا انگلستان سے کسی مالی امداد کی توقع نہیں کی جا سکتی تھی، جو کچھ نتیجہ ہونے والا تھا اس کا حال پہلے سے معلوم ہو چکا تھا۔ جنگ کے بعد اپنی

338

شکستہ حالت میں اور خاصکر ایسی صورت میں جبکہ السیس لورین اس کے ہاتھ سے جا چکا تھا، جرمنی تاوان ادا کرنا تو درکنار اپنے داخلی میزانیہ کی حد تک بھی مصارف و آمدنی کو بجز زائد زر کاغذ کے اجرا کی مہلک عملی تدبیر کے ایک دوسرے سے متوازن نہیں کر سکتا تھا۔ اس تجربے کو اس کے منطقی نتیجے تک پہنچانے کے لیے تقریباً پانچ سال لگے۔ لیکن جنوری ۱۹۲۴ء میں مارک کی قیمت ایک اسٹرلنگ پونڈ کے مقابلے میں ۲۱ بلین مارک تھی، اور اس مقام پر برائے نام نرخ بھی حساب کے قابل نہ رہا۔ چنانچہ فرانسیسی سائنے کی قدیم صورت بلکہ روس و آسٹریا کے جنگ کے زمانے کے زروں کی مثالیں جن میں قدر زر کی تخفیف خطرناک طریقے پر ظاہر ہوئی تھی، جرمنی کی مثال کے سامنے بالکل ماند پڑ گئیں جو مستقبل کے لیے یقیناً ایک انتہائی صورت رہیگی، اس لیے کہ قدر زر کی تخفیف اس حد سے تجاوز ہی نہیں کر سکتی۔ متعدد بے سود کوششوں کے بعد معاہدۂ ڈاز امریکہ کی مدد سے ۱۹۲۴ء کے موسم خزاں میں بالآخر روبہ عمل لایا گیا اور جرمنی اس قابل
239 بنا دیا گیا کہ نقصان کی تلافی کا دھیما اور تکلیف دہ عمل شروع کرے۔

اس اثنا میں یورپ کی متخاصم قوتوں میں انگلستان ہی تنہا ایسا ملک تھا جو اپنے ذاتی ذرائع کی مدد سے اس عمل کا مقابلہ کرنے کے قابل تھا۔ جنگ کے بعد کے سب سے پہلے بجٹ میں قرضداری کی ادائی کے لیے نہایت معقول انتظام کیا گیا اور سات سال کے اندر انگلستان نے تقریباً ۸۰۰ ملین پونڈ کا ملّا ادا کر دیئے۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے، جولائی ۱۹۱۹ء کا قرضۂ فتح مندی قرضۂ جاریہ کی ادائی کا آغاز تھا، چنانچہ ۱۹۲۲ء کے ختم تک باقی ماندہ ہنڈیاتِ خزانہ گھٹ کر تقریباً بقدر ۵۰۰ ملین رہ گئے تھے۔ فروری ۱۹۲۳ء میں ریاستہائے متحدہ سے جو معاہدے طے پائے وہ تاریخ میں زیادہ تر اس لحاظ سے یادگار رہے گا کہ وہ انگلستان کے اپنے ذمے کے واجبات کی ادائی کے عزم مصمم کی شہادت ہے نہ کہ اس لحاظ سے کہ وہ ان لینداروں کی مالی معاملات میں دانشمندی کا ثبوت ہے جنھوں نے انگلستان سے ایسے قرضوں کی رقم پوری حاصل کر لی جو امریکہ نے دوسرے متحدین کو انگلستان کی مشترکہ ذمہ داری پر دیئے تھے۔ انگلستان نے

بلاشبہ ایسے مظاہرے کی قدر و قیمت کو اپنی مستقبل کی ساکھ برقرار رکھنے کے لیے پوری طرح محسوس کیا۔ لیکن امریکہ سے جو تصفیہ ہوا وہ اسٹرلنگ کے مبادلے کی اصلاح اور معیار طلا کے از سر نو اختیار کرنے کے لیے بھی ایک ابتدائی اساسی چیز تھا، چنانچہ اس کے بعد ہی ان پر ذمہ دار حکام مالیات کے مساعی مرتکز ہو گئے۔

۱۹۲۳ء کے ابتدائی مہینوں میں امریکن شرح مبادلہ میں بحالی واضح طور سے رونما ہو گئی تھی، چنانچہ شرح تقریباً ۴۷ر۴ ڈالر کے قریب آ گئی۔ لیکن ختم سال تک باوجود اس کے کہ جولائی میں شرح بنک بڑھا کر ۴ فی صد کر دی گئی تھی خرابی نمودار ہوئی۔ پھر بھی خیال اس نقطے پر جما رہا کہ کامیابی کی واحد امید اس بات میں مضمر تھی کہ انگلستان کی قیمتوں کی سطح امریکہ کی قیمتوں کی سطح کے قریب آ جائے خواہ اول الذکر کو گھٹا کر ایسا کیا جائے یا موخر الذکر کو بڑھا کر جیسا کہ امریکہ میں سونے کی کثیر مقدار کی درآمد کے نتیجے کے طور پر توقع تھی۔ فی الواقع نظریۂ مساوات قوت خرید کی سب سے بڑی اہمیت اس بات میں مضمر تھی کہ گراں زر کے اصول کے وکیلوں نے انگلستان میں قیمتوں کو گھٹانے کے لیے اس نظریے کو استدلال کے طور پر کس حد تک استعمال کیا۔ اس شکل میں نظریہ ان لوگوں کے لیے ایک نہایت تیار آلہ ثابت ہوا جن کا اصول جنگ کے بعد کے کل زمانے میں یہ تھا کہ اس ملک میں اعتباری نظام کی تنظیم داخلی تجارت کے حالات کے بارے میں اختیار کردہ اصول عمل کے نتائج کے لحاظ سے نہ کرنی چاہیئے بلکہ مبادلات خارجہ 240
کے حالات پر نظر رکھتے ہوئے کرنی چاہیئے۔ اس کی وجہ سے فطری طور سے ایک مخالف دبستان رونما ہوا اور اس نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اس ملک میں صنعت کی بحالی کو بیرونی مالی اصول کی عملی ضرورتوں پر قربان کیا جا رہا تھا اور یہ کہ اعتبار کی تحدید قیمتوں کو گھٹا کر صنعت پر دباؤ ڈال رہی تھی۔ مارچ ۱۹۲۵ء میں شرح بنک بڑھا کر ۵ فی صد کر دی گئی۔ اس وقت تک شرح مبادلہ اصلاح پا کر ۴۸۶ر۴ ڈالر پر آ گئی تھی، لہٰذا حکام بظاہر اس نتیجے پر پہنچے کہ آخری قدم اٹھانے اور معیار طلا پر عود کر آنے کے لیے وقت مناسب تھا۔

معیار طلا پر عود۔ چنانچہ حسب ذیل طریقوں سے اس پر عمل کیا گیا۔ ۲۸ اپریل ۱۹۲۵ء کو میزانیہ پیش کرتے ہوئے وزیر مالیات نے اپنی تقریر میں یہ اعلان کیا کہ سونے کی برآمد کی تحدید کی تجدید ابتداءً مقرر کردہ تاریخ یعنی ۳۱ دسمبر ۱۹۲۵ء کے بعد

نہیں کی جائے گی، اسی کے ساتھ بنک آف انگلینڈ کو اس بات کی عام اجازت دی گئی کہ میزانیہ کی تقریر کی تاریخ سے زر قانونی کی ہر شکل کے مقابلے میں سونا برآمد کے لیے ادا کیا جائے۔ قانون معیار طلا[1] منظورہ ۱۳ مئی ۱۹۲۵ء کی رُو سے یہ قرار پایا کہ بنک آف انگلینڈ پر اپنے نوٹوں کا مبادلہ قانونی سکّے سے کرنا واجب نہ ہوگا بلکہ یہ کہ نوٹ خود مثل سابق اب بھی زر قانونی رہیں گے۔ اسی کے ساتھ طلائی سکّے کی شکل میں نوٹوں کو مبدل کرنے کا لزوم بھی منسوخ کر دیا گیا، دوسری جانب ایک اور فقرے کی رو سے ۱۸۱۷ء کے قانون تسکیک کی یہ قرارداد کہ ہر کسی کو ٹکسال میں سونا سکّہ سازی کے لیے پیش کرنے کی اجازت تھی صرف بنک آف انگلینڈ تک محدود کر دی گئی۔ بنک کے نوٹوں، کرنسی نوٹوں اور فلز کی طلائی سکّوں سے نقد پذیری کی بابتہ جو تین قراردادیں تھیں ان کے بجائے قانون نے یہ طے کیا کہ بنک آف انگلینڈ کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ زر قانونی کے معاوضے میں خام سونا ہر شخص کے ہاتھ ۴۰ر۱۱ اونس خالص سونے کی سلاخوں کی شکل میں ۳ پاؤنڈ ۱۷ شلنگ ۱۰½ پنس فی اونس معیار طلا کی شرح قیمت سے (یعنی ۱۱/۱۲ خالص سونا) فروخت کرے جو تقریباً ۴ پاؤنڈ ۵ شلنگ فی خالص اونس کے حساب سے پڑتا ہے۔

ان قراردادوں اور شرائط کا مقصد غالباً یہ تھا کہ عوام کو سونے کے سکّے عملاً استعمال کرنے پر عود کر آنے کی کوشش سے باز رکھا جائے۔ اگرچہ یہ ہمارے اجرائے زر کاغذی کے کل نظام میں ایک اساسی انقلاب پیدا کرتے تھے، عوام نے کسی شکوہ و شکایت کے 241
بغیر انھیں قبول کر لیا اور معیار طلا پر عود کر آنے کا کل کام کسی دقت کے بغیر پورا ہو گیا اور سونے کی برآمد کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوئی۔ لیکن حفظ ماتقدم کے طور پر ایسی کال کی کسی علامت کے ظاہر ہونے کی صورت میں نیویارک میں معقول مقداریں قرضہ حاصل کرنے کے انتظامات کئے گئے تھے، لیکن ان کی کبھی ضرورت ہی پیش نہ آئی۔

کنیڈا بہت خاصی حد تک معیار طلا پر آچکا تھا، جنوبی افریقہ نے اسی تدبیر پر عمل پیرا ہونے کے بارے میں یکم جولائی کو اپنے ارادے کا اعلان کیا۔ آسٹریلیا

[1] Gold Standard Act. 1925.

اور نیوزی لینڈ نے اسی دن تبدیلی کی جس دن انگلستان نے تبدیلی کی، اور ہالینڈ اور ڈچ ایسٹ انڈیز نے بھی ہمارے ہی ساتھ ساتھ عمل کیا۔ آسٹریا، زی کوسلوویکیا، جرمنی، روس، سویڈن، اور ہنگیری ۱۹۲۳ء اور ۱۹۲۴ء کے مابین واقعی یا کامل ثبات پذیری کی حیثیت پر بحال ہو گئے تھے۔

یورپ میں تین اہم ملک ایسے باقی تھے جنھوں نے ابتک معیار طلا پر عود نہیں کیا تھا یعنی فرانس، بلجیم اور اٹلی۔ بلجیم نے سب سے اول اکتوبر ۱۹۲۶ء میں عمل کیا چنانچہ ایک نیا سکہ موسوم بہ بلجا رائج کیا گیا اور ایسے ۳۵ سکے ایک پاونڈ اسٹرلنگ کے مساوی تھے۔ لیکن فرانک اب بھی داخلی استعمال کے لیے ۵ فرانک بمقابلہ ۱ بلجا کی نسبت سے باقی رکھا گیا۔ اس طرح عملاً نئی شرح ۱۷۵ فرانک فی پاونڈ ہو گئی۔ حالانکہ اس کے بالمقابل جنگ سے پیشتر یورپ کے ملکوں کے مابین شرح ۲۲ر۲۵ تھی۔ اٹلی نے دسمبر ۱۹۲۶ء میں قدم اٹھایا، لیکن یہاں لائر کو بحساب فی پاونڈ ۹۲ر۴۶ لائر کی نئی شرح سے قائم رکھا گیا۔ فرانس نے جون ۱۹۲۸ء میں سب سے آخر میں ۱۲ر۲۴ فرانک فی پاونڈ کی نئی شرح مقرر کی، اور یہ بلجیم اور اٹلی کے تقریباً بین بین تھی۔ واقعہ یہ ہے کہ فرانس تقریباً دو سال سے ثبات پذیر ہو چکا تھا، اس لیے کہ جولائی ۱۹۲۶ء کی نازک حالت کے بعد جب فرانک کی قیمت ۲۵۰ پاونڈ ہو گئی تو پائن کارے کی حکومت کا مستعدانہ عمل شرح مبادلہ کو فوراً تقریباً ۲۵ پر واپس لے آیا، اور اس کے بعد واحد مسئلہ یہ تھا کہ آیا اس کو اور آگے بڑھنے دیا جائیگا یا نہیں یا جیسا کہ آخر میں فیصلہ کیا گیا تھا، آیا فرانس اس سطح تک قیمت میں تخفیف ہو جانے سے پورا فائدہ اٹھائے گا یا نہیں۔ صرف یہ کہنا باقی رہ جاتا ہے کہ پولینڈ، ڈنمارک، ناروے اور یونان بھی ۱۹۲۷ء اور ۱۹۲۸ء میں معیار طلا پر واپس ہو گئے۔ اس سب کا نتیجہ یہ ہوا کہ ماقبل جنگ شرحوں پر جن ملکوں نے معیار طلا پر عود کیا ان میں صرف انگلستان، جرمنی، ہالینڈ، ناروے، سویڈن اور ڈنمارک تھے۔ 240
سوئٹزرلینڈ فی الحقیقت معیار طلا سے کبھی نہیں ہٹا، اس کے برخلاف ہسپانیہ ۱۹۳۳ء میں بھی معیار طلا سے ہٹا ہوا تھا۔[1]

[1] دیکھو رسالہ اکنامسٹ مورخہ ۱۴ر جولائی ۱۹۲۸ء بعنوان "بڑی قوموں کی ثبات پذیری کی جدول" صفحہ ۵۹ پر۔

لیکن جنگ کے بعد کی ثبات پذیری کے اس کل پچھلے دور پر نظر ڈالتے ہوئے متعاقب واقعات کی روشنی میں یہ غور کرنا ضروری ہے کہ ثبات پذیری کے لیے جن سطحوں کا انتخاب کیا گیا تھا آیا وہ حق بجانب تھے۔ سب سے نمایاں مثالیں بلاشبہ ہماری اور فرانس کی ہیں۔ کیا انگلستان نے ۱۹۲۵ء میں معیار طلا پر ماقبل جنگ شرح کے ساتھ عود کر آنے میں غلطی کی اور فرانس دوسری جانب ۱۹۲۸ء میں ثبات پذیری پر عمل پیرا ہوا تو کیا اس نے قیمت میں بہت زیادہ تخفیف کر دی؟ اس کا کم و بیش صحیح جواب حاصل کرنے کا واحد ذریعہ یہ ہے کہ نظریۂ مساوات قوت خرید کو پیش نظر رکھتے ہوئے واقعات کو جانچا جائے جو سلطنت متحدہ اور ریاستہائے متحدہ کی اضافی قیمتوں اور شرح مبادلہ کی ماہانہ یادداشت میں ۱۹۲۰ء کے آغاز سے ملیں گے۔ ایک دلچسپ واقعہ اس سے رونما ہوتا ہے۔ ۱۹۲۲ء تا ۱۹۲۳ء کے موسم سرما میں ہماری قیمتیں فی الحقیقت از سر نو ریاستہائے متحدہ کی قیمتوں کے مساوی ہو گئی تھیں، لیکن غالباً ہمارا معیار طلا پر عود کر آنا اس وقت خارج از بحث تھا، اس لیے کہ تاوان کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے کچھ نہیں کیا گیا تھا جرمنی کے مارک کی آخری عظیم تخفیف کی ابھی ابتدا تھی اور بجز آسٹریا اور روس کے کسی ملک میں ثبات پذیری کے سلسلے میں کچھ نہیں کیا گیا تھا جس وقت ہم نے فی الحقیقت معیار طلا کی جانب اپریل ۱۹۲۵ء میں عود کیا تو ہماری قیمتوں کی سطح اب بھی ریاستہائے متحدہ کی سطح سے اوپر تھی۔ لیکن جون کے بعد سے اس میں اصلاح ہو گئی۔

فرانس کا جہاں تک تعلق ہے، وہاں تک اس زمانے میں اس بارے میں بہت کم شبہ تھا کہ ثبات پذیری کی شرح اس سے بہت زیادہ اعلیٰ رکھی جا سکتی تھی جتنی وہ تھی۔ واقعہ یہ ہے کہ واقعی ثبات پذیری کے آخری دور میں حکام کے لیے سب سے بڑی دقت فرانک کی قیمت کو بڑھنے سے روکنا تھی۔ ۱۹۲۸ء کے بعد سے واقعات کی رفتار بظاہر واضح طور سے یہ بتاتی ہے کہ فرانس نے ادنیٰ شرح سے بہت خاصا فائدہ حاصل کیا، خاصکر اعلیٰ اسٹرلنگ کی شرح کے مقابلے میں۔ اس بارے میں بہت کم شبہ ہے کہ اس طرح جو صورت حالات پیدا ہوئی تھی اس کا تعلق بہت بڑی حد تک انگلستان کے مشکلات سے تھا

جن کے نتیجے کے طور پر وہ معیار طلا سے ستمبر ۱۹۳۱ء میں ہٹ گیا۔

۱۹۲۸ء میں زر کاغذی اور بنک کے نوٹوں کے قانون کی منظوری اور ۲۲ نومبر ۱۹۲۸ء کو بنک آف انگلینڈ کی جانب سے نئے ایک پاؤنڈ اور دس شلنگ کے نوٹوں کا اجرا جنگ کے بعد کی مالی تنظیم میں آخری منزل سے پہلے کی منزل تھا۔ یہ قانون ان سابقہ قوانین کی ترمیم کی شکل میں تھا جو بنک آف انگلینڈ کو ۱۸۴۴ء سے پیشتر اور بعد منظم کرتے تھے۔ اس کی رو سے بنک کو ایک پاؤنڈ اور دس شلنگ کے نوٹ جاری کرنے کی اجازت دی گئی اور اس کے سب سے اہم شرائط کا تعلق اجرا کی تحدید سے اور نوٹوں کی بنیاد کے طور پر رکھے جانے والے تمسکات سے تھا۔

اعتباری نوٹوں کا اجرا یعنی نوٹوں کی وہ مقدار جو بنک آف انگلینڈ صیغۂ اجرا کے موجودہ طلائی سکوں اور خام سونے کی مقدار سے متجاوز جاری کر سکتا ہے، محدود کر کے ۲۶۰ ملین پاؤنڈ مقرر کی گئی اور اس میں ۱۸۴۴ء کے ایکٹ کے تحت قدیم اجرائے مجاز بھی شامل ہے، جو جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے، ۱۹۲۳ء میں بڑھا کر ۱۹ ۳/۴ ملین پاؤنڈ کر دیا گیا تھا۔ اس کل ۲۶۰ ملین پاؤنڈ کو تمسکات پر مبنی قرار دینا ضروری ہے، لیکن ان میں چاندی کے سکے بھی جن کی مقدار ۱۱ ۱/۲ ملین پونڈ سے متجاوز نہ ہو شامل کی جا سکتی ہے۔ یہی چاندی کی ٹھیک وہ مقدار تھی جو یوم تبدیلی کو محفوظ ذخیرۂ زر کاغذی میں تھی اور یہ شرط ۱۸۴۴ء کے قانون کے تحت عائد کردہ اس شرط کی بجائی کر دیتی ہے جس کے تحت یک ربع سونا یا کل فلزی ذخیرے کا ۱/۵ حصہ چاندی کی شکل میں رکھا جا سکتا تھا۔

۱۸۴۴ء کے قانون کی قدیم شرط کی رُو سے چاندی کو فلزی ذخیرے کے معقول جزو کی حیثیت سے استعمال کرنے کی اجازت تھی لیکن اس کو مذکورۂ بالا طریقے پر ترک کر کے حکام نے مصنف کے خیال میں ایک بہت بڑا موقع کھو دیا۔ بنک آف انگلینڈ کے نئے عددی خلاصے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مجموعی نوٹوں کے اجرا کا اوسط ۱۹۳۲ء میں ۳۵۹ ۴۹۵ ۰۰۰ پاؤنڈ تھا جس کے مقابلہ ۲۶۰ ۰۰۰ ۰۰۰ پاؤنڈ یا

لہ دیکھو جدول (۵، ب)۔

تقریباً ۷۵ فی صد حصہ ایک پاؤنڈ اور دس شلنگ کے نوٹوں کی شکل میں تھا جو محض چاندی میں قابل ادائی ہیں، اس لیے کہ نئے قانون میں ان نوٹوں کی نقد پذیری کی واحد شرط یہ ہے کہ وہ زر قانونی ہوں اور چاندی ۲ پاؤنڈ کی حد تک زر قانونی ہے۔ ان نوٹوں میں سے ۱۷۱۰۰۰ پاؤنڈ کے نوٹوں کے ذخیرے کو سونے سے
244 مبدل کرنے کے حق کے قطع نظر (جو ستمبر ۱۹۳۱ء میں جس وقت انگلستان معیار طلا سے ہٹ گیا ملتوی کر دیا گیا تھا) ان نوٹوں کو نقد سے مبدل کرنے کے بارے میں عوام کی کوئی ممکنہ خواہش صرف چاندی کی شکل میں ادائی کر کے پوری کی جا سکتی تھی۔ اس لحاظ سے یہ بات بظاہر بدیہی معلوم ہوگی کہ ایسی تحریک کا مقابلہ کرنے کے لیے سرمایۂ محفوظ کی مناسب شکل چاندی کا سکہ ہوگی۔ یہ بات اب تسلیم کر لینی چاہیئے کہ بنک کے نوٹوں کے مقابلے میں فلزی سرمایۂ محفوظ کا حقیقی کام محض یہ ہے کہ اگر نقد پذیری مطلوب ہو تو نقد ادائی قطعی طور سے یقینی بنا دی جائے۔ ہمارے نظام کے تحت اس واقعے کہ بنک آف انگلینڈ کے صیغۂ بنک کاری کا سرمایۂ محفوظ کل کا کل بنک کے نوٹوں پر مشتمل تھا، مسئلے کو پیچیدہ بنا دیا۔ اس لیے کہ بدیہی طور سے جس وقت تک ہم معیار طلا پر تھے سرمایۂ محفوظ کا سب سے بڑا افادہ یہ تھا کہ بیرون ملک زر کے جانے کے امکان کا مقابلہ کیا جائے اور یہ صرف سونے کے ذریعے سے ممکن تھا۔ اس لحاظ سے صیغۂ بنک کاری میں جو نوٹ ہوں ان سب کی بنیاد سونے پر ہونی ضروری ہے۔ لیکن جہاں تک ان نوٹوں کا تعلق ہے جو عوام کے قبضے میں ہیں وہاں تک چاندی فلزی سرمایۂ محفوظ کی جملہ ضرورتوں کو پورا کر دیتی ہے۔

یہ واقعہ کہ ۱۹۲۸ء کے ایکٹ کے تحت بنک آف انگلینڈ ذخیرۂ محفوظ زر کا نصف کے ایک جزو کو چاندی کی شکل میں رکھنے کی حد تک اپنے حق سے ارادتاً دست بردار ہو گیا، بلاشبہ اس اصول کار کے مطابق تھا جو بنک نے متعدد سالوں سے اختیار کر رکھا تھا کہ چاندی کو فلز شمار کرنے سے منکر تھا اور اس طرح عمل پیرا ہو کر مابعد سالوں میں جبکہ چاندی رکھنے کا حق بہت ہی مفید ثابت ہو سکتا تھا اس اصول کار کو تبدیل کرنے کی حد تک اپنے لیے سد راہ قائم کر لی تھی۔ یہ فیصلہ غالباً کسی حد تک حکومت کی اس کارروائی کا نتیجہ خیال کیا جا سکتا ہے جو اس نے

چاندی کے سکّے میں چاندی کی مقدار گھٹا کر ۵۰ فی صد مقرر کرنے کی صورت میں اختیار کی تھی۔ چاندی کے سکّے میں اس طرح کھوٹ کی مقدار بڑھا دینے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ذمہ دار بنک کاروں کا یہ میلان کہ وہ چاندی کے سکّے کو فلز خیال کرنے سے منکر تھے فطرتاً اور بھی زیادہ قوی ہو گیا۔

اعتباری نوٹوں کے اجرا کی تغیر پذیری و نگہداری کی حد تک قانون کے شرائط یہ ہیں کہ (۱) ان کی مقدار کو بنک آف انگلینڈ کی درخواست پر خزانہ ہر وقت گھٹا سکتا ہے اور اس کی مدت اور مقدار کا تعین بھی بنک کے مشورے سے خزانہ کر سکتا ہے۔ اس طرح نوٹوں کی مقدار کی تخفیف کا کل مسئلہ بنک آف انگلینڈ اور خزانے پر منحصر رکھا گیا ہے اور اس پر پارلیمنٹ یا کسی اور جماعت کی کوئی نگرانی نہیں ہے۔

اعتباری نوٹوں کی مقدار کے کسی ممکنہ اضافے کی حد تک طریقۂ عمل یہ ہے کہ 245
اگر بنک خزانے سے یہ درخواست کرے کہ کسی مقررہ حد تک مقدار میں اضافہ کرنا عملاً ضروری ہے تو خزانہ بنک کو ایسا کرنے کا مجاز اتنی مدت تک کر سکتا ہے جو خزانے کے خیال میں چھے ماہ سے متجاوز نہ ہو۔ اس قسم کے حکم کی وقتاً فوقتاً اسی طریقے سے تجدید کی جا سکتی ہے یا اس کو بدلا جا سکتا ہے، لیکن اس کی کل میعاد دو سال سے متجاوز نہیں ہو سکتی تاوقتیکہ پارلیمنٹ اس کے خلاف کوئی حکم جاری نہ کرے۔ اس اثنار میں خزانے کی کسی روئداد کو جس میں اضافے کی اجازت دی گئی ہو فوراً پارلیمنٹ کے دونوں بیوت میں پیش کرنا ضروری ہے۔ اسی کے ساتھ بنک کے سابقہ آئین و قوانین کے بعض شرائط میں بالتفصیل ترمیمات کرنے کے موقع سے بھی حسب ذیل طریقے پر فائدہ اٹھایا گیا ہے:۔

(۱) نئے نوٹ لندن سے باہر کسی مقام میں جاری کیے جا سکتے ہیں اور یہ ضروری نہ ہوگا کہ وہ یہاں قابل ادائی قرار دیئے جائیں۔ لیکن جہاں کہیں وہ جاری کیے جائیں ان کی ادائی صرف بنک کے صدر دفتر پر ہو سکے گی۔

(۲) نئے نوٹ نہ صرف انگلستان بلکہ اسکاٹ لینڈ و شمالی آئرستان میں بھی زر قانونی ہوں گے۔

(۳) ۱۹۳۳ء کے قانون بنک کی ایک عجیب قرارداد کے تحت بنک آف انگلینڈ کے نوٹ پانچ پاؤنڈ سے اوپر کی تمام رقموں کے لیے زر قانونی تھے۔ اور فی الواقع

پانچ پاؤنڈ کے لیے زر قانونی نہ تھے۔ اس شرط میں اب ترمیم کر دی گئی ہے اور بنک کے نوٹ اب کسی مقدار کے لیے بھی زر قانونی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اس ترمیم کی بنا پر پانچ پاؤنڈ کا نوٹ ایسے قرضے کے لیے زر قانونی نہیں ہو جاتا جو پانچ پاؤنڈ سے کم ہو یعنی دیندار کو یہ حق حاصل نہیں ہوتا کہ وہ خرد دینے کا مطالبہ کرے۔ لیکن اس قسم کا حق واقعہ یہ ہے کہ کبھی حاصل نہ تھا۔

(۴) ۱۹۲۵ء کے قانون معیار طلا دفعہ (۱) نے بنک آف انگلینڈ کو اپنے نوٹوں میں سے کسی کی ادائی قانونی سکے یا فی الواقع سونے میں کرنے کی ذمہ داری سے سبکدوش کر دیا۔ نئے قانون نے یہ قرار دیا ہے کہ جس وقت تک یہ دفعہ نافذ رہے اس وقت تک نئے نوٹ بنک کی جانب سے ادا کردہ رقوم کی حد تک زر قانونی رہیں گے اور اس میں بنک کے جاری کردہ نوٹ بھی شامل ہوں گے۔ اس لحاظ سے بنک آف انگلینڈ سے اس کے جاری کردہ بڑی رقموں کے نوٹوں میں سے کسی کو نقد سے مبدل کرنے کا مطالبہ ہونے کی صورت میں وہ نئے ایک پاؤنڈ اور دس شلنگ کے نوٹ ادا کر سکتا ہے، اور ان نوٹوں کے مبادلے میں قابض محض چاندی کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ یہ بلا شبہ ۱۹۲۵ء کے قانون کا محض منطقی نتیجہ ہے۔ کیونکہ اس قانون کی رو سے بنک کے نوٹوں کی سونے میں ادائی ۔۴ اونس 246
خالص سونے یا تقریباً ۷۰ پاؤنڈ کی حد کے نیچے منسوخ کر دی گئی۔

بڑے رقوم کے بنک کے نوٹوں کے قابضوں کو جدید نوٹ بطور خرد مانگنے کا حق بھی حاصل ہے۔

(۵) جدید نوٹ اجرتوں کے معاوضے کے طور پر ادا کئے جا سکتے ہیں[1]، اس طرح ۱۸۳۱ء کے ٹرک ایکٹ کی سابقہ شرط منسوخ کر دی گئی جو اس کے برعکس تھی۔

مندرجہ ذیل اعداد بنک آف انگلینڈ کی نومرتب فرد حساب کی پہلی اشاعت سے لیے گئے ہیں جس میں ضروری تبدیلیاں کر دی گئی ہیں:۔

---

[1] قانون ادائی اجرت بہ شکل جنس بجائے بشکل زر۔ Truck Act.

بنک آف انگلینڈ کی ہفتہ وار فرد حساب

بابتہ

ہفتہ مختتمہ ۲۸ نومبر ۱۹۲۸ء

صیغۂ اجرا

جاری کردہ نوٹ :-	
پاؤنڈ	پاؤنڈ
گردش میں ـــــ ۳۶۷،۱۴۸،۰۰۰	سرکاری قرضہ ـــــ ۱۰۰ و ۵ ا و ۱۱
بنک کاری کے قرضے میں ۵۲،۰۸۷،۷۹۷	دوسرے سرکاری تمسکات ۲۳۳،۵۶۸،۵۵۰
	دوسرے تمسکات ـــــ ۱۰،۱۷۶،۱۹۳
	چاندی کے سکے ـــــ ۵،۱۵۷،۲۴۰
	اعتباری نوٹوں کی مقدار ـــــ ۲۶،۰۰۰،۰۰۰
	سونے کا سکہ اور نقرہ ـــــ ۱۵۹،۰۸۸،۹۴۵
۴۱۹،۰۸۸،۹۴۵	۴۱۹،۰۸۸،۹۴۵

صیغۂ بنک کاری

پاؤنڈ	پاؤنڈ
مالکوں کا اصل ـــــ ۱۴،۵۵۳،۰۰۰	سرکاری تمسکات ـــــ ۵۲،۱۸۰،۳۴۷

گلہ ——— ۱۰۰ر۴۵۲ر۳	دوسرے تمسکات جیسے اور قرضے۔ ۱۴۸ر۸۰۱ر۳۳ ۲۹۳ر۵۸۶ر۱۳
سرکاری امانتیں ——— ۰۵۱ر۲۵۲ر۲۱	تمسکات ۱۸۵ر۴۲۱ر۲۰
دوسری امانتیں :—	نوٹ ——— ۱۴۸ر۸۰۱ر۵۲
بنکوں کی :— ۴۰۹ر۳۷۹ر۶۲	سونے اور چاندی کے سکے۔ ۴۰۰ر۷۵۷
دوسری مدوں کی :— ۶۱۲ر۶۴۵ر۹۹ ۲۰۳ر۱۸۵ر۳۷	
ہفتہ وار اور دوسری سیاوی ہنڈیاں۔ ۶۴۹ر۲	
۱۳۸ر۸۲۶ر۳۱۳	۱۳۸ر۸۲۶ر۳۱۳

247 معلوم ہوگا کہ صیغۂ اجرا کے متعلق تبدیلیوں کے علاوہ صیغۂ بنک کاری میں بھی بعض تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ جدول (۷) میں جو صورت درج ہے اس سے نئی شکل کا مقابلہ کرنے پر معلوم ہوگا کہ "دوسری امانتوں" کی مد کو دو اجزا میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ایک تو "بنکوں کی امانتیں" اور دوسرے "دوسری امانتیں"۔ دوسری جانب دیگر "تمسکات" کو بھی دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یعنی (۱) بٹے اور قرضے۔ (۲) تمسکات۔

اعتباری نوٹوں کی تعداد ۲۶۰ ملین پونڈ ہے اور یہ کن لف کمیٹی کے قاعدے کے تحت ۱۹۲۸ء کی بیشترین مقررہ مقدار سے کچھ ہی کم ہے۔ ۳ر اگست ۱۹۲۷ء کو کرنسی نوٹوں کا اجرا بقدر (۰۰۰ر۸۸۵ر۳۰۰) پاؤنڈ تھا جس میں سے ۰۰۰ر۴۵۰ر۵۶ پاؤنڈ سونے اور نوٹوں کے قابل منہائی ہیں۔ اس طرح اعتباری نوٹوں کی مقدار (۰۰۰ر۶۳۵ر۲۴۴) پاؤنڈ ہے جو ۱۹۲۸ء کی بیشترین مقدار تھی۔ اس میں ۰۰۰ر۷۵۰ر۱۹ پاؤنڈ اجرائے مجاز کا اضافہ کرنے سے کل مقدار ۰۰۰ر۳۸۵ر۲۶۴ پاؤنڈ ہو جاتی تھی۔

اس قانون کی منظوری کے فوراً بعد کے زمانے کے تجربے کا یہاں حوالہ دینا مناسب ہوگا تاکہ یہ معلوم ہو کہ اعتباری اجرا کی نئی لچکداری سے عملاً کیا اثر رونما ہوا۔ یہ پہلا قابل لحاظ امر یہ ہے کہ اعتباری نوٹوں کا اجرا ۲۶۰ ملین پاؤنڈ تک کسی قدر اعلیٰ عدد ثابت ہوا تھا، اس نے اتفاقی طور سے ایک ایسا نتیجہ پیدا کیا جس کا عوام کو کبھی اندازہ نہ تھا۔ آیندہ تین سالوں میں مجموعی نوٹوں کے اجرا اور حقیقی گردش میں بحیثیت مجموعی کمی نمودار ہوئی۔ لیکن نوٹوں کے بنیادی ذخیرے کی طاقت کی صحیح آزمایش اُس سونے کا فی صد ہے جو بنک آف انگلینڈ میں اُن نوٹوں کے مقابلے میں رکھا جاتا ہے جو فی الحقیقت عوام کے ہاتھوں میں ہوں۔ اس لیے کہ صیغۂ بنک کاری میں جو نوٹ رکھے جاتے ہیں ان کے متعلق فی الواقع یہ خیال کرنا چاہیئے کہ ان کی بنیاد کے طور پر ۱۰۰ فی صد سونا رہتا ہے، اور انھیں مجموعی نوٹوں کے اجرا سے نیز اُس مجموعی سونے سے منہا کرنا چاہیئے جو ان نوٹوں کے مقابلے میں رکھا جاتا ہے۔ اس بنیاد پر اُس چیز کا صحیح تناسب جس کو "نوٹ کا سونا" کہا جاتا ہے "حقیقی گردش" سے ہفتہ بہ ہفتہ معلوم کیا جا سکتا ہے اور اس کا حساب بہت دلچسپ طریقے سے نکلتا ہے۔ گردش جتنی کم ہوگی اتنا ہی نوٹ کے سونے کا تناسب کم ہوگا۔ اس کی بہترین تشریح دو متضاد تاریخوں کی حقیقی مثال سے ہوتی ہے جیسا کہ ذیل کے اعداد سے معلوم ہوگا:۔

	۲۶ دسمبر ۱۹۲۸ء	۱۷ فروری ۱۹۳۲ء
	پاؤنڈ	پاؤنڈ
مجموعی اجرا	۴۱۳ ر ۷۸۴	۳۹۵ ر ۷۶۶
صیغۂ بنک کاری میں	۲۵ ر ۵۴۱	۵۰ ر ۸۸۴
گردش	۳۸۸ ر ۲۴۳	۳۴۴ ر ۸۸۲
مجموعی سونا	۱۵۳ ر ۷۸۴	۱۲۰ ر ۷۶۶ [1]
صیغۂ بنک کاری میں	۲۵ ر ۵۴۱	۵۰ ر ۸۸۴
"نوٹ کا سونا"	۱۲۸ ر ۲۴۳	۶۹ ر ۸۸۲
گردش کا فی صد	۳۳ ر ۰	۲۰ ر ۳

[1] ۔ اعتباری اجرا ۲۷۵۰۰۰ پاؤنڈ۔

248

جدول (۱۰) میں ایک خانے کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں ۱۹۲۸ء کے بعد سے کل زمانے کی گردش کے مقابلے میں "نوٹ کے سونے" کا فی صد دیا گیا ہے، اور نتیجہ بہت ہی عجیب ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم اپنے نوٹوں کا رواج پہلے کے مقابلے میں سونے کے بدرجہا کم فی صد پر کر رہے ہیں اور ضمناً یہ کہنا نامناسب نہ ہوگا کہ یہ فی صد دنیا کے کسی دوسرے ملک کے مقابلے میں بہت زیادہ کم ہے۔ اس لیے کہ اکثر ملکوں نے از روئے قانون ۴۰ فی صد کی حد مقرر کی ہے اور یہی ان نوٹوں کے اجرا کے لیے "سونے کے ذخیرے" کی لازمی طور سے اقل ترین مقدار قرار دی گئی ہے۔

تعجب خیز بات یہ ہے کہ عوام نے اس میلان کو کبھی محسوس ہی نہیں کیا، جس کے معنی یہ ہیں کہ ہماری قوم نے سونے کے ذخیرے کو بتدریج کم کرنے کا اصول اختیار کرنے کی اتفاقی طور سے تعلیم پائی۔ یہی وہ بہترین شے ہے جو ہم کر سکتے تھے اور اس کی وجہ سے ایسی مثال قائم ہوگئی ہے جس کی کل دنیا بخوبی تقلید کر سکتی ہے۔ اس طرح انگلستان نے غالباً غیر ارادی طور سے اس چیز کی جانب رہبری کی ہے جو جنگ کے بعد سے مالی طریقوں کی اہم ترین اصلاحوں میں سے ایک ہے۔ اب جبکہ داخلی زر کے لیے سونے کا استعمال ہر ملک میں ترک کر دیا گیا ہے، داخلی زر کے مقابلے میں سونے کے ذخیرے کا کوئی معقول و معتدبہ تناسب رکھنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے۔ چنانچہ وقت آگیا ہے کہ کل دنیا اسی سوال کو حل کرے کہ "اجرائے نوٹ کے مقابلے میں فلز کا محفوظ ذخیرہ قائم کرنے کی غرض و غایت کیا ہے؟" اس سے جو مقصد پورا ہوتا تھا وہ محض یہ تھا کہ اس بات کا اطمینان ہو جائے کہ اگر کسی سبب سے عوام کے دل میں یہ بات سما جائے کہ وہ نوٹوں کو بدگمانی کی نظر سے دیکھیں تو نوٹوں کو فلز سے مبدل کیا جا سکے۔ لیکن اس بدگمانی کے پیدا ہونے کا واحد سبب زائد اجرا کا خطرہ تھا اس لیے کہ محض زائد اجرا کی وجہ سے فلز کے مقابلے میں کاغذی زر کی قیمت گھٹ سکتی تھی یا دوسرے الفاظ میں سونے پر بڑھوتری وصول ہو سکتی تھی۔ اس لحاظ سے جتنے فلزی ذخیرے کی کبھی ضرورت ہوتی تھی وہ ٹھیک اتنا ہوتا تھا کہ کسی اتفاقی 249

زائد اجرا کو نقد سے پوری طرح مبدل کرنے ہی میں ختم ہو جاتا تھا۔ اور یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اس قسم کا زائد اجرا ذرکی ضرورتوں کی اچانک تحدید سے نیز اجرا کے حقیقی اضافے سے رونما ہو سکتا تھا۔

لیکن موجودہ زمانے میں کل صورت حالات میں دو واقعات کی بنا پر تغیر واقع ہوا ہے۔ اولاً یہ کہ نوٹوں کا اجرا اس وقت ہر جگہ شدید سرکاری نگرانی میں ہے اور اگر حکومت پر یہ اعتبار کیا جا سکتا ہو کہ وہ ارادتاً زائد اجرا میں حصہ نہ لے گی تو کسی بڑے فلزی ذخیرے کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے۔ دوسرے یہ کہ اب جبکہ عوام کو اپنے نوٹ سونے سے مبدل کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے بلکہ وہ محض زر علامتی سے مبدل کرا سکتے ہیں اس لیے جس واحد ذخیرے کی ضرورت ہے وہ اس زر علامتی یا ذیلی سکے کا ذخیرہ ہے جس کے لیے ۴۰ فی صد سے بہت کم مقدار کافی ہوگی۔ بلکہ اب تک ۲۰ فی صد سونا جو رکھا جاتا ہے وہ بھی ضرورت سے بہت زیادہ ہے اور اس کا بیشتر حصہ چاندی کی شکل میں رکھا جا سکتا ہے۔ اگر انگریز بنک کاروں کو بظاہر اس سے صدمہ پہنچے کیونکہ ان لوگوں نے اس خیال میں پرورش پائی تھی کہ بنک آف انگلینڈ کے نوٹ میں عوام کے اعتماد کا باعث یہ واقعہ تھا کہ وہ محض اُن پانچ طلائی ساورنوں کی علامت تھا جو بنک آف انگلینڈ میں قابض نوٹ کے مطالبے کے انتظار میں پڑے ہوئے تھے تو انھیں یہ یاد دلایا جا سکتا ہے کہ اسکاٹ لینڈ کے ایک پاؤنڈ کے نوٹ کے مبادلے میں اس کے رواج کے شروع سے محض چاندی ادا کی جاتی رہی ہے اور وہ اسکاٹ لینڈ میں اتنی ہی آزادی کے ساتھ رائج رہا ہے جتنا کہ دنیا کا کوئی دوسرا نوٹ اور اس کی ساکھ اتنی ہی اچھی رہی ہے جتنی دنیا کے کسی دوسرے نوٹ کی۔

لیکن یہاں اجرائے نوٹ کی نئی پیچکداری کے اثرات کا عظیم تر مسئلہ باقی رہ جاتا ہے۔ اس کو سمجھنے کا غالباً بہترین طریقہ شکل ب کا مطالعہ ہے جس میں نہ صرف شرح بنک بلکہ بنک کے ذمے کے واجبات کے مقابلے میں اس کے سرمایۂ محفوظ کا تناسب درج ہے۔ قدیم زمانے میں جب کبھی تناسب حد سے زیادہ کم ہو گیا شرح بنک میں اضافہ کر دیا گیا۔ لیکن یہ معلوم ہو گا کہ ۱۹۲۵ء کے بعد سے

تناسب میں بہت شدت کے ساتھ تغیرات ہوتے رہے، اور صرف دو دوروں میں شرح بنک میں اضافہ کیا گیا یعنی ایک تو وال اسٹریٹ کی شکست کے زمانے سے پیشتر اور دوسرے ۱۹۳۱ء کی آفت کے زمانے میں۔ دوسری بار بہت متعدد مواقع پر شرح بنک میں اضافہ کیے بغیر تناسب میں بہت زیادہ کمی روا رکھی گئی۔ ستمبر ۱۹۳۱ء کے بعد سے صورت حالات میں اس واقعے کی بنا پر تغیر واقع ہو گیا ہے کہ چونکہ ہم معیار طلا سے ہٹ گئے تھے حکام کی مرضی کے خلاف سونے کا باہر چلا جانا غیر ممکن تھا۔ لیکن اس سے پیشتر بھی یہ ظاہر ۲۵۵
ہے کہ بنک کے حکام کو تجربے سے یہ بات معلوم ہو گئی تھی کہ اس قسم کی برآمد کے متعلق زیادہ ہراساں و مضطرب نہ ہونا چاہیے۔ ممکن ہے کہ اس کا باعث بلاشبہ یہ واقعہ ہو کہ آجکل سرمایۂ محفوظی کی مقدار اس سے زیادہ ہوتی ہے جتنی کہ قدیم زمانے میں تھی۔ لیکن اس میں بہت کم شبہ ہے کہ اس کا باعث ایک حد تک اعتبای نوٹ کے اجرا کی توسیع کا اقتدار بھی تھا۔

آخر میں، یہاں یہ کہنا نامناسب نہ ہوگا کہ اس اقتدار کو ۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۳ء تک کے زمانے میں صرف ایک مرتبہ کام میں لانا پڑا اور وہ بھی نہایت غیر معمولی نوعیت کے واقعات کے تحت ماہ ستمبر میں جبکہ انگلستان معیار طلا سے ہٹ چکا تھا۔

جنگ کے بعد کی تنظیم کی آخری منزل ۱۹۲۹ء میں رونما ہوئی جبکہ ینگ صاحب کی تجویز کے تحت جرمنی کے تاوانات کے مسئلے کی نظر ثانی کی گئی اس کی رو سے ۱۳۲ ملیرڈ[1] ریش مارک (یعنی ۶۰۰ و ۶ ملین پونڈ) کی محیر العقول رقم منسوخ کی گئی جو جرمنی کے ذمے کے واجبات کے طور پر ۱۹۲۱ء میں مقرر کی گئی تھی۔ سالانہ واجب الادا رقوم کو تقریباً ۶۰ سالوں پر پھیلا دیا گیا اور رقوم کی مقدار کو اتنی حد تک کم کر دیا گیا جس کو جرمنی ادا اور اپنے یہاں سے منتقل کر سکتا تھا

[1] ۱ ملیرڈ = ایک ہزار ملین کا ایک ملیرڈ ہوتا ہے (milliard) اور ایک ملین کے دس لاکھ ہوتے ہیں۔

اور بجوا انجام کاران مقداروں کے مساوی تھی جو جرمنی کے لینداروں کے ذمے امریکہ کو واجب الادا تھی۔

لیکن اس نئی تجویز کا سب سے اہم جزو غالباً بنک برائے تصفیہ جات بین الاقوامی کا قیام تھا جو ان تمام پیچیدہ انتظامات کی بجائے تجویز کیا گیا تھا جو ڈاز کی تجویز کے تحت جرمنی کے ذمے کے قرضے اس کے متعدد لینداروں کو ان کے سکوں میں ادا کرنے اور مارک کو ان سکوں میں مبدل کرنے کے بارے میں پیش کیے گئے تھے۔ یہ طے پایا کہ ہر سالانہ قسط جرمنی کی جانب سے بنک برائے تصفیہ جات بین الاقوام کو ادا کی جائے، لیکن بجائے اس کے کہ لینداروں کو فوراً ادا کر دیے جائیں اس بین الاقوامی بنک ہی میں رکھے رہیں گے تا آنکہ ان کی ادائی ریاستہائے متحدہ کو واجب ہو جائے۔ اس طرح جرمنی، متحدین، اور امریکہ کی باہمی ادائیوں کا تصفیہ حساب گھر کے اصول پر بنک برائے تصفیہ جات بین الاقوامی پر منحصر رکھا گیا۔

لیکن اس بین الاقوامی بنک کے دستور العمل کو مرتب کرنے والوں کے پیش نظر اس نئے بین الاقوامی حساب گھر سے بدرجہا زیادہ وسیع فوائد کا نشو و نما تھا چنانچہ یہ اصول قرار دیا گیا کہ اس کے اجزائے ترکیبی یعنی وہ مرکزی بنک جو شریک ہوں ان میں سے کوئی بھی بین الاقوامی بنک میں سونا بطور امانت رکھ سکتا تھا اور ان امانتوں کو کسی قسم کے بیرونی مطالبات کو ادا کرنے کے کام میں حسب ضرورت لا سکتا تھا۔ مقصود یہ تھا کہ سونے کی بین الاقوامی نقل و حرکت بتدریج موقوف کر دی جائے۔ چنانچہ ہر ملک کے لیے واجب گردانا گیا کہ بین الاقوامی بنک میں اپنا کھاتہ کھولے اور بین الاقوامی مطالبات سونے کو ایک ملک سے دوسرے ملک میں منتقل کیے بغیر محض عددوں کو ایک مد سے دوسری مد میں منتقل کر کے ادا کیے جائیں۔ اس قسم کی تجویز میں عظیم امکانات موجود تھے لیکن اس کی ترقی کے لیے بدیہی طور سے وقت درکار تھا خواہ وہ ایک ہی سبب سے کیوں نہ ہو اس لیے کہ ہر ملک میں قانون وضع کرنے کی ضرورت تھی تاکہ وہ سونا یا وہ رقوم جو بین الاقوامی تصفیہ جات کے بنک کے کھاتے میں مرکزی

251

بنک کے نام سے جمع و درج ہوں انھیں مرکزی بنک کو اپنے سرمایۂ محفوظ کے جزو کے طور پر استعمال اور قبول کرنے کا اقتدار حاصل ہو کہ گویا خود مرکزی بنک کی تجوریوں میں یہ سونا محفوظ پڑا ہے۔

بین الاقوامی تصفیہ جات کے بنک کے محل وقوع کا مسئلہ فطری طور سے بہت کچھ رشک و حسد کا مرکز رہا چنانچہ یہ سوال کہ جنگ کی صورت میں سونے کے ذخائر کا کیا حشر ہوگا بلاشبہ لاینحل تھا لیکن بالآخر سوئٹزرلینڈ میں ایک مقام بسیل سب کی رضامندی اور مصالحت جوئی سے پسند کر لیا گیا۔

سترھواں باب

جنگ کے عواقب

۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۱ء

خلاصہ

(۱) امریکہ میں تجارتی گرم بازاری اور اعتبار کی بربادی۔ (۲) قیمتوں کی تخفیف۔ (۳) جرمنی کے مشکلات۔ (۴) انگلستان کا معیار طلا سے ہٹنا (۵) قیمتوں کی تخفیف کے اسباب۔ سونے، اعتباری سہولتوں اور زر کی مبینہ قلت۔ (۶) اعتماد کا فقدان۔

پچھلے باب میں جنگ کے بعد کی سرگزشت ۱۹۲۹ء کی ینگ صاحب کی تجویز کی رو سے مسئلہ تاوان کے از سر نو تصفیہ پانے اور بین الاقوامی تصفیہ جات کے بنک کے قائم ہونے تک بیان کی گئی۔ یہ توقع کی گئی تھی کہ یہ جنگ کے بعد کی تعمیر نو کی آخری منزل ہوگی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ وہ محض ایسے دور کا آغاز ثابت ہوئی جس میں ایسی اکثر چیزوں کو از سر نو منسوخ کرنا پڑا جو مہلت جنگ کے بعد سے انجام دی گئی تھیں۔

اب پچھلے حالات پر نظر ڈال کر ان مشکلات کا سراغ لگانا ممکن ہے جن کا آغاز نیویارک کے تمسک صرافے کی گرم بازاری سے ہوا جو ۱۹۲۸ء تا ۱۹۲۹ء میں اپنی انتہائی حالت پر پہنچ گئی تھی۔ ۱۹۲۱ء کی عالمی رفع انتفاخ کی سرد بازاری کے بعد ریاستہائے متحدہ میں بہت تیزی کے ساتھ بحالی رونما ہوئی تھی۔ جنگ کے نتیجے کے طور پر ریاستہائے متحدہ کی حیثیت اس وقت بڑی حد تک لینداد ملک کی ہو گئی تھی۔ داخلی حیثیت سے ملک بہت ہی خوشحال تھا اور امریکہ سے باہر بھی متعدد بازاروں میں اس کا تسلط بڑھ رہا تھا۔ ۱۹۲۳ء کے فورڈنے محصول درآمد نے تامینی محصول کی اس دیوار میں اور بھی زیادہ اضافہ کر دیا جو امریکہ کے داخلی بازاروں کی محافظ تھی اور چونکہ اس کی وجہ سے امریکہ کے واجب الوصول عالمی قرضہ جات کی ادائی بہ شکل اشیاء و خدمات میں بڑی حد تک مزاحمت پیدا ہو رہی تھی، اس لیے کثیر المقدار رقوم امریکہ کو سونے میں وصول ہوئے، اور اس سبب سے اس کے سونے کے ذخائر دنیا کے ہر ملک کے مقابلے میں بیشتر بن ہو گئے۔ امریکہ بلا شبہ محسوس اور تسلیم کرتا تھا کہ سونے کا یہ عظیم المقدار ذخیرہ غیر ضروری تھا قطع نظر اس کے کہ اس کو جوڑنے اور رکھنے کے مصارف اور مادی مشکلات بہت زیادہ تھے۔ لیکن ریاستہائے متحدہ کی ان تمام کوششوں کے باوجود جو اس ذخیرے کو کم کرنے کے لیے کیے گئے تھے نتائج بہت ہی حقیر تھے، اس لیے حکومت کو زیادہ تر یہ فکر لگی رہی کہ اس کے نتیجے کے طور پر رونما ہونے والے اعتبار کے انتفاخ اور قیمتوں کے اضافے کو روکا جائے، اور یہ ایسا اصول تھا جس کو بعد میں چل کر مذموم قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ اس کی رو سے سونا غیر منفعت بخش ہو گیا۔ اس میں شک نہیں کہ اشیا کی قیمتوں کے اضافے کو روکنے میں امریکہ کو بڑی حد تک کامیابی ہوئی، لیکن بہت بعد تک یہ بات تسلیم نہیں کی گئی کہ قیمتوں کے اضافے کو ایک اور سمت یعنی تمسک صرافے میں روکنے کی حد تک امریکہ کا اصول کارنا کام رہا۔ ۱۹۲۶ء تک یہاں کی گرم بازاری کو واجبی طور سے مناسب و معقول حدود کے اندر رکھا گیا، لیکن اس سال سے یہ محسوس کیا جانے لگا کہ یہ حد سے زیادہ بڑھ رہی ہے

اور ذمہ دار بنک کاروں کے تمام مساعی امریکہ میں ان کو روکنے کے لیے بے سود ثابت ہوئے۔ ایک نتیجہ یہ ہوا کہ صرافے میں لگانے کے لیے جو قلیل المدت قرضے لیے جاتے تھے ان کی شرح سود میں بہت اضافہ شروع ہو گیا، اس کا نتیجہ صرف یہی نہیں ہوا کہ امریکہ میں زر کو دوسرے کاموں سے ہٹا کر صرافے میں لگانے کی ترغیب ہوئی بلکہ یہ بھی کہ بیرونی ممالک سے زر بہت جلد کھنچ کر یہاں آنے لگا۔ اس کی وجہ سے امریکہ کے لیے بیرونی ممالک کو قرضہ دینا جیسا کہ مہلت جنگ کے بعد سے وہ بڑی حد تک دے رہا تھا منفعت بخش نہ رہا، چنانچہ اس نے خاص طور سے جرمنی کو قرضہ دینا موقوف کر دیا۔

لندن کے زر کے بازار پر اس کا اثر بہت سخت پڑا۔ ۱۹۲۸ء میں بنک آف انگلینڈ اپنے سونے کے ذخیرے میں اضافہ کرنے کے بڑی حد تک قابل ہو گیا تھا، لیکن اس سال کے آخری ربع حصے میں سونا کثیر مقدار میں باہر چلا گیا جس کی وجہ سے فروری ۱۹۲۹ء میں شرح بنک کو ۵ فی صد سے بڑھا کر ۵½ فیصد مقرر کرنا ضروری ہو گیا۔ لیکن گرما میں امریکہ میں پھر درآمد شروع ہوئی چنانچہ ۲ راکتوبر کو شرح میں ۶½ فی صد تک پھر اضافہ کرنا پڑا۔ اس اثنا میں ستمبر میں ہیٹ ری کی تباہی نے لندن کو سخت صدمہ پہنچایا تھا۔ وال اسٹریٹ کی گرم بازاری اس حد تک بڑھ گئی تھی کہ اگر اس پر کوئی بندش قائم کی جاتی تو اس کا تقریباً لازمی نتیجہ یہ ہوتا کہ انتفاخ ناگزیر طور سے پھوٹ پڑتا۔ لیکن بحالت موجودہ اس کا نفس معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ فی الحقیقت کونسی شے اضافۂ قیمت کے انحطاط کا باعث ہوئی۔ واقعہ یہ ہے کہ حالات نے ۲۵ راکتوبر ۱۹۲۹ء کو انتہائی صورت اختیار کر لی جبکہ دنیا نے تخفیف قیمت کے ایسے دور میں قدم رکھا جو اپنی تیز رفتاری کے اعتبار سے نہیں تو کم از کم اپنی مدت کے لحاظ سے ۱۹۲۱ء کی اس سرد بازاری سے بڑھا ہوا ثابت ہوا جو رفع انتفاخ کے باعث رونما ہوئی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ سنسک صرافے کی قیمتوں کی تخفیف سب سے اول رونما ہوئی لیکن اشیا کی قیمتوں نے ان کی اتباع کی اور بعض اشیا کی قیمتوں نے دوسرے اشیا کی قیمتوں کے

مقابلے میں بدرجہا زیادہ سرعت کے ساتھ اتباع کی۔

جوں جوں وقت گزرتا گیا یہ بات واضح ہوتی گئی کہ قیمتوں کی یہ نئی تخفیف قیمتوں کے اس دوری تغیر سے کچھ زیادہ خراب تھی جس میں کمی رونما ہو کر فطری بحالی عود کر آتی ہے معمولی حالات میں قیمتوں کی ایسی تخفیف کے نتیجے کے طور پر 254
فوراً اضافۂ صرف رونما ہوتا جو از سر نو طلب و رسد میں توازن پیدا کر دیتا۔ لیکن ۱۹۳۱ء کے ابتدائی گرماتک یہ بات روشن ہو گئی کہ اس صورت میں کوئی گہرا سبب کارفرما تھا جو رقاص کے اہتزاز کو روک رہا تھا اور براعظم میں جو تغیرات اور ترقیاں ہوئیں ان سے مشکلات کے مرکز کا فوراً پتہ چلنا شروع ہو گیا۔ قیمتوں کی تخفیف سے جرمنی پر خاص طور سے کاری ضرب لگی۔ اس لیئے کہ ۱۹۲۴ء کی ڈاز کی تجویز کے بعد سے جرمنی تاوان ادا کرنے کی کشاکش میں مبتلا تھا اور صرف اپنی برآمد کو ترقی دے کر اور ایک موافق توازن قائم کر کے وہ ادائی کر سکتا تھا۔ ۱۹۲۹ء کی ینگ صاحب کی تجویز طے ہونے تک جرمنی کے لیئے تاوان کسی بڑی حد تک ادا کرنا غیر ممکن تھا اور وہ اپنے ذمے کے قرضوں کو تازہ بتازہ قرضے حاصل کر کے بے باق کر رہا تھا۔ ۱۹۳۰ء میں جب دنیا کی قیمتوں میں تخفیف ہوئی اس کے لیئے کسی قسم کی ادائی کرنا روز افزوں دشوار ہوتا گیا اور جب امریکہ سے قرضہ ملنا موقوف ہو گیا تو جو لوگ جرمنی کے حالات سے واقف و باخبر تھے ان پر یہ بات روشن ہو گئی کہ کامل بربادی محض وقت کا معاملہ تھی۔ جرمنی نے سخت ترین کفایات عمل میں لا کر اور تجارت خارجہ کی تحدید کی شدید عملی ضرورت کو پورا کرنے کے لیئے ضوابط مرتب کر کے اپنے توازن کو برقرار رکھنے کی بلاشبہ ہر ممکنہ کوشش کی، لیکن یہ سب تدابیر کلیتہً بے نتیجہ ثابت ہوئے اور مئی ۱۹۳۱ء میں حالات سرعت کے ساتھ نازک صورت اختیار کرنے لگے۔

اس مہینے میں اکریڈٹ انسٹالٹ کو جو فی الواقع آسٹریا کا قومی بنک ہے، نقد ادائی موقوف کرنی پڑی اور بنک آف انگلینڈ نے فوراً اس کو ۱۵ ملین پاونڈ اسٹرلنگ کا قرضہ دے کر اس کی دست گیری کی۔ فرانس اس قرضے کے دینے میں فطری طور سے شرکت کرتا، لیکن اس وقت دنیا کو جرمنی اور آسٹریا کے درمیان

کروڑگیری کے اتحاد کی تجویز کا اچانک طور سے علم ہوا جسے فرانسیسی حکام نے بدگمانی کی نظر سے دیکھا اور سیاسی اتحاد کی جانب پہلا قدم تصور کیا چنانچہ اس تجویز سے دست برداری کو فرانس نے قرضہ دینے میں اپنی شرکت کی شرط قرار دینے کی خواہش ظاہر کی، اور بنک آف انگلینڈ کو تنہا یہ قرضہ دینا پڑا۔

لیکن یہ سب کچھ جرمنی کے لینداروں کے لیے اس بات کی علامت تھی کہ اسی قسم کی مصیبت و پریشانی کی وہاں توقع کریں۔ اس کی وجہ سے بیرونی امانتیں کثیر مقداریں واپس لی جانے لگیں۔ اور اواخر جون میں یہ معلوم ہوگیا کہ جرمنی دیوالیہ ہونے کے قریب تھا خوش قسمتی سے ریاستہائے متحدہ کے معتمد خزانہ مسٹر انڈریو میلن اس وقت یوروپ میں تھے اور انھوں نے اس صورت حالات کی نزاکت کو محسوس کیا۔ چنانچہ لندن اور برلن میں مشورے کرنے کے بعد انھوں نے نئے ماوراء اطلانطک ٹیلی فون کے بارے میں 255
صدر مہوریہ امریکہ مسٹر ہوور سے راست مراسلت شروع کی اور صدر موصوف پر یہ واضح کردیا کہ تاوقتیکہ جرمنی کے لیے فوراً کچھ نہ کیا جائے وہ دیوالیہ ہوجائے گا امریکہ نے اس کو جتنے قرضے دیے تھے اور جو اب تک اس کے ذمے واجب الادا تھے وصول نہ ہوسکیں گے اور اس طرح امریکہ کو نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جملہ ممالک متعلقہ سے سیاسی مشورے کرنے کا عام عمل تنگی وقت کی وجہ سے ترک کرکے صدر ہوور نے اپنی ذاتی ذمہ داری پر ان تمام قرضوں کی ادائی کے لیے ایک سال کی مہلت کا اعلان کردیا جو امریکہ کو واجب الوصول تھے اس کا ہر جگہ مسرت کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا اور اس کے بعد ہی امریکہ، انگلستان، فرانس اور بنک برائے تصفیہ جات بین الاقوامی نے جرمنی کو مشترکہ طور سے ۱۰۰ ملین ڈالر کا قرضہ دیا۔ انگلستان نے اور فرانس کے سوا ہر دوسرے ملک نے مہلت ادائی کی تجویز سے فوراً اتفاق کرلیا اور اس کے مطابق عمل کیا، لیکن فرانس کو واجب الوصول رقوم کی ادائی کے یک لخت موقوف ہوجانے کی وجہ سے سب سے زیادہ نقصان برداشت کرنا پڑا، اس لیے کہ اس کو اس طریقے سے خالص فاضل آمدنی معقول مقداریں وصول ہو رہی تھی اور

اس لحاظ سے اس نے اس تجویز کے تسلیم کرنے میں بہت پس وپیش کیا اور مشکلات پیدا کیے۔ اس کے نتیجے کے طور پر جو تاخیر واقع ہوئی اس نے نفسیاتی اثر و نتیجے کو بڑی حد تک برباد کر دیا اور جس وقت تک فرانس نے انجام کار شرط طریقے پر اتفاق کر لیا اس وقت تک یہ شبہ کیا جانے لگا تھا کہ آیا جرمنی محفوظ ہو گیا تھا یا نہیں۔ بیرونی ممالک کے رقوم کی بازگشت کا سلسلہ جاری رہا اور جولائی میں نارتھ جرمن وول کمپنی[1] کے دیوالے نے ڈارمس ٹیڈٹر بنک[2] کی کمر توڑ دی اور اس تباہی سے دوسروں کا بھی متاثر ہونا یقینی تھا۔ مثلاً مبادلات خارجہ پر جو بندشیں عائد کی گئیں ان کی بنا پر ڈیوش اورینٹ بنک[3] کے لیے جس کا کاروبار زیادہ تر مصر اور ترکی میں تھا، جرمنی سے رقوم حاصل کرنا غیر ممکن ہو گیا، چنانچہ وہ بھی نقد ادائی ملتوی کرنے پر مجبور ہو گیا۔ اس سے سب سے قریبی تعلق رکھنے اور متاثر ہونے والے دول کے نمایندوں کا ایک جلسہ ۲۱ جولائی کو عجلت کے ساتھ لندن میں منعقد ہوا لیکن وہ محض عارضی طور سے مسکن تدابیر کا مشورہ دینے کے قابل تھے۔

لیکن اس اثنا میں مصیبت سرعت کے ساتھ اپنا دائرۂ اثر بڑھا رہی تھی، اور جولائی کے وسط تک تمام دنیا میں یہ سرگوشیاں ہونے لگیں کہ انگلستان بھی خطرے میں تھا، اس لیے کہ یہ بات مشہور ہو گئی کہ انگریز بنک کار جرمنی کو کثیر المقدار رقوم بطور قرض دے رہے تھے جن کے وصول ہونے کی اب کوئی
256 امید باقی نہیں رہی تھی، اور یہ اطلاع ملی کہ لندن کے بعض بڑے حساب گھر بھی اس سے بُری طرح متاثر ہوئے تھے۔ ۱۵ جولائی کو میک ملن کمیٹی کی رپورٹ شائع ہوئی اور اس سے یہ پتہ چلا کہ کچھ مدت پہلے تک لندن کو کثیر المقدار رقوم قلیل المدت قرضوں کے شرائط پر متعدد ممالک خاصکر فرانس سے وصول ہو رہے تھے جن کا بیشتر حصہ جرمنی کو یا تو طویل المدت قرضوں کے شرائط پر یا

---

[1] North German Wool Company

[2] Darmstadter Bank,

[3] Deutsche Orient Bank.

ان قلیل المدت قرضوں کی شکل میں دیا جا رہا تھا جن کے وصول ہونے کی اب کوئی سبیل نہ رہی تھی۔ چنانچہ ممالک غیر کو تقریباً ۲۵۰ ملین پاونڈ کی خالص رقم لندن کے ذمے واجب الادا تھی، اور اگرچہ اعداد و شمار سے معلوم ہوا کہ ۱۹۳۱ء میں اس رقم کی مقدار فی الحقیقت بدرجہا زیادہ تھی، لیکن اس واجب الادا فاضلات کی اچانک اشاعت نے ہمارے بیرونی لینداروں کو حیرت زدہ کر دیا اور ممالک غیر میں ہمارے اعتبار اور ساکھ کو سخت صدمہ پہنچایا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ لندن سے کثیر المقدار سونا نکل کر باہر اور بالخصوص فرانس چلا گیا۔ اس نے اس واقعے کی جانب توجہ منعطف کرائی کہ فرانک سے ہٹنے کے دوران میں اور ۱۹۲۶ء میں فرانس کے ثبات پذیر ہونے سے پیشتر فرانس کے متعدد باشندوں نے کثیر المقدار رقوم ممالک غیر میں حفاظت کی غرض سے رکھ چھوڑے تھے اور ۱۹۲۶ء کے بعد سے اس کل زر کے واپس وصول کرنے کے لیے حالات موافق نہ تھے، نتیجہ یہ کہ لندن اور نیویارک میں اب بھی ان کے کثیر المقدار رقوم پڑے ہوئے تھے۔

وال اسٹریٹ کی تباہی کے بعد شرح بنک سرعت کے ساتھ ۱½ فی صد سے گھٹا کر مئی ۱۹۳۰ء میں ۳ فی صد اور مئی ۱۹۳۱ء میں ۲½ فی صد کر دی گئی تھی اور ایسا کرنے میں توقع یہ تھی کہ مالی معاملات میں سہولت پیدا کر کے قیمتوں کی تخفیف کا مقابلہ کیا جائے گا۔ لیکن ۲۳ جولائی کو سونے کی نئی برآمد کا مقابلہ کرنے کی کوشش کے سلسلے میں شرح پھر بڑھا کر ۳½ فی صد کر دی گئی اور ایک ہفتہ بعد ۴½ کر دی گئی۔ لیکن ایسا کرنا لاحاصل تھا۔ ان دو ہفتوں میں بنک آف انگلینڈ کے ہاتھ سے ۳۰ ملین پاونڈ سے زاید سونا نکل گیا۔ یکم اگست کو یہ اعلان کیا گیا کہ بنک نے فرانس اور امریکہ سے ۵۰ ملین پاونڈ کا قرضہ لینے کا انتظام کیا تھا اور اسی زمانے میں اعتباری اجرا بڑھا کر ۲۷۵ ملین پاونڈ کر دیا گیا، اگرچہ یہ تدبیر محض بطور حفظ ماتقدم تھی جو تعطیل بنک کے دن گردش کے عام اضافے کے انتظام کے سلسلے میں اختیار کی گئی تھی۔ لیکن اس کا نتیجہ غالباً یہ ہوا کہ بیرونی ممالک میں عدم اطمینان اور عدم تیقن کے احساس میں اضافہ ہو گیا، اور سونے کی

بازطلبی جاری رہی۔

ان سب پر طرہ یہ کہ واقعات کے بدبختانہ تسلسل کے باعث حکومت کی دو مزید رپورٹیں شائع ہوئیں جن کے متعلق اب یہ بات تسلیم کی جاتی ہے کہ انھوں نے بے حد و حساب نقصان پہنچایا یعنی مارچ ۱۹۳۱ء میں عُمانی حکومت نے مصارف قومی کے بارے میں ایک کمیٹی مقرر کی جو مے کمیٹی[1] کے نام سے مشہور ہے اور اُس کی رپورٹ ۳۱ جولائی کو شائع ہوئی۔ 257
اس میں میزانیے کے آیندہ گھاٹے کا بہت ہی تاریک خاکہ کھینچا گیا تھا اور خاصکر بے روزگاری کے فنڈ میں سختی کے ساتھ کفایات کو روبہ عمل لانے کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا۔ اس کے فوراً ہی بعد بے روزگاری کی کمیٹی کی درمیانی رپورٹ شائع ہوئی جس میں یہ بتایا گیا تھا کہ بے روزگاری کے فنڈ کو بے اصولی کے ساتھ خرچ کرنے کی وجہ سے اس کی حالت مایوس کن طریقے پر خراب ہوگئی تھی۔ ۱۹۲۱ء سے بے کاری و بے روزگاری نے بہت نازک صورت اختیار کرلی تھی، اور سالانہ کثیر المقدار رقوم بطور قرض لے کر اس فنڈ کو برقرار رکھا جارہا تھا اور چونکہ خوشحالی کے جلد عود کر آنے کی کوئی توقع نہ تھی جس کی بنا پر یہ فنڈ دوبارہ مستحکم بنیاد پر قائم ہوجاتا اس لیے گھاٹوں کا یہ سلسلہ قائم نہیں رکھا جاسکتا تھا۔ اس لحاظ سے سالانہ گھاٹے کو سال بھر کی سرکاری آمدنی سے پورا کرنا ضروری تھا لیکن اس نے میزانیے کی حالت بلاشبہ ہمیشہ سے زیادہ خراب کردی۔

یہ بات اب واضح ہوگئی ہے کہ اگر حکام انگلستان کے اعتبار اور ساکھ کے زوال کا ارادۃً اہتمام کرنے کی خواہش کرتے تو وہ اس سے زیادہ یقینی و قطعی طریقہ اختیار نہ کرسکتے خواہ انھوں نے اس کو محسوس کیا ہو یا نہ کیا ہو اس میں کوئی شبہ نہیں ہوسکتا کہ مدبران سیاست صورت حالات کی نزاکت کو محسوس کرنے سے کلیتہً قاصر رہے۔ اس کے برخلاف وہ یہ خیال کرتے تھے کہ ان تمام رپورٹوں میں انھیں ایک فرقہ وارانہ فائدہ حاصل کرنے کا موقع دکھائی دیتا تھا۔ جنگ کے بعد سے تامین کے لیے جان بڑھ رہا تھا لیکن کساد بازاری کے

---

[1] May Committee

فرانس و امریکہ سے لیے ہوئے دو قرضوں کی مقدار کے ٹھیک مساوی تھی۔ ممکن ہے کہ یہ محض اتفاقی تطابق ہو، لیکن یہ واقعہ اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے کہ اس ہفتے کے تین چار یوم کے اندر ہی برطانوی کابینہ نے معیار طلا کو ترک کرنے کا فیصلہ کیا چنانچہ ۲۱ ستمبر روز دوشنبہ کو اس کے متعلق اخباروں میں اعلان شائع ہو گیا۔ اسی تاریخ پارلیمنٹ میں ضروری قانونی کارروائی عجلت کے ساتھ طے کرلی گئی، شرح بنک بڑھا کر ۶ فی صد مقرر کی گئی اور تمسک صرافہ بند کر دیا گیا۔

معیار طلا سے انگلستان کے ہٹ جانے سے جو اثرات و نتائج رونما ہوئے ان پر بحث کرنے سے پیشتر ان حقیقی اسباب کو زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ضروری ہے جو اُن واقعات کی تہ میں مضمر تھے جنھوں نے اس حالت کی جانب رہبری کی متصل سبب یہ تھا کہ بیرونی لینداروں اور جمع کرنے والوں کو بنک آف انگلینڈ پر اعتماد باقی نہ رہا تھا اس لیے کہ یہ بات واضح ہو چکی تھی کہ ہمارے بیرونی دیندار ہمیں رقم ادا کرنے کی قابلیت نہ رکھتے تھے۔ اس لحاظ سے گو ہمارے داخلی میزانیے کی غیر اطمینان بخش حالت نے اس اعتماد کے زائل کرنے میں بلاشبہ بڑی حد تک حصہ لیا تھا پھر بھی بڑا سبب غیر موافق توازن تجارت تھا جس کا باعث اولاً یہ واقعہ تھا کہ ہماری برآمد میں تخفیف ہو رہی تھی جو زیادہ تر ہمارے ہی بیانات کے مطابق) مصارف پیدائش اور اُجرتوں کی زیادتی سے منسوب کی جاتی تھی، لیکن اس عدم توازن کا اصلی سبب ہماری غیر ظاہر برآمد کی تقلیل تھی اور خاصکر یہ کہ ہمارے بیرونی دیندار سود کی معمولی ادائی سے قاصر تھے اور ممالک غیر میں ہم جو خدمات انجام دے رہے تھے خاصکر جہاز رانی کے سلسلے میں ان سے ہم کو کم آمدنی وصول ہو رہی تھی۔ لیکن ان سب کا باعث براہ راست عالمی معاشی کساد بازاری تھی جو قیمتوں کی مستقل تخفیف کے نتیجے کے طور پر رونما ہوئی تھی۔ اس لحاظ سے تحقیق کا اصلی موضوع و مقصود قیمتوں کی تخفیف کے اسباب ہیں۔ 260

پہلی اساسی چیز یہ ہے کہ جنگ کے بعد کی قیمتوں کی تخفیف کے اس دور پر سابقہ دوروں کے ساتھ مناسب طریقے پر نظر ڈالی جائے شکل ۱ جو صفحہ ۲۱۸ اور صفحہ ۲۱۹ کے مابین ہے اس میں جنگ کے زمانے اور تفریطی اجرا کی

کساد بازاری کے زمانے کی قیمتوں کی سرگزشت درج ہے اور یہ ۱۹۲۲ء کے ختم تک اس لیے بیان کی گئی ہے کہ تھوک فروشی کی قیمتوں کی ادنیٰ ترین سطح اس میں شامل رہے جو فی الحقیقت اس سال ستمبر میں رونما ہوئی۔ شکل ب میں ۱۹۲۲ء سے شروع کر کے قیمتوں کی سرگزشت موجودہ زمانے تک بیان کی گئی ہے۔ پہلی چیز قابل ذکر یہ ہے کہ تخفیف میں تسلسل کا نمایاں فقدان ہے۔ ۱۹۲۲ء کی ادنیٰ سطح بحیثیت مجموعی جنوری ۱۹۲۵ء تک بلند ہوتی گئی اور اس کے بعد ہی مئی ۱۹۲۶ء میں ایک نئی ادنیٰ سطح تک بتدریج تخفیف ہوئی۔ پھر چھے مہینے تک اضافہ ہوتا رہا جس کے بعد اپریل ۱۹۲۷ء تک ایک اور تخفیف ہوئی۔ لیکن اس کے بعد کے دو سال کے زمانے میں قیمتیں اکتوبر ۱۹۲۹ء تک ایک حد تک ثبات پذیر رہیں اور اسی مہینے سے پیمانہ الشان کساد بازاری شروع ہو گئی۔ اور تعجب خیز بات یہ ہے کہ اکتوبر ۱۹۲۹ء میں محکمہ تجارت کا تھوک فروشی کا انڈکس نمبر ستمبر ۱۹۲۲ء کے ۱۵۴ء۳ کے مقابلے میں ۱۳۶ء۱ کا ۱۹۱۳ء کا فی صد تھا، دوسرے الفاظ میں سات سال میں صرف ۱۸ء۲ درجوں یا ۱۲ فی صد کی تخفیف ہوئی۔

یہ سوال نہایت معقولیت کے ساتھ اور بجا طور سے کیا جا سکتا ہے کہ قیمتوں کی ایک حد تک ثبات پذیری کے اس طویل دور کا باعث کیا تھا۔ ۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۲ء کی کساد بازاری کیوں اس وقت تک جاری نہ رہی جب تک قیمتیں ماقبل جنگ سطح پر واپس نہ آ گئیں؟ اس وقت فطری توقع تھی کہ ایسا ہی ہو گا لیکن چونکہ وقت گزرتا گیا اور تخفیف میں بظاہر قطعی طور سے رکاوٹ پیدا ہو گئی اس لیے عام خیال پلٹ کر اس نقطے پر آ گیا کہ ماقبل جنگ زمانے کے مقابلے میں یک ثلث زیادہ کی نئی سطح قائم و ثبات پذیر ہو گئی تھی۔ تاہم کوئی بھی بظاہر اس کی تشریح کرنے کے قابل نہ تھا کہ قیمتیں کیوں ماقبل جنگ سطح سے اوپر رہیں۔ اس کے برخلاف ۱۹۲۹ء سے پیشتر یہ بات ظاہر ہو گئی کہ تمام اشیا کی عالمی رسد زمانۂ جنگ کی قلت کے مقابلے میں کامل طور سے بڑھ کر سابقہ حالت پر آ گئی تھی اور اکثر صورتوں میں ہمیشہ سے بدرجہا زیادہ کثیر المقدار ہو گئی تھی۔ مثلاً لوہے اور فولاد میں اور ان تمام صنعتوں میں جو ان پر منحصر تھیں جنگی ساز و سامان کو سیویلین اغراض میں مبدل کر دیا گیا تھا اور دنیا کی امکانی پیداوار میں

کثیر اضافہ ہوگیا تھا۔ اسی کے ساتھ اصول کے مطابق عمل پیرا ہونے کے نتیجے کے طور پر پیدائش کے مصارف کم ہوگئے تھے اگرچہ مقدار ہمیشہ زیادہ نہ ہوتی تھی۔ زراعت میں سائنس اور کلوں کے استعمال کی ترقی پیداوار کے بڑھانے اور مصارف کے کم کرنے میں بہت بڑا حصہ رکھتی تھی۔ روئی کی کاشت میں بھی اگرچہ سائنس اور کلوں کا استعمال زیادہ کارگر ہوسکا پھر بھی امریکہ کی کثیر المقدار فصل کا شکر گزار ہونا چاہیئے کہ ۱۹۲۶ء میں دنیا کی روئی کی رسد نے دنیا کی انتہائی سابقہ حد کو شکست کر دیا اور اس صورت میں قیمتیں ایک زمانے تک گھٹ کر بلاشبہ ماقبل جنگ سطح پر آ لگیں، لیکن اس کا مکمل نتیجہ یہ ہوا کہ صرف میں عظیم المقدار اضافہ ہوگیا، خاصکر امریکہ میں۔ یہی وہ واقعہ تھا جس نے مصنف کی رہبری ۱۹۲۹ء تک قیمتوں کی ثبات پذیری کے دور کی توجیہ کرنے کی جانب کی۔ ریاستہائے متحدہ کی گرم بازاری ظاہری خوشحالی کی اُس عظیم الشان موج کو ظاہر کر رہی تھی جس میں عظیم المقدار صرف مضمر تھا۔ اکثر لوگ اس وقت بھی پریشان تھے کہ یہ خوشحالی فرضی تھی، یہ کہ صرف میں باقساط اضافہ ہو رہا تھا اور یہ کہ اشیا کی برآمد خاصکر یورپ کے بازاروں کو قرضے دے کر تقریباً جبراً کی جا رہی تھی۔ لیکن اس میں شبہ نہیں کہ اس کے نتیجے کے طور پر صرف میں جو کمی ہوئی وہ امریکہ سے شروع ہوئی اگرچہ بعد میں چل کر وہ بہت جلد کل دنیا میں پھیل گئی۔

ابتداءً نہایت عام طریقے پر یہ استدلال کیا جا رہا تھا کہ قیمتوں کی تخفیف کا باعث وہی اسباب تھے جو اوپر بیان ہوئے، یعنی متعدد شعبوں میں پیدائش کا عظیم المقدار اضافہ اور کثیر المقدار ذخائر کا اجتماع۔ لیکن کم از کم ایک صورت میں یعنی روئی کی حد تک یہ بات قطعاً صادق نہ آتی تھی بلکہ اس کے برخلاف ۱۹۲۶ء کی عظیم الشان پیداوار آیندہ دو موسموں میں کلیتہً جذب ہوگئی تھی اور جولائی ۱۹۲۹ء میں دنیا کی پیش برد مقدار گھٹ کر تقریباً ماقبل جنگ اعداد تک آگئی تھی۔ لیکن گرم بازاری کے خاتمے کے بعد صرف خاصکر امریکہ میں بہت سرعت کے ساتھ گھٹ گیا اور اس کے بعد ہر سال رسد کی پیش برد مقدار استقلال کے ساتھ بڑھتی گئی۔ روئی کی حد تک جو کچھ ہوا وہ یہ تھا کہ تقلیل صرف کے باعث خاصکر امریکہ میں عظیم المقدار ذخائر جمع ہونے شروع ہوئے۔ مختلف اشیا کی قیمتوں کی

261

تخفیف کے مختلف مدارج کی جانچ سے اس واقعے کا پتہ چلا کہ جن اشیا کی قیمتیں سب سے زیادہ سرعت سے کم ہوگئی تھیں وہ وہی تھے جن میں امریکہ دنیا کے مجموعی صرف کے بڑے حصے کا ذمہ دار تھا، اور یہ بات مترشح ہوئی کہ قیمتوں کی تخفیف کا اساسی باعث امریکہ کے کاروبار کی تباہی تھی۔ تمسک صرافے کی قیمتوں کے گھٹنے کے نتیجے کے طور پر (اور امریکہ میں سب طبقے تخمین میں مبتلا تھے) ہر شخص سخت دقت محسوس کرنے لگا اور نہ صرف تعیشات کی حد تک بلکہ اضافی ضروریات کی
262 حد تک بھی صرف کو کم کر دیا گیا۔ طلب کی تحدید کے نتیجے کے طور پر تھوک فروشی کی قیمتوں کی تخفیف بہت جلد تمام دنیا میں پھیل گئی اور ہر جگہ قوتِ خرید کی کمی میں روز افزوں زیادتی ظاہر ہونے لگی، اور اس کا ردعمل پھر دنیا کی قیمتوں پر ہوا۔ اس طرح ۱۹۲۹ء کے بعد سے قیمتوں کی تخفیف کا بڑا سبب طلب کی اچانک تحدید تھی جو امریکہ میں شروع ہوئی تھی اور یہ یہاں کی مصنوعی خوشحالی کے سابقہ دور سے نمایاں تضاد رکھتی تھی۔

لیکن اگر یہ استدلال بھی کیا جائے کہ اکتوبر ۱۹۲۹ء کے بعد قیمتوں کی تخفیف محض جنگ کے بعد کی سرد بازاری کی فطری مگر ایک زمانہ سے ملتوی شدہ تکمیل تھی تو بھی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ اتنی دیر پا کیوں رہی؟ ۱۹۲۰ء کی سرد بازاری انگلستان میں بھی ۱۹۲۲ء میں اپنے آخری نقطے پر پہنچی اور امریکہ میں اس سے بہت پیشتر۔ اگر تجارتی دور کا تصور کچھ اصلیت رکھتا ہے تو سرد بازاری کے فطری نتیجے کے طور پر اس کی بحالی کا رونما ہونا ضروری تھا۔ اس لیے کہ قیمتوں کی تخفیف، صرف میں اضافہ کر دیتی ہے اور گرم بازاری کا دور دورہ از سر نو شروع ہو جاتا ہے۔ پھر اس صورت میں اس بحالی میں اتنی تاخیر و طوالت کیوں واقع ہوئی؟

اگر تھوڑے بہت اسباب لئے جائیں تو ایک سبب یہ تھا کہ تھوک فروشی کی قیمتوں کی تخفیف کی بنا پر خردہ فروشی کی قیمتوں میں کافی تقلیل واقع نہیں ہوئی جس سے زائد صرف کی ترغیب ہوتی۔ جس طرح جنگ کے زمانے میں خردہ فروشی کی قیمتیں تھوک فروشی کی قیمتوں سے بالائی دوڑ میں پیچھے رہیں

اسی طرح ۱۹۲۰ء کے بعد سے تخفیف کی دوڑ میں بھی پیچھے رہیں۔ ۱۹۲۴ء میں تھوک فروشی کی قیمتوں کی بحالی کے متوازی کوئی مماثل تغیر خردہ فروشی کی قیمتوں میں واقع نہیں ہوا، حتیٰ کہ پھر دونوں ایک دوسرے کے خاصے قریب آگئے، لیکن ۱۹۲۴ء سے ۱۹۲۹ء تک تھوک فروشی کی قیمتوں کے مقابلے میں خردہ فروشی کی قیمتیں بہت زیادہ ثبات پذیر رہیں یہاں تک کہ ۱۹۲۹ء کے ختم تک دونوں کے درمیان اچھا خاصا فرق قائم ہوگیا، اور اس کے بعد سے مسلسل بڑھتا ہی چلا گیا لیکن اس تقابل میں حد سے زیادہ کھینچ تان نہ کرنی چاہیے۔ اس لیے کہ اول تو دونوں انڈکس نمبروں میں جو اشیا شامل کیے گئے ہیں وہ ایک ہی اور مقررہ نہیں ہیں اور خاصکر تھوک فروشی کی قیمتوں کے انڈکس نمبروں میں اشیائے خام کا غلبہ ہے۔ علاوہ ازیں خردہ فروشی کا انڈکس نمبر جو فی الحقیقت مزدوروں کے طبقے کے مصارف زندگی کا اشاریہ ہے، اس میں لگان جیسی مدیں بھی شامل ہیں جو تھوک فروشی کے انڈکس نمبر میں قطعاً نہیں ہیں۔ لیکن 263
اختلاف کا بڑا سبب محض یہ واقعہ ہے کہ ایک تھوک فروشی کی قیمت ہے اور دوسری خردہ فروشی کی قیمت تھوک فروشی کی قیمتیں خاصکر اشیائے خام کی حد تک زیادہ تر عالمی قیمتیں ہیں جو کم و بیش آزاد مقابلے کے تابع ہیں۔ اس کے برخلاف خردہ فروشی کی قیمتوں میں پیدائش اور تقسیم کے مصارف بشکل اجرت کا بہت بڑا عنصر شامل ہے اور چونکہ جنگ کے بعد اجرتوں میں لازماً سستی کے ساتھ تخفیف ہوئی تھی اس لیے یہ مصارف مقابلۃً اعلیٰ رہے اور انھوں نے مکمل اشیا کی قیمت میں ویسی سریع تخفیف نہ ہونے دی جیسی کہ اشیائے خام کی قیمت میں ہو رہی تھی۔

لیکن ایک اور بھی عامل ہے جس کا تذکرہ ضروری ہے۔ ایک جانب تہذیب و شائستگی کی ترقی کے باعث جس کے معنی اکثر صورتوں میں اتحاد کے ذریعے سے اجارے اور تعین قیمت کے تھے اور دوسری جانب روز افزوں بڑھنے والے تامینی محصولوں کے باعث خردہ فروشی کی قیمتوں میں اسی تیزی کے ساتھ تخفیف نہیں ہو رہی تھی جیسی کہ اشیائے خام کے مصارف کی تخفیف کے مدنظر ممکن تھی۔ واقعہ یہ ہے کہ صناعوں اور بیچ والوں دونوں کی

زمانۂ جنگ کی نفسیاتی کیفیت حد سے زیادہ دیر تک قائم رہی۔ وہ اعلیٰ قیمتیں وصول کرنے کے عادی ہو چکے تھے اور ان میں پھر کمی کرنے سے انھیں نفرت تھی۔ کم کردہ قیمتوں پر بڑا بیوپار کرنے کے مقابلے میں اعلیٰ قیمتوں پر محدود مقدار میں تجارت کرنا زیادہ آسان تھا۔ صرف خانگی تاجر ہی قیمتوں کی تخفیف کی مقاومت نہیں کر رہے تھے بلکہ ہمہ اقسام کے مامون پیشے اس اصول پر کاربند تھے۔ ریلوے کمپنیوں نے ہر اس تجویز کی مخالفت کی جس میں ماقبل جنگ معیار یعنی فی میل ایک پنس کی مسافروں کی شرح کی جانب عود کرنے کا تہیہ کیا گیا تھا، اگرچہ بعد میں چل کر وہ مخصوص روزمرہ کی شرحوں اور تفریحی ٹکٹوں وغیرہ میں ہمہ قسم کی رعایتیں کرنے پر مجبور ہو گئے تھے جبکہ سڑک کے مقابلے نے انھیں آمدورفت کی انحطاط پذیری کے دباؤ کو محسوس کرانا شروع کیا۔ جہازراں کمپنیوں نے بھی متعدد کانفرنسوں یا تعین قیمت کے انتظامات کے ذریعے سے اپنے درجۂ اول کے مسافروں کی شرحوں کو ماقبل جنگ سطح سے بہت اوپر رکھا، اگرچہ انھیں دوسری شرحیں بھی جاری کرنی پڑیں مثلاً کیبن کے کرایہ کے جہازاور مسافروں کے تیسرے درجے کے جہاز جس میں آمدورفت کے بڑے حصے کی جسلد کھپت ہو گئی۔ حکومت نے بھی یہی اصول اختیار کیا، اس لیے کہ ۱۹۳۳ء میں بھی اس نے ماقبل جنگ ایک پنس کے ڈاک کے محصول کی جانب عود نہیں کیا تھا، اگرچہ یہ بات تسلیم کر لی گئی کہ ڈاکخانے کو اتنا منافعہ وصول ہو رہا تھا جو فرق کو زائل کرنے کے لیے کافی سے زیادہ تھا۔ اس طرح قیمتوں کو گھٹا کر زمانے کے سخت گیر
264 حالات کا مقابلہ کرنے کے بجائے کاسبوں یا پیدا کنندوں کا رجحان ہر جگہ بظاہر یہ معلوم ہوتا تھا کہ کساد بازاری کے مقابلے میں قیمتوں کو مصنوعی طریقے پر برقرار رکھنے کی کوشش کی جائے، مثلاً حکومت برازیل نے قہوے کی قیمت کو بازار میں برقرار رکھنے کے لیے بطور ثالثی ایک تجویز پر عمل کیا جس کی رو سے ایک فنڈ قائم کیا گیا تھا جس میں سے پیدا کرنے والوں کی امداد بہ شکل قرض کیجاتی تھی، علیٰ ہذا ریاستہائے متحدہ امریکہ کی وفاقی مجلس زرعی نے اور حکومت مصر نے اپنی فصلوں کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کے لیے اسی قسم کی کوششیں کیں۔ دنیا کے

پیدا کرنے والوں میں معاہدے کے ذریعے سے پیدائش کی تحدید کر کے قیمتوں کے برقرار رکھنے کے تجاویز ہی بظاہر واحد سبیل البدل معلوم ہوتے تھے، اور اس قسم کے تجاویز کو مختلف مدارج کامیابی کے ساتھ ٹین، ربر، تانبے، چائے وغیرہ میں روبہ عمل لانے کی کوشش کی گئی۔ آخر میں قومیت کی روز افزوں ترقی ہر طریقے سے آزاد مقابلے میں مداخلت کر رہی تھی، مثلاً اکثر ممالک یہ کوشش کر رہے تھے کہ مسافروں کی نقل و حرکت کو اپنے ہی بندرگاہوں اور جہازوں تک محدود رکھیں اور انھیں عام طور سے مالی امداد دینی پڑتی تھی) اور قومی صنعتوں کے اغراض میں درآمد پر تامینی محصول کی اونچی اونچی دیواریں قائم کریں۔

لیکن بدقسمتی سے بجائے اس کے کہ حکومتیں اور دنیا کے ماہرین اپنی توجہ اس مصیبت کے اسباب کے علاج کی جانب مبذول کرتے، ان کی توجہ قیمتوں کی تخفیف کے اسباب اور خاصکر اہلی اسباب سے متعلق دوسرے نظریوں نے اپنی جانب پھیر لی۔ چنانچہ ایک کتاب "تخفیف قیمت"[1] نامی میں جو ۱۹۳۰ء کے موسم خزاں میں لکھی گئی تھی مصنف نے ان نظریوں کی بحث اس حد تک کی ہے جس حد تک کہ اس زمانے میں انھوں نے ترقی کی تھی، لیکن اس کے بعد بہت سے ایسے واقعات ظہور پذیر ہوئے ہیں جو اگرچہ عام نتائج پر اثر انداز نہیں ہوئے پھر بھی انھوں نے صورت حالات کو واضح تر بنا دیا ہے۔ کل استدلال کی بنیاد یہ تھی کہ دنیا کی سونے کی رسد میں اتنی کافی تیزی سے اضافہ نہیں ہو رہا تھا جس کی بنا پر نظریہ مقدار زر کے مطابق دنیا کی قیمتوں کی عام سطح برقرار رہ سکتی اور یہ کہ موجود الوقت رسد کی تقسیم بہت بری طرح ہوئی تھی جس کی وجہ یہ تھی کہ فرانس اور امریکہ میں سونے کے کثیر المقدار ذخائر کار انکاز عمل میں آیا تھا اور خاصکر امریکہ میں یہ ذخائر منفعت بخش نہ رہے تھے، چنانچہ قیمتوں کے اضافے کی شکل میں ان کا فطری نتیجہ ظاہر نہ ہو سکا۔ استدلال یہ تھا کہ سونے کی یہ قلت محض تفریطی اجرا کے اس اصول کا سلسلہ قائم کر رہی تھی اور اس کو شدید بنا رہی تھی جسے جیسا کہ کہا جا چکا ہے انگلستان کو ۱۹۲۵ء میں معیار طلا پر لوٹا لانے کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔

پہلی اساسی چیز یہ ہے کہ اس مسئلے کے بارے میں واقعات پر واضح نظر ڈالی جائے۔

---

[1] Fall of Prices

ضمیمہ کی جدول (۱) میں دنیا کی سونے کی پیداوار کی سرگزشت درج ہے، اس کے
265 برعکس جدول (۲۰) میں ۱۹۲۰ء کے بعد سے دنیا کے مرکزی بنکوں کے سونے کے
ذخائر کا حال ہے اور ۱۹۱۳ء کے اعداد کو مقابلے کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ ان
دونوں جدولوں کے مقابلے سے ایک اہم نکتہ فوراً رونما ہوتا ہے۔ سونے کے
ذخائر کا اضافہ جن کو دنیا کی سونے کی ظاہر رسد کے نام سے موسوم کیا جا سکتا ہے ۱۹۱۳ء کے
بعد سے اس زمانے کی دنیا کی مجموعی سونے کی پیداوار کے بظاہر تقریباً مساوی ہے۔ اس لیے کہ
۱۹۱۳ء اور ۱۹۳۲ء کے مابین دنیا کی مجموعی سونے کی پیداوار کا اندازہ ۱۵۷۶ ملین پاؤنڈ تھا جو
شرح مساوات سے تقریباً ۵۰۰ ملین ڈالر کے مساوی ہے۔ اس کے برخلاف ۱۹۱۳ء تا ۱۹۳۲ء میں
مرکزی بنکوں کے سونے ذخائر میں تقریباً ۷۰۰ ملین ڈالر کا اضافہ ہوا۔ یہ بدیہی طور سے بالکل
غیر اغلب ہے۔ اس لیے کہ ہم جانتے ہیں کہ دنیا کی سالانہ سونے کی پیداوار کا
بڑا حصہ صنعتی کاموں میں استعمال ہوتا ہے یا اندوختوں میں چلا جاتا ہے جنگ سے
پیشتر اندازہ کیا گیا تھا کہ اس کی مقدار مجموعی مقدار کا تقریباً ایک ثلث تھی۔
لیکن جدول (۲۰) کو جانچنے سے ایک بدیہی تشریح فوراً رونما ہوتی ہے۔ صرف
انگلستان میں ۱۹۱۳ء میں سونے کے ذخائر کی مقدار محض ۱۷۰ ملین ڈالر تھی ۱۹۲۰ء میں
وہ بظاہر بڑھ کر ۷۶۳ ملین ڈالر ہو گئی تھی اور یہ مقدار اس کے بعد سے تقریباً
برابر برقرار رہی ہے۔ لیکن یہ بخوبی معلوم ہے کہ ظاہری تبدیلی کلیتہً فرضی اور
خیالی ہے اور اس کی توجیہ یہ ہے کہ جنگ کے زمانے میں ملک میں جتنا سونا
رائج تھا اور جس کی مقدار کا اندازہ مکن لِف کمیٹی نے تقریباً بقدر ۲۳۰ ملین پاونڈ
کیا تھا وہ تقریباً سب کا سب بنک آف انگلینڈ میں کھنچ کر چلا گیا تھا۔ اس میں
شبہ نہیں کہ اسی کے مماثل تبدیلی متعدد دوسرے ممالک میں واقع ہوئی ہے
مثلاً آسٹریلیا میں، اس لیے کہ تمام تر میلان ہر ملک کے سونے کو حتی الامکان
مرکزی بنک میں مرتکز کرنے کا رہا ہے اور یہ اصول کاربہت ہی موثر رہا ہے۔
دوسرے دلچسپ تغیرات بھی جدول (۲۰) میں ظاہر کیے گئے ہیں مثلاً ۱۹۱۳ء
اور ۱۹۲۰ء کے مابین بعض ایسے ممالک کے سونے کے ذخائر میں عظیم المقدار
اضافہ جو جنگ کے زمانے میں یا تو فی الحقیقت غیر جانبدار تھے جیسے ہسپانیہ،

ہالینڈ اور سوئٹزرلینڈ یا جو جنگ سے فائدہ حاصل کرنے کی اسی طرح قابلیت رکھتے تھے جیسی کہ غیر جانبدار ملک رکھتے تھے مثلاً ارجنٹائن اور جاپان۔

لیکن موجودہ نقطۂ نظر سے جدول (۲۰) کی اصلی دلچسپی متعاقب سالوں میں ہے۔ ریاستہائے متحدہ نے ۱۹۱۳ء تا ۱۹۲۴ء میں اپنے سونے کے ذخیرے کی مقدار دگنی کر لی۔ لیکن اضافہ کا سلسلہ مستقل طور سے ۱۹۲۴ء تک جاری رہا اور 266
۱۹۲۹ء تک کچھ تخفیف کے بعد پھر اضافہ ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ ۱۹۳۲ء کے ختم پر ان کے قبضے میں دنیا کی مجموعی مقدار کی یک ثلث مقدار تھی لیکن اس سے بھی زیادہ تعجب خیز فرانس کی مثال ہے جس کے سونے کے ذخائر تقریباً ماقبل جنگ سطح پر ۱۹۲۶ء تک رہے اور اس کے بعد ان میں سرعت کے ساتھ اضافہ شروع ہوا، یہاں تک کہ ۱۹۳۲ء کے ختم تک اس کے پاس جو مقدار تھی وہ امریکہ کے مقابلے میں بہت زیادہ کم نہ تھی۔ اس طرح اس تاریخ تک امریکہ اور فرانس کے پاس ملا کر دنیا کے مجموعے کا ۶۱ فی صد سونا موجود تھا۔ لیکن عجیب و غریب واقعہ یہ ہے کہ گو امریکہ اور فرانس ان عظیم المقدار ذخائر کے اندوختے کر رہے تھے، بقیہ دنیا نے ۱۹۲۹ء تک کسی تخفیف کو محسوس کرنا شروع نہیں کیا تھا۔ اور اس کے بعد سے ان کا خالص گھاٹا ریاستہائے متحدہ اور فرانس کے نفع سے بدرجہا زیادہ رہا۔

لیکن ۱۹۲۸ء کے بعد سے ان دوسرے ملکوں میں سے بعض کے تفصیلات میں نمایاں تبدیلیاں ہوتی رہیں۔ جرمنی، ارجنٹائن، جاپان اور آسٹریلیا میں سخت گھاٹا رہا۔ اس کے برخلاف برازیل کے سونے کے ذخائر کلیتہً غائب ہو گئے۔ لیکن روس، بلجیم، سوئٹزرلینڈ اور ہالینڈ کے ذخائر میں بہت کثیر اضافہ ہوا۔ روس بلاشبہ کلیتہً مستثنیٰ ہے۔ اس کو محض اس چیز کا قلیل جزو واپس مل رہا ہے جو اس کے ہاتھ سے جنگ کے زمانے میں اور اس کے بعد جاتا رہا اور وہ اب بھی ماقبل جنگ اعداد سے بہت نیچے ہے۔ لیکن بلجیم، ہالینڈ اور سوئٹزرلینڈ میں جو نقل ہوئی وہ ۱۹۳۱ء میں انگلستان کے معیار طلا سے ہٹ جانے کا نتیجہ ہے۔ اس اثناء میں قابل غور معاملہ یہ ہے کہ دنیا کے سونے کے ذخائر میں من حیث المجموع

پورے زمانے میں معقول اضافہ ہوتا رہا ہے اور ریاستہائے متحدہ اور فرانس کو حذف کر کے بھی اعداد سے اس کی قطعاً کوئی شہادت نہیں ملتی کہ بقیہ دنیا میں سونے کے ذخائر کی کوئی معتد بہ تخفیف ہوئی۔ واقعہ یہ ہے کہ جنگ کے بعد سے دنیا بحیثیت مجموعی کسی حد تک انگلستان کے اصولِ کار کی اتباع کر رہی تھی کہ اپنے سونے کے ذخائر کو مرکزی بنکوں میں مرتکز کر رہی تھی جو ان ذخائر کے لیے سب سے مناسب جگہ ہے۔ اس لیے کہ سونے کا صحیح اور مناسب استعمال اس کا رواج نہیں ہے بلکہ یہ کہ وہ اعتبار کی رفیع الشان عمارت کی بنیاد کے طور پر کام میں لائی جائے جو دنیا کے زر کی انتہا رسد ہے۔

اس لحاظ سے اس سے نظریے کی دوسری شکل رونما ہوتی ہے کہ دنیا میں اس مفہوم میں حد سے زیادہ کم "زر" تھا کہ اعتبار کی رسد کی تحدید رفع انتفاخ کے کسی اصول کے مطابق کی گئی تھی اور یہ کہ یہی قیمتوں کی تخفیف کا سبب تھا۔ اس 267
مسئلے کے بارے میں کل دنیا کے واقعات سے عددی لحاظ سے بحث کرنا بلاشبہ غیر ممکن ہے لیکن اسی ملک کے تجربے کے لحاظ سے عام مسئلے پر کچھ روشنی ڈالی جا سکتی ہے چونکہ ہمارا بنک کاری کا نظام اعلیٰ درجے کا مرکزی نظام ہے لہٰذا اعتبار کی مقدار کے متعلق اعداد و شمار حاصل کرنا آسان ہے، چنانچہ اگر بنک کی امانتوں کی مقدار کو حساب گھر کے اعداد کے ساتھ لیا جائے تو اعتبار کی رسد کے متعلق اچھا اشاریہ حاصل ہوتا ہے۔

سلطنت متحدہ کے متعلق واقعات جدول (۹) میں ملیں گے جس میں لندن کے حساب گھر بنکوں کے ماہانہ اعداد ۱۹۱۹ء سے ملیں گے اور ۱۹۲۲ء کے بعد کے نتائج نقشہ (ب) میں ظاہر کیے گئے ہیں۔ امانتوں کی مقدار کے متعلق اس نقشے کی شہادت ناقابل اعتراض ہے۔ رفع انتفاخ کی سرد بازاری کے بعد کا نشیبی نقطہ مارچ ۱۹۲۳ء میں ظاہر ہوا۔ لیکن اس کے بعد سے ۱۹۲۵ء کے ختم تک موسمی تغیرات کا لحاظ کرتے ہوئے خط تقریباً استوار اور سیدھا رہا۔ ۱۹۲۶ء کے نصف اول میں معمولی موسمی نشیب کسی قدر حد سے زیادہ متجاوز ہو گیا، لیکن اس کے بعد سے آگے تک یعنی ۱۹۲۹ء کے آغاز تک مستقل اضافہ ہوتا رہا۔ ۱۹۲۹ء کے ختم پر جو معمولی عروج ہوا وہ قطعی طور سے معمول سے کم تھا اور موسم بہار میں جو زوال ہوا وہ بہت نمایاں تھا۔ لیکن اس سال کے ختم پر ایک اونچی اونچی حد قائم ہو گئی۔

۱۹۳۱ء میں موسم گرمائی آفت کے نتیجے کے طور پر امانتوں میں بھاری تخفیف ہوئی اور اس کا سلسلہ تقریباً فروری ۱۹۳۲ء تک یکساں رہا لیکن اس کے بعد امانتوں میں نہایت غیر معمولی اور عدیم النظیر اضافہ شروع ہوا اور ۱۹۳۲ء کے ختم تک مجموعی مقدار بڑھ کر ایسے عدد تک پہنچ گئی تھی جس نے تمام سابقہ انتہائی حدوں کو (خواہ وہ مابعد جنگ انتفاخ کے دور ہی میں کیوں نہ رہے ہوں) پوری طرح توڑ دیا۔

یہ بتانے کے لیے کہ آیا امانتوں کے ان تغیرات اور ارزاں یا گراں زر کے اصول کے مابین کوئی تعلق تھا نقشہ (ب) میں ایک خط کا اضافہ کر دیا گیا ہے جس سے شرح بنک ظاہر ہوتی ہے۔ ۱۹۲۲ء میں شرح بنک گھٹ کر ۳ فی صد ہو گئی، چنانچہ اس سال امانتوں میں تخفیف ہوتی رہی۔ ۱۹۲۵ء میں جبکہ شرح بنک ایک زمانے تک بڑھا کر ۵ فی صد اس خیال سے مقرر کی گئی کہ ہمارے معیار طلا پر لوٹ آنے میں سہولت ہو تو امانتوں پر جو واحد ظاہر اثر پڑا وہ یہ تھا کہ جون اور دسمبر کی انتہائی مقداروں کے خط مسطح رہے۔ ۱۹۲۹ء میں جبکہ سال کے بیشتر حصے میں شرح بنک ۵ فی صد تھی اور وال اسٹریٹ کی شکست کے زمانے کے ادھر اور ادھر قلیل مدت کے لیے ۶ فی صد تھی، پھر جو واحد اثر رونما ہوا وہ یہ تھا کہ جون اور دسمبر کی انتہائی مقداروں کا خط مسطح ہو گیا۔ لیکن ۱۹۳۰ء میں جب شرح بنک پھر گھٹا کر ۳ فی صد کر دی گئی تو امانتوں نے اپنی معمولی رفتار کو ۱۹۳۱ء کی آفت تک از سر نو قائم رکھا۔ لیکن اس آفت کے ختم ہو جانے کے بعد شرح بنک میں استقلال کے ساتھ بتدریج کمی کر کے اس کو ۲ فی صد تک مقرر کیا گیا اور امانتیں جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے نئی انتہائی حدوں پر پہنچ گئیں۔ 268

۱۹۳۲ء کے ان تغیرات نے ایک جانب ارزاں زر اور امانتوں کے اضافے اور دوسری جانب قیمتوں کے مابین کسی تعلق کے کامل فقدان کو ثابت کرنے میں غالباً کسی دوسری چیز سے زیادہ کام کیا ہے۔ محکمۂ تجارت کے تھوک فروشی کے انڈکس نمبروں کا خط نقشہ (ب) میں ظاہر کیا گیا ہے اور یہ بالکل بدیہی ہے کہ تھوک فروشی کی قیمتوں اور امانتوں کی مقدار کے مابین کوئی تناسب یا تعلق نہیں ہے۔ قیمتوں کے قلیل المدت اضافے کے قطع نظر جو ستمبر ۱۹۳۱ء میں انگلستان کے معیار طلا سے

ہٹ جانے کے بعد رونما ہوا، تھوک فروشی کی قیمتوں میں اکتوبر ۱۹۲۹ء سے بتدریج تخفیف ہو رہی ہے۔ ۱۹۳۲ء کے ختم پر یہ عملاً ماقبل جنگ سطح پر واپس آگئی تھیں اور امانتوں کی مقدار اس سے زیادہ ہو گئی تھی جتنی کہ کبھی تاریخ میں تھی!

لیکن بنک کاری کے اعداد سے اس استدلال کا اور بھی زیادہ قطعی ثبوت اس طریقے کی جانچ سے حاصل کرنا ممکن ہے جس کے ذریعے سے بنک اپنی امانتیں اپنے متعدد قرضگیر اہل معاملہ میں تقسیم کرتے ہیں، جیسا کہ باب (۱۰) میں بیان کیا گیا۔ اور ۱۹۳۲ء میں جو غیر معمولی تغیر و تبدل رونما ہوا اس کو ظاہر کرنے کے لیے یہ اعداد نقشہ ج میں پیش کیے گئے ہیں۔ اس شکل کی اساسی خصوصیت بنک کے زر کے شغل کے تین اہم ذرائع یعنی قرضے، بٹے اور مشاغل اصل کی اضافی حیثیت کا تغیر ہے، چنانچہ ایک نظر میں معلوم ہو جائے گا کہ ۱۹۳۱ء کے آخری حصے میں اور اس سے بھی زیادہ نمایاں طریقے پر ۱۹۳۲ء میں معمولی حالت کا ملاً برعکس ہو گئی ہے۔ قرضوں کی مقدار عدیم النظیر طریقے پر گھٹ گئی ہے۔ اس کے برخلاف بٹوں اور مشاغل اصل کی مقدار میں تقریباً ٹھیک متناسب طریقے پر اضافہ ہوا ہے۔ اس کی توجیہ بدیہی ہے۔ بنک اپنے زر کو قرضوں میں استعمال کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، اس لیے کہ ان کو ایسی
269 صورت میں اچھی شرح سود ملتی ہے لیکن ۱۹۲۹ء کے بعد سے ان کو ایسا کرنے میں روز افزوں زیادہ مشکلات محسوس ہوئے اس لیے کہ کساد بازاری کے باعث ہر قسم کے تاجر مستعار زر منفعت بخش طریقے پر استعمال کرنے کے قابل نہیں رہے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ ارزاں زر اچھی تجارت کا محض ایک عامل ہے۔ دوسرا عامل اعتماد ہے جس کا مدار انجام کار قیمتوں اور امکانی منافعہ کے اضافہ کی امید پر ہے۔ لیکن جیسا کہ بعد میں چل کر معلوم ہوگا اس اعتماد کا کامل فقدان کساد بازاری کے آخری مرحلوں کی نمایاں خصوصیت رہی ہے۔

لیکن اس پر بحث شروع کرنے سے پیشتر ہمیں حساب گھر کے اعداد پر نظر ڈالنی چاہیے جو نقشہ ب میں سہ ماہی کے حساب سے ظاہر کیے گئے ہیں۔ یہ معلوم ہوگا کہ وہ تھوک فروشی کی قیمتوں کے تغیر سے بہت زیادہ قریبی تطابق رکھتے ہیں۔ ۱۹۲۳ء تا مارچ ۱۹۳۰ء کے درمیانی زمانے میں وہ

بحیثیت مجموعی بتدریج بڑھ رہے تھے، اگرچہ تغیرات ہوئے تو وہ محض معمولی موسمی تھے۔ لیکن اس تاریخ سے عظیم المقدار تخفیف شروع ہوئی جو ۱۹۳۱ء کے ختم تک برابر جاری رہی اور ۱۹۳۲ء میں جا کر محض جزوی طور سے یہ اپنی سابقہ حالت پر از سر نو آئے۔ لیکن حساب گھر کے اعداد و شمار کے پورے اثر و نتیجے کو ظاہر کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ مختلف حساب گھروں مثلاً ٹاؤن کلیرنگ، میٹروپولی ٹن کلیرنگ، کنٹری کلیرنگ اور پروونشل کلیرنگ میں تفریق کر دی جائے کیونکہ ان سب کے حسابات کا ایک ہی مجموعہ لیا گیا ہے جیسا کہ باب ۹ میں بیان کیا گیا اور حالیہ سالوں کے تفصیلات جدول (۶) ب میں بیان کر دیے گئے ہیں۔ اس سے معلوم ہوگا کہ مجموعے کی تخفیف کا باعث کلیدیتہ ٹاؤن کلیرنگ کے اعداد کی تخفیف کو قرار دیا گیا ہے جو شہر کی بڑی کاروباری کوٹھیوں کے مالی معاملات کی نمایندگی کرتے ہیں اور جن کی مقدار کا انحصار بڑی حد تک قرضوں کی مقدار اور حصص کے اجرا وغیرہ پر ہے۔ کنٹری کلیرنگ، میٹروپولی ٹن کلیرنگ اور پروونشل کلیرنگ کے اعداد اس معمولی تجارتی و صنعتی کاروبار کی مقدار کا بدرجہا بہتر اشاریہ ہیں جو کل ملک میں انجام دیا جا رہا ہے، اور یہ معلوم ہوگا کہ ان میں بہت کم تخفیف ظاہر ہوئی۔

چونکہ بظاہر اب بھی کچھ ایسے لوگ ہیں جو یہ خیال کرتے ہیں کہ زر کے معنی آلۂ مبادلہ کے ہیں اور یہ کہ حد سے زیادہ تقلیل زر کی شکایت کا تعلق ایک حد تک اجرائے زر کا غذی کی تخدید سے تھا جو بلاشبہ ہمارے زر کا بیشتر حصہ تھا، لہٰذا اس بارے میں بھی واقعات کو جانچنا ضروری ہے۔

حال حال تک ہمیں زر کی مقدار کے متعلق بجز زر کاغذی کی مقدار کے بہت کم معلومات حاصل تھیں، لیکن ۱۹۳۲ء میں بنک آف انگلینڈ نے ملک کے کل زر کا عددی تخمینہ شائع کرنا شروع کیا اور یہ اعداد ۱۹۲۱ء سے شروع کیے گئے ہیں[1] اس لحاظ سے اس کل دور میں مجموعی زر کی نقل کا سراغ 270

[1] دیکھو جدول (۵) ب۔

لگانا ممکن ہے، چنانچہ نقشہ ب میں ان اعداد کو ظاہر کرنے کے لیے ایک خط کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ واقعات بہت ہی صاف ہیں۔ ۱۹۲۱ء اور ۱۹۲۲ء میں خالص گردش کی مقدار میں تخفیف ہوتی رہی، لیکن ۱۹۲۳ء اور ۱۹۲۴ء میں وہ ثبات پذیر رہی۔ اس کے بعد سے وہ بہت دھیمی رفتار کے ساتھ گھٹتے گھٹتے فروری ۱۹۳۳ء میں فی الحقیقت سب سے نشیبی نقطے پر پہنچی اور پھر اس تاریخ سے اس میں بہت دھیما اضافہ شروع ہوا۔ یہ امر تعجب خیز ہے کہ ۱۹۳۳ء کے بعد سے اس میں مزید تخفیف کیوں نہ ہوئی۔ اس لیے کہ اس زمانے میں خرد و فروشی کی قیمتوں میں خاصی تخفیف ہوئی، اور اس سے یہ توقع ہو سکتی تھی کہ زر کی طلب میں بھی کمی ہو جائے گی۔ لیکن اصل معاملہ یہ ہے کہ زر کی اس سرگزشت یا زر کی تحدید کی اس مفہوم میں قطعاً کوئی علامت ہی نہیں ہے۔

مذکورۂ بالا بحث سے یہ بات واضح ہو جانی چاہیے کہ یہ دعویٰ بالکل بے بنیاد ہے کہ کم از کم اس ملک میں زر کی حد سے زیادہ قلت اس لفظ کے کسی مفہوم میں بھی رہی۔ جنگ کے بعد سے ہمارے نظام میں جو عظیم الشان تغیر واقع ہوا وہ یہ ہے کہ ہم سونے کی کمتر مقدار سے کام چلانے کا سبق سیکھتے رہے۔ جیسا کہ باب ۱۰ میں بیان کیا جا چکا ہے ہم نے یہ بات غالباً اتفاقی طور پر سیکھی کہ سونے کا بدرجہا کم فی صد ہمارے کاغذی زر کو رواج دینے کی بنیاد کے طور پر کفایت ہو سکتا ہے، اور ہم اپنے محفوظ سرمایۂ طلا سے اس مفہوم میں زیادہ سہولت سے کام لینے کے اصول کی جانب بھی گامزن ہو رہے ہیں کہ شرح بنک کے اضافے وغیرہ جیسے سخت تدابیر اختیار کیے بغیر جن کے متعلق سابق میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ سونے کی تامین کے لیے ضروری ہیں، ہم بعض اوقات سونے کی عظیم المقدار کمی کو برداشت کر سکتے ہیں۔ مصیبت یہ ہے کہ دوسرے ممالک اس معاملے میں ہماری مثال کی تقلید کرنے کے قابل نہ تھے یا اس کو انھوں نے مناسب نہیں تصور کیا۔ چنانچہ سب سے بڑے خاطی بلاشبہ فرانس اور امریکہ ہیں۔ لیکن یہ امر کہ ان ملکوں میں سونے کے کثیر المقدار ذخائر کا اجتماع کسی اصول کار کے تحت عمل میں

271 نہیں آیا بلکہ ان ملکوں کی اس حیثیت کی بنا پر ناگزیر طور سے رونما ہوا ہے کہ وہ دُنیا کے بڑے لینیدار ملک ہیں اس قدر عام طور سے تسلیم نہیں کیا جاتا۔ واقعہ تو یہ ہے کہ امریکہ بالعموم لینیدار ملک کی حیثیت رکھتا ہے۔ چنانچہ اس کی اظاہر برآمد کی زیادتی بہت خاصی ہوتی ہے لیکن اس زیادتی میں اس کے وصول طلب قرضوں کی ادائی کے سلسلے میں آجکل اور بھی اضافہ ہو گیا ہے علٰیہذا فرانس بھی دوسرے ملکوں کا لینیدار رہا لیکن موجودہ زمانے میں فرانس میں سونے کی عظیم المقدار درآمد کا سبب دوسری ہی سمت میں ملتا ہے ۱۹۲۶ء میں فرانس نے اپنے زر کو ثبات پذیر بنایا، لیکن اس سے بیشتر اس پر بہت برا وقت گذرا تھا، چنانچہ ۱۹۲۶ء میں فرانک کی قیمت گھٹ کر فی پاؤنڈ ۲۵۰ فرانک تک ہو گئی تھی، اور بظاہر اس کا خطرہ معلوم ہوتا تھا کہ فرانس بھی افراط اجرا کی حد تک جرمنی کے قدم بہ قدم چلے گا۔ اس زمانے میں فطری طور سے فرانک باہر چلا گیا اور بیرونی ممالک میں خاصکر انگلستان اور فرانس میں کثیر المقدار رقوم لگا دیے گئے۔ ۱۹۲۸ء کے بعد کل زر تو واپس نہ ہو سکا لیکن اس کا بیشتر حصہ واپس حاصل کر لیا گیا۔ یہ نقل اس لیے ناگزیر تھی کہ فرانسیسی مالکوں کو اس پر بہت قلیل آمدنی وصول ہو رہی تھی، رہی یہ بات کہ بیرونی ممالک میں اس کا کچھ حصہ ۱۹۳۱ء میں بھی پڑا ہوا تھا تو اس کا سبب زیادہ تر یہ واقعہ تھا کہ فرانسیسی مالکوں کو اس سے اپنے وطن ہی میں کام لینے میں منفعت نہ تھی۔

لیکن اس امر پر حد سے زیادہ زور نہیں دیا جا سکتا کہ امریکہ اور فرانس میں سونے کے یہ عظیم المقدار ذخائر حقیقی مصیبت کا سبب ہونے کے بجائے اس کی علامت تھے۔ امریکہ کی مثال لیجیے تو معلوم ہوگا کہ اس کے دیندار امریکہ کو اشیا کی شکل میں قرضے کی ادائی اس لیے نہ کر سکتے تھے کہ تامینی محصولوں میں اضافہ ہو گیا تھا اور ۱۹۳۱ء میں ہالے اسموٹ محصول نے ان کی سطح کو اور بھی زیادہ بلند کر دیا تھا۔ ۱۹۳۱ء میں انگلستان نے معیار طلا کو ترک کیا جس کی وجہ سے تجارتی بندشوں کی ایک نئی لہر شروع ہو چکی تھی جو زیادہ تر مبادلات کی بدنظمی پر مبنی تھی، لیکن اس کے بیشتر ہی سے تقریباً ہر ملک تامینی محصولوں کی دیواریں روز بروز زیادہ اونچی کرتا جا رہا تھا اور زیادہ سے زیادہ

تجارتی بندشیں عائد کر رہا تھا۔ بعض بندشیں مدافعانہ نوعیت رکھتی تھیں جو اپنے توازن تجارت کو محفوظ کرنے کے لیے ملک عائد کر رہے تھے اور بعض محض اس چیز کا نتیجہ تھیں جس کو مجنونانہ قوم پرستی کہا جاسکتا ہے۔ غرض نتیجہ یہ ہوا کہ سب قرضدار ممالک اپنے قرضوں کو فطری طریقے سے اشیا اور خدمات کی شکل میں ادا کرنے میں روز افزوں زیادہ دقت محسوس کر رہے تھے اور صرف یہ سبیل البدل باقی رہ گیا تھا کہ یا تو سونے کی شکل میں ادائی کریں یا مزید قرضہ حاصل کریں۔ ۱۹۲۸ء تک امریکہ آزادی کے ساتھ قرضہ دے رہا تھا، لیکن جیسا کہ بیان ہو چکا ہے، ۱۹۲۹ء میں نسک صرافے کی گرم بازاری کی وجہ سے اس کو روک دیا گیا۔ جنگ سے پیشتر فرانس بڑا لیندار اور قرضہ دینے والا ملک بن گیا تھا، لیکن جنگ کے بعد سے اس کو یہ حیثیت اس اعتبار سے از سر نو حاصل نہیں ہوئی۔ ۱۹۲۸ء میں فرانک کی ثبات پذیری تک فرانس کے لیے قرضہ دینا بلا شبہ غیر ممکن تھا۔ لیکن اس کے بعد بھی اہل فرانس
272 باہر قرضہ دینے کو بہت ناپسند کرتے تھے جس کی وجہ زیادہ تر یہ تھی کہ جنگ سے پیشتر جن ممالک کو انھوں نے قرضہ دیا تھا ان میں سے اکثروں کی حد تک اور خاصکر روس کے معاملے میں ان کا تجربہ نہایت تلخ تھا۔ لیکن ۱۹۲۸ء کے بعد سے فرانس کی حیثیت میں ایک نئی خصوصیت اس لحاظ سے پیدا ہوئی کہ اس کے حکام نے قرضوں کے ذریعے سے سیاسی شرائط طے کرنے کا اصول اختیار کر لیا تھا۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ فرانس کا مقصد و ارادہ یورپ کی مالی سیادت و قیادت حاصل کرنے کا تھا۔ چنانچہ وہ زیادہ تر سیاسی اغراض کے تحت قرضے دیتا تھا جن کی اساسی بنیاد بلا شبہ اس کا جرمنی سے خوف و ہراس تھا۔

لیکن تخفیف قیمت کا باعث خواہ کسی صورت سے سونے کی رسد کی تقلیل ہو یا نہ ہو واقعہ یہ ہے کہ ہر شخص مصیبت کا الزام اسی سے منسوب کر رہا تھا، اور اس حالت میں بہت سخت خطرہ تھا اس لیے کہ اصلاح کی بظاہر کوئی امید نہ معلوم ہوتی تھی۔ دنیا کی سونے کی پیدائش ایک طبیعی واقعہ تھا جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ قابو سے باہر کی چیز تھی۔ ۱۹۲۹ء میں جمعیۃ اقوام کی

مجلس مالیہ[1] نے ایک خاص وفد سونے کی رسد اور اس کے اثرات کے کل مسئلے کی تحقیق کی غرض سے مقرر کیا۔ چنانچہ اپنی درمیانی رپورٹ مورخہ ستمبر ۱۹۳۰ء میں وفد نے اعداد و شمار پیش کیے جن سے حالیہ زمانے میں سونے کی پیدائش کی حقیقی کمی ظاہر ہوتی تھی اور اسی کے ساتھ وہ تخمینے بھی پیش کیے جو مستقبل کی ممکنہ پیدائش سے متعلق بعض نہایت مستند اصحاب کے مرتب کردہ تھے، اور ان سب سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ پیداوار میں مزید تخفیف کا امکان تھا۔ چونکہ فرانس اور ریاستہائے متحدہ کے بارے میں اس کی کوئی امید نہ تھی کہ وہ اپنے اصول عمل میں تبدیلی کرنے اور اپنے سونے کے اندوختوں کو چھوڑنے پر آمادہ ہوں گے لہٰذا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام دنیا میں ناامیدی و یاس کا دور دورہ ہوگیا اور اس نے بحالی کی توقع کے بارے میں اعتماد کے تدریجی انحطاط کی جانب رہبری کی۔ یہ محسوس کیا جاتا تھا کہ معاملاتِ عالم، قرضوں اور تاوانات، تقلیل اسلحہ اور تامینی محصولات کے ساتھ مایوس کن طریقے پر پیوست ہوگئے تھے اور بظاہر اس الجھاؤ سے نکلنے کی کوئی صورت نہ معلوم ہوتی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تخفیف قیمت کا ایک مذموم دائرہ قائم ہوگیا جس کا باعث اعتماد کا فقدان تھا، چنانچہ اسی کے باعث اکثر اشیا کی قیمتیں ان کے مصارف پیدائش کی سطح سے بہت نیچے ہوتی جارہی تھیں۔ لیکن قیمتوں کی اس ترغیب دہ سطح اور زر کی وافر رسد کے باوجود کوئی شخص اتنا کافی اعتماد نہ رکھتا تھا کہ بازار میں جاکر اشیا کی خریداری کرے، اس لیے کہ سب کو یہی خطرہ دامنگیر تھا کہ قیمتوں میں کہیں مزید تخفیف نہ ہوجائے، چنانچہ ہوا بھی بعینہٖ ایسا ہی۔ تحدید پیدائش کے متعدد تجاویز یا تو شکست ہوگئے یا غیر موثر ثابت ہوئے اور متعدد دفعہ ایسا معلوم ہوا کہ اضافۂ قیمت کی باری آئے گی، لیکن ایسی توقع مکرر غلط ثابت ہوئی۔ اس طرح معاملات کو بد سے بدتر ہونے دیا گیا اور ۱۹۳۱ء کے موسم بہار میں یہ بدیہی تھا کہ یوروپ کامل بربادی و تباہی کے قریب تھا جو بھی ایسی صورت میں

273

[1] Financial committee of the League of Nations)

جبکہ اسی کے تمام اشیائے برآمد کی قیمتیں گر رہی تھیں بدیہی طور سے ینگ صاحب کی تجویز کے تحت تاوانات کی ادائی کا سلسلہ جاری نہ رکھ سکتا تھا۔ آسٹریا کی آفت محض تو دۂ بارود میں ایک چنگاری ثابت ہوئی اور اس نے عام آتشزدگی کا آغاز کر دیا۔ صدر امریکہ ہوور کی مہلت ادائی قرضہ اس وقت صورت حالات کا کارگر علاج ہو سکتی تھی جبکہ فرانس لیت و لعل اور تاخیر کا داؤں پیچ نہ چلتا۔ لیکن امریکہ کی تجویز کاملاً ناکام رہی اور نتیجہ یہ ہوا کہ ستمبر ۱۹۳۱ء میں انگلستان کو معیار طلا سے ہٹنا پڑا اور اس طرح ایک نئے باب کا افتتاح ہوا۔

اٹھارھواں باب

274

معیار طلا سے علیحدگی

۱۹۳۱ء تا ؟

(۱) اس کے اثرات (ا) انگلستان میں قیمتوں، شرح مبادلہ اور توازن تجارت پر۔ (ب) دوسرے ممالک مثلاً برّاعظم، مصر و ہندوستان، امریکہ پر۔ (۲) استفاضہ یا افراط اجرا (۳) جنگی قرضے اور تاوانات۔ (۴) لوزان اور اس کے بعد۔ (۴) دسمبر ۱۹۳۲ء کی قرضوں کی ادائی۔ (۵) ریاستہائے متحدہ امریکہ کی بنک کاری کی نازک صورت حالات۔ (۶) امریکہ کا معیار طلا سے ہٹ جانا۔

معیار طلا سے انگلستان کے ہٹ جانے کی وجہ سے جو اثرات رونما ہوئے وہ عالمگیر تھے، لہٰذا اس کل صورت حالات کو واضح طور سے سمجھنے کے لیے جو اس کے بعد سے رونما ہوئی یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی مساحت کو مختلف جھولوں اور دوروں میں تقسیم کر دیں چنانچہ ان کی ترتیب حسب ذیل کی جا سکتی ہے:۔

(۱) ستمبر ۱۹۳۱ء تا جون ۱۹۳۳ء (جو لوزان کانفرنس کی تاریخ ہے) اس میں انگلستان اور برّاعظم پر جو اثرات پڑے ان کے مابین تفریق کی جائے گی پھر

(۲) قلیل المدت بحالی لوزان کانفرنس کے بعد جو ۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۳ء کے موسم سرما میں ناکام ثابت ہوئی اور اس کے نتیجے کے طور پر مارچ ۱۹۳۳ء میں امریکہ معیار طلا سے ہٹ گیا۔

(۳) ورلڈ اکنامک کانفرنس۔ (عالمی معاشی کانفرنس)۔

علیحدگی از معیار طلا کے اثرات انگلستان پر

متصل اثر بلاشبہ یہ ہوا کہ شرح مبادلہ میں تخفیف ہو گئی، لیکن عجیب و غریب چیز اس تخفیف کی وسعت و سرعت تھی۔ پانچ دن میں شرح ۴۳، ۳ ڈالر تک گر گئی، اس کے برعکس جب اپریل ۱۹۱۹ء میں جنگ کے بعد انگلستان سرکاری طور سے معیار طلا سے الگ ہوا تو شرح مبادلہ کو ۵۰، ۳ ڈالر تک گرنے کے لیے نو مہینے لگے۔ مبادلات کے نظریۂ مساوات قوت خرید[1] پر عود کرتے ہوئے یہ ظاہر ہے کہ اس سریع تخفیف کو امریکہ اور سلطنت متحدہ کی قیمتوں کی اضافی سطح حق بجانب قرار نہیں دیتی تھی۔ اس لیے کہ واقعہ یہ ہے کہ ستمبر ۱۹۳۱ء تک سلطنت متحدہ کی قیمتیں امریکہ کے مقابلے میں نسبتاً ادنیٰ تھیں اور سلطنت متحدہ کے خلاف جو فرق تھا وہ دسمبر تک مادی صورت میں ظاہر نہ ہوا۔ شرح مبادلہ کی سریع تخفیف کی توجیہ غالباً سونے کی مسلسل بازطلبی میں ملے گی، اس لیے کہ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ معیار طلا سے انگلستان کی علیحدگی کے نرے واقعے نے ایسے اکثر ممالک کو، جو معیار مبادلہ طلا پر قائم تھے اور لندن میں اپنے محفوظ سرمائے رکھتے تھے، فوراً اس بات پر مجبور کر دیا کہ معاملات میں مزید ابتری پیدا ہونے سے پیشتر فی الفور ان رقوم کو واپس حاصل کر لیں۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ معیار طلا سے ہمارے ہٹ جانے کے سب سے زیادہ قابل افسوس خصوصیات میں سے ایک خصوصیت تھی۔ ان ملکوں نے فی الواقع وہ چیز اختیار کی تھی جو ان کے

[1] Purchasing power parity theory of the exchanges.

زروں کی بنیاد مستحکم کرنے کی بہترین شکل تھی یعنی سونا حاصل کرنے کا حق۔ خود اپنے ہی پاس سونا رکھنے کے بجائے انھوں نے اپنے مقام پر اس کو کچھ چھوڑا تھا جہاں سے عند الطلب وہ بآسانی اور کامل یقین کے ساتھ دستیاب ہو سکتا تھا، اس لیے کہ سونے کا واحد آزاد بازار ہونے کی حیثیت سے لندن کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ لینداروں کو وہاں سے سونا حاصل کرنے کا ہمیشہ پورا اطمینان ہوتا تھا۔ یہ امر کسی کے خواب و خیال میں بھی نہ آتا تھا کہ لندن سونا ادا کرنے میں کوتاہی یا خطا کرے گا۔ اگر وہ خطا کرتا تو فی الحقیقت اس کے معنی یہ ہوتے کہ بنک آف انگلینڈ اپنے ذمے کے واجبات سونے کی شکل میں ادا کرنے سے قاصر رہا۔ اور اس کے نتیجے کے طور پر ان تمام ملکوں کو جو صدمہ پہنچ سکتا تھا وہ ایک ایسی چیز تھی جس کو محسوس کرنے سے انگلستان کے عوام کلیتہً قاصر تھے۔ انگلستان میں ایک زمانے تک معیار طلا سے ہٹ جانے کی موافقت میں ہیجان پھیلا رہا، اور انگلستان کے عوام بظاہر اس واقعے سے بالکل نابلد معلوم ہوتے تھے کہ معیار طلا سے الگ ہونے کے معنی فی الواقع دیوالیہ ہو جانے کے اعلان کے تھے۔

لیکن قیمتوں کے تغیرات نے شرح مبادلہ کی تخفیف کو انجام کار حق بجانب ثابت کیا اور اس کو اور آگے تک لے گئے۔ اکثر اشیا کی قیمتوں میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا اور بعض صورتوں میں مثلاً فاضل گیہوں اور چاندی کی قیمتوں میں نیویارک میں تخمین کے نتیجے کے طور پر جو اضافہ ہوا وہ واقعات کے لحاظ سے کلیتہً غیر حق بجانب تھا چنانچہ اس کے فوراً ہی بعد تخفیف رونما ہوئی جیسا کہ جدول (۴) ب سے معلوم ہوگا تھوک فروشی کی قیمتوں کے متعلق محکمۂ تجارت کے مرتب کردہ انڈکس نمبر نومبر میں اپنی بلند ترین سطح پر تھے۔ جب قیمتوں کی تخفیف کا میلان پوری طرح رونما ہوا تو اس کی رفتار بھی تقریباً ویسی ہی تیز تھی جیسی کہ اضافہ کی، اور اس کا سلسلہ جون یا جولائی تک جاری رہا چنانچہ اکثر اشیا کی قیمتیں بہت پست سطح تک پہنچ گئیں اور بعضوں کی سطح تو تاریخ میں پست ترین ہو گئی۔ بایں ہمہ سونے کی قیمتوں میں ستمبر کے اضافہ کی وجہ سے تقریباً کچھ بھی زیادتی نہ ہوئی، اور وہ پھر فوراً گرنے لگیں یہاں تک کہ جون میں وہ ایک نئی پست سطح پر پہنچ گئیں۔ دوسری جانب

نیو یارک کے تمسکات اور حصص کے انڈکس نمبر بھی جو حالیہ سالوں میں قیمتوں کے عام تغیرات کے بہت اچھے ترجمان رہے ہیں اس کل زمانے میں بہت گر گئے تھے۔

اس دور کی بلکہ فی الحقیقت ۱۹۲۹ء کے بعد کے کساد بازاری کے کل دور کی نمایاں خصوصیت ہمارے بنک کاری کے نظام کی ثبات پذیری تھی۔ کسی زمانے میں بھی یہاں بنکوں پر کبھی یورش نہیں ہوئی جیسا کہ تقریباً دوسرے تمام ممالک میں حتیٰ کہ فرانس اور امریکہ میں بھی ہوئی تھی، اور کوئی ایک برطانوی بنک بھی کسی قسم کے مشکلات میں مبتلا نہیں ہوا۔ ایک استثنیٰ جس نے محض عام اصول کو ثابت کر دکھایا لندن کا ایک جنوبی امریکی بنک تھا جو عظیم الشان چائلینئن نائٹریٹ کمبائن[1] کا منتظم تھا اور جس کو بنک آف انگلینڈ سے امداد حاصل کرنی پڑی۔

۱۸ فروری ۱۹۳۲ء تک بنک آف انگلینڈ کی شرح ۶ فی صد رہی لیکن اس کے بعد سے اس میں بتدریج کمی کر دی گئی یہاں تک کہ ۷ جولائی کو وہ ۲ فی صد ہو گئی۔ زر نقد مسلسل واپس طلب کیے جانے کی وجہ سے محفوظ سرمائے میں بہت خاصی تخفیف ہو گئی اور ختم دسمبر ۱۹۳۱ء میں جبکہ شرح معمولی طور سے ادا ہوتی تھی محفوظ سرمائے کی مقدار گھٹ کر ۱۸،۴۱ فی صد رہ گئی تھی۔

۳۰ اکتوبر کو وہ چیز رونما ہوئی جس کو بحالی کی پہلی علامت کہا جا سکتا ہے، چنانچہ اسی تاریخ کو امریکہ اور فرانس سے حاصل کیے ہوئے پچاس ملین پاونڈ کے قرضے کے منجملہ بیس ملین پاونڈ ادا کرنے کے قابل بنک آف انگلینڈ نے اپنے آپ کو پایا۔ اس بیس ملین پاونڈ کے منجملہ ۱۵ ملین پاونڈ بہ شکل طلا ادا کیے گئے لیکن یکم فروری ۱۹۳۲ء کو بقیہ تیس ملین پاونڈ ہمارے سونے کے ذخیرے پر مزید بار ڈالے بغیر ادا کر دیے گئے۔ خزانے کے جاری کردہ اسّی ملین پاونڈ کے تمسکات کے متعلق فروری میں یہ اعلان کیا گیا کہ خزانے میں ان کو ادا کرنے کے لیے زر موجود تھا اور اسی وقت ایک جزو ادا کر دیا گیا، لیکن چونکہ اس قرضے کا ایک جزو

---

[1] Chilean Nitrate Combine

فرانس میں بارہ ماہ کے تمسکات کی شکل میں تھا، اس لیے قرضے کی مدت ختم ہونے تک ان کی رقم ادا نہیں کی جا سکتی تھی۔

یہ واقعہ کہ ہم ان عظیم المقدار رقوم کی ادائی کرنے کے قابل ہوسکے اس کا باعث ایک حد تک وہ غیر معمولی تحریک تھی جو فروری ۱۹۳۲ء میں شروع ہوئی تھی کہ خانگی افراد سے پرانے سونے اور ساورنوں کی کثیر مقدار واپس لی جائے۔ اس مہینے میں بیت العوام میں یہ اعلان کیا گیا کہ سونے کی پوری قیمت مبادلہ ادا کرنے میں سرکار کو کوئی عذر یا اعتراض نہ تھا اور چونکہ اُس وقت جو شرح رائج تھی اس کے حساب سے مبادلہ کرنے کے معنی یہ تھے کہ ایک ساورن کے لیے تقریباً ۳۰ شلنگ ادا کیے جائیں، لہٰذا اس بڑھوتری کو حاصل کرنے کے لیے فوراً یورش ہوئی جو ہمہ اقسام کے پرانے سونے اور زیورات کو بھی حاوی تھی۔ ۱۹۳۳ء تک اس طریقے سے جو سونا حاصل کیا گیا اس کی مجموعی مقدار کا اندازہ محض انگلستان میں پندرہ ملین پاونڈ تھا۔ ہندوستان میں بھی سوداگروں نے اس طریقے سے منافعہ حاصل کرنے کے موقع کو بہت جلد محسوس کیا، چنانچہ اس کے بعد سے ہندوستان سے لندن اور پیرس کو سونے کی گنگا مسلسل بہتی رہی، اور اس کے نتیجے کے طور پر ۱۹۳۳ء تک تقریباً ۱۱۰ ملین پاونڈ کا سونا مجموعی طور سے برآمد ہوا۔ اسی زمانے میں یہ بات ظاہر ہوئی کہ مستدلہ حالات کا اثر پڑ رہا تھا اور دنیا کے نئے سونے کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا (دیکھو جدول ۱)۔ 277

بشکل طلا ادائی کرنے کے طریقے کی سونوتی کا اثر تمسک حوالے پر ویسا اچانک اور ڈرامائی نہ تھا جیسا کہ مبادلات خارجہ کے بازاروں پر اور اشیا کی قیمتوں پر پڑا تھا۔ ۲۳ ستمبر کو تمسک صرافہ دوبارہ کھلا اور صنعتی حصص میں قلیل سی گرم بازاری رہی، لیکن ان کے لین دین پر بندشیں عائد کرنی پڑیں اور صرف ۱۳ نومبر کو یہ بندشیں جزوی طور سے ہٹائی گئیں اور فروری میں ان کو تقریباً کاملاً اٹھا لیا گیا۔ تاہم نئے حصص کے اجرا پر بندشیں عائد کرنے کا سلسلہ جاری رہا، اگرچہ ان میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی رہی۔ مبادلہ خارجہ کے بازار میں سب سے بڑی دشواری ابتدا یہ تھی کہ بیشگی کاروبار کرنے والا مبادلے کا بازار کلیتہً مفقود تھا

جس کا باعث یہ تھا کہ مبادلے کے کارہ بار پر بندشیں عائد کی گئی تھیں، لیکن اپریل ۱۹۳۲ء میں انھیں ہٹا دیا گیا۔

اس بارے میں بڑی بڑی توقعات قائم کی گئی تھیں کہ ہمارے معیار طلا سے ہٹ جانے کا فوری اثر یہ ہوگا کہ توازن تجارت کی اصلاح ہو جائے گی، چنانچہ جیسا کہ جدول (۱۷) سے ظاہر ہوگا ابتداءً برآمدیں کچھ اضافہ ہوا۔ تاہم اس واقعے نے تامین کے وکیلوں کو اپنی تحریک اور مہم جاری رکھنے سے باز نہیں رکھا۔ اکتوبر ۱۹۳۱ء میں انتخاب عامہ عمل میں آیا اور اس کے نتیجے کے طور پر قومی جماعت (National Party) کو غالب اکثریت کے ساتھ فتح حاصل ہوئی۔ محصول درآمد کے وقت سے پیشتر نفاذ کو روکنے کی ضرورت کی بنیاد پر مسودۂ قانون غیر معمولی درآمد[1] نومبر میں منظور ہوا اور اس کی رو سے اکثر اشیا پر عملی ضرورت کے لحاظ سے محصول عائد کیے گئے، اور اس کے بعد ہی فروری ۱۹۳۲ء میں عام محصول درآمد کا قانون نافذ کر دیا گیا۔

ظاہرا اور پوشیدہ درآمد و برآمد کے متعلق توازن تجارت کے اعداد و شمار جدول (۱۹) میں درج ہیں۔ ۱۹۳۱ء کے نتائج یقیناً کافی برے تھے چنانچہ برآمد اور مکرر برآمد پر اشیا کی درآمد کی زیادتی بقدر ۴۰ء۰ ملین پاونڈ تھی۔ لیکن 278
اس کے مقابلے میں ۳۳ ملین پاونڈ فلز کی خالص برآمد رکھنی پڑی، اور چونکہ پوشیدہ برآمد کی زیادتی گھٹ کر صرف ۳۰۴ ملین پاونڈ رہ گئی تھی، لہٰذا نتیجہ یہ ہوا کہ خالص دینداری کی زیادتی کا اندازہ ۷۰ ملین پاونڈ تھا۔ اس مسئلے کا اعادہ کرنے سے بچنے کے لیے اس مقام پر یہ کہہ دینا نامناسب نہ ہوگا کہ ۱۹۳۲ء کے اعداد و شمار سے مذکورۂ بالا فرق میں کوئی اصلاح ظاہر نہ ہوئی، اور برآمد پر اشیا کی درآمد کی زیادتی گھٹ کر ۲۸۷ ملین پاونڈ تک آ گئی۔ لیکن اس مرتبہ فلز کی خالص درآمد بقدر ۲۰ ملین پاونڈ ہوئی جس سے برآمد پر جملہ درآمد کی آخری زیادتی بقدر ۳۰۷ ملین پاونڈ رہ گئی۔ تاہم پوشیدہ یا غیر مشہود برآمدیں مزید تخفیف ہوئی اور

[1] Abnormal Importation Bill

وہ ۲۳۰ ملین پونڈ تک گر گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ درآمد کی خالص زیادتی اندازاً ۷۰ ملین پاؤنڈ کے نقصان کے بقدر تھی۔

دوسرے ممالک پر اثرات

پہلا اثر جیسا کہ توقع ہو سکتی تھی، یہ تھا کہ دوسرے متعدد ممالک نے ہماری مثال کی تقلید کی۔ چنانچہ ناروے، سویڈن اور ڈنمارک فوراً عمل پیرا ہو گئے اور ان کے بعد اکتوبر میں رھوڈیسیا اور فن لینڈ نے اتباع کی، برخلاف ازیں کینیڈا نے بھی سونے کی برآمد اجازت کے تحت روا رکھی، اور دسمبر میں جاپان نے سونے کی برآمد پر اس بندش کو از سر نو عائد کیا جو حال حال میں اٹھالی گئی تھی۔

اس کے بعد ان ممالک پر اثر پڑا جن کا زر اسٹرلنگ کی بنیاد پر قائم تھا، مثلاً ہندوستان اور مصر۔ ان دونوں ملکوں نے چونکہ اسٹرلنگ سے اپنے زروں کا تعلق قائم رکھنے کا فیصلہ کیا تھا، لہٰذا وہ بھی معیار طلا سے ہٹ گئے۔ آسٹریلیا کی حیثیت بھی بلاشبہ کچھ زمانے سے ایسی ہی تھی اور اس مقام پر یہ کہنا نامناسب نہ ہوگا کہ نیوزی لینڈ نے آسٹریلیا کی مثال کی تقلید ۱۹۳۳ء میں کی۔

بلاشبہ سب سے زیادہ مضر اثر ان ملکوں پر پڑا جن کے اسٹرلنگ کے فاضلات لندن میں تھے۔ مثلاً بنک آف فرانس کے پورے ۶۰ ملین پاونڈ اب بھی لندن میں تھے جس کے معنی یہ تھے کہ اس کو تقریباً یک ثلث کا نقصان ہوا اور حکومت کو یہ سب اپنے ذمے لینا پڑا جیسا کہ اس نے بنک آف فرانس کا وہ سب منافعہ لے لیا تھا جو ۱۹۲۸ء میں ثبات پذیری کے بعد مبادلات خارجہ سے وصول ہوا تھا۔ بلجیم اور ہالینڈ کی حیثیت اسی کے مماثل تھی اگرچہ ان کے نقصانات بلاشبہ نسبتاً کم تھے۔ تمام عالم کے بنک اپنے فاضلات انگلستان میں رکھتے تھے اور جو کچھ نقصان ہوا اسے محض خاموشی کے ساتھ انھیں برداشت کرنا پڑا۔ 279
انگلستان کے معیار طلا سے ہٹنے سے پیشتر اور اس کے بعد سونے کے ذخائر کی نقل و حرکت کا حال جدول (۲۰) سے معلوم ہو سکتا ہے جس میں تمام دنیا کے

مرکزی بنکوں کے ماہانہ سونے کے ذخائر کا حساب درج ہے۔ انگلستان کا ذخیرہ جولائی میں کمترین نقطہ پر تھا، ستمبر میں اس میں خفیف سا اضافہ ہوا، اور اکتوبر میں فی الحقیقت پھر خفیف سا اضافہ ہوا، لیکن نومبر میں مزید عظیم تخفیف ہوئی جس کے بعد اپریل تک بہت کم تغیر واقع ہوا۔ جرمنی میں بھی سونے کی کمی کا سلسلہ جاری رہا لیکن سب سے نمایاں تغیر بلجیم، ہالینڈ اور سوئٹزرلینڈ کی جانب سونے کا بہاؤ تھا جو جولائی میں شروع ہو گیا تھا لیکن ستمبر میں اور اس کے بعد بہت بڑھ گیا تھا۔ یہ بلاشبہ اس بات کا نتیجہ تھا کہ زر کے قابض کسی ایسے ملک میں اپنے زر کے تحفظ کے متلاشی تھے جو ابھی تک معیار طلا پر تھا۔

فرانس نے بھی زیادہ سے زیادہ سونا جوڑنے کا سلسلہ جاری رکھا، اگرچہ ابتداً جو اضافہ ہوا وہ نسبتاً بہت زیادہ نہ تھا۔ اس کا کچھ حصہ لندن سے اور زیادہ حصہ ہندوستان سے لیکن بیشتر حصہ ریاستہائے متحدہ سے آیا، چنانچہ اکتوبر میں امریکہ کے سونے کے ذخائر میں بہت بھاری تخفیف ہو گئی۔ تاہم فرانس کی اساسی خصوصیت یہ تھی کہ وہاں جاری کردہ زر کاغذ میں بہت کثیر اضافہ ہوا جو زیادہ تر چند بنکوں کے دیوالیہ ہو جانے کا نتیجہ تھا۔ جدول (۲۲) میں فرانس، جرمنی اور ریاستہائے متحدہ اور انگلستان کے مرکزی بنکوں کی مالی حالت کا کچھ اندازہ قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے، چنانچہ اس سے معلوم ہوگا کہ ۱۹۳۱ء میں فرانس میں زر کاغذ کا اجرا بقدر بیس ہزار ملین فرانک یا تقریباً ۴۰ فی صد بڑھ گیا تھا۔ اسی کے ساتھ ساتھ سونے کا اندوختہ کرنے کی تحریک بھی فرانس میں ترقی پاتی رہی۔ ہر شخص جو مستطیع تھا سونے کی ایک سلاخ خرید لیا کرتا تھا، اس کے برعکس کمتر درجے کے لوگ سونے کے سکے خریدتے تھے اور چونکہ سونے کے سکے بہت کم مقداروں میں دستیاب ہو سکتے تھے۔ لہٰذا طلائی ایگل (یعنی امریکہ کے ۲۰ ڈالر والے سکوں) کی مانگ میں بہت نمایاں اضافہ ہو گیا۔

۱۹۳۲ء کے آغاز میں یہ بات واضح ہو گئی کہ امریکہ کی حالت سقیم ہوتی جا رہی تھی۔ معیار طلا کو انگلستان کے ترک کر دینے کا پہلا نتیجہ وہ اثر یہ ہوا کہ ڈالر خریدنے کے لیے عام یورش ہوئی، لیکن اس کے کچھ عرصہ بعد ہی اس کے بجائے امریکہ کی

حالت کے بارے میں روز بہ روز بے اطمینانی بڑھتی گئی جو زیادہ تر بنکوں کی تباہی کے ایک اور سیلاب کا نتیجہ تھا، چنانچہ اس تباہی کا بہترین اندازہ مندرجۂ ذیل جدول سے بہترین طریقے سے ہو سکتا ہے:—

280

سن	بنکوں کی تعداد جن کا دوالہ نکلا	امانتیں بحساب ملین ڈالر
۱۹۳۰ء	۱۳۴۵	۸۶۵
۱۹۳۱ء	۲۲۹۸	۱۶۹۲
۱۹۳۲ء	۱۴۵۳	۷۳۰

کثیر المقدار سونے کے واپس طلب کیے جانے اور اس کی بیشتر مقدار کے فرانس چلے جانے سے امریکہ کے ذمہ دار حکام کو سخت تشویش اور بے اطمینانی ہو رہی تھی۔ لیکن اس سے بھی زیادہ مذموم شے یہ تھی کہ امریکہ میں زر کا اندوختہ کرنے کی تحریک روز بروز ہوتی اور کاغذی ڈالر بھی مستثنیٰ نہ رہے، چنانچہ جدول (۲۲) سے اس کا اثر زر کاغذ کے اجرا کے اضافے کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۳۱ء تا ۱۹۳۲ء کے موسم سرما میں حکام امریکہ نے ایسے تدابیر مسلسل اختیار کیے جو بظاہر اس تصور پر مبنی تھے کہ امریکہ کو بقیہ دنیا کا خیال ترک کر کے سب سے اول اپنے داخلی انتظامات کی درستی کرنی چاہیئے اور اس تفریطی اجرا کو روکنا چاہیئے جو کساد بازاری کا سبب خیال کیا جاتا تھا۔ لیکن چونکہ حکام افراط اجرا کے نام سے بظاہر بہت خائف تھے اس لئے، مکرر اجرا کی اصطلاح بطور سبیل البدل جلد ڈھال لی گئی۔

ان سب اصلاحی تدابیر کی داستان طویل اور پیچیدہ ہے، لیکن اس امر پر نظر رکھتے ہوئے کہ امریکہ میں اس کے بعد کیا واقعات ظہور پذیر ہوئے اس داستان کے چند اساسی خصوصیات کا خاکہ پیش کرنے کی کوشش کرنا ضروری ہے۔ ۱۹۳۲ء ہی میں حکومت امریکہ نے اس بات کی ضرورت محسوس کی تھی کہ

کاشتکاروں کے لیے کچھ کرنا چاہیئے اور پہلی سعی مک ناری و ہاگن کے مسودۂ[1] قانون کی شکل میں تھی، جس کا مقصد امریکہ کی اُن خاص پیداواروں کی قیمتوں میں اضافہ کرنا تھا جو برآمد کی فاضلات پر منحصر و مبنی تھیں۔ خیال یہ تھا کہ حکومت ان برآمد کے فاضلات کی نکاسی اپنے ذمے لے لے اور اگر ضرورت ہو تو نقصان کے ساتھ، اور اس نقصان کو سب کاسبوں اور پیدا کرنے والوں پر کسی طریقے سے تقسیم کر دے۔ لیکن اس مسودۂ قانون کا کچھ بھی نتیجہ نہ نکلا۔ تاہم ۱۹۲۸ء کے صدارتی انتخاب میں دونوں جماعتوں نے اپنے آپ کو اس بات پر مجبور پایا کہ کاشتکاروں سے وعدے کریں اور ۱۹۲۹ء میں ہوور کی حکومت نے مجلس امداد کاشتکاران[2] گیہوں اور روئی کے انتظام کے لیے قائم کی، چنانچہ اس مجلس نے اپنا کام اسی سال ماہ اکتوبر میں وال اسٹریٹ کی تباہی سے پیشتر شروع کر دیا۔ اس مجلس کے کاموں کی عجیب و غریب داستان مصنف نے کسی دوسرے مقام پر بیان کر دی ہے[3] اور اس
281 مقام پر صرف اتنا کہا جا سکتا ہے کہ حکومت کو معلوم ہوا کہ ۵۰ ملین ڈالر کے دائر فنڈ کے ساتھ اُسے قیمتوں کے سنبھالنے کے اصول کا ریہ گامزن ہونا ہے، چنانچہ اس پر عمل کرنے کا واحد اثر یہ ہوا کہ حکومت کے پاس روئی اور گیہوں کے کثیر المقدار ذخائر پڑے رہ گئے جو ایسی قیمتوں پر خریدے گئے تھے جن کا اس کے بعد پھر کبھی ظہور نہ ہوا۔ اس کے بعد جو قدم اٹھایا گیا وہ ویٹرانس بونس بل[4] کی منظوری تھی۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ جنگی خدمات کے صلے میں جو مختلف سالینے ادا کیے جاتے تھے وہ فوری نقد تادیوں میں مبدل ہو گئے، چنانچہ اس طریقے سے تقریباً ۲۰۰ ملین ڈالر کی ادائی واجب ہو گئی۔ اس کے بعد قومی قرضے کی انجمن[5] وجود میں

---

[1] Mc Nary Hugen Bill

[2] Farm Relief Board

[3] دیکھو مصنف کی کتاب "روئی کی فروخت کا انتظام" (The Marketing of Cotton) شائع شدہ ۱۹۲۳ء

[4] Veterans Bonus Bill — مسودہ قانون وظائف ملازمان فوج

[5] National Credit Corporation

آئی جس کے فنڈ کی مقدار ۵۰۰ ملین ڈالر تھی۔ اسے بنکوں کے بے کار اور ناقابل فروخت اثاثے کو کارآمد بنانے کے لیے استعمال کیا گیا، اور اس کے بعد اس کے مماثل مقصد سے جمع کرنے والوں کی امدادی انجمن[1] اور جائداد غیر منقول کی حفاظت کی انجمن[2] قائم ہوئی لیکن یہ سب تجاویز غیر موثر و غیر مکتفی ثابت ہوئے۔ چنانچہ قومی قرضے کی انجمن نے بمشکل کام کا آغاز کیا تھا کہ جنوری ۱۹۳۳ء میں اس کی بجائے ایک نئی انجمن بنام "انجمن تنظیم مالیات"[3] سے کر دی گئی جس کے مجموعی فنڈ کی مقدار ۲۰۰۰ ملین ڈالر تھی۔ اس کو زیادہ تر امریکہ کے بنکوں کی مالی حیثیت مستحکم کرنے کے کام میں لایا گیا، اور بعض بڑی ریلوں کو عظیم المقدار قرضے بھی دیے گئے، لیکن اس کا اثر عام صنعت پر بہت ہی کم پڑا۔

واشنگٹن سے اس کے بعد اندوختوں کے خلاف ایک عظیم الشان تحریک شروع ہوئی اور اس کو واضح کرنے کے لیے امریکہ کے زر کے نظام کا کچھ بیان ضروری ہے۔ جیسا کہ جدول (۲۱) سے معلوم ہوگا امریکہ میں سات مختلف قسم کے کاغذی ڈالر ہیں۔ طلائی صداقت ناموں کی بنیاد کلیتہً سونے پر اور نقروی صداقتناموں کی بنیاد کلیتہً چاندی پر قائم ہے لیکن جاری کردہ زر کاغذ کا بیشتر حصہ وفاقی سرمایہ محفوظ کے نوٹوں پر مشتمل ہے جن کی بنیاد کے طور پر ۴۰ فی صد سونا ہے اور بقیہ حصہ تمسکارت، ہنڈی وغیرہ پر مبنی ہے۔ گردش میں جو فلزی زر تھا اس کے منجملہ تقریباً نصف مقدار سونے پر مشتمل تھی۔

متعاقب واقعات کی تشریح کرنے کی غرض سے اس مقام پر یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ ریاستہائے متحدہ کا بنک کاری کا نظام ایک حد تک غیر ترقی یافتہ اور ابتدائی نوعیت رکھتا ہے اور فی الحقیقت کوئی مرکزی بنک موجود نہیں ہے۔ وفاقی سرمایہ محفوظ کے نظام کی

---

[1] Depositors Relief Corporation

[2] Real property defenee poo

[3] Reconstruction Finance Corporation

[4] Federal Reserve System

روسے ۱۹۱۳ء میں ریاستہائے متحدہ کے طول و عرض میں بارہ اضلاع تھے، ہر ایک میں ایک فیڈرل ریزرو بینک قائم ہوا جن میں سے سب سے اہم بلاشبہ نیویارک اور شکاگو تھے۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی بینک آف انگلینڈ کی حیثیت نہ رکھتا تھا، 282
اگرچہ مجلس سرمایۂ محفوظ ان سب کی ایک حد تک نگرانی کرتی اور ان کو ایک شیرازے میں منظم رکھتی ہے۔ لیکن اس نظام میں سب سے بڑی بیقاعدگی یہ تھی کہ (۱) فیڈرل ریزرو بینک کے دوش بدوش نیشنل بینک موجود تھے فیڈرل ریزرو نظام کے کم و بیش زیر نگرانی ہیں، (۲) اس اتحاد میں جو ریاستیں شریک ہیں ان سب میں کثیر التعداد چھوٹے چھوٹے بینک پھیلے ہوئے ہیں۔ (۳) ہر ریاست بینک کاری کے متعلق اپنے جداگانہ قوانین رکھتی ہے اور اس لحاظ سے ان بینکوں کو ریاستی بینکوں کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ہمارے خیالات کے لحاظ سے ان میں سے متعدد بینک بہت ہی چھوٹے ہیں، چنانچہ انھی چھوٹے بینکوں میں خاصکر قصبات میں تباہی کا سب سے زیادہ شدید دور دورہ رہا۔

اس نظام کی کچھ اصلاح کرنے کی پہلی کوشش کا نتیجہ وہ مشکلات تھے جن کے رونما ہونے کا خطرہ سونے کے فرانس کو چلے جانے کی وجہ سے پیدا ہو گیا تھا۔ اہل امریکہ اپنے سونے کے ذخائر کے متعلق خاص خیالات رکھتے ہیں۔ وفاقی سرمایہ کے نوٹوں کی بنیاد کے طور پر ۴۰ فی صد سونا رکھنا ضروری ہے، اور معمولی بینک کے کاروبار کے لیے وفاقی سرمایہ کے نظام کے تحت بینکوں کو ضروری ہے کہ وہ اپنے ذمہ کے واجب الادا رقوم کا ۳۵ فی صد سونے کی شکل میں رکھیں۔ امریکہ میں ان ضرورتوں سے زائد جو سونا رکھا جاتا ہے اس کو "آزاد" یا غیر "مقید" سونے کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے، اور ۱۹۳۲ء میں وفاقی سرمایۂ محفوظ نوٹوں کے کثیر المقدار اضافے کے نتیجے کے طور پر اس آزاد سونے کی مقدار میں غالباً بڑی طرح کمی ہو رہی تھی۔ لیکن اس وقت میں زیادہ تر اس واقعے کی بنا پر اضافہ ہو گیا کہ کساد بازاری کے نتیجے کے طور پر تجارتی ہنڈیوں میں جو قلت ہوئی اس کے

۱؎ Federal Reserve Board.

باعث فڈرل ازرو بنکوں کو ۶۰ فی صد کی بنیاد کے لیے تجارتی ہنڈیاں حاصل کرنے میں بڑی مشکل پیش آئی، چنانچہ بنک ۴۰ فی صد سے بہت زیادہ حصے کو سونے کی شکل میں رکھنے پر مجبور ہو گئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۳۲ء میں ہی امریکہ کے معیار طلا سے ہٹ جانے کا ذکر مبہم طور سے شروع ہو گیا۔

زیادہ تر اسی مشکل کا مقابلہ کرنے کے لیے فروری ۱۹۳۳ء میں گلاس آسٹی گل بل[1] منظور ہوا تاکہ وفاقی سرمایہ محفوظ کے نظام سے متعلق قوانین موضوعہ کی اصلاح کی جائے۔ اس مسودۂ قانون کی سب سے بڑی قرارداد یہ تھی کہ فڈرل ازرو بنک ۶۰ فی صد کی بنیاد کے طور پر تجارتی ہنڈیوں کے بجائے سرکاری تمسکات رکھ سکتے تھے اور یہ اندازہ کیا گیا تھا کہ اس کی بدولت ۷۰۰ ملین ڈالر سونا آزاد ہو جائے گا، اور امریکہ اس 283
قابل ہوگا کہ فرانس کے کل فاضلات کو ادا کر دے۔ اسی کے ساتھ ساتھ مسودۂ قانون میں دوسری قراردادیں بھی طے پائیں جن کا مقصد اعتبار کی رسد میں سہولتیں پیدا کرنا اور آزاد سونے کی مقدار میں اضافہ کرنا تھا۔

لیکن اس اثنا میں دنیا پھر جنگی قرضوں اور تاوانات کے پیچیدہ مسئلے میں الجھتی جا رہی تھی، چنانچہ اس کے ساتھ ان متعدد قلیل المدت قرضوں کا بھی لحاظ کرنا چاہیے جو ممالک یورپ کو دیئے گئے تھے اور ۱۹۳۱ء کے موسم گرما میں جن کی ادائی کم و بیش رک گئی تھی۔ انگلستان نے آسٹریا کو ۴ ملین پاونڈ کا قرضہ دیا تھا، اور جرمنی کو انگلستان، فرانس، ریاستہائے متحدہ اور بنک برائے بین الاقوامی تصفیہ جات نے ۱۰۰ ملین ڈالر کا قرضہ دیا تھا، ان سب کی تجدید وقتاً فوقتاً ہو رہی تھی۔ ان کے قطع نظر جرمنی کو جو تجارتی اور بنکوں کے قرضے دیئے گئے تھے ان کی بھی تجدید نہ صرف معاہدۂ سکوت[2] کے تحت ہو رہی تھی جو لندن کی ایک کانفرنس منعقدۂ ۲۱ جولائی ۱۹۳۱ء کے نتیجے کے طور پر نافذ ہوا تھا بلکہ بیسل کانفرنس[3] کے تحت بھی ہو رہی تھی جو ۱۸ اگست ۱۹۳۱ء کو منعقد

---

[1] Glass-stegall Bill

[2] Stand-still Agreement

[3] Basle conference

ہوئی تھی لیکن سب سے بڑا مسئلہ تاوانات کا اور امریکہ کو قرضے کی ادائی کا تھا۔ صدر امریکہ ہوور نے جون میں کانگریس سے مشورہ کیے بغیر کارروائی کی تھی، اور یہ امر مسلم تھا کہ کانگریس اس کی مخالفت کرنے والی تھی۔ اس اثنا میں فرانسیسی وزیر اعظم پیم لوال نے ہوور سے اکتوبر ۱۹۳۱ء میں ملاقات کی اور ان کی گفت و شنید کے نتیجے کے طور پر ایک سرکاری اطلاع شایع کی گئی جس میں بیان کیا گیا تھا کہ بین الحکومتی واجبات کے معاملے میں ان یوروپین دول کو بعجلت ممکنہ کارروائی آغاز کرنی چاہیے جن کا تعلق یکم جولائی ۱۹۳۱ء سے پیشتر کے طے کردہ معاہدات کے نظام العمل سے تھا۔

جس وقت کانگریس کا جلسہ ہوور کی صدارت میں منعقد ہوا تو تصادم اس سے بدرجہا زیادہ سخت تھا جس کی توقع کی جا رہی تھی۔ غرض تمام معاملات کا خلاصہ یہ کہ کانگریس نے صرف مندرجۂ ذیل اعلان کے ساتھ مہلت ادائی قرضہ کی منظوری دی:۔ "اعلان کیا جاتا ہے کہ یہ بات صریحاً کانگریس کے اصولِ عمل کے خلاف ہے کہ ممالک غیر کے ذمے رہا سہتائے متحدہ امریکہ کا جو قرضہ واجب الادا ہے اس میں کسی طرح کی قطع و برید کی جائے یا اس کو منسوخ کیا جائے اور اس مشترکہ قرار داد سے کوئی ایسے معنی نہ لیے جائیں گے جن سے اس کے برخلاف اصولِ عمل ظاہر ہو یا یہ مترشح ہو کہ اس معاملہ اصول عمل میں تبدیلی کرنے کی موافقت میں کسی وقت غور کیا جائے گا۔"

اس طرح جنگی قرضوں اور تاوانات کا مسئلہ بالکل چیستاں بن کر رہ گیا تھا۔ جرمنی کو بیسل کمیٹی کی رپورٹ کی تائید حاصل تھی، چنانچہ وہ اس پر زور دے رہا تھا کہ 284
تاوانات کی مزید ادائی قطعاً ناممکن ہے۔ فرانس یہ دعویٰ کر رہا تھا کہ اگر جرمنی اسے تاوان ادا نہ کرے گا تو وہ اپنے ذمے کے قرضے کی ادائی کسی کو بھی نہ کرے گا، انگلستان وقتاً فوقتاً یاد داشت بالعفو کے شرائط کا اعادہ کر رہا تھا کہ ہم اپنے دینداروں سے اس سے زیادہ کا مطالبہ نہیں کرتے جتنا کہ ہمیں امریکہ کو ادا کرنا ہے اور امریکہ قرضوں کی قطع و برید یا تنسیخ کی کسی تجویز پر غور کرنے سے منکر تھا۔ ان حالات میں بالآخر لوزان کانفرنس جون ۱۹۳۲ء میں منعقد ہوئی اور ساری دنیا کو اس

بات پر تعجب ہوا کہ اس یاس انگیز صورت حالات میں مسٹر رمزے میکڈونلڈ نے ایک راضی نامہ طے کرانے میں فی الواقع کامیابی حاصل کی، چنانچہ اس راضی نامے کی رو سے جرمنی کے ذمہ کا تاوان آخری مرتبہ لیکن پھر بھی شرائط کے ساتھ گھٹا کر ۱۳۵ بلین پاونڈ مقرر کیا گیا۔ لیکن یہ خبر سن کر جو مسرت و ابتہاج ہوا وہ یہ معلوم ہونے پر کرکرا ہو گیا کہ یہ تصفیہ ایک معاہدۂ شرفا پر مبنی تھا جو انگلستان اور فرانس کے مابین طے پایا تھا کہ اس تصفیے پر اس وقت تک عمل نہ ہو گا جب تک فرانس و انگلستان، امریکہ سے معقول شرائط پر ایک نتیجہ خیز تصفیہ نہ کر لیں۔ اسی زمانے میں مسٹر میکڈونلڈ نے ایک عالمی معاشی کانفرنس کے دعوت نامے جاری کیے کہ دنیا کے دوسرے تمام مسائل پر غور کرنے کے لیے اس کا فوری انعقاد ہو گا۔ لیکن امریکہ اس شرط پر شرکت کرنے کے لیے رضامند ہوا کہ کانفرنس کے بحث مباحثوں سے قرضوں اور محصول درآمد کا معاملہ خارج رہے!

لوزان کے بعد

تاہم ان شرائط کے باوجود دنیا نے لوزان کانفرنس کا غیر مقدم کیا کہ وہ کساد بازاری کے خاتمہ کا آغاز تھا، اور اس سے جو توقعات پیدا ہوئے اُن کو اس اچانک اور حیرت انگیز اعلان سے تقویت پہنچی کہ انگلستان پانچ فی صد والے ... بلین پاونڈ کے جنگی قرضے کو ۳½ فی صد شرح سے قرضہ حاصل کر کے اس سے مبدل کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ اس کو ایک نمایاں ترقی خیال کیا جاتا تھا، اس لیے کہ اس کو شرح سود کی تخفیف کی عام تحریک کی علامت سمجھا گیا تھا، چنانچہ دوسرے ممالک نے سرکاری قرضوں کو جلدی سے اسی طرح مبدل کرنا شروع کر دیا، اور اس کے بعد ہر قسم کے نجی دینداروں نے بھی اپنے ذمے کے قرضوں کو جن کی مدت ختم ہو رہی تھی کمتر شرح سود پر قرضہ حاصل کر کے ادا کیا۔ اس کے نتیجے کے طور پر رجائیت کی ایک نئی

لہ Gentlemen's Agreement

285 لہر دوڑ گئی جو نیویارک کے بحران کے صدمے سے جولائی میں شروع ہوئی، چنانچہ اس نے تمام اشیا کی قیمتوں میں پھر اضافہ کر دیا اور آیندہ فصلوں کی خرابی کی بنیاد پر روی کی قیمتیں سب پر سبقت لے گئیں۔ لیکن یہ گرما گرمی دو بارہ قلیل المدت ثابت ہوئی اور ماہ ستمبر میں کمی کا رجحان رونما ہوا یہاں تک کہ فروری کے تقریباً ختم تک قیمتوں میں بتدریج تخفیف ہوتی رہی۔

اس اثنا میں ماہ ستمبر میں مقبوضات برطانیہ کی ایک کانفرنس بمقام اوٹاوا منعقد ہوئی اور بہت جلد یہ بات واضح ہو گئی کہ نتائج اس حد تک جس حد تک، کہ محصول درآمد کی تخفیف کا تعلق تھا کلیتہً سلبی تھے۔ اس مجوزہ شہنشاہی زرکی شیرازہ بندی کے بارے میں بھی کچھ نہ کیا جا سکتا تھا جس کے متعلق توقع تھی کہ وہ اسٹرلنگ کی شیرازہ بندی کا بہ شمول ان تمام دوسرے ملکوں کے جو معیار طلا سے ہٹے ہوئے تھے، قلب و مرکز ہوگا۔ کنیڈا اس لیے راضی نہ ہوا کہ وہ اپنے زر کو ریاستہائے متحدہ کے ڈالر سے حتی الامکان قریب رکھنے کو ترجیح دیتا تھا جنوبی افریقہ اب بھی معیار طلا کو ترک کرنے سے منکر تھا، اور چاندی کو بحال کرنے اور از سر نو منظم کرنے کا کام اصلاحی تجویز کا ایک جزو تھا، لیکن اس کی راہ میں جو عملی مشکلات حائل تھے وہ ناقابل حل ثابت ہوئے۔

اس کے بعد جو اہم تبدیلی رونما ہوئی وہ ریاستہائے متحدہ کا صدارتی انتخاب تھا، جس کے نتیجے کے طور پر روزویلٹ کو سنسنی خیز کامیابی حاصل ہوئی۔ جونہی ختم ہوا انگلستان اور فرانس نے اس غیر سرکاری استدعا پر عمل کرتے ہوئے جو لوزان کے بعد کی گئی تھی کہ انتخاب کے ختم ہو جانے تک امریکہ سے قرضوں کے بارے میں کچھ گفت و شنید نہ کرنی چاہیئے، واشنگٹن کو مشترکہ طور سے مراسلے روانہ کیے جس میں جنگی قرضوں پر مکرر غور کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا تھا۔ لیکن واشنگٹن سے یہ جواب وصول ہونے پر کہ ایسا کرنے کی کوئی معقول وجہ دکھائی نہیں دیتی سخت صدمہ ہوا اور مایوسی کی گھٹا چھا گئی۔ تاہم ایک اور مراسلہ بھیجا گیا جس میں دلائل نہایت موثر طریقے سے پیش کیے گئے تھے۔ اس اس گفت و شنید کے دوران میں ہمارے ملک میں صحافتی نقد و تبصرے کے لہجے میں ایک انوکھی تبدیلی ظاہر ہوئی۔ تسویۂ مبادلہ فنڈ[1] ۱۹۳۲ء کے موازنے کی رو سے قائم

[1] Exchange Equalisation Fund

ہوا تھا، لیکن ابتداءً ہر شخص یہ خیال کرتا تھا کہ اس فنڈ کے عمل کے نتیجے کے طور پر ہمارے پاس ڈالروں کا کافی وافر ذخیرہ تھا تاکہ اگر کوئی مطالبہ ادا کرنا ہو تو اس کے ذریعے سے ادا کیا جا سکے۔ لیکن اب یہ بیان کیا جا رہا تھا کہ ہمارے پاس ڈالر موجود نہ تھے، اور یہ کہ اگر کوئی مطالبہ ادا کرنا ضروری ہو تو ہمیں نقصان عظیم برداشت کر کے ڈالر خریدنا پڑے گا۔ اس لیے کہ ہماری درخواست کے مسترد ہونے پر شرح مبادلہ گھٹ کر آخری نئی حد یعنی ۴۱۴ ۳ ڈالر تک پہنچ گئی تھی۔ لیکن یہ استدلال ایک حد تک 286
ترحم کا استدلال تھا اور وہ بھی ایسا ہی غیر موثر ثابت ہوا جیسے دوسرے استدلال، اس لیے کہ ۵ ار ڈسمبر کو ہمیں ۹ ملین ڈالر ادا کرنے پڑے، لیکن فرانس نے آخری لمحے میں ادائی سے انکار کر دیا۔

لیکن یہاں یہ بیان کر دینا مناسب ہوگا کہ یہ رقم کس طرح ادا کی گئی۔ بنک آف انگلینڈ نے اپنی تجوریوں میں ۸۳۱، ۶۳۲، ۱۹ پاؤنڈ سونے کی منتقلی کا عمل کر کے اس کو نیویارک کے فڈرل رزرو بنک کے نام سے نشان زد مختص کر دیا، جس کے بعد موخر الذکر بنک نے اس کا معادل بہ شکل ڈالر ریاستہائے متحدہ کے خزانے کو ادا کر دیا اور واقعہ یہ ہے کہ اس سونے کی ترسیل بذریعہ جہاز شروع ہو گئی۔ اس کی وجہ سے بنک آف انگلینڈ کے سونے کے ذخیرے میں معتد بہ کمی واقع ہوئی اور ایسی حالت میں کہ کرسمس کا زمانہ قریب آ رہا تھا جبکہ نوٹوں کی گردش میں معمولاً اضافہ ہو جایا کرتا ہے، محفوظ سرمائے کی تقلیل بہت بُرے نتائج پیدا کر سکتی تھی، لیکن اس وقت دو شواریکا مقابلہ کرنے کے لیے عملی ضرورت کے لحاظ سے ایک دلچسپ تدبیر اختیار کی گئی۔ مک ملن کمیٹی کی رپورٹ سے یہ بات معلوم ہوئی تھی کہ جنگ کے بعد سے کلیرنگ بنکوں کے نقد کے محفوظ سرمایوں میں کثیر المقدار زر کاغذ موجود تھا جس کا اندازہ تقریباً ۱۰۰ ملین پاؤنڈ کیا گیا تھا اور یہ مقدار زر کے لیے عوام کی ممکنہ ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے کافی سے زیادہ تھی۔ اس لحاظ سے ان بنکوں کو یہ مشورہ دیا گیا کہ وہ کرسمس کے زمانے میں اپنی معمولی زر کی ضرورتوں کے لیے بنک آف انگلینڈ کو چیک تحریر کرنے کے بجائے اپنے ذمے کے مطالبات کو نوٹوں کے اس ذخیرے سے پورا کریں، چنانچہ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نوٹوں کی گردش جو ۱۴ دسمبر کو بڑھنا شروع

ہو چکی تھی دوسرے ہی ہفتہ میں اس میں بجائے مزید اضافہ کے دو ملین پاونڈ تک کمی ہو گئی اور یہ تخفیف کرسمس تک جاری رہی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تقریباً ۱۵ ملین پونڈ کے نوٹ فی الحقیقت رواج سے عارضی طور پر ہٹ گئے اور بنک آف انگلینڈ کا محفوظ سرمایہ اسی حد تک برقرار رہا۔

لیکن ہماری ادائی کا فوری اثر یہ ہوا کہ مبادلے میں فوراً بحالی رونما ہوئی اور بہت جلد زر کا بہاؤ از سر نو لندن کی جانب شروع ہو گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بنک آف انگلینڈ فی الحقیقت بقیہ ۱۹ ملین پاونڈ کا سونا واپس خریدنے کے قابل ہو گیا چنانچہ بنک آف انگلینڈ کی جانب سے عظیم المقدار سونے کی خریداریوں کے نئے سلسلے کا یہ آغاز تھا جس نے آئندہ چند ماہ کے دوران میں بنک آف انگلینڈ کے سونے کے ذخیرے کو ماہ دسمبر کے ۱۲۰ ملین پاونڈ کی ادنیٰ سطح سے بڑھا کر ماہ اگست میں ۱۹۲ ملین پاونڈ تک 287
پہنچا دیا۔ یہ تغیر اس بہت ہی نمایاں تبدیلی کی ظاہری علامت تھا جو انگلستان کے اعتبار کے بارے میں دنیا کے طرز عمل میں رونما ہوئی تھی۔ لندن کی جانب کثیر المقدار زر کے بہاؤ کا سلسلہ جاری رہا، اور بنک آف انگلینڈ نے غالباً اس خوف سے کہ مبادا یہ سب "خراب زر" اس کو پھر مشکلات میں پھنسا دے، جیسا کہ ستمبر ۱۹۳۱ء میں ہوا تھا، بظاہر یہ فیصلہ کیا کہ واحد محفوظ طریقہ یہی ہے کہ فاضلات سونے کی شکل میں رکھے جائیں۔ یہ، جیسا کہ بعد میں ظاہر ہوا، امریکہ کی صورت حالات سے متعلق خوف و ہراس کے عام احساس کا آغاز تھا چنانچہ بعد کے ایک مہینے کے زمانے میں سب سے زیادہ ڈرامائی تبدیلی رونما ہوئی یعنی ریاستہائے متحدہ میں بنک کاری نے نہایت نازک صورت اختیار کر لی جس کے نتیجے کے طور پر امریکہ معیار طلا سے ہٹ گیا۔

اوائل جنوری ۱۹۳۳ء میں مسٹر روزویلٹ نے قرضوں کے بارے میں غیر متوقعہ طور سے ایک نیا اصول کا اختیار کیا اور وہ یہ کہ انھوں نے حکومت برطانیہ کو مطلع کیا کہ اگر وہ اپنے نمایندے فوراً روانہ کرے تو حکومت امریکہ نہ صرف قرضوں کے معاملے میں بلکہ دوسرے عالمی مسائل کے بارے میں بھی ان سے گفتگو کرنے کے لیے بخوشی تیار ہے۔ ابتداءً یہ دعوت صرف ان دول تک محدود رہی جنھوں نے ماہ دسمبر میں قرضے کے اقساط ادا کیے تھے لیکن اس کو فوراً وسیع کیا گیا،

چنانچہ یہ کہنا ایک حد تک بیش بینی ہوگی کہ اسی کی بنیاد پر اپریل میں مسٹر رمزے میکڈونلڈ واشنگٹن تشریف لے گئے اور ان کے پیچھے فرانس، اٹلی اور کینیڈا کے نمایندے گئے۔ ان ملاقاتوں کا مقصد بلاشبہ یہ نہ تھا کہ کوئی قطعی معاہدات طے کیے جائیں بلکہ یہ کہ عالمی معاشی کانفرنس کے لیے راستہ صاف کیا جائے چنانچہ سب سے اہم نتیجہ یہ تھا کہ اس کانفرنس کی تاریخ ۱۲ جون مقرر ہوئی۔

اس اثنا میں عام مالی صورت حالات میں دوسری سمتوں میں تغیرات ہو رہے تھے۔ دسمبر تا جنوری میں جنوبی افریقہ نے بالآخر معیار طلا ترک کر دیا اور اس کے نتیجے کے طور پر جنوبی افریقہ میں سونے کی قیمت میں جو اضافہ ہوا اس نے جنوبی افریقہ کی کانوں کے حصص کا بازار گرم کر دیا۔ فرانس کو اپنا مالیہ متوازن کرنے میں بہت دشواری پیش آ رہی تھی۔ چنانچہ اس کے نتیجے کے طور پر وزارت (کابینہ) نے ایک دفعہ اور نازک صورت اختیار کر لی، اور جرمنی میں نازیوں کے برسر اقتدار آجانے کی وجہ سے کچھ بے چینی پیدا ہو گئی۔

لیکن ان سب واقعات کو امریکہ کی بنک کاری کی نازک صورت حالات نے ماند کر دیا۔ دسمبر ۱۹۳۲ء میں کانگریس میں ان قرضوں کا حال شایع کرنے کا مطالبہ کیا گیا جو انجمن تنظیم مالیہ[1] کی جانب سے دیے گئے تھے۔ کسی نے اس کی ایک فہرست 288
غیر سرکاری طور سے شایع کر دی جس کی وجہ سے حکومت قبل از وقت عمل کرنے پر مجبور ہو گئی اور اس کا نتیجہ جیسا کہ حکام کی پیش گوئی تھی یہ ہوا کہ جن بنکوں کی امداد کی گئی تھی ان کی حیثیت و حالت کے بارے میں فوراً خوف و ہراس کا سیلاب تازہ ٹوٹ پڑا۔ ۱۹۳۲ء میں امریکہ میں اندوختوں اور بنک کے دیوالوں کی حد تک صورت حالات میں بہت بڑی حد تک اصلاح ہو گئی تھی، لیکن اس نے بے اطمینانی کی ایک نئی لہر پیدا کر دی، چنانچہ اوائل فروری ۱۹۳۳ء میں نیو آرلینس کا ایک اہم بنک مشکلات میں پھنس گیا اور لوئیانہ کی ریاست نے ایک دن کے لیے تعطیل بنک کا اعلان کر دیا۔ اس کے فوراً بعد ہی ڈی ٹرائٹ میں مشکلات رونما ہوئے اور مشی گن کی ریاست نے

[1] Re-construction Finance Crporation

اس سے ایک قدم اور آگے بڑھایا اور چار دن کی بنک کی تعطیل کا اعلان کیا گیا۔ اس مصیبت نے روایتی سرعت کے ساتھ پھیل کر بنکوں پر عام یورش کی شکل اختیار کر لی اور بتاریخ ۲۵ فروری یوم شنبہ کانگریس کو ایک ایکٹ بعجلت ممکنہ منظور کرنا پڑا جس کی رو سے جملہ ریاستوں کو عملاً یہ اقتدار واختیار دیا گیا کہ تعطیل بنک یا مہلت ادائی کا اعلان کریں یا بنکوں سے زر امانت واپس طلب کرنے کے بارے میں جمع کنندوں کے حق کی تحدید کریں۔

نیو آرلینس کے جس بنک کی وجہ سے سارے مصائب رونما ہوئے تھے وہ بتاریخ ۲ مارچ یوم پنجشنبہ پھر مشکلات میں مبتلا ہو گیا اور اس شہر کا روی کا بازار بند کر دیا گیا، اس کے برخلاف نیو یارک میں وفاقی محفوظ سرمایہ کی شرح ۲½ فی صد سے بڑھا کر ۳½ فی صد کر دی گئی۔ اندوختے کرنے کی غرض سے بنکوں سے جو زر واپس طلب کیا گیا اس کی مقدار سرعت کے ساتھ بڑھتی گئی اور اس مرتبہ طلائی صداقت ناموں یا اصل سونے کو نمایاں طور سے ترجیح دی جا رہی تھی اور بیرونی حسابات چکانے کے لیے بھی نیو یارک میں کثیر المقدار سونے کو نشان زد کیا گیا۔ بتاریخ ۴ مارچ روز شنبہ معاملات نے اچانک طور سے نازک صورت اختیار کر لی، چنانچہ نیو یارک اور شکاگو کے بنک بند ہو گئے جس کی وجہ سے تمسک صرافوں اور اشیا کے بازاروں کو بھی بند ہونا پڑا اور بیرونی مبادلے میں ہر قسم کا کاروبار رک گیا، چنانچہ اسٹرلنگ کا آخری نرخ ۴۸۳۳ ڈالر تھا۔

جس دن حالات نے نازک صورت اختیار کر لی تھی اسی دن روزویلٹ صدر جمہوریہ کی کرسی نشینی کی رسم ادا کی گئی اور انھوں نے فی الفور تمام ریاستہائے متحدہ میں بنکوں کے لیے چار دن کی مہلت ادائی کا اعلان کر دیا جو بعد میں بڑھا کر ایک ہفتہ کر دی گئی، چنانچہ اس میں داخلی و خارجی دونوں حیثیتوں سے سونے پر کامل طور سے بندشیں عائد کی گئیں جس وقت بنکوں کو دوبارہ کھلنے کی اجازت ملی تو چار قسمیں قائم کر کے بتدریج اجازت دی گئی، چنانچہ بنکوں کی ایک قسم وہ تھی جس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ وہ مستحکم تھے اور فوراً دوبارہ کاروبار جاری کر سکتے تھے، دوسرے 289
وہ جن کی حیثیت جانچ کے بعد مستحکم ثابت ہوئی اور اس کے بعد وہ دوبارہ کھل سکتے تھے تیسرے وہ جن کے متعلق یہ خیال تھا کہ انجام کار ان کی حیثیت مستحکم بنائی

جاسکتی تھی اور آخر میں وہ جن کی حالت مایوس کن اور تنظیم طلب تھی نیشنل یا جمہوری بنکوں کے بارے میں جن اصول کو استعمال کیا گیا ان ہی کا اطلاق اسٹیٹ بنکس یا ریاستی بنکوں پر بھی کیا گیا۔ چنانچہ یہاں یہ کہنا نامناسب نہ ہوگا کہ مارچ کے ختم تک کل ملک کے ۱۸۰۰۰ بنکوں کے منجملہ تقریباً ۱۲ ہزار بنکوں نے اپنا کاروبار از سر نو شروع کر دیا تھا، اگرچہ ان میں سے بعض کو پھر بند ہونا پڑا۔ مبادلات کے کاروبار بھی ۱۳ مارچ کو از سر نو جاری ہو گئے اور سب کو حیرت تھی کہ اس سے بیشتر بند ہونے کے بعد سے ان میں کوئی تبدیلی ظاہر ہی نہیں ہوئی، اگرچہ اس وقفے میں بدرجہا اعلیٰ شرحوں کا ذکر ہو رہا تھا۔ تمسک صرافہ ۱۵ مارچ کو اور اشیاء کا صرافہ ۱۶ مارچ کو دوبارہ کھلا، اور ان دونوں میں ابتداءً قیمتوں میں عظیم اضافے رونما ہوئے لیکن وہ بہت جلد مفقود بھی ہو گئے۔

نئی حکومت کے سامنے دو اشد ضروری مسائل پیش ہوئے، اور وہ یہ کہ سونے کی بندش کے متعلق کیا کرنا چاہیئے جس سے معیار طلا کو ترک کرنے کا مسئلہ وابستہ تھا اور دوسرے یہ کہ سونے کی تقلیل پذیر رسد پر مزید بار ڈالے بغیر زائد زر کس طرح مہیا کرنا چاہیئے۔ پہلے مسئلے کو یوں حل کیا گیا کہ سونے پر جو بندش قائم کی گئی تھی اس کو داخلی و خارجی دونوں معاملات میں جاری رکھا گیا، لیکن موخر الذکر صورت میں چند محدود مستثنیات تھے جن میں ۵ اپریل کو مزید ترمیم کر دی گئی اور مبادلات کے لیے ایک آمر مطلق کا تقرر کیا گیا تاکہ مبادلے کے کاروبار کی نگرانی کرے۔ اس طرح اصولاً امریکہ نے معیار طلا کو قطعی طور سے ٹھیک اسی طرح ترک کر دیا جس طرح انگلستان نے اپریل ۱۹۱۹ء میں ترک کیا تھا، لیکن خزانے کے عہدہ داروں نے نہایت شد و مد کے ساتھ انکار کر دیا کہ اُن کا اس قسم کا کوئی ارادہ تھا اور دنیا ان کے الفاظ پر یقین کرنے کے لیے بظاہر تیار معلوم ہوتی تھی اس لیے کہ ڈالر بہت ثبات پذیر رہا۔ زر کے مسئلے نے جیسا کہ بعد میں ثابت ہوا اپنے آپ کو حل کر لیا۔ ابتداءً حساب گھر کے صدا قتناموں کے قدیم طریقے کی تجدید کی تحریک ہوئی جو اس سے پہلے ۱۹۰۷ء کی امریکہ کی آفت کے زمانے میں اختیار کی گئی تھی لیکن اس کی بجائی فوراً اس تجویز سے کی گئی کہ سونے کی بنیاد کے بغیر ۲۰۰۰ ملین پاؤنڈ کا وفاقی زر کاغذی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے

جاری کیا جائے۔ لیکن اس کا بہت قلیل جزو جاری کیا گیا، اس لیے کہ روزویلٹ کے دلیرانہ اصول عمل کا فوری نتیجہ یہ ہوا کہ اعتماد کا نیا احساس پیدا ہوا، چنانچہ شدید تعزیرات کی دھمکی کے تحت زر اور خاصکر سونے کی کثیر مقدار بنکوں کو واپس ہوئی۔

290 اس اثنا میں روزویلٹ نے مالیہ کے ضروری توازن کا کام مستعدی کے ساتھ انجام دیا اور کانگریس نے فوراً کفایت کے شدید تدابیر منظور کیے، دوسری جانب اس کے ساتھ ساتھ امتناع مسکرات کی تنسیخ کی جانب پہلا قدم اس طرح بڑھایا گیا کہ ہلکی شراب یعنی بیر کا استعمال قانوناً جائز قرار دیا گیا، اس طریقے سے اندازہ کیا گیا تھا کہ سرکار کو کثیر المقدار آمدنی وصول ہوگی۔

اس طرح ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا آفت کا خاتمہ ہو گیا تھا۔ سونے کی برآمد کو روک دیا گیا تھا اور جیسا کہ جدول (۲۰) سے معلوم ہوگا ملک کے سونے کے ذخائر کی مقدار اب بھی کثیر تھی، اس کے برخلاف اس کے مقابلے میں ممکنہ بیرونی مطالبات نسبتاً قلیل تھے اور غالباً ملک کے موجودہ آزاد سونے کی مقدار سے بھی کم تھے۔ اس لحاظ سے اس کی کوئی وجہ نہ معلوم ہوتی تھی کہ سونے کی برآمد پر کیوں مستقل بندشیں قائم کی جائیں، علیٰ ہذا اس کی بھی کوئی وجہ نہ معلوم ہوتی تھی کہ کیوں کسی بڑی حد تک انتفاخ کو عمل میں لایا جائے، لیکن اپریل کے وسط سے پیشتر ایک نئی تحریک کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔

"قریب بہ عزل" کانگریس کے اجلاس صدارتی انتخاب اور نئے صدر کی رسم کرسی نشینی کے مابین منعقد ہوئے جن میں زرعی امداد کے قوانین وضع کرنے کے لیے ارکان مجنونانہ سرگرمی دکھا رہے تھے، چنانچہ متعدد تجاویز یکے بعد دیگرے پیش کیے گئے اور فارم ریلیف بل (مسودۂ قانون امداد زراعت) جس میں ان تجاویز میں سے صرف چند شامل تھے ہوور کے عہد حکومت کے ختم ہونے سے دو یوم پیشتر کانگریس میں منظور ہوا۔ لیکن اس پر ہوور کے دستخط ہی نہ ہو سکے جب کانگریس نئے صدر کی سرکردگی میں منعقد ہوئی تو زرعی امداد کی بابت ایک نیا مسودۂ قانون پیش کیا گیا جس میں جملہ سابقہ تجاویز کے خصوصیات شامل تھے، لیکن اس زمانے میں جبکہ یہ مسودۂ قانون کانگریس میں منظوری کے آخری مراحل طے کر رہا تھا ایک سینیٹر نے دفعتہً ایک پوری دفعہ کے

اٹھانے کی تحریک کردی جس کی رو سے صدر کو مفرط اجرا کے غیر معمولی اختیارات عطا کیے گئے، چنانچہ ان میں حسب ذیل امور بھی شامل تھے:۔ (۱) حکومت کو اس امر کا اختیار کہ ... ۳ ملین ڈالر کے تمسکات بنکوں کو جاری کرے اور اگر بنک انھیں نہ لے سکیں تو اتنی ہی مقدار میں زر جاری کیا جائے۔ (۲) چاندی کی بحالی اور از سر نو تنظیم کے شرائط، چنانچہ دوسری باتوں کے منجملہ اس کی اجازت دی گئی کہ بیرونی قرضداروں کی جانب سے ۲۰۰ ملین ڈالر کی حد تک چاندی کی شکل میں ادائی قبول کی جائے اور اس چاندی کو مزید نقرئی صداقت نامے جاری کرنے کی بنیاد کے طور پر استعمال کیا جائے۔ (۳) صدر جمہوریہ کو اس امر کا اختیار کہ ڈالر کی قیمت بشکل طلا میں اپنے حسب صوابدید ۵۰ فی صد تک تخفیف کرے۔

بظاہر روزویلٹ صاحب اس دباؤ کی مقاومت نہ کر سکے جو ان تجاویز کی پشت پر تھا، اس لیے کہ انتفاخ کے وکیلوں نے یہ محسوس کرنا شروع کر دیا تھا کہ 291
بنکوں کے محض جزوی طور سے مکرر کھلنے اور عملی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے زر کو رائج کرنے کی ناکامی کے نتیجے کے طور پر ملک تفریطی اجرا کے نئے شکنجے میں فی الحقیقت دبا جا رہا تھا خواہ اس کا سبب کچھ ہی ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ ۱۹ اپریل کو دفعتہً یہ اعلان کیا گیا کہ سونے کی بندشوں کا نفاذ پھر سختی کے ساتھ کیا جائے گا، ۱۵ اپریل کو جو تجویزیں کی گئی تھیں وہ منسوخ کی گئیں اور اس دفعہ یہ بات سرکاری طور سے تسلیم کر لی گئی کہ امریکہ نے اس طرح معیار طلا کو ترک کر دیا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شرح مبادلہ میں اچانک تخفیف ہو گئی، چنانچہ دو دن میں تقریباً پچاس درجے کمی ہو گئی اور شرح فوراً ۴ ڈالر سے اونچی ہو گئی اور یہ مفرط اجرا کی رجائیت کی علامت تھی، چنانچہ اشیا کی قیمتیں اور تمسک مراعوں کی شرحوں کی سطحیں نئی اعلیٰ حد کو پہنچ گئیں۔

اگر اس بارے میں شبہے کا کوئی امکان باقی رہ گیا تھا کہ آیا امریکہ اب بھی معیار طلا پر تھا یا نہیں تو وہ بالآخر رفع ہو گیا، چنانچہ یکم مئی کو حکومت امریکہ نے اپنے ذمے کا سود بہ بیرونی تمسک داروں کو واجب الادا تھا سونے کی شکل میں یا سونے کی شرح قیمت پر ادا کرنے سے انکار کر دیا اور اس مثال کی تقلید بلا شبہ مستعدی کے ساتھ امریکہ کے دوسرے قرضداروں نے بھی کی باوجود اس کے کہ معاہدات میں

ایسے دفعات موجود تھے جن کی رو سے سونے کی شکل میں ادائی لازمی تھی اس لحاظ سے یہ معاہدات تقویم پارینہ بن گئے۔ چنانچہ جرمنی نے بھی فوراً اس کے مماثل راستہ اختیار کیا۔

عالمی معاشی کانفرنس ۱۹۳۳ء

عالمی زر اور معاشی معاملات کی کانفرنس اس قدر مکمل طور سے بے نتیجہ اور ناکام رہی کہ تاریخ کے خاص دور کے طور پر وہ بمشکل کسی عنوان کی مستحق ہے۔ ابتدا ہی سے یہ بات عیاں ہوگئی کہ زر کی ثبات پذیری کا مسئلہ کانفرنس کے زیر غور مسائل میں سے اساسی مسئلہ تھا اور اسی کے بارے میں گہرا اختلاف آرا تھا۔ وہ سب ممالک جو اب بھی معیار طلا پر تھے کم از کم عارضی ثبات پذیری کے خواہاں تھے اور اس کو روبعمل لانے کے لیے ایک خاکہ نمایندگان امریکہ کی منظوری و رضامندی سے مرتب کیا گیا، لیکن صدر جمہوریۂ امریکہ نے اس کو فوراً مسترد کر دیا۔ چونکہ امریکہ قطعی طور سے انتقاخ کے اصول عمل کا پابند ہو چکا تھا اسی لیے ثبات پذیری کی کسی تجویز پر غور کرنے سے پیشتر وہ یہ معلوم کرنے کا مصمم ارادہ رکھتا تھا کہ یہ اصول کس طرح عمل کرے گا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ڈالر کی 292
قیمت میں مزید تخفیف ہوگئی، چنانچہ ۱۹ر جولائی کو اسٹرلنگ کی شرح مساوات سے بڑھ کر ۱۸۷/۴ ۴ ڈالر ہوگئی۔ اس طرح اساسی مسئلے کو حل کرنے سے ناکام ہو جانے کے بعد یہ محسوس کیا گیا کہ دوسرے مسائل کی بحث بے کار تھی، چنانچہ ۲۷ر جولائی کو کانفرنس اختتام کو پہنچی، اور صرف ایک قطعی کامیابی کا سہرا اس کے سر رہا، یعنی چاندی کی فروخت کے بارے میں ایک معاہدہ حکومت ہند سے طے پایا۔

جون میں امریکہ کو جنگی قرضوں کی شش ماہی کی ادائی واجب تھی یہی ایک معاملہ تھا جس کے بارے میں کانگریس نے روزویلٹ کو کامل اختیارات نہیں دیے تھے اگرچہ زرعی امداد کے مسودۂ قانون نے خزانۂ امریکہ کو اس کا مجاز گردانا تھا کہ ریاستہائے متحدہ کو کسی بیرونی حکومت سے جو قرضے واجب الوصول ہوں انھیں ۲۰۰ ملین ڈالر کی حد تک چاندی کی شکل میں قبول کیا جائے اور ان کی قیمت ۵۰ سنٹ فی اونس سے زائد نہ ہو۔

بظاہر اسی فقرے کے تحت ہماری حکومت نے بالآخر یہ فیصلہ کیا کہ ۱۰ ملین ڈالر منظورہ شرح پر چاندی کی شکل میں ادا کیے جائیں۔ اس طرح برطانیہ پر تقریباً ۶۲۰،۰۰۰ پاونڈ[1] کے جملہ مصارف عائد ہوئے۔ اٹلی نے بھی علامتی زر کی شکل میں ادائی کی لیکن فرانس دوبارہ کلیتہً قاصر رہا۔

اس طرح ستمبر ۱۹۳۳ء کی عالمی صورت حالات کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ بحیثیت مجموعی ایک سال پیشتر لوزان کانفرنس کے بعد جو حالت تھی اس کے مقابلے میں ایک قدم بھی آگے بڑھایا نہیں گیا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ تقلیل اسلحہ جنگی قرضے کے تصفیے یا تخفیف محصول کے بارے میں کوئی کارروائی طے نہیں پائی۔ اگرچہ قیمتیں ۱۹۳۲ء کے موسم گرما کی ادنیٰ ترین سطح سے پھر بہت خاصی اوپر ہو چکی تھیں تاہم اس بارے میں بہت کم اطمینان تھا کہ بحالی دیرپا اور مسلسل ہوگی۔ امریکہ کے مفرط اجرا زر نے قیمتوں میں اچانک طور سے نمایاں اضافہ کر دیا تھا، چنانچہ جولائی کے تیسرے ہفتے میں وہ سب سے اونچی سطح پر پہنچ گئی تھیں، لیکن اس کے بعد ہی ایک نمایاں ردِعمل رونما ہوا اور پس و پیش اور بے اطمینانی کا دور دورہ ہو گیا جس کا باعث زیادہ تر پھر اندرون ملک کے تغیرات و تبدلات تھے۔ روزویلٹ صاحب اشیا کی قیمتوں اور تمسک صرافہ کی شرحوں کے اضافہ پر قانع نہ رہے۔ نئے انتظام کے بارے میں ان کا اصول یہ چاہتا تھا کہ امریکہ کے صارفوں کی قوت خرید، قیمتوں کے اضافہ کے قدم بہ قدم چلے، چنانچہ انھوں نے قومی صنعتی بحالی کے انتظام[2] کے عنوان کے تحت صنعتی نگرانی کی ایک عظیم الشان تجویز کو روبعمل لانے کی کارروائی شروع کی۔ اس انتظام میں اضافۂ اجرت، تقلیل اوقات کار سولہ سال سے کم عمر والوں سے کارخانوں میں کام لینے کی ممانعت، اور مجتمعہ حیثیت سے معاملات طے کرنے کے بارے میں مزدوروں کا حق شامل تھے۔ یہ سب عارضی طور سے بلین کیٹ کوڈ[3] میں شامل کر لیے گئے جس کا اطلاق ہر صنعت پر ہونے والا تھا یہاں تک کہ 293

---

[1] دیکھو رسالۂ اکنامسٹ ۱۷ جون ۱۹۳۳ء۔

[2] Blanket Code

[3] National Industrial Recovery Administration

رفتہ رفتہ وہ خود ایک مخصوص مجموعۂ ضوابط (کوڈ) بن گیا لیکن یہ تمام امور لازمی طور سے مصارف پیدائش کی زیادتی پر مبنی تھے۔ چنانچہ روئی کی حد تک ۱۲/۴ سنٹ فی پاؤنڈ کے پروسس ٹیکس[1] کی بدولت مصارف بہت بڑھ گئے اور یہ محصول اس تمام روئی پر عائد کیا گیا جو امریکہ کی صنعتوں میں صرف ہوتی تھی، اور اس کا مقصد یہ تھا کہ کاشتکاروں کو وہ معاوضہ ادا کیا جائے جس کا وعدہ ۱۹۳۳ء کی فصل کے زیر کاشت رقبوں کے ایک جزو کو ترک کرنے کے سلسلے میں کیا گیا تھا۔ امریکہ میں ان تمام انقلابی تجاویز کی قسمتوں کا فیصلہ ابھی تک معلق تھا اور سب سے بڑا مسئلہ متنازعہ بظاہر مجتمعہ طور سے معاملات طے کرنے کا مسئلہ تھا جو امریکہ کے آجروں کے لیے ہمیشہ سے ہوا بنا رہا ہے۔ بقیہ دنیا خاموشی اور تکلیف دہ دلچسپی کے ساتھ اس کشمکش کا تماشہ دیکھتی رہی، اس لیے کہ یہ امر تسلیم کیا جاتا تھا کہ اگر صدر جمہور یہ معاملات میں توازن پیدا کرنے سے قاصر رہیں تو وہ براہ راست افراطی اجرا کے بارے میں اپنے اختیارات کو کام میں لانے پر مجبور ہو جائیں گے جس کے معنی یہ ہوں گے کہ ڈالر کی قیمت میں مزید تخفیف ہوگی اور اس کے نتیجے کے طور پر غالباً فرانس اور دوسرے سونا استعمال کرنے والے ملک معیار طلا سے مجبوراً ہٹ جائیں گے۔

---

[1] Process Tax

جدولیں

اور

نقشے

سلسلہ جدول نمبر (۱)

دُنیا کے سونے اور چاندی کی پیدائش امریکہ کی دریافت کے بعد سے اور سونے کا ممکنہ ذخیرہ

قدیم ایڈیشن میں ۱۹۱۸ء تک اعداد دئے گئے ہیں۔ نئے ایڈیشن میں انھیں ۱۹۳۲ء تک بڑھایا گیا ہے۔ اس طرح ۱۴۹۳ء تا ۱۹۱۸ء دونوں جدولوں کے اعداد وہی ہیں لہٰذا تکرار و اعادے سے بچنے کے لئے مندرجۂ ذیل جدول میں صرف ۱۹۱۶ء تا ۱۹۳۲ء کے اعداد درج کئے جاتے ہیں:۔

(ملین پاونڈ)

سال	سونا	چاندی	چاندی
	سالانہ پیداوار	مجموعی مقدار	سالانہ پیداوار
۱۹۱۹	۵ ر ۲	—	۱۸۰
۱۹۲۰	۶۸ ر ۵	—	۱۷۴
	—	۴۰۲ ر ۸	—
۱۹۲۱	۶۷ ر ۹	—	۱۷۱
۱۹۲۲	۶۵ ر ۶	—	۲۱۰
۱۹۲۳	۷۵ ر ۶	—	۲۴۶
۱۹۲۴	۸۰ ر ۸	—	۲۳۹

۱۹۲۵	۸۰۶۸	—	۲۴۵
	—	۳۷۰۶۷	
۱۹۲۶	۸۲۶۲	—	۲۵۴
۱۹۲۷	۸۲۰۵	—	۲۵۴
۱۹۲۸	۸۳۶۷	—	۲۵۷
۱۹۲۹	۸۲۶۸	—	۲۶۱
۱۹۳۰	۸۸۶۵	—	۲۴۸
	—	۴۱۹۶۷	
۱۹۳۱	۹۴۶۳	—	۱۹۳
۱۹۳۲	۱۰۱۶۵	—	۱۶۰
	—	۱۹۵۶۸	

صدر میزان بشمول سالہائے ماسبق	۴۷۱۸۶۲	
منہائی ½ بوجہ نقصان صنعتی صرف	۱۵۷۲۶۷	
ختم ۱۹۳۲ء تک ہونے کا ممکنہ ذخیرہ	۳۱۴۵۶۵	ملین پاؤنڈ

جدول (۲)

چاندی کی اوسط قیمت سنہ ۱۸۷۰ء تا سنہ ۱۹۳۲ء

سال	پنس فی اونس لندن میں	سال	پنس فی اونس لندن میں	سال	پنس فی اونس لندن میں	سال	پنس فی اونس لندن میں
۱۸۷۰	۶۰ ۱/۲	۱۸۷۹	۵۱ ۳/۱۶	۱۸۸۸	۴۲ ۷/۸	۱۸۹۷	۲۷ ۹/۱۶
۱۸۷۱	۶۰ ۹/۱۶	۱۸۸۰	۵۲ ۱/۴	۱۸۸۹	۴۲ ۱۱/۱۶	۱۸۹۸	۲۶ ۱۵/۱۶
۱۸۷۲	۶۰ ۱/۴	۱۸۸۱	۵۱ ۳/۴	۱۸۹۰	۴۷ ۱/۴	۱۸۹۹	۲۷ ۷/۱۶
۱۸۷۳	۵۹ ۱/۴	۱۸۸۲	۵۱ ۱۳/۱۶	۱۸۹۱	۴۵ ۱۳/۱۶	۱۹۰۰	۲۸ ۱/۴
۱۸۷۴	۸۸ ۵/۱۶	۱۸۸۳	۵۰ ۹/۱۶	۱۸۹۲	۳۹ ۱۳/۱۶	۱۹۰۱	۲۷ ۳/۱۶
۱۸۷۵	۵۶ ۱۳/۱۶	۱۸۸۴	۵۰ ۱۱/۱۶	۱۸۹۳	۳۵ ۵/۸	۱۹۰۲	۲۴ ۱/۸
۱۸۷۶	۵۳	۱۸۸۵	۴۸ ۵/۸	۱۸۹۴	۲۹	۱۹۰۳	۲۴ ۳/۴
۱۸۷۷	۵۴ ۳/۴	۱۸۸۶	۴۵ ۳/۸	۱۸۹۵	۲۹ ۷/۸	۱۹۰۴	۲۶ ۳/۸
۱۸۷۸	۵۲ ۹/۱۶	۱۸۸۷	۴۴ ۵/۸	۱۸۹۶	۳۰ ۳/۴	۱۹۰۵	۲۷ ۱۳/۱۶

۱۹۰۶	۳۰ ۷/۸	۱۹۱۳	۲۷ ۹/۱۶	۱۹۲۰	۶۱ ۹/۱۶	۱۹۲۷	۲۶ ۱/۳۲
۱۹۰۷	۳۰ ۳/۱۶	۱۹۱۴	۲۵ ۵/۱۶	۱۹۲۱	۳۶ ۷/۸	۱۹۲۸	۲۶ ۵/۶۴
۱۹۰۸	۲۴ ۳/۸	۱۹۱۵	۲۳ ۱۱/۱۶	۱۹۲۲	۳۴ ۷/۱۶	۱۹۲۹	۲۴ ۷/۱۶
۱۹۰۹	۲۳ ۱۱/۱۶	۱۹۱۶	۳۱ ۵/۱۶	۱۹۲۳	۳۱ ۱۵/۱۶	۱۹۳۰	۲۷ ۵/۱۶
۱۹۱۰	۲۴ ۱۱/۱۶	۱۹۱۷	۴۰ ۱/۸	۱۹۲۴	۳۴	۱۹۳۱	۱۴ ۱۹/۳۲
۱۹۱۱	۲۴ ۱۹/۱۶	۱۹۱۸	۴۷ ۹/۱۶	۱۹۲۵	۳۲ ۱/۸	۱۹۳۲	۱۷ ۲۷/۳۲
۱۹۱۲	۲۸ ۱/۱۶	۱۹۱۹	۵۷ ۱/۱۶	۱۹۲۶	۲۸ ۱۱/۱۶		

جنگ سے پیشتر ادنیٰ ترین قیمت بتاریخ ۲۷ نومبر ۱۹۰۳ء ۱۱/۱۶ ۲۱ پنس تھی۔ ۱۱ فروری ۱۹۲۰ء کو قیمت ۱/۲ ۸۹ پنس تھی۔ ۹ فروری ۱۹۳۱ء کو ۱۲ پنس تھی۔

جدول (۳)

انڈکس نمبر ۱۹۱۹ء تا ۱۹۳۲ء

قدیم ایڈیشن میں اس جدول کا نمبر (۵) ہے۔ دونوں میں صرف اس قدر فرق ہے کہ قدیم ایڈیشن میں اعداد صرف ۱۹۲۸ء تا ۱۹۱۳ء دئے گئے ہیں لیکن نئے ایڈیشن میں ۱۹۳۲ء تک۔ ان میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے متذکرہ جدول اس تکرار سے بچنے کے لئے صرف ۱۹۱۹ء تا ۱۹۳۲ء کے اعداد پیش کئے جاتے ہیں۔

سال	انڈکس نمبر
۱۹۱۹	۲۹۶٫۵
۱۹۲۰	۲۵۸٫۰
۱۹۲۱	۲۲۹٫۷
۱۹۲۲	۱۸۵٫۰
۱۹۲۳	۱۸۵٫۱
۱۹۲۴	۱۹۳٫۶
۱۹۲۵	۱۸۵٫۴
۱۹۲۶	۱۷۲٫۵
۱۹۲۷	۱۶۵٫۰
۱۹۲۸	۱۶۳٫۴
۱۹۲۹	۱۵۹٫۰
۱۹۳۰	۱۳۹٫۲
۱۹۳۱	۱۲۱٫۳
۱۹۳۲	۱۱۸٫۵

جدول (۴)

(۱) تھوک فروشی اور خوردہ فروشی کی قیمتیں ۱۹۱۴ء تا ۱۹۲۲ء

رسالہ اکنامسٹ کے انڈکس نمبر تھوک فروشی کی قیمتیں اور وزارت عمال کے مرتب کردہ مصارف زندگی (خوردہ فروشی کی قیمتیں)

تاریخ	اجناس اور گوشت	دوسری اشیائے خوردونوش	پارچہ بافتہ	معدنیات	متفرق	میزان	وزارت عمال کے مرتب کردہ مصارف زندگی
فیصد مبنی بر جولائی ۱۹۱۴ء							
ختم ستمبر ۱۹۱۴	۱۱۲	۱۱۵	۹۹	۱۰۲	۱۱۶	۱۰۸	
" دسمبر ۱۹۱۴	۱۲۴	۱۱۸	۸۲	۱۰۳	۱۲۴	۱۰۹	۱۲۵-۱۱۰
" مارچ ۱۹۱۵	۱۴۵	۱۲۱	۹۷	۱۳۹	۱۴۴	۱۲۹	۱۲۰-۱۱۵
" جون ۱۹۱۵	۱۴۱	۱۲۲	۹۸	۱۳۴	۱۴۱	۱۲۷	۱۲۵
" ستمبر ۱۹۱۵	۱۴۰	۱۳۴	۱۰۸	۱۳۴	۱۳۹	۱۲۹	۱۳۰
" دسمبر ۱۹۱۵	۱۵۴	۱۲۶	۱۱۸	۱۵۴	۱۵۳	۱۴۲	۱۳۵
" مارچ ۱۹۱۶	۱۶۴	۱۴۳	۱۲۹	۱۸۴	۱۶۵	۱۵۷	۱۴۰-۱۳۵

ختم جون ۱۹۱۶	۱۷۱	۱۴۸	۱۲۹	۱۹۴	۱۸۳	۱۶۴	۱۴۵-۱۵۰
" ستمبر ۱۹۱۶	۱۷۶	۱۵۲	۱۵۲	۱۸۵	۱۹۴	۱۷۳	۱۵۰-۱۵۵
" دسمبر ۱۹۱۶	۲۲۳	۱۵۷	۱۸۴	۱۷۸	۲۰۱	۱۹۲	۱۶۵
" مارچ ۱۹۱۷	۲۳۲	۱۷۳	۲۰۰	۱۸۰	۲۳۱	۲۰۵	۱۷۰-۱۷۵
" جون ۱۹۱۷	۲۴۷	۱۸۶	۲۳۴	۱۸۲	۲۳۰	۲۲۰	۱۸۰
" ستمبر ۱۹۱۷	۲۱۱	۲۰۶	۲۴۵	۱۷۷	۲۴۴	۲۱۹	۱۷۵-۱۸۰
" دسمبر ۱۹۱۷	۲۳۲	۱۹۴	۲۷۲	۱۸۱	۲۴۳	۲۲۸	۱۸۵-۱۹۰
" مارچ ۱۹۱۸	۲۱۴	۱۹۷	۲۸۸	۱۸۰	۲۳۹	۲۲۹	۱۹۰-۱۹۵
" جون ۱۹۱۸	۲۲۰	۲۲۰	۲۹۴	۱۸۵	۲۵۰	۲۳۸	۲۰۰-۲۰۵
" ستمبر ۱۹۱۸	۲۱۵	۲۲۱	۳۱۳	۱۹۲	۲۵۱	۲۴۳	۲۱۵-۲۲۰
" دسمبر ۱۹۱۸	۲۲۵	۲۲۲	۲۹۳	۱۸۷	۲۴۰	۲۳۶	۲۲۰
" مارچ ۱۹۱۹	۲۲۲	۲۲۴	۲۴۳	۱۸۲	۲۳۴	۲۲۲	۲۱۰
" جون ۱۹۱۹	۲۳۱	۲۲۸	۲۸۳	۲۰۲	۲۴۷	۲۴۱	۲۰۵-۲۱۰
" ستمبر ۱۹۱۹	۲۴۲	۲۳۲	۳۲۱	۲۲۵	۲۴۳	۲۵۷	۲۲۰ ،

ختم دسمبر ۱۹۱۹	۲۴۹	۲۵۰	۳۹۶	۲۴۷	۲۶۳	۲۸۷	۲۲۵
〃 مارچ ۱۹۲۰	۲۶۱	۲۶۰	۴۸۴	۲۶۹	۳۰۹	۳۲۵	۲۳۲
〃 جون ۱۹۲۰	۲۶۱	۲۶۴	۴۱۶	۲۷۷	۲۸۱	۳۰۶	۳۵۲
〃 ستمبر ۱۹۲۰	۲۶۰	۲۶۳	۳۸۳	۲۸۲	۲۷۸	۲۹۸	۲۶۴
〃 دسمبر ۱۹۲۰	۲۳۲	۲۲۷	۲۱۰	۲۶۲	۲۳۰	۲۳۱	۲۶۵
〃 مارچ ۱۹۲۱	۲۰۹	۲۰۶	۱۶۷	۲۱۶	۲۰۳	۱۹۹	۲۳۳
〃 جون ۱۹۲۱	۲۰۳	۱۸۹	۱۵۸	۲۱۰	۱۸۵	۱۸۷	۲۱۹
〃 ستمبر ۱۹۲۱	۱۹۳	۱۹۵	۲۰۴	۱۸۸	۱۷۷	۱۹۲	۲۱۰
〃 دسمبر ۱۹۲۱	۱۶۰	۱۸۱	۱۷۹	۱۶۴	۱۶۸	۱۷۰	۱۹۲
〃 مارچ ۱۹۲۲	۱۶۹	۱۹۵	۱۶۸	۱۵۱	۱۶۱	۱۶۷	۱۸۲
〃 جون ۱۹۲۲	۱۷۳	۱۹۲	۱۸۴	۱۴۹	۱۶۰	۱۷۱	۱۸۴
〃 ستمبر ۱۹۲۲	۱۵۱	۱۹۴	۱۸۱	۱۵۰	۱۴۸	۱۶۳	۱۷۸
〃 دسمبر ۱۹۲۲	۱۴۹	۲۰۰	۱۹۳	۱۵۲	۱۴۶	۱۶۶	۱۷۸

جدول (۴)

(ب) تھوک فروشی اور خوردہ فروشی کی قیمتیں سنہ ۱۹۲۰ء تا سنہ ۱۹۳۳ء

	۱۹۲۰		۱۹۲۱		۱۹۲۲		۱۹۲۳		۱۹۲۴	
	تھوک فروشی	خوردہ فروشی	تھوک فروشی	خوردہ فروشی	تھوک فروشی	خوردہ فروشی	تھوک فروشی	خوردہ فروشی	تھوک فروشی	خوردہ فروشی
جنوری	۲۹۶٫۶	۲۳۰	۲۴۵٫۹	۲۵۱	۱۶۴٫۰	۱۸۸	۱۵۷٫۰	۱۷۷	۱۶۵٫۴	۱۷۹
فروری	۳۱۰٫۳	۲۳۰	۲۲۵٫۲	۲۴۱	۱۶۱٫۸	۱۸۶	۱۵۷٫۵	۱۷۶	۱۶۷٫۰	۱۷۸
مارچ	۳۱۹٫۰	۲۳۲	۲۱۰٫۸	۲۳۳	۱۶۰٫۰	۱۸۲	۱۶۰٫۳	۱۷۴	۱۶۵٫۴	۱۷۳
اپریل	۳۲۵٫۲	۲۴۱	۲۰۴٫۸	۲۲۸	۱۶۰٫۳	۱۸۱	۱۶۲٫۰	۱۷۰	۱۶۴٫۷	۱۷۱
مئی	۳۲۵٫۵	۲۵۰	۲۰۱٫۷	۲۱۹	۱۶۰٫۶	۱۸۰	۱۵۹٫۸	۱۶۹	۱۶۳٫۷	۱۶۹
جون	۳۲۲٫۴	۲۵۲	۱۹۷٫۷	۲۱۹	۱۵۹٫۹	۱۸۴	۱۵۹٫۳	۱۶۹	۱۶۲٫۶	۱۷۰
جولائی	۳۱۶٫۹	۲۵۵	۱۹۴٫۱	۲۲۲	۱۶۰٫۳	۱۸۱	۱۵۶٫۵	۱۷۱	۱۶۲٫۶	۱۷۱
اگست	۳۱۳٫۱	۲۶۱	۱۹۰٫۰	۲۲۰	۱۵۶٫۳	۱۷۹	۱۵۴٫۵	۱۷۳	۱۶۵٫۲	۱۷۲
ستمبر	۳۱۱٫۴	۲۶۴	۱۸۷٫۰	۲۱۰	۱۵۴٫۳	۱۷۸	۱۵۷٫۸	۱۷۵	۱۶۶٫۹	۱۷۶
اکتوبر	۳۰۲٫۳	۲۷۶	۱۸۰٫۷	۲۰۳	۱۵۵٫۲	۱۸۰	۱۵۸٫۱	۱۷۵	۱۷۰٫۰	۱۸۰
نومبر	۲۸۶٫۹	۲۶۹	۱۷۲٫۸	۱۹۹	۱۵۷٫۶	۱۸۰	۱۶۰٫۸	۱۷۷	۱۶۹٫۸	۱۸۱
دسمبر	۲۶۳٫۸	۲۶۵	۱۶۷٫۹	۱۹۲	۱۵۵٫۸	۱۷۸	۱۶۳٫۴	۱۷۷	۱۷۰٫۱	۱۸۰

	۱۹۲۵		۱۹۲۶		۱۹۲۷		۱۹۲۸		۱۹۲۹	
جنوری	۱۷۹	۱۷۱٫۰	۱۷۳	۱۵۰٫۱	۱۷۲	۱۴۳٫۸	۱۹۶	۱۴۱٫۳	۱۶۵	۱۳۸٫۳
فروری	۱۷۹	۱۶۸٫۷	۱۷۲	۱۴۷٫۶	۱۷۱	۱۴۲٫۶	۱۹۴	۱۴۰٫۱	۱۶۶	۱۳۸٫۴
مارچ	۱۷۵	۱۶۶٫۰	۱۶۸	۱۴۴٫۱	۱۶۵	۱۴۰٫۸	۱۹۴	۱۴۰٫۶	۱۶۲	۱۴۰٫۳
اپریل	۱۷۳	۱۶٫۹	۱۶۷	۱۴۳٫۶	۱۶۴	۱۳۹٫۹	۱۹۴	۱۴۳٫۱	۱۶۱	۱۳۸٫۶
مئی	۱۷۲	۱۵۸٫۶	۱۶۸	۱۴۴٫۹	۱۶۳	۱۴۱٫۴	۱۹۵	۱۴۳٫۶	۱۶۰	۱۳۵٫۸
جون	۱۷۳	۱۵۷٫۲	۱۷۰	۱۴۶٫۹	۱۶۶	۱۴۲٫۱	۱۹۵	۱۴۲٫۶	۱۶۱	۱۳۵٫۶
جولائی	۱۷۳	۱۵۶٫۹	۱۷۰	۱۴۹٫۱	۱۶۴	۱۴۱٫۴	۱۹۵	۱۴۱٫۱	۱۶۳	۱۳۷٫۴
اگست	۱۷۴	۱۵۶٫۲	۱۷۲	۱۴۹٫۸	۱۶۵	۱۴۱٫۳	۱۹۵	۱۳۹٫۳	۱۶۴	۱۳۶٫۰
ستمبر	۱۷۶	۱۵۵٫۱	۱۷۴	۱۵۰٫۹	۱۶۷	۱۴۲٫۶	۱۹۶	۱۳۷٫۶	۱۶۵	۱۳۵٫۸
اکتوبر	۱۷۶	۱۵۳٫۹	۱۷۹	۱۵۲٫۱	۱۶۹	۱۴۱٫۸	۱۹۷	۱۳۸٫۱	۱۶۷	۱۳۶٫۱
نومبر	۱۷۷	۱۵۲٫۷	۱۷۹	۱۵۲٫۴	۱۶۹	۱۴۱٫۱	۱۹۸	۱۳۷٫۹	۱۶۷	۱۳۴٫۰
دسمبر	۱۷۵	۱۵۲٫۱	۱۷۵	۱۴۶٫۱	۱۶۸	۱۴۰٫۴	۱۹۷	۱۳۸٫۱	۱۶۶	۱۳۲٫۵

	۱۹۳۰		۱۹۳۱		۱۹۳۲		۱۹۳۳		۱۹۳۴	
جنوری	۱۳۱ء۰	۱۶۴	۱۰۶ء۹	۱۵۲	۱۰۵ء۸	۱۴۷	۱۰۰ء۳	۱۴۱	۰	۰
فروری	۱۲۷ء۸	۱۶۱	۱۰۶ء۲	۱۵۰	۱۰۵ء۳	۱۴۶	۹۸ء۹	۱۳۹	۰	۰
مارچ	۱۲۴ء۵	۱۵۷	۱۰۵ء۹	۱۴۷	۱۰۴ء۶	۱۴۴	۹۷ء۶	۱۳۷	۰	۰
اپریل	۱۲۳ء۷	۱۵۵	۱۰۵ء۷	۱۴۷	۱۰۲ء۴	۱۴۳	۹۷ء۲	۱۳۶	۰	۰
مئی	۱۲۲ء۰	۱۵۴	۱۰۴ء۴	۱۴۵	۱۰۰ء۷	۱۴۲	۹۹ء۲	۱۳۶	۰	۰
جون	۱۲۰ء۷	۱۵۵	۱۰۳ء۲	۱۴۷	۹۸ء۱	۱۴۳	۱۰۱ء۷	۱۳۸	۰	۰
جولائی	۱۱۹ء۲	۱۵۷	۱۰۲ء۳	۱۴۵	۹۷ء۷	۱۴۱	۱۰۲ء۳	۱۳۹	۰	۰
اگست	۱۱۷ء۸	۱۵۷	۹۹ء۵	۱۴۵	۹۹ء۵	۱۴۱	۱۰۲ء۵	۱۴۱	۰	۰
ستمبر	۱۱۵ء۵	۱۵۶	۹۹ء۲	۱۴۵	۱۰۲ء۱	۱۴۳			۰	۰
اکتوبر	۱۱۳ء۰	۱۵۷	۱۰۴ء۴	۱۴۶	۱۰۱ء۱	۱۴۳			۰	۰
نومبر	۱۱۲ء۰	۱۵۵	۱۰۶ء۴	۱۴۸	۱۰۱ء۱	۱۴۳			۰	۰
دسمبر	۱۰۸ء۹	۱۵۳	۱۰۵ء۸	۱۴۷	۱۰۱ء۰	۱۴۲			۰	۰

جدول (۵)

(الف) نوٹ کا اجرا - سنہ ۱۹۱۴ء تا سنہ ۱۹۲۸ء

(جس کے اعداد سرکاری طور سے ہر جمعرات کو شائع کئے جاتے ہیں) در ہزار پاؤنڈ

تاریخ	جاری کردہ نوٹ	شعبۂ اصل کا سرمایۂ محفوظ	بنکوں اور سیونگ بنکوں کو قرضے	مدمبادلہ			
				سونا اور زر کاغذ	مجموعی اجرا کا فی صد	سرکاری تمسکات	بنک آف انگلینڈ
۲۶ر اگست سنہ ۱۹۱۴ء	۲۱٬۵۳۵	—	۱۰٬۱۱۲	—	—	—	۱۱٬۴۲۳
۷ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۴ء	۲۹٬۲۷۳	—	۳٬۰۸۲	۵٬۰۰۰	۱۷٫۱	۱۱٬۹۲۴	۹٬۲۶۸
۶ر جنوری سنہ ۱۹۱۵ء	۳۷٬۹۷۱	—	۳۶۴	۱۹٬۵۰۰	۵۱٫۴	۱۴٬۹۲۴	۳٬۱۸۴
۷ر اپریل سنہ ۱۹۱۵ء	۴۰٬۷۸۷	—	۱۵۹	۲۷٬۵۰۰	۶۷٫۴	۸٬۶۲۳	۴٬۵۰۵
۷ر جولائی سنہ ۱۹۱۵ء	۴۸٬۰۵۹	۳۰۳	۱۳۹	۲۸٬۵۰۰	۵۹٫۳	۹٬۵۸۶	۱۰٬۱۳۸
۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء	۷۵٬۲۳۷	۴۴۶	۴۹۴	۲۸٬۵۰۰	۳۷٫۷	۲۰٬۴۰۰	۲۶٬۲۸۹
۵ر جنوری سنہ ۱۹۱۶ء	۱۰۳٬۰۴۰	۷۴۱	۳۹۳	۲۸٬۵۰۰	۲۷٫۷	۶۴٬۶۲۱	۱۰٬۴۶۷
۵ر اپریل سنہ ۱۹۱۶ء	۱۰۹٬۴۳۷	۱٬۰۳۰	۱۹۰	۲۸٬۵۰۰	۲۶٫۰	۷۵٬۷۱۸	۶٬۰۵۹

۵ر جولائی ۱۹۱۶ء	۱۲۳٫۸۱۷	۱۹۴۹	۱۴۰	۲۸۵٫۵۰۰	۲۳٫۱	۹۱٫۷۳۱	۵٫۳۹۵
۴ر اکتوبر ۱۹۱۶ء	۱۳۲٫۹۹۱	۲۷۳۳	۱۳۰	۲۸۵٫۵۰۰	۲۱٫۵	۱۰۱٫۲۶۶	۵٫۸۲۶
۳ر جنوری ۱۹۱۷ء	۱۴۸٫۷۷۰	۳۹۲۹	۱۰۴	۲۸۵٫۵۰۰	۱۹٫۳	۱۱۸٫۰۹۷	۵٫۹۹۸
۴ر اپریل ۱۹۱۷ء	۱۵۰٫۰۴۹	۵۴۷۹	۳۵۷۰	۲۸۵٫۵۰۰	۱۸٫۹	۱۱۵٫۵۸۳	۶٫۷۶
۴ر جولائی ۱۹۱۷ء	۱۶۳٫۹۸۲	۶۸۱۴	۵۷۵	۲۸۵٫۵۰۰	۱۷٫۴	۱۳۶٫۲۰۹	۵۵۰۳
۳ر اکتوبر ۱۹۱۷ء	۱۸۰٫۷۴۹	۷۶۵۲	۳۳۴	۲۸۵٫۵۰۰	۱۵٫۸	۱۵۴٫۰۶۲	۵۵۰۶
۲ر جنوری ۱۹۱۸ء	۲۱۲٫۴۵۱	۹۵۲۹	۷۱۴	۲۸۵٫۵۰۰	۱۳٫۴	۱۸۲٫۶۲۹	۵۱۳۷
۳ر اپریل ۱۹۱۸ء	۲۳۰٫۸۰۱	۱۰٫۱۷۹	۷۱۴	۲۸۵٫۵۰۰	۱۲٫۳	۲۰۶٫۳۶۶	۵۴۵۱
۳ر جولائی ۱۹۱۸ء	۲۵۶٫۲۲۸	۱۱٫۶۰۹	۶۷۹	۲۸۵٫۵۰۰	۱۱٫۱	۲۳۳٫۲۹۵	۵۳۶۳
۲ر اکتوبر ۱۹۱۸ء	۲۷۸٫۸۸۸	۱۲٫۹۰۶	۶۱۵	۲۸۵٫۵۰۰	۱۰٫۳	۲۵۶٫۱۵۹	۶۰۲۰
۸ر جنوری ۱۹۱۹ء	۳۱۷٫۹۳۱	۱۵٫۶۰۸	۵۵۵	۲۸۵٫۵۰۰	۹٫۰	۳۰۰٫۱۳۴	۴۳۴۹
۲ر اپریل ۱۹۱۹ء	۳۳۲٫۱۲۳	۱۶٫۴۰۰	۴۷۰	۲۸۵٫۵۰۰	۸٫۶	۳۱۵٫۰۷۷	۴۴۷۶
۲ر جولائی ۱۹۱۹ء	۳۴۲٫۹۵۲	۱۶٫۶۴۱	۳۶۰	۲۸۵٫۵۰۰	۸٫۳	۳۲۷٫۳۲۱	۴۴۱۲
یکم اکتوبر ۱۹۱۹ء	۳۲۵٫۰۲۱	۱۶٫۵۲۴	۵۷۰	۲۹۰٫۸۵۰	۸٫۹	۳۱۷٫۵۳۶	۴۵۸۹

۷ر جنوری ۱۹۲۰ء	۳۴۷٬۹۹۶	۱۷٬۲۸۶	۴۷۰	۳۲٬۵۰۰	۹٫۳	۳۳۰٬۴۸۱	۱۸۳۱
۷ر اپریل ۱۹۲۰ء	۳۴۰٬۷۰۰	۱۶٬۴۱۹	۱۹۰	۳۵٬۰۰۰	۱۰٫۱	۳۲۱٬۱۸۰	۷۲۹
